״	۱۲ ״	۲ پھاگن	اترا بھادرپد	۱	۱	۱	۱	۱	۱	۱	۱	۱	۱	مکر		
سوموار	۱۳ ״	۳ ״	״	۱	۱	۱	۱	۱	۱	۱	۱	۱	۱	مکر		چندرما ن ۷
منگلوار	۱۴ ״	۴ ״	ریوتی	ک	ک	۱	۱	۱	۱	۱	ک	۱	۱	میکھ		برہسپت ۷
شکروار	۱۷ ״	۷ ״	روہنی	۱	ک	۱	۱	۱	۱	ک	ک	۱	۱	ندارد		
سنیچروار	۱۸ ״	۸ ״	״	۱	ک	۱	۱	۱	۱	ک	ک	۱	۱	ندارد		
״	۱۸ ״	۸ ״	مرگشر	۱	۱	۱	۱	۱	ک	۱	ک	۱	۱	مکر	سنیچر	
شکروار	۲۴ ״	۱۴ ״	مگھا	۱	۱	۱	۱	۱	۱	۱	ک	۱	۱	تلا		
سنیچروار	۲۵ ״	۱۵ ״	״	۱	۱	۱	۱	۱	۱	۱	ک	۱	۱	میکھ		برہسپت ۷
اتوار	۲۶ ״	۱۶ ״	اترا پھالگنی	۱	۱	۱	۱	۱	۱	۱	۱	۱	۱	تلا		
سوموار	۲۷ ״	۱۶ ״	״	۱	۱	۱	۱	۱	۱	ک	۱	۱	۱	تلا		
״	۲۷ ״	۱۷ ״	ہست	۱	۱	۱	۱	۱	۱	۱	۱	۱	۱	مکر		
منگلوار	۲۸ ״	۱۸ ״	״	۱	۱	۱	۱	۱	۱	۱	۱	۱	۱	تلا		
اتوار	۵ مارچ	۲۳ ״	مولا	۱	۱	۱	۱	۱	۱	۱	ک	۱	۱	تلا مکر		
سوموار	۶ مارچ	۲۴ ״	״	۱	۱	۱	۱	۱	۱	۱	ک	۱	۱	تلا میکھ		
منگلوار	۷ ״	۲۵ ״	پورا کھاڑ	۱	۱	ک	۱	۱	۱	۱	۱	۱	۱	تلا	شکر	
ویروار	۱۳ اپریل	[illegible] بیساکھ	روہنی	۱	۱	۱	۱	۱	۱	ک	۱	۱	۱	برچھک		
شکروار	۱۴ ״	۳ ״	״	۱	۱	۱	۱	۱	۱	ک	۱	۱	۱			
״	۱۴ ״	۳ ״	مرگشر	۱	۱	۱	۱	۱	۱	ک	ک	۱	۱	برچھک کنبھ		
سنیچروار	۶ مئی	۲۵ ״	اترا بھادرپد	۱	ک	۱	۱	۱	۱	ک	۱	۱	۱			
״	۶ ״	۲۵ ״	ریوتی	ک	ک	ک	۱	۱	۱	ک	۱	۱	۱		[illegible]	
بدھوار	۱۰ ״	۲۹ ״	روہنی	۱	۱	۱	۱	۱	۱	ک	۱	۱	۱	کنبھ		
ویروار	۱۱ ״	۳۰ ״	״	۱	۱	۱	۱	۱	۱	ک	۱	۱	۱	٥		
بدھوار	۱۶ ״	۵ جیٹھ	مگھا	۱	۱	۱	۱	۱	۱	۱	ک	۱	۱	میکھ		
ویروار	۱۸ ״	۶ ״	״	۱	۱	۱	۱	۱	۱	۱	ک	۱	۱	٥		
شکروار	۱۹ ״	۷ ״	اترا پھالگنی	۱	ک	۱	۱	۱	۱	۱	۱	۱	۱	مین		
״	۱۹ ״	۷ ״	״	ک	۱	۱	۱	۱	۱	۱	ک	۱	۱	سنگھ		
״	۱۹ ״	۷ ״	ہست	۱	۱	۱	۱	۱	۱	ک	۱	۱	۱	ندارد		
״	۲ جون	۲۱ ״	اترا بھادرپد	۱	۱	۱	۱	۱	۱	۱	ک	۱	۱	کنبھ		
سنیچروار	۳ ״	۲۲ ״	ریوتی	ک	۱	۱	۱	۱	۱	ک	ک	۱	۱	کنبھ	راہو	
بدھوار	۷ ״	۲۶ ״	روہنی	۱	۱	ک	۱	۱	۱	۱	۱	۱	۱	کرک میکھ		
سنیچروار	۱۷ ״	۵ اساڑھ	ہست	۱	۱	۱	۱	۱	۱	ک	۱	۱	۱	ندارد		
سوموار	۱۹ ״	۷ ״	بساکھا	۱	۱	۱	ک	۱	۱	۱	۱	۱	۱	میکھ کرک کنیا	برہسپت	
بدھوار	۲۱ ״	۹ ״	انرادھا	ک	ک	ک	۱	۱	۱	۱	۱	۱	۱	کرک کنیا	سورج بدھ	
اتوار	۲۵ ״	۱۳ ״	اترا کھاڑ	۱	۱	۱	۱	ک	۱	۱	۱	۱	۱	کرک	بدھ	
شکروار	۳۰ ״	۱۸ ״	اترا بھادرپد	۱	۱	۱	۱	۱	۱	۱	۱	۱	۱	میکھ		
״	۳۰ ״	۱۸ ״	ریوتی	۱	۱	۱	۱	۱	۱	۱	۱	ک	ک	میکھ		
منگلوار	۴ جولائی	۲۲ ״	روہنی	۱	۱	۱	۱	۱	۱	۱	۱	۱	۱	میکھ		
بدھوار	۵ ״	۲۳ ״	״	۱	۱	ک	۱	۱	۱	۱	۱	۱	۱	کرک		
منگلوار	۱۱ ״	۲۹ ״	مگھا	۱	۱	ک	۱	۱	۱	۱	۱	۱	۱	کنیا تلا	بدھ	
ویروار	۱۳ ״	۳۱ ״	اترا پھالگنی	۱	۱	ک	۱	۱	۱	ک	۱	۱	۱	کنیا تلا		
اتوار	۱۶ ״	۲ ساون	سواتی	۱	۱	ک	۱	۱	۱	ک	۱	۱	۱	میکھ		
منگلوار	۱۸ ״	۴ ״	انرادھا	۱	۱	۱	۱	ک	۱	ک	۱	۱	۱	تلا	منگل	گ
بدھوار	۱۹ ״	۵ ״	״	ک	۱	۱	۱	۱	۱	ک	۱	۱	۱	کنیا تلا	منگل	گ
منگلوار	یکم اگست	۱۸ ״	روہنی	ک	۱	۱	۱	۱	ک	ک	ک	۱	۱	×		
اتوار	۱۰ دسمبر	۲۶ مگھر	اترا بھادرپد	۱	۱	٠	٠	۱	۱	۱	۱	۲	۱	×	٠	
٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	
٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	

پوہ بدی اشٹمی موسپشٹ سیارگان بوقت ۲۴ گھڑی ۴۴ پل



نام سیارہ	سورج	منگل	بدھ	برہسپت	شکر	سنیچر	راہ	کیت
راس	دہن	دہن	برچھک	برچھک	مکر	دہن	برچھک	برکھبہ
درجہ	۱۱	۱۵	۱۸	۸	۷	۳	۲۷	۲۷
دقیقہ	۲۲	۳۱	۱۹	۴۱	۳۱	۳۱	۲۶	۲۷
ثانیہ	۱۰	۱۴	۳	۱۶	۵۰	۳۰	۲۷	۲۶
حرکت روزانہ	۶۱ ۲۵	۴۵ ۲	۶۸ ۱	۱۲ ۵۰	۷۵ ۶	۷ ۲۸	۳ ۱۱	۳ ۱۱

پوہ بدی اماوس موسپشٹ سیارگان بوقت ۲۴ گھڑی ۱۲ پل



نام سیارہ	سورج	منگل	بدھ	برہسپت	شکر	سنیچر	راہ	کیت
راس	دہن	دہن	برچھک	برچھک	مکر	دہن	برچھک	برکھبہ
درجہ	۱۸	۲۰	۲۶	۱۶	۱۷	۴	۲۷	۲۷
دقیقہ	۳۲	۴۱	۲۴	۷	۲	۲۱	۵	۵
ثانیہ	۴	۴۹	۷	۲۹	۲۴	۲۲	۱۰	۱۰
حرکت روزانہ	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	۳ ۱۱	۳ ۱۱

بیاہ کے سہالگ بابت سنہ ۱۸۹۹ء

بموجب اعتقاد اہل ہنود منجمان ہند نے شادی کے لگن مین دس دوش قرار دیئے ہین جن کے نام یہ ہین لات۱ ۔ پات۲ ۔ جت۳ ۔ بید۴ ۔ جامتر۵ ۔ بدھ پنچک۶ ۔ اکارگل۷ ۔ اپاگرہ۸ ۔ کرانتی سم۹ ۔ دگدہ۱۰ ۔ تمام منجم تحریر سہالگ مین اشارات سے کام لیتے ہین ۔ اور ان دس ۱۰ دوشون کو دو شکلون سے لکھتے ہین ۔ اول سیدہی لکیر مثل (ا) دوم مثل (ء) ہمزہ کے قدرے خم دار نقشہ مندرجہ لگن شادی یعنی سا ہین دس ۱۰ دوشون کی شکلین بخوبی تحریر کر دیگئین ہین جو نشان مثل (ا) کے ہے عمدہ اور جو مثل (ء) کے ہے وہ ناقص سمجھنا چاہیئے اگر دس ۱۰ دوشونمین آٹھوین لکیر مثل ہمزہ کی ہو اور باقی مثل الف کی سیدہی تو خیال کر لینا چاہیئے کہ یہ لگن اپاگرہ ہے مگر یہ بھی یاد رکھنا چاہیئے کہ اگر چھٹی لکیر مثل ہمزہ کے ہو تو بدھ پنچک ہوتا ہے اسمین پانچ قسم کے دوش ہوتے ہین ۔ بیماری آگ موت خوف چوری وغیرہ جو شادی کیواسطے ممنوع ہے

پھلادیش سمت ۱۹۵۶ مطابق سنہ ۱۸۹۹ء

بارم بارم نمسکار ہے پرمیشر سرب بیاپک جوتی سروپ کے چرنار بندون مین جسکی کرپا اور دیالتا سے ہم اس بھوساگر زندگی کے شبہ اشبہ پھل پراچین گرنتھون سے اپنی بدھی کے انسار آسمانی گردش اور رفتار سیارگان سے جان سکتے ہین پرماتما کی کرپا سے سمت ۱۹۵۶ مطابق شاکہا شالباہن سنہ ۱۸۲۱ و سمت ۴۲۹ گورو نانک صاحب و سنہ ۱۳۱۶ ہجری و سنہ ۱۸۹۹ء مین شروع ہوگا۔ اس سال فرخندہ فال کا ثمرہ بذریعہ احکام نجوم حسب ذیل خیال کیا گیا ہے ۔

برس کا راجہ منگل - خواص اگنی کا زیادہ پرچنڈ ہونا ہوا کا زیادہ چلنا شہرون قصبون جنگلون مین آگ کا زیادہ لگنا بارش کا کم ہونا قحط کا پڑجانا امراض صفراوی مثل پھوڑا پھنسی سے انسانون اور حیوانون کا ضایع ہونا بادشاہون کے مابین جنگ وجدل و ناچاقی کا ظہور لوگ فعل بد اور کھوٹے کرمون مین زیادہ رغبت رکھین ۔

وزیر بدھ - اہل قلم کی قدر و منزلت زیادہ ہو تجارت پیشہ لوگ خوب روپیہ کماوین ۔

فوج کا مالک منگل - لشکرون کو نقل و حرکت کا زیادہ ہونا جنگ وجدل رعایا کو زیادہ تکلیف کا ہونا زراعت کے تیار شدہ جنس کو آگ سے زیادہ صدمہ پونہچنا ۔

زراعت کا مالک سنیچر - چاول کی پیداوار کم ہو بارش کے ساتھ اندھیری اور ہوا تیز آوے اکثر جگہ ہوا اور اکثر جگہ نہوا اگنی کا بھی اور مسافرون کو سفر مین تکلیف رہے ۔

غلہ کا مالک برہسپت - فصل اچھا ہو بارش اکثر جگہ اچھی ہو گائین دودھ زیادہ دیوین ۔

نرخ کا مالک منگل - بارش کم بعض جگہ زراعت کو نقصان پونہچے اور بعض جگہ بیماری زیادہ پھیلے ۔

میگھون کا مالک منگل - ایشا سرخ رنگ بہت ہون بارش کی کمی اندھیریون کی کثرت اور قحط پڑے ۔

رسون کا مالک چندرمان - مرائی نمک سرسون تل گوڑ زیادہ ہو اکثر ارزانی رہے ۔

میگھونکا راجہ درون - مدھ دیش مین باعث زیادتی بارش نقصان پونہچے۔ انت نام ناگونکا راجہ - عین الشاء ۲۲-۷-۵ اگت سمت ۴۲ راشی گت ۷-۵-۲۵ درجہ - ۴۴ دقیقہ ۷ - ۳ ثانیہ ۵۴ ثالثہ باقی ۴ راشی ۴ درجہ ۳۱ دقیقہ ۲۲ ثانیہ ۱۵ ثالثہ بھادون سُدی دوج شکروار ۵۲ گھڑی ۴۴ پل پرستھن لگن مین ویرودھ نام سمت نے پرویش کیا خواص خلق خدا مین نفاق و حسد پیدا ہو بعض جگہ بیماری اور بعض جنگ ہوتا رہے ۔

برکھہ کنڈلی



اس سال مین پیدائش اشیاء کے بسوہ حسب ذیل ہونگے

بارش - چاول - گھاس - سردی - گرمی - ہوا - پرجا بڑھی - پرجا کھی -
۱۱ ۹ ۱۰ ۱۷ ۱۴ ۱۷ ۹

راج ناش - بیماری - جنن - خوشخبری - غمی - موت - جنم - ورش اپدر
۱۱ ۹ ۹ ۱۳ ۷ ۱۵ ۹

دیش شانتی - چوری - چور ناش - اگنی بھے - اگنی ناش - جو کھ -
۲ ۹ ۷ ۹ ۱۴ ۵

پیاس - نیند - آلس - اودم - شانتی - غصہ - ڈنڈ - بھید - کام - خوشی
۸ ۷ ۱۴ ۱ ۱۱ ۱۳ ۷ ۱۲ ۱۱ ۱۴

پھل پھول ناش - چوہے - طوطا - سرپ - مکڑی - الکاپات - مچھر - بجلی - چیچک -
۹ ۴ ۳ ۲ ۱۷ ۳ ۲ ۶ ۶ ۴

سکھ - دکھ - پن - پاپ - آدمی - عورت - روشنی بکنارہ سمندر برس کا نواس دھوبی کے گھر خواص بارش عمدہ ہو سری گنگاجی کا مہاتم ختم ✦
۳ ۱۶ ۳ ۱۶ ۴ ۱۶

نقشہ لابھ و خرچ دوازدہ راشی در سمت ۱۹۵۶ بکرم

راس	میکھ	برکھ	متھن	کرک	سنگھ	کنیا	تلا	برچھک	دھن	مکر	کنبھ	مین
لابھ	۸	۲	۵	۱۴	۲	۵	۲	۸	۱۱	۱۴	۱۴	۱۱
خرچ	۱۴	۸	۵	۲	۱۴	۵	۸	۱۴	۵	۱۴	۱۴	۵
مرد گھاتک	۱	۵	۹	۲	۶	۱۰	۳	۷	۴	۸	۱۱	۱۲
عورت گھاتک	۱	۸	۷	۹	۶	۳	۴	۲	۱۰	۱۱	۵	۱۳

نوٹ - اپنی راشی کے لابھ
اور خرچ کے عددون کو جمع
کرکے اسمین سے ایک کم کرکے باقی
کو آٹھ پر تقسیم کرلو اگر باقی ۱ و ۲ و
۷ رہین تو لابھ اگر ۳ و ۵ و ۴ و
تو آمدنی کم خرچ زیادہ ہو

مختصر حالات دوازدہ راشی بابت ۱۸۹۹ء

چونکہ اکثر معتقدان نجوم کو اپنی راشی کے گرہ چال کا احوال دریافت کرنے کا شوق ہوتا ہے اور اکثر برہمنون اور پنڈتون سے دریافت کیا کرتے ہین کہ ہمکو اجکل کیا گرہ آگیا ہے اور یہہ کب تک رہیگا اور اس ماہ مین ہمارا کیا حال رہیگا چونکہ ۹۸ء کی جنتری مین بندہ نے رفع تکلیف اون صاحبان کے حالات دوازدہ راشی ہر ایک ماہ کے جدا جدا تحریر کئے تھے اور اِس سال بھی حسب فرمایش خریداران جنتری کے درج کئے جاتے ہین مگر یہ حالات پرسدھ نام کی راشی کے ہین ہر ایک راشی والے کو چاہیئے کہ وہ ہر ایک مہینا کا احوال اپنی راشی کے متعلق دیکھ لیوے ہمنے بعض جگہ اپاؤ وغیرہ کا ذکر لکھا ہے یہ اپنی مرضی پر منحصر ہے اسکے کرنے کی کوئی پابندی نہین ہے جس کا دل چاہے کرے خواہ نہ کرے ہمنے باقاعدہ تحریر کئے ہین مگر اس سال مین میکھ سنگھ دہن برچھک راشیون کو سنیچر اور کرک متھن مکر راشیون کو کیتو و راہ کا اپاو یعنی رفع نحوست کے واسطے کوئی ترکیب کرنی چاہیئے کیونکہ ان راشیون کو یہہ سال سخت پرتشویش دہنس ہے ۔

حالات طالع مرد و زن

طالع یعنی راشی بارہ سے زیادہ نہین حکمانے تمام فرد و بشر کو دوازدہ راشیون پر تقسیم کیا ہے اور ہر ایک امور نیک و بد طالع یعنی راشی سے معلوم ہو سکتے ہین راشی معلوم کرنے کے کئی طریقہ ہین مگر ہم اسجگہہ صرف تین طریقہ درج کرتے ہین اول پرسدہ نام یعنی جو عام بولا جاتا ہو اول نام کے حرف سے جو ہر ایک راشی کے ساتھہ ہمنے تحریر کر دی ہین۔ راس معلوم ہوتی ہے مگر یہ راشی چندان معتبر نہین کیونکہ اکثر لوگ اپنے نام مین تغیر و تبدل کر لیتے ہین اور اپنا اصلی نام ظاہر نہین کرتی اہل ہند مین عورتون کا نام ایک نہین رہتا مثل ماں باپ کا نام اور ہوتا ہے سسرال مین اس کا نام تبدیل ہو جاتا ہے دوم جنم کنڈلی یعنی بوقت پیدائش جو لگن تیار کیا جاتا ہے اسوقت قمر جس راشی مین ہوتا ہے وہ راشی اوس شخص کی ہوتی یہ اصل اور معتبر راشی ہے جس سے کلیہ احکام معلوم ہو سکتے ہین سوم اوس شخص کے نام کے عدد از اوس کی والدہ کے نام کے عدد بحساب حرف ابجد نکالکر حاصل کو بارہ پر تقسیم کرے جو عدد باقی رہے وہ طالع اوس شخص کا تصور کرے یہ قاعدہ نزد اہل یونان معتبر ہے جس سے تمام حالات زندگی و موت اوس شخص کے معلوم ہو جاتی ہے مگر اس طالع نامہ سے جسطرح جس کیکو سہل اور اعتبار ہو اوس طرح دیکھہ لیوے ۔

اوقات متبرک نقوش و طلسم در ۱۸۹۹ء

یون تو ہر ایک امور خیر و شر بدون حکم الٰہی ظہور نہین پکڑتا کسی دانا نے سچ کہا ہے کہ

من چہ اگر یہ کنم از سبب سستی بخت
بی رضای تو یکے برگ نہ جنبد ز درخت

مگر دانایان علم اور عاملان عملیات واقفان اسرار نکات حروف نے مہمات ضروریہ کے واسطے متبرک نقوش و طلسم وغیرہ ایجاد و اختراع کئے جن کے ذریعہ ہر ایک آدمی اپنی حل مشکلات کی سبیل نکال سکتا ہے اور ہر ایک امور خیر و شر پر بلا مبالغہ حاوی ہو سکتا ہے ۔ مگر عامل کو علم نجوم سے ضروری واقف کار ہونا لازمی ہے کیونکہ کتب مروجہ سے بے وقت عام لوگ تعویز نقل کرکے کامیابی کے خواہان ہوتے ہین مگر بعد ناکامیابی نقوش وغیرہ سے منہ موڑ لیتے ہین اسکی اصل وجہ یہ ہے کہ استادون نے اس مین بہت کچھہ پابندی اور رموز و کنایات سے کام لیا ہے اور سب سے مقدم اوقات پر کرنے نقوش کا لحاظ رکھا ہے چونکہ مولف جنتری اس متبرک علم کا بھی ہنوز مبتدی اور تجربات کا شایق ہے اسلئے ۱۸۹۹ء کی اوقات سعدہ واسطے پر کرنے نقوش مہمات ضروری کے ناظرین کی خاطر درج کرتا ہے ۔

مختصر حالات دوازدہ راشی ماہ ماگھہ

میکھہ۔ آزار شکم نقصان زر و مال تفکرات اور بدہضمی اور نزلہ کی شکایت رہے آخر ماہ مین کچھہ آثار فایدہ کے ہون:۔

برکھہ۔ مابین برادران رنج و نفاق روپیہ کا نقصان بیماری درد کمر اور عورت سے موافقت اور اکثر سفر ہوتا رہے

متھن۔ طبیعت مین بیچینی اور حیرانی و پریشانی و نقصان مال البتہ دوستون سے محبت بیماری سر درد اور طبیعت مین گھبراہٹ زیادہ رہے

کرک۔ طبیعت مین جوش و غصہ زیادہ رہے زمین سے فایدہ ہو آمدنی بنسبت خرچ کے کم رہی تجارت مین فایدہ کم ہو۔

سنگھہ۔ دشمنون سے ہر آن ہراسان آنکھون مین تکلیف ہو خرچ زیادہ آمدنی کم دوست دشمن ہو جاوین۔

کنیا۔ افزونی مال و زر دشمن پر فتح ہو اکثر سفر با نقصان پیش آوے بزرگون سے خوشی حاصل ہو۔

تلا۔ کام نیکی کیطرف طبیعت کا میلان ہو اکثر امور مین زیرباری خرچ اور تردد لاحق ہو۔

برچھک۔ مصیبت و مشکل مین دن گذار یگرین آمدنی مسدود ہو امراض بادی مین مبتلا رہین زیادتی اخراجات

دھن۔ مال و زر کا فایدہ مگر امید سے کم دوستون سے محبت رہے البتہ جسم کو آگ یا مرض صفراوی سے اذیت پہونچے ٭

مکر۔ آمدنی اور خرچ مساوی رہے عورت سے خانہ جنگی رہے البتہ کاروبار مین ترقی رہے ۔

کنبھ۔ اکثر سفر پیش آوے درد چشم بلندی مرتبہ و دشمنون پر غالب رہے آمدنی کشادہ ہو خرچ کم ۔

مین۔ کاروبار مین خلل واقع ہو والدین کو تکلیف ہو رنج و مشکل مین مبتلا ہون البتہ عورت سے فایدہ پونچے۔

حالات طالع مرد و زن

کیفیت طالع حمل یعنی میکھہ راس

جس آدمی کے نام کے اول مین ان حروف سے کوئی حرف چُ چے۔ چو۔ لا۔ لی۔ ل۔ لے۔ لو آ۔ یا تقسیم اعداد سے ایک بچیگا تو اُس کا طالع حمل یعنی میکھہ راشی ہوگی مزاج گرم خشک صفراوی ستارہ اسکا مرنج یعنی منگل اس طالع کا آدمی عقل مند مگر حریص اور غصہ ور اور قوی ہیکل اور ہمیشہ لڑائی کے کامون مین چست و چالاک اور فتنہ و فساد کی جڑ۔ ہمیشہ امراض خونی کا شاکی رہیگا اور بیاکہہ مین مشرق و مغرب کا سفر اسکے لئے مفید ہوگا۔ اگر کسی شخص کی جانب راست کہڑا ہو کر کلام کریگا تو وہ بامحبت پیش آئیگا ۔ ۱۵۔ اور ۴۰ برس کی عمر مین کوئی مہلک بیماری ہوگی اگر صحت یاب ہو گیا تو عمر اسکی ۸۰ و ۹۰ برس کے اندر ہوگی عورت اس کو سنگہ و کرک و دہن و مین راشی کی مفید ہوگی

عورت اس طالع کی چھوٹی قد اور خوب آنکھین سرخ اور شوخ چشم اور متکبر غصہ ور اور حریص زر و مال گردن اور بازو پر تل الشیار سرخ سی زیادہ محبت رکہے صدمہ آسیب و سحر سی اکثر بیمار ہوتی رہے اگر ۵۔ ۱۹۔ ۲۹۔ برس کی عمر مین بیماری سے بچ جاوے تو عمر قریباً ۹۰ برس کی ہوگی ٭

اوقات متبرک نقوش و طلسم ماہ جنوری ۱۸۹۹ء

اگر کسی مکار عورت فاحشہ نے کسی آدمی کی قوت مردانگی کو بستہ کر دیا ہو اور وہ سوائے اوس کے کسی اور پر قادر نہو سکے تو اوس کو چاہیے کہ اس عمل کو کرے تاکہ قوت مردانگی اسکی بحال ہو جاوے یعنی بتاریخ ۲۲۔ جنوری ۹۹ء کو بروز اتوار ۱۳ گھڑی دن چڑھے پر گوگل اور کافور روشن کرے اور درمیان مین نام قوت بستہ کا اوپر پارچہ نو کے لکھکر گرد اسکی ۱۴ حرف (زنا) تحریر کر دیوے اور اوس کپڑے کو تہ کر کے اوپر اوسکے مٹی لگا دی اور اسکو اوس کنوین مین دفن کر دیوے جسمین پانی نہو مرد بستہ کشادہ ہوگا۔

اگر اسی تاریخ کو کسی حل مشکلات کیواسطے درمیان مین نام مطلوب اور گرد اسکے سات صد حرف (زنا) کو مشک و زعفران سے تحریر کر کے اپنی پاس رکہے یا کسی چیز مین مہنڈہ کر بازو راست پر باندہے تو نظر خلایق مین عزیز ہوگا مشکل آسان ہوگی۔

دیگر بتاریخ ۱۳ جنوری بروز شکر بوقت غروب آفتاب کو واسطے جدائی دو محبون کے اس عمل کو کرے یعنی اوپر شانہ گوسفند کے دونون محبون کے نام کے اعداد مع اون کی والدین کے بحساب ابجد نکالی اور نقش مثلث بنا کر گرد اوسکی تعداد اعداد برابر حرف (خا) لکھکر قبرستان مین اسکو دفن کر کی پیل دراز کا بخور کرے چالیس روز مین مابین اونکے جدائی ہو جاویگی ٭

مختصر حالات دوازدہ راشی ماہ پھاگن

میکھ۔ برادرون سے شکر رنجی عورت سے فایدہ عبادت وسخاوت سے گریز شہوت پرستی کے شایق ہین۔

برکھہ۔ اگنی اور چور کا بھی تجارت سے فایدہ امراض بلغمی مین مبتلا رہین اور سفر سے لابھہ ہو۔

متھن۔ عمدہ سیر وفساد خون کی زیادہ شاقی ہوتین البتہ کشایش رزق ہو آمدن زیادہ خرچ کم۔

کرک۔ درد چشم اور اخراجات زیادہ زن منکوحہ سے رنج اکثر تجارت مین نقصان اٹھاوین۔

سنگھہ۔ زمین کی جھگڑے اور خوف دشمن سے حیرانی ہو نصف ماہ کی بعد جو کام شروع کرین اس سے فایدہ اٹھاوین۔

کنیا۔ تجارت سے فایدہ ہو دشمن کی نتیجہ حاصل ہو اکثر اوقات خفیف نقصان ہوتا رہے۔

تلا۔ ہر ایک شخص سے محبت پیدا ہو اور پھاگن گذرنے کی بعد آمدنی زیادہ خرچ کم مگر بیماریون سے ناموافقت سفر سے تکلیف ہو۔

برچھک۔ آخر ماہ مین رنج وزحمت سے سبکدوشی مگر زیر باری اخراجات امراض صفراوی مین مبتلا رہین۔

دھن۔ آزار چشم اور عورت کو تکلیف رہے مگر آخر ماہ مین صورت آرام ہو اور کچھ فایدہ ہو۔

مکر۔ آخر ماہ کے بعد بیماری چشم اور رنج ومصیبت کا سامنا ہو آمدنی قلیل اخراجات زیادہ امراض صفراوی مین زیادہ مبتلا رہین۔

کنبھ۔ کاروبار مین خلل واقع ہو مگر آخر ماہ کے بعد آسایش کے آثار نمودار ہون دوستون سے محبت بڑھے۔

مین۔ وہمدین سے رنج پونچے اکثر اوقات حیران وپریشان رہے آمدن عمدہ ہو اخراجات کم ہون +

حالات طالع مرد وزن

کیفیت طالع ثور یعنی برکھہ جسکے نام کی اول مین ان حرفون سے کوئی حرف ہو اِ۔ او۔ اے۔ اُو۔ بو۔ بی۔ بے بُو۔ یا تقسیم اعداد سے باقی ۲ رہین تو اسکا طالع ثور یعنی برکھہ راس ہوگی مزاج سرد خشک ستارہ زہرہ یعنی شکر ہے اس راشی کا آدمی خوش کلام سادہ مزاج کبھی تجارت اور کبھی نوکری کا شایق رہے اور اس کو دو شادیان کرنیکا اتفاق ہو اور ہمیشہ راگ ورنگ کے سننے اور گانے بجانے کی طرف زیادہ راغب رہے ماہ جیٹھ اور روز سنیچر و بدھ ہر ایک کام کیلئے مبارک ہیں اس کو ۱۲ و ۱۸ و ۲۰ سال کی عمر مین امراض خبیثہ سے خطرہ جان ہو اور اکثر اوقات امراض بلغمی سے سخت تکلیف اٹھاوے اگر ان بیماریون سے جان بر ہو تو عمر ۹۰ سال سے زیادہ ہو +

عورت اس طالع کی شیرین گفتار دلربا حسین وہر ایک امور مین سنجیدہ ہوتی ہے مگر راگ ورنگ کی شایق از حد ہو قد دراز گردن کوتہ صاحب حوصلہ مطیع خاوند اور پوشاک عمدہ سے زیادہ رغبت رکھتی ہے اور اکثر خلل آسیب جنین مین مبتلا رہتی ہے اگر ۲۹ و ۲۰ و ۳۰ و ۲۷ برس کی عمر مین بیماری سے بچ جاوے تو عمر قریباً ۷۵ برس کے ہوگی +

اوقات متبرک نقوش وطلسم ماہ فروری ۱۸۹۹ء

واسطے محبت مطلوب کے بتاریخ ۱۲ فروری ۱۸۹۹ء بروز اتوار سورج غروب ہونے سے دو گھڑی پیشتر اسم مطلوب اوپر کاغذ برنگ کپوری پر لکھے اور بخور خوشبو روشن کرے اور گرداگرد اسکے یکصد حرف (قاف) لکھے اور اوس کاغذ کو اسوقت درخت کی شاخ سے آبادی سے باہر باندھے مگر نیچے اس کاغذ کے علی المب فلاں بن فلان مطیع ومسخر شود لکھنا چاہے۔ اول مین اپنا نام اور فلان بن فلان کی جگہ اسم مطلوب تحریر کرین مطلوب محبت مین دیوانہ ہوگا۔

دیگر واسطے بند کرنے خواب کے ۱۵ فروری بروز بدھ وار اسم مطلوب کے نام کے عدد بحساب ابجد معہ اوسکی والدہ کے نام کے نکالے اور اسکا نقش مثلث بنا کر گرداگرد اوسکے دو سو حرف (ق) تحریر کرے اور نیچے اوسکے لکھے کہ خواب وخور فلان بن فلان بستہ گردد بعدازان اسکو سنگ گران کے نیچے دفن کرے خواب بند ہوگا +

دیگر واسطے عداوت ۲۴ فروری بروز شکر بوقت نصف النہار دونون محبون کے نام اوپر لوح سرب کے لکھے اور گرداگرد اونکے نامون کے ۶۰ حرف (ظا) لکھکر ہوا مین لٹکاوے عداوت پیدا ہوگی +

مختصر حالات دوازدہ راشی ماہ چیت

میکھ۔ بھائیون سے نقصان آمدنی مین خلل واقع ہو عورت سے فایدہ خیالات فاسد خرچ زیادہ

برکھہ۔ طبیعت کسی کام مین متوجہ نہو بیماری درد شکم اکثر اوقات روپیہ پیسہ کا نقصان۔

متھن۔ آمدنی بدرجہ اوسط نیک کامون مین خرچ ہو دوستون سے محبت عورت سے سکھ ملے۔

کرک۔ امراض چشم کی تکلیف رہے خویش و اقارب سے ناموافقت ہو تفکرات و گرانی شکم۔

سنگھ۔ آمدنی عمدہ ہو خرچ کم رہے اکثر سفر وغیرہ با منفعت پیش آوے اولاد کا سکھ نصیب ہو

کنیا۔ بگڑے ہوئے کام درست ہون اس ماہ مین آمد زر و مال عمدہ رہے مگر خوف دشمن اور درد شکم کا اندیشہ ہو۔

تلا۔ طبیعت خوش رہے راگ کے شایق ہون مگر برادران سے ناموافقت آمدنی عمدہ جو کام شروع کرین اسمین فایدہ ہو۔

برچھک۔ مشکلات و مصیبت کا سامنا رہتے آخراجات کی زیرباری ہو نقصان مال ہو سنیچر و منگل کا اپاد ضروری ہے۔

دہن۔ طبیعت حیران و پریشان رہے عورت سے اکثر جھگڑا لگا رہے مگر آمدنی زر و مال کی عمدہ رہے

مکر۔ درد چشم اور خرچ زیادہ مگر دشمن مغلوب رہین حاکم وقت سے فایدہ پہنچے امراض مین مبتلا ہون۔

کنبہ۔ کاروبار مین خلل واقع ہو خوف دشمن سے حیران سا دلمین غم و غصہ زیادہ ہو بدچلنی و بدامنی مین۔ خویش و اقارب سے رنج پیدا ہو برادران سے نفع ہو مگر روزگار عمدہ رہے۔

حالات طالع مرد و زن

کیفیت طالع جوزا یعنی متھن

جسکے نام مین ان حرفون مین سے کوئی حرف اول ہو یعنی ک۔ کی۔ کو۔ گھہ۔ چھہ۔ کے۔ کو۔ ہہ۔ یا تقسیم اعداد سے باقی ۳ رہین تو اوس شخص کا طالع جوزا یعنی متھن راشی ہوگی مزاج بادی ستارہ اسکا عطارد یعنی بدھ ہے اس راشی کا آدمی حلیم الطبع شیرین کلام قد میانہ شیرین سخن لب یا بازو پر نشان خال یا دنبل خوبصورت بلند بینی تجار سوداگر خرید و فروخت مین زیادہ متوجہ رہے اور سفر مغرب سے ہمیشہ فایدہ اٹھاوے ماہ اساڑھ اور یوم بدھ وار شکروار ہر ایک کام کو فایدہ مند ہے۔ ۲۰ و ۲۷ برس مین صدمہ بیماری سے صحت یاب ہو تو عمر اسکی ۵۰ سال سے زیادہ ہو سنگھہ و برکھہ و تلا راشی کی عورت سے زیادہ محبت رکھے۔

عورت اس راشی کی عقلمند سادہ مزاج دستکار اور صاحب اولاد مگر آزار شکم و امراض رحم مین مبتلا رہے اور ضعیف البدن رہے دشمن اسکے زیادہ ہون اگر ۴۔ ۱۷۔ ۳۶ برس کی عمر کی بیماری سے بچ جاوے تو عمر اسکی ۸۰ سال کی ہوگی ✦

اوقات مبارک نقوش و طلسم ماہ مارچ سنہ ۱۸۹۹ء

واسطے محبت کے اور طلب مطلوب کے چاہیے کہ ۱۳ مارچ سنہ ۱۸۹۹ء بروز شکروار بوقت طلوع آفتاب اسم مطلوب اور اس کی والدہ کے اعداد بحساب ابجد نکالے اور اس مین ۲۲۰ عدد شامل کرکے کل مجموعہ کے حرف بلحاظ احاد و عشرات کے بناوے اور ان حرفون کو تکسیر صدر مؤخر کرے جب نام برآوے تو قلب تکسیر کے حرف اور تکسیر کے چارون گوشہ سے ایک ایک حرف لیکر اونکے اعداد نکالے اور ان اعداد مین اپنے نام کے عدد معہ اعداد نام والدہ کے جمع کرکے اور کل کو ۴ پر تقسیم کرے اگر باقی ایک رہے تو اوس تکسیر کی بتی بناکر چراغ نو مین جلادیوے اگر دو رہین تو ہوا مین لٹکادیوے اگر تین رہین تو پانی مین بہادوے اگر ۴ رہین تو زمین مین گاڑ دیوے اور مجموعہ کا باقاعدہ نقش مربع بناوے اور کسی نگینہ سرخ پر مہر کندہ کراکر بہ پہر دوسرے شکروار کو ایک انگوٹھی تین دہات یعنی چاندی تانبا اور قدرے سونا ملاکر بنواوے اور اسمین اوس نگینہ کو نصب کراکر دست راست مین پہنے جبتک یہ انگوٹھی ہاتھ مین رہیگی مطلوب ہمیشہ فرمانبردار اور مطیع رہیگا اور صاحب انگوٹھی سے زیادہ محبت رکھیگا ✦

مختصر حالات دوازدہ راشی ماہ بیساکھ

میکھ۔ والدین و بزرگون سے شکر رنجی اور اتفاق جدائی عورت سے محبت زر و مال کا فائدہ۔

برکھ۔ برادران سے مخالفت درد سر و کمر و آزار شکم وغیرہ امراض مین مبتلا ہون آمدنی قلیل ہو۔

متھن۔ اکثر کاروبار مین تکلیف کا سامنا دوستون اور علم سے زیادہ محبت ہو لیکن امراض عضو تناسل کا خوف ہے۔

کرک۔ پارچہ پوشیدنی کا نقصان ہو زمین اور ملک کا نقصان ہو دشمن سے خوف رہے۔

سنگھ۔ سواری کا شوق ہو سفر مین زیادہ رہنے کا اتفاق ہو زیر باری خرچ و آزار شکم کا خطرہ ہے۔

کنیا۔ خوف دشمن مگر آمدنی عمدہ خویش و اقارب و بزرگون سے فایدہ و محبت زیادہ رہے۔

تلا۔ خوش کلامی و سنجیدگی کیطرف میلان زیادہ ہو تجارت و روزگار مین فایدہ رہے۔

برچھک۔ اکثر امور خانہ داری مین رنج اٹھانا اور متفکر و حیران رہنا اور امراض بادی مین مبتلا اور خیالات فاسدکا پیش آنا۔

دھن۔ تہمت یعنی کسی جھوٹے الزام کا لگنا طبعت کا حیران و پریشان رہنا مگر آمدنی مال عمدہ سنیچر و منگل کا اپاو ضروری ہے۔

مکر۔ دشمنون اور چارپایون سے نقصان پونچے بیماری مین مبتلا رہین و زخم آہن و سوختگی آتش کا اندیشہ ہے۔

کنبھ۔ روپیہ پیسہ کا فایدہ ہو دشمن مغلوب ہون کار رفتہ باز بدست آید دوستون سے اخلاص ہو۔

مین۔ مطلب پرست رہین مگر اکثر جگہ ندامت و پریشانی اوٹھاوین البتہ زر کا فایدہ رہے۔

حالات طالع مرد و زن

کیفیت طالع سرطان یعنی کرک

جسکے نام کا اول مین ان حرفون مین سے کوئی حرف ہو یعنی۔ ہی۔ ہو۔ ہے۔ ہو۔ ڈ۔ ڈہی۔ ڈو۔ ڈے ڈو۔ یا تقسیم اعداد سے ۴ باقی رہین تو طالع سرطان یعنی کرک راشی ہوگی مزاج سرد تر بلغمی ستارہ قمر یعنی چندرمان ہے اس راشی کا آدمی خوبصورت گورا رنگ نرم دل شرین گفتار عقلمند لباس سفید سے زیادہ رغبت رکھے جس سے نیکی کرے بدلہ بدی پاوے امراض بلغمی مین اکثر مبتلا ہو عورت سنگہ متھن اور کنیا راشی سے اس کی زیادہ موافقت رہے اور روز سوموار اور اتیوار اور ماہ ساون اس کی امیدوں کے واسطے نہایت عمدہ ہے۔

عورت اس راشی کی خوبصورت سیاہ چشم صورت و سیرت سے ہمہ صفت موصوف ہر ایک کام مین ہوشیار خوش پوشاک فعل مباشرت کی شایق۔ کثیر الاولاد خاوند سے ہمیشہ خوش رہے اگر ۴ و ۹ و ۲۰ برس کی بیماری سے بچ جاوے تو عمر اس کی ۷۰ سال کی ہوگی اکثر نظر بدین زیادہ مبتلا رہیگی ✦

اوقات متبرک نقوش و طلسم ماہ ۵۔ اپریل ۱۸۹۹ء

برائے محبت

ایک لوح طلائی وزنی ۳ ماشہ کی بنوا مین اور ۲۱۔ اپریل ۱۸۹۹ء کو بعد نصف النہار کے قریباً ایک بجے بخورات خوشبودار روشن کر کے مندرجہ ذیل نقش کو اُس لوح طلای پر کندہ کرے اور پشت لوح پر اسم اپنا اور اپنی والدہ کا اور اسم اُس شخص کا جسکے لئے عمل تیار کیا ہے اور اوسکی مان کا حرف مفردین لکھے اور درمیان مین اسم باری تعالیٰ یا ودود کا مثلاً۔ طالب زید والدہ عمری۔ مطلوب بکر والدہ بیگم اسکو اسطرح لکھنا چاہیے۔ زای و ع م ر ی و د و د ب ک ر ب گ ی م جبتک یہ لوح تیار ہو تب تک کسی سے کلام نکرے اور بوقت کندیدن پوشاک پاکیزہ عطر وغیرہ سے معطر اور منہ مین شرینی رکھے جس وقت یہ لوح تیار ہوجاوے فوراً بازو راست پر باندہے اثر اس کا بدرجہ کمال اور وہ شخص مطیع و فرمانبردار رہیگا۔

نقش یہ ہے

طیال مکسال

۲۲۲	۲۳۶	۲۳۳	۲۲۹
۲۳۴	۲۲۸	۲۲۳	۲۲۵
۲۲۷	۲۳۱	۲۳۸	۲۲۴
۲۳۷	۲۲۵	۲۲۶	۲۳۲

صباوث کھیا

مختصر حالات دوازدہ راشی ماہ جیٹھ

میکھ۔ والدین سے رنج درد شکم و سر ہو مہینہ مین اکثر کہانے لذیز کی خواہشمند ہو عورتون سے فایدہ رہے

برکھ۔ طبیعت مین غصہ بدرجہ کمال رہے آمدنی ناقص درد چشم اور خرچ زیادہ رہے بیماری عفونت یا اسہال ہو۔

متہن۔ طبیعت اکثر حیرانی مین مبتلا رہے نقصان مال اور آزار چشم اور درد سر البتہ آخر ماہ مین صحت ہو۔

کرک۔ سر اور منہ مین درد مزاج غضبناک رہے اور ہر طرح سے خصومت پیش آئے اولاد کو کشٹ عورت کا سنگھ ہو۔

سنگھ۔ جسمی تکلیف نقصان زر و خصومت با دوستان عورت سے محبت زر و مال کا فایدہ بدرجہ اوسط رہے پیٹ مین درد

کنیا۔ آمدنی زیادہ خرچ کم حاکم سے عزت اولاد اور استری سے آرام کسی وقت طبیعت سفر کیطرف مایل رہے۔

تلا۔ عورت کو تکلیف آمدنی قلیل طبیعت اکثر حیران و پریشان گزندہ جانور سے تکلیف ہو تجارت سے فایدہ ہو

برچھک۔ ہضم کی بیماری یا بواسیر ہو ہمسایون سے لڑائی جہگڑا ہو چشم دیگر مین درد آمدنی کم ہر قسم کے کامون سے گریز سنیچر اپد برہسپت کی نحوست دیکھنے کسیکی کوٹہی آباد کرنے

دہن۔ درد پیچ دوستون سے کم اتفاقی زر کا نقصان اپنے بیگانہ سے جہگڑا سنیچر کا اپاؤ کرنا ضروری ہے

مکر۔ عورت کو تکلیف تبدیلی مکان خرچ زیادہ رہے ترقی منصب آمدنی زیادہ رہے۔

کنبھ۔ تجارت سے فایدہ دشمنون کا نقصان زر و دولت کی آمد خرچ زیادہ طبیعت مین خیالات باطل کا اجتماع۔

مین۔ زر و مال کا فایدہ ہو دوستون سے دشمنی آخر ماہ مین نقصان طبیعت فعل ناجایز کیطرف زیادہ راغب رہے:۔

حالات طالع مرد و زن

کیفیت طالع اسد یعنی سنگھ راس جسکے نام مین ان حرفون سے کوئی حرف اول مین ہو یعنی م۔ می۔ مو۔ مے۔ مو۔ ٹا۔ ٹے۔ ٹو۔ ٹی۔ یا تقسیم اعداد سے باقی سہ رہین تو اسکا طالع اسد یعنی سنگھ راس ہوگی۔ مزاج اسکی گرم خشک ستارہ اسکا شمش یعنی سورج ہے۔ اس طالع کا آدمی عقلمند دانا صاحب حکمت رنگ گندمی میانہ قد قوی جسم ہمت مردانہ اور ہر ایک کام سنجیدگی اور دیانتداری سے کرے دوسرون کو مدد دیوے اور ماں باپ کا تابعدار رہے مگر شہوت پرست فعل ناجایز کا زیادہ عادی ہو اکثر حکومت کرنیکا ولولہ دلمین رکھے عورت کرک و میکھ دہن و مین راشی سے زیادہ الفت و محبت رکھے اور روز توار اور ماہ ساون اسکی امیدون کو مفید ہے۔ ۱۵ و ۲ و ۱۶ برس کی عمر مین بیماری سخت ہاوے یا بلندی سے گرے اگر اس صدمہ سے بچ جاوے تو عمر طبعی ۹۰ برس ہوگی۔

عورت اس طالع کی خوش کلام نیک سیرت کلان چشم بزرگ بینی دراز گردن تند مزاج سینہ یا گردن پر نشان تل اکثر امراض جسمیہ سے مضرت اٹھاوے اور گاہے گاہے نظر بد مین مبتلا رہے ۱۵ و ۱۶ برس کی عمر مین سخت بیمار ہو اگر صحت پاوے تو عمر طبعی ۹۴ برس ہوگی۔

اوقات متبرک نقوش و طلسم ماہ مئی سنہ ۱۸۹۹ء

عمل حب

اول ایک لوح یعنی تپرہ تانبا کا سوا پنج مربع تیار کراوے اور پانچ مئی سنہ ۱۸۹۹ء کو بروز شکروار طلوع آفتاب سے ۲۰ گہڑی تک ایک مکان مصفا اور پاکیزہ مین غسل کرکے لباس اپنا معطر کرے اور بخور عطر دلوبان عود و مشک وغیرہ روشن کرے اور کسی شخص کو اپنے پاس نہ آنے دیوے۔ اسوقت اس نقش متبرک کو اس لوح پر کندہ کرے اور پشت لوح پر اول اپنا نام اور بعد اپنی ماں کا نام اور بعد اسکے اسم یا بدوح اور بعد ازان مطلوب اور اسکی ماں کا نام اوس لوح پر کندہ کرے اگر گہڑی مین یہ عمل تیار نہو تو جسقدر اول ہو جاوے اسقدر کرے پہر اسی روز بعد دوپہر کو باقی عمل کرلیوے جب یہ لوح تیار ہو جاوے اسکو زیر آتش سات دن تک اسیطرح دفن کرے کہ بہت خفیف گرمی اس لوح کو پونچتی رہے سات دن صبح تا شام برابر اس لوح کو گرم رکھے مطلوب محبت میں بیقرار و دیوانہ ہوگا۔

نقش یہ ہے

۳۶۲	۳۷۵	۳۵۸	۳۶۶	۳۸۱
۳۶۸	۳۷۸	۳۶۴	۳۷۲	۳۶۰
۳۷۴	۳۵۶	۳۷۰	۳۸۰	۳۶۱
۳۸۲	۳۶۳	۳۷۱	۳۵۹	۳۶۷
۳۵۷	۳۶۹	۳۷۹	۳۶۵	۳۷۳

مختصر حالات دوازدہ راشی ماہ ہاڑ

میکھ۔ مراد دلی بر آوین بھائیون کو تکلیف رہے کارون کی شروع کرنیسے فایدہ نہو۔

برکھ۔ والدین سے رنج مگر زمین سے فایدہ پونچے ورلہ کم بباعث رنج ہو آمدنی بدرجہ اوسط۔

متھن۔ برادران سے خصومت امیدون مین مایوسی زن منکوحہ سے رنج پونچے۔

کرک۔ آمدنی مین نقصان ہو خرچ زیادہ ہو خوف حاسدان دامنگیر رہے۔

سنگھ۔ سرور و فساد خون کا اندیشہ ہو خیالات فاسد مین مبتلا رہین۔ آمدنی بدرجہ اوسط۔

کنیا۔ درد چشم و زیر باری اخراجات دشمنون پر غالب ہین سفید چیزین زیادہ کہانین آئیں۔

تلا۔ نیکی کی کامون مین متوجہ ہون علم حاصل کرنیکی زیادہ خواہشمند ہون آمدنی کم اخراجات زیادہ۔

برچھک۔ طبیعت مین یکسوئی نہ رہے اکثر کاروبار مین حاسدون سے نقصان کا اندیشہ رہے اور جسمی بیماری مین مبتلا ہون۔

دھن۔ نقصان مال اور دوستون سے دشمنی اور کاروبار مین ہرج و نقصان ہوتا رہے۔

مکر۔ امراض صفرادی مین مبتلا ہون ترقی روزگار مگر حاسدون سے رنج پونچے۔

کنبھ۔ دوستون سے محبت دشمن مغلوب کاروبار مین رونق مگر عورت سے جہگڑا و دکہہ ہو۔

مین۔ والدین سے تکلیف دشمن مغلوب بعض مایوس امیدون مین کامیابی طبیعت مین استقلال ہو۔

حالات طالع مرد و زن

کیفیت طالع سنبلہ یعنی کنیا راس

جسکے نام کے اول مین ان حرفون سے کوئی حرف ہو یعنی ٹو۔ پ۔ پے۔ پو۔ کہا۔ ن۔ ٹہا۔ پی۔ پُو۔ یا تقسیم اعداد سے ۶ بچے تو اسکا طالع سنبلہ یعنی کنیا راس ہوگی مزاج سرد خشک ستارہ اسکا عطارد یعنی بدھ ہے۔ اس طالع کا آدمی صابر نیک چلن حلیم الطبع مصور نقاشی کا شایق ہوگا ممکن ہے کہ شاعر بھی ہو اکثر جائے متبرک کے درشن کرنیکا شایق ہو اور لکھنی پڑہنی مین زیادہ وقت صرف کرے جس سے نیکی کرے بدلہ بدی کا پاوے اکثر دشمنون سے اذیت و نقصان اوٹھاوی مگر کسی سے بدی نکرے ایک مرتبہ زخم سوختگی آہن مین تکلیف اُٹھاوے جس شخص کے بائین جانب کھڑا ہو کر بات کرے وہ مہربان ہو جاوی ۳ و ۲۷ و ۵۰ برس کی عمر مین صدمہ بیماری پاوی یا کسی گزندہ سے نقصان اُٹھاوے اگر بچ جاوی تو عمر طبعی قریباً ۹۰ برس کی ہوگی

عورت۔ اس طالع کی گندم رنگ کشادہ ابرو آہو چشم راست گو خوش کلام اور اپنے عزیز و اقارب سے فایدہ اٹھاوی صدمطیب مین اکثر مبتلا ہو درد سر و آزار شکم سے اکثر تکلیف اٹھاوی ۳ و ۲۲ و ۳۲ برس کی بیماری سے اگر تندرست ہو تو عمر طبعی ۹۰ برس ہوگی۔

اوقات متبرک نقوش و طلسم ماہ جون ۱۸۹۹ء

مقہوری دشمن

اگر مقہوری دشمن منظور ہو تو اول ۳ جون بروز سنیچر کو خاک چہار راہ و خاک مسجد و خاک گور کہنہ و خاک خانہ ویران و خاک منارہ ویران یعنی ڈھہ اور خاک اُسجگہہ کی جہان گدہے لیٹتے ہون اور خاک اوس جگہہ کی جہان چیل بیٹھی ہو لاوے اور بعد ازان ۶ جون کو بوقت نصف النہار خلوت مین کسی جاے ویران یا قبرستان مین بیٹھکر اعداد اسم دشمن نکالے اور ان عداد کو اوسکے نام مین شامل کردیوے عدد یہ ہین ۲۲۰۲ کل مجموعہ کرکے نقش مربع باقاعدہ خانہ نہم سے پُر کرے اور اُس نقش کو اوپر خال سنگ یا گدہی یا پارچہ کہنہ شخص مطلوب اگر دستیاب نہو تو کاغذ پر ہی نقش کو لکھی بوقت پر کرنے نقش کے لباس سیاہ اور منہ مین قدری موم رکھی بعد ازان اس نقش کو ایک کوزہ مین ڈالکر وہ جمع شدہ خاکین زیر و بالا اوس نقش کے ڈالی اور اسم یا قہار یا مذل یا جبار حسب التعداد اعداد اسم دشمن پڑھکر کوزہ پر پھونک دیوی اور تصور عدد کے خراب و ذلیل کرنیکا کرے پھر قبرستان یا جائے ویران یا خانہ عدو مین اس کوزہ کو گاڑدی انشاءاللہ تعالے طالب حسب المراد کامیاب ہوگا۔

مختصر حالات دوازده راشی ماه ساون

میکھ۔ ترقی کاروبار سامان خوشی مین مشغول ہون مگر آزار جسمی مین مبتلا رہین۔

برکھہ۔ زمین کی تجارت سے نقصان ہو امراض جسمی مین مبتلا تجارت مین ایذہ۔

متہن۔ خواب ننگ برنگ کے دیکہین طبیعت متفکر آمدنی نسبت سابقہ ماہ عمدہ ہو۔

کرک۔ طبیعت مین غم وغصہ اور امراض صفراوی مین مبتلا آمدنی عمدہ رہے۔

سنگھ۔ پھوڑی پھنسی سے تکلیف اُٹھاوین امراض بلغمی و فساد خون دہنی کا ہونا یعنی دانت آنی شروع ہوجاوے

کنیا۔ مال و زر کا فایدہ رہے جسم مین قوت و توانائی ہو نیک کام کیطرف متوجہ ہون۔

تلا۔ آمدنی اور خرچ برابر بہائیون سے تکلیف ہو دوستون سے محبت ہو۔

برچھک۔ کسی کے دہوکھ مین اکر نقصان زر کا اُٹھاوین اور حیران و سرگردان رہین۔

دہن۔ طبیعت پریشان درد چشم اخراجات کی زیادتی تجارت مین نقصان ہو۔

مکر۔ دوسرون کے امداد کی خواستگار ہون امور خانہ داری مین خوش وخرم رہین۔

کنبہ۔ عورت سے تنگ رنجی بزرگون سے فایدہ مہاتمون کے ست سنگ کے شایق ہون۔

مین۔ اکثر کار وکر نہین نقصان اُٹھاوین بیوپار گنگڑی کا کرین تو فایدہ ہوا۔

حالات طالع مردون

کیفیت طالع میزان یعنی تلاراس

جسکے نام کے اول مین ان حرفون سے کوئی حرف ہو یعنی۔ را۔ ری۔ رو۔ رے۔ رُو۔ تا۔ تی۔ تو۔ تے یا تقسیم اعداد سے باقی ۷ رہین تو اسکا طالع میزان یعنی تلاراس ہوگی مزاج گرم تر اور سیارہ اسکا زہرہ یعنی شکر ہے اس طالع کا آدمی نیک بخت رحم دل چشم سیاہ طویل قد ناچ گانے کا شوق بدرجہ کمال رکھے ہمیشہ خندہ پیشانی اور عیاشی کا شوق اور شہوت پرست ہووے آنکہ یا رخسارہ پر عموماً خال برنگ سیاہ ہو عورتون سے زیادہ الفت و محبت رکھے لالچی زیادہ ہو یگانہ و بیگانہ سے با محبت پیش آوے اکثر دوستون سے پریشانی اور زک اُٹھاوے ۳۰ برس کے بعد عزت و آبرو زیادہ ہو سواری اسپ یا فیل کی ملے دولتمند صاحب ثروت ہو ۷ و ۱۴ و ۲۰ برس مین سخت بیماری پاوے اگر صحت یاب ہووے تو عمر طبعی ۶۰ برس کی ہوگی۔

عورت اس طالع کی شیرین گفتار اور ہر ایک آدمی سے خندہ پیشانی سے پیش آوے سرپا گردن یا ٹہوڑی پر نشان تل کا ہو لذت دنیاوی کی زیادہ خواہشمند رہے منظر ہو وے اسے اکثر اوقات زیادہ تکلیف اُٹھاوے اگر ۳ و ۱۳ و ۲۹ برس کی بیماری سے صحت یاب ہو تو عمر طبعی ۷۰ برس ہووے گی

اوقات متبرک نقوش و طلسم ماہ جولائی سنہ ۱۸۹۹ء

بتاریخ ۱۸ جولائی بروز منگل بوقت ۷ گہڑی ۳۰ پل دن چڑہتے پر ایک ٹکڑہ خوب صفا بلوری لیوے اور اوپر ایک تصویر بشکل آدمی برہنہ استادہ کی مہر کند سے کندہ کراوے اور ایک جانب اُس تصویر کے ایک عورت کھلی بال شانون پر ڈالی ہوئی کھڑی ہوئی کی تصویر بناوے اور مرد اپنا داہنا ہاتھ اسکی گردن پر ڈالے ہوئے ہو لیکن وہ عورت جانب پشت دیکھتی ہو عورت کے پانون کے نیچے یہ حرف ع ع اور آدمی کے پانون کے نیچے ح ع کندہ کراوے اور بخور خوشبودار مثل کافور وغیرہ بوقت کندہ کرنیکے روشن رکھے بعد تیار ہونے نگینہ کے اس نگینہ کو آہن خالص کی انگوٹھی مین نصب کراکر ۱۵۔ اگست سنہ ۱۸۹۹ء کو اپنے ہاتھ مین پہنے نزدیک امرا کے وہ شخص باعزت و وقار رہیگا اور حشرات الارض گزندہ جانورون سے اسکو اذیت نہ پونچیگی مگر ہمیشہ گوشت خام نہ کہاوے اور کبھی سگ کو ہلاک نہ کرے بلکہ یہانتک کہ اپنے ہاتھ سے آگ کو نہ بجھاوے ورنہ اثر جاتا رہیگا ✣

مختصر حالات دوازدہ راشی ماہ بھادون

میکھ۔ بھائیون کو مال کا نقصان ہو دشمن مغلوب ہون ازار شکم اور خیالات گوناگون پیدا ہون۔

برکھ۔ آمدنی مین کاوٹ ہو مان باپ کو تکلیف رہے کاروبار مین دشمنون سے نقصان کا اندیشہ ہو۔

متھن۔ خیالات مین استقلال نہو زمین کا نقصان ہو جس سے نیکی کرین بدلہ بدی پاوین۔

کرک۔ روزگار کی ترقی کا خیال دامنگیر ہو خانہ مال مین آمدنی کی آثار پیدا ہون دشمن مغلوب ہون۔

سنگھ۔ طبیعت مین فکر و غصہ زیادہ رہے نیک صلاح سے کنارہ کش رہین خوف دشمن بنا رہے

کنیا۔ امراض صفراوی و دردسر و غصہ مین زیادہ مبتلا رہین دوسرون سے ناموافقت رکھین

تلا۔ زیرباری خرچ و آمدنی قلیل ہو آتش و چور سے خوف ہو امور خانہ داری مین ناسازی طبیعت

برچھک۔ دوستان قدیم سے نفرت ہوا رہے کسی کے عشق مین مبتلا ہون سحر و افسون کے شایق ہون۔

دہن۔ طبیعت مین وہم زیادہ کرین خواب مین کوہ آتش فشان زیادہ دیکھین رات کو نیند کم آوے

مکر۔ ترقی روزگار او صحبت علما کے شایق ہون مگر شب بیداری بعض امور دنیاوی مین کیا کرین

کنبھ۔ آمدنی بدرجہ اوسط مگر اخراجات زیادہ لیکن کسی مرد بزرگ سے کچھ فایدہ پونچے۔

مین۔ درد شکم مگر انجام بخیر رہے مال کا فایدہ کم ہو فعل ناجایز کی طرف راغب رہین۔

حالات طالع مردوزن

کیفیت طالع عقرب یعنی برچھک

جسکے نام کے اول مین ان حرفون سے کوئی حرف ہو یعنی تو۔ ن۔ نی۔ نو۔ نے۔ نو۔ یا۔ یی۔ یو۔ یا تقسیم اعداد سے باقی ۸ رہین تو اسکا طالع عقرب یعنی برچھک راس ہوگی مزاج سرد و تر یعنی ستارہ اسکا مریخ یعنی منگل ہے۔ اس طالع کا آدمی غصہ ور تند مزاج اور جوان مرد و تلخ سخن اور امراض صفراوی مین زیادہ مبتلا رہیگا ہتیار و تیر و کمان سے زیادہ رغبت رکھیگا ہمیشہ آگ سے اسکو زیادہ خطرہ رہیگا اکثر خواب مین کوہ آتش فشان کی سیر کیا کریگا لباس برنگ سرخ کا زیادہ شایق ہوگا ایک مرتبہ کوئی شخص اسکی ہلاکت کا قصد کرے مگر انجام بخیر ہو اگر امراض صفراوی سے ۵ و ۱۵ و ۲۳ و ۳۴ سال مین شفایاب ہو تو عمر اسکی طبعی ۸۰ برس ہوگی روز منگل اور ماہ مگھر اسکی امیدون کے برلانے کو مفید ہے۔

عورت اس طالع کی گندم رنگ تلخ سخن لذات دنیاوی کی از حد شایق رہے حریص زر و پوشاک سرخ کو زیادہ پسند رکھے اور اکثر امراض احتباس الرحم مین مبتلا رہے غصہ ور اور کسکو پسند نہین لاوے اگر ۱۰ و ۲۲ و ۳۴ برس کی عمر مین بیماری سے صحت پاوے تو عمر طبعی ۸۵ برس ہو

اوقات متبرک نقوش و طلسمات ماہ اگست ۱۸۹۹ء

بتاریخ ۴ اگست بروز شکروار بوقت پانچ گھڑی شب ہی یعنی ۵ گھڑی رات گذر نیکے بعد استخوان پشت مردہ اگر دستیاب نہو تو نگینہ برنگ سنہری مایل پر ایک تصویر بشکل آدمی اسطرح بنا دین کہ عضو مخصوص جدا اسکا قطع کرکے پشت سر اسکا پھینک دیا گیا ہو اور جانب راست اوسکے بشکل حروفی کندہ کرین یہ عغعغعغفغ اور اسیطرح جانب چپ بھی۔ تیار کرنے اس نگینہ کو سات روز تک ہر روز بوقت ۵ گھڑی رات رہے بالا بام رکھ دیا کرین صبح اسکو اٹھاکر باحفاظت تمام محفوظ رکھین بعد سات روز کے یہ طلسم تیار ہو جاویگا تاثیر اس طلسم کی یہ ہے کہ جس شخص کی کمر مین یہ طلسم باندھ دیا جاویگا قوت مردانگی اوس شخص کی بالکل زایل ہو جاویگی جب تک یہ طلسم اس کی کمر سے بندھا رہیگا شہوت اس کی بالکل زایل رہیگی جسوقت یہ طلسم اس کی کمر سے علیحدہ کر دیا جاویگا فوراً قوت مردانگی اسکی عود کر آئیگی۔

نقش سلیمانی

بچون اور حاملہ مستورات کی حفاظت جان دافع اثرات آسیب زدہ کیلئے اکسیر ہے ہدیہ عہ علاوہ محصول ڈاک۔ المشتہر پنڈت گوردہاری لال منجم سیالکوٹی لاہور

مختصر حالات دوازدہ راشی ماہ اسوج

میکھ۔ عورت سے ناموافقت بعض مایوس امیدون مین کامیابی اور فرحت ہو۔

برکھ۔ دشمن مغلوب مگر کسی شدنی امر مین مبتلا ہون کوئی الزام باطل لگے۔

متہن۔ دوستون سے موافقت برادران سے فایدہ تجارت مین نفع قلیل ہو۔

کرک۔ زمین کی تجارت مین فایدہ ہو خیالات سفر کیطرف راغب رہین۔

سنگھ۔ رات کو سوتے مین کوہ آتش فشان خواب مین آوین اگنی اور جدکا بھی۔

کنیا۔ بھائیون سے نقصان طبیعت مین پریشانی جس شخص پر اعتبار کرین وہ دھوکہ دیوی۔

تلا۔ حیرانی و پریشانی سنیچر کا اپاو کرین۔

برچھک۔ اکثر بیماری سے راہی ملک عدم ہون کاربار مین نقصان اٹھاوین۔

دہن۔ اخراجات زیادہ آمدنی کم جسکے پاس امانت رکھین وہ خیانت کرے۔

مکر۔ آمدنی زیادہ خرچ کم مگر عاشق مزاج رہین حرامکاری مین خرچ زیادہ کرین۔

کنبھ۔ آمدنی کم مگر عزت وابرو کی ترقی دوستون اور زیر دستون سے فایدہ پوہچے

مین۔ دہرم کے کامون سے منحرف ہون ہر ایک کام مین غصہ اور رنج اوٹھاوین +

حالات طالع مرد و زن

کیفیت طالع قوس یعنی دہن جسکے نام کے اول مین ان حروفون سے کوی حرف ہو یعنی۔ یے۔ یو۔ بھ۔ بھی۔ بھو۔ دھ۔ پھا۔ ڈھ۔ بھے۔ یا تقسیم اعداد سے ۹ باقی رہین تو اسکا طالع قوس یعنی دہن راشی ہوگی مزاج گرم خشک ستارہ اسکا مشتری یعنی برہسپت ہے اس طالع کا آدمی علوم دینی و دنیاوی سے زیادہ رغبت رکھی رحم دل مفلسون سے زیادہ سلوک کرے درس و تدریس کا شوق بدرجہ کمال ہو دیگرون کو نصیحت عمدہ اور کام نیکی کے سکھلاوی اکثر امراض فساد خون مین زیادہ تکلیف اوٹھاوی اسکے تنہ زخم ہون اور بلندی سے گرنے اور پانی مین ڈوبنے کا حادثہ اسکو پیش آوی ۲۲ و ۹ ، ۲۴ و ۲۷ ، ۳۱ برس کی عمر مین بیماری پاوے نحوست اگر زندہ رہا تو عمر طبیعی ۸۰ سال ہوگی عورت سنگہ و کرک و میکھ و برچھک راشی کی اسکی لیے سزاوار ہی اور یوم ویوار اور ماہ پوہ اسکی امیدونکے برلانیکو سعید ہے

عورت اس طالع کی حسین اور خوبصورت مگر چرب زبان خندہ پیشانی عاقل دانا ہنرمند اور خانہ داری مین نہایت سنجیدہ کام کرنے لیکن کسی کی محبت مین سرشار رہے اگر زندہ سال کی بیماری سے صحت یاب ہو تو عمر ۷۰ برس پاوی۔

اوقات متبرک نقوش و طلسم ماہ ستمبر ۱۸۹۹ء

بتاریخ ۱۹ ستمبر ۱۸۹۹ء کو بروز منگل بوقت غروب آفتاب بخور سپند اور سرخ دانہ کا روشن کرکے جو لوگ حاسد اور بدگو ہون انکے نام لکھکر گرداگرد اسکے ۹۰ حرف رحیم ا بشکل دایرہ کے لکھے اور اوس کاغذ کو موم مین لپیٹ کر زمین مین یا جاگہ سنسان مین دفن کردیوے حاسدون کے شر سے ہمیشہ محفوظ رہیگا مگر عمل مین خلوت کا ہونا ضروری ہے اگر اسوقت ۱۹۲ حرف (رج) زعفران اور مشک سے لباس پاکیزہ اور بخور خوشبودار روشن کرکے اوپر کاغذ یا بھوج پتر کے لکھے اور تعویز بنا کر اپنے گلے یا بازو پر باندہے تو امراض مہلک مثل وبا اور **طاعون** سے محفوظ رہیگا۔ اگر سوائے منگل و سنیچر کے اس ماہ مین ایک ہزار (رج) چینی کے پیالہ مین مشک و زعفران سے لکھکر اور نصف شب کو دریا یا کنوین کا پانی لاکر پیالہ دہوکر مریض کو پلاوے مرض مہلک سے شفا پاوے +

لگن رتناگر

اہل نجوم کیلئے یہ کتاب قابل دید ہے اس سے ہر وقت کا لگن اور تفاوت وقت کا پتہ ملتا ہے قیمت ۱۲
المشتہر پنڈت گردیال منجم سیالکوٹی لاہور

مختصر حالات دوازدہ راشی ماہ کاتک سمبت

میکہہ۔ بھائیون سے قلیل فائیدہ مگر تابعت نکرین عورت کو سخت تکلیف کا سامنا ہو حمل ساقط ہو جاوے

برکہہ۔ آمدنی قلیل اخراجات کی زیادتی مگر دشمن مغلوب ہون کاربار مین نقصان ہو۔

متھن۔ رنج و مصیبت کا سامنا ہو اکثر کاروبار دنیاوی مین طبیعت متفکر و حیران پریشان رہے مگر انجام بخیر

کرک۔ کوئی بزرگ کوچ کر جاوے جہگڑا مال میراث پیش آوے اخراجات کی زیادتی رہے۔

سنگہہ۔ بھائیون سے رنج و تکلیف پونچے دوستون سے خوشی خصوصاً دوست مونث سے فایدہ پونچے۔

کنیا۔ کسی دلربا کیواسطے اپنا زر و مال خرچ کرین اکثر کاربار مین پشیمانی حاصل ہو سفر کا خیال زیادہ رکھین

تلا۔ زیادہ سخت منحوسی اور پریشانی سے گذارینگی۔

برچہک۔ کاروبار مین ترقی ہو مگر چورون اور بدمعاشون کیوجہ سے نقصان زر ہو۔

دہن۔ درد شکم و کمر وغیرہ مین مبتلا ہون کسی اونچی جگہہ سے گرین یا پاؤن مین ضرب لگے۔

مکر۔ گزندہ جانورون سے تکلیف اُٹہاوین آمدنی بدرجہ اوسط اخراجات کم وصال معشوق۔

کنبھ۔ تجارت سے فایدہ سفر سے نفع اخراجات کی کمی آمدنی کی ترقی مگر عورت کو تکلیف رہے

مین۔ ہر طرح سے رنج و مصیبت اور غم و غصہ مین دن گذرے اکثر ترک وطن کا خیال پیدا ہو۔

حالات طالع مردون

کیفیت طالع جدی یعنی مکر راس جسکے نام کے اول مین ان حروفون سے کوئی حرف ہو یعنی۔ بھو۔ ج۔ جی۔ جو۔ جے۔ جُو۔ کھا۔ کھی۔ کھو۔ کھی۔ کھو۔ گ۔ گِ۔ یا تقسیم اعداد سے باقی ۱۰ رہین۔ تو اسکا طالع جدی یعنی مکر راس ہوگی مزاج سرد خشک ستارہ زحل یعنی سنیچر ہے۔ اس طالع کا آدمی شیرین گفتار چشم سیاہ طویل قد اور کنبہ پرور اور ہر ایک سے محبت رکھے اکثر اوقات مرض عشق مین مبتلا رہے حسینون سے ملاپ زیادہ رکھے ہنرمند دستکار شہوت پرست عضو تناسل پر اسکے تل شہوت پرستی کی علامت ہو جس شخص کے جانب چپ کھڑا ہو کر بات کرے وہ بہت مہربانی سے پیش آوے۔ مرض درد چشم اور آزار شکم وغیرہ سے سخت تکلیف اُٹھاوے اگر ۳ و ۴ و ۱۰ برس کی بیماری سے بچ رہا تو عمر طبعی ۸۰ برس ہوگی عورت اسکو سنگھ و کرک راس کی سزاوار ہے۔ جو کام ماہ ماگھہ اور بروز سنیچر کے کرے اوس سے فایدہ ہو۔

عورت۔ اس طالع کی عورتین تین قسم کی ہوتی ہین ایک برنگ سفید خوشرو بلند بینی میانہ قد دوم نازک اندام رنگ مائل بسرخی سفید چشم سوم گندم رنگ خوش پیشانی اور صاحب اولاد و عزیز خاوند امور دنیاوی مین ہوشیار مگر ۱۲ و ۱۸ و ۲۰ برس کی عمر مین سخت بیمار ہوگی اگر صحت ہوگی تو عمر طبعی ۷۵ برس ہوگی

اوقات متبرک نقوش و طلسمات ماہ اکتوبر سنہ ۱۸۹۹ع

برائے ترقی جاہ و حشمت و بلندی مرتبہ کے نہایت پرتاثیر ہے چاہیے کہ ۲۰۔ اکتوبر سنہ ۱۸۹۹ع کو بروز شکر بعد نصف اللیل کے اپنے نام کے عدد مع والدہ کے اور اسم شروت یا جاہ و حشمت یا بلندی مرتبہ اور جس شخص کے ذریعہ کاربرآری ہو ان سب کے عدد بحساب ابجد استخراج کرکے کل مجموعہ اعداد مین ۸۳۷ عدد اضافہ کرکے بلور سفید کے نگینہ پر بخورات خوشبو مثل کافور وغیرہ روشن کرکے پاک و صاف اور لباس معطر ہونا چاہیئے اس وقت ان کل مجموعہ اعداد کا نقش مربع کندہ کراکر چار دہات کی انگوٹھی یعنی چاندی تانبا سونا قدرے قلعی ملاکر بروز اتوار بنوائے اور اس نگینہ کو انگشتری مین نصب کراکر دست راست مین پہنے مگر بوقت استنجا انگوٹھی کو ہاتھ سے علیحدہ رکھے اور گوشت سے ہمیشہ پرہیز رکھے چند روز مین آثار بلندی مرتبہ و جاہ و حشمت کے نمودار ہونگے اور صاحب انگوٹھی عزیز خلایق ہوگا +

مختصر حالات دوازده راشی ماه مگھر

میکھ۔ دشمنون اور زبردستون سے خصومت اور درنده گزنده جانورون سے نقصان پونچے۔

برکھہ۔ قرض خواہون سے رنج و مصیبت پونچے کوئی ملک یا مکان قبضہ سے نکل جائے۔

متھن۔ دشمنون اور حاسدون سے سخت نقصان پونچے اپنی بہیگا لئے بن جاوین۔

کرک۔ اولاد اور اسقاط حمل عورت کا اندیشہ رہے امراض صفراوی کی زیادتی ہو۔

سنگھہ۔ بزرگون سے اذیت و مضرت حاصل ہو۔ زمین کی تجارت سے نقصان مال ہو۔

کنیا۔ خویش و اقارب سے رنج طبیعت مین کدورت مگر حریص زر زیاده رہین۔

تلا۔ آمدنی مین خلل جسم مین تکلیف دوستون و برادرون سے رنج و زحمت پونچے۔

برچھک۔ اس ماه مین سخت تکلیفین دیکھینگے بعض جان سے ناحق گذر جاینگے۔

دہن۔ دشمنون اور حاسدون سے بہت نقصان پونچیگا مال و زر کا نقصان طبیعت حیران پریشان۔

مکر۔ دوستون اور زبردستون سے بحث بڑہیگی زر کا فایده عمده رہیگا۔ غیر منکوحہ عورت سے فایده ہوگا

کنبھ۔ کوئی گڈھی ہوئی اشیا ملیگی حاکم وقت سے فایده ہوگا بزرگون سے موافقت ہوگی

مین۔ امور ایمانداری سے منہ موڑینگے امانت مین خیانت کرینگے بلکہ خود کسی کے دہوکھے مین نقصان زر اٹھاوینگے۔

حالات طالع مرد و زن

کیفیت طالع دلو یعنی کنبہ راس

جس آدمی کے نام مین اول ان حرفون سے کوئی حرف ہو یعنی۔ گو۔ گے۔ گو۔ سا۔ سی۔ سو۔ سے۔ شو دا۔ یا تقسیم اعداد سے باقی ۱۱ رہین تو طالع اسکا دلو یعنی کنبہ راس ہوگا مزاج گرم تر ستاره اسکا زحل یعنی سنیچر ہے۔ اس طالع کا آدمی دراز قد نیک چلن ہنرمند بعوض نیکی بدلہ بدی پاوے اکثر سفر مین اوقات زیاده گذارے روپیہ پیسہ کا حریص زیاده ہو کسی شخص سے بدی نکرے اکثر دوستون سے خوش رہے بیوپار کا شوقین ہو خرید و فروخت سے فایده اٹھاوے اول عمر مین نوکری آخری مین تجارت کرے۔ اکثر پانی وغیره سے اسکو نقصان پہونچے دشمن ہمیشہ اسکے درپے آزار ہون مگر انجام بخیر ہو چھوٹی عمر مین کسی بلندی سے گرے ایک مرتبہ سگ گزیده کا خوف ہو۔ اگر ۷، و ۲۷ و ۳۷ برس کی بیماری سے شفایاب ہوا تو عمر طبعی ۱۰۰ برس کی ہوگی۔

عورت اسی طالع کی خوش کلام فربہ جسم اور نرم اندام ہوگی لذات دنیاوی کی زیاده شایق ہو رنگ مشکی آنکھون مین سرخ ڈورے امراض نزلہ و زکام سے تکلیف اٹھاوے ۱۲ و ۲۱ و ۳۱ برس کی بیماری سے شفایاب ہوئی تو عمر ۷۵ برس ہوگی۔

اوقات متبرک نقوش و طلسم ماه نومبر ۱۸۹۵ء

بتاریخ ۲۲ نومبر بروز شکر بوقت صبح اوپر برگ تنبول سفید کے نام اون شخصون کے لکھکر جنمین جدائی کرانی منظور ہو گرد اگرد ۱۹ حرف (طا) لکھکر جس کنوئین سے وه شخص پانی پیتے ہون اسمین ڈال دیوے مگر اس صورت سے ڈالے کہ وه کاغذ پانی کی تہہ مین بیٹھ جاوے چند روز مین آثار جدائی ظہور پذیر ہونگے اگر ۱۲۰۰ حرف (طا) کو درمیان مین اسم طالب و مطلوب معہ انکی والده کے لکھکر اور شربت مین دہوکر اور حلوا تیار کرکے مطلوب کو کہلاوے تو محب دلی ہو جاوینگے۔ اگر ۹۰۵ حرف (طا) کو لکھکر آب خالص سے دہوکر عاشق کو پلاوے تو عشق دلربا سے باز آوے۔

دیگر ۱۵ نومبر بروز شکروار بوقت صبح ۳۰۰ حرف (ر) مشک و زعفران سے لکھکر مرغ یک رنگ کے گلے مین باندہے اور جسجگہ گمان دفینہ کا ہو اس مرغ کو وہان چھوڑ دیوے مکان مشتبہ پر جسجگہ دفینہ ہوگا اسجگہ مرغ چونچ اور پانون سے زمین کہودیگا یا اذان دیگا۔

دیگر ۱۲ نومبر بروز منگل بوقت صبح ۳۰۰ حرف (ثا) کو اوپر کاغذ کے لکھکر جو شخص خواب مین ڈرتا ہو اسکے گلے مین باندہے ہرگز خواب مین نہ ڈریگا ◆

مختصر حالات دوازده راشی کے ماه پوه

میکھ۔ آمدنی مین قلعت ہو نقصان مال و زر کا ہو خواب رنگا رنگ دیکھین۔

برکھ۔ سابقہ ماه کی تکلیفین بدستور بھی رہین مگر عورت سے محبت بڑہے۔

متھن۔ عورت سے خانہ جنگی دوستون سے تکلیف آمدنی سے نفع قلیل۔

کرک۔ دشمن مغلوب کاروبار مین خلل ہو عورت کو کسیقدر تکلیف رہے۔

سنگھ۔ اولاد کیطرف سے فکر رہو دشمن درپے آزار رہین اکثر کاروبار مین نقصان ہو۔

کنیا۔ والدین اور بزرگون سے خوشی ہووین کی تجارت سے فایده اٹھاوین۔

تلا۔ آمدنی بدرجہ اوسط بھائیون اور دوستون سے اکثر اوقات رنج پہونچے۔

برچھک۔ خیالات فاسد مین غرقاب رہین اکثر مجنون اور بدحواس ہو جاوین۔

دہن۔ سر درد و عضا مراض صفراوی سے سخت تکلیف اٹھاوین آخراجات سے زیاده زیر بار ہون آمدنی کم ہو۔

مکر۔ آزار شکم و چشم و زیادتی آخراجات و کم ہونے آمدن اور غلبہ حاسدون سے تکلیف ہو۔

کنبھ۔ دشمنون سے فایده ہو بزرگون سے خوشی آمدنی زیاده خرچ کم ہر طرح سے آرام رہے۔

مین۔ مرتبہ بلند ہو آمدنی اچھی رہے مگر آزار شکم کا اندیشہ رہے۔

حالات طالع مرد و زن

کیفیت طالع حوت یعنی مین راس جسکے نام کے اول مین ان حروف مین سے کوئی حرف ہو یعنی۔ دی۔ دو۔ تھا۔ جھ۔ تیان۔ دے۔ دُ۔ چ۔ چی۔ یا تقسیم اعداد سے باقی ۱۲ رہین تو اسکا طالع حوت یعنی مین راسی ہوگی مزاج سرد تر ستاره اسکا مشتری یعنی برسپت ہے۔ اس طالع کا آدمی میانہ قد اوسط درجہ کا عقلمند اور ہمیشہ طبیعت اسکی فکرمند ہے مگر روپیہ پیسہ اچھا جمع کرے اکثر اوقات استغفار اور ریاضت کا زیاده خیال رکھے اپنی کمائی عبادت گاہون اور متبرک جگہون پر صرف کیا کرے سفر مین روپیہ خوب کماوے اکثر بیماری سردی کا مرتکب ہوتا رہے دنیا مین عزت و آبرو اچھی پاوے عیالدار اور خویش و اقارب کی مدد کرنے سے دریغ نہ کرے۔ ۱۰ یا ۱۵ یا ۱۸ سال مین سخت بیماری اٹھاوے اگر ان بیماریون سے شفا پاوے تو عمر طبعی ۹۹ سال ہو

عورت۔ اس طالع کی عورت گول چہره سرخ چشم رنگ گندمی بعض سفید غیر مردون سے زیاده الفت محبت رکھے لذات دنیاوی سے سیر ہو اپنا مال دوسرونکو کھلاوے جس سے بھلائی کرے عوض بدی کرے امراض چشم کی اکثر شکایت اسکو بنی رہے ۴ و ۹ و ۱۶ برس کی عمر مین سخت بیمار ہو جاوے اگر صحت یاب ہو جاوے تو عمر طبعی ۹۰ برس کی ہوگی۔

اوقات معتبر نقوش و طلسم ماه دسمبر ۱۸۹۹ء

برائے محبت ۲۴ دسمبر ۱۸۹۹ء بروز اتوار اسم طالب و مطلوب معہ نام والده کے لکھکر گرد اسکے ۲۱ حرف (یا) لکھے اور بڑا فتیلہ بناکر روغن زیتون یا روغن گاو اور شہد خالص کے ہمراه چراغ گلی ناآب رسیده ہاسی مین بوقت نیم شب کے روشن کرے اور بخور خوشبو روشن کرے لباس پاکیزه زیب تن کرکے خود چراغ کے مقابل بیٹھکر حسب تعداد اعداد طالب و مطلوب کے اسم یا ودود کا ورد کرے سات شب اس عمل کو بلاناغہ کرے مطلوب محبت مین بیقرار و بے آرام ہوگا۔ اگر اس تاریخ کو بوقت صبح چارون نامون کے اعداد استخراج کرکے نقش مخمس پر کرے اور گرد اس کے بشکل دایره ۳۲۰ حرف (یا) کو لکھکر بخور کافور و لوبان دیکر اپنے بازو مین کسی تعویذ مین بند کرکے باندہے تو بھی مطلوب خود طالب ملاقات ہوگا۔ اگر ۲۷ نومبر کو بوقت نصف اللیل قبرستان مین بیٹھکر واسطے زبان بندی کے اس حرف کو حاسدون کے نام لکھکر اور گرد تعداد حرف (ح) تحریر کرکے سنگ گران کے نیچے دبا دیوے زبان حاسدان بند ہوگی کبھی بدی نہ کرینگے۔

مہورت پاترا یعنی سفر

بوقت سفر یوگنی دشاشول بھدرا اور رنگ پوشاک چندرمان وغیرہ کا دیکھنا واجب ہے۔ کیونکہ اگر بوقت سفر یوگنی ودساسول مقابل یا داہنے ہو تو ناقص سفر کرنا اچھا نہیں چندرمان کا مقابل یا داہنے ہونا مبارک مگر رنگ پوشاک چندرمان کا لحاظ بھی رکھنا چاہیئے اگر رنگ پوشاک ناقص ہو تو بھی سفر کو ممنوع ہے اگر سفر ضروری ہو اور دشاشول مقابل یا داہنے ہو تو اہل نجوم کا قول ہے کہ سنیچر کو پھپلی اور اتیوار کو پان منگل کو دھنیا بدھ کو دہی ویروار کو قند سیاہ استعمال کرے اور شکروار کو شیشہ دیکھکر سفر کو جاوے اگر یوگنی مقابل ہو اور سفر مشرق ہو تو قند مغرب ہو تو چھوہارہ شمال ہو تو دہی جنوب ہو تو دودھ استعمال کرکے سفر کو جاوے ✦

نقشہ بھدرا

چندرمان	مقام	نتیجہ
میکھ برکھ مکر کرک۔	سورگ لوک	کامیابی
کنیا متھن تلا۔ دھن	پاتال لوک	دولت کا فائدہ
سنگھ کنبھ مین برچھک۔	مرت لوک	ناکامیابی

نقشہ مقامات یوگنی

اگن کون تیج۔ ایکادشی	پورب پڑوا۔ نومی	ایشان کون اشٹمی اماوش
دکھن پنچمی تیرس	مقامات یوگنی	اوتر دوج۔ دسمی
نیرت کون چوتھ دوادشی	پچھم چھٹھ چتردشی	بایب کون ستمی پورنماشی

سربارتھ سدھ جوگ چکر

جو ہر کام کیلئے مبارک ہے۔

روز	نچھتر			
اتوار	مولا	اترا	پکھ	اشنی
سوموار	روہنی	مرگشر	پکھ	انرادھا
منگلوار	اترابھادرپد	کرتکا	اشلیکھا	.
بدھوار	روہنی	ہست	کرتکا	مرگشر
ویروار	ریوتی	انرادھا	اشنی	پنربس
شکروار	سرون	انرادھا	اشنی	پنربس
سنیچروار	سرون	سواتی		

نقشہ دشاشول

روز	سمت
سنیچر وار اور سوموار	پورب
اتوار	پچھم
منگل وار اور بدھ وار	اوتر
ویروار	دکھن
.	.

کولک جوگ چکر ہر کار کو ممنوع

روز	اتوار	سوموار	منگل وار	بدھ وار	ویروار	شکروار	سنیچروار
تتھ	۷	۸	۵	۴	۳	۲	۱

رنگ پوشاک چندرمان

راس	میکھ سنگھ برچھک	برکھ کرک تلا	متھن کنیا دھن	مکر کنبھ مین
رنگ	سرخ ناقص	سفید سعد	زرد سعد	سیاہ نحس

امرت سدھ جوگ چکر ہر کام کو سعد ہے

روز	اتوار	سوم وار	منگل وار	بدھ وار	برہسپت وار	شکروار	سنیچروار
نچھتر	ہست	سرون	اشنی	انرادھا	پکھ	ریوتی	روہنی

نقشہ مہورت یعنی ساعات مبارک

مہورت	تتھ	یوم	نچھتر	لگن	کیفیت
جنیو دھارن	شکل پکش ۲۔۳ ۵۔۱۰ ۱۱۔۱۲	اتوار برہسپت شکر	پورباکھاڑا اتراکھاڑا پورباپھالگنی اشنی ہست چترا سواتی ریوتی شرون ست بکھا پنربس جیشٹھا مرگشرا پکھ پوربابھادرپد نیک ہیں ✦	برکھ مین سنگھ کنیا متھن	برس سے پانچویں یا ساتویں برس یہ رسم کرنا یوگ ہے ✦
قلبہ رانی یعنی بیج بونا زراعت	سوائے ۷۔۱۲ ۳۔۴ سب نیک	سوم بدھ برہسپت شکر اتوار نیک	سواتی انرادھا جیشٹھا مولا مگھا۔ پنربس پکھ ہست چترا سواتی۔ شرون۔ ریوتی اتراکھاڑا۔ اتراپھالگنی۔ اترابھادرپد۔ پوربا سب نیک ہیں۔	برکھ متھن کنیا مین نیک	.
خرید مویشی	سوائے ۴۔۹ ۸۔۱۴	سوائے اتوار	اتراکھاڑا اترابھادرپد۔ اتراپھالگنی۔ بساکھا روہنی۔ پنربس پکھ نیک ہیں۔	.	.
نیا کپڑا قطع کرانا	دونوں پکش ۲۔۳۔۵ ۶۔۱۰۔۱۱ ۱۲۔۱۳ ۱۵	بدھ برہسپت شکر	اشنی بھرنی۔ پنربس۔ پکھ ہست چترا سواتی بساکھا۔ انرادھا۔ سروَن۔ دھنشٹا ریوتی مبارک ہیں۔	مین کنیا متھن برکھ	.
نئے مکان میں پرویش کرنا	۲۔۶۔۱۲ ۳۔۷۔۱۳ ۵۔۱۰۔۱۱	سوم بدھ برہسپت شکر	مرگشر۔ ریوتی۔ چترا۔ انرادھا ہست۔ اشنی پکھ۔ اتراکھاڑا۔ نیک ہیں۔	برکھ سنگھ برچھک کنبھ	لگن سے چوتھی آٹھویں گیارہ شدھ ہون پہلا گیہ جیٹھ بیساکھ پھاگن۔
عورت کو پہلی بار گھر میں لانا	سوائے ۴۔۹۔۱۴ سب نیک ہیں	سوم برہسپت سنیچر شکر	مرگشرا۔ ریوتی چترا۔ انرادھا۔ شرون۔ دھنشٹا۔ مولا۔ مگھا۔ مبارک ہیں۔	.	.
بدیا رنبھ	۲۔۳۔۵ ۶۔۱۰۔۱۱ ۱۲	سوم بدھ برہسپت شکر اتوار	ہست اشنی۔ پنربس۔ شرون۔ سواتی۔ ریوتی۔ آردرا۔ چترا۔ انرادھا۔ مبارک ہیں	متھن کنیا دھن مین	جنم سے پانچویں یا چھٹویں برس۔
غسل صحت	۱۔۲۔۷ ۱۲	منگل سنیچر	اتراپھالگنی۔ اتراکھاڑا۔ اترابھادرپد۔ روہنی۔ مگھا۔ اشلیکھا۔ نیک ہیں۔	.	.

نچھتر کشٹاولی یعنی جس نچھتر مین کوئی بیمار ہو اسکا اوپاؤ

جاننا چاہیے کہ نچھتر کے چار چرن گنے جاتے ہین جب کوئی بیمار ہو تو جنتری مین دیکھے کہ کس چرن مین بیمار ہوا اور پھر اس جدول مین دیکھے کہ اوس نچھتر اوہ چرن کیواسطے کتنا کشٹ اور کیا اوپاؤ لکھا ہے درصورت تعمیل ذات باری سے امید بہتری ہے ۔ اور صفر سے نشان موت ہے ۔

نام نچھتر	تعداد کشٹ درچرنہائے				اوپاؤ
	چرن اول	چرن دوم	چرن سوم	چرن چہارم	
اشونی	۹	۲۴	۲۳	۲۱	بہوجن دان
بھرنی	۰	۴۰	۰	۲۲	سونا دان
کرتکا	۶	۲۱	۷	۲۱	” ”
روہنی	۱۵	۰	۱۱	۳۰	گھرت دان
مرگشر	۳	۷	۳۸	۷	تل دان
آرورا	۰	۸	۸	۲۰	گیہو دان
پنربس	۷	۲۱	۲۰	۲۷	پیتل کا برتن دان
پکھ	۷	۲۱	۲	۲۷	صندل یعنی چاولدان
اشلیکھا	۰	۰	۰	۴۰	گیہو دان
مگھا	۲۰	۱۳	۲۷	۳	بستر یعنی کپڑا دان
پورباپھالگنی	۰	۷	۱۷	۱۴	بھوجن دان
اتراپھالگنی	۱۵	۷	۱۷	۱۵	تل دان
ہست	۱۵	۷	۱۷	۱۴	اجا یعنی بکرا دان
چترا	۱۸	۱۵	۸	۴۳	دودھ دان
سواتی	۶۰	۰	۱۷	۴	گیہو دان
بساکھا	۶۰	۱۴	۱۷	۱۰	سونا دان
انرادھا	۱۵	۴۴	۱۲	۴۰	گھرت یعنی گھی دان
جیشٹا	۱۵	۴۵	۱۲	۴۰	چاندی دان
مولا	۱۰	۶۰	۲۵	۴۰	روپا دان
پورباکھاڑ	۲۰	۱۷	۲۵	۲۰	گیہو دان
اتراکھاڑ	۲۵	۱۷	۲۵	۱۵	بھوجن دان
ابھجت	۲۵	۳۰	۲۵	۱۵	ان دان
شرون	۳۰	۶	۱۵	۱۴	بھوجن دان
دھنشٹا	۰	۰	۰	۱۴	سنڈا یعنی بھینسا دان
ست بکھا	۱۰	۱۰	۱۶	۴۰	ناریل دان
پوربابھادرپد	۰	۳۸	۳۰	۰	بھوجن دان
اترابھادرپد	۱۵	۷	۱۵	۲۲	گھرت دان
ریوتی	۳۱	۴۴	۱۵	۰	بیل دان

نقشہ نچھتر اندہ منڈہ ۔ جس سے چوری گئے ہوئے مال کا حال معلوم ہوتا ہے

ہیئت نچھتر	نام نچھتر	چوری کسطرف گئی	کیفیت
اندہی	روہنی پکہ بشاکہا دہنشٹا ریوتی پورباکہاڑ اتراپہالگنی	پورب کو	جلد ملجائے گی ۔
کانے	مرگشر اشلیکہا ہست انرادہا ست بکہا اشنی اتراکہاڑ	دکہن کو	تین دن مین امید ملنے کی ہے ۔
چپندہی	آرورا مگہا چترا جیشٹا بہرنی پوربابہادرپد	پچہم کو	کوشش کرو شاید ایک ماہ تک ملجاوے
سماکہی	پنربس سواتی مولا شرون کرتکا پورباپہالگنی اترابہادرپد	اُتر کو	کوشش بالکل فضول ہے ہرگز نہ ملیگی

شکر و برہسپت کے است مین ممنوعات

عالمان علم نجوم یعنے جوتش لکہتے ہین کہ جب شکر و برہسپت است یعنی غروب ہون تب مندرجہ ذیل کرم کرنے یوگ نہین اگر کیجاوین تو اکثر اندیشہ نقصان کا ہوتا ہے ۔ باولی باغ ۔ تالاب ۔ چاہ ۔ دیوالہ ۔ شادیانہ آنا جانا عورت کا ۔ جگ کلان ۔ گیئو دان ۔ سانڈ چہوڑنا ۔ برن کا نام رکہنا ۔ مریدی و جنیو دہارن ۔ شادی ۔ مونڈن ۔ جاترا تیرتہ ۔ سنیاس کرم ۔ ملاقات ملوک ۔ مسند نشینی راج تلک ۔ چومالہ کا برت ۔ بنیاد مکان ۔ شادی ۔ مکان مین پرویش یہ کام سوائے برت چومالہ کے لوند کے مہینے مین بھی منع ہے ۔

مہورت رویوگ برائے سعد ہر کام

جس نچھتر پر سورج ہو اوس نچھتر سے وقت مطلوب کے چندرمان کا نچھتر شمار مین ۴ یا ۶ یا ۹ یا ۱۰ یا ۱۳ یا ۲۰ ہو تو رویوگ ہوتا ہے تمام دوشون کو دفع کرتا ہے اگر کسی مہورت مین دوش ہو اور اس وقت یہہ یوگ بن جاوے تو بلا اندیشہ اوسی کام کو کرنا یوگ ہے ۔

* * *

کیفیت ہفت سیارگان معہ مقدار ثمرہ

اوم شری گنیش آئینہ ماہ ماگہہ شبہہ سمت ۱۹۵۳ بشاکہا ۱۸۱۸ سمت فصلی ۱۳۰۴ ہجری ۱۳۱۴ سنہ عیسوی ۱۸۹۷ء بروز منگل۔ ماگہہ بدی پڑوا ۵۴ گہڑی ۱۹ پل پکہہ نچہتر ۱۳ گہڑی ۱۰ پل بربیت یوگ ۴۲ گہڑی ۵۹ پل زمان ۲۵ گہڑی ۲۳ پل مکر کے سورج اشٹ یعنے وقت پیدایش ۹ گہڑی ۴ پل برمین لگن مین بخانہ فلان ولد فلان کے لڑکا پیدا ہوا۔

جنم کنڈلی


۱
۲
۳
۴
۵
۶
۷
۸
۹
۱۰
۱۱
۱۲
شکر
سورج بدہ
راہ
منگل
کیتو چندرمان
سنیچر
برہسپت

دربیان خانہائے کنڈلی یعنی زائچہ کہ کس کس گہر سے کیا کیا حال دیکہا جاتا ہے

کنڈلی یعنے زائچہ کے بارہ خانہ ہوتے ہین خانہ پوری اُس کی جانب راست سے جانب چپ ہوتی ہے دوازدہ خانون کی تفصیل معہ نام ذیل مین درج کی جاتی ہے۔


۱ تن بہون
۲ دہن بہون
۳ بہراتری بہون
۴ سوہر یعنے سکہہ
۵ ست بہون
۶ ریپو بہون
۷ جایا بہون
۸ رتیو بہون
۹ بہاگ بہون
۱۰ کرم بہون
۱۱ آیو بہون
۱۲ ویے بہون

یہ مندرجہ بالا کنڈلی مین بارہ گہرون کے نام ہین اب ہم ہر ایک گہر کی تفصیل جُدا جُدا لکہتے ہین۔

(خانہ اول) سے تن اور جان صحت و تندرستی و صورت و سیرت رنگ و روپ رنج و راحت بیماری و بلندی مرتبہ و بزرگی کا احوال دیکہا جاتا ہے

(خانہ دوم) اس کو دہن بہون کہتے ہین اس خانہ سے مال معاش اور کسب اور دوکانداری خرید و فروخت نفع و نقصان اور دہن و دہاتو طلا و چاندی اور احوال چشم راست کا دیکہا جاتا ہے۔

خانہ سوئم اس کو بہراتری بہون کہتے ہین۔ اس خانہ سے بہائی بہن خویش و اقارب نقل حرکت و بردباری وغیرہ کا احوال دیکہا جاتا ہے۔

خانہ چہارم اس کو سوہر یعنے سکہہ بہون کہتے ہین اس سے ماں باپ اور دفینہ و نفع نقصان از جانب دوست و سواری اسپ اور باغ اور زمین اور خرید و فروخت مکان اور کہیتی کرنا اور گاؤن اور مکانات اور ادویات کا بنانا اور روپیہ کا زیر زمین گاڑنا اور احوال پسلی و پیٹ کا دیکہا جاتا ہے۔

خانہ پنجم اس کو ست بہون کہتے ہین اس سے علم اور فرزند اور شادی اور خوشی و تیزی عقل و حمل حاملہ و حال خاندان اوتپتی سنتان وغیرہ دیکہا جاتا ہے۔ نکتہ۔ اگر شکر اس گہر مین پڑا ہو تو علم حکمت حاصل ہو یا پیشہ عطاری یا کیمیاگری سے نفع اُٹہائے اور ماہر فن نباتات یعنے بوٹیون کا جاننے والا ہو۔ اگر برہسپت اس گہر مین ہو تو شاستر خصوصاً علم جوتش کا جاننے والا ہو۔ بشرطیکہ برہسپت صاحب خانہ ہو کر پانچوین پڑے۔

خانہ ششم اس کو ریپو بہون کہتے ہین حال دشمن و بیماری و خوف و دہشت و زخم و شکار کہیلنا و سحر و جادو

و چارپایہ گائے و بیل کا دیکھا جاتا ہے۔

خانہ ہفتم اسکا نام جایا بہون ہے اس سے حال استری و خانہ پدر و بیوہار اور مدعا علیہ و نکاح وغیرہ کا حال دیکھا جاتا ہے۔

خانہ ہشتم اس کا نام مرتیو بہون ہے اس سے حال موت و رنج و بیماری اسہال و دیگر بیماری ہائے مار گزیدن سانپ بچھو سگ وغیرہ وغیرہ فتح و شکست جنگ و جدل اور حلیہ چور اور مال میراث اور جنگلی پرند وغیرہ کا حال دیکھا جاتا ہے۔

خانہ نہم۔ اس کا نام بھاگ بہون ہے اس سے حال ترقی و تنزل نصیبہ اور بلندی مرتبہ اور تیرتھ یاترا اور تعمیر چاہ و حوض و باولی اور سخاوت و عبادت کا احوال دیکھا جاتا ہے۔

خانہ دہم۔ اس کا نام کرم بہون ہے اور اسکو راج بہون بھی کہتے ہیں۔ اس خانہ سے ترقی روزگار اور بلندی مرتبہ و تجارت و سلطنت و حکومت و باریدن باران و وزیدن ہوا سخت یعنے آندہی و احوال ارضی و سماوی وغیرہ دیکھا جاتا ہے۔

خانہ یازدہم۔ اس کا نام آیو بہون اور لابھ بہون ہے اس سے لابھ یعنے آمدنی و عمر و پیداوار غلہ و خرید و فروخت زمین اور کپڑا و سواری گاڑی گھوڑا ہاتھی طلا و نقرہ و جواہرات کا احوال دیکھا جاتا ہے۔

خانہ دوازدہم۔ اس کا نام بے بہون ہے اس سے اخراجات و سوچ و فکر و نقصان اور بیاہ اور دشمن و خلاصی محبوس و چارپایان وغیرہ کا احوال دیکھا جاتا ہے۔

بیان امتحان تولد لگن

جب مولود تولد ہو تب اُس کی جنم کنڈلی کا امتحان کر لینا چاہیے کہ آیا جنم کنڈلی درست ہے کہ نہیں دانشمندان علم نجوم نے لکھا ہے کہ زائچہ یعنے جنم کنڈلی کو دیکھے۔ اگر سنیچر لگن میں یا منگل خانہ ہفتم میں ہو تو پدر مولود بوقت پیدائیش گھر میں نہ ہوگا۔ اگر جنم لگن چر ہو تو بھی گھر میں نہ ہوگا۔ اگر چندرماں لگن کو بنظر کامل دیکھتا ہو یا شکر۔ بدھ۔ چندرماں ایک گھر میں پڑے ہوں تو بھی پدر مولود گھر میں نہ ہونا چاہیے۔ اگر جنم لگن دوسبھاؤ ہو تو پدر مولود اپنے گھر کے نزدیک تصور کریں۔ دیگر اگر جنم لگن میکھ یا برکھ ہو تو مکان تولد مولود کے پورب حصہ میں اگر دہن لگن ہو بابیب کون میں اگر تلا یا برچھک لگن ہو پچھم کے حصہ میں اگر کینا لگن ہو نیرت کون میں اگر مکر یا کنبھ لگن ہو۔ اتر کے حصہ میں اگر مین لگن ہو تو ایسان کون میں پیدائش مولود ہونی چاہیے۔ دیگر جنم لگن سے چندرماں تک درمیان میں جس قدر ستارے ہوں دلیل ہے کہ اسی قدر عورتیں مکان تولد میں ہونگی۔ اگر کوئی ستارہ اپنے گھر کا ہو دو چند اگر خانہ شرف کا ہو تو سہ چند خیال کرنی چاہیں۔ اگر بوقت پیدائش مین یا میکھ لگن ہو تو دو عورتیں اگر برکھ یا کنبھ ہو تو چار عورتیں اگر تلا یا کینا ہو تو سات عورتیں اگر کرک یا دہن ہو تو پانچ عورتیں۔ اگر متھن سنگہ برچھک مکر ہو تو تین عورتیں نزدیک مولود کے ہوں گی۔

فائدہ۔ بدھ سے عورت خورد سال شکر سے جوان برہسپت سے ضعیفہ منگل و سنیچر و راہ سے بیوہ خیال کرنی چاہئیں۔

امتحان چراغ - اگر بوقت پیدائش سورج چر لگن مین هو تو چراغ کو حرکت هو - اگر استهر مین هو تو چراغ کو حرکت نهین هوی - اگر سورج دوسبهاؤ لگن مین هو تو چراغ اکثر منتقل هوتا رهے یعنے کبهی هاتهه مین اور کبهی طاق مین - بعد ازان بدستور مقام سابق پر رکها گیا -

احکام خاصیت هاے سیارگان دوازده خانه جنم کنڈلی

خانه اول - جاننا چاهیے که جنم کنڈلی مین اگر بده سے ساتوین گهر مین منگل واقع هو تو صاحب کنڈلی دراز قد هوگا اگر لگن کا مالک لگن مین واقع هو تو بهی طویل قد هوگا - اگر سنگه لگن مین سورج بخانه دهم اور چندرمان مکر لگن مین بخانه سوم واقع هون تو پسته قد هوگا اگر منگل مین لگن مین هو تو همیشه رکت پت کی بیماری مین مبتلا رهے - اگر چندرمان و برهسپت منگل کو دیکهتے هون یا جنم لگن مین بده شکر و خانه هفتم مین منگل هو تو بے شرم هو اگر منگل و بده ایک جگه واقع هون یا صرف میکهه لگن مین بده واقع هو یا مالک خانه نهم خواه چهارم چهٹے خانه مین واقع هو یا هشتم یا دهم خانه کا مالک خانه چهارم مین واقع هو - یا راهو و سنیچر و منگل ایک گهر مین واقع هون تو صاحب زائچه دغاباز مکار هو - اگر مالک خانه چهارم اپنے گهر مین یا خانه شرف مین واقع هو یا جنم لگن کو شکر و برهسپت دیکهتے هون - تو راست باز دیانت دار هو - اگر پیدائش شب مین سنیچر خانه دهم مین واقع هو تو بزدل هو اگر جنم لگن یا بخانه هفتم منگل واقع هو تو غصه ور هو - اگر جنم لگن سے بخانه سوم کیت واقعه هو تو جهگڑالو هو - اگر جنم لگن سے تیسرے گهر کا مالک بارهوین خانه مین واقع هو - یا چوتهے گهر کا مالک چهٹے خانه مین هو یا آٹهوین گهر کا مالک دوسرے خانه هو - یا منگل و بده قوی هو کر خانه ششم مین پڑے هون یا منگل و بده جنم لگن مین واقع هون تو چور هو اور همیشه چوریان کرتا رهے - اگر برکهه یا متهن مین شکر واقع هو تو شهوت پرست هو - اگر شکر کے گهر مین چندرمان واقع هو تو کم شهوت هو - اگر ساتوین گهر مین سورج واقع هو تو زن پرست هو - اگر جنم لگن مین چندرمان هو اور سورج و برهسپت جنم لگن سے پانچوین گهر مین هون تو نامرد هو - اگر سورج بخانه سنیچر جنم لگن سے ساتوین گهر مین واقع هو یا کنبه کے منگل بخانه جنم واقع هو - یا جنم لگن میکهه هو - اور شکر و سنیچر اس مین پڑے هون تو اندها هو - اگر جنم لگن سے یا شکر سے پانچوین خانه مین راهو پڑا هو اور سورج اس کو دیکهتا هو تو آنکهه جاتی رهے - اگر جنم لگن سے چوتهے گهر مین شکر هو اور بده و برهسپت خانه دهم مین هون تو ضرور اندها هو - اگر جنم لگن سے منگل بخانه پنجم مین هو تو بے اولاد هو - اگر اس کے ساتهه برهسپت هو تو ۳۰ سال کی عمر مین ایک لڑکا پیدا هو - اگر جنم لگن سے پانچوین گهر مین منگل اور شکر اور سنیچر هون تو ۱۷ برس کی عمر مین کوئی عضو ناقص هو جائے - اگر جنم لگن سے آٹهوین خانه مین منگل هو تو بیماری بواسیر سے قریب المرگ هو جاوے - اگر جنم لگن سے آٹهوین خانه مین برهسپت هو تو نحوست کلی جنم کنڈلی کی دور هو - اگر سنیچر هو تو عمر دراز هو - اگر جنم لگن کا مالک خانه ۶ یا ۸ یا ۱۲ مین همراه سورج کے هو تو تاپ گنڈ کا روگ هو - اگر منگل کے همراه هو تو هتهیار سے زخمی هو - اگر بده هو تو بیت کی بیماری

ہو۔ اگر برہسپت ساتھ ہو تو حیض کی بیماری۔ اگر شکر ساتھ ہو تو کھانسی سے خون آوے۔ اگر جنم لگن میں چندرماں و برہسپت واقع ہوں تو صاحب اقبال ہو۔ اگر جنم لگن میں برہسپت اور خانہ دہم میں چندرماں واقع ہو تو صاحب کنڈلی عابد و متقی و پرہیزگار ہو۔ اگر جنم لگن سے سورج بارہویں ہو تو آنکھ میں گل ہو۔ اگر جنم لگن سنیچر آٹھویں خانہ میں ہمراہ چندرماں ہو تو آزار و درد شکم ہو۔ اگر جنم لگن کا مالک شکر یا سیکھ لگن میں ہو۔ تو ہمیشہ صاحب کنڈلی بیمار رہے۔

احکام خانہ دوم۔ اگر بخانہ یازدہم بدھ و سنیچر باہم کرک لگن میں واقع ہوں۔ یا سنگھ کے سورج و برہسپت جنم لگن میں واقع ہوں۔ یا شکر صاحب خانہ ہو کر لگن میں ہو۔ اور سورج چندرماں اس کو دیکھتے ہوں یا گیارہویں گھر کا مالک لگن میں اور لگن کا مالک دوسرے گھر میں اور دوسرے گھر کا مالک گیارہویں گھر میں واقع ہو یا دوسرے گھر میں سورج ہو اور مشتری اس کو دیکھتا ہو یا بخانہ دوم سنیچر ہو اور بدھ اس کو دیکھتا ہو تو صاحب کنڈلی بسیار دولتمند ہو۔ اگر آٹھویں گھر کا مالک لگن میں و لگن کا مالک آٹھویں گھر میں واقع ہو یا ہشتم خانہ کے مالک کے ساتھ دوسرے گھر کا مالک بیٹھا ہو تو تنگدست ہو۔ اگر تمام ستارے پہلے اور ساتویں اور دسویں گھر میں بیٹھ جاویں تو صاحب کنڈلی کا تمام خاندان نیست و نابود ہو جاوے۔

احکام خانہ سوم۔ اگر مالک خانہ سوم مالک لگن کا دوست ہو تو درمیان برادران محبت ہو۔ اگر سوم خانہ کا مالک خانہ ششم میں ضعیف ہو تو بھائی زندہ نہ رہیں۔ اگر خانہ سوم میں سنیچر ہو اور منگل بنظر کامل دیکھتا ہو تو بھائی نہ ہو۔ اگر برہسپت یا شکر دیکھتے ہوں۔ تو بھائی ہوں۔ اگر منگل تیسرے گھر میں ہو تو اگلا و پچھلا دونوں بھائی صاحب کنڈلی کو ناقص ہوں۔ اگر چندرماں سے دوسرے یا پانچویں گھر میں برہسپت ہو اور آٹھویں گھر میں کوئی ستارہ نہ ہو تو صاحب کنڈلی ذلیل پیشہ سے گذر کرے۔ اگر سوم خانہ کا مالک خانہ ہشتم میں واقع ہو تو لکڑی و پھل وغیرہ کے بیوپار سے اوقات بسر کرے۔

احکام خانہ چہارم۔ اگر جنم لگن سے تیسرے گھر کا مالک ہمراہ چندرماں چھٹے خانہ میں واقع ہو تو دوسری عورت کا دودھ نوش کرے۔ اگر جنم لگن سے تیسرے یا ساتویں خانہ میں سورج اور جنم لگن میں منگل واقع ہو تو مادر فوت ہو جاوے۔ اگر برہسپت لگن میں سنیچر دوسرے راہ تیسرے گھر میں واقع ہوں۔ تو والدہ کا سکھ نہ ہو۔ اگر چندرماں لگن سے پنجم خانہ میں ہو تو راحت مادر نصیب ہو۔ اگر لگن سے چوتھے گھر کا مالک چھٹے گھر میں واقع ہو تو ملکیت برباد ہو۔ اگر آٹھویں گھر میں واقع ہو تو مکان از خود منہدم ہو جاوے اگر چہارم خانہ میں برہسپت ہو اور چہارم کا مالک ستارہ سعد کے ساتھ کسی خانہ میں بیٹھا ہو تو صاحب کنڈلی سردار خاندان ہو۔ اگر مالک خانہ چہارم ہمراہ صاحب خانہ یازدہم اور برہسپت جنم لگن میں ہو تو صاحب کنڈلی اسپ فیل کا مالک ہو۔

احکام خانہ پنجم۔ اگر لگن سے بدھ پانچویں گھر میں واقع ہو تو عالم ہو۔ اگر لگن سے دسویں گھر کا مالک لگن

مین ہو تو شاعر ہو۔ اگر بارہوین گہر کا مالک لگن مین ہو تو خوش کلام ہو۔ اگر پانچوین گہر کا مالک گیارہوین ہو تو عالم ہو۔ اگر جنم لگن مین چندرمان ہو اور سنیچر و منگل اسکو دیکھتے ہون تو جاہل مطلق ہو۔ اگر بدھ و شکر لگن سے دوسرے یا تیسرے گہر مین واقع ہون یا دوم خانہ مین کرک کے برہسپت ہو تو صاحب زائچہ علم نجوم مین ہوشیار ہو۔ اگر لگن سے خانہ پنجم مین راہ ہو اور منگل اُس کو دیکھتا ہو۔ یا سورج آٹھوین گہر مین اور سنیچر پانچوین گہر مین۔ اور پانچوین گہر کا مالک ہمراہ راہ کے واقعہ ہو یا بارہوین خانہ کا مالک لگن مین اور آٹھوین گہر کا مالک پانچوین گہر مین اور دسوین گہر کا مالک آٹھوین گہر مین واقع ہون۔ یا سورج لگن مین اور منگل پانچوین گہر مین واقع ہو تو بے اولاد ہو۔ اگر لگن مین سورج اور ساتوین سنیچر ہو یا سورج خانہ ہفتم و سنیچر خانہ دہم مین ہو اور برہسپت انکو دیکھتا ہو یا سنیچر و منگل خانہ ہشتم یا چہارم مین ہون تو حمل ساقط ہو جایا کرین۔ اگر بدھ و شکر و سنیچر بارہوین خانہ مین واقع ہون تو اولاد کا سکھہ نہ ہو۔ اگر لگن سے پانچوین گہر مسکھہ یا برکھہ یا کرک لگن مین راہ واقع ہو یا پانچوین گہر مین برہسپت ہو اور مالک جنم لگن اس کو دیکھتا ہو تو اولاد ہو۔

اگر چندرمان و منگل و شکر و سبہا و لگن مین ہون تو پہلے فرزند ہو۔

(نوٹ) خانہ پنجم کو جس قدر سیارے مذکر دیکھتے ہون اُسی قدر فرزند۔ جتنے مونث اُسی قدر دختر پیدا ہو۔

اگر سنیچر و منگل چوتھے گہر مین واقع ہون تو صاحب کنڈلی کے فرزند نہو کسی کو متبنّیٰ بناوے۔

احکام خانہ ششم۔ جنم لگن سے مالک خانہ ششم ہمراہ ستارہ نحس جنم لگن خواہ ہشتم خانہ مین واقع ہو تو جسم مولود مین زخم کا داغ ہو۔ بصراحت ذیل سورج چھٹے گہر کے مالک کے ساتھہ ہو تو سر مین۔ اگر چندرمان ہو تو منہ منگل ہو تو گلے مین برہسپت ہو تو ناف مین بدھ ہو تو سینہ مین شکر ہو تو چشم مین سنیچر ہو تو پاؤن مین راہ و کیت ہو تو بچے کے جسم مین نشان زخم ہونا چاہئے۔ اگر منگل جنم لگن مین برہسپت خواہ شکر ساتوین خانہ مین ہون۔ تو سر مین زخم ہو۔ اگر جنم لگن سے چوتھے گہر مین منگل سنیچر برہسپت واقع ہون تو ہردے روگ یعنی مرض سینہ ہو جاوے۔ اگر جنم لگن سے نوین گہر کا مالک خانہ ششم مین ہو۔ اور سورج اور راہ اس کو پورن نظر سے دیکھتے ہون تو دائم المریض کہنا چاہئے۔ اگر جنم لگن سے ساتوین خانہ مین راہ یا کیت خراب واقع ہون تو مرض شکم مین مبتلا رہے۔ اگر لگن مین برہسپت و راہ ہون تو مرض دندان کی شکایت ہوتی رہے۔ اگر لگن سے پنجم گہر کا مالک خانہ سوم مین بڑہ جاوے۔ تو ناف کی مرض کہنی چاہئے۔ اگر صاحب خانہ لگن ہمراہ سیارہ بدھ و منگل برج سنگہ مین یا خانہ چہارم واقع ہو تو مرض مقعد یعنی بواسیر وغیرہ مین مبتلا رہے۔ اگر سنیچر و چندرمان جنم لگن مین واقع ہون تو سایہ جن و بھوت وغیرہ مین مبتلا ہو۔ اگر جنم لگن سے مالک خانہ ششم کا ہمراہ راہ و کیت کے کسی خانہ مین واقع ہو تو بخار چوتھیہ مین مبتلا رہے۔ اگر خانہ دوم مین سنیچر یا راہ واقع ہو تو مرض سنگرہنی کا عارضہ پیدا کرے۔ اگر سنیچر و منگل و چندرمان میکھہ یا برکھہ راس کے جنم کنڈلی مین واقع ہون تو سفید کوڑہ کی علامت ظاہر کرتے ہین۔ اگر لگن مین چندرمان اور بارہوین خانہ مین راہ ہو یا دوسرے

گھر مین راہ و ساتوین گھر مین سورج واقع ہو تو ہی سفید کوڑہ مین مبتلا ہو۔ اگر مالک خانہ سوم ہمراہ راہ کے جنم لگن مین واقع ہو تو سانپ سے خطرہ ہو۔ اگر مالک خانہ ششم منگل و سینچر کے ہمراہ واقع ہو تو خوف دزد و آتش کا پیدا کرے۔ اگر جنم لگن سے خانہ اول یا ہفتم یا ہشتم مین منگل زیر نگاہ سورج واقع ہو تو مرض پھوڑا پھنسی پیدا کرے۔ اگر برہسپت دہن یا مین راسی خانہ یا پنجوین مین واقع ہو تو فکر اولاد کا پیدا ہو۔ اگر جنم کنڈلی مین چندرمان سنگہ راس مین ہو یا سورج کرک راس مین ہو اور ان سے ساتوین خانہ مین منگل ہو تو صاحب کنڈلی کی ایک آنکھ جاتی رہے یعنے کانا ہو۔

احکام خانہ ہفتم۔ اگر جنم لگن سے منگل و شکر ساتوین خواہ دسوین گھر مین واقع ہون یا چندرمان سے دسوین گھر مین شکر ہو یا دوسرے اور ساتوین گھر کا مالک دسوین خانہ کے مالک کے ساتھ دسوین گھر مین واقع ہون تو وہ شخص عیاش اور تماشبین ہو۔ اگر جنم لگن سے دوسرے گھر کا مالک تیسرے یا چوتھے گھر مین واقع ہو تو زانی ہو۔ اگر جنم لگن سے ساتوین گھر کا مالک ساتوین گھر مین۔ یا جنم لگن مین ہو تو عیاش ہو۔ اگر جنم لگن سے ساتوین گھر کا مالک بارہوین یا دوسرے گھر مین ہو تو میل ملاپ مستورات کا زیادہ رکھے۔ اگر منگل و راہ ساتوین گھر مین ہون۔ تو معہ زوجہ بدکار ہو۔ اگر جنم لگن سے ساتوین یا بارہوین گھر مین بدہ ہو تو طوایفون کی صحبت مین زیادہ مشغول رہے۔ اگر ساتوین گھر مین سورج اور چوتھے گھر مین سینچر واقع ہو یا راہ ساتوین گھر مین اور منگل چوتھے گھر مین واقع ہو تو صاحب زائچہ حیوانون سے فعل بد کرے۔ اگر جنم لگن سے آٹھوین گھر کا مالک آٹھوین گھر مین یا جنم لگن مین یا ساتوین خانہ مین واقع ہو یا جنم لگن کا مالک چھٹے گھر مین واقع ہو تو دو شادیون کا یوگ ہوگا۔ اگر ساتوین گھر کا مالک آٹھوین گھر مین پڑا ہو تو عورت مریض و تندمزاج سے شادی ہو۔ اگر سینچر و بدہ خواہ سینچر و چندرمان ساتوین خانہ مین پڑے ہون تو دوبارہ شادی ہو۔ اگر ساتوین گھر کو برہسپت بنظر کامل دیکھتا ہو تو نیک عورت سے شادی ہو۔ اگر شکر واقع ہو تو ہی عورت نیک دستیاب ہو۔ اگر جنم لگن سے ساتوین گھر کا مالک لگن کے قریب واقع ہو تو عہد طفلی مین شادی ہو۔ اگر جنم لگن مین سورج اور ساتوین خانہ مین سینچر واقع ہو تو صاحب کنڈلی کی عورت فوت ہو جاوے۔ اگر جنم کنڈلی مین چندرمان سے ساتوین گھر مین سینچر و منگل ہمراہ شکر کے واقع ہون بلا عورت کے رہے۔ اگر جنم لگن سے آٹھوین سینچر و چھٹے منگل و ساتوین راہ واقع ہو تو عورت زندہ نہ رہے۔ اگر جنم لگن مین سینچر و راہ واقع ہون۔ تو عورت کو طلاق دیوے یا گھر سے نکال دیوے۔ اگر شکر صاحب خانہ ششم کے ساتھ کسی گھر مین پڑ جاوے تو ہمیشہ عورت کے رنج مین رہے۔ اگر خانہ چہارم مین چندرمان یا شکر مین راسی کے واقع ہون تو عورت ہلاک ہو۔ اگر جنم لگن سے شکر و بدہ ساتوین گھر مین ہون تو عورت زندہ نہ رہے۔ اگر منگل جنم لگن سے خانہ ہفتم مین واقع ہو تو رنڈوا ہوتا ہے یعنے عورت زندہ نہ رہے۔ اگر عورت کی جنم کنڈلی مین منگل خانہ ہفتم واقع ہو تو بدہواہ ہو جاوے۔

احکام خانہ ہشتم۔ اگر جنم لگن سے آٹھوین گھر کا مالک آٹھوین گھر مین ہمراہ سینچر کے ہو۔ یا سینچر صاحب خانہ ہشتم

ہو کر خانہ ہشتم
پڑا ہو یا مالک جنم لگن لگن میں اور نہم خانہ کا مالک خانہ نہم میں اور دہم خانہ کا مالک دہم خانہ میں پڑا ہو
سنیچر لگن میں یا نانویں خانہ میں پڑا ہو اور چندرمان بارہویں یا نانویں گھر میں اگر سنیچر اور چندرمان
باہم ساتھ نہ ہو یا لگن سے آٹھویں خانہ کا مالک لگن میں ہو اور برہسپت اور شکر اس کو دیکھتے ہوں یا
جنم لگن سے چھٹے اور بارہویں گھر کے مالک باہم جنم لگن میں پڑے ہوں۔ تو عمر دراز ہو۔ اگر جنم لگن سے دوم
گھر کا مالک ساتویں یا دسویں گھر میں اور برہسپت و شکر گیارہویں خانہ میں پڑے ہوں۔ یا جنم لگن کا مالک
آٹھویں گھر میں ہو یا جنم لگن میں سنیچر و منگل و چھٹے گھر میں برہسپت و آٹھویں گھر میں چندرمان ہو
یا جنم کنڈلی میں سورج سنیچر منگل جنم لگن سے چھٹے یا آٹھویں گھر میں پڑے ہوں۔ تو عمر کمتر ہو۔ اگر جنم کنڈلی
میں چندرمان و سورج ہر دو چھٹے یا آٹھویں خانہ میں پڑے ہوں۔ یا چہارم خانہ میں منگل اور دہم خانہ میں
سنیچر پڑا ہو یا منگل کے گھر میں سنیچر اور برہسپت کے گھر میں بدھ پڑا ہو تو حملہ شیر سے موت کا وقوعہ ہو۔ اگر جنم
لگن سے دسویں گھر میں سورج اور چوتھے گھر میں منگل اور آٹھویں گھر میں سنیچر پڑے ہوں تو سانپ کے
کاٹنے سے موت ہو۔ اگر جنم لگن میں سنیچر اور لگن سے آٹھویں گھر میں چندرمان پڑا ہو تو سلاح سے موت
اگر جنم لگن سے منگل و برہسپت دسویں گھر میں اور سورج ساتویں گھر میں پڑا ہو تو اسپ کے کاٹنے سے موت
ہو۔ اگر جنم لگن سے راہ بارہویں اور سورج آٹھویں گھر میں پڑا ہو تو پتھر یا پہاڑ پر موت ہو۔ اگر جنم
لگن سے آٹھویں گھر میں سنیچر و منگل پڑے ہوں تو پھانسی لے کر مرے۔ اگر جنم لگن سے برہسپت چوتھا ہو
دسویں بارہویں گھر میں پڑا ہو تو کسی تیرتھ یا جائے متبرک پر موت ہو۔ اگر بدھ و سورج نانویں گھر
میں پڑے ہوں تو اثناء راہ میں یا شوالہ میں موت ہو۔ اگر جنم لگن سے خانہ چہارم کا مالک ہمراہ سنیچر کے
خانہ ششم میں پڑا ہو تو گاڑی یا گھوڑے کی سواری کے صدمہ سے موت ہو۔ اگر جنم لگن سے مالک خانہ
چہارم معہ راہ کے ششم خانہ میں پڑا ہو تو چور کے ہاتھ سے موت ہو۔ اگر کیت کے ہمراہ خانہ ششم میں پڑے
تو ضرب آہنی سے موت ہو۔ اگر جنم لگن سے چندرمان ساتویں راہ چوتھے منگل دسویں گھر میں پڑے
ہوں تو کنوئیں میں گرنے سے موت ہو۔ اگر جنم کنڈلی میں چندرمان مکر اور سنیچر کرک کا پڑے تو پانی میں
ڈوبنے یا پانی میں گرنے سے موت ہو۔ اگر جنم لگن سے منگل دسویں اور سورج چوتھے گھر میں ہو
اور سنیچر دیکھتا ہو تو ضرب چوب وغیرہ سے موت ہو۔ اگر جنم لگن سے نانویں گھر کا مالک لگن میں ہو۔ تو
تیرتھ پر موت ہو۔ اگر جنم لگن سے بدھ و سنیچر آٹھویں گھر میں پڑے ہوں تو قید خانہ میں موت ہو۔ اگر
منگل و سورج ہر دو بنظر کامل جنم لگن کو دیکھتے ہوں تو سانڈ بیل کے حملہ سے راہی ملک عدم ہو۔ اگر سورج
و سنیچر لگن میں ہوں اور راہ بنظر کامل ان کو دیکھتا ہو تو درخت سے گر کے انتقال کرے۔ اگر جنم لگن سے
ششم خانہ میں چندرمان و بدھ پڑے ہوں تو زہر سے موت ہو۔ اگر بدھ سورج آٹھویں گھر میں پڑے ہوں
تو زہر یا آتش سے موت ہو۔ اگر سورج و منگل جنم لگن سے آٹھویں گھر میں پڑے ہوں تو سر پھٹنے سے موت ہو

خانہ نہم۔ جنم لگن مین منگل وچندرمان ہو اور سنیچر ساتوین خانہ مین پڑا ہو۔ یا جنم کنڈلی مین سورج ہمراہ منگل کے نوانہ مین پڑا ہو تو بدکار ہو۔ اگر جنم لگن سے چوتھے گھر مین شکر و بدھ پڑے ہون نانوین گھر کو برہسپت بنظر کامل دیکھتا ہو تو دھرماتما نیکوکار ہو۔ اگر جنم لگن سے ساتوین گھر مین سورج وچندرمان پڑے ہون۔ اور انکو سنیچر بنظر کامل دیکھتا ہو یا جنم لگن کا مالک ہمراہ منگل کے ہو۔ یا بارہوین گھر مین سنیچر پڑا ہو تو۔ ایسے شخص سے کبھی کوئی کام نیکی کا نہو ہر ایک سے بدی کرے اگر جنم لگن سے نانوین گھر کا مالک آٹھوین گھر مین پڑے تو کم نصیب ہو۔ اگر جنم لگن سے دوسرے گھر کا مالک گیارہوین گھر مین پڑا ہو۔ اور دسوین گھر کا مالک اسکو دیکھتا ہو تو مالدار صاحب ثروت ہو۔ اگر جنم لگن سے نانوین گھر کا مالک نانوین گھر مین اور دسوین گھر کا مالک دسوین گھر مین ہون۔ تو صاحب حشمت و دولت سے مالامال ہو۔ اگر جنم لگن سے دوسرے گھر کا مالک نانوین گھر مین اور نانوین گھر کا مالک دوسرے گھر مین پڑا ہو تو دولتمند ذی عزت ہو۔ اگر نانوین گھر کا مالک گیارہوین گھر مین پڑے۔ تو دولتمند ہو۔ اگر جنم لگن سے گیارہوین گھر کا مالک گیارہوین گھر مین یا جنم لگن مین پڑا ہو۔ اور مالک خانہ دہم کی اسپر نگاہ ہو تو بسیار دولتمند ہو۔ اگر جنم کنڈلی مین سنیچر ساتوین گھر مین ہو تو بعد شادی کے قسمت کا ستارہ چمکے۔ اگر جنم لگن سے گیارہوین گھر کا مالک جنم لگن مین اور دوم گھر کا مالک گیارہوین گھر مین۔ اور نانوین گھر کا مالک دوسرے گھر مین زیر نگاہ مالک خانہ دوم کے واقعہ ہون۔ تو قسمت کا ستارہ کمال بلندی پر ہو۔ اگر جنم لگن سے نانوین گھر کا مالک پانچوین گھر کو بنظر کامل دیکھتا ہو تو بباعث فرزند قسمت کا ستارہ طلوع ہو۔ اگر جنم لگن سے بارہوین خانہ مین سورج باراہ پڑے ہون۔ یا نانوین گھر کو برہسپت دیکھتا ہو خواہ بارہوین گھر مین پڑا ہو یا بدھ بارہوین گھر مین پڑا ہو۔ تو گنگا کا اشنان ہو۔ اگر جنم لگن سے نانوین اور دسوین گھر کے مالک باہم ایک گھر مین پڑے ہون۔ سیاح ہو جنم کنڈلی مین جس گھر مین چندرمان ہو اسکے نانوین گھر کا مالک اگر لگن مین یا چوتھے یا ساتوین یا دسوین گھر مین پڑے۔ تو بڑے بڑے متبرک استھانون کی زیارت نصیب ہو۔ اگر جنم لگن سے نانوین گھر مین سورج ہو تو دانشمند ولایت باز و نیکوکار ہو۔ اگر چندرمان ہو تو بختاور و نیکوکار ہو۔ اگر منگل ہو تو مالک اراضی ہو۔ اکثر بیماری۔ اگر بدھ ہو نیک بخت و سخی ہو۔ اگر برہسپت ہو راج دربار مین عزت پاوے سخی ہو۔ اگر شکر ہو تو عابد و سخی ہو۔ اگر سنیچر ہو تو ہنرمند و صاحب روزگار ہو۔ اگر راہ و کیت ہو تو بدکردار کم نصیب ہو۔

خانہ دہم۔ اگر سورج صاحب خانہ جنم لگن ہوکر لگن مین یا خانہ دہم مین پڑے تو ملازمت امرا نصیب ہو۔ اگر جنم لگن کا مالک اور دسوین گھر کا مالک باہم ایک جگہ پڑے ہون۔ یا جنم لگن کا مالک دسوین گھر مین اور دسوین کا مالک جنم لگن مین پڑا ہو تو ذی مرتبہ صاحب روزگار ہو۔ اگر دسوین گھر کا مالک گیارہوین گھر مین پڑا ہو تو صاحب روزگار ہو۔ اگر جنم لگن سے چوتھے گھر مین برہسپت پڑا ہو۔ یا برہسپت لگن مین ہو۔ تو ملازمت رائگان حاصل ہو۔ اگر جنم لگن سے تیسرے گھر مین برہسپت اور چندرمان گیارہوین گھر مین پڑا ہو یا جنم لگن سنگھ ہو اور جنم مین منگل پڑا ہو۔ اور چندرمان پانچوین اور راہ بارہوین گھر مین پڑا ہو تو چراغ

خاندان ہو- اگر جنم لگن سے چہٹے و آٹہوین خانہ کے مالک ایک دوسرے کے گہر مین یعنے چہٹے گہر کا مالک آٹہوین- اور آٹہوین کا مالک چہٹے واقع ہو- تو بربادی ہو- اگر جنم لگن سے چہٹے گہر مین برہسپت اور گیارہوین گہر مین چندرمان واقع ہو تا ہم بہی بربادی ہو- اگر جنم لگن سے سورج و منگل ہر دو دسوین گہر مین یا نائوین گہر مین پڑے ہون تو والد جلد راہی ملک عدم ہو- اگر سورج و منگل ہمراہ سنیچر یا راہو کے ساتوین گہر مین پڑے ہون تو والد فوت ہو جاوے- اگر ساتوین سورج دسوین منگل اور بارہوین راہو واقع ہو تو پدر فوت ہو- اگر جنم لگن مین برہسپت اور دوسرے گہر مین منگل و بدہ و سنیچر پڑے ہون تو بوقت شادی والدہ کا انتقال ہو- اگر سنیچر و منگل دسوین گہر مین پڑے ہون تو بہی والد فوت ہو- اگر جنم لگن سے مالک خانہ چہارم ہمراہ مالک خانہ دہم دسوین گہر مین واقع ہون تو پدر صاحب کنڈلی کا ناکار ہو- اگر چندرمان و سورج دسوین گہر مین پڑے ہون- تو والد صاحب کنڈلی کا پانی مین غرق ہو- اگر جنم لگن سے ششم خانہ مین یا دسوین خانہ مین منگل پڑے- تو پدر بعمر جوانی مولود کے انتقال کرے- اگر جنم لگن مین سیکہ کا بدہ اور ساتوین گہر مین برہسپت اور چندرمان چوتہے گہر مین- اور شکر دسوین گہر مین پڑے ہون تو صاحب کنڈلی امیر ساوی راجہ کے ہو- اگر جنم لگن سے دسوین گہر کا مالک پانچوین گہر مین اور چوتہے گہر کا مالک دسوین گہر مین ہو اور نائوین گہر کا مالک انکو دیکہتا ہو- تو مسند نشین ہو- اگر جنم لگن سے چوتہے گہر مین برہسپت کرک کا پڑے اور منگل دسوین گہر مین ہو تو امیر کبیر ہو- اگر جنم لگن مین برہسپت اور دسوین گہر مین شکر ہو تو امیر یا مثل راجہ کے ہو- اگر جنم کنڈلی مین چہہ ستارے اپنی اپنی شرف مین واقعہ ہون- تو شہنشاہ والئے ولایت ہو- اگر تین ستارے شرف مین پڑے ہون- راجہ کا وزیر ہو- اگر پانچ ستارے شرف مین پڑے ہون تو راجہ بلکہ مہاراجہ ہونا چاہیئے- اگر جنم لگن مین سنیچر تلا کا پڑے- اور چندرمان کرک لگن مین ہو تو راجہ یا امیر ہو-

خانہ یازدہم- اگر جنم لگن مین گیارہوین گہر کا مالک واقع ہو تو صاحب کنڈلی ہمیشہ خوش رہے- اگر چندرمان سے ساتوین خانہ مین شکر واقع ہو تو ہمیشہ مال و معاش سے آسودہ رہے- اگر جنم لگن سے شکر و برہسپت نائوین گہر کے مالک کے ساتہہ چوتہے یا گیارہوین گہر مین واقعہ ہون تو سواری حاصل ہو- صاحب ملکیت ہو- اگر جنم لگن سے نائوین و دسوین و گیارہوین گہر کے مالک باہم چوتہے گہر مین واقعہ ہون- تو صاحب مالک اسپ و فیل ہو- اگر دسوین گہر کا ستارہ شرف مین ہو اور مالک لگن اور نائوین گہر کا ستارہ اس کو دیکہتا ہو- تو صاحب جاہ حشمت ہو- اگر دوم خانہ کا مالک گیارہوین گہر مین واقعہ ہو- تو دولت مند صاحب عزت ہو- اگر جنم لگن سے چوتہے خانہ کا مالک جنم لگن مین ہمراہ شکر و برہسپت واقعہ ہو تو ہمیشہ سواری اسپ وغیرہ سے خوش ہو- اگر جنم کنڈلی مین کرک کا چندرمان اور تلا کا سنیچر و سورج یا سنیچر و برہسپت جنم لگن مین واقع ہون- تو عالی مرتبہ ہو- اگر کرک کے چندرمان اور منگل کو

سورج جنم کنڈلی مین واقع ہون تو صاحب جاہ حشمت و عالی مرتبہ صاحب حکومت ہو- اگر جنم لگن مین چندرمان اور ساتوین خانہ مین برہسپت و سورج شکر کے اور سنیچر بارہوین گہر مین واقع ہو تو مسند نشینی عالی مرتبہ ہو-

خانہ دوازدہم- اگر جنم لگن سے بارہوین گہر کا مالک نوین گہر مین واقع ہو- تو بدکردار ہو- اگر جنم لگن سے بارہوین گہر مین منگل و سنیچر واقعہ ہون تو بہائی کے ہاتہہ سے دولت ضائع ہو- اگر جنم کنڈلی مین ساتوین خانہ مین سنیچر اور ششم یا ہشتم خانہ مین چندرمان کا واقع ہو ہر طرح سے نقصان خیال کرنا چاہئیے- اگر جنم لگن سے بارہوین خانہ مین چندرمان ناقص النور ہوکر ہمراہ سورج کے واقع ہو تو صاحب کنڈلی کا تمام تمام سرمایہ حاکم ضبط کرلے- اگر جنم لگن سے بارہوین گہر مین مالک جنم لگن واقع ہو اور دوسرے گہر مین کوئی نحس گرہ پڑا ہو اور دسوین گہر کے مالک کو گیارہوین گہر کا مالک دیکہتا ہو تو سخت قرضدار ہو زندگی مین کبہی قرضہ کی زیرباری سے سبکدوش نہو- اگر جنم لگن سے دوسرے اور یا پانچوین نوین بارہوین گہر نحس گرہ واقع ہو تو صاحب کنڈلی قید ہو جاوے- اگر مالک جنم لگن اور صاحب خانہ ششم ہمراہ سنیچر کے پہلے یا چوتہے یا ساتوین یا دسوین گہر مین واقع ہو تو قید ہو جاوے- اگر جنم لگن سے بارہوین گہر کا مالک، بارہوین گہر مین پڑے تو صاحب کنڈلی صاحب زراعت اور مالک مویشیان کثیر کا ہو- اگر جنم لگن سے سورج بارہوین گہر مین ہو تو لاغر جسم اور مریض چشم و کم دولت ہو- اگر چندرمان ہو امراض بلغمی مین اکثر حیران رہے- اور تنگدست ہو- اگر منگل ہو تو مریض و بدکار ہو- اور دو شادیان کرے- اگر بدہ ہو تو بدکار و جاہل- اگر برہسپت ہو تو کم عقل و مریض ہو- اگر شکر ہو تو فربہ جسم شیرین کلام- اگر سنیچر ہو تو مریض و ممسک و بخیل ہو- اگر راہ و کیت ہو تو بدمذہب اور خانہ بدوش ہو-

عمر جوگ کا بیان

اگر جنم کنڈلی مین لگن کا مالک قوی ہو کر خانہ ۱- ۴ یا ۷ یا ۱۰ مین پڑا ہو اور نیک ستارے اُسکو دیکہتے ہون تو ۱۲۰ برس کی عمر ہوگی- اگر سنیچر لگن مین ہو اور چندرمان خانہ ۹ یا ۱۲ مین پڑا ہو تو ایک سو سال کی عمر ہونی چاہئیے- اگر مالک لگن سے یا چندرمان سے کوئی ستارہ آٹہوین خانہ مین نہ پڑا ہو اور برہسپت شکر جنم کنڈلی مین کیندرون یعنے طاقتور ہون وہ تو ایک سو بیس برس کی عمر ہو- اگر آٹہوین گہر کا مالک کیندر مین نربل ہو اور مالک جنم لگن کیندر مین ہو تو ۳۰ برس کی عمر ہو- اگر مالک جنم لگن اور آٹہوین گہر کا مالک دونون خانہ ہشتم مین بیٹہے ہون تو ۲۷ سال کی عمر ہو- اگر جنم لگن مالک آٹہوین گہر مین اور مالک آٹہوین گہر کا مالک جنم لگن مین ہو تو پانچسال کی عمر ہو- اگر چندرمان جنم لگن مین اور سورج آٹہوین یا بارہوین گہر مین ہو اور برہسپت گیارہوین گہر مین ہو اور بدہ دسوین یا چوتہے گہر مین ہو تو عمر پچاس برس کی ہو- اگر سورج سنیچر جنم لگن سے خانہ ۱ یا ۴ یا ۱۰ مین ہون اور منگل لگن مین ہو تو عمر ۲۰ برس کی ہو- اگر جنم کنڈلی مین میکہہ برکہہ تلا یا سی مین منگل ہو اور کرک مین سورج چندر ہو تو ایک سال کی عمر ہو- اگر جنم کنڈلی مین بجز خانہ ہشتم کوئی نیک ستارہ نہو اور مالک جنم لگن خانہ ۶ یا ۸ یا ۱۲ مین ہو تو ۹۰ سال کی عمر ہو

چوری گئے ہوئے مال کا احوال معلوم کرنا

جب کسی کا مال گم ہو جاوے یا چوری چلا جاوے تو چاہئے کہ نقشہ ذیل پر کسی نابالغ لڑکے سے یا کسی اجنبی شخص سے بحال معلوم کرنے چوری کسی خانہ پر انگلی رکھوائے جس خانہ مین وہ انگلی رکھے جو عدد اُس خانہ مین ہوں انکو فی نفسہ ضرب دیوے بعد ازان حاصلضرب کو آٹھہ پر تقسیم کرے۔ خارج قسمت کو محفوظ رکھے باقی کو نگاہ کرے کیا بچا ہے۔ اگر چار باقی رہین تو گوشہ پچھم و دکھن۔ اگر پانچ باقی رہین تو اُتر۔ اگر چھہ باقی رہین تو گوشہ پورب و دکھن۔ اگر سات باقی رہین تو دکھن۔ اگر برابر تقسیم ہو جاوین تو گوشہ اُتر پچھم کی طرف مال دزد بردہ ہے اُسی طرف تلاش کرنا چاہیئے۔ بعد ازان جو خارج قسمت ہے اُس کے دو حصہ کرے۔ اگر برابر دو حصہ ہو جاوین تو چیز دزد بردہ دستیاب ہو۔ اگر عدد طاق یعنی اور برابر دو حصے پورے عدد نہ ہوں تو اشیاء مذکور کے ملنے کی اُمید کم جانے بعد ازان عدد خارج قسمت کو [illegible] سے ضرب دیوے حاصل ضرب کو ۹ سے تقسیم کرے۔ خارج قسمت اگر طاق ہو تو چور مرد ہے۔ اگر جفت ہو تو چور عورت ہوگی۔ یا عورت کی سازش سے چوری ہوئی۔ اگر ۹ کی تقسیم سے باقی ۱ یا ۲ یا ۳ رہین تو چور کم سن۔ اگر ۴ یا ۵ یا ۶ رہین تو چور جوان ہوگا۔ اگر ۷ یا ۸ یا صفر یعنے برابر تقسیم ہو جاوے تو چور ضعیف العمر ہو۔ بعد ازان عدد خارج قسمت جو ۹ کی تقسیم سے پیدا ہوئے ہیں معہ ساتھ اعداد باقی مالقسمت جو ۹ کی تقسیم سے بچے ہیں۔ باہم ضرب دیوے اور ۲۸ سے تقسیم کرے۔ باقی جو رہے اُس کو نقشہ مین دیکھے جو حروف مندرجہ نقشہ مین ہو۔ وہ حروف سر نام اسم دزد جس نے مال لیا ہے ہوگا۔ گر لقب پر لحاظ نہ ہوگا۔ اصلی نام پر اعتبار کیا جائے گا۔

بعد اس کے خارج قسمت ۲۸ کو ۴ پر تقسیم کرے۔ اگر باقی ایک رہے تو مال بہت نزدیک ہے۔ اگر دو رہے تو کس قدر فاصلہ پر اندر محلہ یا موضع مال موجود ہے۔ اگر تین باقی رہے تو دوسرے محلہ یا موضع مین مال چلا گیا ہے۔ اگر برابر تقسیم ہو جاوے تو مال بہت دور و دراز چلا گیا ہے۔ ملنا دشوار ہے۔

نقشہ اُنگلی رکھوانے اور حرف اسم نکالنے کا

الف ۱	د ۸	ص ۱۸	غ ۱۹	ل ۲۳	و ۲۶	ی ۲۸
و ۸	ب ۲	ذ ۰	ض ۱۵	ف ۲۰	م ۲۴	ہ ۲۷
ص ۱۴	ذ ۹	ت ۳	ز ۰	ط ۱۶	ق ۲۱	ن ۲۵
غ ۱۹	ض ۱۵	ر ۱۰	ث ۴	ز ۰	ظ ۱۷	ک ۲۲
ل ۳	ف ۲۰	ط ۱۶	ز ۱۱	ج ۵	س ۰	ع ۱۸
و ۲۶	م ۲۴	ق ۲۱	ظ ۱۷	س ۱۲	ح ۶	ش ۰
ی ۲۸	ہ ۲۷	ن ۲۵	ک ۲۲	ع ۱۸	ش ۱۳	خ ۷

انسان کی مختلف عمروں میں کس تعداد سے نبض چلتی ہے

دل کی حرکت پیدا ہونے کے وقت سے لے کر پیری تک کم ہوتی چلی جاتی ہے اور کہتے ہیں: کہ پیری میں پھر کچھ بڑھنے لگتی ہے

پیدا ہونے سے پہلے اوسط تعداد نبض کے چلنے کی ہے فی منٹ ۱۵۰

تولد ہونے کے بعد	۱۴۰	سے	۱۳۰
پہلے سال میں	۱۳۰	"	۱۱۵
دوسرے سال میں	۱۱۵	"	۱۰۰
تیسرے سال میں	۱۰۰	"	۹۰
ساتویں سال کے قریب	۹۰	"	۸۵
چودھویں سال کے قریب	۸۵	"	۸۰
جوانی میں	۸۰	"	۷۰
پیری میں	۷۰	"	۶۰
کہولیت المحافظ کے وقت	۷۵	"	۶۵

اناث میں ذکور کی نسبت سے ۱۴ سال تک نبض بہ تیز چلتی ہے۔ مگر چھوٹے بچوں میں اس فرق کی تمیز نہیں ہو سکتی۔ گرم چاء یا پانی پینے سے نبض کی تیزی بڑھتی ہے اور سرد پینے سے کم ہوتی ہے۔ اگر بدن پر زیادہ گرم کپڑے پہن لئے جائیں۔ تو نبض قریباً بحساب فی منٹ دس مرتبہ اور بڑھ جاتی ہے۔ جاگنے کی بہ نسبت سونے میں ہر شخص کی نبض سست ہو جاتی ہے

سیارات کی دوری آفتاب سے بحساب میل انگریزی

نام سیارہ	فاصلہ	رفتار فی گھنٹہ
عطارد	۳۶۸۴۱۴۶۸	۱۰۹۶۹۹
زہرہ	۶۸۸۹۱۴۸۶۰	۸۰۲۹۵
زمین	۹۵۱۷۳۱۳۷	۰
مریخ	۱۴۵۰۱۴۱۴۸	۵۵۲۸۷
مشتری	۴۹۴۹۹۰۹۷۶	۲۹۰۸۳
زحل	۹۰۷۹۵۶۱۳۰	۲۲۱۰۱
قمر	۰	۲۲۹۰

ہم لوگ ایک ساعت میں ۶۸۲۱۷ میل زمین کے ساتھ ہوا میں چلے جاتے ہیں اور ایسی تیز حرکت سے بالکل بیخبر ہیں

جنتری برآورد تنخواہ ایک روپیہ ماہوار سے دو ہزار روپے تک

مشاہرہ	۲۸ یوم			۳۰ یوم			۳۱ یوم			مشاہرہ	۲۸ یوم			۳۰ یوم			۳۱ یوم		
	روپیہ	آنہ	پائی	روپیہ	آنہ	پائی	روپیہ	آنہ	پائی		روپیہ	آنہ	پائی	روپیہ	آنہ	پائی	روپیہ	آنہ	پائی
عہ	۰	۰	۷	۰	۰	۶	۰	۰	۶	تلعسہ	عہ	۶	۱۰	عہ	۵	۴	عہ	۴	۸
ى	۰	۱	۲	۰	۱	۱	۰	۱	۰	لہ تلعسہ	عہ	۷	۵	عہ	۵	۱۰	عہ	۵	۳
سے	۰	۱	۹	۰	۱	۷	۰	۱	۷	یلعسہ	عہ	۸	۰	عہ	۶	۵	عہ	۵	۸
للعہ	۰	۲	۳	۰	۲	۲	۰	۲	۱	یلعسہ	عہ	۸	۷	عہ	۶	۱۱	عہ	۶	۳
صہ	۰	۲	۱۰	۰	۲	۵	۰	۲	۷	للوعسہ	عہ	۹	۲	عہ	۷	۶	عہ	۶	۹
سے	۰	۳	۵	۰	۳	۲	۰	۳	۱	یلعسہ	عہ	۹	۹	عہ	۸	۰	عہ	۷	۳
معہ	۰	۴	۰	۰	۳	۹	۰	۳	۷	یلعسہ	عہ	۱۰	۱	عہ	۸	۶	عہ	۷	۹
ستے	۰	۴	۷	۰	۴	۳	۰	۴	۴	یلعسہ	عہ	۱۰	۱۰	عہ	۹	۱	عہ	۸	۳
لعہ	۰	۵	۲	۰	۴	۱۰	۰	۴	۸	یلعسہ	عہ	۱۱	۵	عہ	۹	۷	عہ	۸	۹
عسے	۰	۵	۹	۰	۵	۴	۰	۵	۲	یلعسہ	عہ	۱۲	۰	عہ	۱۰	۴	عہ	۹	۳
لہ عسہ	۰	۶	۳	۰	۵	۱۰	۰	۵	۸	صسہ	عہ	۱۲	۷	عہ	۱۰	۸	عہ	۹	۱۰
عسہ	۰	۶	۱۰	۰	۶	۵	۰	۶	۲	صیسہ	عہ	۱۵	۱	عہ	۱۳	۴	عہ	۱۳	۵
یسہ	۰	۷	۵	۰	۶	۱۱	۰	۶	۹	سہ	ى	۳	۳	ى	۰	۰	عہ	۱۵	۰
للوعسہ	۰	۸	۰	۰	۷	۹	۰	۷	۳	سیسہ	ى	۵	۴	ى	۲	۸	ى	۱	۶
صیسہ	۰	۸	۷	۰	۸	۰	۰	۷	۹	معسہ	ى	۸	۰	ى	۵	۴	ى	۴	۲
یسہ	۰	۹	۲	۰	۸	۶	۰	۸	۳	صسہ	ى	۱۰	۱۰	ى	۸	۰	ى	۶	۹
معسہ	۰	۹	۹	۰	۹	۱	۰	۸	۹	لسہ	ى	۱۳	۹	ى	۱۰	۸	ى	۹	۳
یسہ	۰	۱۰	۳	۰	۹	۷	۰	۹	۳	یسہ	سے	۷	۷	ى	۱۳	۴	ى	۱۱	۱۰
لعسہ	۰	۱۰	۱۰	۰	۱۰	۲	۰	۹	۱۰	لعسہ	سے	۳	۵	سے	۰	۰	ى	۱۴	۵
عسہ	۰	۱۱	۰	۰	۱۰	۸	۰	۱۰	۴	لعسہ	سے	۶	۳	سے	۲	۸	ى	۱۱	۱۰
لہ عسہ	۰	۱۲	۰	۰	۱۱	۴	۰	۱۰	۱۰	ما	سے	۹	۲	سے	۵	۴	سے	۳	۷
عسہ	۰	۱۲	۷	۰	۱۱	۹	۰	۱۱	۴	یما	معہ	۲	۳	سے	۱۰	۸	سے	۷	۳
یعسہ	۰	۱۳	۲	۰	۱۲	۳	۰	۱۱	۱۰	سمار	عسہ	۱۱	۵	عسہ	۰	۰	لعہ	۱۰	۱۰
للوعسہ	۰	۱۳	۹	۰	۱۲	۱۰	۰	۱۲	۵	ابمار	للعسہ	۴	۷	عیسہ	۵	۴	عیسہ	۱۴	۵
صیسہ	۰	۱۴	۳	۰	۱۳	۴	۰	۱۲	۱۱	صمار	عیسہ	۱۳	۹	عیسہ	۱۰	۸	عیسہ	۱۰	۱
یسہ	۰	۱۴	۱۰	۰	۱۳	۱۰	۰	۱۲	۱۵	سمار	عیسہ	۶	۱۰	عسہ	۰	۰	عسہ	۵	۰
معسہ	۰	۱۵	۵	۰	۱۴	۵	۰	۱۳	۱۱	لمار	عسہ	۰	۰	عیسہ	۵	۴	یسہ	۹	۳
یسہ	عہ	۰	۰	۰	۱۴	۸	۰	۱۴	۵	لما	عسہ	۹	۳	عیسہ	۱۰	۸	عیسہ	۱۲	۱۱
لوعسہ	عہ	۰	۷	۰	۱۵	۶	۰	۱۵	۰	لعمار	یسہ	۲	۳	سہ	۰	۰	عیسہ	۰	۶
سہ	عہ	۰	۳	عہ	۰	۰	۰	۱۵	۰	السہ///	صسہ	۱۱	۵	یسہ	۵	۴	یسہ	۴	۲
لہ سہ	عہ	۱	۲	عہ	۰	۰	۰	۱۵	۶	لہ عسہ///	یسعہ	۴	۱۰	یسہ	۱۰	۸	یسہ	۸	۳
یسہ	عہ	۲	۳	عہ	۱	۱	عہ	۰	۶	سمہ///	تاعہ	۲	۳	تا	۰	۰	لسہ	۱۲	۵
یسہ	عہ	۲	۱۰	عہ	۱	۷	عہ	۱	۰	للعسہ///	تاعہ	۳	۹	یسہ	۵	۴	یسہ	۶	۶
للوسہ	عہ	۳	۵	عہ	۲	۲	عہ	۱	۷	صمہ///	یسہ	۸	۲	تاسہ	۱۰	۸	یسہ	۲	۸
صیسہ	عہ	۴	۰	عہ	۲	۸	عہ	۲	۱	عمہ///	یسہ	۴	۰	تا	۸	۰	تعسہ	۸	۹
یسہ	عہ	۴	۷	عہ	۳	۲	عہ	۲	۷	معہ///	تا	۱۱	۸	تا یسہ	۵	۳	یسہ	۱۱	۱۱
معسہ	عہ	۵	۲	عہ	۳	۹	عہ	۳	۱	///	تا	۱۱	۶	تا سہ	۵	۴	یسہ	۱	۰
یسہ	عہ	۵	۹	عہ	۴	۳	عہ	۳	۷	لعسہ///	تا	۶	۱۰	مار	۰	۰	تا لعسہ	۵	۱۱
لعسہ	عہ	۶	۳	عہ	۴	۱۰	عہ	۴	۲	عہ///	تا	۲	۳	تا سہ	۵	۴	تا سہ	۹	۳

اس جنتری مین سود ایک روپیہ سیکڑا لگا ہا ہی اور اس مد کو ڈیوڑھا کرنیسے ڈیڑھ روپیہ سیکڑا ہو جائیگا

جنتری سود

اور دوگنا کرنیسے دو روپیہ سیکڑا ہو جائیگا غرضیکہ ہر طرح سے آسانی کردی ہے کہ مہاجن جو مانگے سود لگالے گو منع اللہ ہو

رقم	سود ایک یوم			سود دو یوم			سود ۳ یوم			سود ۴ یوم			سود ۵ یوم			سود ۶ یوم			سود ۷ یوم			سود ۸ یوم			سود ۱۵ یوم			سود ایک ماہ			سود ۲ ماہ			سود ۳ ماہ			سود ۶ ماہ			سود ایک سال		
	آنہ	پائی	کوڑی	آنہ	پائی	کوڑی	آنہ	پائی	کوڑی	آنہ	پائی	کوڑی	آنہ	پائی	کوڑی	آنہ	پائی	کوڑی	آنہ	پائی	کوڑی	آنہ	پائی	کوڑی	آنہ	پائی	کوڑی	آنہ	پائی	کوڑی	آنہ	پائی	کوڑی	آنہ	پائی	کوڑی	آنہ	پائی	کوڑی	آنہ	پائی	کوڑی
عص	۰	۰	۲	۰	۰	۳	۰	۰	۳	۰	۰	۶	۰	۰	۷	۰	۰	۹	۰	۰	۱۰	۰	۰	۱۲	۰	۰	۲۳	۰	۳	۲۱	۰	۳	۲۰	۰	۵	۱۸	۰	۱	۱۲	۱	۱۱	۱۱
ع	۰	۰	۳	۰	۰	۶	۰		۹	۰	۰	۱۲	۰	۰	۱۵	۰	۰	۱۸	۰	۰	۲۱	۰	۱	۰	۰	۱	۲۲	۰	۳	۲۰	۰	۷	۱۶	۰	۱۱	۱۲	۱	۱۱	۱۰	۳	۱۰	۲
سے	۰	۰	۴	۰	۰	۹	۰		۱۳	۰	۰	۱۸	۰	۰	۲۳	۰	۱	۳	۰	۱	۸	۰	۱	۱۲	۰	۲	۲۱	۰	۵	۱۸	۰	۱۱	۱۴	۱	۱۱	۶	۲	۱۱	۱	۵	۹	۳
للعه	۰	۰	۶	۰	۰	۱۲	۰	۰	۱۸	۰	۱	۰	۰	۱	۶	۰	۱	۱۲	۰	۱	۱۹	۰	۲	۱	۰	۳	۲۰	۰	۷	۱۶	۱	۳	۸	۱	۱۱	۰	۳	۱۰	۱۳	۷	۸	۴
صه	۰	۰	۷	۰	۰	۱۵	۰	۰	۲۳	۰	۱	۶	۰	۱	۱۴	۰	۱	۲۲	۰	۲	۵	۰	۲	۱۳	۰	۴	۱۸	۰	۹	۱۴	۱	۷	۴	۲	۴	۱۴	۴	۹	۱۳	۹	۷	۵
سے	۰	۰	۹	۰	۰	۱۸	۰	۱	۳	۰	۱	۱۲	۰	۱	۲۲	۰	۲	۷	۰	۲	۱۶	۰	۳	۱	۰	۵	۱۷	۰	۱۱	۱۴	۱	۱۱	۰	۲	۱۰	۱۲	۵	۹	۲	۱۱	۶	۵
سعه	۰	۰	۱۰	۰	۰	۲۱	۰	۱	۸	۰	۱	۱۸	۰	۲	۵	۰	۲	۱۶	۰	۳	۲	۰	۳	۱۲	۰	۶	۱۴	۱	۱	۹	۲	۲	۱۸	۲	۴	۶	۶	۸	۱۴	۱۳	۵	۶
سے	۰	۰	۱۲	۰	۱	۱	۰	۱	۱۳	۰	۲	۱	۰	۲	۱۲	۰	۳	۱	۰	۳	۱۴	۰	۴	۲	۰	۷	۱۵	۱	۲	۷	۲	۶	۱۵	۳	۱۰	۰	۷	۸	۳	۱۵	۴	۷
للعه	۰	۰	۱۳	۰	۱	۴	۰	۱	۱۷	۰	۲	۷	۰	۲	۲۱	۰	۴	۱۱	۰	۴	۱۱	۰	۴	۱۵	۰	۸	۱۵	۱	۵	۶	۲	۱۰	۱۲	۴	۴	۱۹	۸	۷	۵	عه ۱	۳	۸
عص	۰	۰	۱۶	۰	۱	۰	۰	۲	۲۲	۰	۲	۱۳	۰	۳	۴	۰	۳	۲۰	۰	۴	۱۱	۰	۵	۳	۰	۹	۱۴	۱	۷	۵	۳	۲	۹	۴	۹	۱۴	۹	۷	۴	عه ۳	۳	۹
عص	۰	۱	۷	۰	۲	۱۴	۰	۳	۲۰	۰	۵	۳	۰	۶	۹	۰	۷	۱۴	۰	۸	۲۳	۰	۱۰	۶	۱	۷	۵	۳	۲	۱۴	۶	۴	۱۹	۹	۷	۵	عه سو	۲	۹	عه ۶	۴	۱۹
سعص	۰	۱	۲۲	۰	۳	۲۰	۰	۵	۱۸	۰	۷	۱۱	۱	۹	۱۴	۰	۱۱	۱۲	۱	۱	۱۰	۱	۳	۸	۲	۴	۱۵	۴	۹	۱۴	۹	۷	۵	۱۴	۴	۱۹	عه ۱۲	۹	۱۴	سے ۹	۷	۴
للعص	۰	۳	۱۳	۰	۵	۳	۰	۷	۶	۰	۱۰	۶	۱	۰	۱۹	۰	۳	۸	۱	۵	۲۱	۱	۸	۱۱	۳	۲	۹	۶	۴	۱۹	۱۲	۹	۱۴	عه سو	۳	۱۰	عه ۶	۴	۱۹	للعه ۱۲	۹	۱۱
ص	۰	۳	۵	۰	۶	۱۰	۰	۹	۱۵	۰	۲	۱۹	۱	۴	۱۹	۰	۷	۵	۱	۱۰	۱۰	۲	۱	۱۴	۴	۰	۰	۸	۰	۰	عه	۰	۰	عه ۸	۰	۰	صے	۰	۰	سے	۰	۰
ص	۰	۳	۲۰	۰	۷	۱۶	۰	۱۱	۱۲	۱	۳	۹	۱	۷	۱۴	۱	۱	۱	۲	۲	۲۱	۲	۶	۱۶	۴	۹	۴	۹	۴	۵	عه سو	۲	۱۰	عه ۱۳	۹	۱۴	سے ۶	۴	۱۹	معه ۹	۷	۴
سعص	۰	۴	۷	۰	۸	۲۳	۱	۱	۱۰	۱	۵	۲۲	۱	۱۰	۹	۲	۲	۲۱	۲	۷	۸	۲	۱۱	۱۵	۵	۷	۵	۱۱	۲	۱۰	عه ۶	۴	۱۹	ع	۰	۵	للعه ۲	۲	۹	صے ۹	۴	۱۹
لص	۰	۵	۶	۰	۱۰	۶	۱	۳	۸	۱	۸	۱۷	۲	۱	۹	۲	۶	۲	۲	۱۱	۲۰	۳	۴	۲۳	۶	۴	۲۰	۱۳	۹	۵	عه ۹	۷	۵	ع ۸	۴	۲۰	للعه ۱۵	۹	۱۴	للعه ۹	۶	۵
لعص	۰	۵	۱۸	۰	۱۱	۱۲	۱	۵	۶	۱	۱۱	۰	۳	۴	۱۹	۳	۱۰	۳	۳	۴	۷	۳	۱۰	۲	۷	۲	۱۰	۱۴	۲	۱۹	عه ۱۲	۹	۳	عا ۱۰	۲	۱۰	عه ۶	۲	۱۹	لعه ۲	۹	۴
نار	۰	۰	۹	۱	۰	۱۹	۱	۷	۵	۲	۱	۱۴	۲	۸	۰	۳	۲	۹	۳	۸	۱۹	۴	۳	۵	۸	۸	۰	عه	۰	۰	ع	۰	۰	سے	۰	۰	سے	۰	۰	عیے	۰	۰

مسایل نجوم خواص ہائے کسوف وخسوف وزلزلہ کی نسبت

نام ماہ	کسوف آفتاب	کسوف ماہتاب	زلزلہ
محرم	غلہ ارزان ہو مگر بیماری زیادہ ہو	خصومت بہت	بیماری بہت ہو
صفر	گاؤ گوسفند بہت پیدا ہون	بارش کم ہو	گنوار بہت مرین
ربیع الاول	غم واندوہ پیدا ہو	بیماری زیادہ ہو	بیماری تپ لرزہ بہت ہو
ربیع الثانی	دوستی اور محبت خلق اللہ مین بہت پیدا ہو	بیکاری زیادہ ہو	بچھون اور چارپایون مین موت بہت ہو
جمادی الاول	بارش باران خوب ہو	برف بہت پڑے	غلہ گران ہو
جمادی الثانی	مشرق مین گرانی اور مغرب مین ارزانی ہو	غلہ بہت ہو	خلق خدا مین کشائش ہو
رجب	سال نیک ہو اور خلق اللہ مین امن چین	گرانی غلہ ہو	زراعت خوب ہو
شعبان	بارش خوب ہو اور امن چین ہو	دوستی اور محبت خوب ہو	غلہ بہت ہو
رمضان	بخل وحسد کی ترقی ہو	غلہ کم اور مفلسی زیادہ	رنج اور گرسنگی بہت ہو
شوال	خصومت کی ترقی ہو	خلق اللہ مین خشکی اور رنج بہت ہو	غلہ ارزان ہو
ذیقعد	بارش خوب ہو مگر زراعت کو خوف ہلاک ہو	باد تند بہت چلے	غلہ گران ہو
ذی الحجہ	بارش خوب ہو	غلہ ارزان ہو	زراعت خوب ہو اور ارزانی خاطر خواہ ہو

مسائل خواص ہائے گرہن از روئے جوتش

اگر ایک مہینے مین دو گرہن ہون تو باہم بادشاہون مین جنگ عظیم ہون۔ موت کا بازار گرم ہو۔

اگر چاند یا سورج گہے ہوئے نکلین یا چھپ جاوین یا سرب گرہن یعنی تمام وکمال گہہ جاوین دنیا مین قحط نازل ہو

اگر یکشنبہ کے دن گرہن ہو۔ تو نرخ غلہ اور تیل اور گہی اور شکر وغیرہ کا گران ہو۔

اگر شنبہ کے دن گرہن ہو۔ تو آگ بہت لگے۔ اور رنج زیادہ ہو۔

اگر چہارشنبہ کے دن گرہن ہو۔ تو گرانی غلہ ہو

اگر پنجشنبہ کے دن گرہن ہو۔ تو کپڑے کا نرخ گران ہو۔ اور گہی کے بیوپار مین چار مہینے تک بہت نفع ہو اور درد باد وغیرہ کی بیماریان زیادہ ہون۔

اگر جمعہ کے دن گرہن ہو۔ تو غلہ زیادہ ہو اور سستا بکے۔ خلقت آرام پاوے بادشاہ خوش رہین۔ اور حفاظت زیادہ ہو

اگر شنبہ کے دن گرہن ہو۔ تو سیاہ رنگ کی چیزون کے بیوپار مین چوگنا فائدہ ہو

خواب کا بیان

رات کو سوتے وقت جو سپنا یعنی خواب دیکہنے مین آتا ہے وہ بیمطلب نہین ہوتا بلکہ واقعات کی پیشتر سے اطلاع کر دیتا ہے - مگر خواب کا مطلب ہر ایک انسان نہین سمجہہ سکتا - کیونکہ خواب کی تعبیر کرنا بہت مشکل کام ہے - جو آدمی ہمیشہ سچ بولی اور ہر ایک کام ایمان داری سے کرے اوسکا خواب بہی سچا ہوتا ہے - جو لوگ برے کامون مین زیادہ متوجہ ہوتے ہین - اونکا خواب بہی جہوٹا ہوتا ہے - کیونکہ جہوٹ بولنی والیکا آئینہ دل اندہا اور زنگ آلودہ ہو جاتا ہے - خواب مین عالم مثال کا عکس ٹہیک ٹہیک نہین پڑتا - اسواسطے فاسق کا خواب اکثر پریشان ہوتا ہے - اور جن لوگون کا آئینہ دل کدورت سے پاک وصاف ہے - اونکے خواب بہی سچے ہوتے ہین - خواب کے ذریعہ خداوند کریم اپنے بندون کو اسرار غیبی سے آگاہ کرتا ہے - کہ اچہا خواب دیکہکر خوش ہووین - اور نزول رحمت الٰہی کے منتظر رہین جب انکا ظہور ہو تو شکر منعم حقیقی کا بجا لاوین - اگر کسی امر بر آپنی بندہ کو عالم رویا مین متنبہ کرے اوس سے پرہیز کرین - اور گناہون سے توبہ کرکے یاد حقیقی کی طرف متوجہ ہوون - ہر ایک قوم وملک کی کتابون مین اکثر خوابون کا ذکر پایا جاتا ہے - خواب کے معنے پیشگوئی یا الہام کے ثابت ہوتے ہین حضرت آدم علیہ السلام کے خواب کا احوال حضرت یوسف علیہ السلام کے خواب کا تذکرہ زبان زد خاص وعام ہے - حضرت ابراہیم کا خواب جسکی تعبیر مین حضرت اسماعیل کے ذبح پر آمادہ ہوئے - اہل ہنود کے کتب مثل رامائین اور مہابہارت مین جابجا خوابون کے احوال درج ہین - تواریخ بہی اس سے خالی نہین اکثر اخبارات مین بہی دیکہا گیا - خواب کے ذریعہ قتل وغیرہ کا افشاد ر ائہ ہوا - زمانہ مین کوئی ایسا شخص نہین کہ جو خواب نہ دیکہتا ہو - اور ساتہہ ہی اسکے کہ جسنے صدہا مرتبہ اپنے خوابون کا تجربہ نہ کیا ہو مگر ساتہہ ہی اسکے یہ بہی معلوم رہے - کہ جبتک خواب کے اصلی قواعد سے آگاہی نہو - تب تک پورے طور پر مطلب نکالنا بہت مشکل کام ہے - اور غلطی کا ہونا ممکن ہے - اسلئے ہم اس خواب نامہ مین اول اون مضمون کا مفصل ذکر کرتے ہین جو بڑے بڑے عالمون نے تجربہ اور تحقیقات کامل سے ہر قسم کے خواب کے واسطے مقرر کئی ہین خواب دو قسم کے ہوتے ہین - ایک دن کا دوسرا رات کا دن کے خواب کا اعتبار نہین - اور رات کا خواب بہی دو قسم کا ہوتا ہے - ایک بحالت تندرستی دوسرا بحالت بیماری جو اختلاف عناصر سے ہوتا ہے - کیونکہ مثل مشہور ہے کہ بلی کو خواب مین چہیچڑے نظر آتے ہین یعنی مزاج اور پیشہ کی وجہ سے ہی اپنے سے خواب خیالی بن جاتے ہین بیمار لوگ بباعث نہ ہونے انکی خواہشون

کے ہولناک اور خاص قسمکے دیکھا کرتے ہین بلغمی مزاج کے مریض ہمیشہ اب دریا یا چشمہ وغیرہ دیکھا کرتے ہین اسطرح صفراوی مزاج کے مریض کوہ آتش فشان کی سیر کیا کرتے ہین اسطرح سودائی وسوئی امراض کے مریض نرالا ہے جو خواب دیکھتے ہین اسلیئے وہ قابل اعتبار نہین ہوتے۔ خواب تندرستی کا بھی دو قسم کا ہوتا ہے ایک باوضو باطہارت دوم بے وضو بے طہارت یا بھوک پیاس وغیرہ کی شدت مین جو آلودگی مین داخل ہے قابل اعتبار نہین اور ایسا خواب تین وجہ سے خالی نہین ہوتا۔ یا تو جو کچھ گذرا ہے وہ ہی دیکھا جاوے یا جو کچھ سنا وہ ہی دیکھا یا جو کچھ نہ سنا اور نہ دیکھا ہو وہ خواب مین دیکھا جاوے جاننا چاہیئے کہ خواب پاس اول و دوم مرتب کا نتیجہ چھہ ماہ مین ظاہر ہوتا ہے اور پاس سویم کا تین ماہ مین اور پاس چہارم کا ایک ماہ مین اور خواب تین قسم کا ہوتا ہے۔ اعلی۔ اوسط۔ ادنی اگر خواب نیک دیکھے تو پھر صبح تک نہ سوئے باقی رات یاد الہی مین گذاری یا کسی اور شغل نیک مین۔ اور جب دن چڑھے تو کسی عالم دانشمند متقی و پرہیزگار مرد صالح و دیندار صادق القول کے سامنے تنہائی مین اپنے خواب کو ٹھیک ٹھیک جو دیکھا ہو۔ بیان کرے اور اپنی طرف سے بنا بنا کر کوئی کلمہ بیان نہ کرے انشا اللہ تعالی معبر جو تعبیر کریگا درست ہو گی۔ الا خداوند خواب کو چاہیئے کہ اپنا دیکھا ہوا خواب رات کے وقت طلوع آفتاب کے وقت یا بین اذان و اقامت کے ابر و آندہی مین لڑکے کے روبرو و جاہل گستاخ اور عورت کے سامنے اپنا خواب ہرگز بیان نہ کرے۔ معبر کو چاہیئے کہ جب خواب سنے تو خوب غور سے اسکی تعبیر بیان کرے۔ جلدی نہ کرے۔ کیونکہ یہ انکشاف اسرار الہی ہے جہانتک ہو سمجھہ سوچکر تعبیر بیان کرے۔ اور ایک کا خواب دوسرے سے بیان نہ کرے جب تک کہ عالم الغیب سے اوسکا ظہور نہو معبر کو چاہیئے۔ کہ خداوند خواب کے مراتب کا لحاظ رکھے۔ کیونکہ خواب کئی قسم کے ہوتے ہین۔ ایک خواب سلطان و حاکم کا۔ دوسرا جلیس انیس و وزیر کا تیسرا فقیہ و محدث کا چوتھا رئیس و قاضی کا پانچوان دیوان و مشرف کا چھٹا زاہد و عابد کا ساتوان کنیز و غلام کا آٹھوان جمہور و ذکور کا نوان تونگر و دولت مند کا دسوان فقرا بے دریوزہ گر کا گیارہوان عورت ذی عفت کا بارہوان عورت فاحشہ کا تیرہوان لڑکون کا چودہوان بڈہون کا پندرہوان کافر و مشرک کا بادشاہ کے خواب کی جو تعبیر ہے۔ وہ ہر ایک شخص کے خواب کی تعبیر نہین ہو سکتی۔ معبر کو چاہیئے کہ اسمین ہر ایک کی حیثیت کے موافق غور کرکے تعبیر بیان کرے اگر برا خواب دیکھے تو دیکھنے والیکو چاہیئے کہ سو رہے۔ اور یاد نہ کرے اور جب دن نکلے تو آب تازہ سے غسل کرکے کچھ صدقہ دیوے۔ اور اپنی خواب کا کسی شخص سے ذکر نہ کرے و جاننا چاہیئے کہ خواب لاکھون قسم کے ہوتے ہین۔ کہانتک لکھی جاوین۔ مگر چند خواب اور انکی تعبیرین جو مختلف کتب اور تجربہ اور محنت اور کوشش سے حاصل ہوئے ہین درج کی جاتی ہین اور ہم ایک مختصر نقشہ اس قسم کا درج کرتے ہین کہ جس سے مختلف خوابون کے مطالب خود بخود سمجھہ لیوین۔

خواب میں مختلف اشیاء کے معنے

اشیاء	معنے	اشیاء	معنے	اشیا	معنے
دریا کا بڑا پاٹ کشتی پر سوار ہونا	سفر دور و دراز	خون	تندرستی	دروازہ	آمدنی
دیوانہ یا پاگل	دولت مندی	انگوٹھی و جوتا	عورت	بلندی پر چڑھنا اوترنا تنزل	ترقی
کنگھی کرنا	مقصد حاصل ہو	باجا بجنا	شہرت	فیل	رنج و ندامت
جھنڈا	فتح	اندھیرا	افلاس	زلزلہ	آفت
خیمہ ڈھول بجنا	سواری	جنگل	فتح	سرمہ	نور چشم
دلدل میں پھنسا	گرفتاری رنج	شیشہ	تندرستی	کنواں تالاب	برکت

ردیف الف

خواب	تعبیر	خواب	تعبیر	خواب	تعبیر
عرش الٰہی کا دیکھنا	کام میں متوجہ ہو فراخی نعمت ہو	آسمان کے قریب پہنچنا	دین و دنیا میں نفع حاصل ہو	اللہ کو حساب کرتے دیکھنا	خوشی حاصل ہو یا کوئی خبر سفر سے معہ مال و نعمت آئے
آسمان سے گرنا	ذلیل و خوار ہونیکی دلیل ہے	اللہ کو غضبناک دیکھنا	توبہ کرے اعمال بد سے پرہیز کرے	ابر کو برستے دیکھنا	ارزانی غلہ رحمت الٰہی کی نشانی ہے۔
انبیا کو دیکھنا	دفینہ ہاتھ آئے یا سرداری ہووے اگر خوش دیکھے روزی غیب سے پاوے	آسمان کا دیکھنا	رتبہ بلند ہو مال بیشمار ہاتھ آئے	اولیا یا ابدال کو دیکھنا	زیادتی اقبال و نیکی امور کی دلیل ہے۔
ابر کا معہ بجلی و بارش کے دیکھنا۔	بیمار دیکھے شفا پاوے دیگر قرضہ سے رہائی غلامی محبوس	اصحاب کبار کو دیکھنا	برکت حاصل ہونیکی دلیل ہے۔	آندھی کا دیکھنا	رنج و ملال پیش سفر درپیش ہو۔
اسرافیل علیہ السلام کو دیکھنا۔	آفتوں سے بچیگا اگر بیمار ہو تو شفا حاصل ہوگی	اندھے کو دیکھنا	ایماندار بے ایمان ہو جائے	انبیا کو غضبناک دیکھنا	تنگی رزق و تنگدستی کی دلیل ہے۔
اندھیارا دیکھنا	حاکم وقت پر آفت آئے یا فرزند کا غم اوٹھائے	اولیا کو خوش دیکھنا	ترقی مراتب ہو غضبناک دیکھنا اسکے برعکس ہے۔	اشرفی پانا	فرزند پیدا ہو یا تجارت میں نفع ہو
ابر محیط آسمان دیکھنا	رنج پریشانی حاصل ہو بلائے سخت نازل ہو	آزار بند دیکھنا	عورت ملے بادشاہی ہو غم سے آزادی ہو	ابر آسمان پر دیکھنا	ترقی رزق و مہربانی حاکم۔
انگشتری پہنی ہوئی دیکھنا	کسی معشوقہ کے وصل ہونیکی علامت ہے	آسمان کی طرف پرواز کرنا۔	سفر دور دراز با منفعت پیش آوے۔	انگشتری کا نگینہ گرا ہوا دیکھنا	حکومت سے خالی ہو رنج و ملال ہو
اونچی جگہ چڑھنا	مرتبہ بلند ہو نہایت خورسند ہو	آلو بخارا کھانا	بیماری میں مبتلا ہو	انار کا درخت دیکھنا	[illegible]

خواب	تعبیر	خواب	تعبیر	خواب	تعبیر
اولا کھانا	حیرانی و پریشانی کی علامت ہے	انجیر کھانا	مال حلال دستیاب ہو	آگ جلاکر کھانا پکانا	نفع بحساب فضولخرچی سے اجتناب
انجیر کا پتا دیکھنا	اندیشہ و پریشانی کی نشانی ہے۔	آگ یا انسان کا گوشت کھانا	مال حرام یا پریشانی اوٹھائے۔	انار شیرین کھانا	معشوقہ سے وصل ہو مریض ہو تو صحت پائے
اپنے تئین قتل کرتے دیکھنا	درازی عمر و صحت کی دلیل ہے۔	انار ترشی کھانا	دوستون سے رنجش ہو۔	آرگن باجا سننا	افسر فوج ہو نہایت اوج ہو۔
الاچی یا اخروٹ کھانا۔	سوداگری مین نفع کثیر ہو۔	اسپ سے گرنا	عہدہ سے معزول ہو	اپنے آپ کو اندھا دیکھنا۔	نیک کامون سے پرہیز کرے بدکامون مین مشغول ہو
اشتر پر سوار ہونا	سفر حج نصیب ہو نعمت بیش ملے۔	آواز خوش سننا	داہنی طرف سے علم الٰہی بائین سے علم موسیقی کا شوق ہو	آم کھانا	اولاد حاصل ہو مفلس ہو تو تونگر ہو۔
آب جاری دیکھنا	کوئی بڑا کام با منفعت پیش آوے	اپنے تئین بادشاہ دیکھنا	بیمار دیکھے تو موت کی دلیل ورنہ اقارب سے جدائی ہو	آب شورہ دیکھنا	رنج و قید فرنگ کا سامنا ہو۔
اپنے آپکو دوزخ مین دیکھنا	بلا مین مبتلا اور رنج اوٹھانے کی دلیل ہے	انگور کا عرق کھانا	متقی ہو تو شرابی ہو جاوے	آگ مین کپڑا جلتا دیکھنا	اندھا ہو یا آنکھونکو نقصان پونچے
آگ کی چنگاریان گرتے دیکھنا	صدمہ اور کسی آفت مین مبتلا ہونیکی دلیل ہے	آفتاب کو دیکھنا	رزق مین فراخی عورت زردار ملے یا لڑکا پیدا ہو	اونٹ کا گوشت کھانا	روزی حلال سے پائے قدرے بیماری اوٹھائے
آفتاب کی روشنی زیادہ دیکھنا	ترقی مدارج اور فزونی رزق ہو۔	انگشتری سونیکی بے نگینہ دیکھنا	مردون کیلئے زحمت عورتون کیلئے رحمت	آفتاب پر اندھیرا دیکھنا	مبتلا غم والم ہو یا کسی مرض مین مبتلا ہو۔
انگشتری بیچ ڈالنا۔	عورت کے فراق مین صدمہ اوٹھاوے	آفتاب سے لڑنا۔	مان باپ سے لڑائی ہو یا حاکم سے خصومت ہو۔	انگشتری چاندی کی دیکھنا	سب کام درست ہون عیش مین زندگی بسر ہو
آفتاب مین گہن دیکھنا	مان باپ کا انتقال ہو یا بادشاہ پر آفت نازل ہو	انگشتری سونیکی دیکھنا۔	مال حرام ہاتھ آئے مگر جلد ضائع ہو جاوے	آندھی کا آنا بجلی کا گرنا	وبائی پھیلی خلق مین مصیبت پڑے۔
انگشتری سونیکی دیکھنا	بادشاہ سے کوئی چیز حاصل ہو رتبہ بڑے۔	آندھی کا مع گرد و غبار کے چلنا۔	کسی غم الم مین مبتلا ہو نقصان مال ہو۔	انگشتری رانگ کی دیکھنا	خوار و حقیر ہو خلق کی نظرون سے گرے
انگور کا درخت لگانا۔	شرف و عزت پائے مال کثیر ہاتھ آئے۔	آئینہ کا دیکھنا	نکاح کرے اگر عورت حاملہ ہو تو دختر جنے۔	انار کا پھلا ہوا درخت دیکھنا۔	زن منکوحہ حاملہ ہو یا لونڈی باکرہ سے وصل ہو

خواب	تعبیر	خواب	تعبیر	خواب	تعبیر
انگور سفید دیکھنا	تجارت مین نفع ہو مال میراث ہاتہہ آوے	انکھہ دیکھنا	خوشی و عیش حاصل ہو۔	انکھہ اپنے ہاتہہ پر دیکھنا۔	روپیہ ہاتہہ آئے تنگی دو ہو۔
آرد گندم دیکھنا	کسی کا مال جمع کیا ہو حاصل ہو۔	انگلیون کو دراز دیکھنا۔	مقصد سے دور رہے روپیہ ضائع ہو۔	انگلیون کو متفرق دیکھنا۔	تنگدستی ہو عزیز و اقارب سے جدائی ہو۔
آپ کو دیوانہ دیکھنا	مال ہاتہہ آئے مگر بیجا صرف ہو جاوے۔	آپ کو بیمار دیکھنا	عبادت مین خلل ہو رنج اوٹہائے	آپ کو فروخت ہوتے دیکھنا	رنج مین مبتلا ہو زندگی رنج الم مین بسر ہو۔
اونٹ کو دیکھنا	روپیہ بہت ہاتہہ آوے۔	اونٹ پر سوار ہونا۔	سفر مین تکلیف ہو رنج و الم کا سامنا	اونٹون کی قطار دیکھنا۔	کسی جگہ کا رئیس یا حاکم ہو جاوے۔
الو کا دیکھنا	مال چوری جائے خانہ ویرانی ہو۔	•	•	•	•
		ردیف (ب)			
بادشاہ کو کسی محل مین دیکھنا	وبا پہیلے یا اوس محل مین آفت نازل ہو	برج حمل	مال ہاتہہ آئے عورت اگر بانجہ ہو حاملہ ہو جاوے	بیابان مین چلنا۔	ترقی دین کی علامت ہے۔
بادشاہ کو مردہ دیکھنا۔	اوس ملک پر تباہی آوے۔	برج ثور	عالم عمل سے مستفیض ہو۔	بیابان مین دیکھنا	افزونی نعمت کی دلیل ہے۔
بادشاہ کے ساتہہ کہانا۔	فراخی نعمت و ترقی منصب ہو۔	برج جوزا	سرداری و بزرگی ملنے کی دلیل ہے	دوکان مین بیٹہنا	تجارت مین نفع ہو
بادشاہ کو عنایت کرتے دیکھنا	دولت و نعمت سے مالامال ہونیکی دلیل ہے	برج سرطان	حاکم و افسر لشکر ہو۔	دوکان مین دیکھنا۔	روزی عیب سے حاصل ہو۔
بادشاہ کو غصہ مین دیکھنا	غم کی نشانی قسمت کی سرگردانی۔	برج اسد	بہادری مین نام پاوے۔	باغ سرسبز دیکھنا	خوشی و عیش خشک سے برعکس.
بہشت مین داخل ہو۔	اعمال صالحہ کی طرف راغب ہو۔	برج سنبلہ	مال کثیر ملے عزیز خلائق ہو۔	باغ کا میوہ کہانا۔	مال ملے عورت جمیلہ سے کچہہ حاصل ہو۔
بہشت کا میوہ کہانا	عزت بڑہے تجارت مین منافع ہو۔	برج میزان	کسی جگہ کی حکومت ملے۔	باغ کا دروازہ بند کرنا۔	عورت منکوحہ کو طلاق دیوے رزق مین تنگی۔
بہشت کے حوض سے پانی پینا۔	مال حلال حاصل ہو فیض جاری کرے	برج عقرب	دشمن کے مکر مین مبتلا ہو۔	باغ کی سیر کرنا	ایمان دار ہونے کی دلیل ہے۔

خواب	تعبیر	خواب	تعبیر	خواب	تعبیر
بہشت کی حوروں کو دیکھنا	عورت حسین ملے عزت بڑھے۔	برج قوس	امیر ہو تو فقیر ہو جائے فقیر ہو تو غنی ہو جاوے	بہی کھانا	لڑکی پیدا ہو۔
بارش کا ہونا۔	ترقی رزق ارزانی غلہ کی نشانی ہے۔	برج جدی	عہدہ مین ترقی ہو	بادام کھانا	روزی عجیب سی حاصل ہو۔
بجلی کا دیکھنا	مالدار فقیر ہو۔ فقیر ہو تو مالدار ہو جاوے	برج دلو	جہان مین نامور ہو۔	باجرہ دیکھنا	تجارت مین خسارہ ہو۔
بارہ برجوں کو دیکھنا	بزرگی ملے کوئی بڑا محل ہاتھ آوے	برج حوت	بزرگی ملے مال مدفونہ ہاتھ آوے۔	بکری کا گوشت کھانا۔	لڑکی پیدا ہو رزق مین فراخی ہو۔
برف کھانا	خوشی حاصل ہو	بکری چرانا	کسی قوم کا سردار ہو۔	بھینس دیکھنا	بلائے سخت نازل ہو رنج والم کی دلیل ہے
برف گرتے دیکھنا	موسم مین عمدہ خلاف موسم نقصان	بکریاں آتے دیکھنا	حکومت حاصل ہو۔	بیضہ مرغ دیکھنا	فرزند ارجمند ہو
بالون مین کنگھی کرنا۔	رحمت کی نشانی	بھیڑ کا دیکھنا	زن صالحہ سے نکاح ہو عیش سے عمر گذرے	بہوکھا دیکھنا آنکھو	قرض کی نشانی باعث حیرانی۔
بندوق چلانا	دین مین فتور ہو۔	بھیڑ کا قتل کرنا۔	زن منکوحہ کو طلاق دیوے۔	بلبل دیکھنا	حاکم سے نفع قلیل کی دلیل ہے۔
بازو اپنا کٹا دیکھنا۔	بھائی کا رنج والم اوٹھاوے۔	بھیڑیے کا حملہ کرتے دیکھنا۔	کسی دشمن سے آزار پہونچے۔	بالائی کھانا	بالائی مال پاوے مگر جلد ملال سامنے آوے۔
بازو راست دیکھنا۔	کسی عزیز کے ملنے سے فرحت حاصل ہو۔	بلی کا دیکھنا	کوئی دشمن درپے آزار ہو۔	بندر یا بلی کا پنجہ مارنا	بیماری کی علامت ہے۔
بازو چپ دیکھنا	عورت کے وصل سے مسرور ہو۔	باز کا دیکھنا	دشمن پر فتح پاوے	بردہ خریدنا	حاصل سرور ہو فکر دور ہو گو کہ رنجور ہو۔
بیل دیکھنا	عزت و رتبہ بڑھے	بزاز کو دیکھنا	زندگی خوشی سے بسر ہو۔	بردہ فروخت کرنا۔	افلاس کی نشانی باعث حیرانی۔
بیل کو فربہ دیکھنا	پیدائش غلہ زیادہ ہو۔	بزرگان کو دیکھنا۔	خیر و برکت کی دلیل ہے۔	بچھونا زمین پر بچھانا۔	درازی عمر کی دلیل ہے۔

خواب	تعبیر	خواب	تعبیر	خواب	تعبیر
بہیل کا لاغر دیکھنا۔	قحط سالی و گرانی کی نشانی ہے۔	بال اپنے سفید دیکھنا۔	زیادتی عمر دوست وخیر و برکت کی دلیل ہے	برنج دیکھنا یا کہانا۔	رنج دور ہو سرور حاصل ہو۔
بہیل پانا	تجارت مین منافع کی دلیل ہے	بال سر کے کٹے دیکھنا۔	قرضہ سے سبکدوش حاصل ہو۔	بیمار دیکھنا اپنے آپکو	عبادت مین خلل ہو۔
٥	٥	برات دیکھنا	عورت کو خوشی و سرور ہو مرد و رنجور رہو۔	٥	٥
			ردیف (پ)		
پہاڑ دیکھنا۔	دشمن پر فتح حاصل ہو۔	پیٹ انتڑیون سے خالی دیکھنا	نقصان مال ہو یا اقارب سے جدا ہو۔	پیاسا دیکھنا آپ کو	حرص زیادہ ہو نیک کامو مین خلل ہو
پہاڑ پر چلنا	مرتبہ بلند ہو دولت بیشمار ملے۔	پیٹ شفاف دیکھنا۔	روپیہ ہاتھہ آکے تجارت مین نفع کی امید ہو	پان کہانا	دوستون مین عزیز ہو۔
پہاڑ کا مالک بننا۔	دشمن پر غالب آئے یا کسی بڑے شخص پر قادر ہو	پیٹھہ دیکھنا	غایب سے مدگار پیدا ہو۔	پوری کھانا	روزی غیب سے حاصل ہو۔
پہاڑ کو گرا دینا	کبھی ہلاک کرے یا کسی ظالم کی بنیاد کو اوکہاڑے	پاون زمین پر مارنا۔	مصیبت مین مبتلا ہو رنج کا سامنا ہو۔	پیوندی بیر کہانا	مرتبہ بلند ہو فرزند دلبند ہو۔
پہاڑ پر سوراخ کرنا	کسی شخص سے دغا و فریب کرے۔	پاون دیکھنا	سفر پیش ہو رنج بخش ہو۔	پنیر کھانا	رنج و مصیبت مین مبتلا ہو۔
پہاڑ پر چڑہنا	رفعت و بلندی کی نشانی ہے۔	پلصراط دیکھنا	نیک کامون کی طرف راغب ہو۔	پنجرا دیکھنا	قید و رنج کا سامنا ہو۔
پستہ کھانا	مال حلال ملے رتبہ بلند ہو۔	پائخانہ پہرنا	حصول علم سے خالی ہو۔	پستان دیکھنا	عورت ملے دولت سے دلشاد ہو۔
پہول سرخ دیکھنا	اگر باغ مین دیکھے تو فرزند پیدا ہو۔	پائخانہ کا بدن سے لگجانا	آمد دولت کی بڑے بہاری نشانی ہے۔	پروانہ دیکھنا	پریشانی و حیرانی کی دلیل ہے۔
پہول سفید دیکھنا۔	نعمت ملے راحت و آرام حاصل ہو۔	پہلو دیکھنا	عورت خوبصورت سے وصال ہو۔	عورت کو اپنی طرف مائل دیکھنا	زیادتی شہوت کی علامت ہے
پیاز دیکھنا	عورت بدصورت سے یا لڑکی پیدا ہو	پنجہ اپنا کٹا دیکھنا	جنگ و سختی حیرانی پریشانی ہو۔	پاگل کو دیکھنا	دولت ملنے کی دلیل ہے۔

خواب	تعبیر	خواب	تعبیر	خواب	تعبیر
پیپ دیکھنا	تنگ دستی اور بیماری کی دلیل ہے۔	پیشاب خون کا کرنا	حاملہ کا شکم مین حمل ساقط ہو۔	بیہودہ کا اوٹھانا	عورت کے عیب سے بے عزت نقصان مال ہو
		ردیف (ت)			
تاج دیکھنا	حکومت ملے رتبہ بلند ہو۔	تاج سر پر رکھنا	بزرگی اور شرف حاصل ہو۔	تلوار کا پرتلے مین دیکھنا	دشمنون سے مغلوب ہو۔
تلوار کے پرتلے کا ٹوٹنا	حکومت سے خالی ہو ملک مین تباہی آئی	تلوار کا ٹوٹنا	مغلوبی کی دلیل ہے۔	تلوار کا قبضہ ٹوٹنا۔	والدہ یا چچا کے مرنے کی نشانی عزت مین خلل ہو
تلوار کی نوک ٹوٹنا	والدہ یا خالہ کے مرنے کی دلیل ہے	تلوار کا میان ٹوٹنا۔	آفت آئے لڑکا یا والد فوت ہو۔	تلوار کا مارنا	لوگون سے زبان درازی کریگا۔
تابوت اپنا دیکھنا۔	عمر درازی کی دلیل ہے۔	تیر مارنا	کوئی رسالہ یا کتاب لکھے جس سے لوگون کو نفع	تخت پر بیٹھا یا دیکھنا۔	حاکم ہو مرتبہ بلند ہو۔
تنبور بجانا	سامان شادی مہیا ہو یا عہدہ پلٹن کا پاوے	تعویذ پانا	بیماری آسیب ہو تو اچھا ہو جاوے۔	تار کھینچنا	باعث پریشانی و موجب حیرانی۔
تبسم کرنا	رنج و الم پیش آئے۔	توپ دیکھنا	دنیا مین نام پاوے دشمن پر غالب آئے	تیر نشانے پر مارنا۔	احمقون مین عزت امید بر آئے۔
سفر جنوب	ناخوش ہو	مال آوے	نیک ہو	نیک ہے	کمزوری ہو	نقصان مال	خبر خوش آوی
سفر نیرت	کمزوری	خوشی ہو	نیکنامی ہو	خوش ہو	خالی آوے	مرے	نیک آوی
سفر مغرب	مرگ ہو	نیکنامی ہو	ناخوش آوی	خالی آوے	جنگ ہو	نیک ہو	جلد آوی
سفر بایب	خبر خوش آوی	خوشی ہو	خالی آوے	موت ہو	نیک ہو	کمزوری	مال آوی
سفر شمال	نیک ہے	نقصان مال	ناخوش ہو	بدنامی آوی	خوش آوی	نیک آوے	جنگ ہو
سفر ایسان	نیک ہے	کمزوری ہو	نقصان مال	خبر خوش آوی	نیکنامی ہو	خوش ہو	خالی پھرے
درخت کاکاٹنا	پریشانی اور غم	مبارک ہو	دریا میں ڈوبی	کشایش رزق	علم زیادہ ہو	عمر و دولت زیادہ ہو	بیماری ہو
نیا کپڑا پہننا	زور زیادہ ہو	درد و غم ہو	جلے	روزی حاصل ہو	نظر خلایق میں نیک ہو	زر ہاتھ آوے	بیماری زیادہ ہو
بال کٹوانا	غم ہو	شادی ہو	بہت بد	بہتر ہو	بہتر ہو	بہتر ہے	شوم ہو
مالش تیل کی کرنا	میانہ	نیک	نحس	نیک	میانہ	نیک	نحس
غسل کرنا	بیماری ہو	کشایش رزق	نقصان عمر	دولت زیادہ	نقصان مال	رفع گناہان	دفع بیماری ہو
شکار کرنا	میانہ	میانہ	نیک	بد	بد	میانہ	نیک ہو
سیر باغ	میانہ	نیک	بد	نیک	میانہ	میانہ	نیک
بنائے مکان	نیک درنیک	میانہ	بد	نیک	میانہ	میانہ	نیک،
حجامت بنوانا	نیک	میانہ	بد	میانہ	بد	میانہ	نیک۔
نکاح کرنا	نیک	میانہ	بد	میانہ	نیک	نیک	بد
حاجت چاہنا	میانہ	نیک	بد	میانہ	نیک	نیک	بد
دعا کرنا	نہایت نیک	میانہ	بد	میانہ	نیک	نیک	بد
ناخن کٹوانا	بد	نیک	نحس	میانہ	میانہ	نیک	نحس
٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠

مہورتون کا بیان

چونکہ اکثر اہل ہنود اور کبھی کبھی بعض اہل اسلام کو بھی سفر وغیرہ اور دیگر امور کے آغاز کے وقت مہورت یعنے نیک ساعت تلاش کرنی پڑتی ہے لہٰذا اس جنتری مین چند امور ضروری فائدہ عوام کے لئے درج کئے جاتے ہین اول ہم چند اصطلاحات سے جو آئندہ مہورتون کے بیان کرنے کے وقت آوین گی۔ ناظرین کو سب سے اول اُس سے آگاہ کر دیتے ہین۔ واضح ہو کہ ایک مہینے کے دو پکش یعنے حصے مقرر ہین۔ کرشن پکش اور شکل پکش۔ کرشن پکش اندھیرے کو کہتے ہین اور شکل پکش چاندنے کو ہر پکش کی ۱۵ تتھین ہوتی ہین۔ ان کی گھڑیان ہر روز مختلف ہوتی ہین۔ کبھی کم کبھی زیادہ۔ جو جنتری سے بخوبی معلوم ہو سکتی ہین۔ اہل نجوم نے ان تتھون کی پانچ قسم پر تقسیم لکھی ہے۔ اول نندا۔ دوم بھدرا۔ سوم رکتا۔ چہارم جے۔ پنجم پورنا۔ پڑوا۔ چھٹہ۔ اکادشی کو نندا کہتے ہین۔ اور دوج ستمی دوادشی یہ تین بھدرا تتھی ہین۔ چوتھ۔ نومی۔ چتردشی یہہ تین رکتا تتھی کہلاتی ہین۔ اور تیج اشٹمی۔ ترودشی یہہ تین تتھین جے کے نام ہین۔ پنچمی۔ دسمی۔ پورنماشی یہہ تین تتھی پورنا کہلاتی ہین۔ کرشن پکش یعنے ناقص النور آخر کی تتھی اماوش ان کے شمار سے جُدا ہے

واضح رہے کہ اب ہم آئندہ مہورتون کے بیان مین انہین اس طرح بیان کرین گے کہ فلان قسم کی تتھین سعد یا نحس ہین اُنہین چھوڑ دو یا انہین لے لو۔

۱۔ پربت یہہ ایک عام اور مشہور لفظ ہے یعنے سنکرانتی اور گرہن اور پورنماشی و سوماوتی اماوش وغیرہ وغیرہ تیرتھون پر دان اور اشنان کرنے کا مہاتم ہوتا ہے یہہ آغاز سفر اور جمیع امور سعد وغیرہ مین ممنوع ہین اس لئے ہم اس کا بیان جگہ جگہ پر نہ کرین گے۔

۲۔ اکثر مہورتون مین لگن دیکھنے کی ضرورت پڑتی ہے سو لگن تین قسم کے ہوتے ہین اول چر یعنے چلنے والے غیر قایم۔ دوم استھر یعنے قایم۔ سوم دوسبھاؤ یعنے دونون سبھاو والے قایم اور غیر قایم۔ تمام بارہ لگن یعنے راسین ہین جس مین سے یہ چار لگن یعنے میکھ کرک تلا مکر چر لگن ہین۔ اور یہ چار برکھ سنگھ برچھک کنبھ استھر ہین اور یہہ چار متھن کنیا دھن مین دوسبھاؤ ہین۔ پس آئندہ ہم مہورتون کے ذکر مین صرف اس قدر لکھدین گے۔ کہ اس مہورت مین فلان قسم کی لگن ہونی چاہیے۔

۳۔ مہورتون مین شبھ یعنے سعد یوگ بھی دیکھی جاتی ہین کل یوگ ۲۸ ہین۔ جس مین سے بعض سعد اور بعض نحس ہین اس لئے دونون قسم کے یوگون کو ہم جُدا جُدا لکھ دیتے ہین۔ جس مہورت مین شبھ یوگ ضروری ہوگا ہم صرف وہان اس قدر لکھدین گے کہ یوگ شبھ ہونا چاہیے یوگہائے شبھ یعنے سعد یہ ہین۔ پریت آیشمان سوبھاگ شوبھن ستوکرمان بردہ دہرو ہرکھن سدہ شیو سادہ شبہ شکل برہمہ ایندر بیدہرت سدہ یہہ

۱۷ یوگ شبھ ہین ۔ اور یہہ دس یوگ اشبھ یعنے نحس ہین ۔ بشکنبہ ۔ اتی گنڈ ۔ دہرت بیشول گنڈ بیاگہات بجر بتی پات پرگ بدہرتی ۔ ان یوگ وغیرہ جنتری سے بخوبی معلوم ہو سکتے ہین ۔ یہ بہی واضح رہے کہ یہہ سعادت وغیرہ انکی عام طور پر ہے اور بعض خاص خاص کامون مین اس مین اختلاف بہی ہوتا ہے جو اپنے اپنے موقعہ مناسب پر بیان کر دیا جاویگا ؛

۴ ۔ مہورتون مین بہچہترون کے دیکہنے کی بہی ضرورت ہوتی ہے ۔ بہچہتر جنتری مین درج ہین ۔ سابق مین ایک جدول بہچہترونکی معہ شکل و سبہاؤ و سوامی وغیرہ درج کر دیگئی ہے جس مین ہر ایک بہچہتر کی کیفیت اُس کے محاذ مین نہایت شرح و بسط سے لکہی گئی ہے ۔ البتہ مہورتون مین جہان جس قسم کے بہچہترون کی ضرورت ہوگی معہ نام تحریر کئے جاوینگے ۔

مہورت یاترہ یعنے سفر

۵ ۔ واضح ہو کہ بوقت یاترہ یعنے سفر کے دساسول اور یوگنی اور کال چکر اور سمت چندرمان اور تتہہ اور یوگ اور بہچہتر وغیرہ وغیرہ کا دیکہنا لازمی ہے ۔ بوقت سفر دساسول سامنے یا داہنے ہو تو سفر نہ کرنا چاہئے ۔ اگر کال چکر سامنے یا داہنے ہو تو نحس ہے اس مین بہی سفر ممنوع ہے ۔ یوگنی کا بوقت سفر مقابل ہونا نحس ہے ۔ لہذا دساسول اور یوگنی اور کال چکر اور سمت چندرمان کے نقشے جس سے ہر ایک دشا اور قیام یوگنی و کال چکر وغیرہ بخوبی معلوم ہو سکتے ہین ۔ ذیل مین درج کئے جاتے ہین ؛

نقشہ مقامات یوگنی


دوج دسمی
تیج اور گیارہی

نقشہ دساسول


مشرق
شنبہ
دوشنبہ
سہ شنبہ
چہارشنبہ
دساسول
پنجشنبہ
یکشنبہ
جمعہ
مغرب
جنوب
شمال

۶ ۔ چندرمان بوقت سفر جنم نام یا پرسدہ نام یعنے مشہور نام کی راس سے چوتہے آٹہوین بارہوین ہووےگا تباہ ہووے ۔ اگر سنمکہہ یا داہنے ہو تو مبارک ہے ۔ مثلاً تمہاری راس میکہہ ہے اور بوقت سفر چندرمان برچہک راس مین ہے تو تمہاری راس سے چندرمان آٹہوان ہے ۔ اس لئے


مغرب
نیرت کون
بایب کون
شمال
جنوب
ایسان کون
نقشہ کال چکر

اس روز سفر کرنا اچھا نہین۔ لہذا نقشہ مقامات و خواص و رنگ پوشاک چندرمان درج ذیل کیجاتی ہین جن کا دیکھنا عارفان سفر الظفر کو ضروری ہے

نقشہ خواص چندرمان	
چندرمان مقابل	کامیابی کرے
چندرمان داہنے	دولت ملے
چندرمان پس و پشت	ناکامیابی
چندرمان بائین	نقصان دولت



نقشہ رنگ پوشاک چندرمان

بوقت سفر چندرمان کی پوشاک کا رنگ دیکھنا چاہیے کیونکہ اگر چندرمان مقابل یا داہنی طرف ہو اور وہ رنگ پوشاک ناقص ہو تو اچھا نہین۔

نام راس چندرمان	رنگ	خواص پوشاک	کیفیت
میکھ سنگہ برچھک	سرخ	لڑائی کراوے	نحس اصغر
متھن کنیا دھن	زرد	مراد بر لاوے	سعد
برکھ کرک تلا	سفید	کامیابی ہو	سعد
کنبھ مین مکر	سیاہ	موت کا سامان	نحس اکبر

۷- بوقت سفر تتھوں مین صرف اس قدر دیکھنا چاہئے کہ رکتا تتھی اور اماوش اور پرب نہو باقی سب تتھیں سفر کیواسطے مبارک ہین سوائ اس کے کہ تتھ کے تقرر مین جوگنی کا لحاظ کر لینا ضروری ہے اس لئے جن تتھوں مین جس طرف جوگنی رہتی ہین وہ سابق مین مذکور ہو چکی ہین اُس کے مطابق ہر ایک سمت یعنی جہات کے سفر کا خیال کرنا چاہئے

۸- نچھتروں مین اسونی مرگشر پنربس پکھ ہست انرادھا شرون دہنشٹا ست بکھا ریوتی اعلےٰ درجہ کے سعد ہین اور روہنی پوربا پھاگنی جیشٹا شول پوربا کھاڑ اترا کھاڑ پوربا بھادرپد اترا بھادرپد یہہ متوسط درجہ ہین یعنے اشد ضرورت کے وقت ان مین سفر کا آغاز کر لینا چاہئیے اور سواتی نچھتر سفر دریا کے واسطے نیک ہے اور سفر خشکی کے واسطے نحس ہے سوا ان کے باقی سب نچھتر سفر کے مہوت سے خارج ہین

۹- سفر کے واسطے لگن چر کا ہونا ضروری ہے اگر لگن سے آٹھوین گھر مین کوئی شبہ گرہ ہو تو بہت ہی نیک ہے

مہورت نام کرن یعنے بچہ کا نام رکھنا

اول تو جب بچہ پیدا ہو تو بارہوین دن نام رکھنا چاہیئے نام رکھنے کیواسطے دوم یکشنبہ دوشنبہ پنجشنبہ بہت نیک ہین نچھترون مین پنربس پشیہ ہست چترا انرادہا جیشٹہا مرگشر مولا اوترا بہادر پد اُترا کہاڑ اترا پہالگنی دہنشٹا مبارک ہین۔ بید ہرت یا گہات شول کے سوای سب یوگ عمدہ ہین۔ لگن استہر ہونا چاہیئے۔

مہورت چوڑا کرن یعنے مونڈن

لڑکے کا مونڈن جنم کے پہلے برس یا تیسرے برس یا پانچوین برس کرانا چاہیئے۔ مہینون مین پہاگن یا بیساکھ یا اساڑھ اس کام کیلئے مبارک ہین۔ دنون مین دوشنبہ چہارشنبہ جمعہ نیک ہے۔ تتہون مین دوج تیج پنچمی ستمی ایکادشی دوادشی کے سوا اور سب تتھین نیک ہین۔ نچھترون مین مرگشر ریوتی چترا اسواتی پُنربس شرون دہنشٹا ست بکہا ہست اشونی جیشٹا مبارک ہین۔ جنم لگن سے آٹھوان گھر پاپی اور سخت گرہ سے شدہ ہونا چاہیئے۔ البتہ تیسرے اور چھٹے اور گیارہوین گھر مین پاپی گرہ ہون تو وہ شبہ ہون گے۔

مہورت کرن بیدہ یعنے کنچھیدن

لڑکے کے کنچھیدن جنم کے دن سے ایک مہینا یا ایک برس یا آئندہ طاق سالون مین مثلاً تیسرے یا پانچوین یا ساتوین برس مین ہونے چاہئے۔ مہینون مین جیٹھ پوکہ شراون بہادون کنوار کے سوائے اور جس مہینے مین موقع پڑے کریسے اور جس مہینا مین جنم ہوا ہو وہ مہینا ہی نیک ہے۔ دنون مین منگل اور سنیچر کے سوائے سب اچھے ہین۔ تتہون مین سوائے رکتا تتہون کے سب مبارک ہین۔ نچھترون مین ریوتی پنربس شرون دہنشٹا مرگشر چترا انرادہا سعد ہین۔ یوگون مین شبھ یوگ ہونا چاہیئے۔ لگن کے گھر سے آٹھوین گھر کا گرہ نیک ہے۔ نوین اور پانچوین خانہ مین کوئی پاپی گرہ نہ بیٹھا ہو اگر لگن کے گھر مین برہسپت بیٹھا ہو تو بہت مبارک ہے۔

شکر و برہسپت ڈوبے مندرجہ ذیل کام کرنے منع ہین

دانشمندان علم نجوم نے لکھا ہے کہ شکر و برہسپت کے است یعنی غروب مین ذیل کے کام نہ کرنے چاہیین جو کام کیا جاوےگا اُس کا سرانجام ہرگز نہ ہوگا۔ باولی۔ باغ۔ تالاب۔ چاہ۔ مکان۔ تعوالہ آنا جانا عورت کا۔ گھودان۔ بچون کا نام رکھنا۔ جنیئو پہنانا۔ شادی۔ مونڈن۔ جاترا تیرتھہ۔ سنیاس کرم۔ ملاقات ملوک۔ مسند نشینی۔ راج تلک۔ بنیاد مکان۔ علے ہذا یہ سب کام سوائے برت چرہانے کے لوند کے مہینے مین بھی منع ہین۔

مہورت ریوگ جاترا وغیرہ کے واسطے

جس نچھتر پر سورج ہو اُس نچھتر سے چندرمان کا نچھتر چوتھا یا چھٹا یا نوان یا دسوان یا تیرہوان یا بیسوان ہو تو ربیوگ ہوتا ہے جو تمام دوشون کو دفع کرتا ہے۔ اگر کسی اچھے کام کے مہورت مین کوئی دوش ہو اور یہ یوگ بنتا ہو تو اُس کام کو بلا اندیشہ کرے۔ یہ ہمیشہ شبھ پہل دائک ہوتا ہے۔

پنچک نچھتر

پنچک پانچ نچھتر کو کہتے ہین جو نصف آخر دہنشٹا سے ریوتی تک ہین یعنے نصف آخیر دہنشٹا۔ ست بکہا۔

پوربا بہادرپد۔ اُترا بہادرپد۔ ریوتی۔ ان پانچ نچھترون مین مردہ جلانا۔ چہت ڈالنا۔ نئی چارپائی بنانا۔ نیا کپڑا بنانا یا پہننا۔ لکڑی وغیرہ کا خریدنا بالکل ناقص ہے۔ علے ہذا پنچک نچھترون مین یا بوقت پڑوا نچھتر مولا ہو یا تتھ چھمی کو بھرنی نچھتر یا اشٹمی کو کرتکا یا نومی کو روہنی یا دسمی کو اشلیکھا نچھتر ہو۔ اگر اس وقت مین کوئی بچہ پیدا ہو تو مر جاوے اگر گاؤن آباد کیا جاوے تو ویران ہو جاوے۔ اگر بیاہ کیا ہو تو عورت بیوہ ہو جاوے۔ اگر بیماری ہو تو شفا نہ پاوے۔ اگر سفر کو جاوے مراد پوری نہ ہو وغیرہ وغیرہ

مہورت ہون

ہون کنندہ کو چاہئے کہ اول تتھ اور یوم کو جمع کرے اور ایک عدد قانون کا اُس مین شامل کر دیوے اور چار کی طرح دیوے جو تین عدد باقی رہین۔ یا کچھ باقی نہ رہے تو پاسا اگن یعنے مقام آتش زیر زمین خیال کرے ہون اُس روز کا راحت دہندہ ہوتا ہے اور اگر ایک عدد یا دو عدد باقی رہین تو مقام آتش آسمان خیال کرے اُس روز ہون ہرگز نہ کرے۔ کیونکہ نقصان دہندہ مال و جان کا ہے۔ اور اگر یہہ بات معلوم کیا چاہے کہ آہوتی کس کے منہہ مین جاویگی تو جنتری مین دیکھے کہ اُس روز سورج کس نچھتر مین ہے۔ اُس نچھتر کو مقدم کرکے نچھتر روز ہون تک شمار کرے اول تین نچھتر سورج کے موتھہ مین پھر تین بدھ کے موتھہ مین پھر تین شکر اور بعد ازان تین چندرمان پھر تین منگل پھر تین برہسپت اور تین راہو اور تین کیتو کے موتھہ مین آہوتی جاتی ہے۔ سوائے شکر اور برہسپت کے باقی ستارون کے موتھہ مین آہوتی کا جانا ناقص ہے۔

نئے گھر مین پرویش کرنیکا مہورت

نو تعمیر مکان مین داخل ہونیکے واسطے ماگھ پھاگن بیساکھ جیٹھ مبارک ہین۔ اور دنون مین منگل اتوار سنیچر کے سوائے سب عمدہ ہین۔ تتھون مین نندا اور رکتا تتھی اور اماوش کے سوائے اور سب تتھان نیک ہین۔ نچھترون مین مرگشر ریوتی چترا انرادہا ہست ساتشی پکھہ بھرنی۔ اوترا کھاڑ سعد ہین لگن استھر ہونا چاہئے۔ اور خانہ لگن مین بیتھے اور آٹھوین شبھہ گرہ ہون۔ تو خوب ہے۔

نو تعمیر بالاخانہ مین پرویش کرنے کا مہورت

رکتا تتھین اور منگل سنیچر اتوار کے سوائے اور سب دن اور تتھان نیک ہین۔ مہینون مین ساون کارتک مگھر اور نچھترون مین ست بکہا۔ پکھہ۔ سواتی۔ دہنشٹا سعد اور مبارک ہین۔

راج تلک یعنے مسند نشینی کا مہورت

سورج اوترائن ہو برہسپت اور شکر غروب نہ ہوئے ہون چندرمان بلی ہو مہینون مین جیٹ اور پوس کا مہینا نہ ہو۔ دنون مین منگل اور اتوار نہ ہو جو دایک تتھی ہو نچھترون مین اشنی روہنی مرگشر پکھہ ہست چترا انرادہا اترا کھاڑ شرون ست بکہا۔ اترا بہادرپد ریوتی مبارک ہین۔ یوگ شبہ ہو لگن استھر ہونا چاہئے

یگیوپویت یعنے جنیو دہارن کرنے کا مہورت

جنم سے پانچوین یا ساتوین برس یہ رسم ادا کرنی چاہئے جب سورج اوترائن ہو۔ دنون مین یکشنبہ پنجشنبہ جمعہ عمدہ ہین تتھون مین دوج تیج پنچمی دسمی ایکادشی اور دوادشی شکل پکش کی عمدہ ہین نچھترون مین پوربا کہا

پوربا پہالگنی - اشنی - ہست - چترا - سواتی - اُترا کہاڈ - ریوتی - شروَن - ست بکہا - پنربس - پوربا بہادر پد جیشٹا - پکہہ - مرگشر مبارک ہین - یوگ شبہ ہو - لگن برکہہ - دہن - سنگہ - متہن - کینا ہونا چاہئیے -

بدیا آرنبہہ یعنی لڑکے کو مکتب بٹھلانیکا مہورت

جنم سے پانچوین یا چھٹے برس مین لڑکے کو بدیا کا آرنبہہ کرانا یوگ ہے - سنیچر اور منگل کے سواے اور سب دن سعد ہین - سورج اوترائن ہونا چاہئے - تتہون مین دوج تیج پنچمی چھٹہ دسمی ایکادشی دوادشی نیک ہین نچھترون مین ہست - اشنی - پنربس شروَن - سواتی - ریوتی - آردرا - چترا - انرادہا مبارک ہین - یوگ شبہ ہو لگن استہر ہونا چاہئیے ؛

گونا یعنے مکلاوہ کا مہورت

جس برس مین شادی ہو اس برس کے طاق مہینون مین یا بعد ازان طاق سالون مین یعنے تیسرے پانچوین - ساتوین نانوین برس مین گونا یعنے مکلاوہ کرنا چاہیے - مہینون مین بیساکہہ اور اگہن اور پہاگن اچھے ہین دنون مین منگل اور اتوار کے سوائے سب اچھے ہین - تتہون مین رکتا تتہی اور چھٹہ اور دوادشی اور اماوش کے سوائے اور سب عمدہ - نچھترون مین روہنی مرگشر - اشنی - انرادہا - شروَن - دہنشٹا - ہست - چترا - سواتی - پنربس پکہہ - ریوتی - مولا - اُترا بہادر پد - اُترا کہاڈ - اُترا پہالگنی مبارک ہین - یوگ شبہ ہو لگن متہن مین کینا تلا اچھے ہین

دُلہن کا پہلی دفعہ گہر مین پرویش کرنیکا مہورت

بعد شادی یا مکلاوہ کے جب دُلہن پہلی دفعہ گہر مین داخل ہو تو نیک ساعت ہونی چاہئے - دنون مین شنبہ دوشنبہ پنجشنبہ جمعہ نیک ہین - اگر اتوار کو پرویش کرے تو ہمیشہ بیمار رہے - اگر منگل کو پرویش کرے تو مر جاوے اگر بدہ کو پرویش کرے تو بدہوا ہو جاوے - تتہون مین رکتا تتہی نہ ہو - نچھترون مین مرگشر - ریوتی - چترا - انرادہا - شروَن - دہنشٹا - مولا - مگہا - سواتی - نیک ہین - لگن شُبہ ہونا چاہئیے -

پرسوتی اشنان کا مہورت

زچہ کو سنیچر منگل کے روز نہلانا نہ چاہئیے - چہٹہ اشٹمی دوادشی چوتہہ چودش نومی اماوش پورنماشی تتہین زچہ کے غسل کیواسطے ممنوع ہین - نچھترون مین ریوتی اُترا بہادر پد اُترا کہاڈ - اُترا پہالگنی - روہنی مرگشر ہست سواتی اشنی - انرادہا غسل زچہ کے واسطے نیک ہین ؛

شوالہ باغ تالاب کنوان باوَلی دیو مندر بنانیکا مہورت

سورج اوترائن ہو مہینون مین ساون یا بیساکہہ یا اساڈہ یا پہاگن یا چیت یا اگہن نیک ہین سوائے منگل اور سنیچر اور اتوار کے اور سب دن نیک ہین - سوموار اور شکر اس کام کے واسطے نہایت ہی مبارک ہین چوتہہ نومی چودش اور رکتا تتہی کے علاوہ اور سب تتہان سعد ہین - نچھترون مین ہست - چترا - انرادہا - شروَن - ریوتی اشنی پنربس - روہنی - سواتی - دہنشٹا - ست بکہا - پوربا کہاڈ - اُترا کہاڈ - اُترا پہالگنی - اُترا بہادر پد مولا مرگشر مبارک نچھتر ہین - شبہ یوگ ہو لگن سنگہ کینا - برکہہ - متہن - مکر ہو ؛

شوالہ کنوان تالاب دیو مندر کے پرتشٹا کا مہورت

سورج اوترائین ہو۔ سوائے سنیچر منگل اتوار کے سب دن نیک ہین۔ پڑوا۔ چھٹہ۔ اشٹمی۔ دوادشی اماوش رکتا تتھی چھوڑ کر اور سب تتھان نیک ہین۔ نچھترون مین اترا ورا ست بکھا۔ اشلیکھا۔ بساکھا۔ بھرنی۔ کرتکا سعد ہین شبہ یوگ اور لگن استھر ہونا چاہیے؏

نیا کپڑا قطع کرانے یا پہننے کا مہورت

دنون مین چہارشنبہ پنجشنبہ جمعہ نیک ہین۔ تتھون مین دوج تیج پنچمی ستمی دسمی اکادشی دوادشی تیرودشی پورنماشی دونون پکش کی تتھان شبہ ہین۔ نچھترون مین اشنی۔ روہنی۔ پنربس۔ پکھہ۔ اترا پھالگنی۔ ہست چترا۔ سواتی۔ بساکھا۔ انرادہا۔ شرون۔ دھنشٹا۔ اترا کھاڑ۔ اترا بھادرپد۔ ریوتی سعد ہین۔ لوگون مین برود سدہ شیو اہندر نیک ہین۔ لگن مین۔ کینا۔ متھن۔ برکھہ عمدہ ہین عورتون کے لئے بھی یہی مہورت نیک ہے۔

مہورت استعمال ادویات مقوی وباہی وغیرہ

دنون مین دوشنبہ چہارشنبہ پنجشنبہ جمعہ نیک ہین۔ تتھون مین دوج تیج پنچمی ستمی دسمی تیرودشی مبارک ہین۔ نچھترون مین ہست چترا۔ اشنی۔ پنربس۔ مرگشر ریوتی۔ انرادہا۔ شرون۔ دھنشٹا۔ ست بکھا۔ مولا سعد ہین لگن دوسبہاؤ ہونا چاہیے۔

مہورت روگی اشنان یعنی غسل صحت

منگل سنیچر کو غسل صحت کرانا چاہیے۔ تتھون مین نومی چودش اچھی ہین۔ نچھترون مین اترا پھالگنی۔ اترا کہاڑ۔ اترا بھادرپد۔ روہنی۔ مگہا۔ شلیکھا مبارک ہین۔

مویشی کو خریدنا یا پہلی بار گھر مین لانا

یوم اتوار اور تتھہ چوتھہ نومی اشٹمی چودش ممنوع ہین۔ علاوہ ان کے اور سب دن اور تتھان نیک ہین نچھترون مین اترا کہاڑ۔ اترا بھادرپد۔ اترا پھالگنی۔ روہنی۔ پنربس۔ بساکھا شبہ ہین۔ اور ایک خاص بیان مویشی کے خرید و فروخت کے باب مین یہہ بھی ہے کہ یکشنبہ کو گھوڑا۔ دوشنبہ کو گدہا سہ شنبہ کو بھینس چہارشنبہ کو گائے اور بیل پنجشنبہ کو ہاتھی جمعہ کو بکری شنبہ کو اونٹ خریدنا منع ہے۔

مہورت قلبہ رانی وتخم ریزی

دنون مین سنیچر اور منگل اور تتھون مین چھتہ دوادشی دوج تیج اور رکتا تتھی کو قلبہ رانی نہ کرنی چاہیے۔ سوائے ان کے اور سب دن اور تتھان نیک ہین۔ نچھترون مین انرادہا۔ جیشٹا۔ مولا۔ پوربا کہاڑ۔ پنربس۔ پکھہ۔ سواتی۔ چترا۔ مگہا۔ ریوتی۔ اترا بھادرپد۔ اترا پھالگنی۔ شرون۔ اترا کہاڑ۔ شبہ ہین لگن متھن کینا مین برکھہ نیک ہین۔

مہورت مویشی کے فروخت کرنے کا

مویشی کے فروخت کرنیکے لئے اماوش۔ اشٹمی۔ پورنماشی چتردشی اور دنون مین اتوار اور نچھترون مین اترا کہاڑ۔ شرون۔ چترا۔ اترا بھادرپد۔ روہنی۔ اترا پھالگنی ممنوع ہین۔ اور سب تتھان دن اور نچھتر سوائے ان کے نیک ہین۔

مہورت ہاے متفرق

۱- ان نچھترون کا نام ادہومکھہ نچھتر ہے ان مین کنوان لگانا یا تالاب کھودنا روپیہ گاڑنا جوا کھیلنا نہایت مبارک ہے۔ نچھتر یہہ ہین۔ مولا۔ کرتکا۔ مگھا۔ بشاکھا۔ بھرنی۔ اشلیکھا۔

۲- ان نچھترون کو تیریج مکھہ کہتے ہین۔ گھوڑا ہاتھی۔ اونٹ۔ گدہا۔ بیل۔ بھینسا۔ گنا وغیرہ خریدنا ناؤ پانی مین ڈالنا۔ ہل چلانا۔ بہت عمدہ ہے نچھتر یہہ ہین۔ جیشٹا۔ پنربس۔ ہست۔ اشنی مرگشر انرادہا۔ سواتی۔ چترا۔

۳- ان کو اوردہ مکھہ نچھتر بولتے ہین۔ ان مین تعمیر مکان و کوٹ و دیوار و باغ لگانا اور راج تلک وغیرہ امور کو نیک ہین۔ نچھتر اوردہ مکھہ یہہ ہین۔ پکھہ۔ آردرا۔ سرون۔ اُتراپہاالگنی۔ اُتراپہادرپد۔ اُتراکہاڑ۔ سست بکھا۔ روہنی۔ دہنیشٹا۔

۴- ان کو دہورب نچھتر کہتے ہین۔ ان مین بیج بونا۔ مکان بنانا۔ باغ لگانا۔ راج گدی پر بیٹھنا۔ گاؤن آباد کرنا۔ اور دیگر امور ساکن عمدہ و نیک ہین دہورب نچھتر یہہ ہین۔ روہنی۔ اُتراکہاڑ۔ اُتراپہادرپد۔ اُتراپہاالگنی۔

۵- ان کا نام مردو نچھتر ہے ان مین علم موسیقی سیکھنا زیور و کپڑا پہننا لبی کرن کرنا وغیرہ وغیرہ کام مبارک ہین مردو نچھتر یہہ ہین۔ مرگشر۔ چترا۔ انرادہا۔ ریوتی۔

۶- ان کو لگھو نچھتر بولتے ہین ان مین دوکان کھولنا زیور کپڑا بنوانا۔ تیراندازی کشتی وغیرہ سیکھنا۔ دوائی بنانا وغیرہ وغیرہ نیک ہین۔ لگھو نچھتر یہہ ہین۔ اسنی۔ پکھہ۔ ہست

۷- ان کا نام تیکھن نچھتر ہے ان مین بھوت پریت وغیرہ کے دفعیہ کی تدبیر کرنا اور ڈاکنی وغیرہ کا منتر سیکھنا۔ موٹھہ چلانا۔ جادو کرنا بیل ناتھنا مارن و اچاٹن کرنا وغیرہ امورات نیک ہین۔ نچھتر یہہ ہین۔ آردرا۔ اشلیکھا۔ جیشٹا۔ مولا۔

۸- ان کو چر نچھتر کہتے ہین۔ ان مین گھوڑے۔ ہاتھی و ناؤ پر سوار ہونا۔ سیر کرنا۔ باغ مین جانا گاڑی پر چڑہنا وغیرہ امورات کو نیک ہین نچھتر چر یہہ ہین۔ پنربس۔ سواتی۔ سرون۔ دہنیشٹا۔ سست بکھا۔

۹- ان کا نام اوگر نچھتر ہے۔ اس مین اشٹ کام یعنے آگ مین جلانا۔ زہر دینا۔ قتل کرنا۔ ہتیار مارنا۔ اور دیگر امور غیر شرعی جایز ہین۔ اوگر نچھتر یہہ ہین۔ ہر سہ پوربا۔ و بھرنی۔ مگھا

۱۰- ان کو مصر نچھتر کہتے ہین۔ اس مین کارہاے متعلق بہ آتش یعنے ہون کرنا۔ تعویذ جلانا بھٹی یا پزاوہ لگانا مبارک ہے۔ نچھتر یہہ ہین۔ کرتکا۔ بشاکھا۔

قاعدہ جنم کنڈلی بنانے کا

اہل ہنود مین دستور ہے کہ بوقت پیدائش لڑکا یا لڑکی از روئے علم جوتش جنم کُنڈلی بنوائی جاتی ہے جس سے معلوم ہو جاتا ہے کہ اس بچہ کا مزاج ایسا ہوگا قسمت ایسی ہوگی جسم ایسا ہوگا عمر اتنی ہوگی۔ علاوہ ازین اُس کی آئندہ زندگی کے حالات نیک و بد بھی معلوم ہو جاتے ہین۔ جنم کنڈلی بنانے مین زیادہ تر پنڈتون کا محتاج ہونا پڑتا ہے۔ اس لئے فائدہ عام کے لئے ہم مفصل قاعدہ بنانے جنم کنڈلی اور چند امور ضروری اس جنتری مین درج کر دیتے ہین جس سے ہر ایک صاحب بوقت ضرورت خود جنم کنڈلی بنا سکتے ہین۔

اول بوقت پیدائش دیکھنا چاہیے کہ کتنی گھڑی دن گذرا ہے اور ہندی مہینے کی کون تاریخ ہے اُس روز کا نچھتر اور یوگ وتتھ معلوم کرے بعد ازان وقت مطلوب کا طالع وقت یعنے لگن معلوم کرنا چاہیئے (لگن معلوم کرنے کا قاعدہ سابق مین مذکور ہو چکا ہے)۔ پس جب لگن معلوم ہو جاوے۔ تب ایک زائچہ یعنے کنڈلی بارہ خانہ کی بصورت ذیل بناوین۔ جو لگن ہو اُس کو خانہ اول مین بجائے نام کے ہندسہ لکھین کل لگن بارہ ہین۔ شمار لگن میکھ سے ہوتی ہے۔ مثلاً تمہارا لگن متھن ہے تو ۳ کا ہندسہ خانہ اول مین لکھ کر باقی خانون کو مسلسل ۴-۵-۶-۷-۸-۹-۱۰-۱۱-۱۲-۱-۲ تک خانہ پوری کر دو۔ بعد ازان جنتری سال برتمان سے دیکھو کہ وقت مطلوب کے سیارے کس کس راس مین ہین جس جس راس مین سیارے ہون اونکو تیار کردہ کنڈلی مین اسی راس کے خانہ مین لکھ دو۔ پس یہ جنم کنڈلی تیار ہو جاوے گی۔



بنظر سہولت ایک مثال ذیل مین درج کی جاتی ہے۔ مثلاً ایک لڑکا ۱۹ جنوری سنہ ۹۷ء مطابق ۸ ماگھہ سمت ۱۹۵۳ کو ۹ گھڑی ۴ پل دن چڑھے پر پیدا ہوا ہے اُس کی جنم کنڈلی بنانی مطلوب ہے۔ پس اول بموجب قاعدہ دریافت لگن (جو سابق مین مذکور ہو چکا ہے) لگن استخراج کیا تو اس وقت لگن مین برتمان معلوم ہوا۔ جنتری سنہ ۹۷ء سے وقت مطلوب ۱۹ جنوری سے سیارگان کو معلوم کیا تو مندرجہ ذیل راسون مین موجود پائے۔ سورج۔ راہ۔ بدھ۔ مکر مین۔ شکر کمبھ مین۔ منگل برکھ مین۔ چندر ماں کیتو کرک مین۔ برہسپت سنگھ مین۔ سنیچر برچھک مین اور اُس روز تتھ ماگھہ بدی پڑوا ۵۴ گھڑی ۱۹ پل اور نچھتر پکھ ۱۳ گھڑی ۱۰ پل اور یوگ برہیت ۴۲ گھڑی ۵۹ پل دنمان ۲۵ گھڑی ۳۲ پل۔ مکر کے سورج۔ پس حسب قاعدہ زائچہ یعنے جنم کنڈلی بنا کر حسب ترتیب ذیل تحریر کرین۔

قاعدہ تحریر جنم کُنڈلی

اوم شری گنیش آئینہ ۸ ماہ ماگھہ شبھہ سمت ۱۹۵۳ شاکہا ۱۸۱۸ فصلی سمت ۱۳۰۴ ہجری سنہ ۱۳۱۴ عیسوی سنہ ۱۸۹۷ء روز منگل۔ ماگھہ بدی پڑواہ ۵۴ گھڑی ۱۹ پل پکھہ نچھتر ۱۳ گھڑی ۸ پل برہیت یوگ ۴۲ گھڑی ۵۹ پل دنمان ۲۵ گھڑی ۳۲ پل مکر کے سورج اشٹ یعنے وقت پیدائش ۹ گھڑی ۴ پل پر مین لگن مین بخانہ فلان ولد فلان کے لڑکا پیدا ہوا۔

جنم کنڈلی


۱
۲
۳
۴
۵
۶
۷
۸
۹
۱۱
۱۲
منگل
شکر
سورج بدھ
راہ
کیتو چندرمان
شنیچر
برہسپت

در بیان خانہای کنڈلی یعنی زائچہ کہ کس کس گھر سے کیا کیا حال دیکھا جاتا ہے

کنڈلی یعنے زائچہ کے بارہ خانہ ہوتے ہیں خانہ پوری اس کی جانب راست سے جانب چپ ہوتی ہے دوازدہ خانون کی تفصیل معہ نام ذیل میں درج کی جاتی ہے۔


۱ تن بھون
۲ دھن بھون
۳ بھراتری بھون سہج
۴ سوہر یعنے سکھ
۵ ست بھون
۶ ریپو بھون
۷ جایا بھون
۸ مرتیو بھون
۹ بھاگ بھون
۱۰ کرم بھون
۱۱ آیو بھون
۱۲ لے بھون

یہ مندرجہ بالا کنڈلی میں بارہ گھرون کے نام ہیں اب ہم ہر ایک گھر کی تفصیل جدا جدا لکھتے ہیں۔

(خانہ اول) سے تن اور جان صحت و تندرستی و صورت و سیرت رنگ و روپ رنج و راحت و بیماری و بلندی مرتبہ و بزرگی کا احوال دیکھا جاتا ہے۔

(خانہ دوم) اس کو دھن بھون کہتے ہیں اس خانہ مال معاش اور کسب اور دوکانداری خرید و فروخت نفع و نقصان اور رہن و دھاتو طلا و چاندی اور احوال چشم راست کا دیکھا جاتا ہے۔

خانہ سوئم اس کو بھراتری بھون کہتے ہیں۔ اس خانہ سے بھائی بہن خویش و اقارب نقل حرکت و بردباری وغیرہ کا احوال دیکھا جاتا ہے۔

خانہ چہارم اس کو سوہر یعنے سکھ بھون کہتے ہیں اس سے ماں باپ اور دفینہ و نفع نقصان از جانب دوست و سواری اسپ اور باغ اور زمین اور خرید و فروخت مکان اور کھیتی کرنا اور گاؤن اور مکانات اور باؤلیات کا بنانا اور روپیہ کا زیر زمین گاڑنا اور احوال پسلی و پیٹ کا دیکھا جاتا ہے۔

خانہ پنجم اس کو ست بھون کہتے ہیں اس سے علم اور فرزند اور شادی اور خوشی و تیزی عقل و حمل حاملہ و حال خاندان اور بیتی سنتان وغیرہ دیکھا جاتا ہے۔ نکتہ۔ اگر شکر اس گھر میں پڑا ہو تو علم حکمت حاصل ہو یا پیشہ عطاری یا کیمیاگری سے نفع اٹھائے اور ماہر فن نباتات یعنے بوٹیون کا جاننے والا ہو۔ اگر برہسپت اس گھر میں ہو تو شاستر خصوصاً علم جوتش کا جاننے والا ہو بشرطیکہ برہسپت صاحب خانہ ہو کر پانچویں پڑے۔

خانہ ششم اس کو ریپو بھون کہتے ہیں حال دشمن و بیماری و خوف و دہشت و زخم و شکار کھیلنا و سحر و جادو

چارپایہ گائے وبیل کا دیکھا جاتا ہے

خانہ ہفتم اسکا نام جایا بہون ہے اس سے حال استری وخانہ پدر وبیوپار اور مدعا علیہ ونکاح وغیرہ کا حال دیکھا جاتا ہے۔

خانہ ہشتم اس کا نام مرتیو بہون ہے اس سے حال موت وپنج وبیماری اسہال ودیگر بیماری ہاے مارگزیدن سانپ بچھو سگ وغیرہ وغیرہ وفتح وشکست جنگ وجدل اور حلیہ چور اور مال میراث اور چغلخور وغیرہ کا حال دیکھا جاتا ہے۔

خانہ نہم۔ اس کا نام بھاگ بہون ہے اس سے حال ترقی وتنزل نصیبہ اور بلندی مرتبہ وتیرتھ یاترا اور تعمیر چاہ وحوض وباولی اور سخاوت وعبادت کا احوال دیکھا جاتا ہے۔

خانہ دہم۔ اس کا نام کرم بہون ہے اور اسکو راج بہون بھی کہتے ہین۔ اس خانہ سے ترقی روزگار اور بلندی مرتبہ وتجارت وسلطنت وحکومت وباریدن باران ووزیدن ہوا سخت یعنے آندہی واحوال ارضی سماوی وغیرہ دیکھا جاتا ہے۔

خانہ یازدہم۔ اس کا نام آی بہون اور لابھہ بہون ہے اس سے لابھہ یعنے آمدنی وعمر وپیداوار غلہ وخرید وفروخت زمین اور کپڑا وسواری گاڑی گھوڑا ہاتی طلا ونقرہ وجواہرات کا احوال دیکھا جاتا ہے۔

خانہ دوازدہم۔ اس کا نام بے بہون ہے اس سے اخراجات وسوچ وفکر ونقصان اور بواہ اور دشمن وخلاصی محبوس وچارپایان وغیرہ کا احوال دیکھا جاتا ہے۔

بیان امتحان تولد لگن

جب مولود تولد ہو تب اُس کی جنم کنڈلی کا امتحان کر لینا چاہیے کہ آیا جنم کنڈلی درست ہے کہ نہین دانشمندان علم نجوم نے لکھا ہے کہ زائچہ یعنے جنم کنڈلی کو دیکھو۔ اگر سنیچر لگن مین یا منگل خانہ ہفتم مین ہو تو پدر مولود بوقت پیدائش گھر مین نہ ہوگا۔ اگر جنم لگن چر ہو تو بھی گھر مین نہ ہوگا۔ اگر چندرمان لگن کو بنظر کامل دیکھتا ہو یا شکر۔ بدھ۔ چندرمان ایک گھر مین پڑے ہون تو بھی پدر مولود گھر مین نہ ہونا چاہیے۔ اگر جنم لگن دوسبھاؤ ہو تو پدر مولود اپنے گھر کے نزدیک تصور کرین۔ دیگر اگر جنم لگن میکھہ یا برکھہ ہو تو مکان تولد پورب کے حصہ مین اگر دہن لگن ہو باجب کون مین اگر تلا یا برچھک لگن ہو پچھم کے حصہ مین اگر کینا لگن ہو نیرت کون مین اگر مکر یا کنبھ لگن ہو۔ اتر کے حصہ مین اگر مین لگن ہو تو ایشان کون مین پیدائش مولود ہونی چاہیے۔ دیگر جنم لگن سے چندرمان تک درمیان مین جس قدر ستارے ہون دلیل ہے کہ اسی قدر عورتین مکان تولد مین ہونگی۔ اگر کوئی ستارہ اپنے گھر کا ہو دوچند اگر خانہ شرف کا ہو تو سہ چند خیال کرنی چاہین۔ اگر بوقت پیدائش مین یا میکھہ لگن ہو تو دو عورتین اگر برکھہ یا کنبھ ہو تو چار عورتین اگر تلا یا کینا ہو تو سات عورتین اگر کرک یا دہن ہو تو پانچ عورتین۔ اگر متھن سنگہ برچھک مکر ہو تو تین عورتین نزدیک مولود کے ہون گی۔

نی ٹپا۔ بدھ سے عورت خوردسال شکر سے جوان برہسپت سے ضعیفہ منگل وسنیچر وراہ سے بیوہ خیال کرنی چاہیئن۔

امتحان چراغ۔ اگر بوقت پیدائش سورج چر لگن مین ہو تو چراغ کو حرکت ہوے۔ اگر استھر مین ہو تو چراغ کو حرکت نہین ہوی۔ اگر سورج دوسبہاؤ لگن مین ہو تو چراغ اکثر منتقل ہوتا رہے یعنے کبھی ہاتھہ مین اور کبھی طاق مین۔ بعد ازان بدستور بمقام سابق پر رکھا گیا۔

احکام خاصیت ہاے سیارگان دوازدہ خانہ جنم کنڈلی

خانہ اول۔ جاننا چاہیے کہ جنم کنڈلی مین اگر بدہ سے ساتوین گھر مین منگل واقع ہو تو صاحب کنڈلی دراز قد ہوگا اگر لگن کا مالک لگن مین واقع ہو تو بھی طویل قد ہوگا۔ اگر سنگہ لگن مین سورج بخانہ دوم اور چندرمان مکر لگن مین بخانہ سوم واقع ہون تو پستہ قد ہوگا اگر منگل لگن مین ہو تو ہمیشہ رکت پت کی بیماری مین مبتلا رہے۔ اگر چندرمان و برہسپت منگل کو دیکھتے ہون یا جنم لگن مین بدہ شکر و خانہ ہفتم مین منگل ہو تو بے شرم ہو اگر منگل و بدہ ایک جگہ واقع ہون یا صرف میکھہ لگن مین بدہ واقع ہو یا مالک خانہ نہم خواہ چہارم چھٹے خانہ مین واقع ہو یا ہشتم یا دہم خانہ کا مالک خانہ چہارم مین واقع ہو۔ یا راہو سنیچر و منگل ایک گھر مین واقع ہون تو صاحب زائچہ دغا باز مکار ہو۔ اگر مالک خانہ چہارم اپنے گھر مین یا خانہ شرف مین واقع ہو یا جنم لگن کو شکر و برہسپت دیکھتے ہون۔ تو راست باز دیانت دار ہو۔ اگر پیدائش شب مین سنیچر خانہ دہم مین واقع ہو تو بزدل ہو اگر جنم لگن یا بخانہ ہفتم منگل واقع ہو تو غصہ ور ہو۔ اگر جنم لگن سے بخانہ سوم کیت واقعہ ہو تو جھگڑالو ہو۔ اگر جنم لگن سے تیسرے گھر کا مالک بارہوین خانہ مین واقع ہو۔ یا چوتھے گھر کا مالک چھٹے خانہ مین ہو یا آٹھوین گھر کا مالک دوسرے خانہ ہو۔ یا منگل و بدہ قوی ہوکر خانہ ششم مین پڑے ہون یا منگل و بدہ جنم لگن مین واقع ہون تو چور ہو اور ہمیشہ چوریان کرتا رہے۔ اگر برکہہ یا استھن لگن مین شکر واقع ہو تو شہوت پرست ہو۔ اگر شکر کے گھر مین چندرمان واقع ہو تو کم شہوت ہو۔ اگر ساتوین گھر مین سورج واقع ہو تو زن پرست ہو۔ اگر جنم لگن مین چندرمان ہو اور سورج و برہسپت جنم لگن سے پانچوین گھر مین ہون تو نامرد ہو۔ اگر سورج بخانہ سنیچر جنم لگن سے ساتوین گھر مین واقع ہو یا کنبہ کے منگل بخانہ جنم واقع ہو۔ یا جنم لگن میکھہ ہو۔ اور شکر و سنیچر اس مین پڑے ہون تو اندہا ہو۔ اگر جنم لگن سے یا شکر سے پانچوین خانہ مین راہ پڑا ہو اور سورج اس کو دیکھتا ہو تو آنکھہ جاتی رہے۔ اگر جنم لگن سے چوتھے گھر مین شکر ہو اور بدہ و برہسپت خانہ دہم مین ہون تو ضرور اندہا ہو۔ اگر جنم لگن سے منگل خانہ پنجم مین ہو تو بے اولاد ہو۔ اگر اس کے ساتھہ برہسپت ہو تو ۳۰ سال کی عمر مین ایک لڑکا پیدا ہوے۔ اگر جنم لگن سے پانچوین گھر مین منگل اور شکر اور سنیچر ہون تو ۱۷ برس کی عمر مین کوئی عضو ناقص ہو جائے۔ اگر جنم لگن سے آٹھوین خانہ مین منگل ہو تو بیماری بواسیر سے قریب المرگ ہو جاوے۔ اگر جنم لگن سے آٹھوین خانہ مین برہسپت ہو تو نحوست کلی جنم کنڈلی کی دور ہو۔ اگر سنیچر ہو تو عمر دراز ہو۔ اگر جنم لگن کا مالک خانہ ۶ یا ۸ یا ۱۲ مین ہمراہ سورج کے ہو تو تاپ گنڈ کا روگ ہو۔ اگر منگل کے ہمراہ ہو تو ہتھیار سے زخمی ہو۔ اگر بدہ ہو تو پت کی بیماری

ہو۔ اگر برہسپت ساتھ ہو تو پیچش کی بیماری۔ اگر شکر ساتھ ہو تو کھانسی سے خون آوے۔ اگر جنم لگن مین چندرمان و برہسپت واقع ہون تو صاحب اقبال ہو۔ اگر جنم لگن مین برہسپت اور خانہ دہم مین چندرمان واقع ہو تو صاحب کنڈلی عابد و متقی و پرہیزگار ہو۔ اگر جنم لگن سے سورج بارہوین ہو تو آنکھ مین گل ہو۔ اگر جنم لگن سے سنیچر آٹھوین خانہ مین ہمراہ چندرمان ہو تو آزار درد شکم ہو۔ اگر جنم لگن کا مالک شکر یا میکھ لگن مین ہو۔ تو ہمیشہ صاحب کنڈلی بیمار رہے۔

احکام خانہ دوم۔ اگر بخانہ یازدہم بدھ و سنیچر باہم کرک لگن مین واقع ہون۔ یا سنگھ کے سورج و برہسپت جنم لگن مین واقع ہون۔ یا شکر صاحب خانہ ہو کر لگن مین ہو۔ اور سورج چندرمان اس کو دیکھتے ہون یا گیارہوین گھر کا مالک لگن مین اور لگن کا مالک دوسرے گھر مین اور دوسرے گھر کا مالک گیارہوین گھر مین واقع۔ یا دوسرے گھر مین سورج ہو اور سنیچر اسکو دیکھتا ہو یا بخانہ دوم سنیچر ہو اور بدھ اس کو دیکھتا ہو تو صاحب کنڈلی بسیار دولتمند ہو۔ اگر آٹھوین گھر کا مالک لگن مین و لگن کا مالک آٹھوین گھر مین واقع ہو یا ششم خانے کے مالک کے ساتھ دوسرے گھر کا مالک بیٹھا ہو تو تنگدست ہو۔ اگر تمام ستارے پہلے اور ساتوین اور بارہوین گھر مین پڑ جاوین تو صاحب کنڈلی کا تمام خاندان نیست و نابود ہو جاوے۔

احکام خانہ سوم۔ اگر مالک خانہ سوم لگن کا دوست ہو تو درمیان برادران محبت ہو۔ اگر سوم خانہ کا مالک خانہ ششم مین ضعیف ہو تو بھائی زندہ نہ رہین۔ اگر خانہ سوم مین سنیچر ہو اور منگل بنظر کامل دیکھتا ہو تو بھائی نہو۔ اگر برہسپت یا شکر دیکھتے ہون۔ تو بھائی ہون۔ اگر منگل تیسرے گھر مین ہو تو اگلا و پچھلا دونون بھائی صاحب کنڈلی کو ناقص ہون۔ اگر چندرمان سے دوسرے یا پانچوین گھر مین برہسپت ہو اور آٹھوین گھر مین کوئی ستارہ نہو تو صاحب کنڈلی ذلیل پیشہ سے گذر کرے۔ اگر سوم خانہ کا مالک خانہ ہشتم مین واقع ہو تو لکڑی و پھل وغیرہ کے بیوپار سے اوقات بسر کرے۔

احکام خانہ چہارم۔ اگر جنم لگن سے تیسرے گھر کا مالک ہمراہ چندرمان چھٹے خانہ مین واقع ہو تو دوسری عورت کا دودھ نوش کرے۔ اگر جنم لگن سے تیسرے یا ساتوین خانہ مین سورج اور جنم لگن مین منگل واقع ہو تو مادر فوت ہو جاوے۔ اگر برہسپت لگن مین سنیچر دوسرے یا تیسرے گھر مین واقع ہون۔ تو والدہ کا سکھ نہ ہو۔ اگر چندرمان لگن سے پنجم خانہ مین ہو تو راحت مادر نصیب ہو۔ اگر لگن سے چوتھے گھر کا مالک چھٹے گھر مین واقع ہو تو ملکیت برباد ہو۔ اگر آٹھوین گھر مین واقع ہو تو مکان از خود منہدم ہو جاوے اگر چہارم خانہ مین برہسپت ہو اور چہارم کا مالک ستارہ سعد کے ساتھ کسی خانہ مین بیٹھا ہو تو صاحب کنڈلی سردار خاندان ہو۔ اگر مالک خانہ چہارم ہمراہ صاحب خانہ یازدہم اور برہسپت جنم لگن مین ہو تو صاحب کنڈلی اسپ فیل کا مالک ہو۔

احکام خانہ پنجم۔ اگر لگن سے بدھ پانچوین گھر مین واقع ہو تو عالم ہو۔ اگر لگن سے دسوین گھر کا مالک لگن

مین ہو تو شاعر ہو۔ اگر بارہوین گھر کا مالک لگن مین ہو تو خوش کلام ہو۔ اگر پانچوین گھر کا مالک گیارہوین مین ہو تو عالم ہو۔ اگر جنم لگن مین چندرمان ہو اور سنیچر و منگل اسکو دیکھتے ہون تو جاہل مطلق ہو۔ اگر بدہ و شکر لگن سے دوسرے یا تیسرے گھر مین واقع ہون یا دوم خانہ مین کرک کے برہسپت ہو تو صاحب زائچہ علم مین ہوشیار ہو۔ اگر لگن سے خانہ پنجم مین راہ ہو اور منگل اُس کو دیکھتا ہو۔ یا سورج آٹھوین گھر مین اور سنیچر پانچوین گھر مین۔ اور پانچوین گھر کا مالک ہمراہ راہ کے واقعہ ہو یا بارہوین خانہ کا مالک لگن مین اور آٹھوین گھر کا مالک پانچوین گھر مین اور دسوین گھر کا مالک آٹھوین گھر مین واقع ہون۔ یا سورج لگن مین اور منگل پانچوین گھر مین واقع ہو تو بے اولاد ہو۔ اگر لگن مین سورج اور ساتوین سنیچر ہو یا سورج خانہ ہفتم و سنیچر خانہ دہم مین ہو اور برہسپت انکو دیکھتا ہو یا سنیچر و منگل خانہ ششم یا چہارم مین ہون تو حمل ساقط ہو جایا کرین۔ اگر بدہ و شکر و سنیچر بارہوین خانہ مین واقع ہون تو اولاد کا سکھ نہ ہو۔ اگر لگن سے پانچوین گھر میکھ یا برکھ یا کرک لگن مین راہ واقع ہو یا پانچوین گھر مین برہسپت ہو اور مالک جنم لگن اس کو دیکھتا ہو تو اولاد ہو۔

اگر چندرمان و منگل و شکر و سبھا و لگن مین ہون تو پہلے فرزند ہو۔

(نوٹ) خانہ پنجم کو جس قدر سیارے مذکر دیکھتے ہون اُسی قدر فرزند۔ جتنے مونث اُسی قدر دختر پیدا ہون اگر سنیچر و منگل چوتھے گھر مین واقع ہون تو صاحب کنڈلی کے فرزند نہ ہو کسی کو متبنٰی بناوے۔

احکام خانہ ششم۔ جنم لگن سے مالک خانہ ششم ہمراہ ستارہ نحس جنم لگن خواہ ہشتم خانہ مین واقع ہو تو جسم مین زخم کا داغ ہو۔ بجراحت ذیل سورج چھٹے گھر کے مالک کے ساتھ ہو تو سر مین۔ اگر چندرمان ہو تو منہ پر منگل ہو تو گلے مین برہسپت ہو تو ناف مین بدہ ہو تو سینہ مین شکر ہو تو چشم مین سنیچر ہو تو پاؤن مین راہ و کیت ہو تو پہنچی کے جسم مین نشان زخم ہونا چاہئے۔ اگر منگل جنم لگن مین برہسپت خواہ شکر ساتوین خانہ مین ہون تو سر مین زخم ہو۔ اگر جنم لگن سے چوتھے گھر مین منگل سنیچر برہسپت واقع ہون تو ہووے روگ یعنی مرض سینہ ہو جاوے۔ اگر جنم لگن سے نانوین گھر کا مالک خانہ ششم مین ہو۔ اور سورج اور راہ اس کو پورن نظر سے دیکھتے ہون تو دائم المریض کہنا چاہئے۔ اگر جنم لگن سے ساتوین خانہ مین راہ یا کیت خراب واقع ہون تو مرض شکم مین مبتلا ہے۔ اگر لگن مین برہسپت و راہ ہون تو مرض دندان کی شکایت ہوتی رہے۔ اگر لگن سے چھٹے گھر کا مالک خانہ سوم مین پڑ جاوے۔ تو ناف کی مرض کہنی چاہئے۔ اگر صاحب خانہ لگن ہمراہ سیارہ بدہ و منگل برج سنگھ مین بخانہ چہارم واقع ہو تو مرض مقعد یعنی بواسیر وغیرہ مین مبتلا رہے۔ اگر سنیچر و چندرمان جنم لگن مین واقع ہون تو سایہ جن و بھوت وغیرہ مین مبتلا ہو۔ اگر جنم لگن سے مالک خانہ ششم کا ہمراہ راہ و کیت کے کسی خانہ مین واقع ہو تو بخار چوتھیہ مین مبتلا رہے۔ اگر خانہ دوم مین سنیچر یا راہ واقع ہو تو مرض سنگرہنی کا عارضہ پیدا کرے۔ اگر سنیچر و منگل و چندرمان میکھ یا برکھ راس کے جنم کنڈلی مین واقع ہون تو سفید کوڑہ کی علامت ظاہر کرتے ہین۔ اگر لگن مین چندرمان اور بارہوین خانہ مین ماہ ہو یا دوسرے

گھر مین راہ و ساتوین گھر مین سورج واقع ہو تو بہی سفید کوڑہ مین مبتلا ہو۔ اگر مالک خانہ سوئم ہمراہ راہ کے جنم لگن مین واقع ہو تو سانپ سے خطرہ ہو۔ اگر مالک خانہ ششم منگل و سینچر کے ہمراہ واقع ہو تو خوف دزد و آتش کا پیدا کرے۔ اگر جنم لگن سے خانہ اول یا ہفتم یا ہشتم مین منگل زیر نگاہ سورج واقع ہو تو مرض پہوڑا یا پہنسی پیدا کرے۔ اگر برہسپت دہن یا مین راسی خانہ پانچوین مین واقع ہو تو خلل اولاد کا پیدا ہو۔ اگر جنم کنڈلی مین چندرمان منگل راس مین ہو۔ یا سورج کرک راس مین ہو اور ان سے ساتوین خانہ مین منگل ہو تو صاحب کنڈلی کی ایک آنکھ جاتی رہے یعنے کانا ہو۔

احکام خانہ ہفتم۔ اگر جنم لگن سے منگل و شکر ساتوین خواہ دسوین گھر مین واقع ہون یا چندرمان سے دسوین گھر مین شکر ہو یا دوسرے اور ساتوین گھر کا مالک دسوین خانہ کے مالک کے ساتھ دسوین گھر مین واقع ہون تو وہ شخص عیاش اور تماشبین ہو۔ اگر جنم لگن سے دوسرے گھر کا مالک تیسرے یا چوتھے گھر مین واقع ہو تو زانی ہو۔ اگر جنم لگن سے ساتوین گھر کا مالک ساتوین گھر مین۔ یا جنم لگن مین ہو تو عیاش ہو۔ اگر جنم لگن سے ساتوین گھر کا مالک بارہوین یا دوسرے گھر مین ہو تو میل ملاپ مستورات کا زیادہ رکھے۔ اگر منگل و راہ ساتوین گھر مین ہون۔ تو بعہ زوجہ بدکار ہو۔ اگر جنم لگن سے ساتوین یا بارہوین گھر مین بدہ ہو تو طوائفون کی صحبت مین زیادہ مشغول رہے۔ اگر ساتوین گھر مین سورج اور چوتھے گھر مین سینچر واقع ہو یا راہ ساتوین گھر مین اور منگل چوتھے گھر مین واقع ہو تو صاحب زائچہ حیوانون سے فعل بد کرے۔ اگر جنم لگن سے آٹھوین گھر کا مالک آٹھوین گھر مین یا جنم لگن مین یا ساتوین خانہ مین واقع ہو یا جنم لگن کا مالک چھٹے گھر مین واقع ہو تو دو شادیون کا یوگ ہوگا۔ اگر ساتوین گھر کا مالک آٹھوین گھر مین پڑا ہو تو عورت مریض و تندمزاج سے شادی ہو۔ اگر سینچر و بدہ خواہ سینچر و چندرمان ساتوین خانہ مین پڑے ہون تو دوبارہ شادی ہو۔ اگر ساتوین گھر کو برہسپت بنظر کامل دیکھتا ہو تو نیک عورت سے شادی ہو۔ اگر شکر واقع ہو تو بہی عورت نیک و ستیاب ہو۔ اگر جنم لگن سے ساتوین گھر کا مالک لگن کے قریب واقع ہو تو عہد طفلی مین شادی ہو۔ اگر جنم لگن مین سورج اور ساتوین خانہ مین سینچر واقع ہو تو صاحب کنڈلی کی عورت فوت ہو جاوے۔ اگر جنم کنڈلی مین چندرمان سے ساتوین گھر مین سینچر و منگل ہمراہ شکر کے واقع ہون بلا عورت کے رہے۔ اگر جنم لگن سے آٹھوین سینچر و چھٹے منگل و ساتوین راہ واقع ہو تو عورت زندہ نہ رہے۔ اگر جنم لگن مین سینچر و راہ واقع ہون۔ تو عورت کو طلاق دیوے یا گھر سے نکال دیوے۔ اگر شکر صاحب خانہ ششم کے ساتھ کسی گھر مین پڑ جاوے تو ہمیشہ عورت کے رنج مین رہے اگر خانہ چہارم مین چندرمان یا شکر مین راسی کے واقع ہون تو عورت ہلاک ہو۔ اگر جنم لگن سے شکر و بدہ ساتوین گھر مین ہون تو عورت زندہ نہ رہے۔ اگر منگل جنم لگن سے خانہ ہفتم مین واقع ہو تو رنڈیوگ ہوتا ہے یعنے عورت زندہ نہ رہے۔ اگر عورت کی جنم کنڈلی مین منگل خانہ ہفتم واقع ہو تو بیوہ ہو جاوے

احکام خانہ ہشتم۔ اگر جنم لگن سے آٹھوین گھر کا مالک آٹھوین گھر مین ہمراہ سینچر کے ہو۔ یا سینچر صاحب خانہ ہشتم

ہوکر خانہ ہشتم
ہشتم پڑا ہو یا مالک جنم لگن لگن مین اور نہم خانہ کا مالک خانہ نہم مین اور دہم خانہ کا مالک دہم خانہ مین پڑا ہو یا
سنیچر لگن مین یا نانوین خانہ مین پڑا ہو۔ اور چندرمان بارہوین یا نانوین گہر مین مگر سنیچر اور چندرمان کا
باہم ساتہہ نہ ہو یا لگن سے آٹہوین خانہ کا مالک لگن مین ہو اور برہسپت اور شکر اس کو دیکہتے ہون یا
جنم لگن سے چہٹے اور بارہوین گہر کے مالک باہم جنم لگن مین پڑے ہون۔ تو عمر دراز ہو۔ اگر جنم لگن سے دوسرے
گہر کا مالک ساتوین یا دسوین گہر مین اور برہسپت و شکر گیارہوین خانہ مین پڑے ہون۔ یا جنم لگن کا مالک
آٹہوین گہر مین ہو یا جنم لگن مین سنیچر و منگل و چہٹے گہر مین برہسپت و آٹہوین گہر مین چندرمان ہو
یا جنم کنڈلی مین سورج سنیچر منگل جنم لگن سے چہٹے یا آٹہوین گہر مین پڑے ہون۔ تو عمر کمتر ہو۔ اگر جنم کنڈلی
مین چندرمان و سورج ہر دو چہٹے یا آٹہوین خانہ مین پڑے ہون۔ یا چہارم خانہ مین منگل اور دہم خانہ مین
سنیچر پڑا ہو۔ یا منگل کے گہر مین سنیچر اور برہسپت کے گہر مین بدہ پڑا ہو تو حملہ شیر سے موت کا وقوعہ ہو۔ اگر جنم
لگن سے دسوین گہر مین سورج اور چوتہے گہر مین منگل اور آٹہوین گہر مین سنیچر پڑے ہون تو سانپ کے
کاٹنے سے موت ہو۔ اگر جنم لگن مین سنیچر اور لگن سے آٹہوین گہر مین چندرمان پڑا ہو تو سل سے موت ہو
اگر جنم لگن سے منگل و برہسپت دسوین گہر مین اور سورج ساتوین گہر مین پڑا ہو تو اسپ کے کاٹنے سے موت
ہو۔ اگر جنم لگن سے راہ بارہوین اور سورج آٹہوین گہر مین پڑا ہو تو تیرتہہ یا پہاڑ پر موت ہو۔ اگر جنم
لگن سے آٹہوین گہر مین سنیچر و منگل پڑے ہون تو پہانسی لے کر مرے۔ اگر جنم لگن سے برہسپت چوتہا ہو یا
دسوین بارہوین گہر مین پڑا ہو تو کسی تیرتہہ یا جائے متبرک پر موت ہو۔ اگر بدہ و سورج نانوین گہر
مین پڑے ہون تو اثنائے راہ یا بن یا شوالہ مین موت ہو۔ اگر جنم لگن سے خانہ چہارم کا مالک ہمراہ سنیچر کے
خانہ ششم مین پڑا ہو تو گاڑی یا گہوڑے کی سواری کے صدمہ سے موت ہو۔ اگر جنم لگن سے مالک خانہ
چہارم معہ راہ کے ششم خانہ مین پڑا ہو تو چور کے ہاتہہ سے موت ہو۔ اگر کیت کے ہمراہ خانہ ششم مین پڑے
تو ضرب آہنی سے موت ہو۔ اگر جنم لگن سے چندرمان ساتوین راہ چوتہے منگل دسوین گہر مین پڑے
ہون تو کنوین مین گرنے سے موت ہو۔ اگر جنم کنڈلی مین چندرمان مکر اور سنیچر کرک کا پڑے تو پانی مین
ڈوبنے یا پانی مین گرنے سے موت ہو۔ اگر جنم لگن سے منگل دسوین اور سورج چوتہے گہر مین ہو
اور سنیچر دیکہتا ہو تو ضرب چوب وغیرہ سے موت ہو۔ اگر جنم لگن سے نانوین گہر کا مالک لگن مین ہو۔ تو
تیرتہہ پر موت ہو۔ اگر جنم لگن سے بدہ و سنیچر آٹہوین گہر مین پڑے ہون تو قید خانہ مین موت ہو۔ اگر
منگل و سورج ہر دو بنظر کامل جنم لگن کو دیکہتے ہون تو سانڈ بیل کے حملہ سے راہی ملک عدم ہو۔ اگر سورج
و سنیچر لگن مین ہون اور راہ بنظر کامل ان کو دیکہتا ہو۔ تو درخت سے گر کے انتقال کرے۔ اگر جنم لگن سے
ششم خانہ مین چندرمان و بدہ پڑے ہون تو زہر سے موت ہو۔ اگر بدہ سورج آٹہوین گہر مین پڑے ہون
تو زہر یا آتش سے موت ہو۔ اگر سورج و منگل جنم لگن سے آٹہوین گہر مین پڑے ہون تو سر پہٹنے سے موت ہو

خانہ نہم۔ جنم لگن میں منگل ہو چندرمان ہو اور سنیچر ساتوین خانہ میں پڑا ہو۔ یا جنم کنڈلی میں سورج ہمراہ منگل کے نہ میں پڑا ہو تو بدکار ہو۔ اگر جنم لگن سے چوتھے گھر میں شکر و بدھ پڑے ہوں نانوین گھر کو برہسپت بنظر کامل دیکھتا ہو تو دہرما نیکوکار ہو۔ اگر جنم لگن سے ساتوین گھر میں سورج و چندرمان پڑے ہوں۔ اور انکو سنیچر بنظر کامل دیکھتا ہو۔ یا جنم لگن کا مالک ہمراہ منگل کے ہو۔ یا ساتوین گھر میں سنیچر پڑا ہو تو۔ ایسے شخص سے کبھی کوئی کام نیکی کا نہو ہر ایک سے بدی کرے اگر جنم لگن سے نانوین گھر کا مالک آٹھوین گھر میں پڑے تو کم نصیب ہو۔ اگر جنم لگن سے دوسرے گھر کا مالک گیارہوین میں پڑا ہو۔ اور دسوین گھر کا مالک اسکو دیکھتا ہو۔ تو مالدار صاحب ثروت ہو۔ اگر جنم لگن سے نانوین گھر کا مالک نانوین گھر میں اور دسوین گھر کا مالک دسوین گھر میں ہوں۔ تو صاحب حشمت و دولت سے مالامال ہو۔ اگر جنم لگن سے دوسرے گھر کا مالک نانوین گھر میں اور نانوین گھر کا مالک دوسرے گھر میں پڑا ہو تو دولتمند ذی عزت ہو۔ اگر نانوین گھر کا مالک گیارہوین گھر میں پڑے۔ تو دولتمند ہو۔ اگر جنم لگن سے گیارہوین گھر کا مالک گیارہوین گھر میں یا جنم لگن میں پڑا ہو۔ اور مالک خانہ دہم کی اسپر نگاہ ہو تو بسیار دولتمند ہو۔ اگر جنم کنڈلی میں سنیچر ساتوین گھر میں ہو تو بعد شادی کے قسمت کا ستارہ چمکے۔ اگر جنم لگن سے گیارہوین گھر کا مالک جنم لگن میں اور دوم گھر کا مالک گیارہوین گھر میں۔ اور نانوین گھر کا مالک دوسرے گھر میں زیر نگاہ مالک خانہ دوم کے واقعہ ہوں۔ تو قسمت کا ستارہ کمال بلندی پر ہو۔ اگر جنم لگن سے نانوین گھر کا مالک پانچوین گھر کو بنظر کامل دیکھتا ہو تو بباعث فرزند قسمت کا ستارہ طلوع ہو۔ اگر جنم لگن سے بارہوین خانہ میں سورج یا راہ پڑے ہوں۔ یا نانوین گھر کو برہسپت دیکھتا ہو خواہ بارہوین گھر میں پڑا ہو یا بدھ بارہوین گھر میں پڑا ہو۔ تو گنگا کا اشنان ہو۔ اگر جنم لگن سے نانوین اور دسوین گھر کے مالک باہم ایک گھر میں پڑے ہوں۔ سیاح ہو جنم کنڈلی میں جس گھر میں چندرمان ہو اس سے نانوین گھر کا مالک اگر لگن میں یا چوتھے یا ساتوین یا دسوین گھر میں پڑے۔ تو بڑے بڑے متبرک استھانون کی زیارت نصیب ہو۔ اگر جنم لگن سے نانوین گھر میں سورج ہو تو دانشمند و راست باز و نیکوکار ہو۔ اگر چندرمان ہو تو بختاور و نیکوکار ہو۔ اگر منگل ہو تو مالک اراضی ہو۔ اگرچہ بیمار رہے۔ اگر بدھ ہو نیک بخت و سخی ہو۔ اگر برہسپت ہو راج دربار میں عزت پاوے سخی ہو۔ اگر شکر ہو تو عابد و سخی ہو۔ اگر سنیچر ہو تو ہنرمند و صاحب روزگار ہو۔ اگر راہ و کیت ہو تو بد کردار کم نصیب ہو

خانہ دہم۔ اگر سورج صاحب خانہ جنم لگن ہو کر لگن میں یا خانہ دہم میں پڑے تو ملازمت امرا نصیب ہو۔ اگر جنم لگن کا مالک اور دسوین گھر کا مالک باہم ایک جگہ پڑے ہوں۔ یا جنم لگن کا مالک دسوین گھر میں اور دسوین کا مالک جنم لگن میں پڑا ہو۔ تو ذی مرتبہ صاحب روزگار ہو۔ اگر دسوین گھر کا مالک گیارہوین گھر میں پڑا ہو تو صاحب روزگار ہو۔ اگر جنم لگن سے چوتھے گھر میں برہسپت پڑا ہو۔ یا برہسپت لگن میں ہو۔ تو ملازمت رائگان حاصل ہو۔ اگر جنم لگن سے تیسرے گھر میں برہسپت اور چندرمان گیارہوین گھر میں پڑا ہو یا جنم لگن سنگھ ہو اور جنم میں منگل پڑا ہو۔ اور چندرمان پانچوین اور راہ بارہوین گھر میں پڑا ہو تو چراغ

خاندان ہو۔ اگر جنم لگن سے چھٹے و آٹھوین خانہ کے مالک ایک دوسرے کے گھر مین یعنی چھٹے گھر کا مالک آٹھوین۔ اور آٹھوین کا مالک چھٹے واقع ہو۔ تو بیتابی ہو۔ اگر جنم لگن سے چھٹے گھر مین برہسپت اور گیارھوین گھر مین چندرمان واقع ہو تاہم بھی بیتابی ہو۔ اگر جنم لگن سے سورج و منگل ہر دو دسوین گھر مین یا نائوین گھر مین پڑے ہون تو والد جلد ہی ملک عدم ہو۔ اگر سورج و منگل ہمراہ سینچر یا راہو کے ساتوین گھر مین پڑے ہون تو والد فوت ہو جاے۔ اگر ساتوین سورج دسوین منگل اور بارھوین راہو واقع ہو تو پدر فوت ہو۔ اگر جنم لگن مین برہسپت اور دوسرے گھر مین منگل و بدھ و سینچر پڑے ہون تو بوقت شادی والد کا انتقال ہو۔ اگر سینچر و منگل دسوین گھر مین پڑے ہون تو بھی والد فوت ہو۔ اگر جنم لگن سے مالک خانہ چہارم ہمراہ مالک خانہ دہم دسوین گھر مین واقع ہون تو پدر صاحب کنڈلی کا نامگار ہو۔ اگر چندرمان و سورج دسوین گھر مین پڑے ہون۔ تو والد صاحب کنڈلی کا پانی مین غرق ہو۔ اگر جنم لگن سے ششم خانہ مین یا دسوین خانہ مین منگل پڑے۔ تو پدر بعمر جوانی سولو برس کے انتقال کرے۔ اگر جنم لگن مین سنگھہ کا بدہ اور ساتوین گھر مین برہسپت اور چندرمان چوتھے گھر مین۔ اور شکر دسوین گھر مین پڑے ہون تو صاحب کنڈلی امیر مساوی راجہ کے ہو۔ اگر جنم لگن سے دسوین گھر کا مالک پانچوین گھر مین اور چوتھے گھر کا مالک دسوین گھر مین ہو اور نائوین گھر کا مالک انکو دیکھتا ہو۔ تو مسند نشین ہو۔ اگر جنم لگن سے چوتھے گھر مین برہسپت کرک کا پڑے اور منگل دسوین گھر مین ہو تو امیر کبیر ہو۔ اگر جنم لگن مین برہسپت اور دسوین گھر مین شکر ہو تو امیر یا مثل راجہ کے ہو۔ اگر جنم کنڈلی مین چھہ ستارے اپنی اپنی شرف مین واقعہ ہون۔ تو شہنشاہ والیے ولایت ہو۔ اگر تین ستارے شرف مین پڑے ہون۔ راجہ کا وزیر ہو۔ اگر پانچ ستارے شرف مین پڑے ہون تو راجہ بلکہ مہاراجہ ہونا چاہیئے۔ اگر جنم لگن مین سینچر تلا کا پڑے۔ اور چندرمان کرک لگن مین ہو تو راجہ یا امیر ہو۔

خانہ یازدہم۔ اگر جنم لگن مین گیارھوین گھر کا مالک واقع ہو تو صاحب کنڈلی ہمیشہ خوش رہے اگر چندرمان سے ساتوین خانہ مین شکر واقع ہو تو ہمیشہ مال و معاش سے آسودہ رہے۔ اگر جنم لگن سے شکر و برہسپت نائوین گھر کے مالک کے ساتھہ چوتھے یا گیارھوین گھر مین واقعہ ہون تو سواری حاصل ہو۔ صاحب ملکیت ہو۔ اگر جنم لگن سے نائوین و دسوین و گیارھوین گھر کے مالک باہم چوتھے گھر مین واقعہ ہون۔ تو صاحب مالک اسپ و فیل ہو۔ اگر دسوین گھر کا ستارہ شرف مین ہو اور مالک لگن اور نائوین گھر کا ستارہ اس کو دیکھتا ہو۔ تو صاحب جاہ حشمت ہو۔ اگر دوم خانہ کا مالک گیارھوین گھر مین واقعہ ہو۔ تو دولتمند صاحب عزت ہو۔ اگر جنم لگن سے چوتھے خانہ کا مالک جنم لگن مین ہمراہ شکر و برہسپت واقعہ ہو تو ہمیشہ سواری اسپ وغیرہ سے خوش رہے۔ اگر جنم کنڈلی مین کرک کا چندرمان اور تلا کا سینچر و سورج یا سینچر و برہسپت جنم لگن مین واقع ہون۔ تو عالی مرتبہ ہو۔ اگر کرک کے چندرمان اور سنگھ کے

سورج جنم کنڈلی مین واقع ہون تو صاحب جاہ حشمت و عالی مرتبہ صاحب حکومت ہو۔ اگر جنم لگن مین چندرمان اور ساتوین خانہ مین برہسپت و سورج سنگھ کے اور سنیچر بارہوین گھر مین واقع ہو تو مسند نشینی عالی مرتبہ ہو۔

خانہ دوازدہم۔ اگر جنم لگن سے بارہوین گھر کا مالک نوین گھر مین واقع ہو تو بدکردار ہو۔ اگر جنم لگن سے بارہوین گھر مین منگل و سنیچر واقعہ ہون تو بھائی کے ہاتھہ سے دولت ضائع ہو۔ اگر جنم کنڈلی مین ساتوین خانہ مین سنیچر اور ششم یا ہشتم خانہ مین چندرمان کا واقع ہو ہر طرح سے نقصان خیال کرنا چاہئیے۔ اگر جنم لگن سے بارہوین خانہ مین چندرمان ناقص النور ہوکر ہمراہ سورج کے واقع ہو تو صاحب کنڈلی کا تمام سرمایہ حاکم ضبط کرلے۔ اگر جنم لگن سے بارہوین گھر مین مالک جنم لگن واقع ہو اور دوسرے گھر مین کوئی نحس گرہ پڑا ہو اور دسوین گھر کے مالک کو گیارہوین گھر کا مالک دیکھتا ہو تو سخت قرضدار ہو زندگی مین کبھی قرضہ کی زیرباری سے سبکدوش نہ ہو۔ اگر جنم لگن سے دوسرے اور پانچوین نوین بارہوین گھر نحس گرہ واقع ہون تو صاحب کنڈلی قید ہو جاوے۔ اگر مالک جنم لگن اور صاحب خانہ ششم ہمراہ سنیچر کے پہلے یا چوتھے یا ساتوین یا دسوین گھر مین واقع ہو تو قید ہو جاوے۔ اگر جنم لگن سے بارہوین گھر کا مالک بارہوین گھر مین پڑے تو صاحب کنڈلی صاحب زراعت اور مالک مویشیان کثیر کا ہو۔ اگر جنم لگن سے سورج بارہوین گھر مین ہو تو لاغر جسم اور مریض چشم و کم دولت ہو۔ اگر چندرمان ہو امراض بلغمی مین اکثر حیران رہے اور تنگدست ہو۔ اگر منگل ہو تو مریض و بدکار ہو۔ اور دو شادیان کرے۔ اگر بدھ ہو تو بدکار و جاہل۔ اگر برہسپت ہو تو کم عقل و مریض ہو۔ اگر شکر ہو تو فربہ جسم شیرین کلام۔ اگر سنیچر ہو تو مریض و ممسک و بخیل ہو۔ اگر راہو و کیت ہو تو بدمذہب اور خانہ بدوش ہو۔

عمر جوگ کا بیان

اگر جنم کنڈلی مین لگن کا مالک قوی ہو کر خانہ ۱-۴ یا ۷ یا ۱۰ مین پڑا ہو اور نیک ستارے اسکو دیکھتے ہون تو ۱۲۰ برس کی عمر ہوگی۔ اگر سنیچر لگن مین ہو اور چندرمان خانہ ۹ یا ۱۲ مین پڑا ہو تو ایک سو سال کی عمر ہونی چاہئیے۔ اگر مالک لگن سے یا چندرمان سے کوئی ستارہ آٹھوین خانہ مین نہ پڑا ہو اور برہسپت شکر جنم کنڈلی مین بلوان یعنے طاقتور ہون وہ تو ایک سو بیس برس کی عمر ہو۔ اگر آٹھوین گھر کا مالک کیندر مین نربل ہو اور مالک جنم لگن کیندر مین ہو تو ۳۰ برس کی عمر ہو۔ اگر مالک جنم لگن اور آٹھوین گھر کا مالک دونون خانہ ہشتم مین پڑے ہون تو ۲۷ سال کی عمر ہو۔ اگر جنم لگن مالک آٹھوین گھر مین اور آٹھوین گھر کا مالک جنم لگن مین ہو تو پانچسال کی عمر ہو۔ اگر چندرمان جنم لگن مین اور سورج آٹھوین یا بارہوین گھر مین ہو اور برہسپت گیارہوین گھر مین ہو اور بدھ دسوین یا چھٹے گھر مین ہو تو عمر پچاس برس کی ہو۔ اگر سورج سنیچر جنم لگن سے خانہ ۱ یا ۴ یا ۱۰ مین ہون اور منگل لگن مین ہو تو عمر ۲۰ برس کی ہو۔ اگر جنم کنڈلی مین میکھہ برکھہ تلا راسی مین منگل ہو اور کرک مین سورج تو ایک سال کی عمر ہو۔ اگر جنم کنڈلی مین خانہ ہشتم کوئی نیک ستارہ نہ ہو اور مالک جنم لگن خانہ ۶ یا ۸ یا ۱۲ مین ہو تو ۳۰ سال کی عمر ہو۔

چوری گئے ہوئے مال کا احوال معلوم کرنا

جب کسی کا مال گم ہوجاوے یا چوری چلا جاوے تو چاہئیے کہ نقشہ ذیل پر کسی نابالغ لڑکے سے یا کسی اجنبی شخص سے جسکو حال معلوم نہو چوری کسی خانہ پر انگلی رکھوائے جس خانہ میں وہ انگلی رکھے جو عدد اُس خانہ میں ہوں اُنکو فی نفسہ ضرب دیوے بعد ازان حاصل ضرب کو آٹھ پر تقسیم کرے۔ خارج قسمت کو محفوظ رکھے باقی کو نگاہ کرے کیا بچا ہے۔ اگر چار باقی رہیں تو گوشہ پچھم و دکھن۔ اگر پانچ باقی رہیں تو اُتر۔ اگر چھ باقی رہیں تو گوشہ پورب و دکھن۔ اگر سات باقی رہیں تو دکھن ہے۔ اگر برابر تقسیم ہوجاویں تو گوشہ اُتر پچھم کی طرف مال دزد بردہ ہے اُسی طرف تلاش کرنا چاہیئے۔ بعد ازان جو خارج قسمت ہے اُس کے دو حصہ کرے۔ اگر برابر دو حصہ ہوجاویں تو چیز دزد بردہ دستیاب ہو۔ اگر عدد طاق ہو یعنی برابر دو حصے کے عدد نہ ہوں تو اشیاء مذکور کے ملنے کی اُمید کم جانئے بعد ازان عدد خارج قسمت کو باقی القسمت سے ضرب دیوے حاصل ضرب کو ۹ سے تقسیم کرے۔ خارج قسمت اگر طاق ہو تو چور مرد ہے۔ اگر جفت ہو تو چور عورت ہوگی۔ یا عورت کی سازش سے چوری ہوئی۔ اگر ۹ کی تقسیم سے باقی ۱ یا ۲ یا ۳ رہیں تو چور طفل ہے۔ اگر ۴ یا ۵ یا ۶ رہیں تو چور جوان ہوگا۔ اگر ۷ یا ۸ یا صفر یعنے برابر تقسیم ہوجاوے تو چور ضعیف العمر ہو۔ بعد ازان عدد خارج قسمت جو ۹ کی تقسیم سے پیدا ہوئے ہیں معہ اعداد باقی القسمت جو ۹ کی تقسیم سے بچے ہیں۔ باہم ضرب دیوے اور ۲۸ سے تقسیم کرے۔ باقی جو رہے اُس کو نقشہ میں دیکھے جو حروف مندرجہ نقشہ میں ہو۔ وہ حروف سرنام اسم دزد جس نے مال لیا ہے ہوگا۔ مگر لقب پر لحاظ نہ ہوگا۔ اصلی نام پر اعتبار کیا جائے گا۔

بعد اس کے خارج قسمت ۲۸ کو ۴ پر تقسیم کرے۔ اگر باقی ایک رہے تو مال بہت نزدیک ہے۔ اگر دو رہے تو کس قدر فاصلہ پر اندر محلہ یا موضع کے مال موجود ہے۔ اگر تین باقی رہے تو دوسرے محلہ یا موضع میں مال چلا گیا ہے۔ اگر برابر تقسیم ہوجاوے تو مال بہت دور و دراز چلا گیا ہے۔ ملنا دشوار ہے۔

نقشہ انگلی رکھوانے اور حرف اسم نکالنے کا

الف ۱	د ۴	ص ۱۸	غ ۱۹	ل ۲۳	و ۲۶	ی ۲۸
د ۸	ب ۲	ذ ۰	ض ۱۵	ف ۲۰	م ۲۴	ہ ۲۷
ص ۱۴	ذ ۹	ت ۳	ز ۰	ط ۱۶	ق ۲۱	ن ۲۵
غ ۱۹	ض ۱۵	ر ۱۰	ث ۴	ز ۰	ظ ۱۷	ک ۲۳
ل ۳	ف ۲۰	ط ۱۶	ذ ۱۱	ج ۵	س ۰	ع ۱۸
و ۲۶	م ۲۴	ق ۲۱	ظ ۱۷	س ۱۲	ح ۶	ش ۰
ی ۲۸	ہ ۲۷	ن ۲۵	ک ۲۲	ع ۱۸	ش ۱۳	خ ۷

انسان کی مختلف عمرون مین کس تعداد سے نبض چلتی ہے

دل کی حرکت پیدا ہونے کے وقت سے لیکر پیری تک کم ہوتی چلی جاتی ہے اور کہتے ہین:- کہ پیری مین پھر کچھ بڑہنے لگتی ہے

پیدا ہونے سے پہلے اوسط تعداد نبض کے چلنے کی ہے فی منٹ			۱۵۰
تولد ہونے کے بعد	۱۴۰	سے	۱۳۰
پہلے سال مین	۱۳۰	"	۱۱۵
دوسرے سال مین	۱۱۵	"	۱۰۰
تیسرے سال مین	۱۰۰	"	۹۰
ساتوین سال کے قریب	۹۰	"	۸۵
چودہوین سال کے قریب	۸۵	"	۸۰
جوانی مین	۸۰	"	۷۰
پیری مین	۷۰	"	۶۰
کہولت انحطاط کے وقت	۷۵	"	۶۵

اناث مین ذکور کی نسبت سے ۱۴ سال تک نبض بہت تیز چلتی ہے۔ مگر چھوٹے بچون مین اس فرق کی تمیز نہین ہوسکتی۔ گرم چاء یا پانی پینے سے نبض کی تیزی بڑہتی ہے اور سرد پینے سے کم ہوتی ہے۔ اگر بدن پر زیادہ گرم کپڑے پہن لئے جائین۔ تو نبض قریباً بحساب فی منٹ دس مرتبہ اور بڑھ جاتی ہے۔ جاگنے کی بہ نسبت سونے مین ہر شخص کی نبض سست ہوجاتی ہے

سیارات کی دوری آفتاب سے بحساب میل انگریزی

نام سیارہ	فاصلہ	رفتار فی گھنٹہ
عطارد	۳۶۰۴۱۴۶۸	۱۰۹۶۹۹
زہرہ	۶۸۸۹۱۴۸۶۰	۸۰۲۹۵
زمین	۹۵۱۷۳۱۳۷	۰
مریخ	۱۴۵۰۱۴۱۴۸	۵۵۲۸۷
مشتری	۴۹۴۹۹۰۹۷۶	۲۹۰۸۳
زحل	۹۰۷۹۵۶۱۲۰	۲۲۱۰۱
قمر	۰	۲۲۹۰

ہم لوگ ایک ساعت مین ۶۸۲۱۷ میل زمین کے ساتھ ہوا مین چلے جاتے ہین و ایسی تیز حرکت سے بالکل بیخبر ہین

جنتری برآورد تنخواہ ایک روپیہ ماہوار سے دس ہزار روپے تک

تنخواہ	۲۸ یوم			۳۰ یوم			۳۱ یوم			تنخواہ	۲۸ یوم			۳۰ یوم			۳۱ یوم		
	روپیہ	آنہ	پائی	روپیہ	آنہ	پائی	روپیہ	آنہ	پائی		روپیہ	آنہ	پائی	روپیہ	آنہ	پائی	روپیہ	آنہ	پائی
عہ	۰	۰	۷	۰	۰	۶	۰	۰	۶	للعے	عہ	۶	۱۰	عہ	۵	۴	عہ	۴	۸
عا	۰	۱	۲	۰	۱	۱	۰	۱	۰	لہللعے	عہ	۷	۵	عہ	۵	۱۰	عہ	۵	۲
ے	۰	۱	۹	۰	۱	۷	۰	۱	۷	للعہ	عہ	۸	۰	عہ	۶	۵	عہ	۵	۸
للعہ	۰	۲	۳	۰	۲	۲	۰	۲	۱	للعے	عہ	۸	۷	عہ	۶	۱۱	عہ	۶	۳
صہ	۰	۲	۱۰	۰	۲	۵	۰	۲	۷	لالعے	عہ	۹	۲	عہ	۷	۶	عہ	۶	۹
سے	۰	۳	۵	۰	۳	۲	۰	۳	۱	للعہ	عہ	۹	۹	عہ	۸	۰	عہ	۷	۳
معہ	۰	۴	۰	۰	۳	۹	۰	۳	۷	للعے	عہ	۱۰	۱	عہ	۸	۶	عہ	۷	۹
سے	۰	۴	۷	۰	۴	۳	۰	۴	۴	للعے	عہ	۱۰	۱۰	عہ	۹	۱	عہ	۸	۳
لعہ	۰	۵	۲	۰	۴	۱۰	۰	۴	۸	للعے	عہ	۱۱	۵	عہ	۹	۷	عہ	۸	۹
عسے	۰	۵	۹	۰	۵	۴	۰	۵	۲	للعے	عہ	۱۲	۰	عہ	۱۰	۴	عہ	۹	۳
لہعسہ	۰	۶	۳	۰	۵	۱۰	۰	۵	۸	صے	عہ	۱۲	۷	عہ	۱۰	۸	عہ	۹	۱۰
عسہ	۰	۶	۱۰	۰	۶	۵	۰	۶	۲	صعہ	عہ	۱۵	۱	عہ	۱۳	۴	عہ	۱۲	۵
بہعسے	۰	۷	۵	۰	۶	۱۱	۰	۶	۹	سے	۶	۲	۳	۶	۰	۰	عہ	۱۵	۰
للعہعسہ	۰	۸	۰	۰	۷	۹	۰	۷	۳	صے	۶	۵	۴	۶	۲	۸	۶	۱	۶
صعسہ	۰	۸	۷	۰	۸	۰	۰	۷	۵	معے	۶	۸	۰	۶	۵	۴	۶	۴	۲
عسہ	۰	۹	۲	۰	۸	۶	۰	۸	۳	معہ	۶	۱۰	۱۰	۶	۸	۰	۶	۶	۹
معسے	۰	۹	۹	۰	۹	۱	۰	۸	۹	لہ	۶	۱۳	۹	۶	۱۰	۸	۶	۹	۲
مہعسے	۰	۱۰	۳	۰	۹	۷	۰	۹	۳	لے	ے	۷	۷	۶	۱۳	۴	۶	۱۱	۱۰
لعوعسے	۰	۱۰	۱۰	۰	۱۰	۲	۲	۹	۱۰	لعے	ے	۱۳	۵	ے	۰	۰	۶	۱۴	۵
عسہ	۰	۱۱	۰	۰	۱۰	۸	۰	۱۰	۴	صعہ	ے	۶	۳	ے	۲	۸	۶	۱۱	۱۰
لہعسہ	۰	۱۲	۰	۰	۱۱	۴	۰	۱۰	۱۰	ماہی	ے	۹	۲	ے	۵	۴	ے	۳	۷
عسہ	۰	۱۲	۷	۰	۱۱	۹	۰	۱۱	۴	مہی	معہ	۲	۳	ے	۱۰	۸	ے	۷	۳
بہعسہ	۰	۱۳	۲	۰	۱۲	۳	۰	۱۱	۱۰	سار	عسہ	۱۱	۵	عسہ	۰	۰	لعہ	۱۰	۱۰
للعوعسہ	۰	۱۳	۹	۰	۱۲	۱۰	۰	۱۲	۵	اکار	بلعہ	۴	۷	عسہ	۵	۴	عسہ	۱۴	۵
صعسہ	۰	۱۴	۳	۰	۱۳	۴	۰	۱۲	۱۱	صمار	عسہ	۱۳	۹	عسہ	۱۰	۸	عسہ	۱۰	۱
عسے	۰	۱۴	۱۰	۰	۱۳	۱۰	۰	۱۲	۱۵	سمار	عسہ	۶	۱۰	عسہ	۰	۰	عسہ	۵	۰
معسہ	۰	۱۵	۵	۰	۱۴	۵	۰	۱۳	۱۱	لمار	عسہ	۰	۰	عسہ	۵	۴	بسہ	۹	۳
مہعسہ	عہ	۰	۰	۰	۱۴	۸	۰	۱۴	۵	لما	عسہ	۹	۲	عسہ	۱۰	۸	عسہ	۱۲	۱۱
لعوعسہ	عہ	۰	۷	۰	۱۵	۶	۰	۱۵	۰	لعمار	بہسہ	۲	۳	سہ	۰	۰	عسہ	۰	۶
سہ	عہ	۰	۴	عہ	۰	۰	۰	۱۵	۰	السرر	بسہ	۱۱	۵	بسہ	۵	۴	بسہ	۴	۲
لہسہ	عہ	۱	۲	عہ	۰	۰	۰	۱۵	۶	لہعسررر	بسعہ	۴	۱۰	بسہ	۱۰	۸	بسہ	۸	۳
عسہ	عہ	۲	۳	عہ	۱	۱	عہ	۰	۶	سمسرر	ماہ	۲	۳	ما	۰	۰	لعہ	۱۲	۵
بہسہ	عہ	۲	۱۰	عہ	۱	۷	عہ	۱	۰	للعسرر	ماعہ	۳	۹	ماسہ	۵	۴	ماسہ	۶	۶
للعوسہ	عہ	۳	۵	عہ	۲	۲	عہ	۱	۷	صمسہرر	بہ	۹	۲	مارسہ	۱۰	۸	مالسہ	۲	۸
صسہ	عہ	۴	۰	عہ	۲	۸	عہ	۲	۱	سمسہرر	ماہ	۴	۰	مار	۸	۰	ماسہ	۸	۹
سہ	عہ	۴	۷	عہ	۳	۲	عہ	۲	۷	معسرر	ماہ	۱۱	۹	مار	۵	۳	ماسہ	۱۱	۱۱
معسہ	عہ	۵	۲	عہ	۳	۹	عہ	۳	۱	مہسرر	مالہ	۱۱	۶	مار	۵	۴	ماسہ	۱	
مہسہ	عہ	۵	۹	عہ	۴	۳	عہ	۳	۷	لعسرر	ماہ	۶	۱۰	مار	۰	۰	مالعہ	۵	۱۱
لیہ	صعس					عہ	عہ صا///
بار	صعاس					صہ	صہ صا///
اصہ	صعہ					موعہ	صو///
ہا	عہ					للعہ	للعہ///
اصہ	للعہ					صلعہ	صہ///
اصہ	للعہ					صولعہ	صہ///
اسا	للعہ					صہ	الہ///
صا	صہ						

رسوم رجسٹری کی مندرجہ ذیل فہرست جدید ایکٹ نمبر ۳ سنہ ۱۸۷۷ع (ایکٹ رجسٹری ہند) دفعہ ۷۸ کے بموجب مرتب ہوئی جناب نواب گورنر جنرل بہادر ہند کے حضور سے منظور ہو کر اطلاع عام کیلئے مشتہر کی جاتی ہے۔

جناب نواب لفٹنٹ گورنر بہادر اعلان فرماتے ہین کہ جو رسوم اس فہرست مین مندرج ہے دستاویزون اور امور مندکرہ بابت یکم اپریل سنہ ۱۸۸۹ع سے لی جاینگی۔

مد اول دستاویزونکی رجسٹری کیواسطے

(۱) بہی نمبر ۱ رجسٹری دستاویزات وغیرہ وصیتی متعلقہ جایداد وغیرہ منقولہ جبکہ رجسٹری دفعہ ۱۷ کے بموجب لازمی ہو . . . ۔ ے

جبکہ رجسٹری دفعہ ۱۸ کے بموجب اختیاری ہو . . . . عصہ

(۲) بہی نمبر ۳ و رجسٹری وصیت نامجات و اختیار نامجات ثبت . . . عصہ

(۳) بہی نمبر ۲ و رجسٹری متفرقہ . . . . . . للعہ

مد دوم واسطے تلاش مطالب کے بہی جات مین اول گذشتہ یا اوسکی جزو کی بابت . . . . عہ

ہر ماہ بعد گذشتہ یا اوسکے جزو کی بابت . . . . ۔ ۃ

مد سوم واسطے تیاری یا عطای نقول وجوہات خارجی بہی جات یا دستاویزات کے مثل رجسٹری یا بر وقت رجسٹر یا بعد رجسٹری

تنبیہ (الف) جب رجسٹری سے انکار کیا جائے تو رجسٹری اور نقل کی رسوم نہ لیجائے و نقول وجوہ رجسٹری سے عطا کی جاینگی وہ ہوتی ہین جو رجسٹری سے انکار کرنیکی صورت مین اوس شخص کی درخواست پر دیجاتی ہین جو تکمیل کنندہ دستاویز ہو یا اوس دستاویز کے رو سے منصب عوداری رکہتا ہو جیسا کہ دفعہ ۷۶ مین تجویز ہوئی۔

تنبیہ (ب) جب نقل کیواسطے درخواست کرنے پر دفعہ ۵۷ کے بموجب تلاش کی ضرورت ہو تو اوس رسوم کے علاوہ جو رسوم کی بموجب واجب الادا ہے رسوم متذکرہ مد دوم بہی لیجائینگی۔

تنبیہ (ج) عہدہ داران سرکاری جو درحقیقت سرکاری مطالبہ کیغرض سے رجسٹرون کا معائنہ کرنا یا اونکی شدرجات کے نقول لینا چاہین اونکی مد دوم و سوم کی رسوم نہ لیجائینگی درصورتیکہ صاحب رجسٹرار ضلع اس امر کی تصدیق کر دیوین کہ وہ بات صرف سرکاری اغراض کیلئے مطلوب ہے۔

زائد رسوم

مد چہارم۔ واسطے رجسٹری کے حسب دفعہ ۳۰

(۱) جبکہ رجسٹری رجسٹرار ضلع کی تجویز سے ضمن الف کے بموجب ہو للعہ

(۲) جبکہ رجسٹری رجسٹرار ضلع لاہور کی تجویز سے ضمن (ب) بموجب ہو عـہ

تنبیہ اس مد کی رسوم زائد وصیت نامجات و اختیار نامجات ثبت کی رجسٹری کیواسطے واجب الادا ہوگی۔

اور نہ وہ ایسی صورت میں لیجائیگی جنہیں سب رجسٹرار اس سبب سے کہ اوسکو معاملہ مین روپیہ کا تعلق ہو یا وہ اوس زبان سے ناواقف ہے جسمین وثیقہ لکہا گیا ہو یا کسی اور وجہ سے خود رجسٹری نہ کرسکتا ہو۔

مد پنجم۔ اجرا دے کمشن اور لوگونکے مکان سکونت پر جانیکے واسطے۔

(۱) جبکہ بیماری یا ضعف جسمانی کی بابت سارٹیفکیٹ قابل اطمینان پیش کیا جائے یا جبکہ وہ شخص جسکے اظہار لینے ہون جیلخانہ مین محبوس ہو

(ب) تمام اور صورتون مین . . . . . عـہ ۵

تنبیہ اس رسوم کے علاوہ سفر خرچ بشرح مندرجہ ذیل اوس مناسب کے بابت لیا جائیگا۔ جو فی الواقع قطع کیگئی ہو بشرطیکہ مقام مقصود رجسٹری کے دفتر سے ۱ میل سے زیادہ فاصلہ پر ہو سرکاری ملازمان کی صورت مین اون شرطونکے مطابق جو مجموعہ خرچ عہدہ داران سول مین تجویز ہوئی ہے۔

یہ تمام عہدہ داران رجسٹری کنندہ کی صورت مین اور نیز اہل کمیشن کیصورت مین بشرطیکہ اہل کمیشن مقرر کئے گئے ہون ۵ فی میل بسواری ریل اور ۴ فی میل براہ سڑک۔

مد ششم واسطے داخلے کرنے ترجمون کے . . عہ

مد ہفتم۔ سربمہر وصیت نامون کے امانتاً داخل کرنے اور پہر لینے اور کہولنے کے واسطے۔

(۲) جبکہ دستاویز دفعہ ۴۴ کے بموجب پہر لیجائے . . عـہ

(۳) جبکہ دستاویز دفعہ ۵۴ کے بموجب کہولی جائے . . للعہ

تنبیہ۔ جو وصیت نامے دفعہ ۵۴ کے بموجب کہولی جاتین اونکی بہی نمبر ۱ مین تعمیل کرنیکی بابت مد رسوم کی نقل کی سوائی کوئی اور رسوم نہ لیجائینگی۔

مد ہشتم۔ واسطے تصدیق مختارنامہ متذکرہ دفعہ ۳۳ کی عـہ

مد نہم جب دفعہ ۳۸ کے بموجب کسی شخص کی اجرای اور تعمیل کی درخواست گذرے تو شخص مطلوب کا طلبانہ اور خرچہ اس شرح سے جو صوبہ کی عدالتہای دیوانی کیواسطے مقرر ہے اوس شخص سے لیا جائیگا جسکی استدعا یا جس کی جانب سے درخواست گذرے اور درخواست کے نام بہیجا جائیگا لیکن جب شخص مطلوب وہ شخص ہو جس نے دستاویز تحریر کی تعمیل کی ہو۔ تو اوس کو خرچہ نہ دیا جائیگا

تتمہ دوسرا ضمیمہ ایکٹ نمبر ۲ سنہ ۱۸۸۶ عیسوی انکم ٹیکس

پہلا خانہ	دوسرا خانہ
آمدنی کا باب	ٹیکس کی شرح
	حصہ (۴) آمدنی کے اور ابواب
کوئی باب آمدنی کا جو اس ضمیمہ کے حصہ (۱) یا حصہ (۲) یا حصہ (۳) مین داخل نہین ہے	الف۔ اگر تشخیص سالانہ آمدنی کی صمار پانسو روپیہ سے کم نہو مگر معاصہ سے کم ہو تو ٹیکس عہ روپیہ معاصہ سے کم نہو مگر الف ررر سے کم ہو تو ٹیکس دعہ روپیہ الف ررر روپیہ سے کم نہو مگر الفٹ ررر سے کم ہو تو ٹیکس عدہ روپیہ الفٹ ررر سے کم نہو مگر الف صما ررر سے کم ہو تو ٹیکس ماعہ روپیہ الف صما ررر سے کم نہو مگر الف معاصہ ررر سے کم ہو تو ٹیکس صعہ روپیہ الف معاصہ ررر سے کم نہو مگر اعہ ررر سے کم ہو تو ٹیکس عللعہ روپیہ۔ ب) اگر تشخیص سالانہ آمدنی کی دو ہزار روپیہ یا اوس سے زیادہ ہو تو آمدنی پر فی روپیہ ۵ پائی

انتخاب محصول ڈاکخانجات ہند

(۱) پوسٹ کارڈ ۳ پائی واپسی پوسٹ کارڈ ۶ پائی (۲) چھٹی نصف تولہ تک ۶ پائی ایک تولہ تک ۱ر اس سے زیادہ کیلیے ہر فی تولہ یا تولہ کی کسر پر ۱ر اور بیرنگ پر دو چند اور رجسٹری پر ۲ر زاید کے ٹکٹ چسپان کرنے چاہیے (۳) پیکیٹ جو کہ ہر دو گوشہ کشادہ ہو ۱۰ تولہ تک ۶ پائی اس سے زیادہ پر فی دس تولہ یا دس تولہ کی کسر پر ۶ پائے ۲ر زیادہ لگانے پر رجسٹری ہو سکتی ہے (۴) اخبارات جنکا محصول مینیجر اخبار کیطرف سے ۳ ماہ کا پیشگی ڈاکخانہ مین داخل ہو تو ۳ تولہ تک ۳ پائی ۳ تولہ سے زیادہ کیلیے بموجب حساب پیکیٹ (۵) پارسل ۲۰ تولہ تک ۴ر چالیس تولہ تک ۸ر اس سے زیادہ پر ہر چالیس تولہ یا چالیس تولہ کی کسر پر ۴ر خواہ بیرنگ ہو (۶) بیمہ علاوہ محصول مقرر کے پچاس روپیہ تک ۲ر اور سو روپیہ تک ۳ر آگے سو روپیہ کے

کسر پر ۴؍ (۷) منی آرڈر دس روپیہ تک ۲؍ پچیس روپیہ تک ۴؍ اور آگے دس کی کسر پر ۲؍ اور ۶۰۰ روپیہ تک منی آرڈر ہو سکتا ہے اور ایک ہی تاریخ مین ایک ہی شخص کے نام چار قطعہ چھہ سو کے بھیج سکتا ہے زیادہ نہین بھیج سکتا (۸) ویلیو پی ایبل یعنے قیمت طلب پکیٹ یا پارسل بشرح حسب محصول معمولی پکیٹ و پارسل روانہ ہو سکتا ہے۔ لیکن بروقت بھیجنے کے فرستندہ کو یہ احتیاط رکھنی چاہیے اگر قیمت طلب پکیٹ یا پارسل دس روپیہ کا ہو تو فارم ڈاک خانہ مین دس روپیہ پر ۲؍ درج کرے اگر پچیس کا ہو تو پچیس روپیہ پر ۴؍ درج کرے اور پچیس سے زیادہ ہو تو پچیس یا پچیس کی کسر پر ۴؍ زاید لکھے بموجب حساب منی آرڈر کے (۹) سیونگ بنک مین ہر شخص خواہ مرد ہو یا عورت یا بالغ ہو ۴؍ سے لیکر ۲۰۰ روپیہ تک ایک سال مین ڈاک خانہ مین جمع کرا سکتا ہے اور سود اسکا چھہ روپیہ پیسہ پائی ماہواری ۴؍ فیصدی کے حساب سے ڈاک خانہ سے روپیہ جمع کنندگان کو ملے گا۔

ہندوستان سے انگلینڈ کا محصول

خط آدھے اونس پر ۲۰؍ پوسٹ کارڈ ۱؍ اخبار پانچ تولہ تک ۰؍ پیکیٹ ۲ اونس پر ۱۰؍ پارسل فی پونڈ ۸؍ منی آرڈر فی دو پونڈ ۴؍ پانچ پونڈ کے ۸؍ ۷ پونڈ کے ۱۲؍ ۱۰ پونڈ کا عصر علی ہذا القیاس

مختصر قواعد تار برقی

محصول خبر غیر معمولی تار برقی جو مابین اوقات کام دفتر ٹیلیگراف بغرض روانگی وقت شب کے پیش کیجائے اور جو اونکی منزل مقصود پر اول وقت صبح آئندہ کو مقصود ہو آٹھ لفظ تک ۸؍ زائد فی لفظ ۱؍ محصول غیر معمولی جو مابین اوقات کام دفتر ٹیلیگراف کی جائے آٹھ لفظ تک عصر آٹھ سے زیادہ فی لفظ ۲؍ محصول خبر ضروری۔ جو مابین اوقات کام دفتر ٹیلیگراف کے فوراً روانہ کیجائے۔ آٹھ لفظ تک ع آٹھ لفظ سے زیادہ فی لفظ ۴؍

محصول خبر واسطے طبع اخبار ۳۲ لفظ تک اگر غیر ضروری خبر ہے تو آٹھ آنہ اگر معمولی خبر ہے تو عصہ اگر ضروری ہے تو عہ تار برقی انگلینڈ چٹاگام یا اوس سے پیچھے کے شہروں سے انگلینڈ کو اگر تار دیا جائے بشرطیکہ ترکی درہ سے ہو تو فی لفظ ۱۱ ر ہونگے اور اگر طہران یا شہر سوبز کی راہ سے ہو تو فی لفظ ۱۲ ر ہونگے اور یہہ محصول تبدیل بھی ہو جاتا ہے اگر کوئی شہر کیجانب چٹاگام سے ہو گا فی لفظ ۲ ر زائد ہونگے —

کرایہ فاصلہ اسٹیشن وار نارتھ ویسٹرن ریلوے پنجاب و سندھ ریلوے ڈویژن لپشاور سے

نام اسٹیشن	فاصلہ از لاہور تا کراچی میل انگریزی	کرایہ از لاہور تا کراچی	نام اسٹیشن	فاصلہ از لاہور تا کراچی میل انگریزی	کرایہ از لاہور تا کراچی	نام اسٹیشن	فاصلہ از لاہور تا کراچی میل انگریزی	کرایہ از لاہور تا کراچی	نام اسٹیشن	فاصلہ از لاہور تا کراچی میل انگریزی	کرایہ از لاہور تا کراچی
مسلسل اسٹیشن مابین لاہور و کراچی			مظفر آباد	۰	۰	خیرپور	۴۲۹	[illegible]	پھلجی	۵۹۴	[illegible]
لاہور اتصال	۰	۰	شیر شاہ	۲۱۸	[illegible]	میرپور ماتھیلو	۴۳۸	[illegible]	دادو	۶۰۴	[illegible]
میانی میر مغربی	۴	[illegible]	بچ	۲۲۲	[illegible]	سرحد	۴۴۶	[illegible]	خدا آباد	۰	۰
کاہنا کاچھا	۱۳	۰۲ ر	جھک	۰	۰	گھوٹکی	۴۵۳	[illegible]	بھان	۶۱۶	[illegible]
رائیونڈ اتصال	۲۶	۱۵ ر	شجاع آباد	۲۳۲	[illegible]	مہیسر	۴۶۲	[illegible]	بوبک روڈ	۶۲۲	[illegible]
کوٹ رادھا کشن	۳۴	۰۶ ر	گیلاوالہ	۲۳۶	[illegible]	پانو عاقل	۴۶۹	[illegible]	سیہوان	۶۲۹	[illegible]
چھانگا مانگا	۴۴	[illegible]	بیران پور	۰	۰	سانگی	۴۰۷	[illegible]	باگا تھوڑا	۰	۰
پتوکے	۵۲	[illegible]	لودھران	۲۶۱	[illegible]	روہڑی	۴۸۸	[illegible]	تلٹی	۶۴۰	[illegible]
وان رادھا رام	۶۰	[illegible]	آدم وان	۲۶۷	[illegible]	سکھر	۴۹۱	[illegible]	آمری	۶۴۹	[illegible]
ست گہرہ	۷۱	[illegible]	آدم وان سلہ برج	۲۷۰	[illegible]	شاہ پور	۰	۰	سن	۶۲۲	[illegible]
اوکاڑہ	۸۰	۱۵ ر	بہاولپور	۲۷۱	[illegible]	باگرجی	۴۹۹	[illegible]	مانجھند	۶۶۳	[illegible]
گمبر	۸۸	[illegible]	سماسٹہ	۲۷۹	[illegible]	رک مقام اتصال	۵۰۶	[illegible]	گونبگ	۶۸۱	[illegible]
یوسف والہ	۹۷	[illegible]	کلانچ والہ	۰	۰	مدیجی روڈ	۵۱۸	[illegible]	بڈاپور	۶۹۱	[illegible]
منٹگمری	۱۰۴	[illegible]	مبارک پور	۲۹۲	[illegible]	ناحرت	۰	۰	انار پور	۰	۰
ہڑپہ	۱۱۶	[illegible]	احمد پور	۳۰۱	[illegible]	نندیرو	۵۲۷	[illegible]	پٹیارو	۷۰۳	[illegible]
چیچاوطنی	۱۲۹	[illegible]	چنی گوٹھ	۳۱۵	[illegible]	ماہیوتہ	۰	۰	کوٹری	۷۱۷	[illegible]
کسووال	۱۳۹	[illegible]	چودھری	۳۲۷	[illegible]	لاڑکانہ	۵۳۹	[illegible]	بہلاری	۷۲۳	[illegible]
چنون	۱۵۰	[illegible]	فیروزہ	۳۴۱	[illegible]	باکرانی روڈ	۵۴۷	[illegible]	میٹنگ	۷۳۵	[illegible]
کچا کھوہ	۱۶۲	[illegible]	خانپور	۳۵۵	[illegible]	ڈوکری	۰	۰	جھم پیر	۷۴۷	[illegible]
خانیوال	۱۷۱	[illegible]	کوٹ سماہہ	۳۶۹	[illegible]	پاڈیہی	۵۵۸	[illegible]	جنگ شاہی	۷۶۷	[illegible]
رشیدہ	۱۸۷	[illegible]	رحیم یار خان	۳۸۲	[illegible]	رادھن	۵۷۰	[illegible]	رن پٹھانی	۰	۰
ٹاٹی پور	۱۹۵	[illegible]	صادق آباد	[illegible]	[illegible]	بالی شاہ	۰	۰	دابھجی	۷۸۶	[illegible]
ملتان شہر	۲۰۷	[illegible]	ولہر	۴۰۶	[illegible]	سیتا روڈ	۵۸۱	[illegible]	پیپری	۷۹۷	[illegible]
ملتان چھاؤنی	۲۰۸	[illegible]	ریتی	۴۱۷	[illegible]	پیارو گوٹھ	۰	۰	لاندھی	۸۰۵	[illegible]

بلیر	۰	۰
تہل	۰	۰
کراچی چھاؤنی	۸۱۸	۰۹؍ لعہ
کراچی شہر	۸۲۰	لعہ ؍

سلسلہ ٹرین درمیان پشاور وچھاؤنی دہلی

	کرایہ از پشاور وچھاؤنی	
پشاور چھاؤنی		۰
پشاور شہر	۳	۰؍
گڑھی سردار	۶	۱؍
تارو	۱۱	۲؍
پبی	۱۴	۰۲؍
نوشہرہ تحصیل	۲۳	۴؍
نوشہرہ	۲۷	۵؍
اکوڑا کھٹک	۳۵	۰۶؍
جہانگیرا روڈ	۴۰	۰۷؍
خیر آباد	۴۴	۸؍
پل اٹک	۴۷	۰۸؍
کیمبل پور روڈ	۵۵	۱۰؍
لارنس پور	۶۴	۱۲؍
برہان	۶۹	۱۳؍
حسن ابدال	۷۹	۱۴؍
سرائے کالا	۸۵	عہ؍
سنگ جالی	۰	۰
گولڑا اتصال	۹۶	۲عہ؍
راولپنڈی	۱۰۵	۰۴عہ؍
راولپنڈی کچہری	۰	۰
سوہان	۱۱۱	۰۶عہ؍
روات	۱۱۸	۷عہ؍
مندرا	۱۲۷	۰۸عہ؍
گوجر خان	۱۳۶	۰۹عہ؍
کساگیوال	۱۴۲	۰۱عہ؍
سوہاوا	۱۴۸	۰۲عہ؍
ترکی	۱۵۳	۰۳عہ؍
دومیلی	۱۵۷	۰۳عہ؍
دینا	۱۶۴	۰۴عہ؍
جہلم	۱۶۸	عہ؍
کڑیالہ	۱۸۰	عہ؍
کھاریاں	۱۸۶	۳عہ؍
لالہ موسیٰ اتصال	۱۹۶	۰عہ؍
گجرات	۲۰۸	۷عہ؍
کٹھیالہ	۲۱۲	عہ؍
وزیر آباد اتصال	۲۱۶	عہ؍
گکھڑ	۲۲۶	عہ؍
گوجرانوالہ	۲۳۶	۰عہ؍
کاموکے	۲۴۹	عہ؍
مریدکے	۲۶۱	۱؍ ےعہ
شاہدرہ	۲۷۳	؍ ےعہ
بادامی باغ	۲۷۶	۰؍ ےعہ
لاہور اتصال	۲۷۸	؍ ےعہ
میاں میر مشرقی	۲۸۱	۰؍ ےعہ
جلو	۲۸۸	۶؍ ےعہ
واگا	۰	۰
اٹاری	۲۹۵	؍ ےعہ
خاصہ	۳۰۲	۰؍ ےعہ
امرتسر اتصال	۳۱۰	؍ ےعہ
جنڈیالہ	۳۲۲	۰۱۲؍ ے
مجیاری	۳۳۰	۱۴؍ ے
بیاس	۳۳۶	۱۵؍ ے
مشرقی کنارہ	۳۳۸	۰۱۵؍ ے
ہمیرہ	۳۴۶	۱؍ للعہ
کرتار پور	۳۵۰	؍ للعہ
جالندھر شہر	۳۵۹	۳؍ للعہ
جالندھر چھاؤنی	۳۶۲	؍ للعہ
چہیڑو	۳۶۷	۰؍ للعہ
پھگواڑہ	۳۷۳	۰۵؍ للعہ
گورایا	۳۷۸	۷؍ للعہ
پھلور	۳۸۶	۰۸؍ للعہ
لدھیووال	۳۸۹	۹؍ للعہ
لدھیانہ	۳۹۲	۱۰؍ للعہ
ساہنیوال	۴۰۴	؍ للعہ
دوراہا	۴۰۸	۰۱۲؍ للعہ
چاوا	۴۱۵	؍ للعہ
کھنا	۴۲۱	۱۵؍ للعہ
سرہند	۴۳۲	۱؍ صہ
سرائے بنجارہ	۴۴۴	۰؍ صہ
راجپورہ اتصال	۴۴۸	۴؍ صہ
شمبھو	۴۵۴	۵؍ صہ
انبالہ شہر	۴۶۰	۶؍ صہ
انبالہ چھاؤنی اتصال	۴۶۵	؍ صہ
کیسری	۴۷۲	۰؍ صہ
برارہ	۴۸۰	۱۰؍ صہ
مصطفےٰ آباد	۴۸۶	۱۱؍ صہ
جگادھری	۴۹۷	؍ صہ
سرساوا	۵۰۷	۱۵؍ صہ
سہارنپور اتصال	۵۱۵	۰؍ سے
ناگل	۵۲۶	۰؍ سے
دیوبند	۵۳۷	۰؍ سے
روہانہ	۵۴۴	۶؍ سے
مظفرنگر	۵۵۱	؍ سے
منصور پور	۵۵۹	۰؍ سے
کھتولی	۵۶۵	۱۰؍ سے
سردھنہ	۵۷۶	۱۲؍ سے
میرٹھ چھاؤنی	۵۸۳	۱۳؍ سے
میرٹھ شہر	۵۸۶	۱۴؍ سے
محی الدین پور	۵۹۳	۵؍ سے
بیگم آباد	۵۹۸	؍ معہ
مرادنگر	۶۰۴	۱؍ معہ
غازی آباد اتصال	۶۱۴	؍ معہ
دہلی شاہدرہ	۶۲۳	؍ معہ
دہلی	۶۲۷	۵؍ معہ

سندھ ساگر شاخ کرایہ از لالہ موسیٰ

لالہ موسیٰ	۰	۰
جوڑا	۸	۱؍
ڈنگہ	۱۵	۰۲؍
چیلیانوالہ	۲۱	۴؍
بہاؤالدین	۲۹	۰۵؍
آلہ	۳۵	۰۶؍
ہریہ	۳۹	۷؍
ملکوال اتصال	۴۵	۰۸؍
میانی	۵۴	۱۰؍
حصاپور	۰	۰
بھیرہ	۶۳	۰۱۱؍

ملکوال اتصال	۴۵	۰۸؍
ہرنپور اتصال	۵۱	۰۹؍
کھیوڑہ	۶۰	۱۱؍

ہرن پور	۵۱	۹؍
پنڈ دادنخان	۵۷	۰۱۰؍
گول پور	۶۴	۱۲؍
للہ	۷۶	۱۴؍
ڈھاک	۹۱	۱؍ عہ
راجو	۹۴	۰؍ عہ
سندرال	۰	۰
خوشاب	۱۰۴	۰۳؍ عہ
ہڈالی	۱۱۴	۰۵؍ عہ
مٹھا ٹوانہ	۰	۰
گنجیال	۱۳۱	۰۸؍ عہ
وان بھچراں	۱۴۴	۱۱؍ عہ
کندیان	۱۵۷	۰۱۴؍ عہ
آلو والی	۰	۰
پپلاں	۱۷۰	؍ عہ
کلورکوٹ	۱۸۳	؍ عہ
شاہ عالم	۱۹۵	۰۴؍ عہ
دریا خان	۲۰۹	؍ عہ
بھکر	۲۲۰	؍ عہ
بہال	۲۳۵	۱۲؍ عہ
کردر	۲۴۹	۰؍ عہ
دوراما	۲۵۸	۰؍ ے
لیہ	۲۶۶	۳؍ ے
کوٹ سلطان	۲۸۰	؍ ے

داپرہ دین پناہ	۲۹۲	[illegible]
کوٹ ادو	۳۰۰	۸/
سناواں	۳۱۰	۱۰/
محمود کوٹ اتصال	۳۱۹	۱۱/
غازی گھاٹ	۳۳۰	۱۴/
محمود کوٹ	۳۱۹	۱۲/
مظفر گڑھ	۳۳۵	۱۳/
چناب مغربی	۳۴۰	۱۵/
شیر شاہ	۳۴۵	لعہ
مظفر آباد	۰	۰
ملتان چھاؤنی	۳۵۶	لعہ
ملتان شہر	۳۵۷	لعہ ۲/

فیروزپور شاخ کرایہ از رائے ونڈ

رائے ونڈ	۰	۰
راجہ جنگ	۳	۰/
رکن والہ	۸	۰۱/
قصور	۱۶	۳/
گنڈا سنگھ والا	۲۳	۴/
حسینی والہ	۲۹	۵/
فیروزپور شہر	۳۱	۰۵/
فیروزپور چھاؤنی	۳۳	۶/

خوشحال گڑھ شاخ کرایہ از خوشحال گڑھ

لنگر	۲۰	۲/
بند سلطان روڈ	۲۱	۴/
بسال	۲۵	۰۴/
چھونترہ	۳۴	۰۶/
گگن	۴۲	۸/
فتح جنگ	〃	۰۹/
تقبال	۵۷	۱۰/
گولڑا اتصال	۶۱	۱۳/
راولپنڈی	۶۹	۱۴/

کرایہ از وزیرآباد تا طوی جہان

وزیرآباد اتصال	۰	۰
سودھرا	۷	۱/
بیگووالہ	۱۱	۲/
سمبڑیال	۱۶	۳/
اگوکی	۲۱	۴/
سیالکوٹ	۲۷	۰۵/
ڈالووالی	۲۹	۰۵/
سوجیت گڑھ	۰	۰
رینرنگ پور	۴۰	۰۷/
میراں صاحب	۰۰	۰۰
ستواری چھاؤنی	۴۶	۸/
طوی جہان	۵۱	۰۹/

کرایہ از طوی تا وزیرآباد

طوی جہان	۰	۰
ستواری چھاؤنی	۳	۰/
میراں صاحب	۰	۰
رینرنگ پور	۱۱	۲/
سوجیت گڑھ	۰	۰
ڈالووالی	۲۲	۴/
سیالکوٹ	۲۵	۰۴/
اگوکی	۳۱	۰۵/
سمبڑیال	۳۶	۰۶/
بیگووالہ	۴۰	۰۷/
سودھرا	۴۵	۰۸/
وزیرآباد اتصال	۵۱	۰۹/

پٹھانکوٹ کرایہ از امرتسر

ویرکہ	۵	۱/
کتھونگل	۱۲	۲/
جنتی پور	۱۸	۰۳/
بٹالہ	۲۴	۰۴/
چھینا	۳۱	۰۵/
دھاریوال	۳۶	۰۶/
سوہل	۳۸	۷/
گورداسپور	۴۴	۸/
دیناںگر	۵۱	۰۹/
جھکولاڑی	۵۸	۱۱/
سرنہ	۶۴	۰۱۱/
پٹھانکوٹ	۶۷	۰۱۲/

سندھ پیشن سیکشن کرایہ از چمن تا کوئٹہ

چمن	۰	۰
سنزل	۱۲	۳/
شالا باغ	۱۹	۴/
قلعہ عبداللہ	۲۹	۷/
گلستان	۳۴	۹/
سید حمید	۴۵	۱۱/
سرانا	۵۲	۱۳/
یارو	۶۰	۱۵/
بوستان اتصال	۶۷	[illegible]
کچلاک	۷۴	۰/
بلیلی	۸۰	[illegible]
کوئٹہ	۸۸	[illegible]

از کوئٹہ تا چمن

کوئٹہ	۰	۰
بلیلی	۸	۲/
کچلاک	۱۴	۰۳/
بوستان اتصال	۲۱	۵/
یارو	۲۹	۷/
سرانا	۳۶	۹/
سید حمید	۴۳	۰۱۰/
گلستان	۵۱	۱۲/
قلعہ عبداللہ	۵۹	۰۱۴/
شالا باغ	۶۹	[illegible]
سنزل	۷۶	[illegible]
چمن	۸۸	[illegible]

کرایہ از کوئٹہ تا رک مقام اتصال

کوئٹہ	۰	۰
بلیلی	۸	۲/
کچلاک	۱۴	۰۳/
بوستان اتصال	۲۱	۵/
کہنائی	۳۱	۰۷/
فلرنہ کسپ	۳۷	۹/
کچھ	۴۵	۱۱/
درگانج	۵۲	۱۴/
مانگی	۵۹	۰۱۴/
ڈسگی	۶۴	عہ/
کھوسٹ	۷۲	[illegible]
شاہرگ	۸۲	[illegible]
ناقس	۹۱	[illegible]
ہرنائی	۹۵	[illegible]
سناری	۱۰۵	[illegible]
سپینتا نگی	۱۱۴	[illegible]
گندالوجل	۱۱۹	[illegible]
کوہ جالی	۱۳۶	[illegible]
بابر کچھ	۱۴۴	[illegible]
مقدوری	۱۴۰	[illegible]
ناڑی	۱۴۸	۵/
سبی	۱۵۶	۷/
مٹھیری	۱۶۸	[illegible]
لنڈنے	۱۸۰	۰۱۱/
بیل پٹ	۱۹۶	۱۴/
نساکی	۲۱۴	۲/
ٹمپل ڈیرہ	۲۳۰	۵/
جھٹ پٹ	۲۴۵	[illegible]
جیکب آباد	۲۵۳	[illegible]
عابد	۰	۰
ہکابجران	۲۶۶	۱۱/
سلطان کوٹ	۰	۰
شکارپور	۲۷۹	۱۴/
جامرا	۰	۰
رک اتصال	۲۸۹	لعہ

حیدرآباد امرکوٹ شاخ کرایہ از شادی پلی

شادی پلی	۰	۰
میرپور خاص	۱۴	۰۳/
ٹانڈو الہیار	۳۳	۶/
کھیسانو	۴۰	۰۷/
ٹانڈو جام	۴۹	۰۸/
ٹانڈو ہارو	۰	۰
حیدرآباد سندھ	۵۶	۰۱۰/
گدو بندر	۵۵	۱۱/
کوٹری بندر	۵۹	۱۲/

ماڑی شاخ کرایہ از کندیان

کندیان	۰	۰
میانوالی	۹	۰۱/
سمندوالہ	۰	۰
پائی خیل	۲۲	۴/
داؤد خیل	۰	۰
ماڑی	۳۶	۰۶/

[illegible]

[illegible]

علم قیافہ

دماغ انسان

حکیمون کا اسپر اتفاق ہی کہ دماغ ایک جزو اعظم جسم کا ہی جسکی وسیلہ سے تمام قوتین اور طاقتین انکی ظاہر ہوتی ہین اور انکی متعدد قوتین ہین ہر ایک کا ظہور دماغ کے خاص جزو پر منحصر ہی اور قوتونکی حسب مقدار ہر شخص مین اُس کے دماغ کا بھی مقدار اُسپر ہوتا ہی وہی مخصوص جزو دماغی اس قوت کا آلہ کہلاتا ہی دماغ کے اندر جو بہت سے آلے ہین اُن کی کثرت کی وجہہ ثبوت یہ ہے۔

ایک تو جس طرح کہ جسم کے اندر اور مرکب آلے باقاعدہ لگے ہین اور اُن کا ہر ایک جزو اپنا اپنا خاص کام دیتا ہے جیسے کہ نظام الہضم کہ جسمین معدہ اور جگر وغیرہ آلے اپنے جدا جدا افعال و آثار کیوجہ سے غذا کو ہضم کرتے ہین اور ثفل و فضل کو باہر کرتے ہین اسی طرح سے اس کے بھی آلے مقرر ہین۔

دوسرے مختلف انداز ہی کہ جنمین مختلف آدمیون مین انواع و اقسام کے عقلی کام ظاہر ہوتے ہین اور علی الخصوص عہد طفولیت مین تربیت کے اثر سے پہلے اطفال کے مزاج طرح بطرح کے ہوتے ہین کسی بچہ مین چالاکی زیادہ ہوتی ہی اور کسی مین ہوشیاری کسی کو کسی طرح کا شوق ہوتا ہی کسی کو کسی چیز سے رغبت ہوتی ہی اور ان باتون کو ہم روزانہ دیکھا کرتے ہین کیونکہ ہر شخص کی طبائع مختلف ہوتی ہین الا یہہ خیال کرنا دشوار ہی کہ اصلی سبب اِس کا کیا ہے اگر ہر قوت کا ظہور تمام دماغ پر موقوف ہوتا تو جتنی قوتین ہین سب مساوی ظاہر ہوتین ہرگز کوئی کم و زیادہ نہوتی۔

تیسرے باعث کثرت آلات دماغ کا یہہ ہے کہ فساد عقل سے عجیب غریب باتین واقع ہوتی ہین۔ تمام دیوانون کی ایک ہی طرح کی حرکتین نہین ہوتین کسی دیوانہ مین جو ایک بات ہوتی ہی وہ دوسرے دیوانہ مین نہین دکھلائی دیتی اکثر اوقات ایک کام مین عقل کا فساد اور خبط معلوم ہوتا ہے اور باتین طبعی معلوم ہوتی ہین۔

چوتھے بڑہاپے کے اندر آدمی مین کتنی عقلی قوتین تیز ہو جاتی ہین بعض بچپن مین بہت زور آور ہوتے ہین بعض لڑکپن مین کوئی جوانی مین اور کوئی پیری مین ظہور ہوا کرتے ہین اور انمین کسی عہد مین قوتین دفعتہً اور نہ بتدریج زیادہ بڑھ جاتی ہین اور نہ یکایک اور نہ بتدریج زایل ہو جاتی ہین بلکہ اس کے خلاف ظہور مین آتا ہے یعنی بعض مین ایک طاقت بالکل جاتی ہے اور بعض مین کم ہو جاتی ہی کسی مین زیادہ ہو جاتی ہے اور کسی مین بدستور قایم رہتی ہے۔

پانچوین آلات کی کثرت دماغ کے اندر اس سے بھی معلوم ہوتی ہی کہ آدمی کو طرح بطرح اور عجیب و غریب خواب دکھلائی دیا کرتے ہین اُس وقت ایک جزو قوت عقلی کا آرام مین ہوتا ہی باقی اور سب قوتین بیدار رہتی

ہین اور نادرات خود درمیان اُن اجزائے دماغ کے جو خاص اُنسے متعلق ہین اپنا استعمال رکھتی ہین ـ ق چہتیون مین بروقت امتحان دماغ انسان یہ دریافت ہوا کہ ہر دماغ مین ایک خاص قوت مدرکہ یا شوق اور رغبت کی زیادہ ہوتی ہے اور اسی دماغ کے ایک ایک حصہ وخاص سے موافقت ثابت ہوتی ہے چنانچہ انہین خیالات پر اول ڈاکٹر گال صاحب نے علم قیافہ ایجاد کیا اور بحث اس امر کی ختم ہو کر اس علم پر یقین کامل دلاتی ہے بعض اوقات جبکہ کسی شے کی خواہش ہوتی ہے اور قوت مدرکہ کسی امر کی زور کرتی ہے تو خاص مقام سے دماغ کے اُسی تعلق ہے اُس مقام پر کچھ درد محسوس ہوتا ہے اور جب کوئی خواہش انسان کی زندگی مین ضعیف ہو جاتی ہے تو جس مقام سے اُسے موافقت ہے اُسمین کوئی عارضہ لاحق ہو جاتا ہے از روئے بحث مندرجہ ذیل جو درباب موجود ہونے بہت سے آلات کے جن کے وسیلے سے مختلف قوتین دل کی ظاہر ہوتی ہین چند قواعد کا مقرر کرنا ضرور ہوا کہ جن کے باعث وہ قوتین اصلی معلوم ہون ہر قوت دل کی قیافہ دانون کے اصطلاح مین اصلی قوت کہلاتی ہے اور ہر علیحدہ آلہ کے اندر سے ظاہر ہوتی ہے اور اُن آلات مین ایک آلہ صرف ایک قسم کے حیوانات مین ہوتا ہے اور کسی مین نہین ہوتا (۲) ایک قسم کے حیوانون مین مختلف طرح کا ہوتا ہے (۳) ایک شخص مین اور قوتون کے اندازہ کے برابر کا نہین ہے ۔ (۴) جو کہ اور قوتون کے آلہ کے ہموزن نہین بنا ہے وہ اور قوتون سے پہلی یا پیچھے اپنی قوت کو ظاہر کرتا ہے (۵) جو کہ اکیلا اپنا کام دیتا ہے یا ساکن رہتا ہے (۶) وہ آلہ کہ جو والدین مین او صورت کا اور اولاد مین اور طرح کا ہوا ہے (۷) جس سے تندرستی بجا رہتی ہے یا بیماری پیدا ہوتی ہے ۔ ان قواعد کے بموجب ڈاکٹر گال صاحب نے تینتیس ۳۳ بڑی بڑی قوتین بتائی ہین جنکو کم و بیش اس زمانہ کے قیافہ دان بھی تسلیم کرتے ہین ۔ اور سپرزہیم صاحب پینتیس ۳۵ بتلاتے ہین سپرزہیم صاحب کی ثابت کی ہوئی قوتین دو طرح کی ہین ایک عقلی اور دوسری غیر عقلی پہرینگی کی قوتون کو صاحب موصوف اُن خواہشون مین تقسیم کرتے ہین جن سے سب طرح کے رغبت اور شوق پیدا ہوتے ہین اور اُن افکار آراے اور تدابیر مین کہ جن سے فقط خواہشات ہی نہین پیدا ہوتی ہین بلکہ طرح طرح کے جذبے اور جوش بھی ظاہر ہوتے ہین شکل مندرجہ ذیل پر غور کرنے سے دماغی قوتین اور کھوپری کے اندر اُن کے مقامات کہ جو بموجب قول ڈاکٹر سپرزہیم صاحب کے دماغ کے مقرری ہر ایک حصہ سے تعلق رکھتی ہین واضح ہونگے تصویر مندرجہ ذیل کے طبقات و حصص دماغ مین ڈاکٹر کومب صاحب نے بھی بہت سے آلات بتلائے ہین ۔

شکل معہ مقامات قوتون اور خواہشون کے جو ہندسون سے ظاہر ہوتی ہین اور وہ قوتین اور خواہشین تعداد مین کل پینتیس ہین یہ ہے ؛



کثیر الاولادی۔ الفت پدری ومادری۔ حب الوطنی۔ دوستی۔ تنازعات۔ غارتی۔ رازداری۔ تحصیل
صنعت ودست کاری۔ خودپسندی۔ شوق مباحثہ۔ ہوشیاری۔ مروت۔ تکریم ملتی۔ مضبوطی۔ آگاہی۔ امید
استعجاب۔ خیالات۔ خرمی وتیزفہمی۔ نقل۔ انسانیت۔ نقشہ بیرونی۔ مقدار۔ وزن۔ رنگ۔ مقامی
حسابی۔ انتظامی۔ واقعاتی۔ وقت۔ نغمہ اور ترانہ۔ زبان۔ مقابلہ۔ سببی۔

(۱) کثیر الاولادی۔ اس قوت سے عشق اور اولاد کی افزایش کی رغبت ہوتی ہے۔ آلہ اس کا خورد مغز جو کان وگدی کے پیچھے مقام ہے اُسے خود بخود کھلنے اور بند ہونے کی حرکت سے زور پہنچتا ہے۔

(۲) الفت پدری اور مادری۔ اس قوت سے انسان کو اپنی اولاد کی محبت پیدا ہوتی ہے چند حیوان اس قسم کے بھی ہیں جو اپنے بچون کی پروا نہین کرتے اور اُنکی خبر مطلق نہین لیتے۔ بعضوں مین فقط مادہ نگہبانی کرتی ہے جیسے بلی اور مویشیون مین بھیڑ وغیرہ اور اکثر ایسے بھی ہین کہ جس وقت نر و مادہ دونون ایک جگہہ بچونکی حفاظت کرتے ہین اُس حالتمین مادہ کی الفت زیادہ معلوم ہوتی ہے اور عقلی قوتونکا یہان اندازہ نہین ہے مگر اولاد کی محبت انسان اور حیوان دونونکو حاصل ہے لیکن ان دونون مین سے انسان اپنی اولاد کی بہت پرورش پرداخت کرتا ہے بعض کو خلاف اس کے اولاد کی الفت مطلق نہین رہتی بالکل زایل ہو جاتی

ہے حالت جنون مین کبھی عشق مقصود ہوا اور کبھی فقط اولاد ہی کی محبت باقی رہجاتی ہی مقام اس قوت کا آلہ عشق اور رغبت کثیر الاولادی کے اوپر ہے اور گُدی کی رگ کے اوبھار سے اُس کو نزدیک ہے یہہ آلا اگرچہ سر کے درمیان مین برابر فاصلہ سے قایم ہے۔

(۳) **حب الوطنی**۔ اس قوت سے اپنی وطن یعنی ملک شہر قصبہ موضع اور گھر کی محبت پیدا ہوتی ہی اور انسان وہین رہنی کی خواہش کرتا ہے اور چاہی بعسرت ہی کیون نہ اوقات بسر ہو الا اُسی چھوڑنا ناپسند کرتا ہی مگر اس آلہ مین شک ہے گال صاحب اُس مقام پر تکبر کا آلہ قایم کرتے ہین اور جسطرح کر عقل حیوانی کے باعث جانور اپنی مسکن کیلیئے پہاڑونکی بلندیونکی اوپر آشیانے بنایا کرتے ہین یا ہوامین اُڑتے ہین اور اسبات کا یقین کرتے ہین کہ جو قوت جانورون مین طبعی ہی وہ آدمی مین نکوئی کی ہوگئی ہی۔ کومب صاحب اور والابیت اندرا ئیڈنبرا کے اسکول مین علم قیافہ کے لوگ اس آلہ کو آلہ صنعت اور دستکاری کا بتلاتے ہین اور انکی یہہ بھی رائے ہی کہ اُس کی اندر دو یا زیادہ قوتین اور بھی شامل ہین اور اُسی سُرعت کے ساتھہ کام دیتی ہین تاکہ وہ سب طرف سے ساکن ہوکر ایک چیز کی طرف مایل ہوجائین اور توجہ و مطالعہ یا خاص کر کسی مخصوص چیز کے اوپر غور و خوض ہووی مگر اسبات کا ابھی کامل دلایل کے ساتھہ فیصلہ نہین ہوا ہے۔

(۴) **دوستی**۔ اس قوت سی خواہش محبت اور دوستی کی پیدا ہوتی ہے جسکی ذریعہ سے انسان کو آپس مین ملنے جلنے اور اتفاق رکھنے کی ترغیب ہوتی ہی اور اپنی تعلق کی بہت سی چیزون سے ایک مخصوص اُنس ہوجاتا ہے یہہ قوت انسان سے بغرض شادی اور دوستی کراتی ہی اور صحبت و موافقت کا موجب ہوتی ہی اور عوام سے الفت کراتی ہی آلہ اس کا باہری طرف اُوپر الفت مادری اور پدری کے قریب واقع ہے۔

(۵) **تنازعات**۔ یہہ وہ آلہ دماغ کے اندر ہے کہ جس کے واقع ہونے کے سبب سے انسان اور حیوان کم و بیش طرح بطرح کے لڑائی جھگڑے کرتے ہین اس آلہ کے دریافت کرنیکے واسطے ڈاکٹر گال صاحب نے یہہ عادت اختیار کی تہی کہ گلی کوچہ مین سے لڑکون کو مجتمع کر کے ایسی باتین کیا کرتے تہی کہ جن سے وہ آپس مین لڑین جھگڑین تکرار کرین اُن لڑکو مین بعض ایسے ہوتے کہ اُنکو لڑنیکا شوق پایا جاتا اور بعض لڑائی سے بھاگتے اور ڈرتے تہی اور صلح و اتفاق مین راضی معلوم ہوتے تہی جن مین لڑائی کا شوق پایا جاتا اُن کے سر مین وہ مقام جسپر (۵) کا ہندسہ ہے بڑا ہوتا تہا اور جو صلح جو اور ڈرپوک تہی اُن کا یہہ مقام چپٹا اور گہرا تہا اور یہہ فرق اس حصے کے بناوٹ کا سبب ہے اور اکثر حیوانات مین طاقت اُس کی مختلف ہوتی ہے۔ انواع اقسام کے کتون مین سب سے زیادہ اختلاف ہوتا ہے۔

(۶) **غارتی**۔ یہہ وہ قوت ہے جو کسی کیطرح کے غارت کرانے پر مایل ہوتی ہے سپرہیم صاحب کہتے ہین کہ اسی قوت سے جملہ قسم کی غارت گری اور خرابیان پیدا ہوتی ہین خواہ کسی مطلب کے لئے یا بیہودہ ہی تو سے کیہانین مخصوص سبب یہی کا ہے کہ جو انسان کشت و خون کرتا ہے اسی قوت کا ایک

جزو ایسا ہے جو انسان کو اُس کے مزاج ہی مین غارت کرتا ہے اور دوسرا اس قسم کا ہے کہ جو اپنے فائدہ کے واسطے یعنی حصول خوراک کے لئے بیگناہ حیوانون کو ذبح کرتا ہے اسی قوت کے اثر سے ایک شخص دوسرے کو تکلیف و مصیبت کے اندر مبتلا دیکھکر اُسپر رحم کرنیسے پہلو تہی کرتا ہے اور ایک شخص اسحالت کو دیکھکر دوسرون پر خوش ہوتا ہے جو شخص اس خواہش کے انسداد کی قوت نہین رکھتا وہ سینہ زوریان اور انواع و اقسام کی شرارتین و مظالم اور بدعتین کرتا ہے اور بہر صورت خونریزی کا شائق رہتا ہے بے ترتیبی کیحالت مین اس قوت کی وجہ سے خون و قتل کرنیکی رغبت بیرحمی سے حد درجہ کی پیدا ہو جاتی ہے اس حالت مین جو وارداتین خون کی ہوتی ہین اُنکا بیان بکمال دردناک ہے اس حالت کو جنون مردم کش کہتے ہین مقام آلہ کا سر کے دونون طرف کان کے اوپر بہت متصل شکل مین نمبر (۶) کے مقام پر موضوع ہے درندون اور نباتات خور جانورون مین جس قدر یہہ مقام گہرا ہوتا ہے اتناہی اُن سے غارتگری او خونریزی اور ایذا رسانی کی حرکتون کا ظہور زیادہ ہوتا ہے۔

(۷) رازداری۔ اس قوت والے کو ہر کام کے اخفا کرنیکی خواہش ہوتی ہے وہ شخص جذبون اور ارادون کو پوشیدہ رکھتا ہے اور تمام تدبیرون کو اپنے دل مین مخفی رکھتا ہے اس سبب سے جو اکثر اوقات نہایت خراب اثر پیدا ہوتا ہے وہ یہہ ہے کہ آدمی مکار و منافق ہو جاتا ہے اور عمدہ نتیجہ اس کا یہہ ہے کہ آدمی ہمیشہ ہوشیار رہتا ہے آلہ اس خواہش کا غارتی کے آلہ کے نزدیک اوپر جانب نمبر (۷) کے ہے۔

(۸) تحصیل۔ اس آلہ سے حاصل کرنیکی خواہش ہوتی ہے نامی چورون مین یہہ مقام بڑا دیکھنے مین آیا ہے ڈاکٹر گال صاحب نے دریافت کیا ہے کہ اس سے انسان کو قدرتی خصلت چوری کرنیکی ہو جاتی ہے ڈاکٹر سپرزہیم صاحب اُس کی حد نہین مقرر کرتے اُنکی رائے ہے کہ جیسی اور قوتین ہین یہہ بھی ہے اور جس طرح کم و بیش اپنا اپنا اثر کرتی ہین یہہ بھی کرتی ہے بہت سے آدمی اس خواہش کے باعث دیانتداری سے دولت پیدا کرتے ہین بعض چاہتے ہین کہ جسطرح ہو سکے ممکن ہو وہ پیدا کرین بعض اس مطلب کے لئے چوری کرتے ہین دغا فریب پہیلاتے ہین اور حیلہ پردازیان کرتے ہین اس قوت کا مقام کنپٹی کے پیچہے ہے۔

(۹) صنعت و دستکاری۔ اس قوت کے سبب ہر قسم کی صنعتین اور دستکاریان ظاہر ہوتی ہین پرندے عمدہ عمدہ صنعت و حکمت کے آشیانے بناتے ہین خرگوش بل کہودتے ہین انسان کاروبار کرتا ہے اور طرح بطرح کے عجیب و غریب فن اور کاریگریان ایجاد کرتا ہے نفیس نفیس عمارات تعمیر کرتا ہے اور مختلف دستکاریان نکالتا ہے آلہ اس قوت کا نمبر (۹) کے مقام پر کنپٹیون کے بیچ ہے۔

(۱۰) خود پسندی۔ یہہ قوت ایسی ہے کہ آدمی اس سے اپنے تئین سب سے افضل و بہتر جانتا ہے اس سے غرور پیدا ہوتا ہے یعنی گستاخی بڑہجاتی ہے اور جب یہ عمدہ و اعلی قوتونکی اصلاح بہ اعتدا

کے ساتھہ ہوتی ہی تو اس سے آدمی کا دل بڑہجاتا ہے چھوٹی اور ذلیل چیزون سے نفرت کرتا ہے درستی کی حالت مین جبکہ اثر اس قوت کا ضعیف ہوتا ہے تو اکثر لوگ دیوانہ اور مجنون خیال کرتے ہین کہ ہم تخت پر بیٹھے ہوا پر چل رہی ہین یا اپنی تئین مقدس صفات خدا کے پیغمبر یا دیوتا یا ایشور کا اوتار جاننے لگتی ہین یہہ قوت سر کے اندر عقب مین اوپر کی طرف قائم ہے جہان تصویر نمبر (۱۰) کا ہندسہ دکھلایا گیا ہے۔

(۱۱) شوق مباحثہ۔ بموجب قول ڈاکٹر سپرزہیم صاحب اُس فکر کو کہتی ہین کہ جس سے انسان لوگونکی رائے پر غور و خوض کرتا ہے اور جس سے سوالات کرنے کی ترغیب ہوتی ہی مثلاً کوئی پوچھے کہ بتلاؤ اس دنیا اور اس کے لوگون کا کیا حال ہوگا اس طرح کے شوق اسی قوت کے باعث ہوتی ہین اگر وقت مباحثہ یا سوالات کرنے سے کچھہ غرض اور تکلیف و طریق گفتگو کا خیال نہین ہوتا اور چھوٹی بڑی باتونمین دخل دیتا ہے بڑا وصف اس قوت کا یہہ ہے کہ زیادہ بڑی باتون کی طرف توجہ کرین تو اُس سے بلند نظری ہوتی ہی اور اگر جزویات پر دعوے کرین تو اُس سے خود بینی ہوتی ہی آلہ اس کا خود پسندی کے دونون طرف واقع ہی اور جب بہت بڑہجاتا ہے تو اکثر سر کے اوپر پیچھے کی جانب پہیل جاتا ہی اور جب وسیع ہوجاتا ہی تو بعض اوقات پہیل کر طول سے وسعت اسکی زیادہ ہوجاتی ہی۔

(۱۲) ہوشیاری۔ اس قوت سے انسان اور حیوان سب کی ایسی عادت ہوجاتی ہی کہ وہ جو کام کرتے ہین اس مین دل سے ہوشیاری کرتے ہین اور آدمی ہر بات مین یہہ لفظ منہہ سے نکالتا ہی کہ خبردار ہوشیار اور جب یہہ قوت تیز ہوجاتی ہی پست ہمتی و فکر اور غمگینی کا باعث ہوتا ہے۔

(۱۳) مروت۔ یہہ خصلت دلکی ہی اس سے رحم و مہربانی نیک نہادی حلیم الطبعی۔ فیاضی اور بہت سی خوبیان پیدا ہوتی ہین قواعد مرقومہ بالا سے مروت قوت اصلی دلکی ثابت ہوتی ہے اور پہر اس سے تمام قوتین مندرجہ ذیل کا ظاہر ہونا متصور ہی یہہ آلہ پیشانی کے اندر اور اوپر نظر آتا ہے جہان سے بال نکلنے شروع ہوتے ہین۔

(۱۴) تکریم ملتی۔ اس قوت کے آلہ کو ڈاکٹر گال صاحب نے آلہ ملتی لکھا ہی اور انکا یہہ عقیدہ ہے کہ اسی آلہ کے باعث انسان کو ایک سچے خدا کے غائبانہ پرستش کی رغبت پیدا ہوتی ہی دوسرے کا خیال اُس کے دل کے اوپر نہین جمتا اور اس صفت کی کمی و بیشی کے ظہور کی مقدار آلہ کی خوردی اور بزرگی پر موقوف ہی ڈاکٹر سپرزہیم صاحب کا قول ہی کہ اسی کے باعث انسان کو ہیبت اور عام بزرگی حاصل ہوتی ہی لوگ ہر بات مین اُس کا پاس ادب اور اُسکی تعظیم و تکریم کرتے ہین اور اس کی باتونکو صادق جانتی ہین اس آلہ کے بڑے ہونے کی حالت مین انسان کا سر اونچا اٹھا ہوا ہوتا ہی اور تجربات حکما سے ظاہر ہوتا ہے کہ ایسے سر کے آدمی بہت خدا پرست ہوتے ہین

مقام اس آلہ کا سر کے چاند کے درمیان سامنے کیطرف ہے۔

(۱۵) **مضبوطی۔** یہ قوت اور قوتوں کو پائداری اور قایم مزاجی بخشتی ہے اور اُنکی تیزروی کو برقرار رکھتی ہے اسی جو اور قوتوں سے علاقہ ہے اس سے خودبینی اور شوق بباعث زیادہ ہوجاتا ہے اور واسطے حاصل کرنے عزت اور مرتبہ کے سینہ زوری کے ساتھہ ضد پیدا ہوتی ہے۔ مروت کی قوت کے ساتھہ ملکر یہ نیک نہادی اور قایم مزاجی پیدا کرتی ہے غارتی اور تحصیل کی قوت سے شامل ہوکر قتل و غارت گری کے حوصلوں کو دلیر بناتی ہے بلکہ برانگیختہ کردیتی ہے اور جب یہ قوت اور باب مین کم ظاہر ہوتی ہے اُس حالت مین آدمی کو بیقرار و مضطر اور پریشان و پراگندہ خاطر اور سادہ مزاج بالکل بھولا بنادیتی ہے آلہ اس قوت کا آدمی کے سر مین تصویر نمبر (۱۵) کے ہندسہ پر نمودار ہے۔

(۱۶) **آگاہی۔** اس سے آدمی کی مخصوص طبیعت ایسی ہوجاتی ہے کہ انصاف کی اوپر دل مایل رہتا ہے اس قوت کے درجہ اعلی پر پہنچ جانے سے انسان کا دل پاکیزہ اور پابند اخلاق ہوجاتا ہے اور اس قوت کی کوتاہی سے آدمی خراب عادتوں سے بہت کم رکتا ہے اور انکو بطریق ناجائز و ناروا پورا کرتا ہے مقام اس آلہ کا سر کے اوپری حصہ مین قوت مضبوطی کے دونون طرف واقع ہے۔

(۱۷) **امید۔** یہ قوت انسان کے اور قوتوں کی خواہشات کو دایرہ ممکنات کے اندر کراتی ہے یہ قوت فقط خواہش ہی نہین ہے اسی لئے یہ ہمیشہ رہتی ہے چاہے کسی کو بھی اُس کے حاصل ہونے کی اُمید بھی نہو آدمی اس قوت کے ذریعہ سے مختلف درجون کے اندر ہمیشہ خیالات باندھا کرتا ہے بعض اچھی حالت مین ہوکر بہتری سے نا اُمید ہوجاتے ہین کتنے بادہوائی۔ آخر مین اپنی بہبودی اور حصول مراتب کی اُمید کرتے ہین اور بعض لازوال ہونیکی تمنا کرتے ہین یہ باعث اسی قوت امید کا ہے آلہ اسکا قوت تکریم ملتی کے دونو طرف موجود ہے

(۱۸) **استعجاب۔** یہ قوت کشف و کرامات و معجزات و فوق انسانیت کے کامون پر یقین پیدا ہونے سے ہویدا ہوتی ہے اور اس سے آدمی ایسے عجائبات و غرائبات روزگار کو دیکھہ کر خوش ہوتا ہے کہ جن کے دیکھنے سے تعجب و حیرت پیدا ہو۔ یہ آلہ اُمید کے سامنے ہی نزدیک دکھلائی دیتا ہے۔

(۱۹) **خیالات۔** ڈاکٹر گال صاحب اس قوت کے آلہ کو شاعری اور نظم گوئی کا آلہ بیان کرتے ہین اسیر لئے کہ انکو تمام بڑی بڑے متقدمین اور متاخرین شعرائے یورپ مین اس آلکی وسعت بہت کشادہ دریافت ہوئی اور بعض مین یہ آلہ بہت ہی ابھرا تھا اسوجہ سے کہ ان لوگون کو دراصل شعر و شاعری سے بہت زیادہ شوق و ذوق تھا اور خود بھی وہ لوگ شاعر تھے ڈاکٹر سپرزہیم صاحب کو یقین تھا کہ اس قوت کا خاصہ یہی ہے کہ آدمی کے دلمین نظم کے خیالات پیدا ہوتے ہین اور اس سے اور قوتون کو بھی قوت پیدا ہوتی ہے خوبصورتی اور حسن پرستی کا شوق ہوتا ہے اور یہ قوت خیالات کو بلند کرتی ہے بیان اور خیال کے ظاہر کرنے کو گرمجوشی کے ساتھہ تحریک ہوتی ہے آلہ اس قوت کا تحت استعجاب کی طرف نظر

آتا ہی اور یہہ دونون قوتین اکثر مل کر کام دیتی ہین۔

(۲۰) **خرمی اور تیز فہمی**۔ اس سے آدمی ہر چیز کو خوشی کے ساتھہ دیکھتا ہی اور جب یہہ قوت اور قوتون سے شامل ہوجاتی ہے تو اُس سے تیز فہمی۔ خوش مزاجی۔ استہزا۔ طنز۔ طعنہ زنی۔ ظرافت مذمت اور مذاق پیدا ہوتا ہے آلہ اس کا پیشانی کے پیچہے اوپری طرف واقع ہے۔

(۲۱) **نقل**۔ جس کسی مین یہہ قوت بہت کشادہ ہوتی ہی وہ انسان اور حیوان کی اوضاع اطوار بول چال۔ اور کل حرکات کی نقل کرتا ہے۔ یہہ قوت بہ نسبت جوانون کے بچون مین زیادہ پائی جاتی ہی۔ اور جوان اس کو محنت کے ذریعہ سے پہلی حاصل کرتے ہین تب ادا کر سکتے ہین اس کا آلہ مروت کے آلہ کے داہنے اور بائین سر کے مقابل قایم ہے۔

(۲۲)۔ **انسانیت**۔ آدمی مین آدمیت اسی قوت سے ظاہر ہوتی ہی اور جس مین یہ قوت نہین اُس مین مادہ انسانیت نہین یعنی وہ آدمی ہی نہین گو بشکل انسان ہے۔ ؎

اینکہ می بینم خلاف آدم اند ✤ ✤ نیست اند آدم خلاف آدم اند

اور اس سے ہر شے دکھائی دیتی ہے اور اُس کے خواص ظاہر ہوتے ہین متکلم کے مغز سخن کو اسی کی اعانت سے پہنچتے ہین بیان خصایل اسی کے باعث سے ہی مطالب کا خلاصہ اسی کے سبب سے ہی اور زندگی کے حرکات اور تجربات وغیرہ اسی سے ظاہر کرتے ہین آلہ اسکا ناک کی جڑ کے پیچہے واقع ہی اور جب یہہ آلہ زیادہ کشادہ ہوتا ہی تو ابرؤن کے بیچ کی وسعت وسیع ہوجاتی ہے۔

(۲۳) **نقشہ بیرونی**۔ انسان جو نقشہ بیرونی اور صورت وخط وخال ہر شے کا یاد رکھتا ہے یا نقشہ اور تصویر کا شوق پیدا ہوتا ہی یا نقشہ۔ تصویر۔ شبیہہ ہر انسان وحیوان۔ اور اشیاء کی انسان خود کہینچ سکتا ہی وہ بہی قوت ہی آلہ اس کا خانہ چشم کے گوشہ کے اندر قایم ہے کشادہ اور وسیع ہی ایسی حالت مین اُس سے آنکہہ کا ڈہیلا اندر اور نیچے ہو نا رہتا ہی اور آدمی اچہل بہینگا نظر آتا ہے آنکہین بیڈول چوڑی اور کچہہ اُبہری ہوی دکھائی دیتی ہین۔

(۲۴) **مقدار**۔ اس قوت سے قد وقامت اجسام کا اندازہ کیا جاتا ہی جیسا کہ اُنکی شکل وصورت سے ظاہر ہو۔ اسی قوت کی طاقت کی سے یہہ بات حاصل ہوتی ہی آلہ اسکا گوشہ ابرو کے اندر واقع ہوا ہے۔

(۲۵) **وزن**۔ حکماء کو اس امر کا یقین ہی کہ وزن اور مطابقت کرنا یہہ کام دل کے ہین جیسے کہ جسم کی اور بہت سی صفتین ہین اور ان سے حواس خمسہ کو کچہہ علاقہ نہین ہے۔ اسی طرح اس کا آلہ بہی دوسرا ہے۔ ڈاکٹر سپرزیم صاحب کہتے ہین کہ مقام اس آلہ کا خانہ چشم کے پیچہے ہے جو آلہ قوت نقشہ بیرونی اور قوت مقدار کے نزدیک دیکہنے مین آیا ہے۔

(۲۶) **رنگنا**۔ جتنی چیزین کہ رنگت سے تعلق رکہتی ہین اُنکی ماہیت جاننے اور اُنکی باہمی نسبت دریافت

کرنیکی ایک خاص قوت عطا ہوئی ہے اُن کے مختلف رنگ معلوم کرنے کیلئے چندنشان بنے ہین فی الواقع سب کو یہہ قوت حاصل نہین ہے اور نہ سب مین اتنا حافظہ ہے کہ اُن کے رنگون کو یاد رکہین اور نہ اتنی قدرت ہے کہ انکی نسبت دریافت کرکے اُن مین اپنی طرف سے ایجاد کرین بہت سے دستکار کامل ہنر اچہے اچہے نقش و نگار بنا سکتے ہین مگر اُنہین رنگ بہرنا نہین آتا بعض رنگسازی خوب جانتے ہین اور صنعت نقاشی و مصوری سے محروم ہین نہ نقل کر سکتے ہین اور نہ طبع زاد نقش و نگار بنا سکتے ہین یہہ قوت اصلی دل کی ہے آلہ اس کا ابروون کے وسط مین موجود ہے۔

(۲۷) متقامی۔ یہہ وہ قوت ہے جس کے باعث ہم ہر شے کے مقام کو یاد رکہتے ہین اور اسمین تمیز کرتی ہین جغرافیہ والے اور مصورن ہین کہ جو ہر جگہہ کو یاد رکہکر اسکا نقشہ بناتے ہین اور تصویرین کہینچتے ہین اُن مین یہہ قوت بہت تیز ہوتی ہے اور بعض حیوانات مین بہی یہہ قوت زور آور ہوتی ہے جو کہ راستہ تلاش کر لیتے اور دور نکل جاتے اور پہر اپنے گہر چلے آتے ہین اسی سے سیاحونکو سیاحون کی خواہش پیدا ہوتی ہے آلہ اُس کا ناک کی جڑ کے دونون طرف اُوپری جانب معلوم ہوتا ہے۔

(۲۸) حسابی۔ یہہ قوت حسابی کہلاتی ہے شمار اعداد اور ہر قسم کے حساب اسی سے متعلق ہین بایں وجہ کو سب صاحب اس کے آلہ کو آلہ شمار تحریر کرتے ہین جن اشخاص مین قوت حسابی بہت ظاہر ہوتی ہے اُن کے ابروون کے باہر کا سرا یا تو نیچے کو بہت جہکا ہوا ہوتا ہے یا اونچا اوٹہا ہوتا ہے اور آلہ اُس کا سر ابرو کے نیچے ہوتا ہے۔

(۲۹) انتظامی۔ حکمانے لکہا ہے کہ اس قوت سے خواہش ترتیب اشیاء اور انتظام کی آرزو ہوتی ہے جیسے کہ کتب خانہ کی الماریون مین کتابونکا آراستہ کرنا اور ترتیب وار لگاکر رکہنا یعنی ہمرنگ وصورت اور ایک تقطیع کی کتب کو ایک جگہہ سج دینا یا کتب کی تصنیف و تالیف مین ایک قسم کی مضامین و مطالب اور وجوہات کو ایک مناسب مقام پر سلسلہ وار درج کرنا اور اخبار مین اڈیٹوریل کی جا مضمون اڈیٹوریل۔ مراسلات کے مقام پر مراسل انتخابات کی جگہہ انتخاب اور خبرونکی جگہہ خبرین نوٹس کے مقام پر اشتہارات یعنی جس کا جہان موزون موقع ہو اُس کو مرتب کرنا اور صفائی بہی اسی کے اُوپر منحصر ہے اس طرح پوری اور کامل چیزونکو ترتیب وار دیکہہ کر طبیعت مسرور ہوتی ہے آلہ اِس قوت کا رنگ اور حساب کے آلون کے درمیان قایم ہے۔

(۳۰) واقعاتی۔ قوت واقعاتی کا آلہ جن شخصون مین بڑا ہوتا ہے وہ تمام سرگذشت اور واقعات کو جو اُن سے اوپر یا اُن کے روبرو گذرتے یا واقع ہوتے یا اور جو عجائبات روزگار مشاہدہ کرتے ہین اُنپر اُن کو خاص توجہ رہتی ہے اور اُن کے خیالات سے وہ مشغول رہتے ہین تواریخ۔ قصہ کہانی۔ داستان کا اُن کو شوق ہوتا ہے اور اُن کے محقق اور متلاشی رہتے ہین علم الہیات مین بہی

مداخلت اور معلومات حاصل کرنیکی خواہش رہتی ہے عالم تنہائی مین ہر چیز کی تحقیقات کرتے ہین جن کے نام اسم کہلاتے ہین اور واقعات کی تحقیقات کرتے ہین کہ جو واقع ہوتے ہین جنکو وقوع کو فعل بولتے ہین آلہ اس کا پیشانی کے بیچ مین واقعہ ہوا ہے یہ آلہ کشادہ ہوتا ہے ان کی کھوپری کا خاص یہہ حصہ اونچا ہوتا ہے۔

(۳۱) **وقت**۔ قوت وقت سے نادرات اور عجائبات کی قدامت اور اسی قسم کی جو چیزین اور ان کے متواتر ظہور کے اوقات دریافت ہوتے ہین آلہ اس کا ابروون کے اوپر کی طرف معلوم ہوتا ہے۔

(۳۲) **نغمہ وترانہ**۔ اس قوت کے آلہ کو کانون سے ایسی نسبت ہی جیسے رنگ کے آلہ کو آنکھون سے تعلق ہے کان ایک آلہ ہے جس کے ذریعہ سے آوازین سنی جاتی ہین لیکن وہ ان کو یاد نہین رکھتا اور انکی نسبتون مین فیصلہ نہین کرتا یہہ مقام خاص اور اصلی طاقت عقلی کے ہین مقام اس کے ابروون کے باہری حصہ کے اوپر ہین جبکہ ان کو کشادگی ہوتی ہی تو اس سے پیشانی کے پیچھے کا حصہ بڑا ہو جاتا ہے۔

(۳۳) **زبان**۔ یہہ وہ قوت ہی کہ اس کے سبب ہم ظالمون کے اشارون سے واقف ہوتے ہین ان کو یاد رکھتی ہین ان کے بیانات مین فیصلہ کرتے ہین اور ہر زبان مین انکو بیان کرتے ہین ڈاکٹر گال صاحب نے اس کے آلہ کو اول اس طرح دریافت کیا تھا کہ انھون نے دیکھا کہ ایام جوانی کے دنون مین ان کو اپنا سبق برزبان کرنے مین بڑی دقت ہوتی تھی اور بہت مشکل سے یاد ہوتا تھا اور بعض ان کے ہم سبق لڑکے اسی سبق کو باسانی یاد کر لیتے تھے کہ جن کے مطلب وہ بالکل نہین سمجھتے تھے اور ڈاکٹر گال صاحب ان کو اچھی طرح سمجھتے تھے پر انکی طرح جلدی حفظ نہین کر سکتے تھے صاحب موصوف کو دریافت سے معلوم ہوا کہ وہ لڑکے گاؤچشم تھے یعنی آنکھین انکی ایک طرح کی بڑی اور ڈھیلا آگے کو نکلا ہوا تھا بعد تحقیقات کامل ان کو دریافت ہوا کہ آلہ اس قوت حافظہ کا خانہ چشم کے پیچھے ہی اور کشادہ ہونیکی حالت مین آنکھ کے ہمراہ آگے نکل آتا ہی۔

(۳۴) **مقابلہ**۔ اس قوت کا یہہ فائدہ ہے کہ اور سب قوتون سے جو خیالات اور محسوسات پیدا ہوتے ہین ان مین یہہ قوت مقابلہ کرتی ہی ان کے فرق اور نسبت و مشابہت و مطابقت بتلاتی ہی اور اس سے لوگون کو ان کی نسبت بتلاتے ہین بحث کراتی ہے اچھے اچھے مضامین کا قلمبند کرنا اور نظائر دینا اور مثالون اور تشبیہون کے ساتھ گفتگو کرنی رنگین و مقفی عبارت کے لکھنے کی اس سے ترغیب ہوتی ہی اور جس قوم مین جس قدر یہہ آلہ زیادہ کشادہ اور وسیع ہوگا اسکی

درجہ کے موافق اُس قوم کے لوگ اپنی ملک کی زبان اور اُس کے استعارون وغیرہ کو بخوبی بولتے اور سمجھہ سکتے ہین ۔ آلہ اس کا پیشانی کے اوپری حصہ کے اندر موجود ہے ۔

(۳۵) سلبی ۔ اس قوت کا نام قوت سلبی اس واسطے رکھا گیا ہی کہ اس سے اصل اشیاء کی تدابیر مفید دریافت ہوتے ہین سرگذشت اور حقیقت حالات اس سے معلوم ہوتی ہین چیزون سے واقفیت ہوتی ہی مباحثہ وفرق ومشابہت اور تناسب اشیاء وغیرہ کا حال معلوم ہوتا ہی اور اسی قوت کی باعث اصل سبب بھی اُنکا دریافت ہوتا ہی جس مین یہہ قوت تیز ہوتی ہی ۔ اُس شخص کی طبیعت حکیمانہ ہوتی ہی آلہ قوت سلبی کا پیشانی کے اوپری حصہ مین قوت مقابلہ کے دونون طرف واقع ہی جب یہہ آلہ کشادہ ہوتا ہی تو جبین انسان بلند وفراخ ہوتی ہی اور یہہ اُس شخص کی ہوشیاری ودلیری اور طباعی کی علامت ہے بقول سعدی شیرازی ؎

بالائے سرش ز ہوشمندی ✦ مے تافت ستارۂ بلندی

بیان علامات ظاہری اعضائے انسانی

اس موقع پر ارسطاطالیس کے ماسٹر پیس مین منجمین و عالمون کے لئے یہہ علیحدہ مخصوص ہدایت کی گئی ہے کہ انسان کے پوری جسم کا ہر ایک حصہ سات ستارہ اور بارہ بروج فلکی پر منقسم ہے جس طرح ستارون کا عملدرآمد معلوم ہوتا ہے ویسی ہی اُس کے ہر عضو بدن کی نسبت اُس کا خواص سمجھنا چاہیے ۔ یعنے آدمی کی پیشانی پر مریخ داہنی آنکھہ پر شمس بائین پر قمر داہنی کان پر مشتری اور بائین پر زحل ۔ ناک پر زہرہ اور مُنہہ پر عطارد کا عمل ہے ۔

اور ان ستارون کے جداگانہ حصون مین بروج ذیل بھی شامل ہین یعنے پیشانی پر سرطان ۔ داہنی ابرو پر اسد مردمک چشم پر قوس ۔ داہنی کانون پر میزان ۔ بائین ابرو پر دلو ۔ بائین کان پر جوزا وحمل ۔ درمیان پیشانی ثور ۔ زنخدان پر جدی ۔ ناک پر عقرب داہنی رخسارہ پر سنبلہ ۔ اور بائین پر جوزا کا عمل ہے ۔

سر ۔ (سر) کلان ومدور وہموار اور پُرمو عقل وکیاست وفہم وفراست اور ہمت وسخاوت کی دلیل ہے سر کا چھوٹا ناہموار اور کم مو ہونا غبی پن وحماقت اور جہالت کی نشانی ہے ۔

پیشانی ۔ (ماتھا) اگر فراخ ہو اور چین وشکن نہو تو خصومت بدنفسی اور غرور وتکبر کی علامت ہے پیشانی فراخی وبلندی مین متوسط اور اُس مین چین وشکن بھی نہو تو

وہ صدق و محبت و عقل و تدابیر اور شہوری مقدس کی شناخت ہے۔ تنگ پیشانی بیحیائی و نادانی و جُبن و عسرت اور فلاکت و افلاس کی دلیل ہے اور چین درمیان دو ابرو کے خشم و غضب اور ستمندی کی پہچان ہے مگر بعض حُکما کا قول ہے کہ خطوط چین پیشانی درازی عمر کی شناخت ہے۔

ابرو (بھون) لانبے و دراز کشیدہ اور پر مو درشتی تند خوئی و نخوت و عُسرت اور تکبر کی و جہل اور خود پسندی کا نشان ہے پیوستہ ابرو الفت و شفقت کی دلیل ہے اگر مرد پیوستہ ابرو ہو تو اُسے عورتوں کی جانب اور اگر عورت ہو تو اُس کو مردوں کی طرف زیادہ رغبت ہو۔ متوسط ابروئے سیاہ فہم و دیانت وجودت طبع اور لطافت مزاج کی علامت ہے اگر نوک ابرو ناک کی طرف باریک ہو تو خصومت و فتنہ انگیزی۔ اور اگر بلند ہو تو سادہ لوحی اور غرور کی دلیل ہے۔ اگر موئے ابرو دراز ہوں تو ہمت و شجاعت و تند خوئی کی اور عربدہ جوئی کی شناخت ہے۔

چشم (آنکھ) سیاہ و کلاں سُستی اور کاہلی کی علامت ہے چھوٹی سُبکساری و کم فہمی کی دلیل ہے۔ متوسط وفا و حیا کی پہچان ہے اور وہ آنکھیں جو کچھ اندر کو گھسی ہوئی ہوتی ہیں تکبر و مکر و خبث و خیانت اور بدطینتی کی علامت ہیں چشم برجستہ و بلند بے حیائی و بخل کی دلیل ہے اور وہ آنکھیں کہ جن کی پلک جلدی جلدی کھلتی اور بند ہوتی ہیں مکر و حیلہ اور سرقہ و دزدی پر دال ہیں۔ اور چشم کلاں کی سُرخی بے علت درازی عُمر و شجاعت کی دلیل ہے چشم ارزق یہ تمام اقسام چشم سے بدترین و بخل و بے حیائی اور بے حمیتی و غیرہ کی علامت ہے چشم کبود خورد و لرزاں مکر و حیلہ اور شہوت پرستی کی دلیل ہے چشم مدور نشان نحوست اور مایل بدرازی سعادت و فرخندگی کی دلیل ہے اور چشم متوسط کلانی و خوردی و سُرخی و سیاہی اور دور درازی میں اخلاق جمیلہ اور عادات فرخندہ کی علامت ہے اور تحریر سُرخ سپیدی چشم میں جیسے ڈورا کہتے ہیں نشان شہوت ہے۔

گوش (کان) لانبے کان خوبی و قوت حافظہ و طول عمری اور بعض اوقات تند خوئی کی بھی علامت ہے۔ اور چھوٹے جہل و نادانی اور متوسط عقل و فراست اور سعادت مندی کی نشانی ہے۔ نرمۂ گوش کا پُر گوشت ہونا دلیل دولت ہے۔

بینی۔ (ناک) پتلی ناک سُبکی اور خفت عقلی کی علامت ہے کج نفاق و شرارت کی دلیل دراز و کلاں اور نوک خمدار مثل منقار طوطے کے دولت مندی کی شناخت ہے بلندی پستی اور فراخی و تنگی میں متوسط ناک صحت حواس باطن کی دلیل ہے اگر درمیان میں قدرے

پست ہو تو افلاس و تنگ دستی کی علامت ہے۔

لب۔ (ہونٹھ) فربہ اور لامبے حماقت و غلاظت طبع اور کینہ وری کی شناخت ہیں باریک فہم و لطافت طبع اور سُرخی سعادت و مسرت کی دلیل ہے کبودی اور سیاہی بدنفسی و بداصلی اور لبون کی سفیدی بیماری کی علامت ہے۔

دہن (منھ) فراخ شجاعت اور تنگ خوف و ہراس پر دال ہے۔ الاعورت کی فراخی دہن زیادتی خواہش فعل و میناداری کی علامت ہے۔

دندان۔ (دانت) لامبے و منفصل شرارت اور چھوٹے و متفرق صحت بدنی کی دلیل ہیں کج و ناہموار مکر و خیانت اور متفرق و ہموار اور کلانی و خوردی میں متوسط سعادت و عدالت اور امانت کی علامت ہے۔ دانت لامبے جو لبون کے اندر سے نمایاں ہوں زیادتی علم و خرد کی دلیل ہے۔ تعداد میں اگر تیس ۳۰ سے بتیس ۳۲ تک ہوں تو فراغت و دولت اور اگر تیس سے کم ہوں تو افلاس و فلاکت کی علامت ہے۔

کام و زبان (تالو و زبان) حلق و زبان کی رنگت اگر سُرخ ہو تو سعادت و نیکی و اگر سیاہ یا زرد ہو تو نحوست و بدخوئی کی دلیل ہے۔

مو (بال) سخت شجاعت و استقلال اور زیادہ نرم ترسندگی کی دلیل ہے سختی و نرمی میں متوسط ظاہری و باطنی خوبیوں کی علامت ہے سینہ و شکم پر زیادتی مُو بیوقوفی اور قلت اور لطافت و کیاست کی شناخت ہے موئے زرد حماقت اور میگون شجاعت و صحت دماغ کی دلیل ہے اور سیاہی اور نرمی و سختی میں متوسط عقل و اعتدال مزاج کی علامت ہے جسکے مسام سے ایک مُو پیدا ہو تو دولت اور دو ہوں تو ہنرمندی دگر تین ہوں تو صاحب عبادت اور چار ہوں تو افلاس اور فرومایگی کی علامت ہے اور موئے باریک نشان فرخندگی ہے۔

آواز (آواز) بھاری و بلند شجاعت اور باریک و نرم اخلاق حمیدہ اور بلند آواز غنہ تکبر و غرور اور آواز کریہہ حماقت اور بدطینتی کی علامت ہے آہستگی اور نرمی سے بولنا عقل و دانائی میں داخل ہے اور جلد بولنا تیزی طبع اور بدخلقی کی دلیل ہے۔

خندہ (ہنسی) قہقہے کے ساتھ ہنسنا سفاہت اور بےحیائی کی پہچان ہے تبسم کرنا یا مسکرانا حیا و وقار اور تمکین و خوش اخلاقی کی علامت ہے۔

رنگ (رنگ) سُرخ آتشین زودرنجی اور عجلت پسندی کی دلیل ہے۔ رنگ سبز خبث باطن الاعورت ہو تو چندی ذی نہیں اور رنگ سُرخ و سفید اخلاق فرخندہ کی علامت ہے رنگ سُرخ مایل بہ سیاہی بداخلاقی اور گندمی رنگ خوش خلقی و عقل و دانائی اور نیک بختی

پر دال ہے۔

نرمی بدن (ملایم بدن)، قوت فہم و لطیف المزاجی اور سختی قوت بدنی و غلاظت طبعی اور ضعف فہمی کی دلیل ہے۔ اور پوست نرم و باریک فرخندگی اور نکوئی کی علامت ہے۔

چہرہ (چہرہ) پر گوشت کاہلی و نسیان اور درشت خوئی کی علامت ہے۔ اگر کم گوشت اور خشک ہو تو خبث باطن و گر باعتدال ہو تو نیک خوئی کی شناخت ہے۔

محاسن (ڈاڑھی)، ریش کوچک زیرکی و کیاست اور محاسن گرد وقار و تمکین کی دلیل ہے۔ بہت دراز اور گھنی ہوئی ڈاڑھی بے وقوفی اور غبی پن پر دلالت کرتی ہے۔

زنخ (ٹھوڑی) باریک فرخندہ خوئی کی دلیل ہے۔ پُر گوشت جہل و تکبر اور متوسط ذقن عقل و ہنر کی علامت ہے۔ پُر گوشت زنخ میں اگر کچھ گڑھا ہو جسے ایشیائی شعرا چاہ زنخدان باندھتے ہیں وہ غرور و دلبری کی شناخت ہے۔

گردن (گردن) کوتاہ مکر و خیانت اور دراز و باریک جبن و حماقت کی دلیل ہے۔ صراحی دار و سطبر صدق و عدل اور تدبیر کی علامت ہے۔ اگر خط گردن ایک ہو تو درازی عمر و گر دو ہوں تو ہنرمندی اور اگر تین ہوں تو دلیل دولت ہے۔

کتف (شانہ) لاغر قبح سیرت و تنومندی حماقت و پُر ہو تو بدمست اور صاف و متوسط عقل و دولت و سعادت اور لطیف المزاجی کی دلیل ہے۔

بغل و بازو (بغل اور بازو) دراز و پُر گوشت بغل نیک بختی و فراخی رزق اور خورد بازو و خشک بغل بے دولتی پر دال ہے۔

سینہ (چھاتی)، فراخ و پُر گوشت نیک بختی اور تنگ و تہی نحوست اور بدبختی کی علامت ہے۔

سینہ زنان (عورتوں کی چھاتی)، اگر دونوں کلاں ہوں تو دولت و اولاد اور اگر ایک کلاں اور ایک خورد ہو تو بدبختی کی دلیل ہے۔

شکم (پیٹ) کلاں حماقت اور متوسط حسن تدبیر و صفائی عقل اور تیزی ہوش و حواس پر دال ہے جس کے پیٹ پر ایک خط ہو عجب کیا کہ اس کی موت تلوار سے ہو اگر دو ہوں تو وہ صحبت زنان سے خوش رہے اور اگر تین یا چار یا پانچ خطوط ہوں تو وہ ہوشیار اور صاحب علم و عقل ہو جس کے کوئی خط شکم پر نہ ہو وہ اقبال مند ہوگا۔

ناف (ناف)، کلاں و مدور دولت و سعادت کی علامت ہے۔

کف دست۔ (ہاتھ کی ہتھیلی)، ہتھیلی پُر گوشت دلیل دولت ہے۔ رنگ سرخ خوبی و لطیف المزاجی اور رنگ زرد افترا پردازی و مکاری اور سفید و سیاہ رنگت بدبختی و فلاکت کی

نشانی ہے خطوط بکثرت وبقلت دونون منحوس ہین مگر بدرجہ اوسط سعادت اور خوش نصیبی کی علامت ہے

انگشت دست (ہاتھہ کی انگلی) انگلیونکی درازی طول عمری اور باریکی ونرمی نیک بختی کی علامت ہے۔ کجی وسختی بدبختی کی دلیل ہے اگر انگلیونکو باہم ملانیسے جوف نمایان ہو تو تہیدستی وفضول خرچی کی علامت ہے اور اگر کچھہ جوف نہ ظاہر ہو تو دولت مندی کی دلیل ہے۔

ناخن دست وپا (ہاتھہ وپیر کے ناخن) سرخ رنگ علم وعقل اور فراخ دستی کی شناخت ہے اور ناخونکی زردی وسیاہی پراگندگی وافلاس اور بدبختی کی علامت ہے۔

ران وساق (ران اور پنڈلی) اگر مرد کی ران پُر گوشت ہو تو اکثر اسے عورتونکی صحبت کیطرف میل ہو اگر سختی ران کے ساتھ بال بھی ہون تو دولت مندی کا نشان ہے اور ساق پُر مُو پیادہ روی اور تنگدستی کی علامت ہے بہت لانبی پنڈلی تکبر وحسد اور کوتاہ افلاس کی نشانی ہے درازی وکوتاہی وفربہی مین متوسط ہو تو شجاعت وسخاوت اور نیک بختی ونکو طینتی کی دلیل ہے۔

کعب (ٹخنے کی ہڈی) پُر گوشت آسودگی اور پُر مُو قلت اولاد پر دال ہے اور ایک خورد اور ایک کلان ہو تو عجب کیا کہ اکثر وہ شخص زندان مین رہے اور کعب خرد ومدوّر نشان دولت ہے اور بلند وکج افلاس ومصیبت کی علامت ہے۔

عقب (پیر کی ایڑی) خرد وملائم دولتمندی اور کلان وکج مصیبت کی علامت ہے اگر پاشنہ پُر گوشت جو رفتار کے وقت کچھہ وسیع ہو تو غالبًا وہ سارق ہو۔

انگشت پا (پیر کی انگلیان) دراز وباریک تیز فہمی کی علامت ہے۔ اگر پاؤنکی انگلیان کوتا وفربہ ہون تو کند ذہنی کی دلیل ہے۔

پشت پا (پاؤنکا اوپری حصہ) بلند وکم مو نیک بختی اور سعادت فرخندگی پر دلالت کرتا ہے۔

کف پا (تلوا) کی زردی وسیاہی قلت اولاد کی علامت ہے اور فسق وفجور پر بھی دلالت کرتا ہے اور کف پا خطوں سے خالی اکثر پیادہ روی کی پہچان ہے اور سُرخ ونرم نشان عقل ودولت ہے۔

پشت (پیٹھہ) وسیع غضب وتکبر اور خمیدہ بداخلاقی کی دلیل ہے دراز نحوست اور متوسط سعادت ونیک بختی پر دال ہے۔

قد۔ (قد) طویل قامت احمق پست قد فتنہ انگیز اور قد دوتا کینہ وعداوت اور میانہ قامت حکمت وفراست اور اوصاف باطنی کی علامت ہے حکما کا قول ہے کہ قد بہترین وہ ہے جو صاحب قد کی انگشت سے ایکسو بیس انگشت کی درازی مین ہو اس سے اگر کم ہے تو ضرور معیوب ہے۔

خواص تحرک الاعضاء یعنے اختلاج کے بیان میں

نام اعضائے متحرک	خواص	نام اعضائے متحرک	خواص	نام اعضائے متحرک	خواص	نام اعضائے متحرک	خواص
درمیان سر حرکت کرے	فکر دور ہو دولت ضرور ہو	جانب پیشانی سر	سوز ہو	جانب چپ سر	فائدہ ہو	پشت سر	سفر مع ظفر ہو
گوش جانب راست	مرتبہ بلند ہو	گوش جانب چپ	بیمار ہو	کلہ طرف راست	تکرار ہو	کلہ جانب چپ	دوستے خاطر
درمیان گوش	کام میں خلل ہو	پس گوش	تکرار ہو اور دشمن پر غلبہ پاوے	ابرو طرف راست	فرزند پیدا یا خوشی ہو پیدا ہو	ابرو جانب چپ	دولت ملے
زیر چشم راست	نقصان ہو	زیر چشم چپ	خوشی ہو	پلک راست	خوشی ہو	پلک چپ	رنج ہو
چشم راست	مقصد حاصل ہو	چشم چپ	عورت خوبصورت ملے	رخسارہ طرف راست	نقصان ہو	رخسارہ طرف چپ	قصور مند ہو
ناک	دولت ملے	پردہ بینی طرف راست	بیماری کی علامت ہے	پردہ بینی طرف چپ	خوشی ہو	درمیان سوراخ بینی راست	مرتبہ زیادہ ہو
درمیان سوراخ بینی طرف چپ	چند روز بیمار رہے	لب بالا	سخن بلند ہو	لب زیرین	طعام لذیذ ملے	زنخدان	اول تکرار بعدہ خوشی
دندان بالا طرف راست	خوشی ہو یا فرزند ہو	دندان بالا طرف چپ	فائدہ	دندان زیرین طرف راست	شرمندگی ہو	دندان زیرین طرف چپ	دولت ملے
گردن طرف راست	دولتمند ہو جاوے	گردن طرف چپ	فائدہ رنج ہو	شانہ راست	رنج ہو	شانہ چپ	دشمن پر غالب
بازو طرف راست	تکرار رفع ہو	بازو طرف چپ	خوشی ہو	کف راست	دولت ملے	کف دست چپ	نقصان
انگوٹھا دست راست	دولت ملے	شنابہ راست	تکرار ہو	خنصر دست راست	خوشی ہو	بنصر دست راست	مددگار ملے
خنصر دست راست	خاطرداری ہو	انگشتہائے دست چپ	دوست سے تکرار ہو	شنابہ چپ	تکلیف ہو	خنصر چپ	دولت ملے
خنصر چپ	کسی سے محبت پیدا ہو	ترجنی چپ	رنج ہو	درمیان پشت	خبر بد ملے	طرف راست پشت	پریشانی
پشت طرف چپ	خوشی ہو	کمر	نزد و رفع ہو	زانوئے راست	کوئی شغل ہاتھ لگے رنج اٹھاوے	زانوئے چپ	دشمن پر فتح ہو
پنڈلی طرف راست	تکلیف ہو	پنڈلی طرف چپ	دشمن قوی ہو	پنجہ پائے راست	توقیر ہو	پنجہ پائے چپ	خبر گم شدہ ملے
پنجہ ہر دو پاؤ	سفر در پیش ہو دولت ملے	کف پائے راست	تکلیف ہو	کف پائے چپ	سفر کرنا پڑے	انگشت نر پائے راست	دوست ملے
ترجنی	بیمار ہو	بدمان	شرمندہ ہو	انامکاہ	نقصان ہو	گنشٹکا	خوشی ہو
انگشت نر پا چپ	دوست ملے	ترجنی	مرتبہ ہو	بدمان	روزگار میں خلل ہو	انامکاہ	تکرار یا بیمار
گنشٹکا	بدنام ہو	جمیع انگشت پا	خوشی خورمی حاصل ہو	فقط	العلم عند اللہ	واللہ علم	بالصواب

بقیہ تواریخ جوبلی

سلسلہ کیلئے دیکھو جنتری کلان سنہ ۱۸۹۲ء

باب پانچوان قیصر کی کتخدائی کے بیان مین

قیصر کے طلب گار۔ لکھتے ہین کہ بعد ادائے رسوم تاجپوشی قیصر نے وہ اپنا رنگ و روغن نکالا کہ قابل دید تھا۔ بس اس ان بیاہی ملکۂ زمان و زمانیان و قیصر ہند و ہندوستانیان کے ہم پہلو بن کر تخت شاہی پر بیٹھنے کی خواہش اہل انگلینڈ مین ایسا نوجوان کون تھا۔ کہ جس کے سر مین نہ سمائی ہوگی اور اس گوہر شاہوار سے رشتہ کتخدائی کی ہوس اس کے دل مین نہ آئی ہوگی بلکہ اس عہد علیہا کی نسبت کے خواہش مند اس قدر بکثرت موجود ہوگئے کہ ایک وقایع نگار لکھتا ہے کہ وکٹوریہ سے قبل کسی ملکہ کے اس کثرت سے خواہان پیدا نہین ہوئے تھے قیصر کے خواہان حالت جنون و آوارگی مین زیادہ نظر آئے اور بارہا گرفتار کیے گئے اکثرون نے بذریعہ مراسلات اپنے ارمان بھرے ارادے پرستان قیصر کی جناب مین گذارش کیے جنکا احوال طول ہے اور یہان انکا ذکر فضول ہے۔ قیصر کو انگلستان کی تخت نشین دیکھ کر یورپ کے نزدیک و دور ملکون کے شہزادے اُن سے نسبت کرنیکی ہر طرح بندشین باندھتے تھے بلکہ متوفی بادشاہ چہارم ولیم نے ہینڈرلینڈ کے شہزادے الکزنڈر کو اپنی بھتیجی وکٹوریہ کے لئے پسند کر لیا تھا اور دوسرے بادشاہی خاندان والون نے کیمبرج کے شہزادے جارج کو مگر یہہ سب خیالات خام تھے۔ شعر

معلومش نیست کہ میل یار کیست ۞ ہر کس بخیال خویش خبطے دارد

قیصر کے بزرگوں کا ارادہ شادی کی بابت

ملکۂ عالم کے دل مین اپنے پھپھیرے بھائی شہزادہ البرٹ کی لیاقت اور الفت سمائی ہوئی تھی اور شہزادہ البرٹ بھی بہزار جان قیصر کے خواہان تھے وکٹوریہ و البرٹ کے بزرگون نے یہہ بات اُسوقت سے ٹھان رکھی تھی جبکہ یہہ دونوان ہنوز گہوارہ مین جھولتے تھے۔ غرض یہہ شادی فقط دلہا دلہن کی ہی خوشی سے نہین ہوئی بلکہ اُن کے کل بزرگ و ورثونکی اُس مین رضا اور رغبت تھی۔

قیصر کا البرٹ سے رشتہ

قیصر کا جس سے عقد ہوا وہ شہزادہ البرٹ ڈیوک آف کوبرگ کا دوسرا فرزند تھا ولادت اس شہزادے کی کوبرگ سے چار میل کے فاصلے پر روزینا بستی مین ۱۸۱۹ء مین ہوئی کہ جس سال ہماری قیصر پیدا ہوئی ہین۔ قیصر اس شہزادے سے تین ماہ اور کچھ دو تین روز عمر مین بڑی ہین۔ نام اس شہزادے کا فرانسس چارلس آگسٹس البرٹ مانوئل تھا۔ اور بعد کتخدائی کے پرنس کنسرٹ آف انگلنڈ مشہور ہوئے

قیصر کی والدہ ڈچس آو کنٹ شہزادہ البرٹ کے والد ڈیو آو کوبرگ کی بہن تہین پس قیصر کے رشتے مین وہ شہزادہ پہپیرا بہائی ہوتا تہا۔ اور پرنس لیوپولڈ بادشاہ بلجیم قیصر کا ماموں اور البرٹ کا چچا تہا۔ جو اپنی بانو عزیز چلاپلی شہزادی شارلٹ کے انتقال سے نہایت مغموم ہو کے لنڈن ہی مین سکونت پذیر تہا اور یہی شخص اپنی ہمشیرزادی اور برادرزادہ کی قرابت کا کامل طور سے بانی تہا۔

البرٹ کی والدہ کی طلاق

جب شہزادہ البرٹ سنہ ۱۸۲۴ء مین ۵ برس کا ہوا اس وقت اسکی والدہ اور والد کی افتراق ہوگئی اور دو سال کے بعد شہزادہ کی والدہ کو طلاق دیگئی۔ بعد طلاق کے شہزادہ البرٹ اور ان کے بڑے بہائی شہزادہ ارنسٹ نے کبھی اپنی ماں کو نہین دیکہا۔ وہ غریب ۳۲ سالہ سنہ ۱۸۳۱ء مین اُسی دُنیا سے نقل کرگئی جسکا غم البرٹ کو مدت تک رہا پہر البرٹ اور ارنسٹ کو انکی دو دادیون نے پرورش کیا۔

البرٹ کی انگریزی وضع

شہزادہ البرٹ اگرچہ ملک جرمنی کا باشندہ تہا لیکن پیدایش سے وضع اسکی کچھہ کچھہ انگریزی معلوم ہوتی تہی اور وہ پادری جسنے ڈیوک اور ڈچس آو کنٹ کی نکاح خوانی کے رسم ادا کئی تہی۔ اسیے اس شہزادہ کو اصطباغ بہی دیا تہا۔

البرٹ کی دادی کا انتقال

شہزادہ البرٹ کی دادی نے اپنے پوتے البرٹ اور اپنی پوتی وکٹوریہ کے دلونمین اوائل عمر سے ایسی محبت قائم کردی کہ آغاز عمر سے ہی اُن دونون مین سررشتہ رسل رسایل جاری ہوگیا تہا جب شہزادہ۔ البرٹ کی عمر شہور سال کے شمار تک پہنچی تب اس ضعیفہ خاتون نے اس جہان کے افکارات سے بیغم ہوکر رضۂ آخرت لیا تہا ولیکن البرٹ و وکٹوریہ کی نسبت ناتے پر اپنے فرزند شہزادہ لیوپولڈ کو پورے طور پر آمادہ کرگیئین تہین جسکا اثر اشتہر ہے۔

البرٹ کی لیاقت علمیہ

شہزادہ البرٹ نے مختلف علوم بہت جلد حاصل کرلئے تہے۔ علی الخصوص علم اللسان۔ علم موسیقی۔ علم ادب۔ علم اخلاق۔ اور علم تمدن جو کہ سلاطینون کیلئے واجبات سے ہین۔ البرٹ کے اخلاقی درس اور جسمی ورزش کی تربیت نے یہہ اثر پیدا کیا کہ سن بلوغ کو پہنچتے ہی وہ نوجوان ایک بلندخیال صاحب جمال شکیل وعقیل ومحبوب لقلوب ہوگیا۔ علاوہ تحصیل علوم کے شہزادہ کو تمام ملک جرمنی کے سفر اور نیز ملک آسٹریا۔ ہالنڈ۔ سوزرلنڈ۔ اطالیہ وغیرہ دور و دراز ملکون کی سیاحت سے تجربہ عالم وعالمیان خوب ہوگیا۔ بلکہ اعلی درجہ کی معلومات نے جہان دیدہ بنایا۔ باینہمہ شادی سے پیشتر بلکہ جشن کتخدائی تک یہہ شہزادہ بڑی احتیاط سے تعلیم و تربیت پاتا رہا۔ صورت و سیرت دونون مین یہہ ایک نہایت حسین و متین شہزادہ تہا۔

البرٹ و قیصر کی پہلی ملاقات

سنہ ۱۸۳۶ء مین یہہ شہزادہ سترہ برس کا ہوا اس وقت اپنے والد ڈیوک آو کوبرگ اور بہائی پرنس ارنسٹ کے ہمراہ لنڈن مین آکے ایک مہینہ تک کنگٹن محل مین رہا تہا۔ اسوقت

قیصر کو شہزادہ البرٹ کے ہمراہ سیر تماشون مین جانے اور باغ اور باغیچون مین گلگشت کرنیکی اجازت تہی۔ بعض صاحب لکہتے ہین کہ اسیوقت سے اُن دونون کا دل مودت منزل برنگ گل و بلبل باہم والہ و شیدا ہوگیا تہا۔

شگون نیک

سنہ ۱۸۳۹ع کی موسم بہار مین جب شہزادہ البرٹ کوبرگ کو دوبارہ سفر کرکے واپس آیا تو اسوقت اسکو سب سے پہلے اپنے مکانمین بلکہ انگلستان کی تصویر نظر پڑی جسے شہزادہ نے اپنی تشریف آوری کا شگون بشارت سمجہون تصور کیا۔

قیصر نے اس تصویر کو خاص اپنی فرمایش سے کہنچوا کر بڑی تاکید سے روانہ کی تہی کہ شہزادہ مکان مین قدم رکہتے ہی سب سے پہلے اس تصویر کو دیکہے۔

البرٹ کی ملاقات

سفر مذکور سے واپس آنیکے دوسرے مرتبہ البرٹ اپنے بڑے بہائی کے ہمراہ اکتوبر مہینے مین لندن کو آیا تہا۔ اُسوقت قیصر نے اپنے ماموں کو خط مین لکہا کہ شہزادہ البرٹ کا حسن ایک عجیب و غریب ایسا دلفریب ہے کہ جسکے نظارے سے حسن پرستونکا دل ناشکیب ہے اسکی محبوب القلوبی بے تکلفی و بے ریائی کے ساتہہ سحر ساحری کا کام کر رہی ہے۔ ان دنون بعد از فراغ امور ریاست لابدی شب کے وقت بڑی تیاری کے ساتہہ ضیافتین اور ناچ اور رنگ ہوا کرتے اور ان جلسون مین قیصر خود کو احد من الناس ایک مخلص عورت تصور کرتین۔ اور بلا تکلف شریک ہوکر شہزادہ البرٹ کے ساتہہ اکثر اوقات خوش ادائی سے بڑی ہنرمندی کے ساتہہ رقص کیا کرتین۔

پارلیمنٹ مین نکاح کی گفتگو اور روز کا معین ہونا

سنہ ۱۸۴۰ع کی ستارہوین تاریخ جنوری کو پارلیمنٹ مین خود قیصر نے کہا کہ اب مین اپنے پہوپہی بہائی شہزادہ البرٹ کے ساتہہ شادی عقد کا ارادہ رکہتی ہون ما ورا اسمین مجہے اپنی خود کی خانگی خوشی کے علاوہ رعایا کی بہبودی بدرجہ کمال نظر آتی ہے۔ بنابرین اب مین چاہتی ہون کہ شہزادہ البرٹ کیلئے ہز رایل ہینس کا بادشاہی خطاب مقرر کیا جائے۔ پہر بعد انکے پارلیمنٹ مین شہزادہ البرٹ کے لئے جو کہ ملکہ انگلستان کے شوہر ہین لاکہہ روپے کا سالانہ وظیفہ علاوہ خطاب کے قرار پایا۔ فروری کی دسوین تاریخ سنہ ۱۸۴۰ع نکاح کے لئے مقرر ہوئی۔ شہزادہ اپنے والد اور بڑے بہائی کے ساتہہ بکنگہام پالس مین چلا گیا۔

رسومات کتخدائی۔

چونکہ ایک صدی سے زیادہ عرصہ ہوگیا تہا کہ انگلستان مین کسی ملکہ کی شادی نہین ہوئی تہی سو اب عرصہ دراز کے بعد قیصر کی شادی کا موقع اہل انگلنڈ کے ہاتہہ آیا جسنے اس ملک کے ہر غنچہ احباب پر یہہ شگوفہ خوشنودی کہلایا کہ معمول سے زیادہ خوشی و شورمی رعایا کو حاصل ہوئی۔ ہر ایک کا دل باغ باغ تہا غم سے فراغ تہا۔ سحر کا تڑکا ہوتے ہی بکنگہام پالس مین ایک عام ازدہام لگ گیا تہا۔ شعر ذیل کے مضمون کا تذکرہ عام تہا۔

شعر

چمن چمن ہی ہر ایک کوچہ آج انگلنڈ کا ÷ بنا ہے باغ ہستی مین گل طرہ تاج انگلینڈ کا۔

غرض مقام مذکور سے سینٹ جیمس کے گرجا گھر تک دلہن اور نوشاہ کی سواری جانیوالی تھی تماشبین برومند کی ہر صف رنگارنگ کی پوشاک کے باعث جیسے وہ فلاورس کہتے ہیں پہولونکی ڈالی تھی جب دن کے پونے بارہ گھنٹے ہوئے تب شہزادہ البرٹ مع اپنے والد اور بھائی کے خدم وحشم کے ساتھ گرجا گھر کو روانہ ہوا۔ اور سوا بارہ بجے قیصر اپنی والدہ اور ڈچس او سدرلنڈ کے ساتھ شاہانہ زرق برق درخشندہ لباس زیب تن فرماکر آفتاب نصف النہار کی مانند آراستہ پیراستہ ہوکے کھلی گاڑی میں روانہ ہوئیں۔ لباس سفید ساٹن کا تھا اور سنہری کلابتو کا کام کیا ہوا تھا۔ دس ہزار روپیے فقط کلابتوں کا خرچ بتلایا گیا ہے اس لباس کو دو سو آدمیوں سے کچھہ زیادہ کاریگروں نے ملکر آٹھہ مہینے میں تیار کیا تھا جب قیصر گرجا گھر میں آئیں تب چہرہ انکا اترا ہوا اور متفکر معلوم ہوتا تھا۔ لیکن انکی وفادار رعایا کی صدای مرحبائی جسکی آواز آسمانی رعد سے بہت ہی بڑھ چڑھ کے تھی فوراً اس برق وش کو خندہ رو بنا دیا جوں جوں آگے بڑھتی تھیں ووں ووں چار ونطرف سے غلغلۂ تہنیت سرائی کا زمین سے آسمان تک جا پہنچا اور پھر توپونکی سنلک سے گاؤ زمین کا کلیجہ ہل گیا طبل اور برق وغیرہ کی آواز اس قدر بلند ہوئی کہ طاؤس فلک ناچنے لگا۔ غرض کہ اس مبارکباد کے اظہار نے نزدیک اور دور کی خلقت کو آگاہ کردیا کہ مطابق آئین دولہا نے دلہن کو انگشتری پہنائی اور مناکحت کے تمام رسومات اندرون گرجا گھر ادا ہوچکے ہیں اور پھر خلق اللہ نے بکنگام پالس کیطرف رجوع کی تا کہ اپنے والیہ ملک کو اسکے نوشاہ کے ساتھ واپس آتے ہوئے دیکھیں اور اپنی وفاداری کی داد تالیوں کے شور وغل اور ہُرے کی پر جوش صدا سے دیں۔ یہہ سواری لنڈن سے ونڈسر کو جسکا فاصلہ بائیس میل کا ہے گئی اور وہانتک تمام راستہ تہنیت دینے والوں سے معمور تھا اور ہر سمت سے صدائے حبذا و مرحبا کا شور تھا۔ یہاں انکو حسن معاشرت کے رسومات ادا کرنیکے لئے جسے انگریزی میں ہنی موون کہتے ہیں فقط تین ہی روز ملے کیونکہ کاروبار ریاست کی نگرانی کا تقاضا متحرک تھا۔ لہذا فوراً وہ لنڈن کو واپس آگئے۔

پارلیمنٹ میں دربار

قیصر نے اٹھارہویں فروری کو بکنگام پالس میں ایک دربار منعقد فرمایا جس میں پارلیمنٹ کے ہر دو محکموں کی جانب سے تہنیت نامے گذرانے گئے۔ اور پھر لنڈن کے پادری اور کارپوریشن اور بعد اسکے کامبرج کے مدرسۃ العلوم اور سکاٹ لنڈ کے گرجا گھر وغیرہ مقامات سے آئے ہوئے تہنیت نامے پیش ہوئے۔ پھر نوشاہ البرٹ کو انگلستان کے اعلی درجہ نائیٹ گرانڈ کراس کا خطاب عطا ہوا

قیصر کے خسر کی روانگی

اٹھائیسویں فروری ۱۸۴۰ء کو ڈیوک آو کوبرگ خسر قیصر انگلینڈ سے روانہ ہوکے جرمنی کو واپس آئے شہزادے کو اپنے والد کی مفارقت از حد شاق ہوئی۔ قیصر اپنے روزنامچے میں اپنے خاوند کے غم کو دیکھکے تو کس دلسوز فقرہ میں بیان کرتی ہیں۔ آہ میرے عزیز ترین اور میرے گران بہا خاوند کا دل اسوقت کیسا ملول ہے۔ باپ بھائی اور دوست آشنا انکو اور ملک کو اسنے ترک کیا۔ اور میری ہی الفت پر تکیہ کیا۔ یا رب تعالی تو مجھے اس میرے عزیز کی خوشنودی کا باعث کر۔

شادی کا خرچ قیصر کی شادی کا خرچہ جو سرکاری خزانے سے ہوا وہ (۹۲۲۶۰) روپے کا گنا گیا۔ جس مین سنیٹ جیمس کے گرجا گہر کی درستگی کو (۷۰۸۰) روپے خرچ ہوے اور سرکاری دفاتر کی روشنی کو (۸۰۰) روپے ناٹک اور تماشے خانون کے لیے (۱۱۵۰) روپے اور شہزادہ البرٹ کے لنڈن کی مسافری کے لیے (۶۲۲۳۰) روپے۔

عروسی کیک عروسی کیک جو قیصر ہند کی شادی مین تیار ہوا تہا۔ سو نہایت عجیب غریب ذائقہ کا تہا نہ کبہی کسو نے ویسا دیکہا تہا نہ سنا مزا اس کا عجب لذیذ مقدار اس کی بہت بڑا اور اسپر نفیس نقش بنائے گئے تہے وہ کیک نو فیٹ سے زیادہ مدور تہا۔ اور سولہ انچ عمیق اور وزن اس کا (۳۰۰) رطل اور قیمت (۱۰۰) روپے تہی۔ اور چار آدمیون کے ہاتہہ سے وہ میز پر رکہا جاتا تہا اسکی نقش و نگار بیل بوٹہ و تصویرون مین بڑا کمال و ہنر ظاہر کیا گیا۔

اہل یورپ کے خیالات مخفی نرہے کہ ابہی تک انگلستان کے جہال شادیکی کیا کا اپنی معشوق کے دام محبت مین گرفتار کرنیکے لیے ویسا ہی عجیب استعمال کرتے ہین۔ جیساکہ ہمارے یہان کے بعض عامل حب کا عمل کرتے ہین۔ ایک صاحب انگریز جنہون نے آداب عاشقی و خلوت سازی مین ایک رسالہ تصنیف فرمایا ہے وہ لکہتے ہین۔ کہ شادی کرنیکے لیے چہار شنبہ و پنجشنبہ بہترین روز ہین اور جمعہ کو بدترین روز ٹہیرایا ہے غرض کہ ابہی تک یہہ لوگ سعادت نحوست ایام کے قایل ہین۔ اسی طرح شادی کی ضیافت مین ایک خاص قسم کی مچہلی کا ہونا بہت مبارک سمجہتے ہین۔ علی الخصوص جبکہ وہ مچہلی جمعہ کے روز پکڑی ہوئی ہو۔

قیصر کی خوابگاہ کا سوال اب اس باب کو ختم کرنیکے قبل مناسب یہہ ہے

شعر

زیر و زبر ہے دل سو کر ایک نقطہ پیش و پس ٭ بدین قبوح لکہتے ہین لفظ فتوح کو

کہ قیصر کے خوابگاہی سوال کے نام سے مخالفون نے شوریدہ خود غرضی ہوکر بدمزگی کے ساتہہ جسکی شورش تمام انگلستان مین پہیلائی تہی۔ اس کو اختصار کے ساتہہ بیان کیا جائے پیشتر کو سمجہین یعنے خوابگاہی سوال کے نام سے جو بحث کہ ایک دفعہ زبان زد خاص و عام ہو چکی ہے اسے قیصر کی کتخدائی یا خوابگاہ کو حقیقت مین کسی طرح کا علاقہ یا لگاؤ نہین۔ یہہ فقط کنسرویٹو جماعت والے یعنے ٹوری لوگونکی پادشاہ وقت کے حق مین زیادتی تہی۔ حال یہہ ہے کہ سنہ ۱۸۳۶ء مین یعنے قیصر کی تاجپوشی چندے بعد پارلیمنٹ کی تبدیلی ہوئی۔ لارڈ ملبورن جو قیصر کی تخت نشینی کیوقت وزیر اعظم اور لبرل جماعت والے وہگ لوگون کے سردار تہے بلکہ پادشاہی معاملات کی پوری فہمایش کرنیمین گویا قیصر کے استاد تصور کیے جاتے تہے اور علاوہ اس کے قیصر کے محب صادق اور خیرخواہ موافق بہی تہے وہ مستعفی ہوے اور انکی جائے پر سر رابرٹ پیل ٹوری کے سردار وزیر بننے کے لیے آمادہ ہوئے اور اپنی جماعت سے اس نئی وزارت کے عہدہ دار انتخاب کرنیکے لیے قیصر کی خدمت مین حاضر ہوئے۔ گفتگو کرتے ہوئے۔ اتفاقاً قیصر کی زبان سے بیساختہ یہہ کلمے نکل گئے کہ مجہے اپنی قدیم وزرا کی رائے دلسے پسند تہی۔ اور اب مین انکی مستعفی ہونیسے ناخوش ہون۔ یہہ کلمے سر رابرٹ پیل کو ازحد شاق گذری اور انکا پہلا یہہ گمان بالکل پکا ہو گیا کہ لارڈ ملبورن نے اس نوجوان ملکہ کے دل مین

اپنے خیالات اس قدر ذہن نشین کر دئے ہین - کہ ملکہ ہمیشہ انہین کی رائے کو زیادہ تر پسند کرنیکی پہر اسکے بعد سر رابرٹ نے قیصر کی تمام ہم نشین لیڈیونکو اور خواب گاہ کی سہیلیون کو ان کے عہدون سے معطل کرکے اپنی جماعت کے امرائی لیڈیون کو مقرر کرنیکی درخواست کی جو حسب قانون پارلیمنٹ جائز تہی - لیکن قیصر نے اس درخواست کو مطلقاً نامنظور فرمایا بلکہ اپنی ایک سہیلی کو بہی علیحدہ کرنے سے صاف انکار کیا خیر آخر کو سر رابرٹ پیل نہایت ناراض ہوکے وہان سے اٹہا اور ایک طرفۃ العین مین یہ تمام گفتگو ٹوریز لوگونمین مشتہر کردی لیڈیون کی تبدیلی کی بحث کا نام ٹوریز لوگون نے بارہی حسد کے خواب گاہی سوال رکہہ دیا - بطور مضحکہ جا بجا ہر گلی کوچہ و بازار مین یہی گیت گاتے رہے اور اپنے گیت مین اسی حاصی و خنا سری بناتے رہے - بلکہ لکہتے ہین کہ ایک گہوڑ دوڑ کے مجمع مین قیصر کی سواری کو دیکہہ کر ٹوریز لوگون نے اپنی شہزادی مہر نگار ملکہ کامگار کی شان مین جو ان کی خداوند نعمت تہین ہس ہس یعنے نفرین کی آوازین بلند کین - الغرض بعد بحث بیشمار و تکرار بسیار کے قیصر نے وہی اپنے قدیم وزیر لارڈ ملبورن کو واپس بلاکے قلمدان وزارت عنایت فرمایا اور تہوڑے ہی دنونمین یہہ سب باتین رفع دفع ہوگئین مگر اس وقت کے مباحثے نے قیصر کو آجتک ایسا ہوشیار کردیا کہ تبدیل وزارت کے وقت آپ نے کبہی کسی جماعت کی طرف داری نہ کی تہی

باب چہٹا قیصر کا عالم سہاگ

قیصر و البرٹ کا اتحاد

بعد شادی کے قیصر نے ایک خط مین لکہا کہ تمام دنیا مین بہترین عزیز ترین اور نوا ہین افضل صاحب تمکین اگر کوئی شخص ہے تو وہ میرا شوہر ہے - قیصر کی نسبت البرٹ کا بہی یہی خیال تہا - الغرض ان دونونمین اتحاد دلی اور انس قلبی تہا ہر ایک دوسرے کا سچا مددگار سچا دلدار اور سچا غمخوار تہا - غرض البرٹ کی وفات تک ان دونونکی محبت اور اخلاص روز افزون رہا قیصر اور البرٹ کو شادمان با فراغ دیکہہ کر تمام رعایا جس کو بادشاہونکا چمنستان کہتے ہین باغ باغ تہی - چارون طرف سے پیہم تہنیت نامے و سپاس نامون کا مسلسل تار بندہ گیا تہا یہان تک کہ ایکروز البرٹ کو ۲۷ تہنیت خوان جماعتون کا جدا جدا شکریہ ادا کرنا پڑا -

قیصر و البرٹ کے حقوق

البرٹ کو قیصر پر شوہر بننے کا ایک حق تہا تو قیصر کو انکی ملکہ او صاحبخانہ بننے کے دو حق البرٹ پر تہے - مگر قیصر البرٹ کی دلداری مین ایسی محو ہوگئی کہ کبہی خود کو البرٹ کے سر پر ملکہ خیال نہین کرتین اور خانہ داری کے کل امورات مین البرٹ کو مختار کل گردانا تہا - اگرچہ محل کے عہدیدار جو بڑے لارڈ اور نامور لیڈیان تہین وہ ایک اجنبی نو وارد البرٹ کی مختاری سے ناراض ہوکے وقت بوقت قیصر سے کہہ یا کرتین کہ حضور آپ ملکہ جہان ہین اور مالک مکان ہین اور آپ کے شوہر آپکی رعیت مین پہر ان کا اتنا بہت اختیار کیون - اس فقرے کے جواب مین قیصر یہی فرماتین کہ عقد نکاح کے وقت شوہر کی صحبت شوہر

کی عزت اور شوہر کی تابعداری کا جو اقرار مین نے کیا ہے سو اب اُس کا پورا کرنا مجہپر واجبات سے ہے البرٹ بہی ہر حالت مین قیصر کے پورے حقوق کا لحاظ بڑی باریکی اور دانائی کے ساتہہ کیا کرتا۔ اور ہر امر کو عین مصلحت سے سرانجام دیتا۔

درباری معاملو مین البرٹ کی رای

قیصر کی خانہ داری کے علاوہ درباری امورات مین بہی البرٹ سے خفیہ طور پر مشورہ کیا کرتین از بسکہ البرٹ دانائی زمان شخص تہے قیصر کو ایسی رائے صایب دیتے کہ وہ اُس رائے پر نازان ہوتین مگر البرٹ ظاہرا آپ کو قیصر سے بالکل علیحدہ رکہتے اور درباریون سے بہی بہت خلا ملا نہین رکہتے اسی باعث شروع مین لوگ ان کو بڑا متکبر سمجہتے تہے اور اکثر ناواقف لوگ وقار و وقعت کو تکبر سمجہے ہوئے ہین بلکہ جو کم سخن و فضول گو نہین اُس کو بہی مغرور و متکبر کہا کرتے ہین قیصر باوجود رتبہ اپنے شوہر کو ہمیشہ اسی القاب سے رقعہ لکہتین (پیارے خاوند)

انتظام خانہ داری

سب سے پہلے البرٹ کو خانہ داری کی بدانتظامی کے دفعیہ کے لیے بڑی کوشش کرنی پڑی۔ محل مین کثرت ملازمین کے باعث یہہ اندہیر چل رہا تہا کہ اگر دریچے کا ایک شیشہ ٹوٹ جاوے تو دوسرا کانچ بٹہلانیکی منظوری منتظمان محل سے ہفتون مین نہین ملتی ہر دریچے کے اندر کا شیشہ صاف کرنے کے لیے علیحدہ عہدیدار مقرر تہے اور باہر کے لیے علیحدہ پس اسی پر بدانتظامی کو قیاس کر لیجئے اندرون محل کے امورات کے لیے دو لارڈ مقرر رہتے۔ ایک چیمبرلین یعنے حاجب اور دوسرا سٹوورڈ یعنے خانسامان۔ یہہ دو بڑے عہدیدار تہے اور ہر ایک کے ماتحت اور عہدہ دار تہے اور ان کے علاقے مین پہر کئی ملازم مرد۔ عورتین تہین اور ایک ملازم کا کام ایسا خاص مقرر کیا ہوا تہا کہ دوسرا اسمین دخل نہ کر سکے۔ آخر یہی البرٹ ہی تہے کہ اس بدانتظامی کو ایسے حسن انتظام سے مبدل کر ڈالا کہ تا زیست اُن کو گہر کے معاملات کا پورا آرام حاصل ہو۔

نقاشی کا ڈہنگ اور راگ رنگ

قیصر و البرٹ کا فرصت کے وقت نقاشی کی طرف ضرور میلان خاطر رہتا تہا۔ پرنسس رایل اور ولیعہد بہادر کی بہت سی تصویرین چہوٹی عمر کی انہین قیصر و البرٹ کے قلم سے کہچی ہوئی ہین اور رنگ بہی انہین کے ہاتہہ کا دیا ہوا ہے۔ ان دونون کو جیسا کہ نقاشی مین ملکہ تہا ویسا راگ مین بہی بے نظیر ہے۔ البرٹ مضامین عالیہ کو فورا منظوم کرتے اور وہین قیصر راگ مین انکو سنا کر خوش کرتین اور آپ بہی خوش ہوتین کسی نے خوب مصرع کہا ہے۔ سدا حسن اور عشق مین لاگ ہے یا قیصر کو فن موسیقی کی شایق دیکہہ کر رعایا کو بہی کمال شوق پیدا ہوا۔ اور جب ناٹک مین قیصر و البرٹ کا جانا ہوتا وہان سرود کی وہ باریکیان سُننے مین آتین کہ لوگ حیران رہجاتے اور اس ترکیب سے ناٹک والے آسودہ حال بہی ہوجاتے کہ قیصر کے آنیکی خبر پر گران قیمت سے بیشمار ٹکٹ فروخت ہوجاتی

بردہ فروشی کی ممانعت

قیصر کے پورے اعتماد سے خانہ داری کی مختاری حاصل کرنیکے بعد البرٹ کبہی کبہی بہبودی خلایق کی طرف متوجہ ہونے لگا اور لوگون کے دلونمین بہی انکی تکبری کا جو شبہہ تہا وہ رفتہ

رفتہ دور ہوتا گیا۔ سنہ ۱۸۴۰ء مین جون کی پہلی تاریخ کو بردہ فروشی کی مخالفت کی مجلس مین پہلی مرتبہ البرٹ صدر نشین ہوئے اور پہلی مرتبہ انگریزی مین تقریر کر کے انگریزون کے دلون کو محو کر لیا۔

بعد شادی کی تنہائی پسند

قبل کتخدائی قیصر کو لنڈن کی دھوم دھام ناچ رنگ اور دوسری مجلسین بہت تہین۔ مگر بعد شادی کے قیصر لنڈن سے بیزار ہو کے اکثر قریون مین بود و باش کرتین اور وہین بڑی بڑی محل تیار کروا کے اپنے شوہر کے ساتھہ بخوشی رہا کرتین۔ سچ ہے۔ **شعر**

یا آئینون مین عکس حسینون کے بند ہین ٭ جو مہ جبین ہین دیکھنے خلوت پسند ہین

باب ساتوان قیصر کا مادری عالم

شعر

ولادت اطفال کی میعاد

دل شگفتہ صاحب اولاد ہے ٭ نخل بار آور سے باغ آباد ہے

سنہ ۱۸۴۰ء کی فروری کی دسوین تاریخ کو قیصر کتخدا ہوئین اور اسی سال نومبر مہینے کی اکیسوین کو آپ کو بڑی شہزادی پرنسیس رایل پیدا ہوئین۔ اور پھر سنہ ۱۸۵۲ء کے اپریل مہینے کی چودہوین تاریخ کو کہ ہندوستان مین غدر کا ہنگامہ برپا تہا۔ آپ کو اخیر شہزادی بٹریس پیدا ہوئین۔ غرضیکہ سترہ برس کے عرصے مین قیصر کو کل نو فرزند پیدا ہوئے جن کا تاریخی مفصل حال آٹھوین باب مین ملاحظہ فرمائیے

قیصر کی زچگی

لکھتے ہین کہ ہر زچگی کے وقت البرٹ بذات آپ خود قیصر کی خبرداری کرتے۔ ہر کام مین بخوشی حاضر رہتے۔ تاریک کمرے مین قیصر کے پاس بیٹھ کر متفرق کتب کے عمدہ مضامین سے انکی طبیعت کو مسرت بخشتے۔ الغرض قیصر کے یہہ کلمے البرٹ کی دلی محبت کے لئے کافی ہین۔ **الوٹ خبرداری مین بجائے والدہ کے** لکھے ہین۔ **ہا اب البرٹ کے جیسی رحم دل فہمید دائی پہر کہان۔**

فرزندونکی تربیت کا قابل غور طریقہ

البرٹ و قیصر اپنے فرزندونکی تعلیم و تربیت مین حد سے زیادہ ساعی رہتے۔ علاوہ علوم و فنون متفرقہ کے انکو خانہ داری کی تعلیم کے لئے قیصر نے اپنی ایک سالگرہ کی خوشی مین اپنی رہنی کے قیصر اسبورن سے ایک میل کے فاصلے پر ایک مکان عالیشان مع ایک بڑے باغ کے بنام سوس کاٹیج اپنے فرزندون کے لئے تیار کروایا۔ یہہ مکان کیا تہا کہ شہزادی و شہزادون کے لئے ایک خاصہ کارخانہ اور عمدہ تعلیم کی زراعت تہی۔ اس باغ کے باہر نو باغیچے تیار کر کے ہر فرزند کے نام ایک ایک معین کر دیا۔ ان باغون مین یہہ شہزادے اپنے فن کے کامل باغبان اور کاشتکارونکی ماتحت مانند دہقانون کے دو دو تین تین گھنٹہ کام کیا کرتے۔ ہل چلاتے زمین کہودتے بیج بوتے۔ اور فصل بہی اپنے ہاتہون کاٹتے۔ اسی باغ مین ایک چہوٹا سا خوش ترکیب (پورا) قلعہ تیار کیا گیا۔ اور اس مین معمار بڑہئی راج لوہار وغیرہ کل کام شہزادون کے ہاتہہ سے لیا گیا حتی اینٹون کے سانچے (زیادہ) بہی انہین شہزادون کی

ہاتہون تیار کی گئی ہتی۔ اسی سوس کاٹیج مین ایک شاہ باورچی کے ماتحت تمام شہزادیان قسم قسم کا پکوان شیرین و نمکین و ترکاری و ساگ۔ مٹہائی طرح طرح کی۔ اچار چٹنی۔ مربے۔ وغیرہ اپنے ہاتہون پکا و بنا کر تیار کرتین۔ اسی محل مین ایک شہزادونکی واقفیت کے لیئے قدرتی اشیار کا ایک عجائب خانہ بہی ہے جسمین موالید ثلاثہ یعنے جمادات۔ نباتات و حیوانات کے عمدہ نمونے موجود ہین۔ ایک مرتبہ ان شہزادی و شہزادیون نے نامور شاعر ٹامسن کی موسمی منظومات پر ایک ناٹک کیا تہا جس مین ہر ایک فرزند نے ایک ایک طرح اختیار کرلی ہتی۔ کہتے ہین کہ یہہ ناٹک قیصر کی ایک خاص تقریب مین کیا گیا تہا۔ اور تمام حضار ان عزیزون کی لیاقت پر حیران رہے تہے۔ ایک مرتبہ ایک چہوٹی شہزادی نے کہیلتے ہوئے اپنی ایک اصیل کے ہاتہہ سے بلاکینگ کا برش لے کر اس کا منہہ اور اس کے کپڑے سیاہ کر دئیے آخر قیصر کو یہہ حال معلوم ہوا تو اس شہزادے پر بے طرح خفا ہوئین اور اسے گہسیٹ کے اس کمرے مین لے گئین اور معافی طلب کروائین بلکہ اس شہزادے کے معین کئے ہوئے جیبون سے اسی وقت نئے کپڑے سلوا کر اس آنا کو پہنوائے۔ الغرض کامل طور سے اپنے فرزندون کو تربیت کرکے جناب مہد علیا ملکہ عالم و عالمیان ان نورچشمون کو اکثر سیر و سیاحت مین اپنے ہمراہ رکہتی تہین۔ کبہی دریائی سفر اور کبہی زمین کا سفر کرتی رہتی تہین اس مصرع کے مطابق بسیار سفر باید تا پختہ شود خامی۔ قیصر نے اپنے شہزادون کو زمین کے دور و دراز حصے مین روانہ فرماکے تجربات سفر سے انکو ماہر کرادیا۔ دیکہئیے تو شہزادہ ڈیوک آف ایڈنبرو بذریعہ بحر تمام دنیا گہوم آئے۔ شہزادہ ولیعہد بہادر کو دیکہئیے کہ دور و دراز ملکون کا سفر کرکے اپنے مرکز اصلی کی طرف رجوع کیا۔ اسی طرح قیصر کے معزز شہزادے ڈیوک آف کناٹ جو ابہی ہند مین بمبئی کے سالار فوج ہین بے کہٹکے ملک افغان کی تمام سرحد گہوم آئے ان تینون شہزادون نے اپنی تشریف آوری سے ہند کو سربلند کیا ہے۔ غرض یہہ شہزادے شعور مند ہوئے بعد اپنی رغبت دلی سے کتخدا بنے اور صاحب اولاد ہوئے۔

باب آٹہوان قیصر کے فرزندون کے بیان مین

قیصر کے فرزند سعادت مند کل نو ہین جن مین چار شہزادے ہین اور پانچ شہزادیان۔ تمام کتخدا اور دو کے سوا سب بفضل خدا ابہی زندہ ہین۔

۱۔ پرنسیس رایل جن کا پورا نام شہزادی وکٹوریہ اڈیلیڈ میری لوسا ہی تاریخ ولادت انکی اکیسوین نومبر ۱۸۴۰ء مین ہے۔ وہ بادشاہ جرمنی کے ولیعہد شہزادے فریڈرک ولیم سے ۲۵ جنوری ۱۸۵۸ء مین بیاہی گئی ہین۔ ان سے تین شہزادے اور چار شہزادیان موجود ہین۔

۲۔ پرنس آف ویلز جن کا اصل نام البرٹ اڈورڈ ہے قیصر ہند و ملکہ انگلستان کے ولیعہد بہادر آپ ہی ہین ولادت انکی ۹ نومبر ۱۸۴۱ء مین ہے بادشاہ ڈنمارک نہم کرسچین کی بڑی شہزادی الگزنڈرہ سے ماہ

مارچ سنه ۱۸۶۳ع کو کتخدا ہوئی ہین یہہ دوسرے شہزادے ہین جو سنه ۱۸۷۵ع مین ہندوستان کی سیر کو آئے تہے ان کی اولاد سے۔

۱۔ شہزادہ البرٹ وکٹر ہے جو ہشتم جنوری سنه ۱۸۶۴ع کو پیدا ہوا۔

۲۔ شہزادہ جارج فرڈرک آرنسٹ البرٹ ہے جو ۳ جون سنه ۱۸۶۵ع کو تولد ہوا۔

۳۔ شہزادی لوئیس وکٹوریا الگزنڈرہ ہے جو ۲۰ فروری سنه ۱۸۶۷ع کو پیدا ہوئی۔

۴۔ شہزادی وکٹوریہ الگزنڈرہ اولگا مری ہے جو ۶ جولائی سنه ۱۸۶۸ع کو پیدا ہوئی۔

۵۔ شہزادی اجولٹ مری وکٹوریہ ہے جو ۲۶ نومبر سنه ۱۸۶۹ع مین تولد ہوئی۔

۳۔ پرنسیس الیس جن کا نام ہومیری ہے۔ یہہ شہزادی ۲۵ وین اپریل سنه ۱۸۴۳ع کو تولد ہوئی اور سنه ۱۸۶۲ع کی پہلی جولائی کو ہستے کے گرانڈ ڈیوک چہارم لوئی کی عروس بنین اور سنه ۱۸۷۸ع کے چودھوین دسمبر کو اس جہان سے گذر گیئین۔ ان سے ایک شہزادہ اور چار شہزادیان یادگار ہین۔

۴۔ ڈیوک آو ادمبرو شہزادہ الفورڈ ارنسٹ البرٹ جو سنه ۱۸۴۴ع کے اگست مہینے مین ۶ تاریخ کو تولد ہوئے اور سنه ۱۸۷۴ع کی ۲۳ وین تاریخ جنوری کو متوفی شہنشاہ روس کی شہزادی گرانڈ ڈچس میری کے شوہر بنے۔ یہہ اول ہی شہزادے ہین جو سنه ۱۸۷۰ع مین ملک ہندوستان کی سیر کو تشریف فرما ہوے تہے۔ گہران کا ایک شہزادہ اور چار شہزادیون سے آباد ہے۔

۵۔ پرنسیس ہلینہ یعنے شہزادی اگسٹہ وکٹوریہ سنه ۱۸۴۶ع کی ۲۵ وین ماہ مئی کو تولد ہوئین اور سنه ۱۸۶۶ع کے ۵ جولائی کو سلیسوگ ہولسٹن کے شہزادہ فرڈرک کرسچین سے منعقد ہوئین ہین۔ ان سے دو شہزادے اور دو شہزادیان حیات ہین۔

۶۔ پرنسیس لوئیز شہزادی لوئیز کیرولین البرٹ سنه ۱۸۴۸ع کے ماہ مارچ کی ۱۸ وین کو پیدا ہوئین اور جان مارکوس آو لورن سے ۲۱ وین ماہ مارچ سنه ۱۸۷۱ع کو منسوب ہوئین ہین ابہی انہین کوئی اولاد نہین ہوئی۔

۷۔ ڈیوک آو کناٹ جن کا نام نامی آرتہر ولیم پیٹرک البرٹ ہے یہہ شہزادہ اول ماہ مئی سنه ۱۸۵۰ع کو پیدا ہوئے۔ اور ۱۳ وین مارچ سنه ۱۸۷۹ع کو پروشیا کے متوفی شہزادی کی دختر پرنسیس لوئیس مارگرٹ کے ساتہ کتخدا بنے یہہ تیسرے شہزادہ ہین جو سنه ۱۸۸۳ع مین ہندوستان کو تشریف فرما ہوئے تہے اعصابتو علاقہ بمبئی کے سالار فوج مقرر ہین۔ اور باجازت پارلیمنٹ اپنی والدہ قیصر کی انگلستان کی جوبلی کے جشن مین شامل ہونے کے لئے لنڈن کو تشریف لیگئے ہین انکو ایک شہزادی اور ایک شہزادہ خدا نے عطا فرمایا۔

۸۔ ڈیوک آو البنی شہزادہ لیوپولڈ جارج ڈنکن البرٹ ہین جو سنه ۱۸۵۳ع کی ۷۔ اپریل کو پیدا ہوئے اور ۲۷ وین اپریل سنه ۱۸۸۲ع مین والڈک پیرمونٹ کی شہزادی ہیلن سے بیاہے گئے اور سنه ۱۸۸۴ع کی ۱۸ وین مارچ کو اس جہان فانی سے اقلیم جاودان کیطرف سفر کرگئے۔ اپنے بعد فقط ایک ہی شہزادی چہوڑ گئے ہین قیصر کو انکی وفات از حد شاق گذری

پرنسیس بٹیرس - شہزادی بٹیرس میری وکٹوریہ فیوڈورجو ۱۴ وین اپریل سنہ ۱۸۵۷ء مین تولد ہوئی -
ور ۲۳ وین جولائی سنہ ۱۸۸۵ء کو بے ٹنبرگ کے شہزادہ ہنری سے بیاہی گئی - یہہ شہزادہ بلگیریہ کے معزول شدہ
دشاہ الگزنڈر کے بہائی ہین سال گذشتہ کی سنہ ۱۸۸۶ء کے نومبر مہینے مین ۲۳ وین تاریخ کو ایک شہزادہ ان کو تولد ہوا ہے -

ب نوان قیصر اور اسکی اولاد کے سالانہ وظیفہ کے بیان مین

۳۸۵۰۰۰ روپے کی رقم قیصر کے لیئے بعد ادائے رسومات تاجپوشی مقرر ہوئی - بدین تفصیل -
۶۰۰۰۰ روپے قیصر کے خانگی اخراجات کے لیئے -
۲۳۱۲۶ روپے پادشاہی خاندان کے وظیفہ کے لیئے -
۴۴۲۴ روپے معزول شدہ ملازمون کا وظیفہ -
۱۳۲۰۰ روپے انعامات شاہی کے لیئے مع خیرات وغیرہ -
۳۴۴۳۰۰۰ روپے عام طور پر دربار مین خرچ کرنے کے لیئے -
۳۸۵۰۰۰ جملہ روپے -

رقم مذکور اس شرط پر مقرر ہوئی کہ اگر کسی سال چالیس لاکہ روپے سے زیادہ خرچ کیا جائے تو اس کا مفصل
حساب تیس ۳۰ روز کے اندر پارلیمنٹ مین پیش کرین -

۴۵۰۰۰ روپے کی رقم علاوہ رقم مذکور کے ضلع لانکیسٹر سے ڈچیس پنے کی قیصر کو ملتی ہے -
۳۰۸۰۰ روپے کی رقم اسی ضلع کی واٹین شرب کی آمدنی سے اصل سے قیصر کو ملا کرتی ہے -
۱۰۱۰ روپئے کی رقم لنڈن کی وطن داری کے حق سعی کے سبب نام ملا کرتی ہے -
۲۵۲۴۹۰ روپئے متفرق مقامات کے دائمی اخراجات کے لئے مقرر ہین -
۳۹۷۴۳۰ - دریائی جہازات کی سیر کیلئے مقرر ہین -
۳۱۱۵۰۰ روپے پادشاہی رسالے کے لشکری اخراجات کے لئے -

قیصر کی خانگی املاک

۲۳۹۲۰ روپئے سکاٹلنڈ کے پرگنہ ابرڈین کی بطور کرایہ کے سالانہ آمدنی -
۳۱۰۰۰ روپئے انگلنڈ کی ہپشائر پرگنہ کی آمدنی
۶۹۰۰ روپے سرے کے پرگنہ کی آمدنی -

الغرض سنہ ۱۸۸۶ء مین کل رقم قیصر ہند کو ۵۶۰۲۰۳۰ روپے کی وصولی ہوئی تہی - علاوہ آمدنی مذکور بالا کے
سنہ ۱۸۸۲ء مین جنگل کے کشترون سے کلرمونٹ کی جگہ ۷۴۰۰۰۰ روپے کو قیصر نے خرید کی ہے - اور ملک
جرمنی مین کوبرگ کی طرف سے بہی قیصر کی خاص ملک ابہی باقی ہے -
قیصر کی سرکاری آمدنی سے ان کی اولاد کو حسب ذیل رقمین ملا کرتی ہین -
۲۵۰۰۰ - ڈیوک آو اڈنبرو کو - ۲۵۰۰۰ ڈیوک آو کناٹ کو

۸۰۰۰۔ پروشیہ کی شہزادی فریڈرک ولیم کو۔
۶۰۰۰ پرنسیس لوییس کو۔
۶۰۰۰ ڈچس آو کمبرج کو۔
۵۰۰۰ پرنسیس آو ٹیک کو۔
۶۰۰۰ شہزادی ایلس کی بیوہ کو۔
۶۰۰۰ شہزادی کرسچین کو۔
۶۰۰۰ پرنسیس ہنری کو
۳۰۰۰ میکلن برگ کی گرانڈ ڈچیس کو
۱۲۰۰۰۔ ڈیوک آو کمبرج کو
۴۰۰۰۰ شہزادہ ولیعہد پرنس آو ویلز کو
۱۰۳۱۲۳۰ پرنس آو ویلز کو سنہ ۱۸۸۳ع مین پرگنہ کارنوال کا محصول ملا تہا۔
۱۰۰۰۰ پرنس آو ویلز کی بیگم کو۔

خدانخواستہ اگر پرنس آو ویلز کی بیگم بیوہ ہو جاوے تو تین لاکہہ روپے کا سالانہ انکی واسطے مقرر ہوا ہی۔

باب دسوان قیصر کی فرمانروای عالم

انگلنڈ کا افلاس

شعر

"قسام ازل نے وہین سونپا اُسے ناسخ ؎ جو شخص کہ جس چیز کے قابل نظر آیا"

قیصر ایک لئیق فرمانروا ہین۔ یہہ کلمہ بالاتفاق تسلیم کیا گیا ہے۔ یہان لئیق سے مراد رعایا پرور عدل گستر بیدار مغز۔ فریادرس۔ منصف مزاج۔ نیک سیرت۔ خوبصورت۔ بہتری خواہ خلایق ہے۔ دیکھئے ۱۸۴۱-۴۲ع مین قیصر نوعروس تہین۔ ان دنون اس بحر خوبی کی طبیعت مین ناچ اور راگ کا شوق ہو چلا تہا۔ لیکن انگلنڈ کی رعایا کا ایک بہت بڑا حصہ افلاس و فلاکت کے باعث گرفتار رنج و محن تہا۔ مفلسی و ادبار کی گہٹا انکے سر و بر چارو نطرف سے چہا رہی تہی۔ فاقہ کشی غایت درجہ انکو ستا رہی تہی۔ ملکی ہنر اور ملکی کسب کی ترقی کی خواہش کا چارو نطرف سے تشور برپا تہا۔ ان روزون ولیعہد بہادر پرنس آو ویلز کو اصطباغ دینے کی تقریب ۲۵ جنوری سنہ ۱۸۴۲ع کو مقرر ہوئی۔ اور بڑے کر و فر کے ساتہہ اسکی تیاریان ہونے لگین۔ سر رابرٹ پیل صاحب جنہون نے منصب وزارت علیا کی کرسی پر تہوڑی مدت سے جلوس فرمایا تہا۔ بنا برین قیصر سے زیادہ کہنے سننے کے لئے انکا ہیاؤ نہین پڑتا تہا تاہم انہون نے ہمت بڑہا کے قیصر سے کہا کہ اندنون آپکی رعایا پر فلاکت کی مصیبت طاری ہی۔ بار ادبار کا پہاڑ ہر ایک کے سر پر بہاری ہی۔ ایسے وقت مین اصطباغ کی یہہ دہوم دہام رعایاے انگلنڈ کو کس طرح پسند آویگی۔ یہہ سنتے ہی یا تو وہ تیاریان ہو رہی تہین یا یہہ حکم دیا گیا کہ فقط سادی طور پر بے تکلفی کے ساتہہ بغیر راگ و رنگ اور بے دف و چنگ رسومات اصطباغ ادا ہون۔ اور ملکی صنعت کی بہبودی و ترقی مدنظر رکہہ کے آپنے پاؤن تک فقط دیسی کاریگری کا لباس پہن لیا بلکہ تمام سہیلیون کو بہی ویسا ہی لباس پہنوایا۔ تاکہ حاکم مزاج کو ایک خاص طرف رجوع دیکہکر رعایا بہی اسی طرف بخوشی مایل ہوی سال یعنے سنہ ۱۸۴۲ع مین قیصر کی طرف سے راگ و رنگ کی جو شرکی ضیافت دیگئی۔ اُس کا بہی خاص الخاص یہی منشا تہا کہ دیسی لوگونکی ہنرمندی کاریگری و کسب کا

علانیہ اظہار ہو۔ انہیں ایام کا ایک فیانسی بال بھی مشہور ہے جسمیں اٹھارہ ہزار آدمی کام میں لگائے گئے تھے فرمائیے اس سے بڑھ کے رعایا پروری اور کیا ہونی چاہیئے۔

ملکی و پرولیسی الجھاؤ کس حسن انتظامی سے سلجھایا

زمانہ مذکور الصدر کا نقشہ ایک مدت سے جسطرح ملک و رسکنائی ملک کے حق میں مضرت رسان تھا وسیطرح غیر ملک کا نقشہ بھی خوف کی صورت دکھا رہا تھا۔ انگلینڈ کے خزانے میں نقصان ریاست میں تنزل کا سامان تجارت میں مندی روزگار مفقود ترقی بیکاری۔ دنیا میں ایک مخالفت اکے ساتھ باہم پھیلی تھی۔ اسیطرح بیرونجات میں تفرقہ کی ہوا چل رہی تھی۔ امریکہ میں ویسٹ انڈیز کے مجالس سے مقابلہ۔ ایسی پریشان خاطری کیوقت کابل کے جنگ و جدال کے زور و شور سے انگلینڈ کا دل بشکل آئینہ پارہ پارہ تھا۔ اور علاوہ ان سب آفتوں کے معاملات مصر جو آجتک ایسٹرن کویسچن یعنی مشرقی سوال کے نام سے مشہور ہے وہ گویا ایک قرابین کو نبات مصری کے چھروں سے بھر کر فیر اڑا رہا تھا اور ان دنوں مصر کے معاملات میں روس کے عوض فرانس زیادہ کچھ اوچل رہا تھا۔ اس محل پر ناظرین قیاس فرمادیں کہ کس رنج بحر آفات چوطرف کسقدر متموج در موج تھا مخالف فوج در فوج۔ علاوہ اس کے قیصر کا گلبن شباب بہار افزا۔ راگ و رنگ کی امنگ۔ عشرت آفرینی کے ڈھنگ۔ با این ہمہ اس ملکہ جہان و جہانیان نے اپنی جوبن کی ابھار۔ جوانی کی بہار پر مملکت داری کی فکر کو ترجیح دیکر عیش و آرام کو باد ہوائی سمجھ لیا۔ ایسا انتظام کیا کہ۔ مصرع فلک گفت احسن ملک گفت زہ۔ یعنے یہانتک ہمہ تن مصروف معاملات ملکی رہیں کہ۔ انگلینڈ کو اس رتبہ پر پہنچادیا جیساکہ عیاں ہے۔ حاجت بیان نہیں۔ اگرچہ انگلستان کے آئین کے روسے حاکم وقت کو زحد آزادی ہے۔

شعر

الجھاؤ اپنے ملک کا و غیر ملک کا ۔ ۔ آئین قیصری نے کیا آئینہ ساصاف

ٹیکس و محصول

انہیں ایام نا مسعود میں خزانے کا نقصان پورا کرنیکے لیے انکم ٹیکس منظور کیا گیا پادشاہ وقت تمام قسم کے محصولات سے حسب آئین سلطنت بری رہتی ہیں۔ تاہم قیصر نے خود کو مثل احدٌ من الناس تصور کر کے ٹیکس کا دینا اپنے اوپر لازم کر لیا۔ قیصر کو ٹیکس دینے پر آمادہ دیکھکر تمام رعایا بدل و جان ٹیکس بھرنے لگی۔ بیشک مقولہ الناس علی طرایق ملوکہم) سچ ہے۔

قیصر کی سیر و سیاحت

یہ مشہور ہے کہ اپنی تمام ملک اور اسکے اطراف و جوانب میں بذات خود سفر کر کے رعیت کی پوری ماہیت حاصل کر نہیں قیصر سب بادشاہوں پر سبقت لیگئی ہیں یہانتک کہ امریکہ ہند و آسٹریلیا تک کالے کوسوں کی مسافری میں بھی جہاں خود بدولت کا جانا نہ بن پایا تو وہاں اپنی روشن دل بیدار مغز نور عینوں کو روانہ کر کے خاطر خواہ آگاہی حاصل کر لی قیصر کے سفر ناموں کے بڑے بڑے دفتر جمع ہوئے ہیں۔

سفر سکاٹلنڈ

قیصر کا پہلا سفر ۱۸۴۲ء میں ملک سکاٹلنڈ میں ہوا ہے۔ سکاٹلینڈ کے پائے تخت ڈنبرو میں قیصر کے روز معینہ سے ایک روز قبل پہنچ جانے کے باعث استقبال شاہانہ و تجمل ملوکانہ کی طیاری کر و فر

سے تیاری کیگئی تہی - وہ لوہیں بیکار سمجہی گئی - مگر اسکی دوسری روز قیصر کی سواری کی روانگی کیوقت رعایا نے ایک جوش و خروش کے ساتھہ اپنی مسرت اور خوشدلی ظاہر کی -

پہنی ہوئی جبونکا فرش

سنہ ۱۸۴۳ء مین انگلستان کے جنوبی کنارونکا سفر کرتے ہوئی قیصر سوذن مین جب اُتریں اُسوقت بارش سے زمین کو کچہہ خراب دیکہکر وہان کے اہالیان کارپوریشن نے برائی خیر مقدم اپنی اپنی جبہی قیصر کی قدم انداز ہونیکے لئے بچہا دیئے تہے - قیصر ان لوگونکا دل باغ باغ فرمانیکے لئے ان جبون پر قدم انداز ہوتی ہوئی چلی گئین - انہین دنون جنگ افغان و سکہہ ختم ہوئی -

جنگ فرانس وغیرہ

بعد اس کے انگلینڈ و فرانس کی قدیم عداوت کا نقشہ مٹانیکے ارادہ سے قیصر نے اپنے شوہر کے ہمراہ ملک فرانس کا باوجود مسافت دور و دراز کے سفر اختیار کیا - اس سے پیشتر گذشتہ چار سو برس تک انگلنڈ کا کوئی پادشاہ اس ملک کو نہین گیا تہا - اس سفر مین بہی رعایای ملک فرانس نے بہی قیصر کی نہایت توقیر کی جب صفائی دلی کے ساتھہ عزت شاہانہ حاصل کرلی - تب خوشدلی سے اپنی دارالسلطنت کو واپس آئین - اسوقت فرانس کے تخت پر شہنشاہ لوئی فلپ بزم آرا تہا - فرانس سے قیصر اپنی عموی بزرگ پادشاہ لیوپولڈ کی ملاقات کو بلجیم تشریف لے گئین - اور بڑی دہوم دہام سے داخل شہر ہوئین - سنہ ۱۸۴۴ء مین روس کے شہنشاہ نکولس پہلی مرتبہ انگلینڈ مین آئی اور انکی بعد فرانس کے پادشاہ لوئی فلپ اپنی ملکہ امیلی کے ہمراہ لنڈن آئی قیصر نے مہمانی فرمائی

پادشاہی مہمانی کا خرچ کہان سے ادا ہوا

ان دونون شہنشاہونکی مہمانداری مین قیصر نے کوئی دقیقہ فروگذاشت نہین کیا اور کل خرچ قیصر نے اپنی جیب سے ہی کیا - ایسے مقام پر اکثر خرچ سرکاری خزانے سے لیا جاتا تہا - کیونکہ قیصر کے قبل بہت پادشاہ مقروض رہا کرتے تہی - اسصورت مین ضرور تہا انکو پارلیمنٹ سے پیسا لینا پڑتا تہا - بنا برین اس وقت سر رابرٹ پیل نے بڑے فخر سے پارلیمنٹ مین بیان کیا کہ مہمانونکا کل خرچ قیصر نے اپنی جیب سے ادا کیا - ایک کوڑی بہی انگلنڈ کی خزانے سے نہین لیگئی

رائل ایکسچینج

اسی سال یعنی سنہ ۱۸۴۴ء مین تجارت کا نیا عالیشان مکان بنام رائل ایکسچینج تیار ہوا اور قیصر نے اسکی افتتاح کے رسومات پادشاہی کروفر کے ساتھہ ادا کئے -

تبسم شگفتگی -

رسومات افتتاح کے وقت لنڈن شہر کے لارڈ میئر پر ایک قابل تماشا حالت گذری لارڈ صاحب نے اپنی ریشمی موزی و عاشقانہ بوٹ کو بارش سے بہیگی ہوئی راستے سے بچانیکے لئے ان کے اوپر خلاصیون کے جاگ بوٹ نامی قندہاری یا پوتین جنمین فولاد کے بڑی بڑی نہبر لگی ہوئی تہے چڑہائی لارڈ صاحب کا یہہ ارادہ تہا کہ قیصر کی سواری جب قریب آئیگی - اسیوقت وہ خلاصیون کے جوتے اُتار ڈالونگا - اور اپنی عاشقی نئے بوٹون سے قیصر کے روبرو جاکے تسلیمات بجا لاؤنگا - الغرض قیصر کی سواری قریب آگئی - اور لارڈ صاحب نے بڑی سرعت سے زور کیا تو ایک بوٹ صاف نکل آیا مگر دوسرا

کچھ ایسا بیٹھ گیا تھا کہ مطلق نہیں ہلا یہانتک کہ قیصر انکی نزدیک آپہنچین۔ لوگون نے یہہ لارڈ صاحب کا یہہ حال دیکھا تو فوراً اس بوٹ کو کھینچنے لگے۔ کوئی ایک طرف سے کھینچتا تو دوسرا دوسری طرف سے۔ اسمین ایک کالا پورٹیر کے جیب مین جھپ کر چھپ گیا۔ آخر بہزار تکلیف شور و غل آپنے وہ دوسرا اتارا ہوا قندھاری بوٹ پھر پہن لیا اور ملکہ علیا قیصر ہند کے روبرو جاکر حاضر ہوئے۔ **شعر** ۔ ریش خندی و تبسم سے ظریفون نے کہا۔ جاک بوٹ آپنے کسواسطے پہنے صاحب

جرمنی کا سفر

سنہ ۱۸۴۵ء کے شروع مین قیصر اپنے تمام قبیلے کے ساتھ انگلستان کے بڑے بڑے نامی گرامی نواب امرا کی ملاقات کو انکی جاگیرات اور پرگنون اور ضلعون مین تشریف لیگئین۔ بعد اسکے اسی سال آپ بیٹیون کو ہمراہ لئے ہوئے ملک جرمنی مین تشریف لیگئین۔ جہان اپنے سسرال کا محل اور اپنے شوہر کی زاد بوم یعنی اُسکا اپنی مان کی طرف کے اقاربون سے ایک تپاک کے ساتھ بڑے اشتیاق دلی سے ملاقات مسرت آیات کی۔

کولانگ واٹر

کولانگ شہر مین قیصر جب سیر کو نکلی ہین۔ اسوقت وہان والون نے بڑی خوشی مین آکے راستون پر وہانکا مشہور خوشبودار پانی کولانگ واٹر چھڑکا تھا۔ کولانگ واٹر یورپ مین فقط عطر خوشبو کیطرح استعمال کیا جاتا ہے۔ مگر تعجب ہے کہ ہمارے ہندوستانی تو دوا کے طور استعمال کرتے تھے یا اب شراب کے مانند اس کثرت سے استعمال کرنے لگے کہ سرکار نے محصول بھی اس کا شراب کے جیسا بڑھا دیا۔ سنہ ۱۸۴۷ء مین قیصر نے سکاٹلنڈ کے مغربی کنارے کا سفر کیا اور بعد اسکے انہین ہائے لینڈ پہاڑون کے سفر کا شوق پیدا ہوا۔

سفر ائرلینڈ

قیصر ملک ایرلینڈ مین سب سے پہلی **شعر**

پھول پہل سے باغ کے دامن بھری۔ باغی پھر باغی بنے تو کیا کرے

سنہ ۱۸۴۹ء مین تشریف لیگئین ہین۔ ایرلینڈ مین سنہ ۱۸۴۶ء سے تا ہنگام رونق افزائی این ابر کرم یعنی قیصر کے وارد ہونے تک سخت قحط جاری تھا۔ تمام روئے زمین کے باشندون نے ان قحط زدون پر ہمدردی و ترحم مین عنایت سے نظر کی۔ اور قیصر نے تو اسدرجہ دریادلی کو کام فرمایا کہ لکھہا روپیہ قوم کو قحط سے چھڑانی مین صرف کیا۔ قحط سالی اور غربت کے بہانے سے ایرلنڈ کے باغیون نے ریاست کی مخالفت مین بہت کچھ کیا۔ اس فتنہ کو مٹانیکے ارادے پر خود قیصر عالم آپ وہان تشریف فرما ہوئین۔ اور اپنی زبان خاص سے تسلی آمیز فقرے اُن برخاستہ خاطر آتش پرش لوگونکو سنا کے اُسوقت اُنکو موم دل کیا۔ اسیطرح سریر آرا ہوئے بعد دس برس تک آپ تمام گریٹ برٹن۔ ایرلنڈ۔ فرانس بلجیم ڈنمارک اسٹریا کے قرب و جوار مین سیر و سفر کرتی رہین ہین

شعر ۔ قلمرو مین اب خیر سے خیر ہے ٭ سفر اس کا ایک باغ کی سیر ہے

ہنگامہ عالم

سنہ ۱۸۴۸ء مین تمام یورپ مین جو ہنگامہ پھیلا تھا۔ اُس کا آغاز شہر پیرس سے ہے۔ جہان کا شہنشاہ لوئی فلپ اپنے قبیلے کے ساتھ مسٹر مسمی ولیم سمتھ کے جعلی نام سے انگلنڈ مین آکے قیصر کے پناہ مین رہنے لگے۔ اس ہنگامے کی ہوا پرشیہ ڈنمارک بلجیم وغیرہ سب مقامون مین پھیلی تھی۔ اور قیصر

اپنے خویش و بیگانون کیلیے جو وہان مقیم تہے۔ بہت خایف ہوئین تاہم اس ہنگامے سے انگلینڈ خوب بچا رہا آیرلینڈ مین ایک دو مفسدون نے سر اٹھایا تہا۔ مگر فوراً جلا وطن ہو گئیے۔ اور لنڈن مین بھی چارٹسٹ گروہ نے فتنہ جگایا۔ قیصر تو اسی رات محل کو روانہ ہو گئین۔ مگر وہان کے باشندون نے ایک لاکھہ ستر ہزار معزز لوگون کے نام والنٹیر فوج مین بھرتی کروائے اور بڑی حکمت عملی سے اس فتنہ کو فرو کیا۔ انہین دنون قلمرو ہندوستان مین ملتان۔ گجرات۔ اور ملک پنجاب سلطنت برطانیہ مین شامل ہوا اور سکھہ لوگون کا راج اور رنجیت سنگہہ بہادر کا خاتمہ ہوا۔ مگر دلیپ سنگہ کو ایام طفلی مین ولایت لیجا کر قیصر کے زیر نظر پرورش کرنے لگے جب دلیپ سنگہ شعور مند و عیالدار ہوئے اُسوقت قیصر کی اجازت سے ہندوستان آنے لگے۔ مگر لارڈ ڈفرن صاحب جو اُسوقت ہند کے ویسراے و گورنر جنرل ہین اُنہون نے دلیپ سنگہ کو آتے ہوئے عدن مین روکا اور دلیپ سنگہ کو عین مایوسی کی حالت مین لنڈن جانا پڑا۔ اس رجعت قہقری کے باعث اُس کے سر مین خیال بد بال سمائے۔ اور کہان سے کہان جا پہنچا۔ اب یہہ خبرین چلی آتی ہین۔ کہ دلیپ سنگہ انگلستان سے فرار ہو کے روس کے پایۂ تخت مین پہنچ گیا الغرض جناب لارڈ ڈفرن صاحب کی کارروائی پر اگر کچھہ کہین تو سوا اسکے اور کیا کہہ سکتے ہین شعر

گدای گوشہ نشینی تو حافظا مخروش ⁂ رموز مملکت خویش خسروان دانند

۱۸۵۱ء کی نمائش

یہہ دُنیا کی مشہور نمائش مسمی بہ مخزن صنایع کل اقوام پرنس کنسرٹ شوہر قیصر کی محنت شاقہ کا نتیجہ ہے۔ اگرچہ لفظ نمائش آجکل عام ہو رہا ہے۔ مگر اس کے بانی و موجد خاص شہزادہ البرٹ پرنس کنسرٹ ہین۔ انگلستان کے فقرہ فاقہ کے دفعیہ کا یہہ خاصہ علاج تہا جو قیصر کے عزیز شوہر کے ہاتہون وقوع مین آیا ۱۸۵۱ء کے مئی مہینے کی پہلی تاریخ کو کہ پچیس ہزار آدمی اندرون نمائش گاہ جمع تہے اور سات لاکہہ آدمیونکی بہیڑ باہر لگی ہوئی تہی اور چہہ سو باجونکی آواز کے ساتہہ ہماری قیصر عالم اس دُنیا کے مشہور نمائش گاہ کو افتتاح کا باعث ہوئین۔ گویا ان کے دست مبارک اس رسم نیک کی اشاعت کا کلید فتح الباب تہا۔ یہہ اژدہام تہا کہ دنیا بہر کے لوگ دنیا بہر کے لباس اور دنیا بہر کی زبانین وہان سنی جاتی تہین قیصر کا مقولہ ہے کہ خلقت کا ہجوم و جم غفیر میرے تاجپوشی کے روز سب سے بڑہ کے ہوا تہا۔ لیکن آجکی تقریب مین بالکل کثرت کے ساتہہ مجمع خلایق ہے۔ کہ اس بزم تاجپوشی کے مجمع سے اس کو ہزار حصہ بڑہ کے ہم کہین تو بجا ہے اور اگر اس زنگار رنگ کا رسوائی کے چمنستان کا بہار پیرا اگر میرے البرٹ کی ذات مجمع البرکات کو علی العموم سب رعایا سمجھے تو روا ہے۔ خداوند عالم میرے البرٹ اور میرے وطن کو ہمیشہ سلامت رکہے لکہتے ہین کہ باسٹہہ لاکہہ تماشبینون نے اس نمائش کو دیکہا ہے ۱۹۷۰ کاریگران نامی و استادان گرامی کو تمغے اور انعامات عطا کئے گئے۔ بعد ازان پندرہوین اکتوبر ۱۸۵۱ء کو یہہ نمائش

بڑہائی گئی۔ رقم یافت اس نمایش کی پچاس لاکھ روپے کی دریافت کی گئی۔ بمقام سڈنہام مین بلوری محل ابھی قائم ہے جہان اس نمایش کی یادگار مین بہت سی پہلی فوارے و متفرق قسم کی عجائبات اشیاء حفاظت سے رکھی گئی ہین۔ اسی کے دیکھا دیکھی ایک ایسی ہی نمایش ۱۸۵۳ء مین شہر ڈبلن مین اور ۱۸۵۵ء مین پیرس مین ہوئی تھی۔

متفرق سفر اس نمایش کے بعد قیصر نے انگلنڈ و سکاٹلنڈ کے جدے جدے ضلعون کی بڑی حشمت و نشان کے ساتھ مسافرت کی۔ مانچسٹر کے ایک وسیع میدان مین بیاسی ہزار لڑکے قیصر کی تشریف آوری کی مدح سرائی کیلئے جمع ہوئے تھے۔ اور دس لاکھ آدمیون نے اسی روز قیصر کا استقبال کیا۔ اسی سال جزیرہ آسٹریلیا مین سونے کی معدن نکلی۔ اور انگلنڈ سے لاکھون آدمی سونا نکالنے کیلئے وہان چلے گئے۔ افریقہ کے انتہائی جنوب مین راس کدہوپ کے کافری لوگون سے اسی سال لڑائی ہوئی۔ مگر ۱۸۵۳ء مین یہہ قوم مغلوب ہوئی ہے۔ ۱۸۵۲ء کے اگست مہینے مین بالمورل محل سے آتی ہوئی قیصر کی گاڑی کو سخت نقصان ہوا لیکن قیصر نے بڑی جرأت سے اپنی طبیعت کو تھام رکھا تھا ع رسیدہ بود بلائی ولے بخیر گذشت۔ والئے برہما سے دوسری لڑائی اسی سال شروع ہوئی اور مرتبان۔ پیگو اور رنگون یہہ تین صوبے انگریزون کے ہاتھ آئے۔

ڈیوک آف ولنگٹن کی وفات ۱۸۵۲ء کے فبروری مہینے مین انگلستان کے سپہ سالار ڈیوک آف ولنگٹن کی وفات تاسف آیات وقوع مین آئی یہہ خبر سنتے ہی قیصر بالمورل محل سے تعزیت کیلئے لنڈن تشریف لائین۔ اور نہایت مغموم ہوئین۔ واٹرلو کی لڑائی مین ولنگٹن کی فتوحات مشہور عالم ہین ۱۸۵۱ء کی نمایش کی افتتاح کے روز قیصر کی ان سے اخیر ملاقات ہوئی تھی اور وہ روز ڈیوک ولنگٹن کی سالگرہ کا تھا۔ بیاسیوان سال اس روز آغاز تھا۔ یہی ڈیوک آف ولنگٹن ہمارے شہزادہ آرتھر یعنی ڈیوک آف کناٹ کے دینی باپ کہلاتے تھے۔ اسی نمایش کے روز شہزادہ آرتھر کی پہلی سالگرہ تھی۔

آتشزدگی ۱۸۵۳ء کے مارچ مہینے مین ونڈسر کے محل مین یکدفع آگ سلگ اٹھی۔ لیکن قیصر و البرٹ بڑی ہمت سے اسباب ہٹانے اور آگ بجھانے مین مدد کرتے رہے۔

سیتلا آتشزدگی مذکور کے تین ماہ بعد تمام ونڈسر کیناسل مین سیتلا پھیل گئی۔ پرنس آف ویلز سے یہہ سیتلا شروع ہوئی۔ پھر ان کے والد کو گھیرا اور پھر پرنسس رائل شہزادہ الیس اور بعد اس کے خود قیصر کو بھی سیتلا نکل آئی۔ بلکہ شہزادہ لیوپولڈ جو اسوقت دہ ماہ کی عمر کے تھے۔ اور ان کے اصطباغ کی تقریب جسکے لئے ہنوور کوبرگ و بلجیم سے قیصر کے جرمن قرابتی جو مہمان آئی ہوئی تھی۔ وہ بھی اس ساری بیماری کو اپنے ہمراہ لے گئے۔

البرٹ کی بدنامی اسی سال ۱۸۵۳ء مین قیصر کو ایک اور بڑی مصیبت کا مقابلہ کرنا پڑا۔ وہ یہہ ہے کہ لارڈ پامرسٹن جو اسوقت وزیر اعظم تھا۔ اس کے اور شہزادہ البرٹ کے درمیان کچھہ تھوڑی رنجش واقع ہوئی۔ اسمین وزیر صاحب بگڑ بیٹھے۔ اور ایک بناوٹ سے پیش آئے جسکا ذکر ذیل مین کیا جاویگا۔ ہرچند کہ پامرسٹن عقلمند اور چالاک شخص تھا۔ مگر خودپسند و زودرنج بھی تھا۔ معًا لوگون مین اپنے گھڑے ہوئے و تہمتی فقرے جگہ بجگہ مشہور کر دیا یعنی اہانت کی شہرت کردی

کہ ریاست کے کاروبار مین یہہ یعنی البرٹ بیجا دخل کیا کرتا ہی اور بدخواہ انگلنڈ ہی ہی۔ پس ایکدفعہ شہزادہ البرٹ کی ساری خوبیان محو ہوگئین اور جا بجا یہی چرچے ہونے لگے کہ ریاست کے کامون مین البرٹ کو دخل ثابت کیا ضرور ایکدفعہ تو لوگ اس تماشے کو دیکہنے کے لیئے کثرت سے جمع ہوگئے کہ آج شہزادہ البرٹ قید کیئے جاتے ہین۔ اس فتنہ کو مٹانے کیلئے قیصر کو از حد جد و جہد کرنی پڑی۔ آخر الامر قیصر نے ایک بہت بڑی سند یادداشت لکھکے وزیر اعظم کو روانہ کی۔ اسمین یہہ آئین بیان کیئے کہ وزیر کو اپنی فرمانروا کے ساتہہ کس طرح برتاو کیا چاہیئے قصہ کوتاہ اگرچہ اس نیک خو شہزادہ البرٹ شوہر قیصر کی یہہ صفت ہین انگریزون کے روبرو کچھہ عرصہ تک ناحق نثار کیگئی۔ مگر دروغ بے فروغ ہی ہے۔ یعنی تاحال اسکی نیکنامیان بہی خواہی خلایق کے باعث کتابون مین لکھی جاتی ہین

جنگ سباسٹپول

جنگ واٹرلو کے بعد یورپ مین بڑی لڑائی یہی جنگ سباسٹپول ہوئی ہی۔ آغاز اس کا ۲۸ وین مارچ ۱۸۵۴ء سی ہی۔ قیصر کے وزیر اعظم لارڈ پامرسٹن کی صلاح سے انگریزی فوج لشکر فرانس سے متفق ہوکر روس کے مقابلے پر سلطان عبد المجید خانکی مدد پر آئی تہی۔ تمام دنیا کے لوگ برخاستہ خاطر بیٹھے تہی۔ مگر ڈینوب کی جانب عساکر سلطانی داد شجاعت دیتی رہی۔ اور کریمیا و سباسٹپول کیطرف بہادران انگریز و فرانس جوانمردی دکہاتی رہی۔ الغرض ۱۸۵۵ء کے مارچ مہینے مین بحر بالٹک اور بحر اسود دونو طرف سے شہنشاہ روس نے زک اوٹہائی۔ بعد ازان شہر پارس مین صلح ہوگئی۔ قیصر نے بذات خود مجروحین عساکر کی ملاقات کرکے انکو بڑی دلسوزی دکہلائی۔ انکو تمغے عنایت کیئے۔ ان کے لیئے دعائے خیر کرنیکے واسطے تمام ریاست مین ایکبار روز معین کیا۔ فوج کی بیوہ عورات اور یتیم بچون کیلئے پیٹریاٹک فنڈ نام سے ایک چندہ قائم کیا جسمین کروڑون روپئے جمع ہوگئے۔ زخمی سپاہیون کے لیئے عمدہ لباس اپنی اور اپنی شہزادیون کے ہاتہون سلوا کر تیار رکہتی تہی۔ لشکری دار الشفا مین آپ بذات خود قیصر تشریف لیجاکر بیمار و زخمیون کی دوا و غذا کی تحقیقات کرتی تہین۔ اور انہین دنون انعام و اکرام کے سوا وکٹوریہ کراس نام کا بہادریکا خطاب ایجاد کیا گیا ہی

بغاوت ہند

جنگ سباسٹپول کو ختم ہوئے ابہی ایک سال بہی نہین گذرا تہا کہ ۱۸۵۷ء مین سپاہ ہند کی بغاوت کی خبر سن کے قیصر عالم پناہ کا دل پاش پاش ہوگیا۔ ۱۸۵۷ء کے موسم بہار مین میرٹہہ سے یہہ غدر شروع ہوا۔ باعث اس کا کارتوس ہی۔ یہہ سب اچہی طرح جانتے ہین۔ اسیطرح کانپور مین انگریزی عورتون اور بچونکا ذبح ہونا۔ دہلی کا محاصرہ لکہنو کا معرکہ اور بعد اس کے بالآخر دہلی کا فتح ہونا وغیرہ ابتک اکثرون کے دلپر نقش کالحجر ہی۔ غرض نتیجہ اس جنگ و جدال کا یہہ ہوا کہ عنان سلطنت ہندوستان جو قدیم ایسٹ انڈیا ہوس کے تجار کی ایک کمپنی کے ہاتہہ تہی سو اب وہ خاص قیصر کے ماتحت منتقل ہوگئی اور لارڈ کیننگ صاحب بہادر پہلے وایسرائی و گورنر جنرل ہند مقرر ہوئے۔ سلطنت ہند کا برطانیہ سے شامل ہونیکا اشتہار ۱۸۵۸ء کے غرہ اکتوبر کو بڑی کر و فر حشمت کے ساتہہ ہندوستان مین دیا گیا اور نہایت خوشی منائی گئی۔ اسکی اصل اشتہار کی ایک نقل اس تحفہ جوبلی کے ۳۲ وین باب مین مرقوم ہے۔ مطالعہ کیجئے۔ یہہ کارروائی وزیر اعظم لارڈ ڈربی اور مہتمم خزانہ عامرہ لارڈ ڈزریلی کے ہاتہون ہوئی تہی۔ لارڈ پامرسٹن کی جائے پر اسی سال یہہ نئے وزیر مقرر ہوئے تہے۔

بعد اس کے قیصر کی فوج کو پہر چین اور ایران سے مقابلہ کرنا پڑا۔ چین مین اس کے پایۂ تخت پیکن تک اور ایران

میں ہرات اور بوشہر و بصرہ تک ملک تسخیر کیا۔ بعد اس کے فغفور چین و شاہ ایران صلح کے سائل ہوئے اور صلح ہوگئی اس کے بعد سنہ ۱۸۵۹ء میں فرانس آسٹریہ کی لڑائی بھی قابل یادر کھنے کے ہے

شعر

غم مجنوں کریں یا ماتم فرہاد کریں ٭ کس شہنشاہ کے افسانے کو ہم یاد کریں

باب گیارہواں قیصر کا سوگوار عالم

قیصر کے والدہ کی وفات

سنہ ۱۸۶۰ء میں ملک جرمنی کا دوبارہ سفر کرنیکے بعد قیصر نے اپنی شہزادی الیس کا بیاہ ہیسی دارمشڈاٹ کے شہزادہ لوئی سے ٹھہرایا۔ مگر پے در پے ایسے سوگوار حادثے قیصر پر گذرے کہ دو سال تک یہ بیاہ معطل رہا پہلا جو ماتمی حادثہ قیصر پر گذرا وہ انکی والدہ بزرگوار کی وفات تاسف آیات ہے ۷۵ برس کی عمر میں یہ ضعیفہ مدت تک مرض میں مبتلا رہکر سنہ ۱۸۶۱ء کے ماہ مارچ میں اس جہان فانی سے کوچ کر گئیں۔ ایسی والدہ ماجدہ کہ جسنے اپنی بیوہ پنے کی حالت میں اس دُر یتیم کو پالا پرورش کیا۔ اور خاطر خواہ تعلیم و تربیت فرما کر اسکو مملکت برطانیہ کی زبردست سلطنت کی فرمانروائی کے لائق بنا دیا۔ ایسی والدہ کہ انگلنڈ جیسے اجنبی شہر میں بجائے والد کے ہر حال میں قیصر کی نگران حال رہی اور ایک پل آنکھوں سے اوجھل نظر سے دور نہ کیا۔ آج وہ رشتہ مادری کو توڑ کے ہمیشہ کیلئے قیصر سے علیحدہ ہوگئی۔ ہائے کوئی قیصر کے دل سے پوچھے کہ اُس وقت ان کے جگر پر کیسی چھری چلی ہوگی اور کیا صدمہ گذرا ہوگا۔ جب ایسی نابردار رفیق و شفیق ہی گذر گئی تو مصاحب صدمہ کے گذرنیکا کیا حد و حصر ہو سکتا ہے۔

شوہر قیصر پرنس کنسرٹ کی وفات

سنہ ۱۸۶۱ء میں قیصر اپنی مکرمہ و معظمہ والدہ ماجدہ کی وفات سے از حد مغموم تھیں کہ اس میں فلک شعبدہ باز و گردون تفرقہ پرداز نے قیصر کے نازک سے دل پر ایک اور ایسا صدمہ پہنچایا۔ گو آج پچیس برس ہو چکے مگر اسکا غم قیصر کے دل پر ابھی تازہ ہے داغ اول سے داغ دوم کی سوزش بے اندازہ ہے۔ کیوں نہو قیصر کے دلدار یگانہ کامگار و دلبر نامدار انیس و غمخوار جو کہ ہر معاملہ ملکی و خانگی میں معاون مددگار تھے۔ ایسی روشن دل چراغ بزم عشرت یعنی خود کے عزیز شوہر پرنس کانسرٹ شہزادہ البرٹ کا اس جہان فانی سے اٹھہ جانا ہے سنہ ۱۸۶۱ء کے دسمبر مہینے کی چودہ تاریخکو شب کے ۱۱ بجے پرنس کانسرٹ کی رحلت ہم پلہ قیامت واقع ہوئی

شعر:- انیس و مشفق و دلبر کی رحلت ٭ قیامت تھی قیامت تھی قیامت

قیصر کے مددگاری کام

فقط خانہ داری کے امورات اور سلطنت کی تربیت میں ہی البرٹ ساعی تھے یہ بات نہیں مگر امورات ملکی و مالی میں بھی البرٹ قیصر کے بڑے معاون تھے۔ اکثر وزرا کے ہاتھوں بگڑے اور الجھے ہوئے معاملات ایسے سلجھا دیتے۔ کہ انگریز لوگوں میں وہ (گڈ البرٹ) کے نام سے مشہور ہوئے۔ البرٹ کی اخیر کارروائی ٹرینٹ نامی ایک مرکب وری کے مقدمے کی صفائی تھی افسوس کہ اس پہیلی کی صفائی کے ساتھ البرٹ کی بھی صفائی ہوگئی۔ شعر۔ بلبو حکمت خود و دود سوز فکر سے ہائے ٭ جہاز عمر رواں انکا یوں شتاب بہا چند برانگیختہ انگریزوں کی رائے پر لارڈ پالمرسٹن نے ایک ایسا ڈسپاچ تیار کیا تھا کہ اگر وہ امریکہ پہنچ جاتا تو ضرور انگلستان و امریکہ میں ایک جنگ و جدل پر خلل برپا ہو جاتی مگر یہی البرٹ تھے کہ جنہوں نے اپنی خوش تدبیری سے اس ڈسپاچ

کی ایسی صلاحیت کی کہ جب سے انگریز بہی خوش ہوگئے - اور امریکہ والے بہی بڑی اصلاح مندی سے اپنی غلطی کے قایل ہوئے - اور دنیا مین انگریزون کے واجبی انصاف کی شہرت ہوئی ایسی ہی کامون سے تو ایک مرتبہ ڈیوک آو ویلنگٹن اپنا سپہ سالاری کا بزرگ عہدہ البرٹ کے سپرد کیا چاہتے تہے مگر انہون نے انکار کیا -

البرٹ کی علالت

کہتے ہین کہ ایک عرصے سے طبیعت البرٹ کی یونہین بگڑی ہوئی چلی جاتی تہی - مگر جب انکی خوشدامن وفات پا گیئن اور قیصر ان کے غم مین مبتلا ہوئین تو قیصر کا غم البرٹ سے دیکہا نہین گیا طرح بطرح سے انکی تسلی کرتے رہے اور قیصر کے تمام کام خانہ داری اور ریاست کے ایک دفعہ اپنے ذمے کر لیئے - آخر کثرت کاروبار سے عاجز ہوکے ایکدفعہ جو بستر پر گرے تو پہر اُٹہہ نہ سکے - ان کی بیمارداری مین قیصر اور ان کے فرزندون نے وہ جانفشانی کی ہے - جو وفادار اہلیہ اور سعادتمند فرزندون کے شایان تہی -

قیصر کی حالت بیوہ گی

البرٹ کے وفات پانیسے قیصر کو دونا غم ہوا - ایک تو والد کی وفات کا داغ ابہی تازہ تہا اسپر ایسے مشفق و دلسوز شوہر کی وفات کا داغ پر داغ شعلہ خیز ہوا - جسنے اس سوزش غم سے قیصر کو قریب المرگ کر دیا - عرصہ دراز تک رعایائے انگلنڈ کو قیصر کی زیست کا بہروسہ نہ تہا - تمام لوگون مین یہہ سوال اسوقت عام ہوگیا تہا کہ اب قیصر کا کیا حال ہے - مگر جوبلی کی خوشی جو روز ازل سے اس نیک نہاد قیصر کی قسمت مین بدی تہی - لہذا آسبورن کے سنسان محل مین قیصر کے دلکو کچہہ کچہہ قرار آتا گیا - اور پہر رفتہ رفتہ اپنی شہزادون کی مدد سے ریاست کے امورات کی طرف بہی متوجہ ہوتی گیئن - مگر سچ پوچہیے تو آجتک قیصر اسی غم مین مبتلا ہین -

قیصر کی بیوہ نوازی

شعر - یقین ہوگیا اس سوز متصل سے اسے - وہ البرٹ نہین ہین جو بہلا دن دل سے اسے - بیوہ ہوئے بعد قیصر عام کار گذاریون مین شریک ہونیسے جسقدر پس ماندہ رہا کرتین - اسی قدر مصیبت زدہ بیوہ اور یتیمون پر رحم کرنے مین ہمیشہ پیش قدم رہتی تہین چنانچہ قیصر کے بیوہ ہونیکے بعد دو چار مہینے مین ہارٹلی کے ایک کوئلے کی کان مین بباعث حادثہ عظیم دو سو مزدور گذر گئے - انکی مان زوجہ والدہ اور ازدواج کی تسلی و دلاسا اور مدد کرنے مین قیصر سب پر سبقت لیگئین - قیصر کی ایسی بیوہ نوازی اور غربا پروری دیکہکر بیوگان انگلنڈ نے ایک عمدہ بیبل نسخہ بیوہ قیصر کو نذر گذرانا - اس کے جواب مین قیصر نے ان کے لیئے بہت کچہہ دعا خیر کی - اور پوشیدہ طور انکی خبر گیران رہنی لگین - علاوہ اس کے آسبورن و بالمورل محل کی اطراف و جوانب کے غربا و مفلسون کی گہر قیصر اپنی فرزندون کے ہمراہ اکثر تشریف لیجاتین اور اپنے رتبے کا خیال نہ کرکے انکے برابر بیٹہہ جاتین - ان سے شیک ہانڈ یعنی مصافحہ کرتین - اور کئی ری بہنیون سے انکی حاجتون کو رفع کرتین اور عیادت و تعزیت غربا و مساکین کی آپ ہمیشہ کیا کرتین - خصوصا انکو جو کہ آپکے ہمسایہ تہے اور انکی دلدہی مین زیادہ شائق تہین

تیمارپرسی غربا

طوفان قحط آتش زدگی وغیرہ حوادثات مین قیصر کی دلداری و دلسوزی تمام ہندوستان مین مشہور ہے - [illegible] مین قیصر نے نٹلی ہسپتال کے ہر ہر کمرے مین گہوم گہوم کے ہر ایک مریض کی بیمار پرسی کی اور اسیطرح [illegible] مین لندن کے ہسپتال مین بہی آپ تشریف لیگیئن تہین - بعضون نے لکہا ہے کہ فقط قیصر کی تسلی و تشفی نے بعض مریضون کے حق مین مسیحائی کا کام کیا ہے -

قیصر کا ایک کنیز سے سلوک (لنڈن) کے کمانڈر فاربس صاحب نے کسی وحشی بادشاہ سے ایک کنیز لڑکی حفاظت پائی قیصر نے وہ لونڈی اپنے پاس منگالی۔ اور اسکو تعلیم و تربیت کرکے اکثر دربار میں اسے بلواتیں۔ اور بڑی محبت کی نظر سے اس سے پیش آتیں۔ پھر مسٹر ڈیوس کے ساتھ اسکی شادی کروادی۔ جب مسز ڈیوس کو لڑکی تولد ہوئی۔ تو قیصر نے اپنے نام سے اسکو [illegible] دلوایا اور بہت سے سونیکے برتن کا ایک صندوق بطور بخشش کے اسکو روانہ کئے۔

شہزادوں کی شادیاں شہزادی الیس کی شادی جو ملتوی رہی تھی۔ سو باعث ماتم داری پوشیدہ طور پر ۱۸۶۲ء کے جولائی مہینے میں کیگئی ۱۸۶۳ء کے مارچ مہینے میں شہزادہ ولیعہد کی شادی بڑے کر و فر کے ساتھ ہوئی۔ قیصر اسوقت ماتمی لباس میں ایک دریچے میں اکیلی بیٹھی تھیں۔ بعد اس کے سب فرزندوں کی اسی صورت شادیاں ہوئیں ۱۸۷۹ء کے مارچ مہینے میں [illegible] سپہ سالار زمانہ حال شہزادہ ڈیوک آو کناٹ کی شادی پرشیا کی شہزادی کے ساتھ [illegible] محل میں بڑی دھوم دھام سے ہوئی۔ اسوقت قیصر کے دل پر زیادہ غم و الم نہیں تھا۔ لہذا اس شادی میں ولیعہد بہادر کی شادی اسسے بھی زیادہ خوشی منائی گئی۔

البرٹ کی [illegible] یادگاری اپنی شوہر کی وفات کے بعد قیصر انکی بقائی یادگاری میں جو جو منارے اور تصویریں پتلے وغیرہ قائم کیجاتے تھے۔ ان کے افتتاح کرنے میں مصروف رہتی تھیں۔ اور خود قیصر نے بھی اپنی جیب خاص سے [illegible] رقم کثیر خرچ کرکے اپنی شوہر کی قبر تیار کروائی ہے یہ قبر فراگمور میں لائق دید تیار ہوئی ہے۔ [illegible] البرٹ کی صورت گھوڑے پر سوار تیار کیگئی۔ اور اس کے افتتاح کی تقریب میں [illegible] اکثر بادشاہ اور ملکہ حاضر ہوا چاہتی تھیں۔ لیکن قیصر نے وہ تقریب پوشیدہ ہی ادا کی۔

ولیعہد بہادر کی علالت ۱۸۷۱ء میں ولیعہد بہادر پرنس آف ویلز کی مہلک بیماری سے قیصر کو پھر سخت مصیبت کا سامنا پیش آیا۔ انگلنڈ تو کیا برطانیہ کی کل رعیت اس شافی مطلق کی درگاہ میں شہزادے کی صحت کی ملتجی تھی۔ آخر اس مجیب الدعوات نے شہزادے کو شفا کلی عطا کی جس کے شکریہ میں رعایا قیصر نے ہر ہر قوم نے خداوند کریم کی بارگاہ میں سر جھکایا۔ اور دل سے شاد ہوئے۔

شہزادی الیس کی وفات ۱۸۷۸ء کے دسمبر مہینے کی ۱۴ ویں تاریخ کو قیصر کی تیسری فرزند شہزادی الیس وفات کر گئیں۔ یہ شہزادی [illegible] رحم دل اور غریب پرور تھیں جرمنی کی لڑائی میں بار [illegible] دشمن مجروح ہو کے آئے ہوئے تھے [illegible] یہ شہزادی بدل و جان سے مصروف رہی اور خصوصاً قیصر میں یہ پہلی موت ہے جس سے قیصر کا محل [illegible] ماتم سرا بن گیا تھا۔

ڈیوک [illegible] کی وفات قیصر کے آٹھویں فرزند شہزادہ لیوپولڈ ڈیوک آو البنی ۱۸۸۴ء میں اس جہان سے انتقال کر گئے۔ [illegible] شہزادوں میں کم سن تھا لیکن قیصر کو زیادہ عزیز بھی تھا۔ اسکی قابلیت [illegible] صرف قیصر کے [illegible] نوجوان [illegible] شہزادہ کی وفات سے [illegible] مگر یہ اخیر واقعہ تھا [illegible] آج تک [illegible] خاندان میں خاص حال ہے ویسا ہی [illegible]

قیصر کی تباہ حالت مین ریاست کی پناہ

قیصر کے بیوہ ہونے سے کاروبار ریاست مین کسی طرح کا خلل واقع نہین۔ ہوا سنہ ۱۸۶۲ء مین لنڈن کی بڑی نمایش کے وقت رسومات افتتاح کے لیئے قیصر بباعث ماتم داری تشریف نہ لا سکین تو ان کے عوض ڈیوک آف کیمبرج کار فرما تھے۔

نہر سویز

اس کے بعد سویز کی نہر جو بڑی حشمت و شان و شوکت سے کھولی گئی اور جسوقت یورپ کے کل بادشاہ اور ملکہ حاضر تھین۔ اس وقت بہی قیصر اسی سوگ کے باعث خود آپ جا نہ سکین۔ مگر ولیعہد بہادر کو اپنی طرف سے روانہ فرمایا۔ وہ نہر فرانس کی ملکہ یوجی نی کے ہاتھون کھولی گئی تھی۔

جنگ امریکہ

سنہ ۱۸۶۳ء مین بردہ فروشی کی مخالفت اور غلامون کی آزادی کا جنگ امریکہ مین شعلہ خیز ہوا۔ اب وہانکی روئی کی آمد و شد لنڈن مین یکلخت بند ہو گئی۔ اسی باعث لنڈن کے بڑے بڑے کارخانے برباد اور بیچارے مزدور پیشہ بخت زبون آمادہ نالہ و فریاد ہوئے تہے۔ لیکن قیصر نے اس وقت ان آفت زدہ مزدورونکی بڑی مدد کی ہے۔ سنہ ۱۸۶۶ء مین قیصر نے بیوہ ہونیکے بعد پہلی مرتبہ تشریف فرما ہو کر پارلیمنٹ کھولی۔ مگر بالکل عالم سکوت تہا۔ اسوقت اہل دربار نے اپنے پہنے ہوئے جبّے اتار اتار کے قیصر کے تخت کے پاس اکٹھے کر دیئے تھے۔ شعر

جی ڈہہ گیا محفل مین لگا آنے وہ جان بخش ٭ لینے کو چلی سامنے دیوار کی تصویر

جنگ پرشیہ

اسی سال پرشیہ اور آسٹریا مین جنگ ہوا۔ ان دونون ملکون کے بادشاہ قیصر کے داماد تہے۔ اپنی دختر اور دامادون کو ایک دوسرے کے مقابل پا کے قیصر نہایت رنجیدہ تھین۔

جنگ حبش

سنہ ۱۸۶۸ء مین برٹش لشکر ملک حبش پر غالب آگیا۔ وہان کے شہزادے ہیٹوڈور کو لنڈن لے گئے۔ جسکی دیکہنے کو خود قیصر تشریف فرما ہوئی تہین۔ افسوس کہ اس شہزادیکی عمر نے وفا نہ کی۔

بادشاہان اسلام کی قیصر سے ملاقات

انہین دنون مصر کے سابق خدیو، روم کے سابق سلطان اور ایران کے حال کے شاہ یکے بعد دیگرے اشتیاق سے آآ کے قیصر سے ملاقات کر گئے۔

جنگ فرانس و جرمنی

اس کے بعد یورپ بلکہ تمام جہان مین جنگ و جدال کے چند در چند خوفناک حادثے گذرے ہین۔ ان سب مین جنمین سب سے زیادہ خونخوار جنگ فرانس و جرمنی ہے۔ یہہ لڑائی سنہ ۱۸۷۰ء مین ہوئی جس سے شہنشاہ نپولین کو ایک مرتبہ اور تاراج ہو کے قیصر کی پناہ لینی پڑی۔ جرمنی والے غالب آئے۔ اور قیصر کے بڑے داماد کے بادشاہ ولیم ملک جرمنی کے شہنشاہ مقرر ہوئے۔ سال ان بعد جرمنون نے شہر پارس خالی کر دیا۔ اس معرکہ کے بعد جمہوری سلطنت جاری ہوئی جو کہ تا حال قایم ہے۔

جنگ زولو و آشانٹی

سنہ ۱۸۷۳ء مین وہ غریب معزول شدہ نپولین وفات کر گیا۔ اور اس کے پانچوین سال اسکا ایک نوجوان ہونہار لایق شہزادہ انگریزون کے ساتھ جنگ زولو مین افریقہ کے وحشی لوگون کے ہاتہ مارا گیا۔ قیصر اس شہزادہ کے مرنے سے بہت روئین۔ مگر کوئی اسکی والدہ ملکہ یوجی نی سے اسکا غم پوچھے۔ ایک تو حادثہ جان گزا پارس جیسا دنیا مین مشہور شہر اور انکی شہنشاہت کا چھٹ جانا دوسرا واقعہ نحس جب سے شوہر کا رحلت فرمانا غم پر غم الم پر الم تہا۔ اب یہہ ملکہ اس شہزادے کو تکتی اس کی آیندہ کی خوشی ... افسوس گئت

کے بہروسے پر لنڈن مین اپنی بیوہ پن کے دن گذارتی تہی کہ فلک کو اس پر بہی رشک آیا۔ ایک ایسی مصیبت نے جسکو قیامت کہنا مبالغہ نہین۔ اُس کو منہہ دکہایا کہ الامان یعنی اس ملکہ کا یہہ نوجوان شہزادہ اسکی نگاہ سے کالے کوسون دور وحشیون کے ہاتہہ مارا گیا۔ وا اسفا وا حسرتا۔ مصرع ع این ماتم سخت است کہ گویند جوان مُرد۔ اس جنگ زولو کے قبل افریقہ مین آشانٹی کی لڑائی ہوئی ہے جسمین [illegible] وغیرہ شہر قیصر کے ہاتہہ آئے۔

ترکی و روس کا جنگ ۱۸۷۷ء مین ترکی کے سلطان اور روس کے زار مین معرکہ جنگ عظیم برپا ہوا۔ برسون فریقین سے کشت وخون ہوا کیا۔ آخر انگریزون کے ذریعہ سے شہر برلن مین صلح ہوگئی جسکے صلے مین قیصر کو جزیرہ سیپرس ملگیا۔

کابل کا دوسرا جنگ بعد اس کے کابل کی دوسری لڑائی شروع ہوئی جسمین امیر شیر علی خان اور یعقوب خان کو تخت سے علیحدہ ہونا پڑا۔ اور قیصر کی اجازت سے لارڈ لیٹن نے عبدالرحمان خان کو امیر بنایا جو اب کابل مین حکمران ہے

خطاب قیصر ہند ۱۸۷۷ء کی پہلی جنوری کو ہندوستان کے قدیم پائے تخت شہر دہلی مین بڑی کروفر کے ساتھ ایک جلسہ منعقد ہوا جسمین تمام ہند اور اُسکی اطراف کے تمام نواب و راجہ حاضر تہے اس جلسہ مین قیصر نے لارڈ لٹن کے ذریعہ سے خطاب ایمپرس آف انڈیا یعنے قیصر ہند قبول فرمایا۔

معاملہ سوڈان اب بعد اس کے مصر مین عربی پاشا سے انگریزونکو مقابلہ کرنا پڑا عربی پاشا اب ہندوستان کے سیلان جزیرہ مین انگریزون کے وظیفہ خوار ہین۔ مگر بعد عربی کے مہدی اور مہدی کے بعد اب عبداللہ [illegible] کے ضلع سوڈان مین اپنا کچھہ کچھہ زور دکہلایا ہے۔ اگرچہ اس لڑائی مین قیصر کا ایک زبردست پہلوان گارڈن صاحب مارا گیا۔ لیکن ہنوز اس جنگ کا خاتمہ نہین ہوا۔

برہما سلطنت برطانیہ مین سب سے اخیر جو ملک شامل کیا گیا وہ برہمہ ہے۔ وہان کا راجہ تہیبا بمبئی کے رتنا گیری شہر مین فی الحال نظر قید ہے۔

بعد اس واقع کے ۱۸۸۷ء کے فروری کی ۱۶وین تاریخ کو تمام ہند مین۔ اور ۲۱وین جون کو انگلستان مین قیصر کی جوبلی کی تقریب بڑے شان و شوکت سے گذری ہے جسکا بیان آگے آتا ہے۔

قصیدہ قومیہ قصیدہ دعائیہ قومیہ

National Anthem

God Save Our Empress Queen
Long live our Gracious Queen
God Save the Queen
Send her Victorious
Happy and Glorious
Long to reign over us God Save the Queen

نغمۂ انگلشیہ ترجمہ مرزا محمد باقر خان

خدا بچاوے قیصر کو ۔ بیحد بڑہاوے قیصر کو
حق قیصر کا یار ہو

بیحد دے اسکو باظفر ۔ سعیدہ کر حمیدہ فر
فرمان وہ ہمیشہ حیات بہر ۔ حق قیصر کا یار ہو
امن خدا مین رہے قیصر

سکۂ عدل رہے اشہر ۔ یاری پہ اس کے رہے داور
عمر و شہی ہو ترقی پر ۔ خالق اس کا رہے یاور
رہوے جلو مین فتح و ظفر ۔ تاج سعادت ہو سر پر
سلطنت اسکی رہے برتر ۔ امن خدا مین رہے قیصر

باب بارہوان قیصر کا اعلان بہ نسبت ہندوستان

ملکۂ معظمہ کا کمپنی بہادر سے ملک ہند کو اپنے قبضے مین لینے کا اشتہار ہے

East India Campany

دیباچہ اشتہار

ایسٹ انڈیا کمپنی

سنہ ۱۸۵۸ع سے پہلی ممالک ہندوستان مقبوضۂ ہندوستان پر ایسٹ انڈیا کمپنی جسکی حیرت انگیز فتوحات اور دور سوداگری کا حال تو تواریخ ہند مین مفصل درج ہے حکمران تہی مگر کمپنی مذکورہ کچھ اپنی قوت و اختیار سے حکومت نہین کرتی تہی ۔ بلکہ قوم انگلستان کی اجازت اور رضامندی سے بوسیلہ بعض قواعدات کے جو انکو وقتاً فوقتاً پارلیمنٹ انگلستان کیطرف سے عطا ہوے تہے بادشاہ انگلستان کی مختار کے طور پر حکمران تہی ۔ سنہ ۱۸۵۸ع مین پارلیمنٹ کو یہہ مناسب معلوم ہوا کہ آیندہ ایسٹ انڈیا کمپنی حاکم ہندوستان نہ کہلائی جائے نظر بر آن ایک ایکٹ جاری ہوا جسکی سبب سے ہندوستان کی حکومت کمپنی سے لے لیگئی ۔ اور حضور اقدس ملکہ وکٹوریہ کے دست مبارک مین پہنچی چنانچہ اب ملکہ معظمہ ممالک ہند پر اپنے نام سے مثل انگلستان فرمانروائی کرتی ہین

اعلان مذکور ذیل مشتمل بہ انتقال حکومت ملکہ معظمہ کے حکم سے انگریزی و دیسی زبانون مین ممالک ہندوستان کے اندر پڑہا گیا ۔ اور اسکی نقلین جمیع راجگان اور روساء ہند کے پاس بہیجی گیئین ۔

اشتہار

(اعلان ملکہ باجلاس کونسل بنام جمیع راجگان ۔ سرداران و والیان و رعایائے ہندوستان)
وکٹوریہ بفضل خدا جل و علا سلطنت متحدہ گریٹ برٹن اور آئرلنڈ اور اس کے مضافات و

متعلقات جو یورپ۔ ایشیا۔ افریقہ۔ امریکہ۔ اور آسٹریلیشیہ مین واقعہ ہین۔ ملکہ حامئے دین۔ چونکہ ہمنے بباعث چند در چند قومی وجوہات کے بصلاح و رضامندی علماء و فضلائے دین و عمایدو اکابران مملکت و وکلائے رعایا جو مجلس پارلیمنٹ مین فراہم ہوئے ممالک ہندوستان کی حکومت جو اب تک ہماری طرف سے امانتاً زیر اختیار ایسٹ انڈیا کمپنی ہتی۔ اپنے قبضہ تسلط مین لینے کا ارادہ مصمم کیا ہے۔ اسواسطے اب بذریعہ اعلان ہذا مشتہر کیا جاتا ہے کہ بصلاح و رضامندی مذکورۃ الصدر ممالک مذکورہ کی عنان حکومت ہمنے اپنے ہاتہہ مین لے لی ہے۔ اور ممالک مذکورہ مین ہماری رعایا کو یہہ ارشاد ہے کہ۔ وہ سچے وفادار اور صادق مطیع ہماری اور ہمارے جانشینان و ہمارے ورثا کی بنی رہین۔ اور جن اشخاص کو ہم وقتاً فوقتاً ممالک مذکورہ کے انتظام اور انصرام کیواسطے اپنی طرف سے اور اپنے نام سے مقرر کرین۔ ان کے اختیار حکومت کو تسلیم کرین۔ اور ہم اپنے معتمد عزیز بہائی اور مشیر چارلس جان ویکونٹ کننگ کی فراست اور لیاقت خیر سگالی پر خاص یقین اور اعتبار کر کے۔ موصوف الیہ کو ممالک متذکرہ بر عموماً ہمارے نام سے اور ہماری طرف سے حکومت اور فرمانروائی کیواسطے۔ زیر اطاعت ان احکام اور قواعد کے جو وقتاً فوقتاً اس کو ہماری طرف سے کسی ایک اعلی وزیر سلطنت کی معرفت پہنچتی رہیگی۔ اپنا اول نائب السلطنت اور گورنر جنرل مقرر کرتے ہین۔ اور تمام ان عہدیداران اور افسران جنگی و ملکی کو جو اب تک ایسٹ انڈیا کمپنی کی نوکری مین تہے۔ زیر اطاعت ہماری آیندہ خوشنودی اور قواعد اور قوانین کے جو آیندہ نافذ ہون۔ انکی مختلف راجگان و اہالیان ہند کو اطلاع دیجاتی ہے کہ تمام عہدنامجات جو مابین ان کے اور ایسٹ انڈیا کمپنی کے قرار دیے گئے ہین ہم مقبول و منظور کرتے ہین۔ اور ان کے جمیع شرائط اور قرار واقعی ہم ملحوظ خاطر رکہینگے۔ اور اسیطرح انسے بہی انکی تکمیل اور تعمیل کی ہمکو امید ہے۔ ہمکو ممالک مقبوضۂ موجودہ کو وسعت دینی منظور نہین ہے۔ اور درحالیکہ ہم کو اپنے حقوق اور ممالک پر کسی طرح کی دست درازی بلا سزا و انتظام مذکورہ نہین ہے اور ان کے حقوق پر بہی کسی طرح کا تجاوز جایز نہ رکہین گے۔

جمیع راجگان و رئیسان ہند کے حقوق دولت و توقیر و منزلت کا ایسا لحاظ رکہین گے جیسا خاص اپنی کا۔ اور ہماری یہہ خواہش ہے کہ وہ اور نیز ہماری رعایا برابر اس خوشحالی اور تمدنی بہبودی کا حظ اٹہائین۔ جو صرف اندرونی امن اور حسن انتظام سلطنت سے میسر آسکتے ہین۔

ممالک ہندوستان کے باشندگان کی نسبت ہم اپنے تئین انہین فرائض کے پابند کرتے ہین۔ جیسا کہ ہم اپنی دیگر رعایا کی نسبت پابند ہین۔ اور وہ فرائض بہمکن خداوند تعالی ہم ایمانداری اور دیانت سے پورے کرینگے۔ ہمکو اپنی ذات سے دین عیسوی کی صداقت کا یقین واثق ہے۔ اور ہم ہی تشفی کے ہم شکر گذاری کے ساتہہ مقر ہین۔ مگر ہمارا حق اور ہمارا منشا یہہ نہین کہ ہم اپنے تیقن کو اپنی کسی رعیت پر جبراً منظور کرائین۔ ہم یہہ ظاہر کرتے ہین کہ ہماری شاہانہ خوشنودی اور مرضی یہہ ہے کہ کوئی شخص اپنی مذہبی رسوم و دینی عقاید کے کسی طرح نہ رعایت کیا جائے اور نہ کسی طرح تکلیف اور اذیت

پہنچایا جائے۔ بلکہ تمام اشخاص بلا رو رعایت۔ مساوی قانونی حفاظت کا پہل پائین گے۔ اور جو اشخاص۔ ہماری ماتحت و صاحب اختیار ہون گے۔ انکو یہہ ہمارا سخت حکم ہے کہ وہ ہماری کسی رعایا کی مذہبی رسوم و پرستش مین کسی طرح دست اندازی نہ کرین۔ ورنہ نہایت ناخشنودی کے مستوجب اور مورد عتاب ہون گے مزید بران یہہ ہماری مرضی ہے کہ جہان تک ممکن ہو ہماری رعایا بلا لحاظ نسل و قوم آزادانہ ہماری نوکری مین وہ عہدے پا دین جن کے فرائض وہ اپنی علمیت۔ لیاقت و دیانت سے بحسن وجوہ ادا کر سکین۔ ہم جو محبت باشندگان ہند کو اپنی موروثی زمین کے ساتھہ ہے وہ ہم بخوبی جانتے ہین۔ اور ملحوظ رکھتے ہین۔ اور ان کے تمام حق اور مرافق جو اس سے متعلق ہین بخیال مطالبہ و مالگذاری سرکار محفوظ رکھین گے۔ اور نیز یہہ منشا ہے کہ عموماً تجویز و نفاذ قوانین مین قدیم حقوق رسم و رواج ہندوستان کا بخوبی خیال رکھا جاے۔ ہمکو ان خرابیون اور مصیبتون کا جو ہندوستان پر الوالعزم اشخاص کے افعال کے سبب آئی جنہون نے بذریعہ جہوٹی خبرون اور ناراست افواہون کے اپنے ملکی بہائیون کو دہوکہ دیکر برملا بغاوت پر برانگیختہ کیا۔ کمال افسوس و رنج ہے۔ میدان جنگ مین اس بغاوت کے فرو کرنے مین ہماری قوت ظاہر ہوگئی۔ اب ہم ان اشخاص کے جرائم جو اس طرح دہوکے مین آ گئے۔ مگر اب اپنے فرائض کے راہ راست پر آنا چاہتے ہین۔ معاف کرکے اپنا رحم ظاہر کرتے ہین۔ اب ہی ایک صوبہ (اودہ) بخیال تخفیف خونریزی و امان دہی ممالک ہند ہماری نایب السلطنت گورنر جنرل نے اکثر ان اشخاص کو جو بلوہ گذشتہ مین۔ بخلاف ہماری سرکار کے مرتکب جرایم ہوئے تہے چند شرایط پر امید معافی دی ہے اور ان اشخاص کی نسبت جن کے جرایم حد معافی سے باہر ہین سزا تجویز کر دی ہے ہم اپنے نایب السلطنت کا یہہ کام مقبول و منظور کرتے ہین۔ مزید بران مرقومہ ذیل مشتہر کرتے ہین۔ ہماری رعایت اور معافی تمام مجرمون پر عام ہوگی۔ سوائے ان مجرمون کے جنکا قتل رعایائے انگریزی مین براہ راست شریک ہونا ثابت ہو چکا ہے یا آیندہ ہوگا۔ ایسے اشخاص کی نسبت مقتضائے انصاف تعمیل ترحم سے باز رکھتا ہے۔

جن اشخاص نے دیدہ و دانستہ اپنی مرضی سے قاتلونکو پناہ دی یا جو اس بغاوت مین سرغنہ اور بانی مفسدہ تہے۔ انکی صرف جان بخشی کی کفالت ہو سکتی ہے۔ بلکہ ایسے اشخاص کی نسبت سزا تجویز کرتے وقت ان حالات کا جنکی نسبت وہ حلقہ اطاعت و انقیاد اتار دینے پر آمادہ ہوئے بخوبی لحاظ کیا جائیگا۔ اور ان اشخاص کی نسبت جن کے جرایم بہ سبب سریع الاعتقادی ایسی جہوٹی خبرون کے امان لینے کے لئے جو مفسد مزاج شخصون نے پہیلائین واقع ہوئی۔ بڑی رعایت اور ترقی کی جائیگی۔ تمام اشخاص کیواسطے جنہون نے برخلاف سرکار ہتہیار باندہے تہے ہم بذریعہ اعلان ہذا بلا شرایط جان بخشی معافی اور تمام جرایم کے جو ان سے برخلاف ہمارے تخت اور ہماری

مستزلت کے سرزد ہوئے۔ اپنے اپنے گھرون کو واپس آنے اور باامن شغل مین مشغول ہونے پر رہائی دیتے ہین۔

یہہ ہماری شاہانہ خوشنودی ہے کہ یہہ رحم اور رہائی کے حسب وعدہ تمام اُن اشخاص پر جو آئندہ جنوری کی یکم تاریخ سے پہلی اسکی شرایط پر کاربند ہون وسیع کی جائین۔

جس وقت خداوند کریم کے فضل و عنایت سے اندرونی امن و چین قایم ہو جائیگا۔ اُسوقت ہندوستان کی صنعت و حرفت اور دست کاری کو ترقی دینے اور عامۂ خلایق کے رفاہ و فلاح کے کام پہیلانے اور اسکے باشندگان کی بہبودی اور فائدہ کیواسطے اس کا انتظام اور حکمرانی کرینگی ہماری عین خواہش ہے۔ انکی مرفہ الحالی مین ہماری قوت ہے انکی خوشنودی اور رضامندی مین ہماری حفاظت اور انکی احسان مندی اور شکرگذاری مین ہمارا عمدہ انعام۔ خدا قادر مطلق ہمکو اور ہمارے ماتحت صاحب اختیار ونکو۔ ہماری رعیت کی بہبودی کے واسطے ہماری یہہ خواہشین پورا کرنیکی توفیق بخشے۔ یکم نومبر ۱۸۵۸ء۔

باب تیرہوان طرز حکومت انگلستان

حکومت ایک مقررہ قاعدہ ہے جس کے ذریعہ سے ایک ملک کا انتظام کیا جاتا ہے۔ ممالک متحدہ گریٹ برٹن اسکاٹلنڈ آیرلینڈ اور مین اُس کا شاہ یا ملکہ اور دو ہوز پارلیمنٹ سے حکومت کرتے ہین جو کہ تین ارکان سلطنت کہلاتے ہین اور اسکی تفصیل یہہ ہے۔ اُمرا پادری۔ اور عوام۔ گورنمنٹ کے فرایض یہہ ہین۔ کہ اپنے اہل ملک کے واسطے بطور رعایا کے قانون بنائے اور اُن کو موثر کرے۔

اس ملک مین کوئی تفریق شاہ اور ملکہ کے اختیارات مین نہین ہے۔ اُن کا عہدہ نسلاً بعد نسلاً ہے۔ ایک شاہ کے مرنے پر دوسرا وارث ہوتا ہے۔ رشتہ مین مرد کو عورت پر زیادہ ترجیح ہے۔ اس طرح سے سب سے چہوٹا لڑکا موجودہ تخت نشین کا اپنی بڑی بہنونکی موجودگی مین تخت نشین ہو سکتا ہے۔ ہان لڑکی اپنی چچازاد بہائیونکی موجودگی مین تخت نشین ہوگی۔ تاج اس ممالک کا صرف پروٹسٹنٹ مذہب والا رکھ سکتا ہے۔

بادشاہ کا جسم پاک ہے۔ وہ قانون سے بری ہے کوئی قانون پارلیمنٹ کا اُن کو پابند نہین کر سکتا جبتک کوئی تخصیص نہو یہہ بہی بنا اصول قانونی ہے۔ کہ اُن سے کوئی جرم سرزد نہین ہو سکتا وہ کسی حرکت کی ذمہ وار نہین ہین۔ اور نہ اُنکی غلطی سے فائدہ اُٹھایا جا سکتا ہے۔ اُنکو جرم کی معافی اور ملزمون پر رحم کرنے کا اختیار ہے۔ وہ فیض اور عزت کا چشمہ ہین۔ وہ کل رؤسا کو خطابات کل فوجی و دیوانی انعامات۔ اور تمغے اُن خدمتون کے صلے مین عطا کرتے ہین جو قدر کے قابل ہون کوئی باشندہ کسی غیر ملک کے شاہ کا تمغا یا خطاب بلا خاص منظوری نہین قبول کر سکتا۔

شہزادہ ویلز ملکہ کے سب سے بڑے لڑکے اور ولیعہد سلطنت ہین اُنکو بہت سے خطابات ملے ہین۔ قانوناً اُن کے اور اُنکی بیوی کے جسم کی پوری محافظت کی جاتی ہے۔ اگر بڑا لڑکا مرجاوے تو اُس کا دوسرا بہائی شہزادہ

ویلز ہوجاوے گا۔

جب لارڈ یا امرا یا جسطرح سے کہ وہ مشہور ہی۔ اُپر ہوز آف پارلیمنٹ رُتبہ مین شاہی دوسرے نمبر پر ہے۔ کوئی ممبر جسکا کہ دیوالہ نکل چکا ہے ہوز آف لارڈز مین نشست نہین کرسکتا ہے۔ اور نہ راہزنی جب تک کہ وہ اپنے دعویدارون کو راضی نہ کراوے یا اپنا دیوالیہ مین دور نہ کرے۔

ہوز آف کامنز یا لور ہوس مین وہ لوگ شامل ہین کہ جنکو رعایا نشست کے واسطے پارلیمنٹ مین تجویز کرتی ہی۔ عموماً وزارت مین اب حسب ذیل عہدہ دار ہوتے ہین۔

۱۔ فہرست لارڈ ٹریژری خزانجات (جو وزیر اعظم ہوتا ہی)
۲۔ لارڈ چینسلر۔
۳۔ لارڈ پریسیڈنٹ کونسل۔
۴۔ لارڈ پریوی سیل۔
۵۔ چینسلر خزانجات۔
۶۔ سکرٹری آف اسٹیٹ معاملات اندرونی۔
۷۔ سکرٹری آف اسٹیٹ معاملات خارجیہ۔
۸۔ سکرٹری آف اسٹیٹ معاملات نوابادیان۔
۹۔ سکرٹری آف اسٹیٹ معاملات ہند۔
۱۰۔ سکرٹری آف اسٹیٹ معاملات جنگ۔

مشنریونکی معاونت علاوہ ہوز آف لارڈز کے ایک امر اور ہی۔ کہ جسکی نسبت عوام انگلستان بہت متوجہ ہین اور وہ یہہ ہے کہ آئندہ سے گرجا گھرون کو روپیہ سرکاری خزانجات سے نہ دیا جاوے۔ لبرل لوگون نے اسکی اعانت کا وعدہ کیا ہے۔ اور کانسرویٹو مخالف ہین۔ لبرل کہتے ہین کہ یہہ ہی ظلم ہے کہ عوام کے ٹکس سے کہ جسمین عیسائی مسلمان ہنود اور دیگر مذاہب کے لوگ شامل ہین عیسائی پادریون کی پرورش کی جاوے کہ جن کا کوئی حق اُن ٹکس دینے والون پر نہین ہے۔

فساد ایرلنڈ آیرلنڈ کی نسبت جو اکثر وزارت اور اہلیان ایرلینڈ مین نااتفاقی رہتی ہی۔ اور جسکی بدولت پچھلے سالون مین اس قدر سخت بحث آیرلینڈ کے لوگون نے کی ہے اور اس قدر بازار خونریزی اور کشت و خون گرم رہا اور قریب تہا کہ بالکل بلوہ ہوجاوے۔ اسکی وجہ چند آیرش لوگونکی حقوق خواہشات ہین کہ جنکو انگلستان بوجہ اپنی چند حکمت عملیون کے نہین دے سکتا۔ اُس وقت انگریزی پارلیمنٹ آیرش ممبرونکی تعداد اسّی ہے یہہ لوگ ممبران آیرش پارٹی یا پارنل ایٹی کہلاتے ہین۔ آخرالذکر نام ہونیکی وجہ یہہ ہے کہ آیرش کے سرغنہ ہوز آف کامنس مین مسٹر پارنل ہین کہ جنکا ساتھہ باوجود انکی غلطیون کے کوئی ہمدرد آیرلینڈ کو ملنا مشکل ہے۔ انہین کی وجہ سے یہہ نام پڑا۔

جو بغاوت آمیز تحریرین اخبارات آیرلنڈ مین نکلتی ہین اُس کا عشر عشیر بھی ہمارے ہندی اخبارات مین نظر آوے۔ تو اسمین کوئی شبہ نہین کرسکتا کہ اُس وقت ملک کے کل مطابع پولیس اور مجسٹریٹون کے ہاتھون مین ہون تقریرون مین علانیہ بغاوت کی ترغیب دی جاتی ہے لیکن یہہ انگریزی طرز حکومت ہے کہ جس کی بدولت ایک لفظ بھی اُن کے خلاف سوائے گالیون کے دینیکے یا انکی رفقا کا کوئی بس نہین چلتا پارلیمنٹ کے اندر تک یہہ لوگ اپنی زباندرازی سے باز نہین آتے۔

باب چودہوان نقشہ جات کارآمد

روئے زمین پر قیصر کی عملداری کا نقشہ

۱۸۸۱ع کے شمار کے مطابق قیصر کی عملداریکا اندازہ حسب ذیل مرقوم ہے۔

اسمائے ممالک	مربع میل زمین	آبادی	محصول سالانہ
گریٹ برٹن وآیرلینڈ	۱۲ ۱۱۱۵	۳۶۳۰۰۰۰۰۰	۸۷۲۰۵۰۰۰۰
انگریزی عملداری متعلقہ ہند	۱۵ ۵۸۲۵۴	۲۴۸۰۰۰۰۰۰	۸۰۰۰۰۰۰۰۰
ہند کے علاوہ مشرقی عملداری	۳۰۰۰۰	۰۰ ۳۹۰۰۰۰۰	۳۰۰۰۰۰۰۰۰
آسٹریلیا	۳۱۸۱۳۴۴	۳۱۰۰۰۰۰۰	۲۳۰۰۰۰۰۰۰
شمالی امریکہ	۳۶۲۰۵۰۰	۴۶۵۰۰۰۰	۷۱۸۵۰۰۰۰
گینی وغیرہ	۱۰۰۰۰۰	۲۰۰۰۰۰	۵۰۰۰۰۰۰۰
افریقہ	۲۶۰۰۰۰	۲۳۵۰۰۰۰	۵۸۰۵۰۰۰۰
ویسٹ انڈیا وغیرہ	۱۲۷۰۷	۱۳۵۰۰۰۰۰	۱۵۵۰۰۰۰۰۰
یورپ میں علاوہ گریٹ برٹن کے	۱۲۰	۱۷۵۰۰۰۰	۲۵۵۰۰۰۰۰
متفرق عملداری	۹۶۱۷۱	۲۰۰۰۰۰	۵۰۰۰۰۰۰
جملہ	۸۹۹۰۲۰	۳۱۰۲۲۵۰۰۰	۲۰۸۰۰۰۰۰۰۰

شعر

سلطنت ہے قیصر ذی جاہ کی * دیکھہ تو شوکت یہہ شاہنشاہ کی

قیصر کے ہمعصر سلاطین

قیصر کے ہمعصر سلاطین یورپ جو ابھی سریر آرا ہین اُن کے نامونکا نقشہ۔

اسمائے سلطنت	اسمائے سلاطین	تاریخ ولادت	تاریخ جلوس
آسٹریلیا	شہنشاہ فرانس جوزف	۱۸ اگست سنہ ۱۸۳۰ع	۲ دسمبر سنہ ۱۸۴۸ع
اطالیہ	بادشاہ ہمبرٹ	۱۴ مارچ سنہ ۱۸۴۴ع	۹ جنوری سنہ ۱۸۷۸ع
انگلستان	ملکہ وکٹوریہ قیصر ہند	۲۴ مئی سنہ ۱۸۱۹ع	۲۰ جون سنہ ۱۸۳۷ع
اولڈن برگ	گرانڈ ڈیوک نیکولس	۸ جولائی سنہ ۱۸۲۷ع	۲۷ فروری سنہ ۱۸۵۳ع
بلجیم	لیوپولڈ ثانی	۹ اپریل سنہ ۱۸۳۵ع	۱۰ دسمبر سنہ ۱۸۶۵ع
بویریہ	لوئس ثانی	۲۵ اگست سنہ ۱۸۴۵ع	۱۰ مارچ سنہ ۱۸۶۴ع
بیڈن	گرانڈ ڈیوک فریڈرک	۹ ستمبر سنہ ۱۸۲۶ع	۵ ستمبر سنہ ۱۸۵۶ع
پرتگال	دام لوئیس	۳۱ اکتوبر سنہ ۱۸۳۸ع	۱۱ نومبر سنہ ۱۸۶۱ع

پروشیہ	شاہ ولیم	۲۲ مارچ سنہ ۱۷۹۷ء	۲ جنوری سنہ ۱۸۶۱ء
ٹرکی	سلطان عبدالحمید خان خلد اللہ	۲۲ ستمبر سنہ ۱۸۴۲ء	۳۱ اگست سنہ ۱۸۷۶ء
جرمنی (پروشیہ)	شہنشاہ ولیم	۲۲ مارچ سنہ ۱۷۹۷ء	۱۸ جون سنہ ۱۸۳۱ء
ڈنمارک	کرسچین نہم	۸ اپریل سنہ ۱۸۱۸ء	۱۵ نومبر سنہ ۱۸۶۳ء
روس	شہنشاہ الگزنڈر ثالث	۱۰ مارچ سنہ ۱۸۴۵ء	۲ مارچ سنہ ۱۸۸۱ء
رومن چرچ	پوپ لیو سیزدہم	۱۰ مئی سنہ ۱۸۱۰ء	۲۰ فروری سنہ ۱۸۷۸ء
ہسپانیہ			
سویڈن و ناروے	کنگ اسکار ثانی	جون سنہ ۱۸۲۹ء	۱۸ ستمبر سنہ ۱۸۷۲ء
سیکس کوبرگ	ڈیوک آرنسٹ ثانی	۲۱ جون سنہ ۱۸۱۸ء	۲۹ جنوری سنہ ۱۸۴۴ء
سیکس می نی جن	ڈیوک جارج	۲ اپریل سنہ ۱۸۲۶ء	۲۰ ستمبر سنہ ۱۸۶۶ء
سیکس ویمر	گرانڈ ڈیوک چارلس الگزنڈر	۲۴ جون سنہ ۱۸۱۸ء	۸ جولائی سنہ ۱۸۵۳ء
سیکسنی	کنگ جان	۱۲ دسمبر سنہ ۱۸۰۱ء	۸ اگست سنہ ۱۸۵۵ء
فرانس (سلطنت جمہوری)	صدر مجلس مسٹر گروی	۱۵ اگست سنہ ۱۸۱۳ء	۱۳ جون سنہ ۱۸۷۹ء
گریس (یونان)	کنگ جارج	۲۴ دسمبر سنہ ۱۸۴۵ء	۶ جون سنہ ۱۸۶۳ء
مکلنبرگ سٹرلز	جی۔ ڈی۔ ایف۔ ولیم	۱۷ اکتوبر سنہ ۱۸۱۹ء	۶ ستمبر سنہ ۱۸۶۰ء
مکلنبرگ سورن	جی۔ ڈی۔ ایف فرانسس	۲۸ فروری سنہ ۱۸۲۳ء	مارچ سنہ ۱۸۴۲ء
ورٹمبرگ	کنگ جارج فرڈرک	۶ مارچ سنہ ۱۸۲۳ء	۵ جون سنہ ۱۸۶۱ء
ہیسی ڈارمسٹڈٹ	جی۔ ڈی۔ لوائی چہارم	۱۲ ستمبر سنہ ۱۸۳۷ء	۱۳ جون سنہ ۱۸۷۷ء
ہالنڈ	کنگ ولیم ثالث	۱۹ فروری سنہ ۱۸۱۷ء	۱۷ مارچ سنہ ۱۸۴۹ء

نقشہ عساکر سلاطین یورپ

سنہ ۱۸۸۷ء کی شروع میں ممالک یورپ کے عساکر وغیرہ کا اندازہ بڑی تحقیقات سے کیا گیا۔ اور اسی شمار کے مطابق یہہ نقشہ تیار ہوا ہے۔ مخفی نرہے کہ فوج و اتواب مرقومہ ذیل سے مراد روز مرہ کی فوج نہین مگر وہ فوج جو بروقت جنگ تیار ہو سکتی ہے۔

شعر

کتنی یورپ کے شہونکی فوج ہے ؛؛ جس قدر ہو فوج دنیا اوج ہے

اسمائے سلطنت	افواج پیدل	اتواب	رسالہ
آسٹریہ مع ہنگری	۱۰۷۷۱۰۴	۰۰۰۱۴۷۹	۲۱۱۴۶۴

اطالیہ	۲۴۰۰۰۷۸	۱۰۳۲	
بلجیم	۱۰۱۲۶۸	۲۴۰	۲۰۷۹۴
پرتگال	۱۲۸۷۷۸	۲۸۰	۱۲۹۷۳
ترکی عساکر سلطانی	۱۱۰۱۶۰۰	۳۳۴۸	۹۶۰۰۰
جرمنی	۱۵۱۹۱۰۴	۲۸۰۸	۳۱۲۷۳۱
ڈنمارک	۵۰۵۰۰	۱۲۸	۳۰۰۰۰
روس	۲۴۵۹۳۳۳	۴۰۱۶	۴۶۴۵۸۶
ہسپانیہ	۶۰۰۰۰۰	۶۰۰	۵۰۰۰۰
سویڈن	۱۹۲۱۶۸	۲۸۲	۶۴۹۰
سوزرلینڈ	۲۰۲۰۰۰	۶۱۰	۹۰۰۰
فرانس	۲۰۵۱۴۵۹	۲۹۵۲	۲۰۵۷۱۹۶
گریٹ برٹن (انگریز	۹۱۸۲۰۲	۶۱۰	۵۹۵۶۸
ناروے	۵۰۰۰۰	۱۰۸	۴۰۰۰
ہالینڈ	۳۱۸۹۹۸	۱۳۰	
ممالک بالکن جیسے بلگیرہ مشرقی رومانیہ گریسین (یونان) مانٹی نگرو رومانیہ اور سرویہ شامل ہیں۔	۱۴۷۵۱۸۴	۱۷۹۸۵	۱۴۶۶۴۰۹۸

سلاطین یورپ کی بحری طاقت کا نقشہ

۱۸۸۷ء کے سرکاری بجٹ کے ضمیمہ سے نقشہ مرقوم الذیل تیار ہوا مرکب اول درجہ سے مراد وہ جہازات ہیں جو ۸۵۰۰ ٹن سے زیادہ وزن دار ہیں۔ مرکب درجہ ثانی سے مراد وہ جہاز ہیں جو ۸۵۰۰ ٹن یا اس سے کم ہیں۔

اسمائے سلطنت	تیار مرکب درجہ اول	تیار مرکب درجہ ثانی	مرکب زیر تیاری درجہ اول	مرکب زیر تیاری درجہ ثانی	جملہ مرکب ہائے دو دی
گریٹ برٹن	۱۵	۱۶	۹	۸	۴۸
فرانس	۳	۱۲	۷	۱۰	۳۲
اطالیہ	۲	۵	۵	۰	۱۲
جرمنی	۱	۸	۰	۱	۱۰
روس	۲	۴	۴	۱	۱۲
آسٹریہ	۰	۶	۰	۱	۷
ٹرکی سلطان	۱	۳	۰	۱	۵

نقشہ اسلاطین ممالک ایشیا

اسمای ممالک	دارالامارۃ	ماتحت	اسمای ممالک	دارالامارۃ	ماتحت
سیبیریا	استرخان وتوبولسک	زار روس	عرب	مکہ مدینہ مسقط ویمن	سلطان قیصر روم
کرگس وگرجستان	تفلیس	زار روس	فارس	طہران۔ اصفہان شیراز	کجکلاہ ایران
ترکستان	بخارا وسمرقند	زار روس	افغانستان	کابل وقندہار	امیر کابل
چینی تاتار ومنصوریہ	کاشغر	فغفور چین	ہندوستان	کلکتہ بمبئی مدراس	ملکہ گریٹ برٹن قیصر ہند
تبت	لاسہ لداخ	لامۂ بزرگ	برہما	آوا منڈلے	ملکہ گریٹ برٹن قیصر ہند
کوچک ایشیا۔ ایشیای ترک	اسمرنا برسہ	سلطان قیصر روم	سیام	بانکوک	شاہ سیام
ارمن	ارض روس	سلطان قیصر روم	انام وتانکین	ہوئیفو وسائیگون	شاہ سیام
دیاربکر وکردستان	بطلس وغیرہ	سلطان قیصر روم	چین	پیکن نانکن کانٹون	فغفور چین
عراق عرب	بصرہ وبغداد	سلطان قیصر روم	جاپان	یدو۔ میاکو	فغفور چین
شام	حلب دمشق وبیروت	سلطان قیصر روم	مجموعۃ الجزائر	بٹاویہ سنگاپور منیلا	فغفور چین
فلسطین	بیت المقدس	سلطان قیصر روم			

نقشہ قلمروی روے زمین

ماوی زمین	رقبہ	مردم شماری	ماوی زمین	رقبہ	مردم شماری
سلطنت برطانیہ	۸۰۰۰۰۰	۲۰۰۰۰۰۰۰۰	سلطنت سلطان روم	۸۵۰۰۰	۳۵۰۰۰۰۰۰
سلطنت روس	۶۵۰۰۰۰	۷۶۰۰۰۰۰۰	سلطنت آسٹریہ	۲۴۰۰۰۰	۳۲۵۷۰۰۰۰
سلطنت چین	۴۵۰۰۰۰	۴۵۰۰۰۰۰۰۰	سلطنت فرانس	۲۳۹۰۰۰	۴۰۰۰۰۰۰۰

ہندوستان کی وظیفہ خوار انگریز سنہ ۸۵-۱۸۸۶ء مین مبلغ ۲۰۳۲۹۰۵۰ روپیے کی رقم اُن انگریزون مین تقسیم ہوئی جنہون نے ہند کے متفرق محکمہ اور سررشتون مین وفاداری سے ملازمت کرکے وظیفہ حاصل کرلیا۔

آمدنی واخراجات ہند سال روان کے بجٹ کے مطابق ہندوستان کی سالانہ کل آمدنی ۷۶۷۹۸۷۰۰۰ روپیے کل اخراجات ۸۶۳۰۴۹۰۰۰۔ سنہ ۸۵-۱۸۸۶ء کی ہند کی کل آمدنی ۷۴۴۶۴۱۹۷۰ روپیے۔ خرچہ ۷۷۲۶۵۹۲۳۰۔ نقصان ۲۸۰۱۷۲۶۰

باب پندرہوان قیصر کے خویش واقارب

قیصر کے خویش واقارب قیصر کے آل واولاد کا مفصل حال اوپر بیان ہوچکا ہے۔ یہان فقط قیصر کے انہین اقربا کی نام بیان کیے جاتے ہین جنکا بار بار ذکر اس کتاب مین آیا ہوا ہے

قیصر کے جد حقیقی	جارج سوم
قیصر کے عم بزرگ	جارج چہارم (ڈیوک آو برنسوک)
قیصر کے دوسرے چچا	ڈیوک آو یارک (فریڈرک)
قیصر کے تیسرے چچا	ولیم چہارم (ڈیوک آو کلرنس)
قیصر کے والد	ڈیوک آو کینٹ (ایڈورڈ)
قیصر کے پانچویں چچا	بادشاہ ہینوور (ڈیوک آو کمبرلینڈ)
قیصر کے چھٹے چچا	ڈیوک آو سسیکس (آگسٹس فریڈرک)
قیصر کے ساتویں چچا	ڈیوک آو کیمبرج (اڈولفس فریڈرک)
قیصر کی چچیری بہن	شہزادی شارلٹ (جو ایک وقت وارث تخت تصور کیگئی تھی)
قیصر کا سوتیلا باپ	شہزادہ لینینگن
قیصر کا سوتیلا بھائی	شہزادہ چارلس
قیصر کی سوتیلی بہن	شہزادی فیوڈورا
قیصر کی والدہ حقیقی	شہزادی وکٹوریہ [illegible] (ڈچیس آف کینٹ)
قیصر کا بڑا ماموں	ڈیوک آو کوبرگ
قیصر کا چھوٹا ماموں	شہزادہ لیوپولڈ بادشاہ بلجیم (لیوپولڈ شوہر شارلٹ)
قیصر کا شوہر	شہزادہ البرٹ، پرنس کنسرٹ، دوسرے رشتہ سے (قیصر کا ممیرا بھائی تھے)
قیصر کا نانا	ڈیوک آو سیکس کوبرگ
قیصر کا جیٹھ	شہزادہ ارنسٹ
قیصر کا پہلا فرزند	پرنسس رائل شہزادی
قیصر کا پہلا داماد	شہزادہ فریڈرک ولیم۔ ولیعہد جرمنی
قیصر کے دوسرے فرزند	پرنس آو ویلز (ولیعہد قیصر) ہندوستان میں تشریف فرما ہوچکے ہیں
قیصر کی بڑی بہو	الگزنڈرا۔ بادشاہ ڈنمارک کی بڑی شہزادی
قیصر کا پہلا پوتا	شہزادہ البرٹ وکٹر فرزند ولیعہد جنکی ہند میں تشریف آوری کا ابھی چرچہ ہے
قیصر کا دوسرا پوتا	شہزادہ جارج فریڈرک [illegible]
قیصر کا تیسرا فرزند	پرنسس ایلس متوفی شہزادی
قیصر کا چوتھا فرزند	ڈیوک آو اڈنبرو۔ داماد شہنشاہ روس جو سب سے پہلے ہندوستان میں تشریف فرما ہوئے تھے۔
قیصر کا پانچوان فرزند	شہزادی ہلینہ

قیصر کا چھٹا فرزند	شہزادی لوئیزا
قیصر کا ساتوان فرزند	ڈیوک آف کناٹ داماد شہزادہ پرشیہ جرمنی الحال بمبئی احاطے کے سالار فوج ہین۔
قیصر کا آٹھوان فرزند	متوفی شہزادہ ڈیوک آف البنی
قیصر کا نوان فرزند	شہزادی بیٹریس

باب سولھوان قیصر کے جان لینے کی کوشش

قیصر کے جان لینے کی کوشش اگرچہ جہان پناہ قیصر بطور دختر، زوجہ، والدہ اور ملکہ کے تمام حقوق اپنے پورے طور ادا کرتی رہین۔ تاہم ظالمون نے ان کی جان لینے کی کوشش مین کوئی دقیقہ فرو گذاشت نہین کیا۔ لیکن پر سچ ہے۔ مصرع دشمن چہ کند چون مہربان باشد دوست۔ جسطرح حوادثات آسمانی سے وہ ہر وقت بچتی رہین۔ ویسا ہی ظالمون کے پنجون سے بھی خدائے تعالی نے آج تک ان کو اپنے حفظ و امان مین صحیح و سلامت رکھا ہے۔

۱۔ پہلی کوشش قیصر کے جان لینے کی سنہ ۱۸۴۰ء کے ماہ جون کی دسوین تاریخ کو ایک بادہ فروش کے سترہ برس کے انگریز لڑکے مسمی اڈورڈ اکسفرڈ نے کی تھی۔ قیصر اپنے شوہر کے ہمراہ کانسٹیٹیوشن ہل نام کی ایک ٹیکری کی طرف روانہ ہوئی تھین کہ راستے مین اُس لڑکے نے دو مرتبہ قیصر کو تاک کے اپنی بندوق سر کی۔ مگر دونون وقت خطا کی۔ عدالت کی جوری نے اُسے پاگل ٹھیرایا اور سزا اُس کے لیے یہہ تجویز ہوئی کہ وہ پاگل خانے مین ہی رہا کرے۔ جبتک کہ قیصر چاہے۔

۲۔ دوسری کوشش سنہ ۱۸۴۲ء کے ماہ مئی کی تیسوین تاریخ کو ہوئی تھی۔ اُس وقت جان فرانسس نام کے ۲۲ برس کے ایک انگریز نوجوان شخص نے اُسی ٹیکری اور اُسی مقام پر قیصر پر بندوق چھوڑی۔ اُس کے لیے پھانسی کی سزا عدالت سے تجویز ہوئی تھی۔ مگر آخر کو تا بہ زیست شہر بدر کیا گیا۔

۳۔ تیسری کوشش اُس روز ہوئی جس روز کہ مذکور مجرم کی سزا کی تخفیف ظاہر کی گئی۔ قیصر اپنے محل سے گرجا گھر کو جا رہی تھین۔ کہ اس مین بین نامی ایک انگریز کوزہ پشت لڑکے نے قیصر کی گاڑی کے قریب آکے بندوق اٹھائی اور چاہتا تھا کہ بندوق کو داغے کہ اس مین ایک اور لڑکے نے جو وہان کھڑا تھا بین کا ہاتھ پکڑ لیا۔ آخرش بین کو اٹھارہ مہینے کی قید کی سزا ہوئی۔ ایسے قید خانے مین کہ جہان وہ ضروری ہنر سیکھا کرے۔

۴۔ چوتھی کوشش ۱۹ وین مئی سنہ ۱۸۴۹ء کو کانسٹیٹیوشن ٹیکری پر ہملٹن نامی ایک آئرش معمار نے قیصر پر بندوق چلائی۔ اس سزا مین سات برس شہر بدر کیا گیا۔

۵- پانچوین کوشش رابرٹ پیٹ نامی ایک سابق فوجی سردار کے ہاتھوں ہوئی تہی اور اُس کے لیے سات برس تک بعبور دریائے شور شہر بدر کی سزا ٹھہری-

۶- چھٹی کوشش ۲۰ وین مئی ۱۸۵۰ء کو جبکہ قیصرہ ڈیوک او کمبرج کے محل سے اپنی گاڑی پر سوار ہوکے روانہ ہوئی تہین اس وقت خود انہون نے قیصر کے سر پر لکڑی کی ایک سخت ضرب لگائی تہی-

۷- ساتوین کوشش ۱۹ وین فروری ۱۸۷۲ء کو آرتہر اوکونر نام کے ایک سترہ برس کے لڑکے نے ایک خالی و شکستہ بندوق قیصر پر داغی اُس وقت قیصر اپنے سیر سے لوٹ کے بکنگہام محل مین داخل ہورہی تہین مجرم لڑکے کو ایک سال قید رکہا- اور کچھ ضربین بہی لگائی گئین-

۸- آٹھوین اخیر کوشش ۲ مارچ ۱۸۸۲ء کو وقوع مین آئی- قیصر لنڈن کی سیر کر کے ونڈسر کے مقام پر واپس آئین- اور جس وقت اپنی گاڑی مین سوار ہوا چاہتی تہین کہ اسی بین مکلین نام ایک شخص نے بندوق سر کی- آخر مکلین پاگل ٹھہرنے پر بے جرم ثابت ہوا اور اس کا قید سے آزاد ہونا قیصر کی مرضی پر منحصر ٹھیرا-

باب سترہوان شہزادہ ولیعہد بہادر کی سوانح عمری

شہزادہ ولیعہد بہادر پرنس آف ویلز البرٹ اڈورڈ یہہ قیصر علیہا کے دوم فرزند ہین گو حال ان کا تحفہ جوبلی مین کئی مقام پر آگیا تاہم ناظرین کی کامل آگہی کی خاطر یہان انکی زندگی کا مختصر حال از سر نو بیان کیا جاتا ہے- یہہ شہزادے ۹ نومبر ۱۸۴۱ء کو پیدا ہوے- انکی تربیت و تعلیم کی کیفیت آگے بیان ہوچکی ہے- لڑکپن کی حالت مین یہہ شہزادے اڈنبرو کی ہائی سکول مین داخل ہوئے اور پہر اکسفرڈ اور کیمبرج کے طالب العلم بنے ۱۸۶۳ء مین ڈنمارک کی شہزادی الکزنڈرہ سے اُن کی شادی ہوئی جن سے اب اُن کے پانچ فرزند حیات ہین- ولیعہد بہادر کے فرزندون کا حال آگے مفصل بیان ہوچکا ہے- ۱۸۷۱ء کے اخیر ولیعہد بہادر سخت بیمار ہوئے- لکہہا بلکہ کروڑہا آدمیون نے اپنے صدق اعتقاد سے ان کے صحت کے لیے دعا مانگی کیونکہ کل معالجون نے عاجز ہو کے ان کو خدا کے فضل کے حوالے کر دیا تہا- ڈسمبر مہینے کی ۱۴ وین تاریخ کہ اس شہزادے کے والد کی وفات کا دن تہا- مرض کے حق مین بڑی بحاری تصور کی گئی-

اکثر اشخاص کا قول تہا کہ اس تاریخ کو شہزادے کا بچنا مشکل ہے لیکن یہان تو دعا کا تیر ہدف نشانہ ہوچکا تہا- اسی تاریخ سے کہ مشکل گنی جاتی تہی خدا نے انکو شفا عطا کی اور تندرستی کے آثار نمایان ہوتے چلے- تہوڑے ہی ہفتون مین شفائے کامل ہوگئی- اور پہر قیصر کی کل رعایا نے جو قلمرو برطانیہ کے زیر حکومت ہے- اپنے اپنے عبادت گاہون مین

شکریہ اُس شاہی مطلق کا ادا کیا۔ سنہ ۷۶-۱۸۷۵ء مین پرنس آو ویلز بہادر ہندوستان مین تشریف لائے تھے۔

اُس وقت اُنکی خیر مقدم مین رعایائے ہند نے اپنی وفاداریکی ثبوت مین جو جو کچھہ جشن اور خوشیان منائی ہین وہ ابھی ہماری نظرون سے سمائی ہوئی ہین سچ تو یہہ ہے کہ جن لوگون نے ولیعہد بہادر کی تشریف آوری کے جلسے اس اقلیم ہند مین ملاحظہ کئے تھے انکو اب لنڈن کی جیوبلی کے جلسے پسند نہین آئے۔ بمبئی مین ہمارے رئیس المسلمین ناخدا محمد علی صاحب روگے نے شہزادہ بہادر کو ایک عمدہ پیالہ نذر کیا تھا۔ اس احقر کے والد ماجد نے انکی مدح مین ایک عمدہ قصیدہ انگریزی زبان مین تحریر فرما کر اُن کے پیش کیا تھا۔ اگر گنجائش ہوئی تو وہ کامل قصیدہ اس کتاب کی اخیر مین درج کیا جائیگا۔ مادہ تاریخ اس مین فارسی ہی موزون کر دیا ہے وہ یہہ ہے (چراغ ریاست)

ولیعہد بہادر نے سندرنگہم Sandringham نامی ایک ملکیت خرید کی ہی جہان آپ بذات خود زراعت اور مویشی کی فکر رکہا کرتے ہین۔

مُلک کی بہتری کی نیت سے آپ اکثر نمائش گاہون کی ترقی مین ساعی رہتے ہین۔ لنڈن کے امپیریل انسٹیٹوٹ کی فرد مین انہین کی حسن سعی سے لاکہا روپئے کی رقم ہند کے راجہ اور نوابون نے لکہی ہے۔ فرزندون کی تعلیم مین ولیعہد بہادر نے اپنے دونون بڑے شہزادون کو ایک اتالیق لیبق کے ہمراہ ایک مرکب دودی پر سوار کروا دیا تھا پرکار کی طرح تمام دُنیا کے دائرہ کے گرد گہوم کر اپنے مرکز اصلی پر آجاوین۔ جہاز مین علاوہ درس تدریس کے ان نوجوان شہزادون کو خلاصیون کا کام بہی سکہلایا جاتا تہا۔ انہین ہونہار شہزادون کے ہند مین تشریف لانے کی خبر آگے بیان ہو چکی ہے۔

۵ کی منع کی ہی نوجوان شہزادون کی خیالات لندن جیسے شہر مین اکثر منتشر رہا کرتے تھے۔ یہہ سوچکر ولیعہد بہادر نے ۵

باب اٹھاروان جیوبلی ہندوستان

ای مرحبا دور قیصری

چشم بد دور سنہ ۱۸۱۹ء مین وہ صاحبہ قرانی قیصر جہانی پیدا ہوئین اور اٹھارہوین سال یعنی سنہ ۱۸۳۷ء مین آپ سریر آرا بن گئے انچاس سال خود کی حکومت نوشیروانی مین کیسے کیسے خوشی کے حالات اور غمی کے سوانحات ایک خوبی کے ساتھہ مشاہدہ کرنے کے بعد خدا خدا کرکے اب بفضل خدا سنہ ۱۸۸۷ء مین دور قیصری کا پچاسوان سال المشہور ہی بہ سال جیوبلی قیصر آپہنچا۔ یہہ وہ مبارک سال ہی جو سینکڑون بادشاہ شہنشاؤن مین سے کسی ایک سکندر بخت ہمایون رخت کو نصیب ہوتا ہے اس دور قیصری کے باعث جو جو خوبیان و ترقیان قیصر اور رعایائے قیصر کو حاصل ہو

ہین وہ پھر پردۂ دنیا پر مفقود نظر آتی ہین لیجئے پہلو اس ہمارے ہندوستان ہی کی سرسبزی دیکھہ لین کہ اس دور قیصری مین اس نے کیا کیا ترقیان کی ہین یہہ ملک جو پہلے کہہ رہا تہا کہ مصرع مین موسم بہار مین شاخ بریدہ ہون ۔ سو اب بزبان حال سے پکار پکار کر کہہ رہا ہے مصرع ہی عطر تا بہار گل نو رسیدہ ہون

علم اس دور قیصری مین تو ستارۂ اقبال علم فی الحقیقت فلک چہارمی پر عروج کر گیا ہے۔ نظر غور سے دیکھئے تو اس کی ایک ادنی نظیر یہہ نمایان ہے کہ ہندوستان کی کل یونیورسیٹیون مین (یعنی مدرسۃ العلوم) اب جو طلبا ہر سال امتحان دینے حاضر ہوتے ہین ان کی تعداد پہلے کے بہ نسبت بیسیون سے تجاوز کر کے ہزارون پر نوبت آ گئی ہے۔ حالانکہ امتحانات کے اصول نہایت پیچ در پیچ اور مشکل در مشکل کر دئیے گئے ہین تاہم ہاکشان رحمت علم اسے آسان سمجھ گئے ہین کب چھوٹتے ہین ہر مسئلہ مالاینحل کو حل کرنے سے کبھی منہہ نہین موڑتے ہین۔ دنیوی علوم کے وہ وہ غوامض جن کے دریافت کرنے والے ہندوستان کے نامی گرامی شہرون مین بھی نایاب تھے۔ آج وہ دور قیصری مین دیہاتی لڑکے بات بات مین ویسے مسایل حل کر دیتے ہین۔

کتب دینی و دنیوی کتب جن کا امیر امرا کے کتب خانون کے سوا اور کہین پتہ تک نہین لگتا تہا۔ آج وہ دور قیصری مین عمدہ خط اور بالکل صحت کے ساتھہ کوڑیون کے مول سربازار فروخت ہو رہی ہین۔

اخبارات قیصر کے اس پچاس سال کے دور مین علم و کتب کی جس طرح ہند مین افراط ہوئی ہے۔ ویسی طرح ہند کے ہر ہر زبان مین اخبارات بے انحصار برائے سہولیت خریدار ارزانی کے ساتھہ شائع ہوتے ہین۔ یہان تک کہ مشتاقان اخبارات کو بھی یہہ گلہ پیدا ہوا ہے کہ ہمارے یہان اس کثرت سے اخبار آتے ہین کہ اب ان کے کہولنے تک کی نوبت نہین آتی۔ مگر یاد رہے کہ جن چیزون نے یورپ کو افلاس سے چھڑا کے مالا مال اور نونہال کر دیا۔ ان مین اشاعت اخبار ایک مقدم چیز بھی گنی گئی ہے۔

صحت ہندوستان مین صحت کی حفاظت کے لئے اس زمانے مین کیا صورتین تجویز کی گئین کہ ان سے افزود ظاہرا ممکن نہین۔ علم تشریح اس طرح پڑہائی گئی کہ اب اس سے حکمت کو دوگنی طاقت پہنچ گئی ہے۔ جابجا دارالشفائین اور دواخانے آباد۔ سیتلا کے ٹیکا لگانیوالے ڈاکٹرون کی کثرت ہے جو کہ گھرون گھر پھرا کرتے ہین۔ موقع موقع پر باغ و باغیچے لہلہا رہے ہین۔ عمدہ پانی بذریعہ نہر و نل کے ہر جا اور ہر بلند طبقہ کے ساکنون کو بخوبی میسر ہے۔ ان مسیحائی ڈاکٹرون نے مرض ہیضہ کے معدومیت کی خاطر ایک اعجاز عیسوی دکہلایا ہو جو صورتین اس کے دفعیہ کی کی گئین اور کیجاتی ہین۔ ان سے عیان ہے۔

زراعت اس دور مین زراعت کو وہ ترقی حاصل ہوئی ہے کہ قحط کا نام مطلقا مٹ گیا۔ پہل پہول ساگ

نہ کبھی آجکل وہ میسر آتی ہے کہ جس کا نام تک نہین سنا تہا۔

سہولیت سفر دور قیصری کے پہلے ہند کی مسافرت کا یہہ حال تہا کہ مسافر چاہے ویسا مجرب فربہ ہو منزل مقصود کو پہنچنے کے قبل سختی سفر اسے لاغر و نحنی کر دیتی تہی۔ اب آہنی سڑک و مرکب دودی کے ذریعہ سے ہفتونکی مسافت گہنٹون مین طے ہوتی ہے وہ بہی نہایت سہولیت و آرام کے ساتہہ سڑکین پختہ تیار ہوئین۔ ریلوے تمام ہند مین ۱۱۴ ہزار میل ایسی پہیلی کہ ہندیونکی خطوط تقسیمی مین مات دیدی ہے۔ سہولیت سفر کیلئے ہر ندی پر پل موجود ہے غرض

شعر۔ جدہر دیکہئے تو ہے خیر ہے ؛ سفر یہہ نہین باغ کی سیر ہے۔

کارخانے اسی دور قیصری مین سٹیم کے ذریعہ سے کپڑے بننے کا پہلا کارخانہ سنہ ۱۸۵۱ء مین بمبئی مین جاری ہوا تہا اور اب تمام ہندوستان مین کوئی ایک سو کارخانے ہین کہ جنمین قریب ایک لاکہہ آدمیونکی روزی پاتے ہین۔

ٹیلیگراف ہماری قیصر وکٹوریہ بتخت انگلینڈ سب سے پہلے ۲۰وین جون کو جلوس فرما ہوئی تہین۔ یہہ خبر ہندوستان مین بہت سرعت سے روانہ کی گئی مگر بمشکل ۲۵وین اگست کو یعنے دو مہینے سے زیادہ عرصہ مین یہان شایع ہوئی۔ اب قیصر کے دور مین ٹیلیگراف کے ذریعہ سے کوئی دو گہنٹے کے عرصے مین لنڈن سے یہان خبر آجاتی ہے۔ فقط ہندوستان مین پچپن ہزار میل تار برقی کہلا ہوا ہے۔

ڈاک خانے دور قیصری کے قبل ہندوستان مین بدقت تمام قاصدون کے ذریعہ سے خطوط روانہ کرتی تہے۔ اور اب ڈاکخانونکی سہولیت اور ارزانی سے ایک پیسے مین ہند کے جس شہر مین چاہو خبر جاسکتی ہے۔

انتظام ملک ہندوستانکی پچیس لیجسلیٹو کانسلین اور میونسپالٹیان دور قیصری مین ہند کے حسن انتظام کی پوری [illegible] دی رہی ہین۔ اور تسپر ہمارے معزز سابق ویسراے مارکوس آف رپن کی سیلف گورنمنٹ تو ایک طرہ و زیبا ہے۔ بس اسیطرح جس چیز کو غور کرکے دیکہئے وہ اس زمانے مین ترقی درجہ اعلی کی روشنی دکہا رہی ہے۔

ہند مین جیوبلی کہان کہان ہوئی — جشن جیوبلی کا تجمل فقط ہندوستان کے بڑے بڑے شہرونمین ہی نہین ہوا بلکہ چہوٹے سے چہوٹے قصبے مین بہی اسکی خوشی ہر قسم کی خوبیون سے منائی گئی۔ اور اسیطرح ہند کے راجہ و نوابونکی اعلی و ادنی ریاستون مین بہی بڑی شان و شوکت سے جشن ہوا۔ مختصر یہہ کہ ہندوستان کی کل پچیس کروڑ آدمی قیصر کی جیوبلی مین شریک تہے۔ اور ملک برہما مین بہی جیوبلی بڑی جوش و خروش سے منائی گئی۔

ہند کی جیوبلی کا روز جیوبلی کا حقیقی روز تو ۲۰وین جون کا تہا۔ مگر بباعث ناموافقت موسم چار مہینے پیشتر یعنی فروری کی ۱۶وین و ۱۷وین تاریخ ہند کی جیوبلی کے لئے مقرر ہوئی اور انہین دونون تمام ہندوستان مین جشن ہوا۔ ہندوستانکی جیوبلی انگلینڈ کی جیوبلی سے علیحدہ ہونے مین ایک لطف یہہ بہی رہا کہ ہند کی پچیس کروڑ رعایا کی خوشی کو پورے طور پر ملاحظہ فرمانے کے لئے قیصر کو اپنا موقع ہاتہہ آیا۔

قیصر کی بلند اقبالی قیصر کے مانند بلند اقبال بفضل ایزد بادشاہ پردہ دنیا پر فی زمانہ شاذ و نادر ہوگا۔ محل قیصر کا مانند باغ کے اُس کے نونہال چشم و چراغ پوتے پوتیان نواسے نواسیان ہین رونق افزا سبز ہی۔ دنیا کے نامور شہنشاہ قیصر کی رشتہ داری مین منسلک۔ دنیا کی ہر اقلیم مین قیصر کا عملداری موجود قیصر کا

خزانہ معمور بحری و بری سپاہ بیشمار قیصری ریاست میں جواہرات و سونا چاندی کی کانیں موجود علم و ہنر تجارت و صناعت کی نہایت درجہ ترقی رعایا کو مذہب و ملت کی پوری آزادی ان سب خوبیوں کا نتیجہ یہہ ہے کہ اس عہد علیا کو جوبلی کا روز نصیب ہوا۔ اگر قیصر اپنی حکومت میں خود ہی ظلم و تعدی کرتیں تو یہ باتیں ہرگز نصیب نہوتیں۔

قیدیونکا آزاد ہونا ہند کی جوبلی میں لارڈ ڈفرن صاحب نے باجازت قیصر پچیس ہزار قیدی فوجداری مقدمات کے سزا یافتہ رہا کر دیئے۔ اور دیوانی مقدموں کے قیدی جنکا قرضہ سو روپے سے کم تھا۔ سرکاری خزانے سے ادا کیا گیا اور وہ سب ۴۰ قرضدار جوبلی کے روز قیدخانوں سے چھوٹ گئے۔ اور اراضی بنجر باقی ماندہ زمین کا تمام محصول بھی معاف ہوا لارڈ لٹن صاحب نے بھی ۱۸۷۷ء میں کہ جب قیصر ہند کا خطاب ملکہ وکٹوریہ کو دیا گیا سولہ ہزار قیدی ہند کے قیدخانوں سے رہا کر دئے تھے۔

جوبلی کی یادگاری قیصر کی جوبلی کی بقا کے یادگاری میں وکٹوریہ لائبریری اندور میں قائم ہوئی۔ بھوپال میں پانی کا نل جاری ہوا۔ ریوہ میں دارالشفا کھولی گئی۔ گوالیار میں وکٹوریہ کالج قائم کی گئی۔ بمبئی میں صنعت کا مدرسہ جعفر سلیمان کا عورتوں کا دواخانہ۔ دارالشفائے قیصری حکیم محمد باقر طبیب یونانی کی اور کاما ہسپتل مستورات کیلئے۔

جوبلی میں کیا ہوا طلبا مدارس کو ضیافت دی گئی۔ فقیر فقرا کو کھانا کھلوایا گیا۔ اور خیرات تقسیم ہوئی۔ آتشبازی چھوڑی گئی۔ درباری اور بیوپاری مکانوں میں روشنی کی گئی۔ دریا میں جہازوں پر بھی روشنی ہوئی لشکری ریویو ہوا گورنر راجہ نوابوں کی سواریاں نکلیں۔ مضامین پڑھے گئے خطابات عنایت ہوئے۔ قیدی رہا کئے گئے محصول معاف ہوا۔ میلے و بازار لگے۔ کالج دارالشفا کتب خانے قائم کئے گئے۔ تہنیت نامے اور مبارکبادی کے ٹیلگراف روانہ کئے۔ اور عبادتخانوں میں خدا کا شکر ادا کیا گیا۔

دور قیصری میں دھبا اس دور قیصری میں فقط ہندوستان کے غدر کا ایک دھبا ایسا لگا ہوا ہے جو مٹائے نہیں مٹتا۔ اگرچہ اودھر انگریز لوگ اس کے یاد سے خون ٹپکاتے ہیں تو ادہر ہندوستانی لوگوں کے جگر دوپارہ ہوئے جاتی ہیں۔ مگر بمصداق فعل الحکیم لا یخلو عن الحکمۃ ۱۸۵۷ء میں غدر ہوا جسکا ایک نہایت عمدہ نتیجہ نکل آیا۔ وہ یہہ ہے کہ اقلیم ہند جسکی مردم شماری دنیا کی ایک خمس کہلاتی ہے۔ وہ ایک تجاروں کی چھوٹی سی جماعت کے زیر حکومت تھی یہ غدر ہی کا فیض ہے کہ دنیا کا ایسا مشہور و معروف ملک ہندوستان اب قیصر کے زیر حکومت سلطنت برطانیہ میں شامل ہو گیا۔

خطابات علاوہ اُن پہلے خطابوں کے جو اب بھی جاری ہیں اس جشن جوبلی کی یادگار میں لارڈ ڈفرن صاحب نے باجازت قیصر ایک نیا خطاب واسطے علمائے ہند کیلئے جو ہندوستانیوں میں ترقی علم کے ساعی ہیں مقرر فرمایا ہے مسلمانوں کو (شمس العلما) اور ہندوؤں کو (مہامہوپادھیائے) ہے یہ خطاب نام کے قبل مستعمل ہوں گے جن علما کو شمس العلما کا خطاب عنایت ہوا ہے۔ اُن کو ایک خلعت جسمیں ایک عمامہ اور ایک جُبّہ ہے سرکار سے ملا ہے اور مہامہوپادھیائے والوں کو ایک دُشنی یعنی دستار اور ایک اُتریا یعنی شال ملی ہے ایسے خطاب جوبلی کی جشن

بہت کثرت سے لوگونکو دیئے گئے ہین جنکی فہرست بباعث طوالت کے اس کتاب مین گنجائش نہین کرسکتی مگر بڑے افسوس کی بات یہہ ہے کہ ضلع بمبئی مین کوئی صاحب بہی شمس العلما نہین ہوئے آرڈر آودی انڈین ایمپائر کچہہ سود بدل کرکے اکثر روساء ہند کو دی موسٹ امینینٹ آرڈر آو دی انڈین ایمپائر کا خطاب عنایت ہوا ہے۔ سنٹ میکل و سنٹ جارج کے خطاب بہی اہل ہند کو دیئے گئے اسیطرح نواب بہادر نواب سردار بہادر سردار خان بہادر۔ خان صاحب کے خطاب جن جن صاحبون نے جانفشانی سے سرکار قیصری کی ملازمت کی اور خیر خواہ بنے رہے انکو ملے ہین۔ نیٹ کمانڈر آو دی امپیریل آرڈر کا جنکو تمغہ ملا ہے۔ انمین اول نمبر ہمارے معزز دوست کلکتہ والے آنرایبل سید امیر علی صاحب ہین۔ جو لندن سے ایک میم صاحبہ کو بیاہ لائے۔ اسی صورت بمبئی کے شریف ڈنشا مانکجی پیٹٹ بہی سر ہوچکے ہین۔ اور مدراس کے شریف رام سوامی موڈلیار اور کلکتہ کے شریف کو بہی سر کا خطاب عطا ہوا ہے۔

بمبئی مین جیوبلی

جزیرہ بمبئی اصل مین کوئی چیز نہین تہی۔ مگر اس دور قیصری مین اس جزیرہ نے وہ نام پیدا کیا کہ اب ہندوستان کا کوئی شہر اس سے لگا نہین کہاتا۔ یون تو کلکتہ آج کل پائے تخت ہے۔ لیکن کیا عجب کہ آئندہ انگریز سرکار اسی کو پائے تخت ٹہیراوے۔ آب وہوا یہان کی نہایت دلپسند فائدہ مند ہے۔ اور ولایت انگلستان بہی یہان سے نزدیک تر ہے بیوپار یہان کا سب سے بڑہکر ہے اور ہر ایک جشن کے وقت اہل بمبئی اورون پر سبقت ہی لیجاتی رہی ہین۔ اسیطرح جیوبلی کا جشن بہی بمبئی مین سب سے بڑہ کے ہوا ہے۔ ۱۶ وین فروری ۱۸۸۷ء کا روز جو ہند کی جیوبلی کے لئے مقرر ہوا تہا۔ اس روز صبح سے تمام بمبئی مین اژدہام عام لگ گیا ٹون حال کے باہر دربار منعقد ہوا تہا جسمین کوئی چپیس ڈیپوٹیشن آئے ہوئے تہے۔ انہون نے تہنیت نامے لارڈ ری صاحب کو دئے اور وہ پیغام تار برقی ذریعہ سے قیصرہ کے نام روانہ کئے اسی روز شام کو تمام شہر مین روشنی ہوئی تہی۔ سرکار کی طرف سے ایک لاکہ روپیہ روشنی کے لئے خرچ کیا تہا + قیصرہ نے جسوقت ملک ہندوستان اپنے قبضے مین لیا اسوقت بہی روشنی اور اژدہام ہوا تہا۔ ڈیوک آو اڈنبرو کی تشریف آوری کیوقت و ولیعہد بہادر اور ڈیوک آو کناٹ کی تشریف آوری کے وقت لارڈ رپن کی رخصت اور وکٹوریہ کا خطاب قیصر ہند سے مخاطب ہونیکا روز یہہ سب کے سب بڑے جشن کے روز گذرے ہین اسمین جشن جیوبلی کے روز کا اژدہام و ہجوم و اژدہام اور سب کی روشنی علی الخصوص جہازونکی روشنی ایک عجیب تہی۔ لارڈ ری صاحب گورنر بمبئی کے دربار مین اس روز کی تقریر بہی نہایت دلچسپ تہی۔ اس کے بعد غرباء طلبائے مدارس ہند و مسلمان پارسی کرسچین یہودیکا ایک منڈوی مین جمع ہوکے ضیافت تہا یا ایک عجیب تماشا تہی بڑے بڑے ہائی سکولون کے طلباء شب کو شہر گشت کو نکلے تہے ہاتہون مین مشعلین اٹہا کے گویا علم کی روشنی کا ان کے ہاتہ آنا تہا۔ خیر اس سوا تمام بمبئی کے دیول گرجا گہر بتخانے آتشکدے اور مساجد مین روشنی کی گئی تہی۔ میدان مین ایک عجیب طرح کا ایسا بازار بنایا گیا تہا کہ جو برسون تک یاد رہیگا غرض اب انگلستان کے ہفتہ جیوبلی کے مفصل حالات کے تقاضے نے ہندوستان کی جیوبلی کو بہت مختصر کر دیا۔

تمام شد

رجسٹری شدہ حسب ایکٹ ۲۰ ۱۸۴۷ء

ہنستے ہی گھر بستے ہیں

مذاق اور حضرات لکھنؤ

کوئی اخبارات ملکی لکھتا ہے کوئی نامہ نگار اخبار متعلق از عدالت مقدمات دیوانی و فوجداری اور کوئی حادثات روزمرہ اور کوئی عجیب الخلقت آدمیوں اور جانوروں کی خبریں تحریر کرتا ہے مگر بندۂ درگاہ جیسے آپ سمجھے ہیں ویسے ہی مزخرفات خبر اُن کے حصہ میں آئی ہے۔ گو مزخرفات ہو لیکن ہے انسانی خوش طبعی سے متعلق وہ مضحک واقعہ کہ جسے پڑھ کر انسان اتنا ہنسے کہ انسان سے قہقہہ دیوار بن چھوٹے۔ ایڈیٹر صاحب کو تو ضرور چونکہ حضور جناب کو انکی خاطر ہے۔ آپکے سبب سے ناظرین کو تو ضرور کیونکہ ناظرین ہیں صرف اُنکی جو ٹکے خرچ کرکے اخبار لیتے ہیں اور نہ اُنکی جو میری مانند مفت بر ہے ہیں سلامتی درکار ہے۔ اس سبب سے پہلے سے تنبیہ کئے دیتا ہوں کہ جب اس قصے کو ملاحظہ کرنیکا قصد کریں تو دونوں ہاتھوں سے خوب مضبوطی کے ساتھ توند شریف کو تھامے رہیں مبادا ہنستے ہنستے تو پیٹ میں بل پڑ جائیں اور درد ہونے لگے کہیں مولوی صاحب جو محاورہ سے واقف ہوں یہ نہ سمجھ لیں کہ میں دردزہ کہتا تھا استغفر اللہ میں اور حضرات ناظرین کی خدمت میں گستاخی کروں (حضرات میری) مراد ہے معمولی درد شکم سے کیوں ایڈیٹر صاحب نہ کہیے گا آپکا نامہ نگار کسقدر مودب ہے اور اُس سے کسقدر آپ کے خریداران اخبار کا لحاظ ملحوظ رہتا ہے۔

بارات جنازہ نواب خست الدولہ ذلۃ الملک حقارت دستگاہ فنابت پناہ خون حرام خان بہادر عرف مولوی صاحب غارت دولہ دولھن اجاڑ مرد پچھاڑ کی

بندۂ درگاہ جو سیر کے ارادہ سے دولت خانہ فیض آستانہ سے برآمد ہوئے تو کیا دیکھتے ہیں کہ ایک نقیب وہ آواز دے رہا ہے جو ابھی عنوان میں تحریر کی اور نقیب کے پیچھے تیس چالیس جھنڈی بردار کالی کالی جھنڈیاں لئے ہیں۔ معاً یہ خیال گذرا کہ اُمراء یا رؤسائے لکھنؤ میں سے شاید کسی کی حضرت شاہ موت کے دربار میں طلبی ہوئی ہے۔ یہ اُنکی سواری ہے کہ اس اثناء میں تاشہ اور بینڈ باجہ کی آواز گوش زد ہوئی اور تھوڑی دور پر باجے والوں کے پیچھے لوگوں کا جم غفیر نظر آیا اور پھر دیکھنے میں آیا کہ بھیڑ کے بیچ میں ایک شامیانہ ہے اور شامیانہ بھی عجیب و غریب مصالحہ کا بنا ہوا پرانے ٹاٹ کے بوروں کو کھول کر ناو کی پال کی طرح جوڑ لیا ہے اور جہاں ایک ٹکڑا دوسرے ٹکڑے کو

سے جوڑا گیا ہے سہرانی مردانی زنانی جوتیاں کوئی اوپر کوئی نیچے ملا کر ٹنکی ہوئی ہیں اور شامیانہ کے مرکز میں ٹوٹی چلمنوں کے حلقوں کا دایرہ بنایا گیا ہے مگر چونکہ شامیانہ تھا یہہ خیال آیا کہ کہیں کوئی زخمی یا شہید تو نہیں مر گیا کہ اُس کے جنازہ کے ٹھاٹھ میں بھی اُس کی برادری نے اپنے پیشہ کی رعایت ملحوظ رکھی ہے۔

مگر فوراً یہہ شک رفع ہو گیا شامیانہ کے نیچے بجائے مُردہ کے تابوت کے کیا نظر آیا کہ ایک بہت بڑا لیکن نہایت بوڑھا خچر ہے اور خچر کے پیٹ کے نیچے ہندوؤں کے جنازہ کی ارتھی کی شکل بانسوں کی ایک ٹکٹکی باندھ کر اُس خچر کے پیٹ کو اُس ٹکٹکی پر دس بارہ آدمی اِدھر اُدھر سے اُٹھائے ہوئے ہیں اور خچر کی پیٹھ پر ایک بھی نہیں دو دو آدمی سوار ہیں۔ اوّل تو ایک جانور کی پیٹھ پر شاذ و نادر دو شخص سوار ہوتے ہیں اور اگر کسی ضرورت سے دو چڑھے بھی تو آگے پیچھے نہ اس طور پر کہ دونوں کا موںھ ایکدوسرے کے مقابل ہو اور ایک کا موںھ خچر کی دُم کیطرف تو دوسرے کا خچر کی گردن کیطرف جو صاحب کہ خچر کی دُم کی طرف موںھ کئے بیٹھے تھے ایک گز ڈیڑھ گز کا کاغذی مخروطی ٹوپی آپکے زیب سر تھی اور کلاہ مُبارک کی نوک پر اُلّو کو مار کر اور پیٹ چیر کر اس ترکیب کے ساتھ نصب کر دیا تھا کہ دونوں پنجے بہت خوبصورتی کے ساتھ کلاہ کے بازوؤں پر جمے ہوئے تھے دیکھنے والوں کو یہی دھوکا ہوتا تھا کہ اُلّو خود آ کر بیٹھ گیا ہے اور اُس کلاہ میں جا بجا گِدھ اور چیل کے پروں کی زینہ دار اُتار چڑھاؤ کے ساتھ بندش تھی اور وسط کلاہ میں ایک جانب کھوسٹ جسے گھگھو بھی کہتے ہیں اور اُلّو سے بالکل مشابہہ ہوتا ہے مگر قد میں چھوٹا ہوتا ہے۔ اُلّو چیل کے برابر ہوتا ہے اور کھوسٹ کبوتر کے ایک کھوسٹ کا سر گردن اور دونوں بازو پچھلا دھڑ کاٹ کر اس ترکیب سے لگایا ہوا تھا کہ دیکھنے والوں کو یہی معلوم ہو کہ یہ پرند گھونسلے میں سے سر و بازو نکال کر باہر جھانک رہا ہے اور اسکا پچھلا دھڑ ٹوپی کے پردہ میں ڈوبا ہوا ہے دوسری جانب ایک کوے کا بچہ ایسی صورت سے اور ایک جانب مری ہوئی چیل بیٹھی ہوئی تھی کیوں ناظرین کبھی کوئی کلاہ بھی اس آراستگی کے ساتھ دیکھی تھی اور جو ملبوس آپ کے زیب بر تھا وہ کلاہ سے بھی زیادہ سجا ہوا تھا۔ اوّل تو ایک دلق مرقع کی صورت بن رہا تھا کہ جسمیں دُنیا بھر کے کپڑوں کی کترنیں جوڑ کر سی ہوئی تھیں اور اُن کترنوں کو کاریگر نے ایسے عجیب و غریب انداز سے جوڑا تھا کہ صدہا جانوروں کی صورتیں پیدا کر دی تھیں لیکن جانور پرند و چرند وہ اسی قسم کے کہ نجس بھی ہوں اور منحوس بھی خیال کئے جاتے ہوں اور جو جگہہ اُن سے خالی رکھی تھی وہاں رنگین بڑی چھوٹی کوڑیاں اور بندر گتے وغیرہ جانداروں کی کھوپڑیاں ٹنکی ہوئی تھیں اور مُردے کی ناخنوں کی نلکیاں آپکے جبہ میں سینہ کے مقام بشکل × چلیپا ٹنکی ہوئی تھیں اور دامن میں موذی جانوروں کی ہڈیاں سوکھی چھپکلیاں کنکھجورے کنسلائیاں اور زندہ سانڈے اور گوہوں کو چھید کر ٹانک رکھا

تھا اور وہ سانپ اور دونوں زندہ دونوں کاندھوں سے کمر تک حمایل دار جنیؤ کے طور پر سی دئے گئے تھے اور سئے اس ترکیب سے تھے کہ پیٹ کو تو چھیدا نہیں تھا کیونکہ مرجانیکا خوف تھا۔ دُم اور پھن وغیرہ مقامات کو چھید کر ڈوروں سے جبہ کے ساتھ چسپان کر دیا تھا اور گردنیں اُنکی چھوڑ دی تھیں کہ جب اُنکو حرکت سے ٹانکوں سے تکلیف ہو تو وہ زبان نکالیں اور لٹکیں اور کلاہ میں سینگ ٹانکو باندھ کر ایسے انداز سے لٹکا دیا تھا کہ وہ خواہ مخواہ سانپوں سے ٹکرائیں اور کاندھے کے متصل پیٹ پر ایک سمت کو ایک بڑے سے نیولے کی بھی گت بنا رکھی تھی اور اُسکا مونھ بھی رکھا تھا کہ کاٹ نہ سکے لیکن سانپ کے محاذی تھا یہ تو آپکا جبہ تھا۔

کیوں ناظرین کو وہ فورسیچ فرمایئے گا اگر حضور اینجانب وہ کلاہ خلعت آپ کے لئے پارسل پر بھیجدیں تو اُسے زیب دوش بھی فرمائیے گا اور نالایق نابکار تو ناظرین با تمکین کیخدمت میں نہایت گستاخ ہو گیا ہے کہ اس تھتھو کا ملبوس منحوس کہتا ہے کہ ناظرین با تمکین پہنیں نہیں ایڈیٹر صاحب نہیں۔ میری کیا مجال جو خریداران سودہ لوح کے ساتھ ایسی بے ادبی کروں۔ یہ لباس میں نے اُن مفت بروں کے لئے تجویز کیا ہے کہ جنسے اتنا بھی نہیں ہوتا کہ اگر قیمت نہ دیں تو دلالی کر کے کوئی خریدار تیار کریں یا کوئی بڑا سا تجارتی اشتہار بھجوا دیں۔

لاحول ولاقوۃ اس دخل در معقولات سے۔

ان حضرت کے زیب پا جو کفش تھی کیا عرض کیا جاوے کہ ان مسخروں نے نہ معلوم ریچھ اور مگر مچھے کے پنجے کہاں سے پیدا کئے تھے۔ ایک پاؤں میں جو موزہ تھا کاریگر نے ریچھ کے پنجے کی کھال کھینچکر ایسی ترکیب سے سی تھی کہ بس نرا پنجہ ہی پنجہ نمایاں تھا اور اسیطرح دوسری جانب مگر مچھے کا۔

اَب آپ کے لباس کا تو حال عرض کر چکا جو بات کہ لایق دید ہو بیان کرنے والا ہزار بیان میں اُسکا نقشہ کھینچنے کی کوشش کرے مگر کیا ہوسکتا ہے لطف دید شنید میں کہاں۔ ان حضرت کی شکل و برزخ کا کیا حال عرض کروں قد و قامت سے تو یہی معلوم ہوتا تھا غیر معمولی جسامت کا انسان ہے اور اگر اس میں کسی قسم کی کاریگری کا دخل ہو تو ہزار تعریف کا وہ شخص مستحق ہے کہ جسنے صنعت کو صورت قدرتی سے ملتا وہ ستم کا لباس پہنایا تھا کہ جو کسی سے تمیز نہ ہو اور جو آپکا چہرہ تھا اُس میں بندر لنگور بھیڑیئے سؤر اور گیدڑ ان چاروں جانوروں کے چہروں کی علامات مختلف کو اس خوبصورتی کے ساتھ ملایا تھا کہ چاروں مخلوط اور چاروں علیحدہ علیحدہ نظر آتے تھے اور اُس انبوہ میں کوئی تو کہتا تھا کہ یہ عجیب الخلقت ہی قدرتی صورت ہے۔ کوئی کہتا تھا کہ کسی طرح چہرے کا سانچا کسی کاریگر سے بنوا کر جسطرح ربڑ کی مُہریں ڈھالی جاتی ہیں اسیطرح یہ چہرہ بھی ڈھلوا لیا گیا ہے۔ اور اسے مونھ کے اوپر پہن لیا ہے لیکن صدہا آدمی جھانک جھانک کر دیکھتے تھے کہ کوئی تو

ایسی علامت دیکھیں کہ جس سے یہ تصدیق ہو کہ مصنوعی موچھ پر لگا رکھا ہے لیکن کوئی ایسی بات نظر نہ آتی تھی اور ہر پھر کر اسی گمان کی تصدیق ہوتی تھی کہ چہرہ قدرتی ہے یا یہ کوئی عجیب الخلقت ہے جو صاحب کہ ان کے ہم ردیف تھے اُنکی کیفیت سُنئے۔ آپ کا سن و سال کوئی قریب اسی برس کے ہوگا اور رنگ جوانی میں ضرور گورا ہوگا مگر کبر سن کے سبب سے جل کر بھرتے کے لئے بھاڑ میں جھلسے سفید رنگ کے بینگن کا بن جاتا ہے اور چونکہ دانت گر کر کلا پچک گیا تھا اور گالوں کا گوشت گل کر گالوں کی کھال جبڑوں کے نیچے دونوں جانب لٹک گئی اور چونکہ تھا جوانی میں کوئی زبردست جوان اور کلّے کا طول بے عرض ہیں ایسا معلوم ہوتا تھا کہ کوئی گھوڑا شہ ہے اور وہ دہنے بائیں گالوں کی کھالیں تھیلیوں کی صورت دونوں جبڑوں کے نیچے لٹک رہی تھیں اور ذقن و غبغب کا گوشت بھی تھیلی ہو گیا یہ تیسری تھیلی ٹھڈی کے نیچے لٹک رہی تھی ایک تو ان میں مخروطی تھیلیوں کے ٹل جانے سے موچھ کی لمبائی بے اندازہ بڑھ گئی تھی دوسرے چہرے کے نیچے تین اُلٹے سینگوں کی شکل میں تھیلیاں اس سے شکل سخت بھیانک ہو رہی تھی اور ستم بالائے ستم یہ ہوا کہ یا تو آپ قدرتی طور چکٹ ڈھیا پیدا ہوئے تھے یا یہ کہ بڑھاپے کی وجہ سے گلّو اور سر کے تالو کے بال گر گئے تھے اور وہ جس کا نام چڑیا کی دُم صورت جو ٹھڈی پر دُم کا گچھا لگا تھا اس سے چہرہ بھی نہیں مہیب بن گیا ہو بلکہ سخت مضحک تھا اور دہانہ چونکہ فطری طور پر بالکل کشادہ تھا اور اُسپر دانتوں کے گر جانے اور کلّوں کے پچک جانے سے جو اندر کا واخرید ہو گیا تھا اور طوطے کی نوک کی طرح بہت بڑی اونچی بانسے کی ناک تھی وہ موچھ کے گٹھے کے اوپر گھسی ہوئی آنکھیں اندر کو دھنسی ہوئی اور بھوؤں کی چوڑی چوڑی اور اوپر کو اُبھری ہوئی ہڈیاں بس بجنسہ مردہ کی کھوپڑی کی شباہت پیدا تھی اور چونکہ آدمی تھا بے اندازہ دراز بالا اور بار عمر نے جو پیٹ کی طرف کاندھوں کو دبایا۔ پس پشت کوب نکل آیا اور چونکہ کم سن عورت کے ساتھ شادی کی تیاری تھی چاہتے تھے کہ سینہ تنا رہے کمر خمیدہ ہی ہو نہ سکتی تھی اُس کوشش سے آپ کی گردن میں ضرور تین جگہ سے خم آ جاتا تھا اور بعینہ اونٹ کے کوہان کی کیفیت پیدا تھی اس بیچارہ کے ساتھ بڑھاپے اور قدرت نے دل لگی کی تھی سو تھی لوگوں نے یہ ستم کیا تھا کہ اس عمدار سفید ڈاڑھی کو لکڑی رنگنے کے سبز رنگ سے لتھیڑ کر سینگ کی وضع سوت دیا اور یہ معلوم ہوتا تھا کہ ڈاڑھی نہیں ٹھڈی پر سبز رنگ کی میخ ٹھونک دی ہے اور وہ جو پچکے ہوئے کلّوں اور غبغب کی تھیلیاں لٹک رہی تھیں ایک کو کالا ایک کو گلنار سرخ اور ایک کو سفید رنگا تھا اور سر چوٹی کی جگہ بکری کی دُمیں دو مختلف رنگ کی لگا دی تھیں

اور بھیڑ کی پشم کتر کر ست رنگی رنگ کر انگل سوا انگل اونچی اور اسیقدر چوڑی گوند کی مدد سے بھوں جمائی تھیں اور توے کی سیاہی میں تیل ڈال آنکھوں کے اوپر بصورت بادام دو بیضاوی لکیریں اس شکل کی کھینچی تھیں کہ دو کمانوں کے گوشے ملا کر آڑے رکھ دی ہیں اور کانوں کو کھریا سے یا سفیدہ کاشغری کے روغن سے سفید کر دیا تھا اور باقی تمام موہنہ کو بیدانہ کے لعاب میں کچھ گلنار و کچھ اودی پڑیا ملا کر رنگا تھا جس سے شکل بیطرح بھیانک و مضحک بن گئی تھی اور گھٹنوں تک پہنچے دونوں ہاتھ کے اور پاؤں سرخ پڑیا کے رنگ میں بیدانہ کا لعاب ملا کر خوب گاڑھی رنگی ہوئی تھی گویا یہ معلوم ہوتا تھا کہ سرخ دستانے اور موزے پہنے ہوئے ہے۔ اب اس شکل و صورت پر انکا لباس ملاحظہ کیجئے جیسی بزازوں کی ہندوستان میں ٹوپی ہوا کرتی ہوتی اور ایک قسم کی بمبئی ولایت سے ٹوپی آتی ہے کہ جس کا کنارہ خوب موٹا اور رولر کی طرح گول ہوتا ہے اور چندوا پیالی کی شکل سر سے چپکا ہوا ہوتا ہے۔ بس یوں سمجھ لو کہ چندوے سے خالی گھیرا تھا اور گھوڑے کی پرانی چمڑے کی اندھیری موہنہ کے محاذی بصنف دایرہ میں لگی ہوئی تھی گویا وہ سہرہ کی قائممقام تھی اور پیشانی مبارک کے اوپر لکھنوانگا مع پرانے گھسیٹلے جوتے کی ایک پوای اس ترکیب سے لگی تھی کہ ایڑی کی طرف سے جوتے کا موہنہ باہر کی جانب کیا ہوا اور ٹیڑھی نوک اوپر کو کھڑی ہوئی اور اس نوک میں کچھ مرغ کچھ کرگس کے کچھ الو کے اور کچھ گدھ کے پر ملا کر ایک چوٹی لگی ہوئی تھی اور اس کے اوپر ایک بڑھیا کوئی پچاس روپیہ لاگت کی ٹوپی بھی سر کے تالو پر رکھی ہوئی تھی اور گلوے مبارک میں ملا ہوا چھوٹے اور بڑے بڑے موتیوں کا مالا زیب گلے تھا اور سرخ جالی کا انگرکھا اور بدلی ٹوٹ کا پائجامہ پہنے ہوئے تھے اور غارت دولہا انہی کا نام نامی تھا اور انہی کا خطاب و القاب گرامی تھا اور وہ جو دوسرے صاحب اُن کے ہم ردیف تھے دریافت کرنے سے معلوم ہوا کہ آپ حضرت دولہا میاں کے چچا جان ہیں اور غارت دولہا بغرض سعادتمندی سے ہمیشہ انکو چچا منحوس الدولہ کے نام و لقب سے یاد فرمایا کرتے ہیں اور وہ اپنے سعادتمند بھتیجے کو گھوڑے پر سوار کر کے بیاہنے جاتے ہیں اور شفقت پدری سے چچا جان خود بنفس نفیس خرجی میں بیٹھے ہیں۔

منحوس الدولہ کے ہاتھ میں جو چنور تھا اس کا دستہ بیل کے سینگ کا تھا شاید قصابوں نے پھینک دیا اور کیل گھر کے پچھواڑے سے اٹھا لائے ہوں اس میں گدھے کی دم نصب تھی اور اس دم کے اردگرد دو چار طاؤس کے پر باقی سب ناپاک و منحوس جانوروں کے پر و بال لگے ہوئے تھے یہ چنور غارت دولہا کے سر پر جھلا جاتا تھا۔

ایک جم غفیر اس برات کے ہمراہ تھا اور یہی براتی اور یہی تماشائی تھے ایک زنخا بھی ناچتا جاتا تھا اور جس وقت چچا جان نے جو بھتیجے کو قواعد خانہ داری تعلیم کئے اس قابل ہیں کہ آب زر سے لکھے جائیں اور گو بظاہر جو بات تھی مذاق تھی لیکن پیرانہ سالی میں جن کو شادی بیاہ کی ہوس ہوتی ہے اور جورو کے ہاتھ سے جو ذلتیں نصیب ہوتی ہیں گویا ہر فقرہ بجائے خود اُن ذلتوں اور شوہر کی دلی کوفتوں کا لب لباب تھا

بھیڑ کی یہ کیفیت تھی کہ اس انبوہ میں انسان تو کیا ہوا کا گذر نہ تھا اور اس سڑک پر جاوے کے مقام سے آدھ آدھ میل تک آگے پیچھے اژدحام کی یہ کثرت تھی کہ اگر تھالی پھینکو تو زمین پر نہ گرے آدمیوں ہی کے سروں پر تا چنی چلی جائے اور یہی کیفیت بازار میں دونوں طرف مکانات و بالاخانوں اور کوٹھوں کی تھی کوٹھے تو کوٹھے جب تماشائیوں کو کہیں جگہ نہ ملی تو سفالہ پوش مکانات پر چڑھ گئے اور مطلق یہ خیال نہ تھا کہ کھپریل کا نقصان ہوگا یا ہم نیچے گر کر اپنے ہاتھ پاؤں توڑیں گے اور شدت ہجوم سے جلوس کا چلنا محال تھا قدم قدم پر رک جاتا تھا اور چچا منحوس الدولہ اپنے بھتیجے غارت دولہا خون حرام جان کے درمیان مندرجہ ذیل جواب و سوال ہوتا تھا۔

غارت دولہا - اوں اوں ہا ایں ایں ہُٹش ہُٹش (کچھ بزور اور کچھ بہ آہستگی رونے کی آواز۔

چچا منحوس الدولہ - بھتیجے کیوں روتے ہو؟

غارت دولہا - چچا جان ابھی میری عمر ہی کیا تھی صرف ستر پر پانچ پچھتر برس کی دودھ کے دانت ٹوٹے نہیں اور نئے دانت نکلے نہیں آپ کو شک ہو تو دیکھئے - میاں دولہا نے جھٹ پھاڑ سا موہنہ کھول دیا اور دونوں ہاتھوں سے لب بالائی و زیریں کو کھول کر چار طرف دانتوں سے خالی مسوڑھے کھول کر خچر کو چار طرف پھیر کر اپنا دہانا تماشائیوں کو دکھا کر یہ کہا کہ لوگو کسی کو رت اندھی آتی ہے چچا جان کی چونکہ دن آندھی آتی ہے انکو نظر نہیں آتا ورنہ آپ لوگ تصدیق کر دیں کہ میرے منہ میں کوئی دانت ابھی تک نکلا ہے۔

تماشائی - یکزبان ہو کر کوئی نہیں حضرت بالکل ننھے ہیں۔

منحوس الدولہ - اے ناخلف یہ کیا رت اندھی یہ تو تو نے ٹھیک کہا یہ کیا کہا کہ چچا جان کے دن اندھی آتی ہے - بازی بازی با ریش بابا ہم بازی اب چچی کا عیب نابینائی بھی نہ چھپایا گیا۔

غارت دولہا - یہ ظاہر ہو گیا تو بلا سے کہ چچی اندھی ہیں مگر صحت لفظی کتنی بڑی ہو گئی رت مخفف رات اندھی غلط اندھی معنے کور شب کور مگر چونکہ وہ غلط العام تھا لیکن محاورہ میں کسی کا چارہ نہیں غلط العام فصیح ولیکن دن اندھی میرا خانہ ساز فقرہ تھا میں اس میں کیوں غلطی کرتا۔

منحوس الدولہ - او ناسعادتمند تو تو ابھی بے دانت کا بچہ بنا جاتا تھا یہ لغت دانی کہاں سے سیکھی۔

غارت دولہا - مجھے علم لدنی ہے۔

منحوس الدولہ - اے نادر لخبطا کفر نہ بک تو لغت دان کہاں سے بن گیا۔

غارت دولہا - یہ بھی میرا ہی معجزہ ہے کہ اس ننھی سی عمر پر تم مجھے بیاہنے چلے ہو۔ اوں اوں ایں ایں ہُٹش ہُٹش (ڈوبی رونے کی آواز)۔

منحوس الدولہ - بیٹے یہ خوشی کے موقعہ پر کیوں روتے ہو۔

غارت دولہا - اوں اوں - آں آں - آپ اس ذرہ سی عمر میں میری گردن پر جو بار عیالداری

لادتے جاتے ہیں کیوں؟

منحوس الدولہ - برخوردار حیات مستعار کا کچھ اعتبار نہیں تمہارے باپ غریق لعنت کی یہ آرزو نہ بر آئی کہ تمہارا سہرا دیکھنا نصیب ہو لیکن ایسا نہ ہو کہ میں بھی موت کا ٹٹو ادباؤں چونکہ کلمہ نحس اپنی نسبت کہنا مناسب نہیں میں نے یہ نہیں کہا کہ کہیں موت میرا ٹٹو ادبائے۔ غرض خواہ میں موت کا خواہ موت میرا ٹٹو ادبائے قبل اس کے کہ مروں یہ تمنا بر آئے کہ بھتیجے کا سہرا دیکھوں اور تمہارے باپ میرے بھائی مغفور و دوزخ نصیب نے جو وصیت کی تھی اُس کے بار سے ادا ہوں۔

غارت دولھا - آپ بارِ وصیت سے ہلکے ہوتے ہیں بارِ عیالداری مجھ پر لادتے ہیں۔

منحوس الدولہ - سہارا میں دونگا۔

غارت دولھا - کس کس وقت کس کس موقع پر۔

تماشائیوں نے ایک قہقہہ لگایا۔

منحوس الدولہ - سخت ناخلف ہو بزرگوں سے بھی نہیں چوکتے اور باراتیوں کی طرف متوجہ ہو کر کہا حضرات نے دیکھا بچہ کیا طبیعت دار ہے۔ طرارا چچا نے جو بھتیجے کو چپت رسید کی یہ اس کا تڑاخا ہوا۔ اُدھر بھتیجا جو چچا پر چپت کر آیا یہ اُس کا بھڑاکا تھا)۔

منحوس الدولہ نے اہل بارات کی طرف متوجہ ہو کر کہا کہ حضرات نے دیکھا بچہ کے زور بازو کو کیا چپت پڑتی ہے ماشاءاللہ ہونہار ہے اور اس جملہ پر تماشائیوں نے پھر ایک فرمائشی قہقہہ لگایا۔

اور غارت دولھا کی طرف متوجہ ہو کر فرمایا کہ بیٹا گھبراؤ نہیں۔ ہر موقع پر گھبراؤ نہیں اور چند گر بتلاتا ہوں اگر انکو اپنا دستور العمل زندگانی بناؤ گے یہ نوبت ہی نہ آئے گی کہ مجھی کو مدد دینے کی ضرورت پڑے مددگاروں کے پڑے کے پڑے خود بخود موجود رہیں گے۔

غارت دولھا - ارشاد۔

منحوس الدولہ - یہ مثل تم نے سنی گربہ کشتن روزِ اول۔

دھڑ چپت کا تڑاخا۔ آپ نے بھتیجے کو چپت لگائی۔

غارت دولھا - حضرت سُنی تو ہے لیکن آپ تو اس زور سے چپت لگاتے ہیں کہ یہ اندیشہ ہے کہ نتھنوں کی راہ سے مغز نکل جائے اور مغز کے ساتھ آپ کی نصیحتیں بھی نکل جائیں۔

منحوس الدولہ - بیٹے گھبراؤ نہیں ٹھوک ٹھوک کر مغز میں بھرتا ہوں کہ نکلنے نہ پائیں اور دوسرا یہ مقصد ہے کہ بھتیج بہو کی چپتگاہ ٹھوک پیٹ کر درست کرتا ہوں۔ اس میں دوہرے فائدے ہیں۔ ایک تو یہ کہ چپتیں کھاتے کھاتے تمہارے سر کو چپت سے زیادہ سخت پاپوش کاری کی مشق ہو جائے دوسرے یہ کہ جو تمہارے تالو پر تھوڑے سے بال باقی رہ گئے ہیں ان کے سبب سے چپت کا جیسا چاہیے تڑاخا نہیں ہوتا۔ اور جو تمہاری بیوی نے آ کر پاپوش بازی کی اور اچھی طرح آواز نہ ہوئی تو اس کو شبہہ ہے کہ تمکو چوٹ نہیں لگی بجائے پاپوش کے سِل بٹے سے تمہاری خبر لے اور جان کی نوبت آ

ابھی سے تمہاری حجامت کرکے سر کو صاف چٹ بنائے دیتا ہوں کہ ہلکا سا ہاتھ بھی پڑ جائے۔ تو وہ بھڑاکا ہو کہ بیوی صاحب کو چپت کارگر ہونے کا اطمینان ہو۔ اور دیکھو یہ دخل در معقولات اچھا نہیں تم کیسے بودے ہو ذرہ سی چپت کے صدمہ کے لئے بات کا مزہ کھوئے دیتے ہو جو نصیحت کہ مار سے خالی کیجاتی ہے وہ بھولجاتی ہے اور جو مار کے ساتھ ہوتی ہے چونکہ چوٹ کے معاوضہ میں حاصل ہوتی ہے کبھی فراموش نہیں ہوتی۔ اور مجھ سے بہادر کا بھتیجا اور چوٹ مردانہ وار سہنے میں ایسا کچا اور خدا جنت نصیب کرے تمہارے والد مغفور کو کہ ایک ایک بیٹھک جلسہ میں گن کر دو دو سو چپتیں اور پانچ پانچ سو جوتے پڑ گئے لیکن مجال نہ تھی کہ اس بہادر کے تیور بل آئے۔ اسی خندہ پیشانی سے سوال جواب کئے جاتا تھا ایک نالایق تم ہو کہ دو چپتوں ہی میں بولدئے۔ وہ بیٹا کیا جس میں باپ کا اثر نہ ہو مثل مشہور ہے۔ تخم تاثیر صحبت کا اثر۔ ذرہ لوگ تو دیکھیں کہ تمنے کھوپری کی مضبوطی کہانتک ترکہ پدری میں پائی ہے

غارت دولہا۔ بہت خوب چچا جان ایسی خطا پھر کبھی نہ ہوگی لیکن میں نے اماں جان زندہ در گور سے یہ بھی تو سنا تھا کہ والد طول عمرہ مرحوم کی ہتھیلیاں کھوپری سے کچھ کم مضبوط نہ تھیں جسطرح کھوپری چپتیں کھانے میں ایک پتھر کیطرح بالکل بے حس ہو رہی تھی۔ ہاتھ بھی فولادی تھے۔ جہاں مجھے ترکہ پدری میں چپتیں کھانے کے لئے فولادی کھوپری ملی ہے وہاں دھولیں لگانے کے لئے سنگ ہے ازدھاتی ہاتھ بھی عطا ہوئے ہیں دونوں کا نمونہ دکھاؤنگا۔

منحوس الدولہ۔ (دل میں یہ سنکر گھبرائے کہ ہے دیوانہ مگر بکار خود ہوشیار کہتا ہے۔ بچے کی اپنی کھوپری کی بھی خبر نہیں۔ لیکن اسے اس خیال سے ٹالنے کے لئے) بھئی تم نے پھر دخل در معقولات کیا۔ میں ابھی دستکش تمہاری بیوی کا بار تمہیں پر ڈالدونگا۔

غارت دولہا۔ کیا آپکا یہ بھی ارادہ تھا کہ بیوی کا بار آپ اُٹھاویں۔

منحوس الدولہ۔ تم تو بات بات میں پے نکالتے ہو۔ ایک میں ہی وہ بار بٹاتا جب بھی خیر تھی۔ اور کتنے تمہاری بیوی کا بار اُٹھانے میں تمہارا ہاتھ بٹائیں گے۔ میں تو یہ کہتا تھا کہ اگر ایسا ہی دخل در معقولات کروگے تو وہ دستور العمل عیالداری نہ بتلاؤنگا۔

غارت دولہا۔ چچا جان آپ وہ دستور بتائیں اور بتلائیں! اور نہیں بتلاتے تو بھتیجہ کو آپ ہی لے جائیے بندہ ابھی اس بار سے دست بردار ہوتا ہے۔ اور میری توبہ جو میں آگے دخل دوں۔

منحوس الدولہ۔ میں کیا کہتا تھا۔

غارت دولہا۔ گربہ کشتن روز اول۔

منحوس الدولہ۔ شاباش خوب یاد رکھتے ہو دیکھی بھتیجے چپت کی تاثیر کہ جو بات ایکدفعہ دماغ میں ٹھوک کر بھری تھی دیکھو کیسی وقت پر نکلوائی۔ میں وہ دستور العمل بیان کرتا ہوں۔

۱- جیسے ہی صبح کو اُٹھو جھک کر بیوی کے قدمبوس ہونا اور بکمال ادب فرشی سلام کرنا اور یہ کہنا بی صاحبزادی بیگم اماں اور جب کہنا یہی بات کہنا۔

غارت دولھا۔ وہ جو رات بھر قدمبوسی کی وہ کافی نہ تھی جو علی الصباح پھر اسی کی ضرورت ہو۔

منحوس الدولہ۔ بیٹا رونا تو اسی کا ہے کہ رات کو تم سے قدمبوسی ہو ہی نہ سکیگی۔ فعلی قدمبوسی کا عوض قولی قدمبوسی ہی سہی کسی طرح تو اُس کا جی ٹھنڈا ہو اور کیوں بیٹے تم نے پھر دخل دیا۔ جو پوچھنے کی بات تھی وہ نہ پوچھی کہ بیوی بھی کہا صاحبزادی بھی کہا طولعمرہ بھی کہا جو چھوٹوں اور فرزندوں کو دعا دیا کرتے ہیں یہ تین متضاد خطاب کیسے۔ نالایق کودن گاودی لے سُن اس میں کیا حکمت ہے۔ بیوی تو بیوی وہ ہے۔ صاحبزادی یہ کلمہ دعائیہ ہے کہ ہمیشہ دعا میں استقبال و حال کو ماضی محقق الوقوع کے ساتھ تعبیر کیا کرتے ہیں یہ بشارت اولاد ہے۔

غارت دولھا۔ صاحب زادہ کیوں نہ کہا بیٹی سے بیٹا اچھا۔

منحوس الدولہ۔ او بیوقوف تو نے نہیں سُنا **اَلجِنسُ اِلیَ الجِنسِ یَمِیلُ**۔ جب بیوی عورت زاد ہے تو جب تک بیٹا نہ ہو اُس وقت تک بجائے بیٹے کے بیٹی کے نام سے اُسے زیادہ تر تسکین قلب حاصل ہوگی اور جب تک اولاد ہو خود اسکی ماں ہی کو اولاد کے نام سے پکار لیا اور جب یہ ایک دفعہ مسلّم ہو گیا کہ بیوی کو اولاد کے نام سے پکار لیا تو اولاد کے نام کے ساتھ کلمہ دعائیہ طولعمرہ کہنا لازم آیا۔ اب سُنا تو نے **فِعلُ الحَکِیمِ لَا یَخلُو عَنِ الحِکمَۃِ** فعل حکیم کا کام کبھی خالی از حکمت نہیں ہوتا۔ (دھڑ دو ہی چپت کی آواز)

قہقہہ! قہقہہ! اخاخا! تماشائیوں نے اس جملہ پر وہ فرمایشی قہقہہ مارا کہ سارا بازار گونج گیا۔

غارت دولھا۔ آپ تفتیش اتنی کرتے ہیں کہ سارا مطلب خبط ہو جاتا ہے۔

منحوس الدولہ۔ مرحبا جان عمو مرحبا بزرگوں کی نصیحت ایسی توجہ اور بے صبری کے ساتھ سُننی لازم ہیں۔ لو سنو دوسرا اصول مگر دخل نہ دینا۔

۲- جو تم نے کمائی کر کے جورو کو کھلایا کیونکہ اس چھہتر برس کی ننھی منی سی عمر میں شادی بھی کرنا اور جورو کو کمائی بھی کھلانا ڈبل احمق بننا ہے۔ جورو کو تو یوں ضایع کیا کہ ایسی صغر سنی میں شادی کی اور کمائی یوں ضایع کریں کہ خود مشقت کر کے چار پیسے کمائیں اور جورو کے ہاتھ سے دوسروں کو کھلوائیں۔ اگر تم نے جورو کی کمائی کھائی جب تو ہم تمہارے چچا اور تم ہمارے بھتیجے۔ تمہارے باپ اپنے باپ تمہارے دادا کی سُنّت پر چلتے تھے کہ تمہاری اماں مرحومہ نور چشمی مدعمرہ سر شام گھر سے سیر کو تشریف لیجاتی تھیں اور وہ جنّتی کیا لایق تھی کہ گھر سے جاتی تھی خالی ہاتھ اور کبھی خالی ہاتھ

واپس نہ آئی۔ اگر آدھی رات کو بھی لوٹی تو روپیہ دو دو روپیہ کی چونیاں اٹھنیاں مٹھائی کی مالد دونے پوری کی ٹوکریاں۔ بالائی کے پیالے ہر فصل کے پھول کے گہنے ہار عطر وغیرہ کھانے پینے پہننے کی دس چیزیں ہمراہ لاتی تھی اور اگر کبھی ایسا اتفاق ہوا کہ تمام شب باہر سیر کی تو صبح کو لامحالہ پانچ پانچ دس دس روپیہ اور کپڑوں کے تھان اور قیمتی زیور ساتھ ہوتے اور تمہارے باپ مرحوم نے مدت العمر کبھی اپنے ہاتھ سے گھڑے سے پانی بھی نہ اونڈیلا۔ بھابی جان کی بدولت گھر میں ایک امیر کے دربار کی سی کیفیت رہتی تھی ہر عمر اور ہر درجہ کے انسان کا جمگھٹا رہتا تھا اللہ اللہ کیا خلق تھا کہ عورتیں تو عورتیں مرد اُن کے دیوانے تھے۔ اور نہ ایک اس وقت کے نکھٹو اور نالائق مرد کہ آپ مریں سر کا پسینہ جب تک پاؤں تک نہ آئے چار پیسے نہ ملیں اور اس محنت شاقہ سے پیدا کئے ہوئے پیسے کو وہ جو اژدہا سے خونخوار آدمی صورت جنگلی آباد گھروں کی زندہ چڑیلیں بیوی نام خصم کام اجڈین مجسم قہر الٰہی سر پر مسلط ہیں لائے اور سعادتمند نے اُن کے ہاتھ پر رکھ دیا اور وہ مالک مختار ہیں جو چاہیں سو کریں پرائے مال پر دیدے لال اگر نکاڑنے کہیں کسی شوق ذاتی میں دو چار پیسے کھو دئے بیوی ہیں کہ بلا کی طرح چپٹ گئیں بیچارے کی پیچھا چھڑائے نہیں چھوٹتا۔ یہ پرانے زمانہ کی وحشت ایسے بیجا دستور اس نئی روشنی کے زمانہ میں مردانِ وقت نہیں دانایان فرنگ کو دیکھو کہ جن کی جوروان کیسی کارگن اور مستعد ہیں جب تجربہ سے دیکھ لیا کہ یہ نام سراپا سیم اندام لعبت نزاکت تمثال عجب مجسم پری نژاد انگریزنیں کیا عورت نہیں اور دنیا میں مردوں کے کرنے کا وہ کونسا نرم و سخت کام ہے جو یہ نہیں کرتیں گھوڑے یہ دوڑائیں۔ علمی امتحانوں میں مردوں کو مات دیں تو ان ہندوستانی عورتوں میں ایسے کیا سرخاب کے پر لگے ہیں کہ ہم مرد بیچارے جان کھپائیں اور ان کو بیٹھے بٹھائے کھلائیں۔ مردوں کے لئے یہ توالد و تناسل سے متعلق خدمت کیا کم دشوار فرض ہے۔ کہ باقی امور خانہ داری اور ترددات معیشت کا بوجھ بھی ہمارے ہی سر ہے۔ سیاست مدن میں تقسیم محنت کے بیان میں تو دیکھو یہ عورتیں کوئی کام نہ کریں صاحب کیوں نہ کریں جیسے تمہارے باپ تمہارے دادا کی سنت پر چلے تھے تم اپنے باپ کی سنت پر چلنا۔ کہ اور ایک وقت وہ آئے گا کہ قوم میں نیکنامی اچھی تمہارا حصہ ہوگی ان عورتوں کے پنجہ عذاب سے مردوں کو آزاد کرنا تمہارے کارنامہ زندگانی میں ایک خاص چمکتا ستارہ ہوگا۔

قطرہ۔ دہی چپت کی آواز۔

۳۳۔ جو شخص نہ تمہارے نام سے دروازہ پر آکر آواز دے اور تم دیکھو کہ وہ تمہارا قرضدار نہیں زنہار جو کبھی بیوی سے یہ سوال کیا کہ ایک

اجنبی شخص نے تمہارے دروازہ پر کیوں آواز دی اس میں تمہاری کتنی بڑی ناموری ہے۔ کہ تمہارے گھر پر ہتیں وہ لوگ آواز دیں کہ جو تمہارے دیدہ ہیں نہ شنیدہ۔ زیادہ تفحص سے دل کو پریشان نہ کرنا۔

غارت دولہا۔ کیوں حضرت! بہت سے لوگوں کا قاعدہ ہوتا ہے کہ مرد کے نام سے دروازہ پر آواز دیتے ہیں اور ہوتا ہے کام بیوی سے۔ یہ کیوں نہ دریافت کرے۔ کہ وہ آواز دینے والا کون ہے اور گھر پر آواز دینے سے کیا غرض تھی۔

منحوس الدولہ۔ آپ بھی نرے پیر نابالغ ہیں۔ او نادان جس کا نام فلسفی اور نیک خیلی ہے اس کا مقتضی یہی ہے کہ زندگانی میں خواہ کیسی ہی تلخ و درشت بات پیش آئے اُسے خواہ مخواہ اچھے معنوں پر محمول کرے اور زندگانی بہ آرام بسر کرنے کا یہ بہت بڑا گر ہے اور جو شخص کہ ہر بات میں بُرے پہلو کو پہلے دیکھتا ہے ہمیشہ اُس کی زندگانی بہ تکلیف گذرتی ہے۔ اب اسی معاملہ کو لو کہ تمہارے نام سے کسی شخص نے تمکو پکارا اور در حقیقت اس نے اسی غرض سے پکارا کہ اگر تم گھر پر نہ ہو تو تمہاری بیوی سے جس کام کے لئے آیا ہے اُسے طے کرے اور اگر تو تم سے دو چار اِدھر اُدھر کے بہانے کر کے چلدے۔ اور تم کو یہ عادت ہے کہ ہر بات میں پہلے جانب نیکی کو دیکھو تم نے دل کو یہ تشفی دی کہ دنیا میں خلقت لوگوں سے ملاقات ہے کبھی کبھی انسے ہم اجنبی تھے اور ملاقات پیدا ہونے کی ہزار صورتیں ہوتی ہیں تم تمہارا دل کسقدر صدمہ و رنج سے بچگیا اور اگر تم بد ظن ہو تو تمکو مفت کا ایک خلجان پیدا ہوا اور تمہاری بیوی کریں گی وہی جو اُنکے مزاج میں آویگا۔

۴۔ اگر کوئی اہل معاملہ مثلاً قرضخواہ یا قیدا تمہارے دروازہ پر تقاضے کو آئے اور خود تمہاری بیوی تم سے فرمایش نہ کرے تو خبردار تم اس گفتگو کے لئے پیش قدمی نہ کرنا۔ تم سے زیادہ عمدہ و سلاست کے ساتھ تمہاری بیوی وہ معاملہ طے کرے گی جو اُسے تمہاری بیوی کی مروّت ہوگی وہ تمہاری نہ ہوگی۔ چونکہ تم حُجتی ہو پوچھوگے کیوں میں کہونگا کہ ان عورتوں کے پاس نقش لبت ہے۔ تم پوچھوگے کہاں۔ میں جو اسکا جواب ہے گو وہ نہ دیکھوں وہ نقش لبت کی جگہہ نہ بتلا سکوں لیکن یہ ضرور کہونگا مجسم نقش لبت ہیں۔

۵۔ قصائی میوہ فروش ٹھٹھیرا۔ بزاز۔ حلوائی۔ بساطی۔ گندی وغیرہ جتنے پھیری سودا بیچنے والے آئیں کہ اگر خود ہی بیوی صاحب کی فرمایش نہ ہو تو زنہار جو تم نے خود سودا لیا یاد رکھنا کہ گھٹی میں رہوگے اور جو وہ لیں گی کم از کم دو چند کی کفایت ہوا اور یہ بھی عجب نہیں کہ سودا بلا قیمت ملجائے اور ساتھ ہی سودے والا بے تنخواہ نوکروں کے زمرہ میں داخل ہو جائے اور کام کاج کو ایک مفت کا آدمی ملے۔ تم پوچھوگے کیوں میں کہونگا یوں کہ عورتیں خود ایک

دکشنی ہندسی ہیں۔ دیبی لچھمی یا دولت کے نام کی پھروپے ہیں اور نظامی گنجوی کا یہ مشہور مصرعہ ہے کہ زر ہمی گشت در جہاں گنج گنج کا یاد رہے۔

۶ - اگر کوئی تمہارے دروازے پر آواز دے اور اُس کی آواز سُنتے ہی تمہاری بیوی بول اٹھیں کہ اوہ ہو یہ بھیا ہیں یا وہ ہیں چچا جان ہیں۔ ماموں ہیں۔ خالو ہیں۔ پھوپھا ہیں یہ ہیں وہ ہیں۔ اگر چاہتے ہو کہ بیوی تمہارے حق میں برکت و موجب خانہ آبادی بنیں اور برکت سے تمہارے حق میں لعنت الٰہی نہ بن جائیں اور خانہ آبادی سے وہ باعث خانہ ویرانی نہ بنیں تو میری اس نصیحت کو یاد رکھنا کہ ایسے معاملات میں بیوی کے قول کو وحی آسمانی جاننا تا بہ آنکہ صریحاً تمکو معلوم ہو کہ نزدیک کے چھوٹا موٹا رشتہ تک نہیں لیکن تم یہی جاننا کہ صلہ رحم ہے اگر واسطہ رحم نہیں تو اُسے تمہاری بیوی نے کبھی گھر پر رشتہ دار کے نام سے بلایا یاد رہے کہ ایسے معاملات مین بیوی کی آنکھ دیکھنا اپنی بند رکھنا بیوی کے کان سے سُننا اور بیوی کی زبان سے بولنا اگر تم اعتراض کرو کہ یہ کیوں دیکھو دانایان فرنگ کو اُن کی اصطلاح میں جورو کو better half یعنی عمدہ نصف حصہ جسم کہتے ہین سنسکرت و بھاشا کی قدیم کتابوں میں نام ہے ادھ انگی یعنی نیم بدن اور شرعاً بھی یہ بات ثابت ہے کہ ازدواج سے دونوں کا جسم و جان ایک ہو جاتا ہے۔ اور اگر تمنے زیادہ پوچھ گچھ کی تو مثل مشہور ہے جتنا چھانو اُتنی ہی کرکری نکلتی ہے

غارت دولہا جب سارے کام بیوی کے اعضا سے کئے گئے دیکھے اُس کی آنکھ سے سُنے کہے اُس کی کان و زبان سے تو یہ بھی کیوں نہیں کہتے کہ کھائے پیئے بھی اُس کے مونھ سے جب پیشاب پاخانہ پھرنا ہو تو کہا کرے کہ بیوی میرے بدلے تمھیں پاخانہ پھر آنا تم ہی میرے بدلے پیشاب کر آنا۔

منحوس الدولہ کیوں بھتیجے وہی دخل در معقولات دھڑ چپت رسید کی)

۷ - اگر کبھی تمہاری بیوی نے تمہارے روبرو کوئی ایسا کھانا رکھ دیا کہ جس کے پکوانے کی تم کو مقدرت نہ تھی یا تم نے جس کا سامان لا کر نہیں دیا یا یہ کہ تمہارے علم و یقین میں جو نہیں لایا گیا یا از قسم حلوا سوہن یا نیمبرشتی دمیدہ وغیرہ بچوں کو کھاتے دیکھنا خبردار زبان بند رکھنا جہاں تم نے اتنا پوچھا کہ یہ کہاں سے آیا تمہارا ہی نقصان ہوگا۔ تم محروم رہوگے اور وہ تو جھینکنگی ہی۔ علیٰ ہذا القیاس اگر بیوی کو کوئی عمدہ اور بڑھیا کپڑہ یا زیور پہنے دیکھنا اوّل تو عقلمندی اس میں ہے کہ آثار بشاشت چہرہ پر ظاہر کرنا اور دو کلمات تعریف کہہ دینا کہ واہ بیوی کیا گرہست ہو کہ بہت تھوڑی آمدنی میں انتظام خانہ داری بھی اُجلا رکھا اور چار چیزیں بھی بنائیں اور اگر دیکھو کہ اتنا حوصلہ نہیں کہو کہ ایک خیال ترش کو خوبصورتی کے ساتھ چھپا جاؤ تو خبردار خبردار کوئی کلمہ تحقیق و دریافت جو منہ سے نکلنے پایا

اگر اچھا نہ زبان پر آنے کو ہو تو زبان دانتوں کے نیچے داب لینا۔ اگر اس نصیحت پر عمل کرو گے تو اس میں دو فایدے ہوں گے ایک تو تمہاری اہلیہ تم سے نہایت رضامند ہونگی اور دوسری عورتوں کے سامنے تمہاری تعریفیں ہونگی تم کو کہیں گی کیا میاں آدمی ہے بھولا بتلائیں گی۔ دوسرے یہہ کہ اُس کے دل سے جو غدغہ جاتا ہے گا سرمایہ کو پوشیدہ نہ کرینگی۔ اگر کبھی تم سے بگاڑ ہوا اور تم عقلمند ہوئے تو بیوی کے جاتے جاتے جلی قدر حیثیت تمکو اچھا خاصہ سرمایہ دوسرے کا کمایا دوسرے کا جمع کیا ہوا مُفت میں ملجائے گا اور تیسرا یہ فایدہ کہ جب تک وہ نیک بخت تمہارے گھر میں رہینگی آراستہ و پیراستہ رہینگی محلہ میں تمہاری حرمت و وقعت بڑھیگی۔

۸۔ جب کبھی تمہاری کسی نئے شخص کے ساتھ ملاقات ہو اور وہ ہو بھی حسین و جوان و شوقین اور تم اُسے اپنے گھر پر لاؤ یا وہ خود تمہارے گھر آئے تو پہلے روز تو اُسے گھر سے بہت دور بٹھانا اور پردہ کا نہایت سختی کے ساتھ اہتمام کرنا یہ اس غرض سے کہ جتنا تم پردہ کا زیادہ انتظام کرو گے اُتنا ہی اس مہمان کے دل میں یہ خیال پیدا ہوگا کہ ضرور کوئی جواہر ہے کہ جس کے چھپانے کا اتنا خیال ہے اور اس سے اشتیاق بڑھے گا۔ اور جس وقت کہ تمہارے گھر کے لوگوں سے سلسلہ آمد و رفت جاری ہوگا تو پہلے پردہ کی عظمت سے اُس کے دل میں قدر بڑھے گی۔ لیکن ساتھ ہی یہ بھی کرنا کہ اس مہمان سے یہہ کہہ دینا کہ بیگم صاحب آپ کو سلام دیتی ہیں اور مزاج پوچھتی ہیں اور دوسری مرتبہ جو وہ شخص آئے ایسی جگہ بٹھانا کہ بیگم صاحب اصالتاً اُس مہمان سے صاحب سلامت کرلیں بلکہ پان بھی اپنے ہی دست مبارک سے دیں۔ بھتیجے اگر تم نے میری اس نصیحت پر عمل کیا تو یاد رکھنا کہ محلہ میں جہاں تم رہتے ہو تمہارا پلہ بھاری ہوگا تمہارے دس طرفدار جہاں جاؤ گے پیدا ہو جائیں گے اور کارو بیکاری دونوں میں بفراغت بسر ہوگی۔ اور اگر کہیں آپنے بے حوصلگی کو دخل دیا تو یاد رہے کہ جتنے آپ کی بیوی کے حامی و مددگار ہوں گے اُتنے ہی آپ کے دشمن اور آپ کی کمائی میں برکت ہوگی اور عجب نہیں کہ آپ کی بیوی کو کوئی ایسا مرض لاحق ہو جائے کہ جسکی علامتیں ظاہر نہ ہوں اور ہمیشہ آپ کو بیوی کے دوا درمن میں حیران ہونا پڑے اور حکیم و ڈاکٹر بلانے پڑیں اور آپ کی بیوی دل میں ہنسیں کہ ہر طرح سے بڑا پردہ کیا تھا مگر میں نے بھی وہ مجبور کیا کہ اپنے پاؤں حکیموں کو بلا کر لایا اور غیر مردوں کے ہاتھ میں میرا ہاتھ دیا۔

۹۔ جس جگہہ تمہارا گھر ہو اور اُس محلہ کے نوخیز جوانوں ہمسایوں کے ساتھ تمہاری بیوی بھائی خالو چچا نانا ماموں دیور جیٹھ وغیرہ رشتے پیدا کریں یا وہ لوگ خود پیش دستی کریں تو تم اس میں زیادہ غیرت داری و نفاست کو دخل نہ دینا بلکہ دل کو یوں تشفی دینا کہ تمہاری اہلیہ بڑی عصمت مآب ہے کہ ہر شخص کو مثل باپ

بھائی وغیرہ ایسے رشتہ داروں کے سمجھتی ہے کہ جن کے ساتھ شرعاً نکاح حرام ہے اور جن سے پردہ غیر ضروری ہے اور بقول عورتوں کے زبان تمام جسم میں حلال ہے اور باقی سب جسم حرام ایسی زبان سے بیٹا بیٹی ہو جاتے ہیں جیسے زبان سے بھائی کہہ لیا وہ بھائی جسے باپ کہہ لیا وہ باپ گو بیچاریاں یہ جانتی ہی نہیں کہ جس مذہب کی پیرو ہیں اس میں منہ بولا رشتہ تو درکنار لے پالک بیٹی بیٹے وغیرہ رشتوں کی کوئی اصل نہیں اور حضرات بزرگان دین نے خود جبکی نظیر قایم کی ہے مرد اور غیر مرد وعیاش کب ایسے باپ بھائی کہہ دینے سے پروا کرتے ہیں لیکن شوہر اس بات سے اپنے دل کو کسقدر تسلی دے سکتا ہے کہ اول تو کیا اس مرد و عورت کو زبان کا اتنا پاس بھی نہ ہوگا کہ جسے باپ بھائی بہن ماں کہا اسی کے ساتھ بدنگاہی کریں گے اور اگر ایسا ہوا بھی تو جب بھی میرا اسقدر رعب تو ہے کہ جس زن و مرد کے ساتھ رشتہ آلودگی پیدا ہو گیا عورت تو اسے باپ بھائی اور وہ مرد عورت کو بہن اور ماں وغیرہ کہتا ہے انکا دل خود انکو ہر وقت اس گناہ کی سزا دیتا رہتا ہوگا ماسوا اہل محلہ اور خویش اقارب کی علانیہ طعن تشنیع سے زبان بند رہتی ہے اور جو عاقل ہیں وہ اپنے محکوم کو یہانتک نہیں دباتے کہ بغاوت پر آمادہ ہو جائے اور بہت سی باتوں سے دیدہ دانستہ اغماز کر جاتے ہیں کہ کھلی بغاوت پر نہ مستعد ہو جائے تو اس وقت وہ جو ذرہ سا لحاظ باقی تھا وہ بھی گیا۔ بھتیجے جس شخص کو تمہاری عورت باپ بھائی وغیرہ کو ہی رشتہ داری کا خطاب دے اور وہ مرد بھی اس کے جواب میں اسے بہن بیٹی بھانجی بھتیجی بھاوج وغیرہ بنائے تم اس پر کفایت کرنا اور ان کے حالات میں زیادہ تحقیق و تدقیق کو دخل نہ دینا اگر اس اصول پر چلوگے تو آباد رہوگے۔

۱۰- بھتیجے جب تمہاری بیوی کہیں کہ حضرت عباس کی درگاہ یا حضرت شاہ مینا کے سلام کو جاؤنگی یا یہ کہ مسجد میں چراغ جلانے جاؤنگی۔ یا یہ کہیں کہ اماں خالہ تائی پھوپھی چچی بہن بہنوئی کے گھر یا کسی سہیلی کے یہاں جاؤنگی تو سعادتمندی اسی میں ہے کہ خود ہی ڈولی بلا لینا ورنہ کم از کم آمد و رفت میں حارج نہ ہونا اور اگر ہوگے تو پچھتاؤ گے کیونکہ جیسے پانی میں یہ قدرتی خاصہ ہے کہ جب تک اس کی پنسال نہ برابر ہو جائے نہ ٹھہرے ویسے ہی بوڑھے اور نامرغوب شوہر کی جورو تاوقتیکہ جس شخص سے ملنے کے لئے اس کا جی چاہے نہ مل لے وہ گھر میں نہیں رک سکتی۔

۱۱- جالی کشیدہ پھندنے ٹوپی تیلیچی وغیرہ سوئی کے جتنے کام عورتوں سے کروانے والے لوگ ہیں خواہ وہ کیسے ہی خوبصورت اور نوجوان ہوں بانکے ہوں مشہور شہدے ہوں لیکن اگر آپکی اہلیہ اگر انہیں سے کسی کے ساتھ تعلق پیدا کرنا چاہیں ہرگز حارج نہ ہونا۔ ارے میاں ایک ذرہ سی عالی حوصلگی میں سو مشکلیں آسان ہو جاتی ہیں اور تھوڑی سی تنگ نظری میں آسانیاں مشکل بن جاتی ہیں ع نام ہوا آپکا اور کام ہمارا ہو جائے بس سمجھ جاؤ عاقلاں را اشارہ کافیست۔

۱۲ - اگر تمہاری بیوی پر کوئی جن بھوت شہید و آسیب کبھی کبھی چڑھتا ہو یا کسی پیر فقیر کا سایہ ہو اور جو سیانا عامل ملاں حاضرات و تعویذ و گنڈہ اور نقش سے جورو جی کو جھاڑتا ہو خبردار خبردار اگر کبھی صراحتاً یا اشارتاً کنایتاً یہ ظاہر کیا کہ تم مشتبہ ہو یا مصارف حاضرات پامال کھلائی سے گھبرائے اپنے کئے کو پچھتاؤ کہ مبادا آسیب کے ساتھ خود جورو شریف نہ تڑ جاویں ۔

تڑاخ ۔ تڑاخ ۔ تڑاخ اور دو طرفہ چپت بازی کی آواز منحوس الدولہ نے غارت دولھا کو غارت دولھا نے منحوس الدولہ کے چپت رسید کیں ۔

غرضیکہ میاں دولھا کو ان کے چچا ہی دستور العمل عیالداری کے قاعدے سکھاتے یا خود یا چپت بازیاں کرتے مونہ چھل چھلتے ہوئے جلوس جو کمہارے کے پل سے چلکر مولوی گنج مشک گنج رکاب گنج ۔ رکاب گنج سے راجہ کے بازار پاٹا نالہ سے چوک کہنہ چوک جدید میں گشت کرتا نخاس سے براہ محلہ سیچی گنج اپنے مرکز اصلی یعنے کمہاروں کے پل پر آیا اور یہاں درگاہی لال کی بارہ دری سے کوئی دو سو قدم جانب شمال و مغرب کیل گھر برفعا بان کے متصل ایک مکان میں بی دولھن جان لمبے بیٹھی ہوئی تھیں اور سمدھیانہ والوں کو انتظار تھا کہ کب برات گشت کر کے آوے کب نکاح ہو جسوقت کہ بارات روانہ ہوئی تھی قریباً چار پانچہزار آدمی اس کے ہمراہ تھا اور واپسی کے وقت ایسے عجیب الہیئت دولہا کے نکاح کا تماشا دیکھنے کے لئے بھلا کم از کم چالیس ہزار آدمی تو ہو گا مخلوق خدا ٹوٹی پڑتی تھی پھیری فروشوں نے اپنے سودے رکھ دئے ۔ دوکاندار دوکانیں بند کر کے ہمراہ ہو گئے ادنے اوسط و اعلے درجہ کی اکثر رنڈیاں پاپیادہ اور سواریوں پر ہمراہ ہو گئیں بس یہ معلوم ہوتا تھا کہ کسی عالیجاہ رئیس کی برات ہے اور بھیڑ کی یہ کیفیت تھی کہ کھوئے سے کھوا چھلتا تھا اور شامیانہ تک پہونچنے کیلئے کتنے ایسے لوگ تھے کہ روپئے دینے کو مستعد تھے کثرت ازدحام کا اس بات سے اندازہ کیا جا سکتا ہے کہ دولھن کو جس مکان میں سجایا تھا اس کے اطراف میں کھیت تھے وہ طرفۃ العین میں پامال ہو گئے اور بجائے زراعت کے مخلوق خدا کے سر ہی سر نظر آتے تھے ۔

ناظرین نے خود ہی سمجھ لیا کہ جو عورت کہ اس قسم کے دولھا کے ساتھ نکاح پر راضی ہوئی ہو گی وہ بھی دولھا صاحب کے طرح عجیب الحال اور عجیب الخلقت ضرور ہو گی اور جن ستم ظریفوں نے جمگھٹا کیا ہو گا وہ کہاں ایسے گئے گذرے تھے کہ جوڑ کا توڑ نہ ملاتے ۔ بس جیسے کہتے ہیں اللہ ملائی جوڑی ایک اندھا ایک کوڑھی ۔

سر تا پا غارت دولھا کی بیوی
مسمات سبز قدم عرف گھر اجاڑ
دولھن مخاطب بخطاب ہیضہ خانم

بی سبز قدم کا سر دنیا کی عورت مرد کے سروں سے نرالا

اونٹنی وار تھا اور قد و قامت کی مناسبت سے بس یہ معلوم ہوتا تھا یہ پچکا ہوا لمبوترا شاہجہان پوری تربوز ہے۔ بال ایسے گھونگروالے تھے کہ گویا ماشاءاللہ قدرت نے یا تو بھیڑ کے بچے کی گتھی وار اون سر پر کسی لعاب دار یا دم سے چپکا دی ہے یا گول مرچیں ڈوروں میں پرو کر سر کی کھال میں ڈوروں کے سرے سی دیے ہیں۔

جبین مبیں بہ اعتبار کشادگی و صفائی کے ایسا خوبصورت تھا کہ اوہو ہفتہ جس کی ادنے رونمائی تھی چھوٹی ہانڈی کا کالا پیندا اوصاف تیرگی و ناہمواری کے سبب ایسا سیاہ کباب تھا کہ آتش حسد سے جل جل کر کالا ہو گیا تھا۔

کمان ابرو اس بلا کی تھیں کہ ستارہ دنبالہ دار ہیبت و نحوست جس سے مستعار لیتا مُنہ پر یہ معلوم ہوتا تھا کہ بعینہ عجوبہ کار قدرت نے دو جھاڑو پھونکی طرف سے لا کر آڑی رکھ دی ہیں اور یہ اس غرض سے نظر عشاق کی کوڑے کی قدرتی طور پر صفائی ہوا کرے۔

آنکھیں وہ آہو چشم کہ صفت تنگ چشمی میں ہاتھی کی آنکھیں جس کے آگے نیچی نہیں بس یہ معلوم ہوتا تھا کہ کالی دیوار میں کسی نے دو غلے مار کر چلیں اکھاڑ دی ہیں۔

مژگان۔ حضرت ظفر ایسی ہی پلکوں کے حق میں یہ شعر فرما گئے تھے ؎

صفِ مژگاں سے اے دل اُسکی ڈرنا
یہ فوجِ سینہ بازانِ دکن ہے

اور ایسی ہی صفِ مژگان بیچارے امانت مرحوم کے خواب میں آئیں تھیں ؎

خدا پناہ میں رکھے تمہاری پلکوں سے
ستم کی فوج کھڑی ہے پرا جمائے ہوئے

تیر و سنان تو ایشیائی شعرا کا مبالغہ ہے مگر جو نکلے نہیں تو یہ تو ضرور معلوم ہوتا تھا کہ سیہ کے کانٹے چمڑے کی کترنوں میں اٹکی کر کسی نے آنکھوں پر سائبان لگا دیا ہے کہ اُن ہیبت انگیز آنکھوں کو چھپائے رہیں کہ مخلوقِ خدا اور علی الخصوص بچے لال لال ریلوے کے سگنل کی لالٹین لال آئینہ کی لال لال چمکتی ہوئی پتلیاں دیکھ کر ڈر نہ جائیں۔

رُخسارے۔ گلسرخ باغ حسن تھے یا آفتاب و ماہتاب فلک محبوبی سے اُتر کر اس شہر اعظم سپہر رعنائی پر بلا گیر ڈال رہے تھے۔ بعینہٖ یہی معلوم ہوتا تھا کہ وارنش کے پرانے بوٹ کی ایڑی کسی نے مُنہ پر مار دی ہیں اور پسینے کے باعث مُنہ پر چپک گئی ہیں جو اب چھوڑائے نہیں چھوٹتیں

ناک۔ میرزا سودا کے اس شعر کا مصداق ہے ؎

دہن آیا نہ نظر بینی کی صفائی کے سبب
منخرین اپنے ہے گو نشتر تراشی حدنک

یہ معلوم ہوتا تھا کہ پہاڑی کوا بیٹ کرنے کے لئے موڈھے پر بیٹھ گیا ہے گال دونوں شہپر ہیں اور ناک اُس کی چونچ ہے۔

غنچہ دہن کی یہ کیفیت تھی کہ گویا تعریف تنگ دہنی کے منتہا اس شعر کا مصداق تھا ؎

کردی بہ نطق نقطۂ موہوم را دو نیم
بس مسئلِ بیانِ حکیمانِ دہانِ تست

دونوں باچھیں یہاں تک چری ہوئیں تھیں کہ اگر ناری گُتے کے مونھ سے مثال دوں تو وہ عدالت قدرت میں لائیبل کا دعوے کردے اور اس تشبیہہ بلا مشبہ کے جرم کے لئے مجھے معافی مانگنی پڑے اگر گن پھوٹنگی میں بنگالہ کی سینا سے مثال دوں جب بھی خطاوار ثابت ہوں کہ اُس پر زعفرانی تحریر اور بی گھر اجاڑ دلہن کے ہونٹ اس بلا کے سُرمئی تھے کہ اگر بھونرے سے اورا کہہ دوں مارے غصّہ کے بھتنی کالی پڑ جائے اور سطری کہ توبہ بس یہ معلوم ہوتا تھا کہ ڈائن کسی کا کلیجہ موہنہ میں دبائے ہے بالائی و زیری تکلے لٹک رہے ہیں - لب بالائی اس انداز سے ناک کی جانب مڑا ہوا تھا کہ بلڈاگ بھی تھوتھنی بھی بہشت ناکی اس سے مستعار لیتی -

دروندان - الماس رنگ آب و تاب سے ہیرے کی کنی کھائے اسقدر چھوٹے کہ صفر تھے یا :- دہن دایرہ حسن میں مرکزی نقطہ خیالی تھے یا یہ کہ صدف دہن نے اس خوف سے کہ اُس کے جگر بند در کو نظر بد نہ لگے خود ہی انکو شدت محبت سے پیٹ میں چھپا لیا تھا - یعنے تھی ہی نہیں -

سیب ذقن - ساٹھ برس بیشتر سے خواجہ حافظ بلبل شیراز جسپر نثار تھے ؎

از لبت شیر رواں بود کہ من دانستم
پر لبت چاہ زنخدان تو بے چیز نیست

بعینہ یہ معلوم ہوتا تھا کہ جس قسم کے بندر کا نام گوریلا ہے اُسکی ٹھوڈی اور جبڑا ہے -

گردن ع کمر پتلی صراحی دار گردن

کوتاہ گردنی کا یہ عالم تھا کہ خنزیر و ہاتھی کی گردنیں اُس عورت کی گردن کے مقابل زیادہ لمبی تھیں بس یہ معلوم ہوتا تھا کہ پُرانے مٹکے کا مونہہ کٹا ہے جو کائی سے کالا ہو رہا ہے -

سینہ - ایک تختہ چوبین تھا کہ کندہ آبنوس بھی اسقدر کالا اور گڑھوں کے سبب سے ناہموار نہ ہوگا -

پستان ایسے گول گول کرارے امول کہ جسے دیکھ کر انار کے مونہہ میں بھی پانی آ گئے اور خسارہ سیب فرط غیرت سے تمتما اُٹھا تھا بقول میرزا سودا ؎

اُس کے دیکھے جو کچوں کو یہ تیقن ہے اُسے
تمتماتے ہوئے یہاں تک گال کا اُترا ہے

یا یہ معجون مُشہی کی ہیں دو ڈبیا
آوے ہی جان میں جنہیں دیکھ کر روح ملک

اور اس درجہ نازک تھے کہ تاب نظر نہ لاسکے اور خوف دشمنان سے ایک سرے سے روپوش ہو گئے یا یوں کہنا چاہئے کہ فراش قدرت کو یہ نہ گوارا ہوا کہ اُس نازنین کی صفائی سینہ میں کوئی پستی و بلندی واقعہ ہو اس لئے چھاتیوں کو دو ڈھیلے یا نکے کنکر پتھر خیال کر کے ایک دم صاف کر دیا اور بجائے اُن کے دھکدگی کے مقام پر سینہ میں کوز پشت کی کمر کے برابر ایک کوب نکالدیا -

پیٹ - گویا بیہم کی صورت اونٹ کا کوہان تھا -

ناف - بس ایک گندی گڈھیا تھی بقول سعدی علیہ الرحمۃ مُردار یا مناب مرداد -

اس سے نیچے پاس ادب اور حیا مانع ہے اور یہ خوف بھی ہے کہ قلم کو ایک دفعہ جہاں راستہ ایسا پُر خطر ہے ایک دفعہ قعر دوزخ میں گر کر نکلنا مشکل ہو اس لئے

ایسے خطرناک مضمون سے احتراز ہی بہتر ہے۔ جانگھوں سے پاؤں تک کچھ ایسی کمان صورت ٹانگوں کی ملیاں باہر کو جھکی ہوئی تھیں بالوں سے چھپی ہوئی ۔

قد بجائے خود مجسم مصرعہ بالا بلندی تھا اور اُس پر ماتہ مصحفی کو اس قد و ادا کا الہام ہوا تھا

ہاتھ اُس سرو سے قد پر اُٹھے انگڑائی کو
مستزاد اس نے کیا صبح رعنائی کو

قلندر رو ریچھ کے بلچ کا بجائے خود اچھا خاصہ ناٹک تھا لکھنؤ میں یہ بھی ایک قاعدہ ہے کہ جب شادی ہو جاتی ہے داماد کو اُس کی سسرال کے اور بہو کو اُس کی سسرال کے لوگ سوا اصلی نام کے کوئی نہ کوئی خطاب دیتے ہیں اصلی نام ان بی صاحبہ کا سبز قدم بیگم تھا خطاب گھبرا جاؤ دولہن کا عطا ہوا تھا اور سسرال سے ہیضہ خانم مخاطب ہو گئی تھیں اور بندۂ درگاہ فصاحت میں شاگرد سبحان وار ہیں ۔ بی صاحب کا جب ذکر ہوا پہلی مرتبہ اصلی نام دیا جو نام کی ضرورت آئی بیگم کا خطاب لکھا اور اب سہ بارہ سوا اس کے کوئی چارہ نہیں کہ سسرال سے جو خطاب ملا تھا وہ عرض کروں لیکن ہیضہ خانم لکھنے سے جو کوئی یہ اعتراض کرے کہ ابھی بی صاحب کا عقد نکاح ہوا نہیں اور خطاب سسرال کہاں سے ملگیا میں اس معترض سے کہونگا کہ او بیوقوف میں واقعہ ماضی لکھ رہا ہوں اس لئے ہیضہ خانم سسرال سے جو خطاب ملا تھا اگر اُسے استعمال کروں تو کیا اور جو معترض کا طرفدار کہے صرف و نحو میں اسم کے قایمقام وہ کی ضمیر اس لئے مقرر کی گئی ہے کہ بیان میں بار بار تکرار نام کی ضرورت نہ آئے اور اگر ضرورت آجائے تو تکرار اسمائے اشخاص خلاف فصاحت نہیں تو بندہ بجواب اُس کے کہے گا آخر ایجاد بندہ بھی تو کوئی چیز ہے یا نہیں دیکھا یہاں معترض ہم وہ افصح الفصحا موجد الفصاحت ہیں کہ بجائے جامد و موضوعات شخص کے یہ ہما سا ہی حصہ ہے کہ جس جگہ چاہیں نام شخص کی بجائے جو لفظ چاہیں گھڑ لیں زید کو ایک جگہ زید دوسری جگہ اس کے حروف کو مقلوب کر کے دیز لکھیں اور تیسری مرتبہ جو پھر یہ ضرورت ہو کہ زید کا نام لیں ضمایر معمولی نہ برتیں ہماری بلا برتے ہم تو موجد ہیں ہمنے زید کو جیسا بہ اختیار خود زبر بنا دیا اب اگر اسے بیچ بیچ لکھ ماریں جب تک زید ہم پر نالش کرے کر گئے ہیں جو کرنا تھا ہم کر ہی گذرے اور نالش کا بھی کوئی خوف نہیں کیونکہ قانونی دیوانی و فوجداری میں اس قسم کے اسمی نقصانوں کی چارہ جوئی کی کوئی صورت ہی نہیں استغفار اس دخل در معقولات سے کہاں تو بی ہیضہ خانم کا سراپا اور باری آئی تھی اس امر کی کہ اُن کے لباس و آرایش پیدایش کا بیان کروں اور کہاں میں معترضین سے عذر خواہیاں کرنے لگا ایڈیٹر صاحب خفا نہ ہجئے گا معترضین کے اعتراض کا دفع دخل ضرور تھا وہ جو اسے ایک دفعہ بیوقوف کہہ دیا اور یہ بھی دکھا دیا کہ ہم ایسے زبردست ہیں کہ نام اشخاص وہ چیز تھی کہ جس میں کسی شخص کا قابو نہ چلا ہم نے اس میں بھی اصلاح و ایجاد کو دخل دیا تو وہ ان زبردستیوں کے نمونہ کو

دیکھ کر اگر مقام ایذا دہی سمجھیگا اس خوف سے کہ کہیں مُنہہ کی نہ کھاؤں مُنہہ نہ آئیگا اور اپنا سا مونھ لیکر بیٹھا رہیگا اور اگر ایڈیٹر صاحب اس مقصور دخل در معقولات سے آپ خفا ہوگئے ہیں یا آپ کے ناظرین بگڑ گئے ہیں میری بلا سے میں نے تو صرف اسقدر آزادی کی ورنہ مجھے تو بقول گولڈاسمتھ کے ناظرین کیخدمت میں یہانتک استحقاق گستاخی و آزادی ہے کہ وہ اونگھتے ہوں اور انکی ناک پکڑ کے ہلا دوں اور اگر آپ کو اس حوالہ میں اعتراض ہو آپ سند مانگیں گولڈاسمتھ کے قصہ وکار آف ویکفیلڈ کو ملاحظہ کرلیں۔ اگر آپ فرمائیں کہ انگریزوں میں ایسی بد تہذیبی کا رواج ہوگا کہ مولف و مصنف شائقین کلام کی ناک پکڑ کر خواب غفلت سے چونکا دیں اور از سر نو اپنے بیان کی طرف متوجہ کرلیں لیکن ہم اہل ہندوستان میں ایسی آزادیاں مباح نہیں اگر اینجانب کو ناظرین کلام سے آزادی کی ایسی ہی ضرورت تھی کسی انگریزی تحریر میں ایسی بے تکلفی کی ہوتی ہیں سعدی کا مقولہ پیش کرونگا اَلنَّاسُ عَلٰی دِیْنِ مُلُوْکِھِمْ ۔

کیوں ایڈیٹر صاحب اب تو آپکو یا آپ کے ناظرین کو کوئی عذر نہ باقی رہا ایڈیٹر صاحب بُرا نہ مانیگا اور یہی ناظرین سے التماس ہے کیونکہ میں نے جو اُن کے ساتھ ایک ذرہ خوش طبعی کی بیجا استحقاق تھا کہ میں نے مصالحہ غم غلط اُنکی خاطر مہیا کرلیا مگر معترض احمق کو نکتہ چینی و ایراد کا کیا استحقاق تھا کیوں دیکھا ایڈیٹر صاحب آپنے آپکا خادم کیسا شوخ ہے آڑی ترچھی کہہ ہی جائے اور کیسے اس لطف سے کہ مخاطب گالیاں کھائے اور شربت کے گھونٹ کی طرح پی جائے اسیکو کہتے ہیں ع عیب کرنیکو ہُنر چاہیئے

واہ رے میں باز آمدم بر سر مطلب ۔

ناظرین قسم تمکو غارت دولہا اور بی گھر اُجاڑ دولہن کے سر مبارک کی ذرہ مجھے یاد تو دلانا کہ میں کیا کہتا تھا۔

ناظرین کوہ نور؟ میاں نامہ نگار تمنے بی ہیضہ خانم کا سراپا ختم کیا تھا اور اس وقت تانچھے ہیں جو لباس بی دولھن جان کے زیب بر تھا اور اُنکی آرایش و سامان زیبایش کا بیان کرنے والے تھے۔

مابدولت حضرت نامہ نگار۔ کیوں ایڈیٹر صاحب کوہ نور آپ نے بھی ناظرین کوہ نور کو نہ سمجھا دیا کہ ملک ہندوستان میں اور خصوصاً اصطلاح لکھنؤ میں میاں خطاب خواجہ سرا ہے کیونکہ وہ اکثر حبش الاصل ہوتے ہیں جہاں جو یہہ ہندوستانی مسلمانوں کی قومیں از قسم شیخ و سید و مغل پٹھان وغیرہ کے نام ہیں اس لئے ان کو بلفظ میاں مخاطب کرتے ہیں اگر آپ کو یہ نہ معلوم تھا کہ نامہ نگار کس قوم کا موجب افتخار ہے تو یہی خطاب حضرت بھی گیا تھا ۔ خیر چونکہ میں نے اُنکی ناک کے ساتھ دوستانہ آزادی کا برتاؤ کیا تھا اُنہوں نے ملاحی میں مابدولت کو خواجہ سرا کہہ لیا خیر عوض معاوضہ گلہ ندارد ۔ مگر

ناظرین جو کبھی آگے حضرات نابدولت کی خدمت میں ایسی حرکت سوے ادب کے مرتکب ہوئے تو کم از کم یہ سزا صادر کیجائے گی کہ حضور اینجانب کے کلام معجز نظام کے لئے ترسنا ہوگا۔

ہاں بی اُجاڑ دولہن کے مانجھے کی تیاری کا حال بیان کرنا ہے۔

بندۂ درگاہ نے سراپا بیان کرنے میں تو اساتذہ قدیم کی ترتیب کو برقرار رکھا مگر جب مانجھے کی تیاریوں میں بی دولہن جان کو نہ اُلٹا ہو تو کچھہ نہ کیا۔

ناظرین ہنسے! کیا ان کے دولہا میاں خون حرام جان معروف بہ غارت دولہا سے چغلی کھاؤ گے کہ میں نے انکی زوجہ عصمت مآب کی شان میں کہا کہ نہ اُلٹا ہو تو کچھہ نہ کیا اور نالش لائبل کرواؤ گے۔ جی! حضور ایسے بیوقوف بھی نہیں جو بنائیں تو ازار حوائج ضروریہ کا راستہ نہ رکھیں عبارت زیر بحث میں سرکار نے لفظ اُلٹا خود بی دولھن جان کی شان میں استعمال نہیں کیا تھا بلکہ یہ مقصود تھا کہ ترتیب لباس و آرایش کو پائجامہ کے پائنچوں کی طرف سے اُلٹونگا۔

قہہ قہہ ہاہا ہاہا ہوہو کیوں ناظرین یہ بے موقعہ ہنسی کیسی کیا اس نیک سخن کو طلاق دلوانے کا ارادہ ہے یاد رکھیئے کہ کہیں وہ پھر حضرات ہی میں سے کسی صاحب ہی کے سر نہ ہو اور اگر آپ کا یہہ خیال ہو کہ میاں غارت دولہا خون حرام جان نابدولت سے گغضب ہوں

یہہ خیر سا آتا ہے۔ الفاظ اُلٹا و پائجامہ و پائنچہ سے مراد صرف اتنی ہے کہ چونکہ سر دردہ ہوتا اور نامہ نگار کی ہمت کوتاہ۔ پاؤں کی طرف سے شروع کرتا ہوں یعنے بیان آرایش کا بی دولھن کے نیچے کی چیزوں سے ابتدا کرتا ہوں۔

جوڑا اجوتہ کا نہ وہ جوڑا جسے جُفت کہتے ہیں، نہ ٹاٹ بافی تھا نہ کامدار تھا۔ نہ پیشوان تھا نہ حاشیہ دار تھا نہ خوردلکا تھا نہ گھیتلا نہ کفش نہ بوٹ نہ شکاری نہ ڈلی وال نہ بیکانیری نہ بُندیل کھنڈی جسے جوتا ہی نہ کہنا چاہئے بلکہ چرمی توبڑے کہنا نازیبا نہیں۔ پر جوتے اُلٹا ٹاٹ کے گھوڑوں کے دانہ کھانے کے دو توبڑے بی دولہن کے زیب پاتے تھے۔

پائجامہ۔ پائجامہ میں پائنچہ پائنچہ میں پائنچہ کی گوٹ جیسے کنکوؤں کے کاغذ (کی کٹی رنگ برنگے کاغذوں کو جوڑ کر پٹاخے کے گوٹ کی صورت تراش لیا تھا اور اُس پر بتی، اور بوتلوں کے منہہ پر جو ڈاگا لپٹا ہوتا ہے، اسکی مینت کاری کی ہوئی تھی اور پُرانے جھبر جھبر ٹاٹ کی گوٹ بھی کوئی ۹ گرہ عرض کی ہوگی اور پائجامہ کا متن ایک پائنچہ کا متن تو عمدہ تھانوں پر جو سیاہ کالیکو کے ٹکڑے لپیٹ دئے جاتے ہیں اُسکا تھا اور دوسرا پائنچہ نصف حصہ بالائی نہایت باریک جالی اور ٹ کا تھا اور حصہ زیرین سُرخ رنگ ساٹن کی فرش جگہ پائجامہ ہوگا کوئی دو کلی کا اور ہر کلی پر بھونڈی کناری ٹنکی ہوئی تھی

ازاربند۔ بکری کی آنتون کا اور مضبوطی کے لئے اُسمین تانت بہنا دیا تہا اور بجائے ٹہرون کے دو پہکنے پہلا کر لٹکا دئے تہے لیکن پہلے تیل و چونہ سے دہو کر ازاربند دہڑون کو اچہی طرح سے صاف کر لیا گیا تہا۔

کرتی۔ جو حصہ کہ چہاتیون کے اوپر تہا اُسپر روپے رکنی کی جو جالی دار موٹے سوت کی خزانون مین توڑے ہوتے ہین اُس کا ٹکڑا بدین غرض لگایا گیا تہا کہ محرم کی کٹوریان جہلکین اور وہ سینہ کی وضع کی ہیئت تہا اُسکے نیچے ہرن کا چمڑے کا بال دار ٹکڑا ٹکا ہوا تہا اگا تو اسطور کا دور لگا تہا کہ پیچہا آہنی مشبک جالی کا تہا جو آپ لوگ دروازون مین بجائے آئینون کے لگانے لگے ہین کہ ہوا اور روشنی دونون آئین اور دروازہ کی مضبوطی بہی رہے۔

کرتی کے اندر جو محرم تہا وہ تو دریا جانور کی جہلی کا اور باقی سب کرنش کا بنا تہا اور چونکہ اندرتی طور پر چہاتیان غائب تہین اس کمی کو مشاطئہ صنعت سے پورا کیا تہا۔ ربڑ کی دو بڑی چکوترون کے برابر دو گولے بنا کر رکہہ دئے گئے تہے۔

دوپٹا جو محرم وہ بہن جانی کے زیب سر تہا حضرات ہفت اقلیم کی بیگمات کو ایسا قیمتی بالاپوش کبہی میسر نہ آیا ہوگا ہزارہا قسم کے پُرانے اونی سوتی ریشمی سب کے کپڑون کے ٹکڑے اور ہزارہا قسم کے پارہائے چرمی جوڑ کر کیا کہا جائے کہ کیسی عجیب و غریب دلق بقول بعض بنائی تہی کہ جسکے دیکہنے سے یہہ حیرت ہوتی تہی کہ جس مسخرہ نے تہوڑی دیر کی خوش طبعی کے لئے ایسی بے نظیر کاریگری چترائی اور سلیقہ کو ضائع کیا اور اس چادر کی تیاری مین محنت اور اوقات دونون کو ضائع کیا ایسا ہنرور کیونکر ایسا بیفکر اتہا لیکن تحقیقات سے معلوم ہوا کہ جسنے یہہ عجیب و غریب دوپٹا تیار کیا تہا اُسے چندہ سے قرار واقعی اُجرت ملی تہی اس دوپٹے پر کچہہ تو چہوٹے گوٹے کناری اور سلمہ ستارون قسم کا کام بنایا گیا تہا اور بعض بعض جگہہ پُرانے جوتون کے ابرے اور ایڑیان کاٹ کاٹ کر پہول بنائے تہے اور اُنکو مختلف رنگ کی ٹکڑیون سے رنگ کر بوٹیان نام رنگین چہوٹی چہوٹی کوڑیون کی بنت کاری سے سجایا تہا اور ستم بالائے ستم یہہ کیا تہا کہ دوپٹے کے طول مین بصورت چلیپا سانپ گوہ نیولا سانڈا [illegible] کیکڑون مینڈکون وغیرہ زندہ حشرات الارض کو اس ترکیب سے ٹانکا تہا کہ نہ تو مرنے پائین اور نہ حرکت سے معطل کرین مثلاً ایک سانپ ٹانکا اس وضع سے ٹانکے دئے کہ کمر و دم و گردن کے پاس ٹانکے سے جسم کا تہوڑا سا کنارہ چہدے اور جان پر صدمہ نہو اور جب ایک سانپ ختم ہوا اُس کے مُنہ کے متصل مینڈک سی دیا اور ایک نیولے کو اس طرح سے

ٹانکا کہ اُسکے مُنہہ مین سانپ کی دُم دبی تہی زیورات کا حال سُنئے سر پر مسری گُندہے ہوئے چمڑے کا سیج پہول بنایا تہا اور اس گوہ کی کہال پر بڑے بڑے نوٹ کے نگینز دالتون منکون پہنگون اور جہاڑ کے آویزون سے بنت کاری کی تہی۔

کان مین چہوٹی بالیان مگر اُنمین سلیان پہنگے ٹڈّے پروے ہوئے تہے اور چہوٹے چہوٹے ٹڈی ہوتی بہی تہی اور ساتہہ ہی کوئی دو سو روپیہ قیمت کا سچا جڑاؤ کان پہول بہی پہنا دیا تہا اور چونکہ دولہن کے مُنہہ پر چیونٹے سیندوریا کے رنگ کے ٹیکے ستارون اور رنگین پوتون کی افشان چُنی ہوئی تہی اور اسپر سیاہ فام رنگ کی زمین اور کانون مین دیچیات بالیون مین لٹکے اور اُن کے درمیان سچے جڑاؤ کان کی چمک دمک سے ہیبت و کراہت ایک سے ہزار چند ہو گئی تہی طوالت کلام تفصیل زیور سے مانع ہی اسلئے صرف اسقدر لکہنے پر کفایت کیجاتی ہے کہ مرے سانپون کی کہوپڑیان اور جانورونکی ہڈیان گوندہ کر بنچین گوہ چہچہوندر نیولون شیر کی ریچہہ بہیڑیون کتون اور الو چیل غیرہ جانورون اور پرندون کے دانتون اور ناخنون کو پہوڑ کر جیسے دنی بنائی اور پنچی طلائی جیسے دنی اور جڑاؤ کنگنون کے ساتہہ پہنائے گئے تہے اور کالے کنندہ آبنوس ہاتہ اور آئینہ مختلف الکیفیت زیبات سے کیا عرض کیا جاوے کہ کیسا عجیب و غریب منظر تہا تمسخر و وحشت دونون کو اس عمدگی سے ساتہہ خلط کیا تہا کہ بس لائق دید تماشا تہا دونون کیفیتین پوری پوری نمایان تہین۔

ڈومنیون نٹنیون زنخون کے طائفے آدہی دور تک سے کم ہون گے اور اُدہر محرمی تاشے اور ڈہول کے ماتمی باجے کا شور تہا اور لونڈون کی ہو حق۔

غرضکہ دولہا صاحب کی برات آئی اور سواری دولہن کی دروازہ پر ٹہری چہا منحوس الدولہ کے خچر سے نیچے اُترنے کو تہے سمدہیانہ کی طرف سے ایک گدہا پیش ہوا گدہے کے منہہ پر ایک سوف سیاہ رنگ کا اور اُسکے دونون کونون پر بہینس کے دو سینگ باندہکر اندہیری پہنا دی تہی اور دُم مین ٹاٹ کا بڑا سا سوکہا پتا باندہ رکہا اور مین جا بجا چہچہوندر آتش بازی کی بہی علیحدہ باندہ دی تہین۔ پہلے منحوس الدولہ اس گدہے پر سوار ہوئے اور بعدش غارت دولہا کو گود مین لیا کہ ایک شخص نے اشارہ پاتے ہی چہچہوندرون مین آگ لگا دی اور جیسے ہی چہچہوندرین سلگین اور اُچہل اُچہل کر گدہے کی ٹانگون مین اور خوطون مین لگین اور گدہا گہبرایا اور چراغ پا ہوا اب بچارہ بہاگے منہہ پر اندہیری گہبرا کر اُنکی زبان نے چکر کہانا شروع کیا اور اب

لوگون کی تالیان بینڈ باجا آگ بجا ڈھول تاشے جب آگے جب اور یہان ظریفون نے دیکھا کہ گدھا ناچنے لگا انھون نے اتار مین آگ لگادی اور گدھے کی پشت پر آگ کے گلہری اسپر کی منحوس الدولہ گھبرا گھبرا کر چیخ لوگون نے انکو اس تماشے مین حصہ لینے پر راضی کیا تھا جسمین سے ایک ایک کا نام لیکر تالیان ونیانالشون کی دھمکیان دینا اور یہ کہنا کہ سب کھیل کے سوتے ہیں ہاتھ پاؤن توڑنے کے کھیل کی شرط نہ تھی اور غارت دولہا اپنی طرف سے اردون کا لیا دیتے تھے اور دلہنیان دیتی تھیں کہ گدھے کی تباہوا اب جان گئی — اور ادھر تو یہ شور ہو رہا اور ادھر چار طرف سے مسخرون نے یہ غل مچا رکھا تھا یا کہ منحوس بھتیجے کو مبارک بھتیجے کی شادی مبارک ڈومنیان اپنی طرف یہ غل مچا رہی تھین کہ سواری جب اترے گی پہلے انعام لینگی۔

قصہ کوتاہ گدھا گھر دوڑتا اور منحوس الدولہ تھے سوار ہرچند تھامنا چاہا جب وہ نہ رکے تو گدھا بیتاب ہو کر خود گرا۔

اور براتی دولہا اور ان کے چچا کو لے کر دولہن کے گھر مین گئے کئی ڈومنیان اور رنڈیان ہمرہ تھیں اور بی دولہن کے کنبہ والیان بھی تھین۔

دیکھیو کہ سچ مچ گئے پیادہ مین بار انہون دولہا اور دولہن والون کے درمیان جن امور پر بحث ہوا کرتی ہے یہان بھی کبھی جہیز پر گفتگو تھی اور کبھی مہر کی کمی کا دولہن والون کو اور بیشی کا دولہا والون کو اعتراض تھا۔ اس پر بڑی قیل قال ہوئی کہ دولہا دولہن کو اقرار نامہ لکھ دے اور دولہن کی مان نے دولہن کے لئے یہ فرمائش کی کہ مصارف پاندان کے لئے کوئی رقم لی جائے اور اطمینان کے لئے کوئی جائداد مکفول کیجائے۔ مہر کا اثاثہ لکھا جائے دولہا والون کی طرف سے ہر بات کا اقبال مگر تحریر کے نام سے حیلے حوالے ٹالتا آئندہ وعدہ دولہن کے ورثا نے ایک اقرار نامہ کا مسودہ پیش کیا اور کہا کہ مہر مصارف پاندان کی وثیقہ کی نسبت بعد مین دیکھا جائیگا لیکن تا وقتیکہ کامل القیمت اثاثہ پر یہ اقرار نامہ نہ لکھ دیا جائیگا ہرگز ہرگز نکاح نہ ہونے پائیگا۔ منحوس الدولہ نے کہا کہ بعد نکاح کے ضرور لکھ دیا جائیگا لیکن دولہن کے باپ نے کہا کہ اگر نکاح کرنا منظور ہے تو پہلے ابھی وہ اقرار نامہ لکھ دو ورنہ اپنا راستہ لو اور دولہا نے چلانا شروع کیا کہ چچا میان نکاح تو مجھ سے ہوتا ہے مین تو اقرار نامہ لکھنے کو راضی ہون تم کون ہو جو انکار کرتے ہو۔ غارت دولہا کے چچا میان نے کہا کہ او حرامزادے اقرار نامہ لکھیگا تو تیری ڈاڑھی جورو کے ہاتھ مین ہوگی

دولھن جان کے باپ نے کہا کہ بہتر ہے بغیر اقرار نامہ کے دولھن کا چونڈا تمہارے ہاتھ نہین ہوگا کہ انہین باتون مین چچا منحوس الدولہ اور دولھن کے باپ مین لپٹ کی ٹہری اور خوب پاپوشکاری ہوئی غرضیکہ لوگون کے سمجھانے سے تصفیہ ہوا کہ پہلے مسودہ پیش ہو جب مسودہ پیش ہوا چچا منحوس الدولہ نے چند وجوہات مین عذر کیا لیکن غارت دولھہ نے ایسا شوق ظاہر کیا کہ کسی کی پیش نہ گئی اور اقرارنامہ بجنسہٖ تحریر ہوا — اور ہنسی قہقہہ کا ایک شور تہا کہ ڈہول اور باجے کی آواز بہی دب جاتی تہی -

مصارف پاندان کے لئے خزانہ ڈپٹی کمشنر لکہنو تکفول ہوا ایک صاحب رجسٹرار تہے ایک صاحب ڈپٹی کمشنر اور بجائے اسٹامپ کے بہیڑ کی تازہ کہال کاٹہا لائے اور صاحب ڈپٹی کمشنر نے کفالت کی مہر مین ۱۵ برس تک جسقدر کل ممالک محروسہ برٹش گورنمنٹ آف انڈیا مین آمدنی ہو اور آئین ریاست ہائے محفوظہ کی سالانہ آمدنی بہی شامل تہی اور ایک صاحب گورنر جنرل ہو اور ایک نواب لفٹنٹ گورنر نے اور انہون نے دولہا کیطرف سے ادائے مہر کی ضمانت کی اور اسامین ملک ہندوستان تکفول کیا -

چونکہ کابین نامہ اور دستاویز کفالت مصارف پاندان کا مضمون تو بیان کر دیا گیا اسلئے اسکی حرف بحرف نقل ایک تو موجب طوالت ہے دوسرے محکمہ رجسٹری سے اسکی نقل آنا ایک کثیر الصرف معاملہ ہے دولہا نے جو دولھن کے ساتہہ حسن سلوک کا اور بد سلوکی نکرنے کا اقرار لکہہ دیا ہے وہ قابل دید ہے اور بندہ درگاہ نے ناظرین کرام کی خاطر بکمال عرقریزی و کوشش اسکی نقل حاصل کی چنانچہ وہ حرف بحرف ہدیہ ناظرین کیجاتی ہے -

نقل اقرارنامہ منعقدہ نکاح

فی مابین

جناب نواب فلک رکاب مولوی خست الدولہ ذلت الملک حقارت دستگاہ و نابت پناہ خون خرام جان بیادہ زوال حشمتہ ودولتہ واقبالہ وانیعتہ برباد ہو انکی حشمت و دولت اقبالہ معروف بہ صاحبزادہ برخوردار مولوی صاحب مرحوم اشہبالی لاالعمرہ مخاطب بسسرال بخطاب غارت دولہہ زوج مکرم وقبلہ معظم بی دولھن گہر اجاڑ ہر بیچارہ سماۃ بہر قدم ملقب بہ لقب گہر اجاڑ دولھن ملقب عطیہ بیگم مخاطب بخطاب بیضہ خانم خطاب عطیہ سسرال -

منکہ نواب خست الدولہ ذلت الملک حقارت دستگاہ و نابت پناہ خون حرام جان عرف مولوی صاحب مخاطب بخطاب غارت دولہا خطاب عطیہ سسرالی ولد نواب قرم الدولہ قلتبان علی بیگ رئیس منحوست گڈھہ کا ہون

مین بحالت ہوش و حواس و بہ ثبات عقل بلا جبر و اکراہ اور ترغیب کسی کے اقرار کرتا ہون کہ چونکہ نکاح سنت موکدہ نبوی ہے اور بدو ایام تمیز سے مابدولت ہمیشہ سنت پر چلتے رہے ہین اسلئے لازم آیا کہ اس عمر پنج و ہفتاد سالگی مین جو آغاز عمر شباب ہے ہمکو ایمان کے لئے لابدی ہے کہ سنت نبوی کے مطابق ایک رفیق غمگسار پیدا کرون کہ جسے اپنے ساتھ سنت پر چلاؤن (جیسے ہی یہ دونون فقرے جن پر لکیر کھینچدی گئی ہے پڑھے گئے ایک ظریف بول اٹھا کہ بیان عبارت و دلھا کہ خوب جوبد آپ ہی کی پیدا ہین اور ضرور سنت پر چلائیگا اس ظریف کے اس جملہ پر حضار مجلس نے اور ایک زور کا قہقہہ مارا۔)

چنانچہ صاحبزادی برخوردار نور چشمی گوہر درج عصمت و نیر اعظم فلک عفت بی بی شبر قدم گھر اوجاڑ دلھن ملقب بہ ہیضہ خانم مشترک دختر بلند اختر ہرکارین یعنی نواب خفارت مآب کھٹ پھٹ دولہ و نواب پاپوش قلیخان از بطن حمبلسی بیگم صبیہ سنہ پہاڑ سر پھاڑ خان قوم مغول کے ساتھ من مقر کا آج کی تاریخ حسب شرائط مندرجہ ذیل قرار پایا ہے۔

اول یہ کہ اگر حضور بیگم صاحبہ ممدوح ازراہ مذاق یا خفگی جو مقتضائے معشوقیت ہے خواہ بطور تلطف یا بحالت برہمی مزاج چپکیان لین نوچین گھسوٹین کاٹ کھائین لاتین مارین کبھی اظہار رنجش نکرونگا اور اگر پاس و لحاظ شوہری سے اپنی اس خواہش کا اظہار نکر سکین کہ مابدولت کے سر پر شوق کفش کاری مطلوب ہے تو من مقر کبھی رو گردان نہونگے اور اسمین عین سعادت سمجھکر خود ہی جناب بیگم صاحبہ مخدومہ معظمہ موصوفہ کے دست خاص مین اپنا گھیتلا حوالہ کر دونگا اور سر جھکا دیگا لیکن شرط یہ ہے کہ جناب بیگم صاحبہ ممدوحہ ایڑی کیطرف سے مارنے کا قصد نکرین اور ایک مرتبہ دو ہاتھ سے زیادہ نہ مارین اور ایک دن مین تین بار سے زیادہ نوبت کفش کاری نہ آئے اور باقی من مقر کے ساتھ جناب بیگم صاحبہ کو اختیار ہے کہ جا ہے جسقدر خوش فعلیان فرماوین۔ البتہ اپنے جسم مین بوجہ عارضہ فتق کے پستان مردانہ شرعی محرم خزانہ ازار مستثنی ہوگا اور اگر جانبین سے کسی اس شرط کی تعمیل مین کوئی عذر کرے یا کمی و زیادتی کرے فی الفور طلاق ہو جائیگی۔

دوم قرۃ العینی جناب بیگم صاحبہ مغفورہ اپنی پاچیٹی و راحت و خدمت کے لئے کسی شخص کو رکھین مجھے نہ اعتراض مذکر و مؤنث پر نہ عمر کی بابت پیر و جوان نہ وضع کی نسبت سادہ یا بانکے کی حجت ہوگی اور اوقات استراحت مین معترض اور مخل نہونگا اور اگر کبھی اس شرط کی بجا آوری مین صراحتاً یا حیلتاً انکار کرون تو فی الفور طلاق مغلظہ

شرعی وارد ہو جائیگا۔

سوم۔ بیگم صاحبہ موصوفہ کو اختیار رہوگا کہ چاہے جس وقت جس دوست و عزیز و خویش و بیگانہ کے گھر پر جائیں من مقر کبھی مزاحمت نکریگا اور نہ کبھی متفحص ہوگا کہ کہاں تشریف لے گئیں تھیں چاہے جسوقت دولت خانہ پر معاودت کریں من مقر اگر کبھی دخل دے یا آمد و رفت میں حارج ہو تو فی الفور طلاق مغلظہ شرعیہ وارد ہو۔

چہارم من مقر اقرار کرتا ہی کہ جسوقت بیگم صاحبہ کے آشناساؤں میں سی کوئی صاحب دولتخانہ پر تشریف لاویں اور بیگم صاحبہ چونکہ حیائے مجسم ہیں شرم و حجاب سے منہہ سے نہ کہہ سکیں کہ تو اسوقت کہیں دور ہو جا تو نعلین شریف میں سی ایک من مقر کے سر پر اوندھی رکھہ دینگی تو یہ اشارہ اس امر کا سمجھا جائیگا کہ پہر رات گئی تک صحبت و خلوت مطلوب خاطر عصمت مظاہر ہی اور اگر دونوں پاپوشیاں اوندہی کرکے من مقر کے سر پر رکھدی جاوینگی تو وہ تمام روز و شب پہر دن تک مخل آرام جناب بیگم صاحبہ نہوگا اور اگر کسی طرح اس شرط سے اختلاف کرے تو فی الفور طلاق مغلظہ وارد ہوگا۔

پنجم۔ بجلدوے اس اطاعت و خدمت و اعتبار کے من مقر جناب بیگم صاحبہ سے حسب وعدہ منظور کردہ فی ماہین جناب بیگم صاحبہ سے گذارہ کا مستحق ہوگا اور چونکہ بیگم صاحبہ کی کوئی مقرری آمدنی نہیں جناب بیگم صاحبہ کی پیداوار میں بلا وضعات مصارف فی روپیہ چار آنہ یعنے چہارم کا دعویدار ہوگا اور چونکہ روپیہ پیسہ ایک ایسی چیز ہے کہ جو بجائے خود ایک امتحان نفسانی ہی مبادا بیگم صاحبہ کسی رقم کو من مقر سے بخوف حصہ چہارم مخفی کریں تو جناب بیگم صاحبہ کوئی رقم آمدنی اپنے ہاتھ میں نہ لینگی اور اس خدمت تحصیلداری پر من مقر کو مامور فرماوینگی۔

ششم۔ چونکہ اس شہر لکھنؤ میں اکثر ان منکوحہ بیبیوں نے کہ بوجہ سلطنت گردی کے جن کے شوہر دورثاہ و وسائل معاش سی معذور ہیں اور کسب معاش کا بوجھہ ان بیچاروں کے سر پر پڑا ہے اور مثل مشہور ہے الاحتیاج ام الاختراع ضرورت ایجاد کی ماں ہے یہی وجہ معاش ایجاد ہوئی ہی کہ بیچاریاں خانگی دوکان حسن فروشی رکھہ لیتی ہیں اور اگر کوئی مستقل مزاج و ذی حیثیت و ابلہ خریدار پھنسا اور بازار کے اتار چڑھاؤ سے ناواقف ہوا اور دو چار دن کے لئے وہ بی بی صاحب کو خود انکی ترغیب سی و اظہار شوق سی یا اپنی خواہش سے اپنے گھر لے گیا کہ شوہر صاحب ایک جعلی وارنٹ لے کر اول تو مصنوعی کنسٹبلان پولیس کے ہمراہ ورنہ اہل پولیس میں سی دو چار کو بلالیا اور اس خریدار کے گھر پہونچے اور ادہر تو بیوی صاحب نے اس خریدار سی دوہائی تہائی مچائی کہ حاشا اللہ اس موذی کے چنگل سے اپنی

جان بچاؤین تو اپنی آبرو در کنارِ جان تک حضور پر قربان کر چکی اور ادہر ان کے شوہر و اُسکے رفقانے نجیرے ڈبلے بتلائے غرضیکہ جہانتک اُسکی مقدرت ہوئی اور وہ ہتھے پر چڑہا جسقدر نقد ملا نقد لیا اور باقی کے لئے اُسی مضمون کی درشنی ہنڈی لکھوائی کہ اگر بیچا وعدہ پر نہ دیں تو عدالت میں تشہیر ہوتے ہی ہی نہیں کہ صرف روپیہ دینا پڑیگی بلکہ فوجداری میں دفعہ ۴۱۷ کا علحدہ خوف کہ جرم دغا میں سزایاب ہوں - اگر من بعد کی پرورش اپنی گذران غرضیکہ ضرور رہنا مشترک ہے جناب بیگم صاحبہ کو دوکان مذکور کہنے کی نوبت آئے تو من مقر اقراری ہیں کہ ہر نوع جناب بیگم صاحبہ کے شریک احوال رہینگے لیکن نصف منافع کے ۔ اور اگر اس شرط ششم میں ادنیٰ تا خلاف ورزی ہو تو وہی سزائے فسق عقد نکاح کا مستوجب ہوگا۔

لہذا یہہ چند کلمات بطریق اقرار نامہ رجسٹری شدہ کے لکھہ دئیے کہ وقت پر کام آویں ۔

مورخہ ۳۰ ماہ سپٹمبر دہم سنہ ۱۶ خبطی ۔

یا حضرات ۔ اس اقرار کے پڑہنے اور تحریر ہونے کے وقت عرض نہیں کیا جا سکتا کہ کسقدر شور وغل مچا ہنسنے والے خوف تہا کہ ہنستے ہنستے آدمی بہر لشہ خطمی نہ بن جائیں اور اقرار نامہ کی ہر دفعہ پر سمدہیوں میں بحث و تکرار اور لات جوتی ہیزار کی نوبت آئی تہی اور جسوقت کہ منحوس الدولہ اڑ بیٹھے کہ ہرگز یہ دفعہ نہ منظور کرونگا اور ہیضہ خانم کے باپ بارات کو جواب دیدیتے کہ بس آپ لوگ تشریف لے جائیے اسوقت میاں غارت دولہا چیخ چیخ کر کہتے کہ خسر ابا اس بڈہے چچا سے آپ کو کیا غرض میں بدل و جان آپ کی ہر شرط پر راضی ہوں یہہ مسخرہ ہی بیان اقرار نامہ لکہنے کے وقت اتنی بحث و تکرار کرتا ہے اور بارات نے جسوقت سے گشت کی اُسنے جو بارہ قواعد دستور العمل عیالداری تمام راستہ مجہے پڑہایا ہے اُسمیں اُسنے جن باتوں کے گوارا کرنے کی مجہے خود ہی تعلیم و تلقین کی ہے وہ تو اس اقرار نامہ کی شرائط سے ہزار چند سخت ہیں لیکن انکی خاصیت دیوزادگی ہے کہ خود ایک کام کرنا چاہتے ہیں اور اگر کہیں دوسرے نے کہہ دیا کہ یوں کردو تو ضرور ہی کہ اُسکے خلاف کریں آپ انکی پرواہ نہ کریں میری جوانی پر رحم کریں اور اپنی صاحبزادی کا خیال کریں کہ دسیر گانی چڑہ چکی دروازہ سے بارات جو پہر گئی تو لوگ کیا کہینگے اور بعضی دفعہ پر تو بہ اتفاق ہوتا کہ غارت دولہہ اور منحوس الدولہ اڑ جاتے کہ نہ مانینگے اور بی دولہن جان کے باپ نے نکاح سے قطعی انکار کر دیتے تو اُسوقت پردہ سے اندرون محلسرا سے یہ صدا بلند ہوتی اور بگڑوہی لوڈہی ایسی تیسی کا باپ بنا ہے جاتی دولہا چچا منحوس الدولہ ایسا تم

کی بات ماننا ہین جان ودل سے تمہاری لونڈی ہون یہہ بڑا بدنگاہ ہے اس لئے بارہا بندی پر دست درازی کی اور یہہ سمجھکر کاسہ گدائی دوسرے کے ہاتہہ مین چلا جائیگا سو طرح سے دوست بنکر دشمنیان کرتا ہے اری لوگو مین ایک گھڑی اس گہر مین پانی نہ پیونگی اب تو بندی کے مُنہہ سے قفل جیسا ٹوٹ گیا ۔ اقرار نامہ جائے جوہے بھاڑ مین مجہہ کنواری کنیا کو ایسے جھگڑون سے کیا بی ہمدہین الگ چلاتی تہین نوج ایسے قانون والون سے اگلے وقتون مین ایسے حیان نبان نہ سُنی دیکہی دولہا دولہن راضی کیا کرے گا قاضی ۔

جس وقت محلسرا سے یہہ آوازین آئین ہر فقرہ پر تماشائی ایک فرمائشی قہقہہ لگاتے کہ جسکا شور آسمان تک پہونچتا ۔

الغرض نکاح کی تیاری ہوئی چونکہ جانبین کا طریقہ امامیہ تہا حسب رواج حضرات اثنا عشری فریقین کی جانب سے وکلا معین ہوئے ہرچند کہ وکلا جس برزخ وہئیت کے تہے اور دولہا دولہن سمدہی سمدہنون پر موزون تہے اور بہرکیف اس لائق تہے کہ اُن کا سراپا اور وضع ولباس کا نقشہ کہینچا جاتا لیکن ناظرین مین مرض اختصار پسندی ایک وبائے عالمگیر ہوگیا ہے اور جسے دیکہو اُسکا اسی مثل پر عمل ہے ہرچہ گیرید مختصر گیرید لیکن ابہی جو دولت یا قضیہ نفیسہ کا ایک چہوٹا اور ایک بڑا ڈہیر لگا دیا جائے تو بڑی ہی کو بگڑین گے کوئی پوچھے کہ جب اخبار بینی یا قصے کہانیون کی کتابون سے مشغلہ وقت گذر منظور خاطر ہے تو پہر ایک ناول کیا طول کیا مختصر لیکن رسم ورواج ومذاق پابند توجیہ وسبب نہین اور یہہ وہ چیزین ہین کہ مثل سیل کے ہین جو بہیگا بہا تو پر رواج کے برخلاف چلکر نکو وہ بنے کہ جو دھار پر اُلٹا چڑہے اور اپنی جان دے اسلئے حذف زوائد کرتا ہون ۔

مجلس نکاح غارت دولہا

غارت دولہا کی جانب سے جو صاحب کہ رسم نکاح مین وکیل بنے آپ کا نام نامی میان لغلول دانا تہا اور اس عجیب وغریب نام ہی سے حضرات ناظرین کو معلوم ہوگیا ہوگا کہ آپ کی وضع وصورت کیسی ہوگی جسے ہشیق کہتے ہین گویا اس لفظ کے پورا پورا موضوع لہ تہے اور جو بی سعیدہ خانم کی طرف سے منصب وکالت پر مامور ہوئے تہے آپ کا نام نامی میان مچہندر بیگ متخلص بہ فرزانہ تہا کیون حضرات کیسے اچہے وکلا ہین اب عقائد مجمل ومفصل وخطبہ نکاح کے بعد اب دولہن کی جانب سے جواب ایجاب کے لئے جو دونون وکلا گئے اور اُنہون نے پوچہا بی سبز قدم گہر اُجاڑ دولہن ملقب بہ سعیدہ خانم بنت پہٹ پہٹ دولہ نواب پاپوش قلیخان تمکو نواب خست الدولہ خون حرام جان عم

مولوی صاحب مخاطب بعبارت دولہا کے ساتھ نکاح منظور ہے دو مرتبہ یہہ سوال ہوا لیکن دولہن قبول مین ہون کا ہنگورا نہین بھرتی غرضیکہ اور ہر چند کہ مستورات سمجھاتی ہین لیکن نہین مانتی ۔

حضرات ناظرین کیا عرض کرون کہ مستورات نے جو دولہن کو اسقدر کلمات فہمائش کہے ہیز عجیب بامذاق تھے اور مخلوق خدا کی یہہ کیفیت تھی کہ ایک ایک فقرہ پر لوٹے جاتے تھے لیکن کیا عرض کیا جائے ان فقرون کے اعادہ سے زمانہ حال کی ظاہری تہذیب مانع ہے ۔

بہر کیف جب بہت سی افہام تفہیم کے بعد تیسری دفعہ دولہن نے اس زور سے ہون کی کہ یہہ معلوم ہوا کہ کوئی ہاتھی یا دیو زاد عفریت نژاد چنگھاڑا اور دونون طرف سے منہہ سے تو ہون کا ہنگورا اور مقعد شریف سے باد گویا ایک طرف سی گاما دوسری جانب سے طبلہ پہ تھاپ پڑی حضرات آپ یقین جانئین کہ نہ معلوم ان مسخرون نے کیا کمال کیا تھا کہ قریباً سوا سوا آدمیون نے دولہن کی ہون کی ساتھ پاو کا ٹھرا کا مارا گویا بادل گرجا اور اس وقت شدت ہنسی سے لوگون کی یہہ کیفیت تھی کہ زمین پر بچھے جاتے تھے اور بیدم ہوئے جاتے تھے ۔ اور حضرات ڈومنیون نے ایکطرف سٹھنیان گانا شروع کیا اور زنخوان نے مبارک سلامت کا غل مچایا اور جیسی ہی دولہا حرم سرا سے مجلس رقص و سرود مین تشریف لائے پرانے جوتے جو بچہ مین بھگو رکھے تھے یہہ تصدق کے لئے ایک خوانچہ مین پیش ہوئے اور ایک مسند پر منحوس الدولہ ۔ چٹ پٹ دولہ ۔ غارت دولہا تینون یکجا بیٹھے تھے انہون نے وہ کیچڑ مین بھیگے ہوئے جوتے لیکر خوب ہی آپس باخودہا ایک دوسرے کے سر پر نثار کئے ۔

شبِ زفاف

ناظرین ہشیار ۔ ہر چند کہ یہہ ڈراما خاتمہ پر ہے لیکن بقول شخصے ٹیپ کا مصرعہ یہی ہے اور آگاہ کئے دیتا ہون کہ اور رفت کا بنداب آیا تو ندہائے شریف کو ڈبل مضبوط ہاتھون سی تھامے رہنا ۔

خلوت گاہ بنائی گئی تھی اس قسم کی کہ دیکھنے مین تو یہہ معلوم ہو کہ تخلیہ کا مکان ہے لیکن جو اسکی دیوارین بنائی گئی تھین بانس کی جالی کی اور برائے نام اسے سیٹھون سے اسطرح پاٹا تھا کہ شگاف سے برابر اندر کا حال جھانکنے والے کو آئینہ تھا اور پردے یا تو جھرمرے ٹاٹ کے تھے یا جالی وغیرہ کے کہ فانوس کی صورت تھے دیکھنے مین حجاب اور درحقیقت اندر کا حال بہزار آب و تاب نظر آئے ۔

بی نفیضہ خانم کے لئے پلنگ جو آراستہ ہوا

(۲) جبکہ رجسٹری رجسٹرار ضلع لاہور کی تجویز سے ضمن ب کے بموجب ہو

تنبیہ اس مد کی رسوم زائد وصیت نامجات واختیار نامجات ثبت کی رجسٹری کیواسطے واجب الادا ہوگی۔

اور نہ وہ ایسی صورت میں لیجائیگی جنمیں سب رجسٹرار اس سبب سے کہ اوسکو معاملہ میں روپیہ کا تعلق ہو یا وہ اس زبان سے ناواقف ہے جسمیں وثیقہ لکھا گیا ہو یا کسی اور وجہ سے خود رجسٹری نہ کر سکتا ہو۔

مد پنجم۔ اجراء سے کمشن اور لوگونکے مکان سکونت پر جانیکے واسطے۔

(۱) جبکہ بیماری یا ضعف جسمانی کی بابت سارٹیفکیٹ قابل اطمینان پیش کیا جائے یا جبکہ وہ شخص جسکے اظہار لینے ہوں جیلخانہ میں ہو محہ

(ب) تمام اور صورتوں میں . . . . . . عہ

تنبیہ اس رسوم کے علاوہ سفرخرچ بشرح مندرجہ ذیل اوس مسافت کے بابت لیا جائیگا۔ جو فی الواقع طے کیگئی ہو بشرطیکہ مقام مقصود رجسٹری کے دفتر سے ۱ میل سے زیادہ فاصلہ پر ہو۔ سرکاری ملازمان کی صورت میں اون شرطوں کے مطابق جو مجوزہ خرچ عہدہ داران سول میں تجویز ہوئی ہے۔

یہ تمام عہدہ داران رجسٹری کنندہ کی صورت میں اور نیز اہل کمیشن کی صورت میں بشرطیکہ اہل کمیشن مقرر کیے گئے ہوں ۵ر فی میل بسواری ریل اور ۱۲ر فی میل براہ سڑک۔

مد ششم واسطے داخلے کرنے ترجموں کے . . عہ

مد ہفتم۔ سر بمہر وصیت ناموں کے امانتاً داخل کرنے اور پھیر لینے اور کہولنیکے واسطے۔

(۲) جبکہ دستاویز دفعہ ۴۴ کے بموجب پھیر لیجائے . . عہ

(۳) جبکہ دستاویز دفعہ ۴۵ کے بموجب کھولی جائے . . للعہ

تنبیہ۔ جو وصیت نامے دفعہ ۴۵ کے بموجب کھولی جاویں اونکی بہی نمبر ۳ میں تعمیل کرنیکی بابت مد رسوم کی نقل کی سوائے کوئی اور رسوم نہ لیجائیگی۔

مد ہشتم۔ واسطے تصدیق مختارنامہ متذکرہ دفعہ ۳۳ کی بابت

مد نہم۔ جب دفعہ ۳۶ کے بموجب کسی شخص کی حاضری اور تعمیل کی درخواست گزرے تو شخص مطلوب کا طلبانہ اور خرچہ اس شرح سے جو صوبہ کی عدالتہائے دیوانی کیواسطے مقرر ہے اوس شخص سے لیا جائیگا جسکی استدعائی یا جس کی جانب سے درخواست گزرے اور درخواست کے تمام بھیجا جائیگا لیکن جب شخص مطلوب وہ شخص ہو جس نے دستاویز تحریر ونکی تکمیل کی ہو۔ تو اوس کو خرچہ نہ دیا جائیگا

تتمہ دوسرا ضمیمہ ایکٹ نمبر ۲ سنہ ۱۸۸۶ عیسوی انکم ٹکس

پہلا خانہ	دوسرا خانہ
آمدنی کا باب	ٹکس کی شرح

حصہ (۴)

آمدنی کے اور ابواب

کوئی باب آمدنی کا جو اس ضمیمہ کے حصہ (۱) یا حصہ (۲) یا حصہ (۳) میں داخل نہیں ہے	الف۔ اگر تشخیص سالانہ آمدنی کی		
	صمار پانسو روپیہ سے کم نہو مگر معماصہ سے کم ہو تو ٹکس		عہ روپیہ
	معماصہ سے کم نہو	مگر الف ررر سے کم ہو تو ٹکس	دعہ روپیہ
	الف ررر روپیہ سے کم نہو	مگر الف؎ ررر سے کم ہو تو ٹکس	عہ۵ روپیہ
	الف؎صہ ررر سے کم نہو	مگر الف صما ررر سے کم ہو تو ٹکس	عہ روپیہ
	الف صما ررر سے کم نہو	مگر الف معماصہ ررر سے کم ہو تو ٹکس	صعہ روپیہ
	الف معماصہ ررر سے کم نہو	مگر اع ررر سے کم ہو تو ٹکس	للعہ روپیہ

ب۔ اگر تشخیص سالانہ آمدنی کی دو ہزار روپیہ یا اوس سے زیادہ ہو تو آمدنی ہر فی روپیہ ۵ پائی

انتخاب محصول ڈاک خانجات ہند

(۱) پوسٹ کارڈ ۳ پائی والپسی پوسٹ کارڈ ۶ پائی (۲) چیٹھی نصف تولہ تک ۶ پائی ایک تولہ تک ار اس سے زیادہ کیلئے ہر فی تولہ یا تولہ کی کسر پر ار اور بیرنگ پر دوچند اور رجسٹری پر ۲ر زائد کے ٹکٹ چسپان کرنے چاہیے (۳) پیکیٹ جو کہ ہر دو گوشہ کشادہ ہو ۱۰ تولہ تک ۶ پائی اس سے زیادہ پر فی دس تولہ یا دس تولہ کی کسر پر ۶ پائی ۲ر زیادہ لگانے پر رجسٹری ہو سکتی ہے (۴) اخبارات جنکا محصول مینیجر اخبار کیطرف سے ۳ ماہ کا پیشگی ڈاک خانہ میں داخل ہو تو ۳ تولہ تک ۳ پائی ۳ تولہ سے زیادہ کیلئے بموجب حساب پیکیٹ (۵) پارسل ۲۰ تولہ تک ۴ر چالیس تولہ تک ۸ر اس سے زیادہ پر ہر چالیس تولہ یا چالیس تولہ کی کسر پر ۴ر پیڈ ہو خواہ بیرنگ ہو (۶) بیمہ علاوہ محصول مقررہ کے پچاس روپیہ تک ۲ر اور سو روپیہ تک ۳ر آگے سو روپیہ کے

کسر پر ۱۲ر (۷) منی آرڈر دس روپیہ تک ۲ر پچیس روپیہ تک ۴ر اور آگے دس کی کسر پر ۲ر اور ۶۰۰ روپیہ تک منی آرڈر ہو سکتا ہے اور ایکہی تاریخ مین ایکہی شخص کے نام چار قطعہ چہہ سو کے بہیج سکتا ہے زیادہ نہین بہیج سکتا (۸) وی پی ایبل یعنے قیمت طلب پیکٹ یا پارسل بشرح حسب محصول معمولی پیکٹ و پارسل روانہ ہو سکتا ہے۔ لیکن بروقت بہیجنے کے فرستندہ کو یہ احتیاط رکہنی چاہیے اگر قیمت طلب پیکٹ یا پارسل دس روپیہ کا ہو تو فارم ڈاک خانہ مین دس روپیہ پر ۲ر درج کرے اگر پچیس کا ہو تو پچیس روپیہ پر ۴ر درج کرے اور پچیس سے زیادہ ہو تو پچیس یا پچیس کی کسر پر ۴ر زاید لکہے بموجب حساب منی آرڈر کے (۹) سیونگ بنک مین ہر شخص خواہ مرد ہو یا عورت یا بالغ ہو ۴ر سے لیکر ۲۰۰ روپیہ تک ایک سال مین ڈاک خانہ مین جمع کرا سکتا ہے اور سود اسکا چہہ روپیہ پر ۳ پائی ماہواری ۳⅛ فیصدی کے حساب سے ڈاک خانہ سے روپیہ جمع کنندگان کو ملے گا۔

ہندوستان سے انگلینڈ کا محصول

خط آدہے اونس پر ۲ر پوسٹ کارڈ ۱ر اخبار پانچ تولہ تک ۲ر پیکٹ دو اونس پر ۱ر پارسل فی پونڈ ۸ر منی آرڈر فی دو پونڈ ۴ر پانچ پونڈ کے ۸ر سات پونڈ کے ۱۲ر دس پونڈ کا ۱ر علی ہذالقیاس

مختصر قواعد تار برقی

محصول خبر غیر معمولی تار برقی جو بابین اوقات کام دفتر ٹیلیگراف بغرض روانگی وقت شب کے پیش کیجاوے اور جو اونکی منزل مقصود پر اول وقت صبح آئندہ کو مقصود ہو آٹھہ لفظ تک ۸ر زائد فی لفظ ۱ر محصول غیر معمولی جو بابین اوقات کام دفتر ٹیلیگراف کی جاوے آٹھہ لفظ تک ۱ر آٹھہ سے زیادہ فی لفظ ۲ر محصول خبر ضروری۔ جو بابین اوقات کام دفتر ٹیلیگراف کے فوراً روانہ کیجائے۔ آٹھہ لفظ تک ۲ر آٹھہ لفظ سے زیادہ فی لفظ ۴ر

محصول خبر واسطے طبع اخبار ۳۲ لفظ تک اگر غیر ضروری خبر ہے تو آٹھ آنہ اگر معمولی خبر ہے تو عصہ اگر ضروری ہے تو عہ تار برقی انگلینڈ میں چٹگام یا اوس سے بجیم کے شہروں سے انگلینڈ کو اگر تار دیا جائے بشرطیکہ ترکی درہ سے ہو تو فی لفظ ۱ر ہونگے اور اگر طہران یا نہر سویز کی راہ سے ہو تو فی لفظ ۱۲ ار ہونگے اور یہہ محصول تبدیل بہی ہو جاتا ہے اگر کوئی شہر کیجانب چٹگام سے ہو گا فی لفظ ۲ر زائد ہونگے —

کرایہ فاصلہ اسٹیشن وار نارتھ ویسٹرن ریلوے پنجاب و سندھ ریلوے ڈویزن لپنشاور سے

نام اسٹیشن	فاصلہ از لاہور تا کراچی فی میل انگریزی	کرایہ از لاہور تا کراچی	نام اسٹیشن	فاصلہ از لاہور تا کراچی فی میل انگریزی	کرایہ از لاہور تا کراچی	نام اسٹیشن	فاصلہ از لاہور تا کراچی فی میل انگریزی	کرایہ از لاہور تا کراچی	نام اسٹیشن	فاصلہ از لاہور تا کراچی فی میل انگریزی	کرایہ از لاہور تا کراچی
مسلسل ٹرین درمیان لاہور و کراچی			مظفروال	٠	٠	خیرپور	۴۲۹	صر	پہلجی	۵۹۴	۱۰ر
لاہور انفصال	٠	٠	شیرشاہ	۲۱۸	عہ/	میرپور متھیلو	۴۳۸	صہ/	دادو	۶۰۴	۱۲ر
میانمیر مغربی	۴	۳ر	بچ	۲۲۲	عہ۰	سرحد	۴۴۶	۱۲ر	خدا آباد	٠	٠
کاہنا کاچھا	۱۳	۰۲ر	چک	٠٠	٠٠	گھوٹکی	۴۵۳	صہ/	بہان	۶۱۶	۰۳ر
رائیونڈ انفصال	۲۶	۵ر	شجاع آباد	۲۳۲	عا۰	مہیسر	۴۶۲	صہ۰	بوباک روڈ	۶۲۲	۰ر
کوٹ رادھا کشن	۳۴	۰۶ر	گیلا والہ	۲۴۶	عا۳ر	پانو عاقل	۴۶۹	صہ/	سیہوان	۶۲۹	۶ر
چھانگا مانگا	۴۴	۸ر	بیران پور	٠	٠	سانگی	۴۰۷	صہ۰	باگاٹوڑا	٠	٠
پتوکے	۵۲	۰۹ر	لودہران	۲۶۱	۱ر	روہڑی	۴۸۸	۱۰ر	لکی	۶۴۰	۸ر
وان رادھارام	۶۰	۱۱ر	آدم وان	۲۶۷	۲ر	سکھر	۴۹۱	۱۲ر	آمری	۶۴۹	۰ر
بہت گہیرہ	۷۱	۱۳ر	آدم وان برج	۲۷۰	۰ر	شاہپور	٠	٠	سن	۶۴۲	۱۲ر
اکاہڑہ	۸۰	۱۵ر	بہاولپور	۲۷۱	۰ر	باگرجی	۴۹۹	۰۱۳ر	مانجھند	۶۶۳	۱۴ر
گمبیر	۸۸	عہ/	سماستا	۲۷۹	۴ر	رک مقام انفصال	۵۰۶	۱۵ر	کونہگ	۶۸۱	۰۱۵ر
یوسف والہ	۹۷	عہ۲ر	کلانچ والہ	٠	٠	مدیجی روڈ	۵۱۸	۱ر	بڈاپور	۶۹۱	۰۱ر
منٹگمری	۱۰۴	عہ۰ر	مبارک پور	۲۹۲	۰ر	ناصرت	٠	٠	انارپور	٠	٠
ہڑپہ	۱۱۶	عہ۵ر	احمد پور	۳۰۱	۰۸ر	ننڈیرو	۵۲۷	۰ر	پٹھیارو	۷۰۳	۰۳ر
چیچہ وطنی	۱۲۹	عہ۶ر	چنی دیگہوٹہ	۳۱۵	۱۱ر	ماہیوتہ	٠	٠	کوٹڑی	۷۱۷	۰۶ر
کسووال	۱۳۹	عہ۱۰ر	چودہری	۳۲۷	۱۳ر	لاڑکانہ	۵۳۹	۵ر	بہلاری	۷۲۳	۰۷ر
چینون	۱۵۰	عہ۱۳ر	فیروزہ	۳۴۱	للعہ	باکرانی روڈ	۵۴۷	۰۶ر	میٹنگ	۷۳۵	۹ر
کچا کہوہ	۱۶۲	عہ۰ر	خانپور	۳۵۵	للعہ۲	ڈوکری	٠	٠	جہم پیر	۷۴۷	۱۲
خانیوال	۱۷۷	عا/	کوٹ سماہہ	۳۶۹	للعہ۵	ہاڈہی	۵۵۸	۰ر	جاجنگ شاہی	۷۶۷	۰۱۵
رشیدہ	۱۸۷	عا۳ر	رحیم یار خان	۳۸۲	للعہ	رادہن	۵۷۰	۱ر	رن پٹھانی	٠	٠
تاتی پور	۱۹۵	عا۴ر	صادق آباد	۲۹۶	للعہ۳ر	بالی شاہ	٠	٠	دابیجی	۷۸۹	لعہ۰
ملتان شہر	۲۰۷	عا۷ر	ولہر	۴۰۶	للعہ۱۲	سیتا روڈ	۵۸۱	۱۳ر	پیپری	۷۹۷	للعہ۵
ملتان چھاونی	۲۰۸	عا۶ر	ریتی	۴۱۷	للعہ۱۴ر	پیارو گوٹھ	٠	٠	لانڈہی	۸۰۵	لعہ

لیئر	۰	۰
نتہل	۰	۰
کراچی چھاؤنی	۸۱۸	لعہ۹/
کراچی شہر	۸۲۰	لعہ۹/

مسلسل ٹرین درمیان پشاور وچھاؤنی دہلی

پشاور چھاؤنی	کرایہ از پشاور چھاؤنی	
		۰
پشاور شہر	۳	۰/
گڑھی سردار	۶	۱/
تارو	۱۱	۲/
پبی	۱۴	۰۲/
نوشہرہ تحصیل	۲۳	۴/
نوشہرہ	۲۷	۵/
اکوڑا کھٹک	۳۵	۰۶/
جہانگیرا روڈ	۴۰	۰۷/
خیر آباد	۴۴	۸/
پل اٹک	۴۷	۰۸/
کیمبل پور	۵۵	۱۰/
لارنس پور	۶۴	۱۲/
برہان	۶۹	۱۳/
حسن ابدال	۷۹	۱۴/
سرائے کالا	۸۵	عہ/
ٹنگ جانی	۰	۰
گولڑا اتصال	۹۶	عہ۳/
راولپنڈی	۱۰۵	۰عہ۴/
راولپنڈی کچہری	۰	۰
سوہان	۱۱۱	۰عہ۶/
روات	۱۱۸	عہ۷/
مندرا	۱۲۷	۰عہ۸/
گوجر خان	۱۳۶	۰عہ۹/
ستاکیوال	۱۴۲	۰عہ۱۰/
سوہاوا	۱۴۸	۰عہ۱۱/
ترکی	۱۵۳	۰عہ۱۲/
ڈومیلی	۱۵۷	۰عہ۱۳/
دینا	۱۶۴	۰عہ۱۴/
جہلم	۱۷۸	عا/
کڑیالہ	۱۸۰	عا۱/
کھاریاں	۱۸۶	عا۳/
لالہ موسیٰ اتصال	۱۹۶	۰عا۴/
گجرات	۲۰۸	عا۷/
کہمبالہ	۲۱۲	۰عا۸/
وزیرآباد اتصال	۲۱۶	عا۹/
گکھڑ	۲۲۶	۰عا۱۰/
گوجرانوالہ	۲۳۶	عا۱۲/
کاموں کے	۲۴۹	۰عا۱۴/
مرید کے	۲۶۱	سے۱/
شاہدرہ	۲۷۳	سے۲/
بادامی باغ	۲۷۶	۰سے۳/
لاہور اتصال	۲۷۸	سے۴/
میاں میر مشرقی	۲۸۱	۰سے۵/
جلو	۲۸۸	سے۶/
واگا	۰	۰
اٹاری	۲۹۵	سے۷/
خاصہ	۳۰۲	۰سے۸/
امرتسر اتصال	۳۱۰	سے۱۰/
جنڈیالہ	۳۲۲	۰سے۱۲/
بٹاری	۳۳۰	سے۱۴/
بیاس	۳۳۶	سے۱۵/
مشرقی کنارہ	۳۳۸	۰سے۱۵/
ہمیرہ	۳۴۶	للعہ۱/
کرتارپور	۳۵۰	۰للعہ۲/
جالندھر شہر	۳۵۹	للعہ۴/
// چھاؤنی	۳۶۲	للعہ۴/
چہیڑو	۳۶۷	۰للعہ۵/
پھگواڑہ	۳۷۳	۰للعہ۶/
گوراہا	۳۷۸	للعہ۷/
پھلور	۳۸۶	۰للعہ۸/
لادھووال	۳۸۹	للعہ۹/
لدھیانہ	۳۹۲	للعہ۱۰/
ساہنیوال	۴۰۴	للعہ۱۱/
دوراہا	۴۰۸	۰للعہ۱۲/
چاوا	۴۱۵	۰للعہ۱۳/
کھنا	۴۲۱	للعہ۱۵/
سرہند	۴۳۲	صہ۱/
سرائے بنجارہ	۴۴۱	۰صہ۲/
راجپورہ اتصال	۴۴۸	صہ۳/
شمبھو	۴۵۴	صہ۵/
انبالہ شہر	۴۶۰	صہ۶/
انبالہ چھاؤنی اتصال	۴۶۵	صہ۷/
کیسری	۴۷۲	۰صہ۸/
برارہ	۴۸۰	صہ۱۰/
مصطفےآباد	۴۸۶	صہ۱۱/
جگادھری	۴۹۷	صہ۱۳/
سرساوا	۵۰۷	صہ۱۵/
سہارنپور اتصال	۵۱۵	ے۰/
ناگل	۵۲۶	۰ے۲/
دیوبند	۵۳۷	۰ے۴/
دوہانہ	۵۴۴	ے۶/
مظفرنگر	۵۵۱	ے۷/
مظفر پور	۵۵۹	۰ے۸/
کھتولی	۵۶۵	ے۱۰/
سردھنہ	۵۷۶	ے۱۲/
میرٹھ چھاؤنی	۵۸۳	ے۱۳/
میرٹھ شہر	۵۸۶	ے۱۴/
محی الدین پور	۵۹۲	ے۱۵/
بیگم آباد	۵۹۸	معہ/
مرادنگر	۶۰۴	معہ۱/
غازی آباد اتصال	۶۱۴	معہ۳/
دہلی شاہدرہ	۶۲۳	معہ۴/
دہلی	۶۲۷	معہ۵/

سندھ ساگر شاخ کرایہ از لالہ موسیٰ

لالہ موسیٰ	۰	۰
جوڑا	۸	۱/
ڈنگا	۱۵	۰۲/
چیلیانوالہ	۲۱	۴/
بہاؤالدین	۲۹	۰۵/
آلہ	۳۵	۰۶/
ہریہ	۳۹	۷/
ملکوال اتصال	۴۵	۰۸/
میانی	۵۴	۱۰/
عصاپور	۰	۰
بہرہ	۶۳	۰۱۱/

ملکوال اتصال	۴۵	۰۸/
ہرنپور اتصال	۵۱	۰۹/
کھیوڑہ	۶۰	۱۱/

ہری پور	۵۱	۹/
پنڈ دادنخان	۵۷	۰۱۰/
گول پور	۶۴	۱۲/
ٹبد	۷۶	۱۴/
ڈھاک	۹۱	عہ۱/
راجو	۹۴	۰عہ۱/
سندرال	۰	۰
خوشاب	۱۰۴	۰عہ۳/
ہڈالی	۱۱۴	۰عہ۵/
مٹھا ٹوانہ	۰	۰
گنجیال	۱۳۱	۰عہ۸/
وان بھچراں	۱۴۴	عہ۱۱/
کندیاں	۱۵۷	۰عہ۱۳/
آلووالی	۰	۰
پپلاں	۱۷۰	عا/
کلور کوٹ	۱۸۲	عا۲/
شاہ عالم	۱۹۵	۰عا۴/
دریاخان	۲۰۹	عا۷/
بھکر	۲۲۰	عا۹/
بہل	۲۳۵	عا۱۲/
کروڑ	۲۴۹	۰عا۱۴/
دوراٹا	۲۵۸	۰سے/
لیہ	۲۶۶	سے۲/
کوٹ سلطان	۲۸۰	۰سے۴/

دایرہ دین پناہ	۲۹۲	۱۴/
کوٹ ادو	۳۰۰	۱۵/
سناوان	۳۱۰	۱۵/
محمود کوٹ اتصال	۳۱۹	۱۱/
غازی گھاٹ	۳۳۰	۱۴/
محمود کوٹ	۳۱۹	۱۱/
مظفر گڈہ	۳۳۵	۱۴/
چناب مغربی	۳۴۰	۱۵/
شیر شاہ	۳۴۵	لعہ
مظفر آباد	۰	۰
ملتان چھاونی	۳۵۶	للعہ
ملتان شہر	۳۵۷	للعہ

فیروز پور شاخ کرایہ از رائے ونڈ

رائے ونڈ	۰	۰
راجہ جنگ	۳	۰/
رکن والہ	۸	۱/
قصور	۱۶	۳/
گنڈا سنگھ والہ	۲۳	۴/
حسینی والہ	۲۹	۵/
فیروز پور شہر	۳۱	۵/
فیروز پور چھاونی	۳۳	۶/

خوشحال گڈہ شاخ کرایہ از خوشحال گڈہ

ننگر	۳/	۲/
پنڈ سلطان	۲۱	۴/
بسال	۲۵	۴/
جونترہ	۳۴	۶/
گگن	۴۲	۸/
فتح جنگ	۱۱	
تفتیال	۵۷	۹/
گولڑا اتصال	۶۱	۱۰/
راولپنڈی	۶۹	۱۲/

کرایہ از وزیر آباد تا طوی (جموں)

وزیر آباد جنکشن	۰	۰
سودرا	۷	۱/
بگووالہ	۱۱	۲/
سمبڑیال	۱۶	۳/

اگوکی	۲۱	۴/
سیالکوٹ	۲۷	۵/
ڈالووالی	۲۹	۵/
سوچیت گڈہ	۰	۰
رنبیر سنگھ پور	۴۰	۷/
میرانصاحب	۰	۰
ستواری چھاونی	۴۹	۸/
طوی (جموں)	۵۱	۹/

کرایہ از طوی تا وزیر آباد

طوی (جموں)	۰	۰
ستواری چھاونی	۳	۰/
میرانصاحب	۰	۰
رنبیر سنگھ پور	۱۱	۲/
سوچیت گڈہ	۰	۰
ڈالووالی	۲۲	۴/
سیالکوٹ	۲۵	۴/
اگوکی	۳۱	۵/
سمبڑیال	۳۶	۶/
بگووالہ	۴۰	۷/
سودرا	۴۵	۸/
وزیر آباد اتصال	۵۱	۹/

پٹھانکوٹ کرایہ از امرتسر

ویرکہ	۵	۱/
کتھونگل	۱۲	۲/
جینتی پور	۱۸	۳/
بٹالہ	۲۴	۴/
چھینان	۳۱	۵/
دھاریوال	۳۶	۶/
سوہل	۳۸	۷/
گورداسپور	۴۴	۸/
دینانگر	۵۱	۹/
جھکولاری	۵۸	۱۱/
سرنہ	۶۱	۱۱/
پٹھانکوٹ	۶۷	۱۲/

سندھ پشین سیکشن کرایہ از چمن تا کوئٹہ

چمن	۰	۰
سنزل	۱۲	۳/
شالاباغ	۱۹	۴/
قلعہ عبداللہ	۲۹	۷/
گلستان	۳۷	۹/
سید حمید	۴۵	۱۱/
سرانان	۵۲	۱۳/
یارو	۶۰	۱۵/
بوستان اتصال	۶۷	۱/
کچلاک	۷۴	۱/
بلیلی	۸۰	۱/
کوئٹہ	۸۸	۱/

از کوئٹہ تا چمن

کوئٹہ	۰	۰
بلیلی	۸	۲/
کچلاک	۱۴	۳/
بوستان اتصال	۲۱	۵/
یارو	۲۹	۷/
سرانان	۳۶	۹/
سید حمید	۴۴	۱۰/
گلستان	۵۱	۱۲/
قلعہ عبداللہ	۵۹	۱۴/
شالاباغ	۶۶	۱/
سنزل	۶۷	۱/
چمن	۸۸	۱/

کرایہ از کوئٹہ تا رک مقام اتصال

کوئٹہ	۰	۰
بلیلی	۸	۲/
کچلاک	۱۴	۳/
بوستان اتصال	۲۱	۵/
کھناوی	۳۱	۷/
فلرز کیمپ	۳۷	۹/
کچھ	۴۵	۱۱/
ڈرگا فرج	۵۲	۱۳/
ناکس	۵۹	۱۴/
ڈرگی	۶۴	۱/
کھوست	۷۳	۱/
شاہرگ	۸۲	۱/
ناقف	۹۱	۱/

ہرنائی	۹۵	۱/
سناری	۱۰۵	۱/
سپین ٹانگی	۱۱۴	۱/
گندلوجل	۱۱۹	۱/
کوچالی	۱۳۶	۱/
بابرکچھ	۱۴۴	۱/
تندوری	۱۴۰	۱/
ناڑی	۱۴۸	۱/
سبی	۱۵۶	۱/
ناتھیری	۱۶۸	۱/
لنڈسے	۱۸۰	۱۱/
بیل پٹ	۱۹۶	۱۴/
نٹال	۲۱۴	۳/
ٹمپل ڈیرہ	۲۴۰	۵/
جھٹ پٹ	۲۴۵	۶/
جیکب آباد	۲۵۳	۷/
عاقبہ	۰	۰
ہمایوں	۲۶۶	۱۱/
سلطان کوٹ	۰	۰
شکارپور	۲۷۹	۱۴/
جامرا	۰	۰
رک اتصال	۲۸۹	للعہ

حیدرآباد امرکوٹ سیکشن کرایہ از شادی پلی

شادی پلی	۰	۰
میرپور خاص	۱۴	۲/
ٹانڈو الہیار	۳۳	۶/
کیسانو	۴۰	۷/
ٹانڈو جام	۴۹	۸/
ہتار و	۰	۰
حیدرآباد سندھ	۵۶	۱۰/
گدو بندر	۵۵	۱۱/
کوٹری بندر	۵۹	۱۲/

ماڑی شاخ کرایہ از کندیان

کندیان	۰	۰
میانوالی	۹	۱/
سمندوالہ	۰	۰
پائی خیل	۲۲	۴/
داؤد خیل	۰	۰
ماڑی	۳۶	۶/

تخفیف شدہ کرایہ مسافران درجہ سوم درمیان لاہور اور مقامات ذیل۔ میاں میر مغربی ۰/ رائے ونڈ ۴/ رکن والہ ۵/ راجہ جنگ ۵/ قصور ۳/ گنڈا سنگھ والہ ۷/ فیروز پور چھاونی ۸/ امرتسر ۶/

[illegible]

بقیہ تواریخ جوبلی

سلسلہ کیلیے دیکہو جنتری کلان سنہ ۱۸۹۲ء

باب پانچوان قیصر کی کتخدائی کے بیان مین

قیصر کے طلب گار۔ لکہتے ہین کہ بعد ادائے رسوم تاجپوشی قیصر نے وہ اپنا رنگ و روغن نکالا کہ قابل دید تہا بس ان بیاہی ملکہ زمان و زمانیان و قیصر ہند و ہندوستانیان کے ہم پہلو بنکر تخت شاہی پر بیٹہنے کی خواہش اہل انگلینڈ مین ایسا نوجوان کون تہا کہ جس کے سر مین نہ سمائی ہوگی اور اس گوہر شاہوار سے رشتہ کتخدائی کی ہوس اس کے دل مین نہ آئی ہوگی اس عہد علیہا کی نسبت کے خواہشمند اس قدر بکثرت موجود ہوگئے کہ ایک وقائع نگار لکہتا ہے کہ وکٹوریہ سے قبل کسی ملکہ کے اس کثرت سے خواہان پیدا نہین ہوئے تہے قیصر کے خواہان حالت جنون و آوارگی مین زیادہ نظر آئے اور بارہا گرفتار کئے گئے اکثرون نے بذریعہ مراسلات اپنے ارمان بہرے ارادے پرستان قیصر کی جناب مین گذارش کئے جنکا احوال طول ہے اور یہان انکا ذکر فضول ہے۔ قیصر کو انگلستان کی تخت نشین دیکہہ کر یورپ کے نزدیک و دور ملکون کے شہزادے ان سے نسبت کرنیکی ہر طرح بندشین باندہتے تہے بلکہ متوفی بادشاہ چہارم ولیم نے نیدرلنڈ کے شہزادے الکزنڈر کو اپنی بہتیجی وکٹوریہ کے لئے پسند کر لیا تہا اور دوسرے بادشاہی خاندان والون نے کمبرج کے شہزادے جارج کو مگر یہہ سب خیالات خام تہے۔ شعر

معلوم نیست کہ میل بار بکیست ٭٭ ہر کس بخیال خویش خبطے دارد

قیصر کے بزرگون کا ارادہ شادی کی بابت

ملکہ عالم کے دل مین اپنے پہپیرے بہائی شہزادہ البرٹ کی لیاقت اور الفت سمائی ہوئی تہی اور شہزادہ البرٹ بہی بہزار جان قیصر کے خواہان تہے وکٹوریہ و البرٹ کے بزرگون نے یہہ بات اسوقت سے ٹہان رکہی تہی جبکہ یہہ دونون ہنوز گہوارہ مین جہولتے تہے۔ غرض یہہ شادی فقط دولہا دلہن کی ہی خوشی سے نہین ہوئی بلکہ ان کے کل بزرگ وارثونکی اسمین رضا اور رغبت تہی۔

قیصر کا البرٹ سے رشتہ

قیصر کا جس سے عقد ہوا وہ شہزادہ البرٹ ڈیوک آو کوبرگ کا دوسرا فرزند تہا ولادت اس شہزادیکی کوبرگ سے چار میل کے فاصلے پر روزینا بستی مین سنہ ۱۸۱۹ء مین ہوئی کہ جس سال ہماری قیصر پیدا ہوئی ہین۔ قیصر اس شہزادی سے تین ماہ اور کوئی دو دن روز عمر مین بڑی ہین۔ نام اس شہزادی کا فرانسس چارلس آگسٹس البرٹ مانوئل تہا۔ اور بعد کتخدائی کے پرنس کنسرٹ آو انگلنڈ مشہور ہوے

قیصر کی والدہ ڈچس آف کنٹ شہزادہ البرٹ کے والد ڈیوک آف کوبرگ کی بہن تہین پس قیصر کے رشتے مین وہ شہزادہ پھپیرا بہائی ہوتا تہا۔ اور پرنس لیوپولڈ بادشاہ بلجیم قیصر کا ماموں اور البرٹ کا چچا تہا۔ جو اپنی بانو عزیز جلالیق شہزادی شارلٹ کے انتقال سے نہایت مغموم ہوکے لنڈن ہی مین سکونت پذیر تہا اور یہی شخص اپنی ہمشیرزادی اور برادرزادہ کی قرابت کا کامل طور سے بانی تہا۔

البرٹ کی والدہ کی طلاق

جب شہزادہ البرٹ سنہ ۱۸۲۴ء مین ۵ برس کا ہوا اس وقت اسکی والدہ اور والد کی مفارقت ہوگئی اور دو سال کے بعد شہزادہ کی والدہ کو طلاق دیگئی۔ بعد طلاق کے شہزادہ البرٹ اور ان کے بڑے بہائی شہزادہ ارنسٹ نے کبھی اپنی ماں کو نہین دیکھا۔ وہ غریب ۳۲ سالہ سنہ ۱۸۳۳ء مین اُس دُنیا سے نقل کرگئی جسکا غم البرٹ کو مدت تک رہا پہر البرٹ اور ارنسٹ کو انکی دو دادیون نے پرورش کیا۔

البرٹ کی انگریزی وضع

شہزادہ البرٹ اگرچہ ملک جرمنی کا باشندہ تہا لیکن پیدایش سے وضع اسکی کچھہ کچھہ انگریزی معلوم ہوتی تہی اور وہ پادری جسنے ڈیوک اور ڈچس آف کنٹ کی نکاح خوانی کے رسم ادا کئے تہے۔ اسینے اس شہزادہ کو اصطباغ بہی دیا تہا۔

البرٹ کی دادی کا انتقال

شہزادہ البرٹ کی دادی نے اپنے پوتے البرٹ اور اپنی پوتی وکٹوریہ کے دلونمین اوائل عمر سے ایسی محبت قائم کر دی کہ آغاز عمر سے ہی اُن دونون مین سررشتہ رسل رسایل جاری ہوگیا تہا۔ جب شہزادہ البرٹ کی عمر شہور سال کے شمار تک پہنچی تب اس ضعیفہ خاتون نے اس جہان کے افکارات سے نیتیم ہوکر وصلۂ آخرت طلب پایا تہا لیکن البرٹ و وکٹوریہ کی نسبت ناتے پر اپنے فرزند شہزادہ لیوپولڈ کو پورے طور پر آمادہ کرگئین تہین جسکا اثر اظہر ہے۔

البرٹ کی لیاقت علمیہ

شہزادہ البرٹ نے مختلف علوم بہت جلد حاصل کر لئے تہے۔ علی الخصوص علم اللسان۔ علم موسیقی۔ علم ادب۔ علم اخلاق۔ اور علم تمدن جو کہ سلاطینون کیلئے واجبات سے ہین۔ البرٹ کے اخلاقی درس اور جسمی ورزش کی تربیت نے یہہ اثر پیدا کیا کہ سن بلوغ کو پہنچتے ہی وہ نوجوان ایک بلند خیال صاحب جمال شکیل وعقیل و محبوب القلوب ہوگیا۔ علاوہ تحصیل علوم کے شہزادہ کو تمام ملک جرمنی کے سفر اور نیز ملک آسٹریا ہالنڈ۔ سوزرلنڈ۔ اطالیہ وغیرہ دور دراز ملکون کی سیاحت سے تجربہ عالم و عالمیان خوب ہوگیا۔ بلکہ اعلی درجہ کی معلومات نے جہان دیدہ بنایا۔ باینہمہ شادی سے پیشتر بلکہ جشن کتخدائی تک یہہ شہزادہ بڑی احتیاط سے تعلیم و تربیت پاتا رہا صورت و سیرت دونون مین یہہ ایک نہایت حسین و متین شہزادہ تہا۔

البرٹ و قیصر کی پہلی ملاقات

سنہ ۱۸۳۶ء مین یہہ شہزادہ سترہ برس کا ہوا اس وقت اپنے والد ڈیوک آف کوبرگ اور بہائی پرنس ارنسٹ کے ہمراہ لنڈن مین آکے ایک مہینہ تک کنگٹن محل مین رہا تہا۔ انہ

قیصر کو شہزادہ البرٹ کے ہمراہ سیر تماشون مین جانے اور باغ اور باغیچون مین گلگشت کرنیکی اجازت تھی۔ بعض صاحب لکھتے ہین کہ اسیوقت سے اُن دونون کا دل مودت منزل برنگ گل و بلبل باہم والہ و شیدا ہوگیا تھا۔

شگون نیک

سنہ ۱۸۳۶ء کی موسم بہار مین جب شہزادہ البرٹ اربرگ کا دور دراز سفر کرکے واپس آیا اسوقت اُسکو سب سے پہلے اپنے مکان مین ملکہ انگلستان کی تصویر نظر پڑی جسے شہزادہ نے اپنی تشریف آوری کا شگون بشارت مشحون تصور کیا۔

قیصر نے اس تصویر کو خاص اپنی فرمایش سے کھچوا کر بڑی تاکید سے روانہ کی تھی کہ شہزادہ مکان مین قدم رکھتے ہی سب سے پہلے اس تصویر کو دیکھ لے۔

البرٹ کی ملاقات

سفر مذکور سے واپس آنیکے دوسرے مرتبہ البرٹ اپنے بڑے بھائی کے ہمراہ اکتوبر مہینے مین لنڈن کو آیا تھا۔ اُسوقت قیصر نے اپنے ماموں کو خط مین لکھا کہ شہزادہ البرٹ کا حسن ایک عجیب و غریب ایسا دلفریب ہے کہ جسکے نظارے سے حسن پرستونکا دل ناشکیب ہے۔ اُسکی محبوب القلوبی بے تکلفی و بے ریائی کے ساتھ سحر سامری کا کام کررہی ہے۔ ان دنون بعد از فراغ امورات لابدی شب کے وقت بڑی تیاری کے ساتھ ضیافتین اور ناچ اور رنگ ہوا کرتے اور ان جلسون مین قیصر خود کو احد من الناس ایک مخلص عورت تصور کرتین۔ اور بلا تکلف شریک ہوکر شہزادہ البرٹ کے ساتھ اکثر اوقات خوش ادائی سے بڑی ہنرمندی کے ساتھ رقص کیا کرتین۔

پارلیمنٹ مین نکاح کی گفتگو اور روز کا معین ہونا

سنہ ۱۸۴۰ء کی تیارہوین تاریخ جنوری کو پارلیمنٹ مین خود قیصر نے کہا کہ اب مین اپنے پھپیرے بھائی شہزادہ البرٹ کے ساتھ شادی عقد کا ارادہ رکھتی ہون اور اسمین مجھے اپنی خود کی خانگی خوشی کے علاوہ رعایا کی بہبودی بدرجۂ کمال نظر آتی ہے۔ بنابرین اب مین چاہتی ہون کہ شہزادہ البرٹ کیلئے ہز رایل ہینس کا بادشاہی خطاب مقرر کیا جائے۔ پھر بہزار تکرار پارلیمنٹ مین شہزادہ البرٹ کے لئے جو کہ ملکہ انگلستان کے شوہر ہین لاکھ روپے کا سالانہ وظیفہ علاوہ خطاب کے قرار پایا۔ فروری کی دسوین تاریخ سنہ ۱۸۴۰ء نکاح کے لئے مقرر ہوئی۔ شہزادہ اپنے والد اور بڑے بھائی کے ساتھ بکنگام پالس مین چلا گیا۔

رسومات کتخدائی۔

چونکہ ایک صدی سے زیادہ عرصہ ہوگیا تھا کہ انگلستان مین کسی ملکہ کی شادی نہین ہوئی تھی سو اب عرصہ دراز کے بعد قیصر کی شادی کا موقع اہل انگلنڈ کے ہاتھ آیا جسنے اس ملک کے ہر غنچۂ احباب پر بہت شگوفہ خوشنودی کھلایا کہ معمول سے زیادہ خوشی و خورمی رعایا کو حاصل ہوئی۔ ہر ایک کا دل باغ باغ تھا غم سے فراغ تھا۔ سحر کا تڑکا ہوتے ہی بکنگام پالس مین ایک عام ازدحام لگ گیا تھا۔ شعرون کے مضمون کا تذکرہ عام تھا۔

شعر

چمن چمن ہے ہر ایک کوچہ آج انگلنڈ کا + یا ہے باغ ہستی مین گل طرہ تاج انگلینڈ کا۔

غرض مقام مذکور سے سنٹ جیمس کے گرجا گھر تک دلہن اور نوشاہ کی سواری جانیوالی تھی تماشائیان برومند کی ہر صف رنگارنگ کی پوشاک کے باعث جسے وہ فلڈرس کہتے ہین پہولونکی ڈالی بنی تھی جب دن کے پونے بارہ گھنٹے ہوئے تب شہزادہ البرٹ مع اپنے والد اور بھائی کے خدم و حشم کے ساتھ گرجا گھر کو روانہ ہوا۔ اور سوا بارہ بجے قیصر اپنی والدہ اور ڈچس اوسدہرلنڈ کے ساتھ شاہانہ زرق برق درخشندہ لباس زیب تن فرماکر آفتاب نصف النہار کی مانند آراستہ پیراستہ ہو کے کہلی گاڑی مین روانہ ہوئین۔ لباس سفید ساٹن کا تھا اور اوسپر کلابتو کا کام کیا ہوا تھا۔ دسہزار روپے فقط کلابتون کا خرچ بتلایا گیا ہے۔ اس لباس کو دو سو آدمیون سے کچھ زیادہ کاریگرون نے ملکر آٹھ مہینے مین تیار کیا تھا جب قیصر گرجا گھر مین آئین تب چہرہ انکا اترا ہوا اور متفکر معلوم ہوتا تھا۔ لیکن انکی وفادار رعایا کی صدای مرحبائی جسکی آواز آسمانی رعد سے بہت ہی بڑھ چڑھ کے تھی فوراً اس برق وش کو خندہ رو بنا دیا جون جون آگے بڑھتی تھین دونون چارو طرف سے غلغلہ تہنیت سرائی کا زمین سے آسمان تک جا پہنچا اور پھر توپونکی شلک سے گاؤ زمین کا کلیجہ ہل گیا طبل اور برق وغیرہ کی آواز اس قدر بلند ہوئی کہ طاؤس فلک ناچنے لگا۔ غرض کہ اس مبارکباد کے اظہار نے نزدیک و دور کی خلقت کو آگاہ کر دیا کہ مطابق آئین دلہانے دلہن کو انگشتری پہنائی اور مناکحت کے تمام رسومات اندرون گرجا گھر ادا ہو چکے۔ اور پھر خلق اللہ نے بکنگام پالس کیطرف رجوع کی تاکہ اپنی والیہ ملک کو اسکی نوشاہ کے ساتھ واپس آتے ہوئے دیکھین اور اپنی وفاداری کی داد تالیون کے شور وغل اور ہُرے کی پرجوش صدا سے دین۔ یہہ سواری لنڈن سے ونڈسر کو جسکا فاصلہ بائیس میل کا ہی گئی اور وہانتک تمام راستہ تہنیت دینے والون سے معمور تھا اور ہر سمت سے صدائے حبذا و مرحبا کا شور تھا۔ یہان انکو حسن معاشرت کے رسومات اداکرنیکے لئے جسے انگریزی مین ہنی مون کہتے ہین فقط تین ہی روز ملے کیونکہ کاروبار ریاست کی نگرانی کا تقاضا متحرک تھا۔ لہذا فوراً وہ لنڈن کو واپس آگئے۔

پارلیمنٹ مین دربار قیصر نے اٹھارہوین فروری کو بکنگام پالس مین ایک دربار منعقد فرمایا جس مین پارلیمنٹ کے ہر دو محکمون کی جانب سے تہنیت نامے گذرانے گئے۔ اور پھر لنڈن کے پادری اور کارپوریشن اور بعد اسکے کامبرج کے مدرسۃ العلوم اور سکاٹ لنڈ کے گرجا گھر وغیرہ مقامات سے آئے ہوئے تہنیت نامے پیش ہوئے۔ پھر نوشاہ البرٹ کو انگلستان کے اعلی درجہ نائیٹ گرانڈ کراس کا خطاب عطا ہوا

قیصر کے خسر کی روانگی اٹھائیسوین فروری ۱۸۴۰ء کو ڈیوک آف کوبرگ خسر قیصر انگلینڈ سے روانہ ہو کے جرمنی کو واپس آئے شہزادے کو اپنے والد کی مفارقت از حد شاق ہوئی۔ قیصر اپنے روزنامچے مین اپنے خاوند کے غم کو دیکھنے تو کس دلسوز تقریر و بین بیان کرتی ہین۔ آہ میری عزیز ترین اور میری گران بہا خاوند کا دل اسوقت کیا ملول ہے۔ باپ بھائی اور دوست آشنا سب انکو اور ملک کو اُسنے ترک کیا۔ اور میری ہی لئے ترک کیا۔ باری تعالی تو مجھے اس میرے عزیز کی خوشنودی کا باعث کر۔

شادی کا خرچ قیصر کی شادی کا خرچہ جو سرکاری خزانے سے ہوا وہ (۹۲۲۶۰) روپے کا گنا گیا- جس مین سنیٹ جیمس کے گرجا گھر کی درستگی کو (۴۷۰۸۰) روپے خرچ ہوے اور سرکاری دفاتر کی روشنی کو (۴۸۰۰) روپے ناٹک و تماشے خانون کے لئے (۲۱۱۵۰) روپے اور شہزادہ البرٹ کے لنڈن کی مسافری کے لئے (۱۶۲۲۳۰) روپے-

عروسی کیک عروسی کیک جو قیصر ہند کی شادی مین تیار ہوا تہا- سو نہایت عجیب غریب ذائقہ کا تہا نہ کبھی کسو نے ویسا دیکھا تہا نہ سنا مزا اس کا عجب لذیذ مقدار اس کی بہت بڑا اور اوسپر نفیس نقش بنائے گئے تہے وہ کیک نو فیٹ سے زیادہ مدور تہا- اور سولہ انچ عمیق اور وزن اوس کا (۳۰۰) رطل اور قیمت (۲۱۰۰) روپے تہی- اور چار آدمیون کے ہاتہہ سے وہ میز پر رکہا جاتا تہا اسکی نقش و نگار بیل بوٹہ و تصویرون مین بڑا کمال و ہنر ظاہر کیا گیا-

اہل یورپ کے خیالات مخفی نرہے کہ ابہی تک انگلستان کے جہال شادی کی کیک کا اپنی معشوق کے دام محبت مین گرفتار کرنیکے لئے ویسا ہی عجیب استعمال کرتے ہین- جیساکہ ہمارے یہان کے بعض عامل حب کا عمل کرتے ہین- ایک صاحب انگریز جنہون نے آداب عاشقی و خلوت سازی مین ایک رسالہ تصنیف فرمایا ہے وہ لکہتے ہین- کہ شادی کرنیکے لئے چہارشنبہ و پنجشنبہ بہترین روز ہین اور جمعہ کو بدترین روز ٹہیرایا ہے غرض کہ ابہی تک یہہ لوگ سعادت نحوست ایام کے قایل ہین- اسی طرح شادی کی ضیافت مین ایک خاص قسم کی مچہلی کا ہونا بہت مبارک سمجہتے ہین- علی الخصوص جبکہ وہ مچہلی جمعہ کے روز پکڑی ہوئی ہو-

قیصر کی خوابگاہ کا سوال اب اس باب کو ختم کرنیکے قبل مناسب یہہ ہے

شعر

زیر و زبر ہے دل سو کر ایک نقطہ پیش و کمی ۔ بدین قبوح لکہتے ہین لفظ فتوح کو

کہ قیصر کے خواب گاہی سوال کے نام سے مخالفون نے شوریدہ خود غرضی ہو کر بدمزگی کے ساتہہ جسکی شورش تمام انگلستان مین پہیلائی تہی- اس کو اختصار کے ساتہہ بیان کیا جائے پڑہنیوالون کو سمجہنا چاہیے کہ خواب گاہی سوال کے نام سے جو بحث کہ ایک دفعہ زبان زد خاص و عام ہوچکی ہے اسے قیصر کی کتخدائی یا خوابگاہ کو حقیقت مین کسی طرح کا علاقہ یا لگاؤ نہین- یہہ فقط کنسرو ٹو جماعت والے یعنی ٹوری لوگونکی پادشاہ وقت کے حق مین زیادتی تہی- حال یہہ ہے کہ سنہ ۱۸۳۹ء مین یعنے قیصر کی تاجپوشی چندے بعد پارلیمنٹ کی تبدیلی ہوئی- لارڈ ملبورن جو قیصر کی تخت نشینی کیوقت وزیر اعظم اور لبرل جماعت والے وہگ لوگون کے سردار تہے بلکہ پادشاہی معاملات کی پوری فہمایش کرنیمین گویا قیصر کے استاد تصور کئے جاتے تہے اور علاوہ اس کے قیصر کے محب صادق اور خیر خواہ موافق بہی تہے وہ مستعفی ہوئے اور انکی جائے پر سر رابرٹ پیل ٹوریز کے سردار وزیر بننے کے لئے آمادہ ہوئے اور اپنی جماعت سے اس نئی وزارت کے عہدہ دار انتخاب کرنیکے لئے قیصر کی خدمت مین حاضر ہوئے- گفتگو کرتے ہوئے- اتفاقاً قیصر کی زبان سے بیساختہ یہہ کلمے نکل گئے کہ مجہے اپنی قدیم وزرا کی رائے دلسے پسند تہی- اور اب مین انکی مستعفی ہونیسے ناخوش ہون- یہہ کلمے سر رابرٹ پیل کو از حد شاق گذری اور انکا پہلا یہہ گمان بالکل پکا ہوگیا کہ لارڈ ملبورن نے اس نوجوان ملکہ کے دل مین

اپنے خیالات اس قدر ذہن نشین کر دئیے ہین - کہ بلکہ ہمیشہ انہین کی رائے کو زیادہ تر پسند کرینگی پھر آگے بڑھ کے سر رابرٹ نے قیصر کی تمام ہم نشین لیڈیونکو اور خواب گاہ کی سہیلیون کو ان کے عہدہ ون سے معطل کر کے اپنی جماعت کے امرائی لیڈیون کو مقرر کرنیکی درخواست کی جو حسب قانون پارلیمنٹ جائز تہی - لیکن قیصر نے اس درخواست کو مطلقاً نامنظور فرمایا بلکہ اپنی ایک سہیلی کو بہی علیحدہ کرنے سے صاف انکار کیا خیر آخر کو سر رابرٹ پیل نہایت ناراض ہوکے وہان سے اٹہا اور ایک طرفۃ العین مین یہ تمام گفتگو ٹوریز لوگونمین مشہور کر دی لیڈیون کی تبدیلی کی بحث کا نام ٹوریز لوگون نے ازرو حسد کے خواب گاہی سوال رکھہ دیا بطور مضحکہ جابجا ہر گلی کوچہ و بازار مین یہی گیت گاتے رہے اور اپنے گیت مین اسی خاصی دھنا سری بناتے رہے - بلکہ لکہتے ہین کہ ایک گہوڑ دوڑ کے مجمع مین قیصر کی سواری کو دیکہہ کر ٹوریز لوگون نے اپنی شہزادی مہر نگار ملکہ کامگار کی شان مین جو اُن کی خداوند نعمت ہین ہس ہس یعنے نفرین کی آوازین بلند کین - الغرض بعد بحث بیشمار و تکرار بسیار کے قیصر نے وہی اپنے قدیم وزیر لارڈ ملبورن کو واپس بلا کے قلمدان وزارت عنایت فرمایا اور تہوڑے ہی دنونمین یہہ سب باتین رفع دفع ہوگئین مگر اس وقت کے مباحثے نے قیصر کو آجتک ایسا ہوشیار کر دیا کہ تبدیل وزارت کے وقت آپ نے کبہی کسی جماعت کی طرفداری نہ کی ۔

باب چھٹا قیصر کا عالم سہاگ

قیصر و البرٹ کا اتحاد

بعد شادی کے قیصر نے ایک خط مین لکہا کہ تمام دنیا مین بہترین عزیز ترین اور نہایت افضل صاحب تمکین اگر کوئی شخص ہے تو وہ میرا شوہر ہے - قیصر کی نسبت البرٹ کا بہی یہی خیال تہا - الغرض ان دونومین اتحاد دلی اور انس قلبی تہا ہر ایک دوسرے کا سچا مددگار سچا دلدار اور سچا غمخوار تہا - غرض البرٹ کی وفات تک ان دونونکی محبت اور اخلاص روز افزون رہا - قیصر اور البرٹ کو شادمان با فراغ دیکہہ کر تمام رعایا جس کو پادشاہونکا چمنستان کہتے ہین باغ باغ تہی - چارون طرف سے پیہم تہنیت نامے و سپاس نامون کا مسلسل تار بندہ گیا تہا یہانتک کہ ایک روز البرٹ کو ۲۷ تہنیت خوان جماعتون کا جدا جدا شکریہ ادا کرنا پڑا -

قیصر و البرٹ کے حقوق

البرٹ کو قیصر پر شوہر بننے کا ایک حق تہا تو قیصر کو انکی ملکہ اور صاحب خانہ بننے کے دو حق البرٹ پر ہتے - مگر قیصر البرٹ کی دلداری مین ایسی محو ہوگئی کہ کبہی خود کو البرٹ سے رو برو ملکہ خیال نہین کرتین اور خانہ داری کے کل امورات مین البرٹ کو مختار کل گردانا تہا - اگرچہ محل کے عہدیدار جو بڑے لارڈ اور نامور لیڈیان تہین وہ ایک اجنبی نو وارد البرٹ کی مختاری سے ناراض ہوکے وقت بوقت قیصر سے کہدیا کرتین کہ حضور آپ ملکہ جہان ہین اور مالک مکان ہین اور آپ کے شوہر آپکی رعیت مین پہر ان کا اتنا بہت اختیار کیون - اس فقرے کے جواب مین قیصر یہی فرماتین کہ عقد نکاح کے وقت شوہر کی محبت خوہ

کی عزت اور شوہر کی تابعداری کا جو اقرار مین لیے کیا ہے سواب اُس کا پورا کرنا مجہپر واجبات سے ہے البرٹ بہی ہر حالت مین قیصر کے پورے حقوق کا لحاظ بڑی باریکی اور دانائی کے ساتہہ کیا کرتا۔ اور ہر امر کو عین مصلحت سے سرانجام دیتا۔

درباری معاملے مین البرٹ کی رائے

قیصر کی خانہ داری کے علاوہ درباری امورات مین بہی البرٹ سے خفیہ طور پر مشورہ کیا کرتین اور ایک البرٹ دانائی زمان شخص تہے قیصر کو ایسی رائے صایب دیتے کہ وہ اُن رائے پر نازان ہوتین مگر البرٹ ظاہرا آپ کو قیصر سے بالکل علیحدہ رکہتے اور درباریون سے بہی بہت خلا ملا نہین رکہتے اسی باعث شروع مین لوگ ان کو بڑا متکبر سمجہتے تہے اور اکثر ناواقف لوگ وقار و وقعت کو تکبر سمجہے ہوئے ہین بلکہ جو کم سخن فضول گو نہین اُس کو بہی مغرور متکبر کہا کرتے ہین۔ قیصر بایں رتبہ اپنے شوہر کو ہمیشہ اسی القاب سے رقعہ لکہتین (پیارے خاوند)

انتظام خانہ داری

سب سے پہلے البرٹ کو خانہ داری کی بدانتظامی کے دفعیہ کے لیے بڑی کوشش کرنی پڑی۔ محل مین کثرت ملازمین کے باعث یہہ اندہیر چل رہا تہا کہ اگر دریچے کا ایک شیشہ ٹوٹ جاوے تو دوسرا کانچ بٹہلانیکی منظوری منتظمان محل سے ہفتون مین نہین ملتی ہر دریچے کے اندر کا شیشہ صاف کرنے کے لیئے علیحدہ عہدیدار مقرر تہے اور باہر کے لیے علیحدہ پس اسی پر بدانتظامی کو قیاس کر لیجیے اندرون محل کے امورات کے لیے دو لارڈ مقرر تہے۔ ایک چیمبرلین یعنے حاجب اور دوسرا سٹوورڈ یعنے خانسامان۔ یہہ دو بڑے عہدیدار تہے۔ اور ہر ایک کے ماتحت اور عہدہ دار تہے اور ان کے علاقے مین پہر کئی ملازم مرد و عورتین تہین اور ایک ملازم کا کام ایسا خاص مقرر کیا ہوا تہا کہ دوسرا اس مین دخل نہ کر سکے۔ آخر یہی البرٹ ہی تہے کہ اس بدانتظامی کو ایسے حسن انتظام سے مبدل کر ڈالا کہ تا زیست اُن کو گہر کے معاملات کا پورا آرام حاصل ہو۔

نقاشی کا دہنگ اور راگ رنگ

قیصر و البرٹ کا فرصت کے وقت نقاشی کی طرف ضرور میلان خاطر رہتا تہا۔ پرنسس رایل اور ولیعہد بہادر کی بہت سی تصویرین چہوٹی عمر کی انہین قیصر و البرٹ کے قلم سے کہنچی ہوئی ہین اور رنگ بہی انہین کے ہاتہہ کا دیا ہوا ہے۔ ان دونون کو جیسا کہ نقاشی مین ملکہ تہا ویسا راگ مین بہی بے نظیر تہے۔ البرٹ مضامین عالیہ کو فوراً منظوم کرتے اور وہین قیصر راگ مین انکو سنا کر خوش کرتین اور آپ بہی خوش ہوتین کسی نے خوب مصرع کہا ہے۔ سدا حسن اور عشق مین لاگ ہے یا قیصر کو فن موسیقی کی شایق دیکہہ کر رعایا کو بہی کمال شوق پیدا ہوا۔ اور جس ناٹک مین قیصر و البرٹ کا جانا ہوتا وہان سرود کی وہ باریکیان سُننے مین آتین کہ لوگ حیران رہجاتے اور اس ترکیب سے ناٹک والے آسودہ حال بہی ہوجاتے کہ قیصر کے آنیکی خبر پر گران قیمت سے بیشمار ٹکٹ فروخت ہوجاتی

بردہ فروشی کی ممانعت

قیصر کے پورے اعتماد سے خانہ داریکی مختاری حاصل کرنیکے بعد البرٹ کبہی کبہی بہبودی خلایق کی طرف متوجہ ہونے لگا اور لوگون کے دلونمین بہی انکی تکبری کا جو شبہہ تہا وہ رفتہ

رفتہ دور ہوتا گیا۔ ۱۸۴۰ء مین جون کی پہلی تاریخ کو بردہ فروشی کی ممانعت کی مجلس مین پہلی مرتبہ البرٹ صدر نشین ہوئے اور پہلی مرتبہ انگریزی مین تقریر کرکے انگریزون کے دلون کو محو کر لیا۔

بعد شادی کی تنہائی پسند

قبل کتخدائی قیصر کو لنڈن کی دہوم دہام ناچ رنگ اور دوسری مجلسین بہت پسند تہین۔ مگر بعد شادی کے قیصر لنڈن سے بیزار ہوکے اکثر قریون مین بود و باش کرتین اور وہین بڑی بڑی محل تیار کرواکے اپنے شوہر کے ساتہ بخوشی رہا کرتین۔ سچ ہے۔

شعر

یا آئینون مین عکس حسینون کے بند مین ؛ جو مہ جبین ہین دیکہنے خلوت پسند ہین

باب ساتوان قیصر کا مادری عالم

ولادت اطفال کی میعاد

شعر

دل شگفتہ صاحب اولاد ہے ؛ نخل بار آور سے باغ آباد ہے

۱۸۴۰ء کی فروری کی دسوین تاریخ کو قیصر کتخدا ہوئین اور اسی سال نومبر مہینے کی اکیسوین کو آپ کو بڑی شہزادی پرنسس رایل پیدا ہوئین۔ اور پہر ۱۸۵۷ء کے اپریل مہینے کی چودہوین تاریخ کو ہندوستان مین غدر کا ہنگامہ برپا تہا۔ آپ کو اخیر شہزادی بٹرس پیدا ہوئین۔ غرضیکہ سترہ برس کے عرصے مین قیصر کو کل نو فرزند پیدا ہوئے جن کا تاریخی مفصل حال آٹہوین باب مین ملاحظہ فرمائیے۔

قیصر کی زچگی

لکہتے ہین کہ ہر زچگی کے وقت البرٹ بذات خود قیصر کی خبرداری کرتے۔ ہر کام مین بنفس نفیس حاضر رہتے۔ تاریک کمرے مین قیصر کے پاس بیٹہ کر متفرق کتب کے عمدہ مضامین سے انکی طبیعت کو مسرت بخشتے۔ الغرض قیصر کے یہہ کلمے البرٹ کی دلی محبت کے لئے کافی ہین۔ البرٹ خدا واسطے مین بجائے والدہ کے تہے۔ اور البرٹ کے جیسی رحمدل فہمیدہ دائی بہی کہان۔

فرزندونکی تربیت کا قابل غور طریقہ

البرٹ و قیصر اپنے فرزندونکی تعلیم و تربیت مین حد سے زیادہ ساعی رہتے۔ علاوہ علوم و فنون متفرقہ کے انکو خانہ داری کی تعلیم دینے کے لئے قیصر نے اپنی ایک سالگرہ کی خوشی مین اپنے رہنے کے قیصر اسبورن سے ایک میل کے فاصلے پر ایک مکان عالیشان مع ایک بڑے باغ کے بنام سوس کاٹیج اپنے فرزندون کے لئے تیار کروایا۔ یہہ مکان کیا تہا کہ شہزادی و شہزادون کے لئے ایک خاصہ کارخانہ اور عمدہ تعلیم کی زراعت تہی۔ اس باغ کے باہر نو باغیچے تیار کرکے ہر فرزندون کے نام ایک ایک معین کردیا۔ ان باغون مین یہہ شہزادے اپنے اپنے فن کے کامل باغبان اور کاشتکارونکی ماتحت مانند مزدورون کے دو دو تین تین گہنٹہ کام کیا کرتے۔ ہل چلاتے زمین کہودتے بیج بوتے۔ اور فصل بہی اپنے ہاتہون کاٹتے۔ اسی باغ مین ایک چہوٹا سا خوش ترکیب (پورا) قلعہ تیار کیا گیا۔ اور اس مین عمارتی راج لوہار وغیرہ کل کام شہزادون کے ہاتہ سے لیا گیا۔ حتی اینٹون کے لئے (پزاوہ) بہی انہین شہزادون کی

ہاتھوں تیار کی گئی تھی۔ اسی سرس کا نتیج مین ایک شاہ باورچی کے ماتحت تمام شہزادیان قسم قسم کا پکوان شیرین و نمکین و ترکاری و ساگ - مٹھائی طرح طرح کی - اچار چٹنی - مربے - وغیرہ اپنے ہاتھون پکا و بنا کر تیار کرتین۔ اسی محل مین ایک شہزادونکی واقفیت کے لیے قدرتی اشیاء کا ایک عجائب خانہ بھی ہے جسمین موالید ثلاثہ یعنے جمادات - نباتات و حیوانات کے عمدہ نمونے موجود ہین۔ ایک مرتبہ ان شہزادی و شہزادیون نے نامور شاعر ٹامسن کی موسمی منظومات پر ایک ناٹک کیا تھا جس مین ہر ایک فرزند نے ایک ایک طرح اختیار کر لی تھی - کہتے ہین کہ یہہ ناٹک قیصر کی ایک خاص تقریب مین کیا گیا تھا۔ اور تمام حضار ان عزیزون کی لیاقت پر حیران رہے تھے۔ ایک مرتبہ ایک چھوٹی شہزادی نے کھیلتے ہوئے اپنی ایک اصیل کے ہاتھ سے بلاکنگ کا برش لے کر اس کا منہ اور اس کے کپڑے سیاہ کردئے - آخر قیصر کو یہہ حال معلوم ہوا تو اس شہزادی پر بے طرح خفا ہوئین اور اسے گھسیٹ کے اس کمرے مین لے گئین اور معافی طلب کروائی بلکہ اس شہزادی کے تئین کئے ہوئے پیسون سے اُسی وقت نئے کپڑے سلوا کر اس آنا کو پہنوائے - الغرض کامل طور سے اپنی فرزندون کو تربیت کر کے جناب مہد علیا ملکہ عالم و عالمیان ان نور چشمون کو اکثر سیر و سیاحت مین اپنی ہمراہ رکھتی تھین - کبھی دریائی سفر اور کبھی زمین کا سفر کرتی رہتی تھین اس مصرع کے مطابق بسیار سفر باید تا پختہ شود خامی - قیصر نے اپنی شہزادون کو زمین کے دور دراز حصے مین روانہ فرما کے تجربات سفر سے انکو ماہر کروایا - دیکھئے تو شہزادہ ڈیوک آف اڈنبرو نے ذریعہ بحر تمام دُنیا گھوم آئے - شہزادہ ولیعہد بہادر کو دیکھئے کہ دور و دراز ملکون کا سفر کر کے اپنے مرکز اصلی کی طرف رجوع کیا - اسی طرح قیصر کے معزز شہزادے ڈیوک آف کناٹ جو ابھی ہند مین بمبئی کے سالار فوج ہین بے کھٹکے ملک افغان کی تمام سرحد گھوم آئے ان تینون شہزادون نے اپنی تشریف آوری سے ہند کو سربلند کیا ہے - غرض یہہ شہزادے شعور مند ہوئے بعد اپنی رغبت دلی سے کتخدا بنے اور صاحب اولاد ہوئے۔

باب آٹھوان قیصر کے فرزندون کے بیان مین

قیصر کے فرزند سعادت مند کل نو ہین جن مین چار شہزادے ہین اور پانچ شہزادیان - تمام کتخدا اور دو کے سوا سب بفضل خدا ابھی زندہ ہین۔

۱ - پرنسس رائل جن کا پورا نام شہزادی وکٹوریہ اڈلیڈ میری لوسا ہے تاریخ ولادت انکی اکیسوین نومبر ۱۸۴۰ء مین ہے - وہ بادشاہ جرمنی ولیعہد شہزادے فریڈرک ولیم سے ۲۵ جنوری ۱۸۵۸ء مین بیاہی گئی ہین - ان سے تین شہزادے اور چار شہزادیان موجود ہین۔

۲ - پرنس آف ویلز جن کا اصل نام البرٹ اڈورڈ ہے قیصر ہند و ملکہ انگلستان کے ولیعہد بہادر ہین ولادت انکی ۹ نومبر ۱۸۴۱ء مین ہے بادشاہ ڈنمارک نہم کرسچین کی بڑی شہزادی الگزنڈرہ سے بیاہ

مارچ سنہ ۱۸۶۳ء کو کتخدا ہوئے ہین یہ دوسرے شہزادے ہین جو سنہ ۱۸۷۵ء مین ہندوستان کی سیر کو آئے تھے ان کی اولاد ہے۔

۱- شہزادہ البرٹ وکٹر ہے جو ہشتم جنوری سنہ ۱۸۶۴ء کو پیدا ہوا۔

۲- شہزادہ جارج فریڈرک آرنسٹ البرٹ ہے جو ۳ جون سنہ ۱۸۶۵ء کو تولد ہوا۔

۳- شہزادی لوئیس وکٹوریا الگزنڈرہ ہے جو ۲۰ فروری سنہ ۱۸۶۷ء کو پیدا ہوئی۔

۴- شہزادی وکٹوریہ الگزنڈرہ اولگا مری ہے۔ جو ۶ جولائی سنہ ۱۸۶۸ء کو پیدا ہوئی۔

۵- شہزادی جولٹ مری وکٹوریہ ہے جو ۲۶ نومبر سنہ ۱۸۶۹ء مین تولد ہوئی۔

۳- پرنسیس الیس جن کا نام مو مری ہے۔ یہہ شہزادی ۲۵وین اپریل سنہ ۱۸۴۳ء کو تولد ہوئی اور سنہ ۱۸۶۲ء کی پہلی جولائی کو ہستے کے گرانڈ ڈیوک چہارم لوئی کی عروس بنین اور سنہ ۱۸۷۸ء کے چودہوین دسمبر کو اس جہان سے گذر گئین۔ ان سے ایک شہزادہ اور چار شہزادیان یادگار ہین۔

۴- ڈیوک آف ایڈنبرو شہزادہ الفرڈ ارنسٹ البرٹ جو سنہ ۱۸۴۴ء کے اگست مہینے مین ۶ تاریخ کو تولد ہوئے اور سنہ ۱۸۷۴ء کی ۲۳وین تاریخ جنوری کو متوفی شہنشاہ روس کی شہزادی گرانڈ ڈچس میری کے شوہر بنے۔ یہہ اول ہی شہزادے ہین جو سنہ ۱۸۷۰ء مین ملک ہندوستان کی سیر کو تشریف فرما ہوئے تھے۔ گھر ان کا ایک شہزادہ اور چار شہزادیون سے آباد ہے۔

۵- پرنسیس ہلینہ یعنی شہزادی اگسٹہ وکٹوریہ سنہ ۱۸۴۶ء کی ۲۵وین ماہ مئی کو تولد ہوئین اور سنہ ۱۸۶۶ء کے ۵ جولائی کو سلیسوگ ہولسٹن کے شہزادہ فریڈرک کرسچین سے منعقد ہوئین ہین۔ ان سے دو شہزادے اور دو شہزادیان حیات ہین۔

۶- پرنسیس لوئیز شہزادی لوئیز کیرولین البرٹ سنہ ۱۸۴۸ء کے ماہ مارچ کی ۱۸وین کو پیدا ہوئین اور جان مارکوئس آف لورن سے ۲۱وین ماہ مارچ سنہ ۱۸۷۱ء کو منسوب ہوئین ہین ابھی انہین کوئی اولاد نہین ہوئی

۷- ڈیوک آف کناٹ جن کا نام نامی آرتھر ولیم پیٹرک البرٹ ہے یہہ شہزادہ اول ماہ مئی سنہ ۱۸۵۰ء کو پیدا ہوئے۔ اور ۱۳وین مارچ سنہ ۱۸۷۹ء کو پرشیا کے متوفی شہزادے کی دختر پرنسیس لوئیس مارگرٹ کے ساتھہ کتخدا بنے یہہ تیسرے شہزادہ ہین جو سنہ ۱۸۸۳ء مین ہندوستان کو تشریف فرما ہوئے تھے اور اب تو علاقہ بمبئی کے سالار فوج مقرر ہین۔ اور باجازت پارلیمنٹ اپنی والدہ قیصر کی انگلستان کی جوبلی کے جشن مین شامل ہونے کے لئے لنڈن کو تشریف لیگئے ہین انکو ایک شہزادی اور ایک شہزادہ خدانے عطا فرمایا۔

۸- ڈیوک آف البنی شہزادہ لیوپولڈ جارج ڈنکن البرٹ ہین جو سنہ ۱۸۵۳ء کی ۷ - اپریل کو پیدا ہوئے اور ۲۷وین اپریل سنہ ۱۸۸۲ء مین والڈک پیرمونٹ کی شہزادی ہیلن سے بیاہے گئے اور سنہ ۱۸۸۴ء کی ۱۸وین مارچ کو اس جہان فانی سے اقلیم جاودان کیطرف سفر کرگئے۔ اپنے بعد فقط ایک ہی شہزادی چھوڑ گئے ہین۔ قیصر کو انکی وفات از حد شاق گذری ہے

۹۔ پرنسیس بٹیرس شہزادی بٹیرس میری وکٹوریہ فیوڈور جو ۱۴ وین اپریل ۱۸۵۷ء مین تولد ہوئی۔ اور ۲۳ وین جولائی ۱۸۸۵ء کو بیٹنبرگ کے شہزادہ ہنری سے بیاہی گئی۔ یہہ شہزادہ بلگیریہ کے معزول شدہ پادشاہ الگزنڈر کے بھائی ہین سال گذشتہ کی ۱۸۸۶ء نومبر مہینے مین ۲۳ وین تاریخ کو ایک شہزادہ ان کو تولد ہوا ہے۔

باب نوان قیصر اور اُسکی اولاد کے سالانہ وظیفہ کے بیان مین

۳۸۵۰۰۰۰ روپے کی رقم قیصر کے لئے بعد ادائے رسومات تاجپوشی مقرر ہوئی۔ بدین تفصیل۔

۶۰۰۰۰۰ روپے قیصر کے خانگی اخراجات کے لئے۔

۱۳۱۲۶۰۰ روپے پادشاہی خاندان کے وظیفہ کے لئے۔

۴۴۲۴۴ روپے معزول شدہ ملازمون کا وظیفہ۔

۱۳۲۰۰۰ روپے انعامات شاہی کے لئے مع خیرات وغیرہ۔

۲۶۳۰۰۰ روپے عام طور پر دربار مین خرچ کرنے کے لئے۔

۳۸۵۰۰۰۰ جملہ روپے۔

رقم مذکور اس شرط پر مقرر ہوئی کہ اگر کسی سال چالیس لاکھ روپے سے زیادہ خرچ کیا جائے تو اس کا مفصل حساب تیس ۳۰ روز کے اندر پارلیمنٹ مین پیش کرین۔

۴۵۰۰۰۰ روپے کی رقم علاوہ رقم مذکور کے ضلع لانکسٹر سے ڈچس پنے کی قیصر کو ملتی ہے۔

۸۰۳۰ روپے کی رقم اسی ضلع کی وائین شراب کی آمدنی سے اصل سے قیصر کو ملا کرتی ہے۔

۱۰۱۰ روپئے کی رقم لنڈن کی وطن داری کے حق سعی کے نام بیسے ملا کرتی ہے۔

۳۵۲۴۹۰ روپئے متفرق مقامات کے دائمی اخراجات کے لئے مقرر ہین۔

۳۹۷۳۲۰ ۔ دریائی جہازات کی سیر کیلئے مقرر ہین۔

۳۱۱۵۰۰ روپے پادشاہی رسالے کے لشکری اخراجات کے لئے۔

قیصر کی خانگی املاک

۲۲۹۲۰ روپئے سکاٹلنڈ کے پرگنہ ابرڈین کی بطور کرایہ کے سالانہ آمدنی۔

۲۱۰۰۰ روپئے انگلنڈ کی ہینٹ ایر پرگنہ کی آمدنی

۶۹۰ روپے سٹرے کے پرگنہ کی آمدنی۔

الغرض ۱۸۸۶ء مین کل رقم قیصر ہند کو ۵۶۰۲۰۳۰ روپے کی وصولی ہوئی تھی۔ علاوہ آمدنی مذکور بالا کے ۱۸۸۲ء مین جنگل کے کمشنرون سے کلرمونٹ کی جگہ ۴۷۰۰۰۰ روپے کو قیصر نے خرید کی ہے۔ اور ملک جرمنی مین کوبرگ کی طرف سے بھی قیصر کی خاص ملک ابھی باقی ہے۔

قیصر کی سرکاری آمدنی سے اُن کی اولاد کو حسب ذیل رقمین ملا کرتی ہین۔

۲۵۰۰۰ ۔ ڈیوک آو اڈنبرو کو۔ ۲۵۰۰۰ ڈیوک آو کناٹ کو

۸۰۰۰ پروشیہ کی شہزادی فریڈرک ولیم کو۔

۶۰۰۰ پرنسیس لوئیس کو۔

۶۰۰۰ ڈچس آف کمبرج کو۔

۵۰۰۰ پرنسیس آف ٹیک کو۔

۶۰۰۰ شہزادی البنی کی بیوہ کو۔

۶۰۰۰ شہزادی کرسچین کو۔

۶۰۰۰ پرنسیس ہنری کو

۳۰۰۰ میکلن برگ کی گرانڈ ڈچیس کو

۱۲۰۰۰ ڈیوک آف کمبرج کو۔

۴۰۰۰۰ شہزادہ ولیعہد پرنس آف ویلز کو

۱۰۰۰۰ پرنس آف ویلز کی بیگم کو۔

۱۰۲۳۱۳۲۳۰ پرنس آف ویلز کو ۱۸۸۵ء مین پرگنہ کارنوال کا محصول ملا تہا۔

خدانخواستہ اگر پرنس آف ویلز کی بیگم بیوہ ہو جاوے تو تین لاکہہ روپے کا سالانہ انکے واسطے مقرر ہوا ہی۔

باب دسوان قیصر کی فرمانروای عالم

انگلینڈ کا افلاس

شعر

قسام ازل نے وہین سونپا اُسے ناسخ ؎ جو شخص کہ جس چیز کے قابل نظر آیا

قیصر ایک لیق فرمانروا ہین۔ یہہ کلمہ بالاتفاق تسلیم کیا گیا ہے۔ یہان لیق سے مُراد رعایا پرور۔ عدل گستر۔ بیدار مغز۔ فریادرس۔ منصف مزاج۔ نیک سیرت۔ خوبصورت۔ بہتری خواہ خلایق ہے۔ دیکھئے ۱۸۴۲ء مین قیصر نوعروس تہین۔ اُن دنون اس بحر خوبی کی طبیعت مین ناچ اور راگ کا شوق موجزن تہا۔ لیکن انگلینڈ کی رعایا کا ایک بہت بڑا حصہ افلاس و فلاکت کے باعث گرفتار رنج و محن تہا۔ مفلسی و ادبار کی گہٹا انکی سرونپر چارونطرف سے چہا رہی تہی۔ فاقہ کشی غایت درجہ انکو ستا رہی تہی۔ ملکی ہنر اور ملکی کسب کی ترقی کی خواہش کا چارونطرف سے شور برپا تہا۔ ان روزون ولیعہد بہادر پرنس آف ویلز کو اصطباغ دینے کی تقریب ۲۵ جنوری ۱۸۴۲ء کو مقرر ہوئی۔ اور بڑے کروفر کے ساتہہ اسکی تیاریان ہونے لگین۔ سر رابرٹ پیل صاحب جنہون نے منصب وزارت اعلیٰ کی کرسی پر تہوڑی مدت سے جلوس فرمایا تہا۔ زیادہ کہنے سننے کے لئے انکا ہیاؤ نہین پڑتا تہا تاہم انہون نے ہمت بڑہا کے قیصر سے کہا کہ اندنون آپکی رعایا پر فلاکت کی مصیبت طاری ہی۔ بار ادبار کا پہاڑ ہر ایک کے سر پر بہاری ہی۔ ایسے وقت مین اصطباغ کی یہہ رسوم و ہام رعایائے انگلینڈ کو کس طرح پسند آویگی۔ یہہ سنتے ہی یا تو وہ تیاریان ہو رہی تہین یا یہہ حکم دیا گیا کہ فقط سادی طور پر بے تکلفی کے ساتہہ راگ و رنگ اور بے دف و چنگ رسومات اصطباغ ادا ہون اور ملکی صنعت کی بہبودی و ترقی مدنظر رکہہ کے آپنے پاؤن تک فقط دیسی کاریگری کا لباس پہن لیا بلکہ تمام سہیلیون کو بہی ویسا ہی لباس پہنوایا۔ تا کہ حاکم مزاج کو ایک خاص طرف رجوع دیکہکر رعایا بہی اسی طرف بخوشی مایل ہوی سال یعنے ۱۸۴۳ء مین قیصر کی طرف سے راگ و رنگ کی جو بڑی ضیافت دیگئی۔ اُس کا بہی خاص الخاص یہی منشا تہا کہ دیسی لوگونکی ہنرمندی کاریگری و کسب کا

علانیہ اظہار ہوا۔ انہین ایام کا ایک فیالسی بال بہی مشہور ہے جسمین اٹہارہ ہزار آدمی کام مین لگائے گئے تہے فرمائیے اس سے بڑہ کے رعایا پروری اور کیا ہوئی چاہیے۔

ملکی و پردیسی الجہاؤ کس حسن انتظامی سے سلجہایا

زمانہ مذکور الصدر کا نقشہ ایک مدت سے جسطرح ملک و رسکنائی ملک کے حق مین مضرت رسان تہا اسیطرح غیر ملک کا نقشہ بہی خوف کی صورت دکہارہا تہا۔ انگلینڈ کے خزانے مین نقصان ریاست مین تنزل کا سامان تجارت مین مندی روزگار مفقود ترقی بیکار ہی۔ وزراء مین ایک مخالفت کے ساتہہ باہم بیدلی تہی۔ اسیطرح بیرونجات مین تفرقہ کی ہوا چل رہی تہی امریکہ مین ویسٹ انڈیز سے مجادلہ چین سے مقابلہ۔ ایسی پریشان خاطری کیوقت کابل کے جنگ و جدال کے زمزمہ شور سے انگلینڈ کا دل مثل آئینہ پارہ پارہ تہا۔ اور علاوہ ان سب آفتوں کی معاملات مصر جو آجتک ایشیا کو بیچین یعنی مشرقی سوال کے نام سے مشہور ہے وہ گویا ایک قرابین کو نبات مصری کے چہرون سے بہر کر فیر اڑا رہا تہا اور ان دنون مصر کے معاملات مین روس کے عوض فرانس زیادہ کچہہ اوچل رہا تہا۔ اس محل پر ناظرین قیاس فرماوین کہ اس یخ بحر آفات جو طرف کسقدر متموج در موج تہا اور مخالف فوج در فوج۔ علاوہ اس کے قیصر کا گلبن شباب بہار افزا۔ رنگ و رنگ کی امنگ۔ وعشرت آفرینی کے ڈہنگ رہایں ہمہ اس ملکہ جہان و جہانیان نے اپنے جوبن کی ابہار۔ جوانی کی بہار پر مملکت داری کی فکر کو ترجیح دیکر عیش مدام کو باد ہوائی سمجہہ لیا۔ ایسا انتظام کیا کہ۔ مصرع فلک گفت احسن ملک گفت زہ۔ یعنی یہانتک ہمہ تن مصروف معاملات ملکی رہین کہ انگلینڈ کو اس مرتبہ پر پہنچادیا جیسا کہ عیان ہے۔ حاجت بیان نہین۔ اگرچہ انگلستان کے آئین کے رو سے حاکم وقت کو زحد آزادی ہے۔

شعر

الجہاؤ اپنے ملک کا اور غیر ملک کا ۔ آئین قیصری نے کیا آئینہ سا صاف

قیصر و محصول

انہین ایام نامسعود مین خزانے کا نقصان پورا کرنیکے لئے انکم ٹکس مقرر کیا گیا پادشاہ وقت تمام قسم کے محصولات سے حسب آئین سلطنت بری رہتی ہین۔ تاہم قیصر نے خود کو مثل احد من الناس تصور کر کے ٹکس کا دینا اپنے اوپر لازم کر لیا۔ قیصر کو ٹکس دینے پر آمادہ دیکہکر تمام رعایا بدل و جان ٹکس بہرنے لگی۔ بیشک مثل الناس علی طرایق ملوکہم سچ ہے۔

قیصر کی سیر و سیاحت

یہ مشہور ہے کہ اپنی تمام ملک اور اسکی اطراف و جوانب مین بذات خود سفر کر کے رعیت کی پوری واقفیت حاصل کرنے مین قیصر سب پادشاہون پر سبقت لیگئی ہین۔ یہانتک کہ امریکہ ہندو آسٹریلیا تک کالے کوسونکی مسافری مین بہی جہان خود بدولت کا جانا نہ بن آیا تو وہان اپنے روشن دل بیدار مغز نور عینون کو روانہ کر کے خاطرخواہ آگاہی حاصل کرلی۔ قیصر کے سفرنامونکے بڑے بڑے دفتر جمع ہوئے ہین

سفر سکاٹلنڈ

قیصر کا پہلا سفر ۱۸۴۲ء مین ملک سکاٹلنڈ مین ہوا ہے۔ سکاٹلنڈ کے پای تخت اڈنبرا دیر پہنچنے روز معینہ سے ایک روز قبل پہنچ جانے کے باعث استقبال شاہانہ و تجمل ملوکانہ کی طیاری کرو فر

سے تیاری کیگئی تھی - وہ یوں ہی بیکار سمجھی گئی - مگر اسکے دوسرے روز قیصر کی سواری کی روانگی کیوقت رعایا نے ایک جوش و خروش کے ساتھ اپنی مسرت اور خوشدلی ظاہر کی -

پہنے ہوئے جبونکا فرش

۱۸۴۳ء میں انگلستان کے جنوبی کنارہ پر سفر کرتے ہوئے قیصر سوذمپٹن میں جب اتریں اسوقت بارش سے زمین کو کچھ خراب دیکھکر وہان کے اہالیان کارپوریشن نے برائے خیر مقدم اپنے اپنے جبے قیصر کے قدم انداز کیلئے بچھا دیئے تھے - قیصر ان لوگونکا دل باغ باغ فرمانیکے لئے ان جبون پر قدم انداز ہوتی ہوئی چلی گئیں - انہیں دنون جنگ افغان و سکھ ختم ہوئی -

جنگ فرانس وغیرہ

بعد اسکے انگلینڈ و فرانس کی قدیم عداوت کا نقشہ مٹانیکے ارادہ سے قیصر نے اپنے شوہر کے ہمراہ ملک فرانس کا باوجود مسافت دور و دراز کے سفر اختیار کیا - اس سے پیشتر گذشتہ چار سو برس تک انگلینڈ کا کوئی پادشاہ اس ملک کو نہیں گیا تھا - اس سفر میں سریر آرای ملک فرانس نے بھی قیصر کی نہایت توقیر کی جب صفائی دلی کے ساتھ عزت شاہانہ حاصل کرلی - تب خوشدلی سے اپنی دار السلطنت کو واپس آئیں - اسوقت فرانس کے تخت پر شہنشاہ لوئی فلپ سریر آرا تھا - فرانس سے قیصر اپنے عموی بزرگ بادشاہ لیوپولڈ کی ملاقات کو بلجیم تشریف لیگئیں - اور بڑی دہوم دہام سے داخل شہر ہوئیں ۱۸۴۴ء مین روس کے شہنشاہ زار نکولس پہلی مرتبہ انگلینڈ مین آئے اور انکے بعد فرانس کے پادشاہ لوئی فلپ بھی ملکہ اصلی کے ہمراہ لنڈن آکر قیصر کے مہمان رہے

پادشاہی مہمانی کا خرچ کہان سے ادا ہوا

ان دونون شہنشاہونکی مہمانداری مین قیصر نے کوئی دقیقہ فروگذاشت نہیں کیا اور کل خرچ قیصر نے اپنی جیب سے ہی کیا - ایسے مقام پر اکثر خرچ سرکاری خزانے سے لیا جاتا تھا - کیونکہ قیصر کے قبل بہت پادشاہ مقروض رہا کرتے تھے - اسصورت مین ضرور تھا کہ انکو پارلیمنٹ سے روپیا لینا پڑتا تھا - بنا برین اس وقت سر رابرٹ پیل نے بڑے فخر سے پارلیمنٹ مین بیان کیا کہ مہمانونکا کل خرچ قیصر نے اپنی جیب سے ادا کیا - ایک کوڑی بھی انگلینڈ کی خزانے سے نہین لیگئی

رائل ایکسچینج

اسی سال یعنی ۱۸۴۴ء مین تجارت کا نیا عالیشان مکان بنام رائل ایکسچینج تیار ہوا اور قیصر نے اسکی افتتاح کے رسومات پادشاہی کر و فر کے ساتھ ادا کئے -

تبسم شگفتگی

رسومات افتتاح کے وقت لنڈن کے لارڈ میئر پر ایک قابل تماشا حالت گذری لارڈ صاحب نے اپنی ریشمی موزی و عاشقانہ بوٹ کو بارش سے بھیگی ہوئی راستے سے بچانیکے لئے ان کے اوپر خلاصیون کے جاگ بوٹ نامی قندہاری پاپوش جنمین فولاد کے بڑی بڑی میخین لگی ہوئی تھی چڑھائے لارڈ صاحب کا یہ ارادہ تھا کہ قیصر کی سواری جب قریب آئیگی - اسیوقت وہ خلاصیون کے جوتے اتار ڈالونگا - اور اپنی عاشقی نئی بوٹون سے قیصر کے روبرو جاکے تسلیمات بجا لاؤنگا - الغرض قیصر کی سواری قریب آگئی - اور لارڈ صاحب نے بڑی سرعت سے جو زور کیا تو ایک بوٹ صاف نکل آیا مگر دوسرا

پچھلا اب بیٹھہ گیا تھا کہ مطلق نہین ہلا یہانتک کہ قیصر انکی نزدیک آپہنچین۔ لوگون نے بیچارے لارڈ صاحب کا یہہ حال دیکھا تو فوراً اس بوٹ کو کھینچنے لگے۔ کوئی ایک طرف سے کھینچتا تو دوسرا دوسری طرف سے۔ اسمین ایک کا پورا پیر کیچڑ مین چھپ گیا۔ آخر بہزار تکلیف شور وغل آپنے وہ دوسرا اُتارا اور ہوا قندہاری بوٹ پہن لیا اور ملکہ علیا قیصرہ ہند کے روبرو جاکر حاضر ہوئے۔ **شعر** ۔

ریش خندی و تبسم سے ظریفون نے کہا۔ جاک بوٹ آپنے کسواسطے پہنے صاحب

جرمنی کا سفر

سنہ ۱۸۴۵ء کے شروع مین قیصر اپنے تمام قبیلے کے ساتھ انگلستان کے بڑے بڑے نامی گرامی نواب اُمرا کی ملاقات کو انکی جاگیرات و پرگنون اور ضلعون مین تشریف لیگئین۔ بعد اس کے اسی سال آپ بہنون کو ہمراہ لیکے ملک جرمنی مین تشریف لیگئین۔ جہان اپنے سسرال کا محل اور اپنے شوہر کی زاد بوم بھی اُسیجا اپنی مان کی طرف کے اقاربون سے ایک تپاک کے ساتھ بڑے اشتیاق دلی سے ملاقات مسرت آیات کی۔

کولانگ واٹر

کولانگ شہر مین قیصر جب سیر کو نکلی ہین۔ اسوقت وہان والون نے بڑی خوشی مین آکے راستون پر وہان کا مشہور خوشبودار پانی کولانگ و ۲ ٹو چھڑکا تھا۔ کولانگ واٹر یورپ مین فقط عطر خوشبو کیطرح استعمال کیا جاتا ہے۔ مگر تعجب ہے کہ ہمارے ہندوستانی یا تو دوا کے طور استعمال کرتے تھے یا اب شراب کے مانند اس کثرت سے استعمال کرنے لگے کہ سرکار نے محصول بھی اس کا شراب کے جیسا بڑھا دیا۔ سنہ ۱۸۴۷ء مین قیصر نے سکاٹلنڈ کے مغربی کنارے کا سفر کیا اور بعد اس کے انہین ہائی لینڈ پہاڑون کے سفر کا شوق پیدا ہوا۔

سفر آئرلینڈ

قیصر ملک ایرلینڈ مین سب سے پہلی

شعر

پھول پھل سے باغ کے دامن بھرے ۔ باغی پھر باغی بنے تو کیا کرے

سنہ ۱۸۴۹ء مین تشریف لیگئین ہین۔ ایرلنڈ مین سنہ ۱۸۴۶ء سے تا ہنگام رونق افزائی این ابر کرم یعنی قیصر کے وارد ہونے تک سخت قحط جاری تھا۔ تمام روئے زمین کے باشندون نے ان قحط زدون پر از روئے ترحم عین عنایت سے نظر کی۔ اور قیصر نے تو اسدرجہ دریادلی کو کام فرمایا کہ لکھہا روپیہ قوم کو قحط سے چھڑانی مین صرف کیا۔ قحط سالی اور غربت کے بہانے سے ایرلنڈ کے باغیون نے ریاست کی مخالفت مین بہت کچھ کیا۔ اس فتنہ کو مٹانیکے ارادے پر خود قیصر عالم آپ وہان تشریف فرما ہوئین۔ اور اپنی زبان خاص سے تسلی آمیز فقرے ان برخاستہ خاطر آئرش لوگونکو سنا کے اُسوقت انکو موم دل کیا۔ اسیطرح سریر آرا ہوے بعد دس سال تک آپ تمام گریٹ برٹن۔ ایرلنڈ۔ فرانس بلجیم ڈنمارک اُن کے قرب وجوار مین سیر وسفر کرتی رہین۔ **شعر** ۔

قلمرو مین اب خبر ہے خبر ہے ٭ سفر اس کا ایک باغ کی سیر ہے

ہنگامہ عالم

سنہ ۱۸۴۸ء مین تمام یورپ مین جو ہنگامہ پھیلا تھا۔ اُس کا آغاز شہر پیرس سے ہے۔ جہان کا شہنشاہ لوئی فلپ اپنی قبیلے کے ساتھ مسٹر و مسس ولیم سمتھ کے جعلی نام سے انگلنڈ مین آکے قیصر کے پناہ مین رہنے لگی۔ اس ہنگامے کی ہوا پرشیہ ڈنمارک بلجیم وغیرہ سب مقامون مین پھیلی تھی۔ اور قیصر

اپنے خویش و یگانون کیلیے جو وہان مقیم تہے - بہت خایف ہوئین تاہم اس ہنگامے سے انگلینڈ خوب بچا رہا آئیرلینڈ مین ایک دو مفسدون نے سر اُٹھایا تہا مگر فوراً جلا وطن ہو گیے - اور لنڈن مین بھی چارٹسٹ گروہ نے فتنہ جگایا - قیصر تو اسی رات محل کو روانہ ہو گئین مگر وہان کے باشندون نے ایک لاکھہ ستر ہزار معزز لوگون کے نام والنٹیر فوج مین بھرتی کروائے اور بڑی حکمت عملی سے اس فتنہ کو فرو کیا - انہین دنون قلمرو ہندوستان مین ملتان - گجرات - اور ملک پنجاب سلطنت برطانیہ مین شامل ہوا اور سکھہ لوگون کا راج اور رنجیت سنگھہ بہادر کا خاتمہ ہوا - مگر دلیپ سنگھہ کو ایام طفلی مین ولایت لیجا کر قیصر کے زیر نظر پرورش کرنے لگی - جب دلیپ سنگھہ شعورمند و عیالدار ہوئے اُسوقت قیصر کی اجازت سے ہندوستان آنے لگے - مگر لارڈ ڈفرن صاحب جو اُسوقت ہند کے ویسرائے و گورنر جنرل ہین - اُنہون نے دلیپ سنگھہ کو آتے ہوئے عدن مین روکا اور دلیپ سنگھہ کو عین مایوسی کیحالت مین لنڈن پہر جانا پڑا - اس حرکت ٹہکری کے باعث اُس کے سر مین خیال بدمال سمائے - اور کہان سے کہان جا پہنچا - اب پے درپے خبرین چلی آتین ہین - کہ دلیپ سنگھہ انگلستان سے فرار ہو کے روس کے پایہ تخت مین پہنچ گیا - الغرض جناب لارڈ ڈفرن صاحب کی کارروائی پر اگر کچھہ کہین تو سوا اسکے اور کیا کہہ سکتے ہین - شعر

گدای گوشہ نشینی تو حافظا مخروش ؞ رموز مملکت خویش خسروان دانند

سنہ ۱۸۵۱ع کی نمائش

یہہ دُنیا کی مشہور نمائش مسمی بہ مخزن صنایع کل اقوام پرنس کنسرٹ شوہر قیصر کی محنت شاقہ کا نتیجہ ہے - اگرچہ لفظ نمائش آجکل عام ہو رہا ہے - مگر اس کے بانی و موجد خاص شہزادہ البرٹ پرنس کنسرٹ ہین - انگلستان کے فقر و فاقہ کے دفعیہ کا یہہ خاصہ علاج تہا جو قیصر کے عزیز شوہر کے ہاتہون وقوع مین آیا - ۱۸۵۱ع کے مئی مہینے کی پہلی تاریخ کو کہ پچیس ہزار آدمی اندرون نمائش گاہ جمع تہے اور سات لاکھہ آدمیونکی بہیڑ باہر لگی ہوئی تہی اور چھہ سو باجونکی آواز کے ساتہہ ہماری قیصر عالم اس دُنیا کے مشہور نمائش گاہ کو افتتاح کا باعث ہوئین - گویا ان کا دست مبارک اس رسم نیک کی اشاعت کا کلید فتح الباب تہا - یہہ اژدہام تہا کہ دُنیا بہر کے لوگ دُنیا بہر کے لباس اور دُنیا بہر کی زبانین وہان سُنی جاتی تہین - قیصر کا مقولہ ہے کہ خلقت کا جماو وجم غفیر میرے تاجپوشی کے روز سب سے بڑھ کے ہوا تہا - لیکن آجکی تقریب مین کثرت کے ساتہہ مجمع خلایق ہے - کہ اس بزم تاجپوشی کے مجمع سے اس کو ہزار حصہ بڑھ گئے ہم کہین تو بجا ہے اور اگر اس نیرنگ کارروائی کے چمنستان کا بہار پیرا اگر میرے البرٹ کی ذات مجمع البرکات کو علی العموم سب رعایا سمجھے تو روا ہے - خداوند عالم میرے البرٹ اور میرے وطن کو ہمیشہ سلامت رکہے لکھتی ہین کہ باسٹھہ لاکھہ تماشہ بینون نے اس نمائش کو دیکھا ہے - ۱۳۹۳۷ کاریگران نامی دراستان گرامی کو تمغے اور انعامات عطا کئے گئے - بعد ازان پندرہوین اکتوبر ۱۸۵۱ع کو یہہ نمائش

بڑہائی گئی۔ رقم یافت اس نمایش کی پچاس لاکہہ روپے کی صیافت کی گئی۔ بمقام سڈنہام مین بلوری محل بہی قائم ہے جہان اس نمایش کی یادگارین بہت سی پتلی مجسمے و متفرق قسم کی عجائبات اشیا بکمال حفاظت سے رکہی گئی ہین۔ اسی کے دیکہا دیکہی ایک ایسی ہی نمایش ۱۸۵۳ء مین شہر ڈبلن مین اور ۱۸۵۵ء مین پیرس مین ہوئی تہی۔

متفرق سفر اس نمایش کے بعد قیصر نے انگلنڈ و سکاٹلنڈ کے جدی جدی ضلعون کی بڑی حشمت و شان کے ساتہہ مسافرت کی۔ بمانچسٹر کے ایک وسیع میدان مین بیاسی ہزار لڑکے قیصر کی تشریف آوری کی مدح سرائی کیلئے جمع ہوئے تہے اور دس لاکہہ آدمیون نے اسی روز قیصر کا استقبال کیا۔ اسی سال جزیرہ آسٹریلیا مین سونے کی معدن نکلی۔ اور انگلنڈ سے لاکہون آدمی سونا نکالنے کیلئے وہان چلے گئے۔ افریقہ کے انتہائی جنوب مین راس کدہوپ کے کافری لوگون سے اسی سال لڑائی ہوئی۔ مگر ۱۸۵۳ء مین یہہ قوم مغلوب ہوئی ہے ۱۸۵۲ء کے اگست مہینے مین بالمورل محل سے آتی ہوئی قیصر کی گاڑی کو سخت نقصان ہوا لیکن قیصر نے بڑی جرات سے اپنی طبیعت کو تہام رکہا تہا ع رسیدہ بود بلائی ولے بخیر گذشت۔ والیٔ برہما سے دوسری لڑائی اسی سال شروع ہوئی اور مرتبان۔ پیگو اور رنگون یہہ تین صوبے انگریزون کے ہاتہہ آئے۔

ڈیوک آف ولنگٹن کی وفات ۱۸۵۲ء کے فبروری مہینے مین انگلستان کے سپہ سالار ڈیوک آف ولنگٹن کی وفات باسف یات وقوع مین آئی یہہ خبر سنتے ہی قیصر بالمورل محل سے تعزیت کیلئے لندن تشریف لائین۔ اور نہایت مغموم ہوئین۔ واٹرلو کی لڑائی مین ولنگٹن کی فتوحات مشہور عالم ہین ۱۸۵۱ء کی نمایش کی افتتاح کے روز قیصر کی ان سے اخیر ملاقات ہوئی تہی اور وہ صفدر ڈیوک آف ولنگٹن کی سالگرہ کا تہا۔ بیاسی وان سال اس روز آغاز تہا۔ یہی ڈیوک آف ولنگٹن ہمارے شہزادہ آرتہر یعنی ڈیوک آف کناٹ کے دینی باپ کہلاتے تہے۔ اسی نمایش کے روز شہزادہ آرتہر کی پہلی سالگرہ تہی۔

آتشزدگی ۱۸۵۳ء کے مارچ مہینہ مین ونڈسر کے محل مین ایک دفعہ آگ سلگ اٹہی۔ لیکن قیصر و البرٹ بڑی ہمت سے اسباب ہٹاتے اور آگ بجہانے مین مدد کرتے رہے۔

سیتلا آتشزدگی مذکور کے تین ماہ بعد تمام ونڈسر کیناسل مین سیتلا پہیل گئی۔ پرنس آف ویلز سے یہہ سیتلا شروع ہوئی۔ پہران سے کو الدکا پہر اسلد پہر پرنسس ہایل شہزادہ الیس بعد اس کے خود قیصر کو بہی سیتلا نکل آئی۔ بلکہ شہزادہ لیوپولڈ جو اسوقت دو ماہ کی عمر کے تہے۔ اور ان کے اصطبا علی نقطہ چیکے لیے ہنوز کوبرگ و بلجیم سے قیصر کے جرمن قرابتی جو مہمان آئی ہوئی تہے۔ وہ بہی اس ساری بیماری کو اپنے ہمراہ لے گئے۔

البرٹ کی بدنامی اسی سال ۱۸۵۳ء مین قیصر کو ایک اور بڑی مصیبت کا مقابلہ کرنا پڑا۔ وہ یہہ ہے کہ لارڈ پامرسٹن جو اسوقت وزیر اعظم تہا۔ اس کے اور شہزادہ البرٹ کے درمیان کچہہ رنجش پیدا واقع ہوئی۔ اسمین زیادہ قصور صاحب مذکور کا تہا اور ایک بناوٹ سے پیش آئی جسکا ذکر ذیل مین کیا جاویگا۔ ہرچند کہ پامرسٹن عقلمند اچہا لائق شخص تہا۔ مگر خود پسند و زود رنج بہی تہا۔ معا لوگون مین اپنی لگری ہوئی وقتی قدر کو مشتہر کردیا یعنی اہانت کی شہرت کردی

کہ ریاست کے کاروبار میں یہہ یعنی البرٹ بیجا دخل کیا کرتا ہے اور بدخواہ انگلنڈ بھی ہے۔ بس ایکدفعہ شہزادہ البرٹ کی ساری خوبیاں محو ہو گئیں اور جابجا یہی چرچے ہونے لگے کہ ریاست کے کاروبار میں البرٹ کو دخل بیجا کیا ضرور ایکدفعہ تو لوگ اس تماشے کو دیکھنے کے لئے کثرت سے جمع ہو گئے کہ آج شہزادہ البرٹ قید کئے جاتے ہیں۔ اس فتنہ کو شانی کیلئے قیصر کو از حد دوسری کرنی پڑی۔ آخر الامر قیصر نے ایک بہت بڑی سند دیا و دالنسٹ لکھکے وزیر اعظم کو روانہ کی۔ اسمیں یہہ آئین بیان کئے کہ وزیر کو اپنی فرمانروا کے ساتھہ کس صیغہ سلطنت میں برتاؤ کیا جاتا ہے قصہ کوتاہ اگرچہ اس نیک خو شہزادہ البرٹ شوہر قیصر کی یہہ صفت میں انگریزوں کے روبرو کچھہ عرصہ تک منافی شمار کیگئی۔ مگر وہ دفع بے فروغ ہی ہے۔ یعنی تاحال اسکی نیک نامیان بھی خوبی خلایق کے باعث گنائی نہیں کہی جاتی ہیں

جنگ ساسٹپول جنگ واٹرلو کے بعد یورپ میں بڑی لڑائی یہی جنگ سباسٹپول ہوئی ہے۔ اغاز اسکا ۲۸ وین مارچ سنہ ۱۸۵۴ع سے ہے۔ قیصر کے وزیر اعظم لارڈ پامرسٹن کی صلاح سے انگریزی فوج لشکر فرانس سے متفق ہو کے روس نے مقابلے پر سلطان عبد المجید خانکی مدد پر آئی تھی۔ تمام دنیا کے لوگ برخاستہ خاطر تھے۔ مگر ڈینوب کی جانب عساکر سلطانی داد شجاعت دیتی رہی۔ اور کریمیا و سباسٹپول کیطرف بہادران انگریز و فرانس جوانمردی دکھاتی رہی الغرض سنہ ۱۸۵۶ع کے مارچ مہینے میں بحر بالٹک اور بحر اسود دونو طرف سے شہنشاہ روس نے زک اٹھائی۔ بعد ازان شہر پارس میں صلح ہو گئی۔ قیصر نے بذات خود مجروحین عساکر کی ملاقات کر کے انکو بڑی دلسوزی دکھلائی۔ انکو تمغے عنایت کئے۔ ان کے لئے دعائی خیر کرنیکے واسطے تمام ریاست میں ایک روز معین کیا۔ فوج کی بیوہ عورت اور یتیم بچوں کیلئے پیٹریاٹک فنڈ نام سے ایک چندہ قائم کیا جسمیں کروڑوں روپئے جمع ہو گئے۔ زخمی سپاہیوں کے لئے عمدہ لباس اپنی اور اپنی شہزادیوں کے ہاتھوں سلوا کر تیار کئے تھے۔ لشکری دار الشفا میں آپ بذات خود قیصر تشریف لیجا کر بیماروں کی دوا و غذا کی تحقیقات کرتی تھیں۔ اور انہیں دنوں انعام و اکرام کے سوا وکٹوریہ کراس نام کا بہادری کا خطاب ایجاد کیا گیا ہے

بغاوت ہند جنگ سباسٹپول کو ختم ہوکر ابھی ایک سال نہیں گذرا تھا کہ سنہ ۱۸۵۷ع میں سپاہ ہند کی بغاوت کی خبر سن کے قیصر عالم پناہ کا دل پاش پاش ہو گیا۔ سنہ ۱۸۵۷ع کے موسم بہار میں میرٹھہ سے یہہ غدر شروع ہوا۔ باعث اسکا کارتوس ہے۔ یہہ سب جیسی طرح جانتے ہیں۔ اسیطرح کانپور میں انگریزوں کی عورتیں اور بچوں کا قتل ہونا۔ دہلی کا محاصرہ لکھنؤ کا معرکہ اور بعد اسکے بالآخر دہلی کا فتح ہونا وغیرہ ابھی تک اکثروں کے پیش نظر نقشہ کیطرح ہے۔ الغرض نتیجہ اس جنگ و جدال کا یہہ ہوا کہ عنان سلطنت ہندوستان جو قدیم الایام سے تجار ولایتی ایک کمپنی کے ہاتھہ تھی سو اب وہ خاص قیصر کے ماتحت منتقل ہو گئی اور لارڈ کیننگ صاحب بہادر پہلے ویسرای و گورنر جنرل ہند مقرر ہوکر سلطنت ہند کا پروانہ سے شامل ہونیکا اشتہار سنہ ۱۸۵۸ع کے غرہ اکتوبر کو بڑی کر و فر حشمت کے ساتھہ ہندوستان میں سنایا گیا اور نہایت خوشی منائی گئی۔ اس کامل اشتہار کی ایک نقل اس تحفہ جوبلی کے ۱۳ وین باب میں مرقوم ہے۔ مطالعہ کیجئے۔ یہہ کارروائی وزیر اعظم لارڈ دربی اور مہتمم خزانہ عامرہ لارڈ ڈزریلی کے ہاتھوں ہوئی تھی۔ لارڈ پامرسٹن کی جاگہ پر اسی سال یہہ دونو وزیر مقرر ہوئے تھے۔

بعد اسکے قیصر کی فوج کو پھر چین اور ایران سے مقابلہ کرنا پڑا۔ چین میں اس کے پایۂ تخت پیکن تک اور ایران

مین ہرات اور بوشہر و بصرہ تک ملک تسخیر کیا بعد اسکے ضعفور چین و شاہ ایران صلح کے سایل ہوئے اور صلح ہوگئی اسکے بعد سنہ ۱۸۵۹ء مین فرانس آسٹریہ کی لڑائی بھی قابل یادرکھنے کے ہے شعر

غم مجنون کرین یا ماتم فرہاد کرین ٭ کس شہنشاہ کے افسانے کو ہم یاد کرین

باب گیارہوان قیصر کا سوگوار عالم

قیصر کے والدہ کی وفات

سنہ ۱۸۶۰ء مین ملک جرمنی کا دوبارہ سفر کرنیکے بعد قیصر نے اپنی شہزادی الیس کا بیاہ ہیسی دارمشٹاٹ کے شہزادہ لوئی سے ٹھہرایا۔ مگر پہلے پہل ایسے سوگوار حادثے قیصر پر گذرے کہ دو سال تک یہہ بیاہ معطل رہا پہلا جو ماتمی حادثہ قیصر پر گذرا وہ انکی والدہ بزرگوار کی وفات تاسف آیات ہے جو ۷۵ برس کی عمر مین تھین یہہ ضعیفہ مدت تک مرض مین مبتلا رہکر سنہ ۱۸۶۱ء کے ماہ مارچ مین اس جہان فانی سے کوچ کرگئین ایسی والدہ ماجدہ کہ جسنے اپنی بیوہ پن کیحالت مین اس در یتیم کو پالا پرورش کیا۔ اور خاطرخواہ تعلیم و تربیت فرماکر اسکو مملکت برطانیہ کی زبردست سلطنت کی فرمانروائی کے لایق بنادیا۔ ایسی والدہ کہ انگلنڈ جیسے اجنبی شہر مین نکاح والدہ حال مین قیصر کی نگران حال رہی اور ایک پل آنکھون سے اوجہل نظر سے دور نہ کیا۔ آج وہ رشتہ مادری کو توڑ کے ہمیشہ کیلئے قیصر سے علیحدہ ہوگئی ہائے کوئی قیصر کے دل سے پوچھے کہ اوس وقت ان کے جگر پر کس رنج و درد اور کیا صدمہ گذرا ہوگا۔ جب ایسی نازبردار رفیق و شفیق ہی گذری تو مصاحب صادقہ کے گذرنیکا کیا حد و حصر ہو سکتا ہی۔

شوہر قیصر پرنس کنسرٹ کی وفات

سنہ ۱۸۶۱ء مین قیصر اپنی مکرمہ و معظمہ والدہ ماجدہ کی وفات سے اندوہگین تھین کہ اسی سنہ مین فلک شعبدہ باز و گردون تفرقہ پرداز نے قیصر کے نازک سے دل پر ایک دوسرا صدمہ پہنچایا۔ گو آج پچیس برس ہوچکے مگر اس کا غم قیصر کے دل پر ابھی تازہ ہی داغ اول سے داغ دوم کی سوزش سے اندازہ ہی کیا کیون نہو قیصر کے دلدار یگانہ کامگار دلبر نامدار انیس و غمگسار جو کہ ہر معاملہ ملکی و خانگی مین معاون مددگار تھے۔ ایسی روشن دلچراغ بزم عشرت یعنی خود کے عزیز شوہر پرنس کانسرٹ شہزادہ البرٹ کا اس جہان فانی سے اٹھہ جانا ہی سنہ ۱۸۶۱ء کے دسمبر مہینے کی چودہ تاریخ کو شب کے ۱۱ بجے پرنس کانسرٹ کی رحلت ہم پلہ قیامت واقع ہوئی

شعر:۔ انیس و مشفق و دلبر کی رحلت ٭ قیامت تھی قیامت تھی قیامت

قیصر کے سیاسی کام

فقط خانہ داری امورات اور فرزندونکی تربیت مین ہی البرٹ ساعی تھے یہہ بات نہین مگر امورات ملکی و مالی مین بھی البرٹ قیصر کے بڑے معاون تھے۔ اکثر وزرا کے ہاتھون بگڑے اور الجھے ہوئے معاملات ایسے سلجھا دیتے۔ کہ انگریز لوگون مین وہ (کنگ البرٹ) کے نام سے مشہور ہوئے۔ البرٹ کی اخیر کارروائی ٹرینٹ نامی ایک مرکب دودی کے مقدمے کی صفائی تھی افسوس کہ اس پہیلی کی صفائی کے ساتھہ البرٹ کی بھی صفائی ہوگئی۔ شعر:۔ بطور حکمت خود و دود سوز فکر سے ہائے ٭ جہاز عمر روان انکا یون شتاب بہا چند ہر انگیختہ انگریزونکی رائے پر لارڈ پامرسٹن نے ایک ایسا ڈسپاچ تیار کیا تہا کہ اگر وہ امریکہ پہنچ جاتا تو ضرور انگلستان و امریکہ مین ایک جنگ و جدل پرخلل برپا ہوجاتی مگر یہی البرٹ تھے کہ جنہون نے اپنی خوش تدبیری سے اس ڈسپاچ

کی ایسی صلاحیت کی کہ جس سے انگریز بہی خوش ہوگئے۔ اور امریکہ والے بہی بڑی صلحمندی سے اپنی غلطی کے قائل ہوئے۔ اور دنیا مین انگریزون کے واجبی انصاف کی شہرت ہوئی ایسے ہی کامون سے تو ایک مرتبہ ڈیوک آف ویلنگٹن اپنا سپہ سالاری کا بزرگ عہدہ البرٹ کے سپرد کیا چاہتے تہے مگر انہون نے انکار کیا۔

البرٹ کی علالت

کہتے ہین کہ ایک عرصے سے طبیعت البرٹ کی یونہین بگڑی ہوئی چلی جاتی تہی۔ مگر جب انکی خوشدامن وفات پا گئین اور قیصر ان کے غم مین مبتلا ہوئین تو قیصر کا غم البرٹ سے دیکہا نہین گیا طرح طرح سے انکی تسلی کرتے رہے اور قیصر کے تمام کام خانہ داری اور ریاست کے ایک دفعہ اپنے ذمے کر لئے۔ آخر کثرت کار و بار سے عاجز ہو کے ایکدفعہ جو بستر پر گرے تو پہر اٹہہ نہ سکے۔ ان کی بیمارداری مین قیصر اور ان کے فرزندون نے وہ جانفشانی کی ہے جو وفادار اہلیہ اور سعادتمند فرزندون کے شایان تہی۔

قیصر کی حالت بیوہ گی

البرٹ کے وفات پانیسے قیصر کو دونا غم ہوا۔ ایک تو والدہ کی وفات کا داغ ابہی تازہ تہا اسپر ایسے مشفق و دلسوز شوہر کی وفات کا داغ پر داغ شعلہ خیز ہوا جسنے اس صدمہ عظیم سے قیصر کو قریب المرگ کر دیا۔ عرصہ دراز تک رعایائے انگلنڈ کو قیصر کی زیست کا بہروسہ نہ تہا۔ تمام لوگون مین یہہ سوال اسوقت عام ہوگیا تہا کہ اب قیصر کا کیا حال ہے۔ مگر جوبلی کی خوشی جو روز ازل سے اس نیک نہاد قیصر کی قسمت مین بدی تہی لہذا آسبورن کے سنسان محل مین قیصر کے دلکو کچہہ قرار سا آگیا۔ اور پہر رفتہ رفتہ اپنے شہزادونکی اور ریاست کے امورات کی طرف بہی متوجہ ہوتی گئین۔ مگر سچ پوچہو تو آجتک قیصر اسی غم مین مبتلا ہین۔

قیصر کی بیوہ نوازی

شعر۔ یقین ہوگیا اس سوزِ منفعل سے اسے۔ وہ البرٹ نہین ہین جو بہلادن دل سے اسے۔

بیوہ ہوئے بعد قیصر عام کارگذاریون مین شریک ہونیسے جسقدر پس ماندہ رہا کرتین اسی قدر مصیبت زدہ بیوہ اور یتیمون پر رحم کرنے مین ہمیشہ پیش قدم رہتی تہین چنانچہ قیصر کے بیوہ ہوئے بعد دو ایک مہینے مین ہارٹلی کے ایک کوئلے کی کان مین بباعث حادثہ عظیم دو سو مزدور گذر گئے۔ انکی ماندہ وارثون کی تسلی و دلاسا اور مدد کرنے مین قیصر سب پر سبقت لیگئین۔ قیصر کی ایسی بیوہ نوازی اور غربا پروری دیکہکر بیوگان انگلنڈ نے ایک عمدہ بیبل نسخہ بیوہ قیصر کو نذر گذرانا۔ اس کے جواب مین قیصر نے ان کے لیئے بہت کچہہ دعا خیر کی۔ اور باقاعدہ طور انکی خبر گیران رہنے لگین۔ علاوہ اس کے آسبورن و بالمورل محل کی اطراف و جوانب کے غربا و مفلسونکے گہر قیصر اپنی فرزندون کے ہمراہ اکثر تشریف لیجاتین اور اپنی رتبے کا خیال نہ کرکے انکے برابر بیٹہہ جاتین۔ ان سے شیک ہانڈ یعنی مصافحہ کرتین۔ اور کپڑے بنیون سے انکی حاجتون کو رفع کرتین۔ اور عیادت و تعزیت غربا و مسکین کی آپ ہمیشہ کیا کرتین۔ خصوصاً انکو جو آپکے ہمسایہ تہے اور انکی دلدہی مین [illegible]

بیمار پرسی غربا

طوفان قحط آتش زدگی وغیرہ حوادثات مین قیصر کی دلداری و دلسوزی تا ہندوستان مشہور ہے سنہ ۶۳ء مین قیصر نے نٹلی ہسپتل کے ہر کمرے مین گہوم گہوم کے ہر ایک مریض کی بیمار پرسی کی اور اسی طرح سنہ ۶۹ء مین لندن کے ہسپتل مین بہی آپ تشریف لیگئین تہین۔ بعضون نے لکہا ہے کہ فقط قیصر کی تسلی و تشفی نے بعض مریضون کے حق مین مسیحائی کا کام کیا ہے۔

قیصر کا ایک کنیز سے سلوک لنڈن کے کمانڈر فاربس صاحب نے کسی وحشی بادشاہ سے ایک کنیز لڑکی تحفتاً پائی قیصر نے وہ لونڈی اپنے پاس منگالی۔ اور اُسکی تعلیم و تربیت کر کے اکثر دربار مین اُسے بلواتین۔ اور بڑی محبت کے ساتہہ اس سے پیش آتین۔ پہر مسٹر ڈیوس کے ساتہہ اُسکی شادی کروادی جب مسز ڈیوس کو لڑکی تولد ہوئی۔ تو قیصر نے اپنے ہی نام سے اسکو اصطباغ دیوایا۔ اور بہت سے سونیکے برتن کا ایک صندوق بطور بخشش کے اُسکو روانہ کئے۔

شہزادونکی شادیان شہزادی الیس کی شادی جو ملتوی رہی تہی۔ سو بباعث ماتم داری پوشیدہ طور پر ۱۸۶۲ء کے جولائی مہینے مین کیگئی ۱۸۶۳ء کے مارچ مہینے مین شہزادہ ولیعہد کی شادی بڑے کرّوفر کے ساتہہ ہوئی۔ قیصر اسوقت ماتمی لباس مین ایک دریچہ مین آکر بیٹہی تہین بعد اس کے سب فرزندونکی اسی صورت شادیان ہوا کین ۱۸۷۹ء کے مارچ مہینے مین بمبئی کے سپہ سالار زمانہ حال شہزادہ ڈیوک آو کناٹ کی شادی پرشیہ کی شہزادی کے ساتہہ ونڈسر کیاسل مین بڑی دہوم دہام سے ہوئی۔ اسوقت قیصر کے دلپر زیادہ غم والم نہین تہا۔ لہذا اس شادی مین ولیعہد بہادر کی شادی سے بہی زیادہ خوشی منائی گئی۔

البرٹ کی بقائی یادگاری اپنے شوہر کی وفات کے بعد قیصر انکی بقائی یادگاری مین جو جو منارے اور تصویرین پتلے وغیرہ قایم کیے جاتے تہے۔ ان کے افتتاح کرنے مین مصروف رہتی تہین۔ اور خود قیصر نے بہی اپنے جیب خاص سے بیس لاکہہ روپیہ کی ایک رقم بکثرت خرچ کر کے اپنے شوہر کی قبر تیار کروائی ہے یہہ قبر فراگمور مین لایق دید تیار ہوئی ہے ہمبرگ مین البرٹ کی مورت گہوڑے پر سوار تیار کیگئی۔ اور اُس کے افتتاح کی تقریب مین بڑے بڑے کئی بادشاہ اور ملکہ حاضر ہوا چاہتی تہین۔ لیکن قیصر نے وہ تقریب پوشیدہ ہی ادا کی۔

ولیعہد بہادر کی علالت ۱۸۷۱ء مین ولیعہد بہادر پرنس آو ویلز کی مہلک بیماری سے قیصر کو پہر سخت مصیبت کا مقابلہ ٹہیرا۔ رعایائے انگلنڈ تو کیا برطانیہ کی کل رعیت اس شافی مطلق کی درگاہ مین شہزادیکی صحت کی ملتجی تہی۔ آخر اس مجیب الدعوات نے شہزادی کو شفا کلی عطا کی جس کے شکریہ مین رعایائے قیصر سے ہر ہر قوم نے خداوند کریم کی یادگار مین سر جہکایا۔ اور دل سے شاد ہوئے۔

شہزادی الیس کی وفات ۱۸۷۸ء کے دسمبر مہینے کی ۱۴ وین تاریخ کو قیصر کی تیسری فرزند ہی شہزادی الیس وفات کرگئین یہہ شہزادی بڑی نیک رحم دل اور غریب پرور تہین۔ جرمنی کی لڑائی مین بارہ سو فرنچ دشمن مجروح ہوکے آئے ہوئے تہے۔ انکی بیمارداری مین یہہ شہزادی ہزار جان سے مصروف رہی اور فرزندان قیصر مین یہہ پہلی موت ہے جس سے قیصر کا محل از سر نو ماتم سرا بن گیا تہا۔

ڈیوک آو البنی کی وفات قیصر کے آٹہوین فرزند شہزادہ لیوپولڈ ڈیوک آو البنی ۱۸۸۴ء مین اس جہان سے انتقال کرگئے۔ یہہ شہزادہ جسطرح اور شہزادونمین کمسن تہا ویسا ہی قیصر کو زیادہ تر عزیز بہی تہا۔ اسکی قابلیت کے اکثر انگریز لوگ قائل تہے۔ غرض قیصر کے اس نور العین نوجوان نور چشم شہزادہ کی وفات سے عالم دنیا قیصر کی آنکہونمین تاریک ہوگئی۔ مگر یہہ اخیر واقعہ تہا اور اس واقعہ جانکاہ سے آجتک جیسا فضل الہی اس عالیشان خاندان مین شامل حال ہے۔ ویسا ہی ہمیشہ رہے۔

قیصر کی تباہ حالت مین ریاست کی تباہ

قیصر کے بیوہ ہونے سے کاروبار ریاست مین کسی طرح کا خلل واقع نہین ہوا سنہ ۱۸۶۲ع مین لنڈن کی بڑی نمایش کے وقت رسومات افتتاح کے لئے قیصر بباعث ماتم واری تشریف نہ لاسکین تو ان کے عوض ڈیوک آف کیمبرج کار فرما تھے۔

نہر سویز

اس کے بعد سویز کی نہر جو بڑی حشمت و شان و شوکت سے کھولی گئی اور جسوقت یورپ کے کل بادشاہ اور ملکہ حاضر تھین اسوقت بھی قیصر اسی سوگ کے باعث خود آپ جا نہ سکین۔ مگر ولیعہد بہادر کو اپنی طرف سے روانہ فرمایا۔ وہ نہر فرانس کی ملکہ یوجی نی کے ہاتھون کھولی گئی تھی۔

جنگ امریکہ

سنہ ۱۸۶۱ع مین بردہ فروشی کی مخالفت اور غلامون کی آزادی کا جنگ امریکہ مین مشتعل ہوا۔ اب وہانکی روئی کی آمد و شد لنڈن مین یک لخت بند ہو گئی۔ اسی باعث لنڈن کے بڑے بڑے کارخانے برباد اور بیچارے مزدورونکی بخت زبون آمادہ نالہ و فریاد ہوئے تھے۔ لیکن قیصر نے اس وقت ان آفت زدہ مزدورونکی بڑی مدد کی تھی۔ سنہ ۱۸۶۶ع مین قیصر نے بیوہ ہونے کے بعد پہلی مرتبہ تشریف فرما ہو کر پارلیمنٹ کھولی۔ مگر بالکل عالم سکوت تھا۔ اسوقت اہل دربار نے اپنے پہنے ہوئے جُبے اتار اتار کے قیصر کے تخت کے پاس اکٹھے کر دیئے تھے۔ شعر

جی بڑھ گیا محفل مین لگا آنے وہ جان بخش ٭ لینے کو چلی سامنے دیوار کی تصویر

جنگ پروشیہ

اسی سال پروشیہ اور آسٹریا مین جنگ ہوا۔ ان دونون ملکون کے بادشاہ قیصر کے داماد تھے۔ اپنی دختر اور داماد دونکو ایک دوسرے کے مقابل پاکے قیصر نہایت رنجیدہ تھین۔

جنگ حبش

سنہ ۱۸۶۸ع مین برٹش لشکر ملک حبش پر غالب آگیا۔ وہان کے شہزادے ہیتوڈور کو لنڈن لے گئے۔ جسکی دیکھنے کو خود قیصر تشریف فرما ہوئی تھین۔ افسوس کہ اس شہزادے کی عمر نے وفا نہ کی۔

بادشاہان اسلام کی قیصر سے ملاقات

انہین دنون مصر کے سابق خدیو روم کے سابق سلطان اور ایران کے حال کے شاہ یکے بعد دیگرے اشتیاق سے آکے قیصر سے ملاقات کر گیئے۔

جنگ فرانس و جرمنی

اس کے بعد یورپ بلکہ تمام جہان مین جنگ و جدال کے چند در چند خوفناک حادثے گذرے ہین ان سبمین جنمین سب سے زیادہ خونخوار جنگ فرانس و جرمنی ہے۔ یہہ لڑائی سنہ ۱۸۷۰ع مین ہوئی جس سے شہنشاہ نپولین کو ایک مرتبہ اور تاراج ہو کے قیصر کی پناہ لینی پڑی۔ جرمنی والے غالب آئے۔ اور قیصر کے بڑے داماد پروشیا کے بادشاہ ولیم ملک جرمنی کے شہنشاہ مقرر ہوئے۔ اسکے بعد جرمنون نے شہر پارس خالی کر دیا۔ اس معرکہ کے بعد جمہوری سلطنت جاری ہوئی جو کہ تاحال قایم ہے۔

جنگ زولو و آشانٹی

سنہ ۱۸۷۳ع مین بدنصیب معزول شدہ نپولین وفات کر گیا۔ اور اس کے پانچوین سال اسکا ایک نوجوان ہونہار لایق شہزادہ انگریزون کے ساتھہ جنگ زولو مین افریقہ کے وحشی لوگون کے ہاتھ مارا گیا۔ قیصر اس شہزادے کے مرنے سے بہت روئین۔ مگر کوئی اسکی والدہ ملکہ یوجی نی سے اسکا غم پوچھے۔ ایک تو حادثہ جانگزا پارس جیسا دنیا مین مشہور شہر اور انکی شہنشاہت کا چھٹ جانا دوسرا واقعہ محب [illegible] جب شوہر کا رحلت فرمانا غم پر غم الم پر الم تھا۔ اب یہہ ملکہ اس شہزادے کو دیکھ کر اس کی آیندہ کی غمخوار۔ [illegible]

کے بہروسے پر لنڈن مین اپنی بہو بیٹی کے دن گذارتی تہی کہ فلک کو اس پر بہی رشک آیا۔ ایک ایسی مصیبت نے جسکو قیامت کہنا مبالغہ نہین۔ اُس کو منہہ دکہایا کہ الامان یعنی اس ملکہ کا یہہ نوجوان شہزادہ اسکی نگاہ سے کالے کوسون دور وحشیون کے ہاتہہ مارا گیا۔ داتا سقاوا حسرتا۔ مصرع ؏ این ماتم سخت است کہ گویند جوان مرد۔ اس جنگ زولو کے قبل افریقہ مین آشانٹی کی لڑائی ہوئی ہے جس مین انجی وغیرہ شہر قیصر کے ہاتہہ آئے۔

ترکی و روس کا جھگڑا

سنہ ۱۸۷۷ع مین ترکی کے سلطان اور روس کے زار مین معرکہ جنگ عظیم برپا ہوا برسون فریقین سے کشت و خون ہوا کیا۔ آخر انگریزون کے ذریعے سے شہر برلن مین صلح ہوگئی جس کے صلے مین قیصر کو جزیرہ سیپرس ملگیا۔

کابل کا دوسرا جنگ

بعد اس کے کابل کی دوسری لڑائی شروع ہوئی جسمین امیر شیر علی خان اور یعقوب خان کو تخت سے علیحدہ ہونا پڑا۔ اور قیصر کی اجازت سے لارڈ لیٹن نے عبدالرحمان خان کو امیر بنایا جو کابل مین حکمران

خطاب قیصر ہند

سنہ ۱۸۷۷ع کی پہلی جنوری کو ہندوستان کے قدیم پایہ تخت شہر دہلی مین بڑی کر و فر کے ساتھ ایک جلسہ منعقد ہوا جسمین ہند اور اُسکی اطراف کے تمام نواب راجہ حاضر تھے اس جلسہ مین قیصر نے لارڈ لٹن کے ذریعہ سے خطاب ایمپرس آو انڈیا یعنے قیصر ہند قبول فرمایا۔

معاملہ سوڈان

اب بعد اس کے مصر مین عربی پاشا سے انگریزونکو مقابلہ کرنا پڑا۔ عربی پاشا اب ہندوستان کے سیلان جزیرہ مین انگریزون کے وظیفہ خوار ہین۔ مگر بعد عربی کے مہدی اور مہدی کے بعد اب عبداللہ تقی کے ضلع سوڈان مین اپنا کچہہ کچہہ زور دکھلاتا ہے۔ اگرچہ اس لڑائی مین قیصر کا ایک زبردست پہلوان گارڈن شا مارا گیا۔ لیکن ہنوز اس جنگ کا خاتمہ نہین ہوا۔

برہما

سلطنت برطانیہ مین سب سے اخیر جو ملک شامل کیا گیا وہ برہما ہے۔ وہان کا راجہ تہیبا بمبئی کے رتنا گیری شہر مین فی الحال نظر قید ہے۔

بعد اس واقع کے سنہ ۱۸۸۷ع کے فروری کی ۱۶ وین تاریخ کو تمام ہند مین۔ اور ۲۱ وین جون کو انگلستان مین قیصر کی جوبلی کی تقریب بڑے شان و شوکت سے گذری ہے جسکا بیان آگے آتا ہے۔

قصیدہ قومیہ

قصیدہ دعائیہ قومیہ

National Anthem

God Save Our Empress Queen
Long live our Gracious Queen
God Save the Queen
Send her Victorious
Happy and Glorious
Long to reign over us
God Save the Queen

نغمۂ انگلشیہ ترجمہ مرزا محمد باقر خان

خدا بچاوے قیصر کو   بیحد بڑھاوے قیصر کو
حق قیصر کا یار ہو
بھیجدے اسکو با ظفر   سعید کر حمیدہ فر
فرمان وہ ہمیشہ حیات بھر   حق قیصر کا یار ہو
امن خدا مین رہے قیصر
سکۂ عدل رہے اشتہر   یاری پہ اس کے رہے داور
عمر و شہی ہو ترقی پر   خالق اس کا رہے یاور
رہوے جلو مین فتح و ظفر   تاج سعادت ہو سر پر
سلطنت اسکی رہے برتر   امن خدا مین رہے قیصر

باب بارہوان قیصر کا اعلان بہ نسبت ہندوستان

ملکۂ معظمہ کا کمپنی بہادر سے ملک ہند کو اپنے قبضے مین لینے کا اشتہار؛

East India دیباچہ اشتہار Campany

ایسٹ انڈیا کمپنی

سنہ ۱۸۵۸ع سے پہلے ممالک ہندوستان مقبوضۂ ہندوستان پر ایسٹ انڈیا کمپنی جسکی حیرت انگیز فتوحات اور دور سوداگری کا حال تو تواریخ ہند مین مفصل درج ہے، حکمران تھی۔ مگر کمپنی مذکورہ کچھ اپنی قوت اور اختیار سے حکومت نہین کرتی تھی۔ بلکہ قوم انگلستان کی اجازت اور رضامندی سے بوسیلہ بعض کاغذات کے جو انکو وقتاً فوقتاً پارلیمنٹ انگلستان کیطرف سے عطا ہوے تھے۔ بادشاہ انگلستان کی مختار کے طور پر حکمران تھی۔ سنہ ۱۸۵۸ع مین پارلیمنٹ کو یہہ مناسب معلوم ہوا کہ آیندہ ایسٹ انڈیا کمپنی حاکم ہندوستان نہ کہلائی جائے۔ بنظر برآن ایک ایکٹ جاری ہوا۔ جسکے سبب سے ہندوستان کی حکومت کمپنی سے لے لیگئی۔ اور حضور اقدس ملکہ وکٹوریہ کے دست مبارک مین دیگئی چنانچہ اب ملکہ معظمہ ممالک ہند پر اپنے نام سے مثل انگلستان فرمانروائی کرتی ہین۔

اعلان مذکور ذیل مشتمل بہ انتقال حکومت ملکہ معظمہ کے حکم سے انگریزی و دیسی زبانون مین ممالک ہندوستان کے اندر پڑھا گیا۔ اور اُسکی نقلین جمیع راجگان اور روساء ہند کے پاس بھیجی گیئین۔

اشتہار

(اعلان ملکہ باجلاس کونسل بنام جمیع راجگان۔ سرداران و والیان و رعایائے ہندوستان) وکٹوریہ بفضل خدا جل وعلا سلطنت متحدہ گریٹ برٹن اور آئرلنڈ۔ اور اس کے مضافات و

متعلقات جو یورپ - ایشیا - افریقہ - امریکہ - اور آسٹریلیشیہ مین واقع ہین - ملکہ حامئ دین - چونکہ ہمنے بباعث چند در چند قومی وجوہات کے بصلاح و رضامندی علما و فضلائے دین و عمایدوا کابران مملکت و وکلائے رعایا جو مجلس پارلیمنٹ مین فراہم ہوئی ممالک ہندوستان کی حکومت جو اب تک ہماری طرف سے امانتاً زیر اختیار ایسٹ انڈیا کمپنی تہی - اپنے قبضہ تسلط مین لینے کا ارادہ مصمم کیا ہے - اسواسطے اب بذریعہ اعلان ہذا مشتہر کیا جاتا ہے کہ بصلاح و رضامندی مذکورۃ الصدر ممالک مذکورہ کی عنان حکومت ہمنے اپنے ہاتہہ مین لے لی ہے - اور ممالک مذکورہ مین ہماری رعایا کو یہہ ارشاد ہے کہ - وہ سچی وفادار اور صادق مطیع ہماری اور ہمارے جانشینون و ہمارے ورثا کی بنی رہی - اور جن اشخاص کو ہم وقتاً فوقتاً ممالک مذکورہ کے انتظام اور انصرام کیواسطے اپنی طرف سے اور اپنے نام سے مقرر کرین - ان کے اختیار حکومت کو تسلیم کرین - اور ہم اپنے معتمد عزیز بہائی اور مسٹر چارلس جان ویکونٹ کیننگ کی فراست و لیاقت خیر سگالی پر خاص یقین اور اعتبار کر کے - موصی الیہ کو ممالک مذکرہ پر بعہدہ ہمارے نام سے اور ہماریطرف سے حکومت اور فرمانروائی کیواسطے - زیر اطاعت ان احکام اور قواعد کے جو وقتاً فوقتاً اس کو ہماریطرف سے کسی ایک اعلیٰ وزیر سلطنت کی معرفت پہنچتی رہیگی - اپنا اول نائب السلطنت و گورنر جنرل مقرر کرتے ہین - اور تمام ان عہدیداران و افسران جنگی و ملکی کو جو اب تک ایسٹ انڈیا کمپنی کی نوکری مین تہے - زیر اطاعت ہماری آیندہ خوشنودی اور قواعد اور قوانین کے جو آیندہ نافذ ہون - انکی مختلف راجگان و اہالیان ہند کو اطلاع دیجاتی ہے کہ تمام عہدنامجات جو باہم ان کے اور ایسٹ انڈیا کمپنی کے قرار دیئے گئے ہین ہم مقبول و منظور کرتے ہین - اور ان کے جمیع شرائط اور قرار واقعی ہم ملحوظ خاطر رکہینگے - اور اسیطرح انسے بہی انکی تکمیل و تعمیل کی ہمکو امید ہے - ہمکو ممالک مقبوضہ موجودہ کو وسعت دینی منظور نہین ہے اور درحالیکہ ہم کو اپنے حقوق اور ممالک پر کسی طرح کی دست درازی بلا سزا و انتظام مذکورہ نہین ہے اور ان کے حقوق پر بہی کسی طرح کا تجاوز جایز نہ رکہین گے -

جمیع راجگان و رئیسان ہند کے حقوق و دولت و توقیر و منزلت کا ایسا لحاظ رکہین گے جیسا خاص اپنی کا - اور ہماری یہہ خواہش ہے کہ وہ اور نیز ہماری رعایا برابر اس خوشحالی اور تمدنی بہبودی کا حظ اٹہائین - جو صرف اندرونی امن اور حسن انتظام سلطنت سے میسر آسکتے ہین -

ممالک ہندوستان کے باشندگان کی نسبت ہم اپنے تئین انہین فرایض کے پابند کرتے ہین - جیسا کہ ہم اپنی دیگر رعایا کی نسبت پابند ہین - اور وہ فرایض بفضل خداوند تعالیٰ ہم ایمانداری اور دیانت سے پوری کرینگے - ہمکو اپنی ذات سے دین عیسوی کی صداقت کا یقین واثق ہے - اور دینی تشفی کے سے شکر گذاری کے ساتہہ معترف ہین - مگر ہمارا حق اور ہمارا منشا یہہ نہین کہ ہم اپنے تیقن کو اپنی کسی رعیت پر جبراً منظور کرائین - ہم یہہ ظاہر کرتے ہین کہ ہماری شاہانہ خوشنودی اور مرضی یہہ ہے کہ کوئی شخص اپنی مذہبی رسوم و دینی عقاید کے کسی طرح نہ رعایت کیا جائے اور نہ کسی طرح تکلیف و اذیت

پہنچایا جائے۔ بلکہ تمام اشخاص بلا رو و رعایت۔ مساوی قانونی حفاظت کا پہل پائین گے۔
اور جو اشخاص۔ ہماری ماتحت و صاحب اختیار ہون گے۔ انکو یہہ ہمارا سخت حکم ہے کہ وہ
ہماری کسی رعایا کی مذہبی رسوم و پرستش مین کسی طرح دست اندازی نہ کرین۔ ورنہ نہایت
ناشنودی کے مستوجب اور مورد عتاب ہون گے مزید بران یہہ ہماری مرضی ہے کہ جہان تک
ممکن ہو ہماری رعایا بلا لحاظ نسل و قوم آزادانہ ہماری نوکری مین وہ عہدے پاوین جن کے
فرائض وہ اپنی علمیت۔ لیاقت و دیانت سے بحسن وجوہ ادا کر سکین۔ جو محبت باشندگان ہند
کو اپنی موروثی زمین کے ساتھہ ہے وہ ہم بخوبی جانتے ہین۔ اور ملحوظ رکہتے ہین۔ اور ان کے تمام حق
اور مرافق جو اس سے متعلق ہین بخیال مطالبہ مالگذاری سرکار محفوظ رکہین گے۔ اور نیز یہہ
منشا ہے کہ عموماً تجویز نفاذ قوانین مین قدیم حقوق۔ رسم و رواج ہندوستان کا بخوبی خیال رکہا جاوے
ہم ان خرابیون اور مصیبتون کا جو ہندوستان پر اولو العزم اشخاص کے افعال کے سبب آئین
جنہون نے بذریعہ جہوٹہی خبرون اور ناراست افواہون کے اپنے ملکی بہائیون کو دہوکہ دیکر بر ملا بغاوت
پر برانگیختہ کیا۔ کمال افسوس و رنج ہے۔ میدان جنگ مین اس بغاوت کے فرو کرنے مین ہماری
قوت ظاہر ہوگئی ہے۔ اب ہم ان اشخاص کے جرائم جو اس طرح دہوکے مین آئے۔ مگر اب اپنے فرائض کے
راہ راست پر آنا چاہتے ہین۔ معاف کر کے اپنا رحم ظاہر کرتے ہین۔ اب بہی ایک صوبہ (اودہ)
بخیال تخفیف خونریزی و امان دہی ممالک ہند ہمارے نایب السلطنت گورنر جنرل نے اکثر ان اشخاص
کو جو بلوہ گذشتہ مین بخلاف ہماری سرکار کے مرتکب جرائم ہوئے تہے چند شرائط پر امید معافی
دی ہے اور ان اشخاص کی نسبت جن کے جرائم حد معافی سے باہر ہین سزا تجویز کر دی ہے۔ ہم اپنے
نایب السلطنت کا یہہ کام مقبول و منظور کرتے ہین۔ مزید بران مرقومہ ذیل مشتہر کرتے ہین۔
ہماری رعایت اور معافی تمام مجرمون پر عام ہوگی۔ سوائے ان مجرمون کے جنکا قتل رعایاء
انگریزی مین براہ راست شریک ہونا ثابت ہو چکا ہے یا آیندہ ہوگا۔ ایسے اشخاص کی نسبت
مقتضائے انصاف تعمیل ترحم سے باز رکہتا ہے۔

جن اشخاص نے دیدہ و دانستہ اپنی مرضی سے قاتلون کو پناہ دی یا جو اس بغاوت مین سرغنہ اور بانی
مفسدہ تہے۔ انکی صرف جان بخشی کی کفالت ہو سکتی ہے۔ بلکہ ایسے اشخاص کی نسبت سزا تجویز
کرتے وقت ان حالات کا جنکی نسبت وہ حلقہ اطاعت و انقیاد اتارنے پر آمادہ ہوئے بخوبی لحاظ
کیا جائیگا۔ اور ان اشخاص کی نسبت جن کے جرائم بہ سبب سریع الاعتقادی ایسی جہوٹہی
خبرون کے امان لینے کے لئے جو مفسد مزاج شخصون نے پہیلائین واقع ہوئی۔ بڑی رعایت
اور ترقی کی جائیگی۔ تمام اشخاص کیواسطے جنہون نے برخلاف سرکار ہتہیار باندہے تہے۔ ہم بذریعہ
اعلان ہذا بلا شرائط جان بخشی معافی اور تمام جرائم کے جو ان سے برخلاف ہماری تخت اور ہماری

مشترکت کے سرزد ہوئے۔ اپنے اپنے گھرون کو واپس آنے اور بامن شغل مین مشغول ہوجانے پر رہائی دیتے ہین۔

یہہ ہماری شاہانہ خوشنودی ہے کہ یہہ رحم اور رہائی کے حدود تمام اُن اشخاص پر جو آئندہ جنوری کی یکم تاریخ سے پہلی اسکی شرائط پر کاربند ہون وسیع کی جائین۔

جس وقت خداوند کریم کے فضل و عنایت سے اندرونی امن و چین قایم ہوجائیگا۔ اُسوقت ہندوستان کی صنعت و حرفت اور دستکاری کو ترقی دینے اور عامۂ خلائق کے رفاہ و فلاح کے کام پھیلانے اور اسکو باشندگان کی بہبودی اور فائدہ کیواسطے اس کا انتظام اور حکمرانی کرنیکی ہماری عین خواہش ہے۔ انکی مرفہ الحالی مین ہماری قوت ہے انکی خوشنودی اور رضامندی مین ہماری حفاظت اور انکی احسان مندی اور شکرگذاری مین ہمارا عمدہ انعام۔ خدا قادر مطلق ہمکو اور ہمارے ماتحت صاحب اختیارونکو۔ ہماری رعیت کی بہبودی کے واسطے ہماری یہہ خواہشین پورا کرنیکی توفیق بخشے۔ یکم نومبر ۱۸۵۸ء۔

باب تیرہوان طرز حکومت انگلستان

حکومت ایک مقررہ قاعدہ ہے جس کے ذریعہ سے ایک ملک کا انتظام کیا جاتا ہے۔ ممالک متحدہ گریٹ برٹن آیرلینڈ اور اسکاٹلینڈ مین اُس کا شاہ یا ملکہ اور دو ہوز پارلیمنٹ کے حکومت کرتے ہین جو کہ تین ارکان سلطنت کہلاتے ہین اور اسکی تفصیل یہہ ہے کہ۔ امرا پادری۔ اور عوام۔ گورنمنٹ کے فرائض یہہ ہین۔ کہ اپنے اہل ملک کے واسطے بطور رعایا کے قانون بنائے اور اُن کو موثر کرے۔

اس ملک مین کوئی تفریق شاہ اور ملکہ کے اختیارات مین نہین ہے۔ اُن کا عہدہ نسلاً بعد نسلاً ہے۔ ایک شاہ کے مرنے پر دوسرا وارث ہوتا ہے۔ رشتہ مین مرد کو عورت پر زیادہ ترجیح ہے۔ اس طرح سے سب سے چھوٹا لڑکا موجودہ تخت نشین کا اپنی بڑی بہنونکی موجودگی مین تخت نشین ہوسکتا ہے۔ ہان لڑکی اپنی چچازاد بھائیونکی موجودگی مین تخت نشین ہوگی۔ تاج اس ممالک کا صرف پراٹسٹنٹ مذہب والا رکھ سکتا ہے۔

بادشاہ کا جسم پاک ہے۔ وہ قانون سے بری ہے کوئی قانون پارلیمنٹ کا اُن کو پابند نہین کر سکتا جبتک کوئی تخصیص نہو یہہ بھی بنا اصول قانونی ہے۔ کہ اُن سے کوئی جرم سرزد نہین ہوسکتا وہ کسی حرکت کی ذمہ وار نہین ہین۔ اور نہ انکی غلطی سے فائدہ اُٹھایا جاسکتا ہے۔ اُنکو جرم کی معافی اور ملزمون پر رحم کرنے کا اختیار ہے۔ وہ فیض اور عزت کا چشمہ ہین۔ وہ کل روساء کو خطابات کل فوجی و دیوانی انعامات۔ اور تمغے اُن خدمتون کے صلے مین عطا کرتے ہین جو قدر کے قابل ہون کوئی باشندہ کسی غیر ملک کے شاہ کا تمغا یا خطاب بلا خاص منظوری نہین قبول کر سکتا۔

شہزادہ ویلز ملکہ کے سب سے بڑے لڑکے اور ولیعہد سلطنت ہین۔ انکو بہت سے خطابات ملے ہین۔ قانوناً اُن کے اور انکی بیوی کے جسم کی پوری محافظت کی جاتی ہے۔ اگر بڑا لڑکا مرجاوے تو اُس کا دوسرا بھائی شہزادہ

ویٹو ہوجاوے گا۔

جملہ لارڈ یا امرا یا جسطرح سے کہ وہ مشہور ہین اپر ہوز آف پارلیمنٹ رتبہ مین شاہ سے دوسرے نمبر پر ہے۔ کوئی ممبر جسکا کہ دیوالہ نکل چکا ہے ہوز آف لارڈز مین نشست نہین کر سکتا ہے۔ اور نہ اوسوقت تک جب تک کہ وہ اپنے قرضدارون کو راضی نہ کرا دے یا اپنا دیوالیہ پن دور نہ کرے۔

ہوز آف کامنز یا لور ہوس ہین وہ لوگ شامل ہین کہ جنکو رعایا نشست کے واسطے پارلیمنٹ مین تجویز کرتی ہے۔ عموماً وزارت مین اب حسب ذیل عہدہ دار ہوتے ہین۔

١۔ فہرست لارڈ ٹریزری خزانجات (جو وزیر اعظم ہوتا ہے)
٢۔ لارڈ چانسلر
٣۔ لارڈ پریسیڈنٹ کونسل۔
٤۔ لارڈ پریوی سیل۔
٥۔ چند خزانجات۔
٦۔ سکرٹری آف سٹیٹ معاملات اندرونی۔
٧۔ سکرٹری آف اسٹیٹ معاملات خارجیہ۔
٨۔ سکرٹری آف اسٹیٹ معالات نوآبادیان۔
٩۔ سکرٹری آف اسٹیٹ معاملات ہند۔
١٠۔ سکرٹری آف اسٹیٹ معاملات جنگ۔

مشنریونکی معاونت علاوہ ہوز آف لارڈز کے ایک امر اور ہے۔ کہ جسکی نسبت عوام انگلستان بہت متوجہ ہین اور وہ یہہ ہے کہ آئندہ سے گرجا گھرون کو روپیہ سرکاری خزانجات سے نہ دیا جاوے۔ لبرل لوگون نے اسکی اعانت کا وعدہ کیا ہے۔ اور کانسرویٹو مخالف ہین۔ لبرل کہتے ہین کہ یہہ بہی ظلم ہے کہ عوام کے ٹکس سے کہ جسمین عیسائی مسلمان ہنود اور دیگر مذاہب کے لوگ شامل ہین عیسائی پادریون کی پرورش کی جاوے کہ جن کا کوئی حق اُن ٹکس دینے والون پر نہین ہے۔

فساد آیرلنڈ آیرلنڈ کی نسبت جو اکثر وزارت اور امرایان آیرلینڈ مین نااتفاقی رہتی ہے۔ اور جسکی بدولت پچھلے سالون مین اس قدر سخت بحث آیرلینڈ کے لوگون نے کی ہے اور اس قدر بارہا خونریزی اور کشت وخون گرم رہا اور قریب تہا کہ بالکل بلوہ ہوجاوے۔ اسکی وجہ چند آیرش لوگونکی حقوق خواہشات ہین کہ جنکو انگلستان بوجہ اپنی چند حکمت عملیون کے نہین دے سکتا۔ اسی وقت انگریزی پارلیمنٹ آیرش ممبرونکی تعداد اسّی ہے یہہ لوگ ممبران آیرش پارٹی یا پارنل ایٹی کہلاتے ہین۔ آخر الذکر نام ہونیکی وجہ یہہ ہے کہ آیرش کو سرغنہ ہوز آف کامنس مین مسٹر پارنل ہین کہ جنکا ساتھہ باوجود انکی غلطیون کے کوئی ہمدرد آیرلینڈ کو ملنا مشکل ہے۔ انہین کی وجہ سے یہہ نام پڑا۔

جو بغاوت آمیز تحریرین اخبارات آیرلنڈ مین نکلتی ہین اُس کا عشر عشیر بہی ہمارے ہندی اخبارات مین نظر آوے۔ تو اسمین کوئی شبہ نہین کر سکتا کہ اُس وقت ملک کے کل مطابع پولیس اور مجسٹریٹون کے ہاتھون مین ہون تقریرون مین علانیہ بغاوت کی ترغیب دی جاتی ہے لیکن یہہ انگریزی طرز حکومت ہے کہ جس کی بدولت ایک لفظ بہی اُن کے خلاف سوائے گالیون کے دینیکے یا انکی رفقا کا کوئی بس نہین چلتا پارلیمنٹ کے اندر تک یہہ لوگ اپنی زباندرازی سے باز نہین آتے۔

باب چودہواں نقشہ جات کار آمد

روئے زمین پر قیصر کی عملداری کا نقشہ

سنہ ۱۸۸۴ء کے شمار کے مطابق قیصر کی عملداری کا اندازہ حسب ذیل مرقوم ہے۔

اسمائے ممالک	مربع میل زمین	آبادی	محصول سالانہ روپیہ
گریٹ برٹین و آیرلنڈ	۱۲ ۱۱۱۵	۳۶۲۳۰۰۰۰۰	۸۷۲۰۵۰۰۰۰
انگریزی عملداری متعلقہ ہند	۱۵۵۸۲۵۴	۲۴۸۰۰۰۰۰۰	۸۰۰۰۰۰۰۰۰
ہند کے علاوہ مشرقی عملداری	۳۰۰۰۰۰	۰۰۳۹۰۰۰۰	۳۰۰۰۰۰۰۰۰
آسٹریلیا۔	۳۱۸۱۳۴۴	۳۱۰۰۰۰۰	۲۲۰۰۰۰۰۰۰
شمالی امریکہ۔	۳۶۲۲۰۵۰۰	۴۶۵۰۰۰۰	۷۱۸۵۰۰۰۰
گینی وغیرہ۔	۱۰۰۰۰۰	۲۰۰۰۰۰	۵۰۰۰۰۰۰
افریقہ۔	۲۷۰۰۰۰	۲۳۵۰۰۰۰	۵۸۰۵۰۰۰۰
ویسٹ انڈیا وغیرہ۔	۱۲۷۰۷	۱۳۵۰۰۰۰	۱۵۵۰۰۰۰۰
یورپ میں علاوہ گریٹ برٹین کے	۱۳۰	۱۷۵۰۰۰	۲۵۵۰۰۰۰
متفرق عملداری۔	۹۶۱۷۱	۲۰۰۰۰۰	۵۰۰۰۰۰
جملہ۔	۸۹۹۰۲۰	۳۱۰۲۲۵۰۰۰۰	۲۰۸۰۰۰۰۰۰۰

شعر

سلطنت ہے قیصر ذی جاہ کی ٭ دیکھ لو شوکت یہ شاہنشاہ کی

قیصر کے ہمعصر سلاطین

قیصر کے ہمعصر سلاطین یورپ جو ابھی سریر آرا ہیں اُن کے ناموں کا نقشہ۔

اسمائے سلطنت	اسمائے سلاطین	تاریخ ولادت	تاریخ جلوس
آسٹریا	شہنشاہ فرانس جوسف	۱۸۔ اگست سنہ ۱۸۳۰ء	۲۔ دسمبر سنہ ۱۸۴۸ء
اٹالیہ	بادشاہ ہمبرٹ	۱۴ مارچ سنہ ۱۸۴۴ء	۹ جنوری سنہ ۱۸۷۸ء
انگلستان	ملکہ وکٹوریہ قیصر ہند	۲۴ مئی سنہ ۱۸۱۹ء	۲۰ جون سنہ ۱۸۳۷ء
اولڈن برگ	گرانڈ ڈیوک نیکولس	۸ جولائی سنہ ۱۸۳۲ء	۲۷ فروری سنہ ۱۸۵۳ء
بلجیم	لیوپولڈ ثانی	۹ اپریل سنہ ۱۸۳۵ء	۱۰ دسمبر سنہ ۱۸۶۵ء
بویریہ	لوئس ثانی	۲۵۔ اگست سنہ ۱۸۴۵ء	۱۰ مارچ سنہ ۱۸۶۴ء
بیڈن	گرانڈ ڈیوک فریڈرک	۹ ستمبر سنہ ۱۸۲۶ء	۵ ستمبر سنہ ۱۸۵۶ء
پرتگال	دام لوئیس	۳۱۔ اکتوبر سنہ ۱۸۳۸ء	۱۱۔ نومبر سنہ ۱۸۶۱ء

پرشیہ	شاہ ولیم	۲۲ مارچ سنہ ۱۷۹۷ء	۲ جنوری سنہ ۱۸۶۱ء
ٹرکی	سلطان عبدالحمید خان خلد اللہ	۲۲ ستمبر سنہ ۱۸۴۲ء	۳۱ اگست سنہ ۱۸۷۶ء
جرمنی (پرشیہ)	شہنشاہ ولیم	۲۲ مارچ سنہ ۱۷۹۷ء	۱۸ جنوری سنہ ۱۸۷۱ء
ڈنمارک	کرسچین نہم	۸ اپریل سنہ ۱۸۱۸ء	۱۵ نومبر سنہ ۱۸۶۳ء
روس	شہنشاہ الگزنڈر ثالث	۱۰ مارچ سنہ ۱۸۴۵ء	۲ مارچ سنہ ۱۸۸۱ء
رومن چرچ	یورپ لیو سیزدہم	۱۰ اٹنی سنہ ۱۸۱۰ء	۲۰ فروری سنہ ۱۸۷۸ء
سپانیہ			
سویڈن و ناروے	کنگ اسکار ثانی	جون سنہ ۱۸۲۹ء	۱۸ ستمبر سنہ ۱۸۷۲ء
سیکس کوبرگ	ڈیوک آرنسٹ ثانی	۲۱ جون سنہ ۱۸۱۸ء	۲۹ جنوری سنہ ۱۸۴۴ء
سیکس میانی جن	ڈیوک جارج	۲ اپریل سنہ ۱۸۲۶ء	۲۰ ستمبر سنہ ۱۸۶۶ء
سیکس ویمر	گرانڈ ڈیوک چارلس الگزنڈر	۲۴ جون سنہ ۱۸۱۸ء	۸ جولائی سنہ ۱۸۵۳ء
سکسنی	کنگ جان	۱۲ دسمبر سنہ ۱۸۰۱ء	۸ اگست سنہ ۱۸۵۵ء
فرانس (سلطنت جمہوری)	صدر مجلس مسٹر گریوی	۱۵ اگست سنہ ۱۸۱۳ء	۱۳ جون سنہ ۱۸۷۹ء
گریس (یونان)	کنگ جارج	۲۴ دسمبر سنہ ۱۸۴۵ء	۶ جون سنہ ۱۸۶۳ء
مکلنبرگ سٹرلز	جی۔ ڈی۔ ایف۔ ولیم	۱۷ اکتوبر سنہ ۱۸۱۹ء	۶ ستمبر سنہ ۱۸۶۰ء
مکلنبرگ سورن	جی۔ ڈی۔ ایف فرانسس	۲۸ فروری سنہ ۱۸۲۳ء	مارچ سنہ ۱۸۴۲ء
ورٹمبرگ	کنگ جارج فرڈرک	۶ مارچ سنہ ۱۸۲۳ء	۲۵ جون سنہ ۱۸۶۱ء
ہیسی ڈارمسٹڈٹ	جی۔ ڈی۔ لوائی چہارم	۱۲ ستمبر سنہ ۱۸۳۷ء	۱۳ جون سنہ ۱۸۷۷ء
ہالنڈ	کنگ ولیم ثالث	۱۹ فروری سنہ ۱۸۱۷ء	۱۷ مارچ سنہ ۱۸۴۹ء

نقشہ عساکر سلاطین یورپ

سنہ ۱۸۸۷ء کی شروع میں ممالک یورپ کے عساکر وغیرہ کا اندازہ بڑی تحقیقات سے کیا گیا۔ اور اسی شمار کے مطابق یہہ نقشہ تیار ہوا ہے۔ مخفی نہ رہے کہ فوج و اتواپ مرقومہ ذیل سے مراد رزروڈ فوج نہیں مگر وہ فوج جو بروقت جنگ تیار ہو سکتی ہے

شعر

کتنی یورپ کے شہوں کی فوج ہے ؛ جس قدر ہر فوج دریا موج ہے

اسمائے سلطنت	افواج پیدل	اتواب	رسالہ
آسٹریہ مع ہنگری	۱۰۷۷۱۰۴	۰۰۰۱۷۶۹	۲۱۱۴۶۲

اطالیہ	۲۴۰۰۰۷۸	۱۰۳۶	
بلجیم	۱۰۱۳۶۸	۳۴۰	۲۰۷۹۴
پرتگال	۱۴۸۶۷۸	۲۸۰	۱۲۹۷۳
ترکی عساکر سلطانی	۱۱۰۱۶۰۰	۳۳۴۸	۹۶۰۰۰
جرمنی	۱۵۱۹۱۰۴	۲۸۰۸	۳۱۲۷۳۱
ڈنمارک	۵۰۵۰۰	۱۲۸	۳۰۰۰
روس	۲۴۸۹۲۳۳	۴۰۱۶	۴۶۴۵۸۶
ہسپانیہ	۶۰۰۰۰۰	۶۰۰	۵۰۰۰۰
سویڈن	۱۹۲۱۶۸	۲۸۲	۶۴۹۰
سوزرلینڈ	۲۰۲۰۰۰	۶۱۰	۹۰۰۰
فرانس	۲۰۵۱۴۵۹	۲۹۵۲	۲۰۵۷۱۹۶
گریٹ برٹن (انگریز	۹۱۸۲۰۲	۶۱۰	۵۹۵۶۸
ناروے	۵۰۰۰۰	۱۰۸	۴۰۰۰
ہالینڈ	۳۱۸۹۹۸	۱۳۰	
ممالک بالکن جیسے بلگیرہ مشرقی رومانیہ گریس (یونان) مانٹی نگرو رومانیہ اور سرویہ شامل ہیں۔	۱۴۷۵۱۸۴	۱۷۹۸۵	۱۴۶۴۰۹۸

سلاطین یورپ کی بحری طاقت کا نقشہ

سنہ ۱۸۸۷ء کے سرکاری بجٹ کے ضمیمہ سے نقشہ مرقوم الذیل تیار ہوا مرکب اول درجہ سے مراد وہ جہازات ہیں جو ۸۵۰۰ ٹن سے زیادہ وزن وار ہیں۔ مرکب درجہ ثانی سے مراد وہ جہاز ہیں جو ۸۵۰۰ ٹن یا اس سے کم ہیں۔

اسمائے سلطنت	تیار مرکب		مرکب نئے تیار ہوتے		جملہ مرکب جہازے
	درجہ اول	درجہ ثانی	درجہ اول	درجہ ثانی	د و د ث
گریٹ برٹن	۱۵	۱۶	۹	۸	۴۸
فرانس	۳	۱۲	۷	۱۰	۳۲
اطالیہ	۲	۵	۵	۰	۱۲
جرمنی	۱	۸	۰	۱	۱۰
روس	۲	۴	۴	۱	۱۲
آسٹریہ	۰	۶	۰	۱	۷
ترکی سلطان	۱	۳	۰	۱	۵

نقشہ اسلاطین ممالک ایشیا

اسمای ممالک	دارالسلطنۃ	ماتحت	اسمای ممالک	دارالسلطنۃ	ماتحت
سیبیریہ	استرخان و توبولسک	زار روس	عرب	مکہ سنہ مسقط و یدہ	سلطان قیصر روم
گرگس و گرجستان	تفلیس	زار روس	فارس	طہران۔ اصفہان شیراز	کجکلاہ ایران
ترکستان	بخارا و سمرقند	زار روس	افغانستان	کابل و قندہار	امیر کابل
چینی تاتار و منصوریہ	کاشغر	فغفور چین	ہندوستان	کلکتہ بمبئی مدراس	ملکہ گریٹ برٹن قیصر ہند
تبت	لاسہ لداخ	لامۂ بزرگ	برہما	آوا منڈالی	ملکہ گریٹ برٹن قیصر ہند
کوچک انشیا انیشائی ترک	اسمرنا برسہ	سلطان قیصر روم	سیام	بانکوک	شاہ سیام
ارمن	ارض روس	سلطان قیصر روم	انام و تانکین	ہوئیفو و سائیگون	شاہ سیام
دیاربکر و کردستان	بطلس وغیرہ	سلطان قیصر روم	چین	پیکن نانکن کانٹون	فغفور چین
عراق عرب	بصرہ و بغداد	سلطان قیصر روم	جاپان	یدو۔ میاکو	فغفور چین
شام	حلب و دمشق و بیروت	سلطان قیصر روم	مجموعۃ الجزائر	بٹاویہ سنگاپور اطلا	فغفور چین
فلسطین	بیت المقدس	سلطان قیصر روم			

نقشہ قلمروی روے زمین

مالکی زمین	رقبہ	مردم شماری	مالکی زمین	رقبہ	مردم شماری
سلطنت برطانیہ	۸۰۰۰۰۰۰	۲۰۰۰۰۰۰۰۰	سلطنت سلطان روم	۸۵۰۰۰۰	۳۵۵۰۰۰۰۰
سلطنت روس	۶۵۰۰۰۰۰	۷۷۰۰۰۰۰۰	سلطنت آسٹریہ	۲۴۰۰۰۰	۳۲۵۷۰۰۰۰
سلطنت چین	۴۵۰۰۰۰۰	۴۵۰۰۰۰۰۰۰	سلطنت فرانس	۲۳۹۰۰۰	۴۰۰۰۰۰۰۰

ہندوستان کی وظیفہ خوار انگریز سنہ ۱۸۵۵-۵۶ع میں مبلغ ۲۰۳۲۹۰۵۰ روپیے کی رقم اُن انگریزوں میں تقسیم ہوئی جنہوں نے ہند کے متفرق محکمہ اور سررشتوں میں وفاداری سے ملازمت کرکے وظیفہ حاصل کرلیا۔

آمدنی واخراجات ہند سال رواں کے بجٹ کے مطابق ہندوستانکی سالانہ کل آمدنی ۷۵۰۷۹۸۷۰۰۰ روپیے کل اخراجات ۸۷۳۰۴۹۰۰۰ سنہ ۱۸۸۰ع کی ہند کی کل آمدنی ۱۹۷۰۴۴۶۴۴۷ روپیے۔ خرچہ۔ ۷۷۲۲۶۵۹۲۳۰ ۔ نقصان ۲۸۰۱۷۲۶۰

باب پندرہواں قیصر کے خویش واقارب

قیصر کے خویش واقارب قیصر کے آل واولاد کا مفصل حال اوپر بیان ہوچکا ہے۔ یہاں فقط قیصر کے انہیں اقرباکے نام بیان کئے جاتے ہیں جنکا بار بار ذکر اس کتاب میں آیا ہوا ہے

قیصر کے جد حقیقی	جارج سوم
قیصر کے عم بزرگ	جارج چہارم (ڈیوک آو برنسوک)
قیصر کے دوسرے چچا	ڈیوک آو یارک (فریڈرک)
قیصر کے تیسرے چچا	ولیم چہارم (ڈیوک آو کلیرنس)
قیصر کے والد	ڈیوک آو کینٹ (اڈورڈ)
قیصر کے پانچوین چچا	بادشاہ ہینوور (ڈیوک آو کمبرلینڈ)
قیصر کے چھٹے چچا	ڈیوک آو سسیکس (آگسٹس فریڈرک)
قیصر کے ساتوین چچا	ڈیوک آو کیمبرج (اڈولفس فریڈرک)
قیصر کی چچیری بہن	شہزادی شارلٹ (جو ایک وقت وارث تخت تصور کیگئی تھی)
قیصر کا سوتیلا باپ	شہزادہ لیننگن
قیصر کا سوتیلا بھائی	شہزادہ چارلس
قیصر کی سوتیلی بہن	شہزادی فیوڈور
قیصر کی والدہ حقیقی	شہزادی وکٹوریہ لوئیزا (ڈچس آف کینٹ)
قیصر کا بڑا ماموں	ڈیوک آو کوبرگ
قیصر کا چھوٹا ماموں	شہزادہ (بلجیم بادشاہ) لیوپولڈ ـ شوہر شارلٹ
قیصر کا شوہر	شہزادہ البرٹ ـ پرنس کنسرٹ (جو شوہر رشتہ سے قیصر کا ممیرا بھائی تھے)
قیصر کا نانا	ڈیوک آو سیکس کوبرگ
قیصر کا جیٹھ	شہزادہ ارنسٹ
قیصر کا پہلا فرزند	پرنسس رایل شہزادی
قیصر کا پہلا داماد	شہزادہ فریڈرک ولیم ـ ولیعہد جرمنی
قیصر کے دوسرے فرزند	پرنس آو ویلز ولیعہد قیصر ہندوستان مین تشریف فرما ہو چکے ہین
قیصر کی بڑی بہو	الکزنڈرہ ـ بادشاہ ڈنمارک کی بڑی شہزادی
قیصر کا پہلا پوتا	شہزادہ البرٹ وکٹر فرزند ولیعہد جنکی ہند مین تشریف آوری کا ابھی چرچا ہے
قیصر کا دوسرا پوتا	شہزادہ جارج فریڈرک ایضاً
قیصر کا تیسرا فرزند	پرنسس ایلس متوفی شہزادی ـ
قیصر کا چوتھا فرزند	ڈیوک آو ایڈنبرہ داماد شہنشاہ روس جو سب سے پہلے ہندوستان مین تشریف فرما ہوئے تھے ـ
قیصر کا پانچوان فرزند	شہزادی ہلینہ

قیصر کا چھٹا فرزند	شہزادی لوئیزا
قیصر کا ساتوان فرزند	ڈیوک آو کناٹ داماد شہزادہ پرشیہ جو فی الحال بمبئی احاطے کے سالار فوج ہین۔
قیصر کا آٹھوان فرزند	متوفی شہزادہ ڈیوک آو البنی
قیصر کا نوان فرزند	شہزادی بیٹرلیس

باب سولھوان قیصر کے جان لینے کی کوشش

قیصر کے جان لینے کی کوشش

اگرچہ جہان پناہ قیصر بطور دختر۔ زوجہ والدہ اور ملکہ کے تمام حقوق اپنے پورے طور ادا کرتی رہین۔ تاہم ظالمون نے اُن کی جان لینے کی کوشش مین کوئی دقیقہ فرو گذاشت نہین کیا۔ لیکن سچ ہے۔ مصرع دشمن چہ کند چون مہربان باشد دوست جسطرح حوادثات آسمانی سے وہ ہر وقت بچتی رہین۔ ویسا ہی ظالمون کے پنجون سے بھی خدا ے تعالی نے آج تک ان کو اپنے حفظ و امان مین صحیح وسلامت رکھا ہے۔

۱۔ پہلی کوشش قیصر کے جان لینے کی سنہ ۱۸۴۰ء کے ماہ جون کی دسوین تاریخ کو ایک بادہ فروش کے سترہ برس کے انگریز لڑکے مسمی اڈورڈ اکسفرڈ نے کی تھی قیصر اپنے شوہر کے ہمراہ کانسٹیٹیوشن ہل نام کی ایک ٹیکری کی طرف روانہ ہوئی تھین کہ راستے مین اُس لڑکے نے دو مرتبہ قیصر کو تاک کے اپنی بندوق سر کی مگر دونون وقت خطا کی۔ عدالت کی جوری نے اُسے پاگل ٹھیرایا اور سزا اُس کے لیے یہہ تجویز ہوئی کہ وہ پاگل خانے مین ہی رہا کرے۔ جبتک کہ قیصر چاہے۔

۲۔ دوسری کوشش سنہ ۱۸۴۲ء کے ماہ مئی کی تیسوین تاریخ کو ہوئی تھی اُس وقت جان فرانسس نام کے ۲۲ برس کے ایک انگریز نوجوان شخص نے اُسی ٹیکری اور اُسی مقام پر قیصر پر بندوق چھوڑی اُس کے لئے پھانسی کی سزا عدالت سے تجویز ہوئی تھی۔ مگر آخر کو تا بہ زیست شہر بدر کیا گیا۔

۳۔ تیسری کوشش اُس روز ہوئی جس روز کہ مذکور مجرم کی سزا کی تخفیف ظاہر کی گئی۔ قیصر اپنے محل سے گرجا گھر کو جا رہی تھین۔ کہ اس مین بین نامی ایک انگریز کوزہ پشت لڑکے نے قیصر کی گاڑی کے قریب آ کے بندوق اُٹھائی اور چاہتا تھا کہ بندوق کو داغے کہ اس مین ایک اور لڑکے نے جو وہان کھڑا تھا بین کا ہاتھ پکڑ لیا۔ آخرش بین کو اٹھارہ مہینے کی قید کی سزا ہوئی ایسے قید خانے مین کہ جہان وہ ضروری مشقت کیا کرے۔

۴۔ چوتھی کوشش ۱۹ وین مئی سنہ ۱۸۴۹ء کو کانسٹیٹیوشن ٹیکری پر ہملٹن نامی ایک آئرش معمار نے قیصر پر بندوق چلائی۔ اس سزا مین سات برس شہر بدر کیا گیا۔

۵- پانچوین کوشش رابرٹ پیٹ نامی ایک سابق فوجی سردار کے ہاتہون ہوئی تہی اور اس کے لیے سات برس تک بعبور دریائے شور شہر بدر کی سزا ٹہیری۔

۶- چہٹی کوشش ۲۶ وین مئی سنہ ۱۸۵۰ء کو جبکہ قیصر ڈیوک آف کمبرج کے محل سے اپنی گاڑی پر سوار ہوکے روانہ ہونی تہین اس وقت خود انہون نے قیصر کے چہرے پر لکڑی کی ایک سخت ضرب لگائی تہی۔

۷- ساتوین کوشش ۲۹ وین فروری سنہ ۱۸۷۲ء کو آرتہر آوکونر نام کے ایک سترہ برس کے لڑکے نے ایک خالی و شکستہ بندوق قیصر پر داغی اس وقت قیصر اپنے سیر سے لوٹ کے بکنگام محل مین داخل ہو رہی تہین مجرم لڑکے کو ایک سال قید رکہا۔ اور کچہ ضربین بہی لگائی گئین۔

۸- آٹہوین اخیر کوشش ۲ مارچ سنہ ۱۸۸۲ء کو وقوع مین آئی۔ قیصر لنڈن کی سیر کر کے ونڈسر کے مقام پر واپس آئین اور جس وقت اپنی گاڑی مین سوار ہوا چاہتی تہین کہ اسی مین مکلین نام ایک شخص نے بندوق سر کی۔ آخر مکلین پاگل ٹہیرنے پر بے جرم ثابت ہوا اور اس کا قید سے آزاد ہونا قیصر کی مرضی پر منحصر ٹہیرا۔

باب سترہوان شہزادہ ولیعہد بہادر کی سوانح عمری

شہزادہ ولیعہد بہادر پرنس آف ویلز البرٹ اڈورڈ یہہ قیصر علیہا کے دوم فرزند ہین۔ حال ان کا تحفہ جوبلی مین کئی مقام پر آگیا تاہم ناظرین کی کامل آگہی کی خاطر یہان انکی زندگی کا مختصر حال از سر نو بیان کیا جاتا ہے۔ یہہ شہزادے ۹ نومبر سنہ ۱۸۴۱ء کو پیدا ہوے۔ انکی تربیت و تعلیم کی کیفیت آگے بیان ہو چکی ہے۔ لڑکپن کی حالت مین یہہ شہزادے اڈنبرا کی ہائی سکول مین داخل ہوئے اور پہر آکسفرڈ اور کمبرج کے طالب العلم بنے سنہ ۱۸۶۳ء مین ڈنمارک کی شہزادی الکزنڈرہ سے ان کی شادی ہوئی جن سے اب ان کے پانچ فرزند حیات ہین۔ ولیعہد بہادر کے فرزندن کا حال آگے مفصل بیان ہو چکا ہے سنہ ۱۸۷۱ء کے اخیر ولیعہد بہادر سخت بیمار ہوے۔ لکہہا بلکہ کروڑہا آدمیون نے اپنے صدق اعتقاد سے ان کے صحت کے لیے دعا مانگی کیونکہ کل معالجون نے عاجز ہو کے ان کو خدا کے فضل کے حوالے کر دیا تہا۔ ڈسمبر مہینے کی ۱۴ وین تاریخ کہ اس شہزادے کے والد کی وفات کا دن تہا۔ مریض کے حق مین بڑی بہاری تصور کی گئی۔

اکثر اشخاص کا قول تہا کہ اس تاریخ کو شہزادے کا بچنا مشکل ہے لیکن یہان لوگون دعا کا تیر بہدف اثر نہ ہو سکا تہا۔ اسی تاریخ سے کہ مشکل گنی جاتی تہی خدا نے انکو شفا عطا کی اور تندرستی کے آثار نمایان ہوتے چلے۔ تہوڑے ہی ہفتون مین شفائے کامل ہو گئی۔ اور پہر قیصر کی کل رعایا نے جو قلمرو برطانیہ کے زیر حکومت ہے۔ اپنے اپنے عبادت گاہون مین

شکر ہے اُس شافی مطلق کا ادا کیا کہ سنہ ۱۸۷۵ء مین پرنس آف ویلز بہادر ہندوستان مین تشریف لائے تھے۔

اُس وقت انکی خیر مقدم مین رعایائے ہند اپنی وفاداری کی ثبوت مین جو کچھ جشن اور خوشیان منائی ہین وہ ابھی ہماری نظرون مین سمائی ہوئی ہین سچ تو یہ ہے کہ جن لوگون نے ولیعہد بہادر کی تشریف آوری کے جلسے اس اقلیم ہند مین ملاحظہ کئے تھے انکو اب لنڈن کی جوبلی کے جلسے پسند نہین آئے۔ بمبئی مین ہمارے رئیس المسلمین ناخدا محمد علی صاحب روگے نے شہزادہ بہادر کو ایک عمدہ بیاؤ نذر کیا تہا۔ اس احقر کے والد ماجد نے انکی مدح مین ایک عمدہ قصیدہ انگریزی زبان مین تحریر فرما کر اُن کے پیش کیا تہا۔ اگر گنجایش ہوئی تو وہ کامل قصیدہ اس کتاب کی اخیر مین درج کیا جائیگا۔ مادہ تاریخ اس مین فارسی ہی مین موزون کر دیا ہے وہ یہہ ہے (چراغ ریاست) ۱۸۷۶ء

ولیعہد بہادر نے سندرنگہم Sandringham نامی ایک ملکیت خرید کی ہے جہان آپ بذات خود زراعت اور مویشی کی فکر کیا کرتے ہین۔

ملک کی بہتری کی نسبت سے آپ اکثر نمایش گاہون کی ترقی مین ساعی رہتے ہین۔ لنڈن کے امپیریل انسٹیٹیوٹ کی فرد مین انہین کی حسن سعی سے لکہا روپے کی رقم ہند کے راجہ اور نوابون نے لکہی ہے۔ فرزندون کی تعلیم مین ولیعہد بہادر نے اپنے دونون بڑے شہزادون کو ایک اتالیق لیق کے ہمراہ ایک مرکب ووڈی پر سوار کروا دیا تہا پرکار کی طرح تمام دنیا کے دایرہ کے گرد گہوم کر اپنے مرکز اصلی پر آجاوین۔ جہاز مین علاوہ دیگر تدریس کے ان نوجوان شہزادون کو خلاصیون کا کام بہی سکہلایا جاتا تہا۔ انہین ہونہار شہزادون کے ہند مین تشریف لانے کی خبر آگے بیان ہو چکی ہے۔

باب اٹھاروان جیوبلی ہندوستان

ای مرحبا دور قیصری

چشم بد دور سنہ ۱۸۱۹ء مین وہ صاحبہ قرانی قیصر جہانی پیدا ہوئین اور اٹہارہوین سال یعنے سنہ ۱۸۳۷ء مین آپ سریر آرا بن گئے انچاس سال خود کی حکومت نوشیروانی مین کیسے کیسے خوشی کے حالات اور غمی کے سوانحات ایک خوبی کے ساتہ مشاہدہ کرنے کے بعد خدا خدا کرکے اب بفضل خدا سنہ ۱۸۸۷ء مین دور قیصری کا پچاسوان سال المشہور بہ سال جوبلی قیصر آپہنچا۔ یہہ وہ مبارک سال ہے جو سینکڑون پادشاہ شہنشاہون مین سے کسی ایک سکندر بخت ہمایون رخت کو نصیب ہوتا ہے اس دور قیصری کے باعث جو جو خوبیان و ترقیان قیصر اور رعایائے قیصر کو حاصل ہوئی

۴ ولیعہد بہادر سے پر سو چکے ہین یہ اکثر منتشر رہا کرتے ہین جیسے شہرین لنڈن کے خیالات شہزادونکی نوجوان سیر کی تبع کی ۵

ہین وہ بہر پردہ دنیا پر مفقود نظر آتی ہین۔ لیجئے پہلے اس ہمارے ہندوستان ہی کی سرسبزی دیکھہ لین کہ اس دور قیصری مین اس نے کیا کیا ترقیان کی ہین یہہ ملک جو پہلے کہہ رہا تہا کہ مصرع ع

مین موسم بہار مین شاخ بریدہ ہون

سو اب زبان حال سے پکار پکار کر کہہ رہا ہے مصرع ع ہی عطر

ترا بہار گل نو رسیدہ ہون

علم اس دور قیصری مین تو ستارۂ اقبال علم فی الحقیقت فلک چہارمی پر عروج کر گیا ہے۔ نظر غور سے دیکھئے تو اس کی ایک ادنی نظیر یہہ نمایان ہے کہ ہندوستان کی کل یونیورسیٹیون مین مدرسۃ العلوم وب جو طلبا ہر سال امتحان دینے حاضر ہوتے ہین ان کی تعداد پہلے کے بہ نسبت بیسیون سے تجاوز کر کے ہزارون پر نوبت آ گئی ہے۔ حالانکہ امتحانات کے اصول نہایت پیچ در پیچ اور مشکل در مشکل کر دئے گئے ہین تاہم بلاکشان رحمت علم اُسے آسان سمجھتے ہین کب چہوٹتے ہین ہر مسئلہ مالاینحل کو حل کرنے سے کبہی منہہ نہین موڑتے ہین۔ دنیوی علوم کے وہ وہ غوامض جن کے دریافت کرنے والے ہندوستان کے نامی گرامی شہرون مین بہی نایاب تہے۔ آج وہ دور قیصری مین دیہاتی لڑکے بات بات مین ویسے مسایل حل کر دیتے ہین۔

کتب دینی و دنیوی کتب جن کا امیر اُمرا کے کتب خانون کے سوا اور کہین پتہ تک نہین لگتا تہا۔ آج وہ دور قیصری مین عمدہ خط اور بالکل صحت کے ساتھہ کوڑیون کے مول سر بازار فروخت ہو رہی ہین۔

اخبارات قیصر کے اس پچاس سال کے دور مین علم و کتب کی جس طرح ہند مین افراط ہو گئی ہے۔ ویسی طرح ہند کے ہر ہر زبان مین اخبارات بے احصا برائے سہولیت خریدار ارزانی کے ساتھہ شائع ہوتے ہین۔ یہان تک کہ مشتاقان اخبارات کو بہی یہہ گلہ پیدا ہوا کہ ہمارے یہان اس کثرت سے اخبار آتے ہین کہ اب ان کے کہولنے تک کی نوبت نہین آتی۔ مگر یاد رہے کہ جن چیزون نے یورپ کو افلاس سے چہڑا کے مالا مال اور نونہال کر دیا۔ ان مین شیاعت اخبار ایک مقدم چیز گنی گئی ہے۔

صحت ہندوستان مین صحت کی حفاظت کے لئے اس زمانے مین کیا صورتین تجویز کی گئین کہ ان کے افزود ظاہر ممکن نہین۔ علم تشریح اسطرح پڑہائی گئی کہ اب اس سے حکمت کو دگنی طاقت پہنچ گئی ہے۔ جابجا دار الشفائین اور دواخانے آباد۔ ستیلا کے ٹیکا لگانیوالے ڈاکٹرونکی کثرت ہے جو کہ گہرون گہر پہرا کرتے ہین۔ موقع موقع پر باغ و باغیچے لہلہا رہے ہین۔ عمدہ پانی بذریعہ نہر و نل کے جا بجا اور ہر بلند طبقہ کے ساکنون کو بخوبی میسر ہے۔ ان مسیحائی ڈاکٹرون نے مرض ہیضہ کے معدومیت کی خاطر ایک اعجاز عیسوی دکہلایا جو صورتین اس کے دفعیہ کی کی گئین اور کیجاتی ہین۔ ان سے عیان ہے۔

زراعت اس دور مین زراعت کو وہ ترقی حاصل ہوئی کہ قحط کا نام مطلقاً مٹ گیا۔ پہل پہول ساگ

ترکاری آجکل وہ میسر آتی ہے کہ جس کا نام تک نہین سنا تہا۔

سہولیت سفر دور قیصری سے پہلے ہند کی مسافرونکا یہہ حال تہا کہ مسافر چاہے ویسا مجرب فربہ ہو منزل مقصود کو پہنچنے کے قبل سختی سفر اسے لاغر و منحنی کردیتی تہی۔ اب آہنی سڑک و مرکب دودی کے ذریعہ سے ہفتونکی مسافت گہنٹون مین طے ہوتی ہے وہ بہی نہایت سہولیت و آرام کے ساتھ سڑکین پختہ تیار ہوئین۔ ریلوے تمام ہند مین ۱۲۴ ہزار میل ایسی پہیلی کہ ہندیونکی خطوطونکو نقشی مین مات دیدی ہے۔ سہولیت سفر کیلئے ہر ندی پر پل موجود ہے غرض

شعر۔ جدہر دیکہئے خیر سے خیر ہے ؛ سفر یہہ نہین باغ کی سیر ہے۔

کارخانے اسی دور قیصری مین سٹیم کے ذریعہ سے کپڑے بننے کا پہلا کارخانہ ۱۸۵۴ء مین بمبئی مین جاری ہوا تہا اور اب تمام ہندوستان مین کوئی ایک سو کارخانے ہین کہ جنمین قریب ایک لاکہہ آدمیونکی روزی پاتے ہین۔

ٹیلیگراف ہماری قیصر وکٹوریہ تخت انگلینڈ پر سب سے پہلے ۲۰ وین جون کو جلوس فرما ہوئی ہتین۔ یہہ خبر ہندوستان مین بہت سرعت سے روانہ کی گئی مگر بمشکل ۲۵ وین اگست کو یعنے دو مہینے سے زیادہ عرصہ مین یہان شایع ہوئی۔ اب قیصر کے دور مین ٹیلیگراف کے ذریعہ سے کوئی دو گہنٹو کے عرصے مین لنڈن سے یہان خبر آجاتی ہے۔ فقط ہندوستان مین پچپن ہزار میل تار برقی کہلا ہوا ہے۔

ڈاک خانے دور قیصری کے قبل ہندوستان مین بدقت تمام قاصدون کے ذریعہ سے خطوط روانہ کرتی ہے۔ اور اب ڈاک خانونکی سہولیت اور ارزانی سے ایک پیسے مین ہند کے جس شہر مین چاہو خبر جا سکتی ہے۔

انتظام ملک ہندوستانکی لیجسلیٹو کانسلین اور میونسپلٹیان دور قیصری مین ہند کے حسن انتظام کی پوری مدد کرہی ہین۔ اور تیسرے ہماری معزز سابق ویسراے مارکوس آف رپن کی سیلف گورنمنٹ تو ایک طرۂ زیبا ہے۔ پس اسطرح جس چیز کو غور کرکے دیکہئے وہ اس زمانے مین ترقی درجہ اعلی کی روشنی دکہا رہی ہے۔

ہند مین جیوبلی کہان کہان ہوئی جشن جیوبلی کا تجمل فقط ہندوستان کے بڑے بڑے شہرونمین ہی نہین ہوا بلکہ چہوٹے سے چہوٹے قصبے مین بہی اسکی خوشی قسم قسم کی خوبیون سے منائی گئی۔ اور اسیطرح ہند کے مہاراجہ و نوابونکی اعلی و ادنے ریاستون مین بہی بڑی شان و شوکت سے جشن ہوا۔ مختصر یہہ کہ ہندوستان کی کل پچیس کروڑ آدمی قیصر کی جیوبلی مین شریک تہے۔ اور ملک برہما مین بہی جیوبلی بڑی جوش و خروش سے منائی گئی

ہندکی جیوبلی کا روز جیوبلی کا حقیقی روز تو ۲۱ وین جون کا تہا۔ مگر بباعث ناموافقت موسم چار مہینے پیشتر یعنے فروری کی ۱۶ وین و ۱۷ وین تاریخ ہند کی جیوبلی کے لئے مقرر ہوئی اور انہین دنون تمام ہندوستان مین جشن ہوا۔ ہندوستانکی جیوبلی انگلینڈ کی جیوبلی سے علیحدہ ہونے مین ایک لطف یہہ بہی ہوا کہ ہند کی پچیس کروڑ رعایا کی خوشی کو پورے طور پر ملاحظہ فرمانے کے لئے قیصر کو اپنا موقع ہاتہ آیا۔

قیصر کی بلند اقبالی قیصر کے مانند بلند اقبال نصفت پسند بادشاہ پردۂ دنیا پر فی زمانہ بالشاذ و نادر ہوگا۔ نخل قیصر کا مانند باغ کے اُس کے نونہال چشم و چراغ پوتے پوتیان نواسے نواسیان سے روشن اور سرسبز ہے دنیا کے نامور شہنشاہ قیصر کی رشتہ داری مین منسلک۔ دنیا کی ہر اقلیم مین قیصر کی عملداری موجود قیصر کا

خزانہ معمور بحری و بری سپاہ بیشمار قیصر کی ریاست میں جواہرات و سونا چاندی کی کانیں موجود علم و ہنر تجارت زراعت کی نہایت درجہ ترقی۔ رعایا کو مذہب و ملت کی پوری آزادی ان سب خوبیونکا نتیجہ یہ نکلا کہ اس مہد علیا کو جوبلی کا روز نصیب ہوا۔ اگر قیصر اپنی حکومت میں ذرہ بھر بھی ظلم روا رکھتیں تو یہ باتیں ہرگز نصیب نہوتیں۔

قیدیونکا آزاد ہونا ہند کی جوبلی میں لارڈ ڈفرن صاحب نے باجازت قیصر پچیس ہزار قیدی فوجداری مقدمات کے سزا یافتہ رہا کردیے۔ اور دیوانی مقدمون کے قیدی جنکا قرضہ سو روپیے سے کم تہا۔ سرکاری خزانے سے ادا کیا گیا اور وہ سب ۲۰ قرضدار جوبلی کے روز قیدخانوں سے چھوٹ گئے۔ اور اُس روز باقی ماندہ زمین کا تمام محصول بھی معاف ہوا۔ لارڈ لٹن صاحب نے بھی ۱۸۷۷ء میں کہ جب قیصر ہند کا خطاب ملکہ وکٹوریہ کو دیا گیا سولہ ہزار قیدی ہند کے قیدخانوں سے رہا کردئے تھے۔

جوبلی کی یادگاری قیصر کی جوبلی کی بقائے یادگاری میں وکٹوریہ لائبریری اندور میں قائم ہوئی۔ بھوپال میں پانی کا نل جاری ہوا۔ ریوا میں دارالشفا کھولی گئی۔ گوالیار میں وکٹوریہ کالج قائم کی گئی۔ بمبئی میں صنعت کا مدرسہ جعفر سلیمان کا عورتوں کا دواخانہ۔ دارالشفائی قیصری حکیم محمد باقر طبیب بانی اور کاما ہسپتل مستورات کیلئے۔

جوبلی میں کیا ہوا طلبا مدارس کو ضیافت دی گئی۔ فقیر فقرا کو کھانا کھلوایا گیا۔ اور خیرات تقسیم ہوئی۔ آتشبازی چھوڑی گئی۔ درباری اور بیوپاری مکانوں میں روشنی کی گئی۔ دریا میں جہاز و نہر بھی روشنی ہوئی لشکری ریویو ہوا گورنر راجہ نوابونکی سواریاں نکلیں۔ مضامین پڑہے گئے خطابات عنایت ہوئے۔ قیدی رہا کئے گئے محصول معاف ہوا۔ میلے و بازار لگے۔ کالج دارالشفا کتب خانے قائم کئے گئے۔ تہنیت نامے اور مبارکبادی کے ٹیلگراف روانہ کئے۔ اور عبادت خانوں میں خدا کا شکر ادا کیا گیا۔

دور قیصری میں دہبہ اس دور قیصری میں فقط ہندوستان کے غدر کا ایک دہبا ایسا لگا ہوا ہے جو مٹائے نہیں مٹتا۔ اگرچہ اُدہر انگریز لوگ اُس کے یاد سے خون ٹپکاتے ہیں تو اِدہر ہندوستانی لوگوں کے جگر دوپارہ ہوئے جاتے ہیں۔ مگر بمصداق فعل الحکیم لایخلو عن الحکمۃ ۱۸۵۷ء میں غدر ہوا جسکا ایک نہایت عمدہ نتیجہ نکل آیا۔ وہ یہہ ہے کہ اقلیم ہند جسکی مردم شماری دنیا کی ایک خمس کہلاتی ہے۔ وہ ایک تجارونکی چھوٹی سی جماعت کے زیر حکومت تھی یہ غدر ہی کا فیض ہے کہ دنیا کا ایسا مشہور و معروف ملک ہندوستان اب قیصر کے زیر حکومت سلطنت برطانیہ میں شامل ہوگیا۔

خطابات علاوہ اُن پہلے خطابوں کے جو اُبھی جاری ہیں اس جشن جوبلی کی یادگار میں لارڈ ڈفرن صاحب نے باجازت قیصر ایک نیا خطاب فاخرہ علمائے ہند کیلئے جو ہندوستان میں ترقی علم کے ساعی ہیں مقرر فرمایا ہے مسلمانونکو (شمس العلما) اور ہنود ونکو (مہا مہوپادہیای) ہے یہ خطاب نام کے قبل مستعمل ہوں گے جن علما کو شمس العلما کا خطاب عنایت ہوا ہے اُن کو ایک خلعت جسمیں ایک عمامہ اور ایک جُبّہ ہے سرکار سے ملتا ہے اور مہا مہوپادہیای والونکو ایک اُشنی شال یعنی دستار اور ایک انگرکھا یعنی شال ملی ہے۔ ایسے خطاب جوبلی کی جشن

ہیں کثرت سے لوگونکو دیئے گئے ہیں جنکی فہرست بباعث طوالت کے اس کتاب میں گنجائش نہیں کرسکتی مگر بڑے افسوس کی بات یہہ ہے کہ ضلع بمبئی میں کوئی صاحب بھی شمس العلما نہیں ہوئے آرڈر آودی انڈین ایمپایر کچھہ رد و بدل کرکے اکثر روسا ہند کو دی موسٹ امینٹ آرڈر آو دی انڈین ایمپائر کا خطاب عنایت ہوا ہے۔ سنٹ مائیکل و سنٹ جارج کے خطاب بھی اہل ہند کو دیئے گئے اسیطرح نواب بہادر نواب سردار بہادر سردار خان بہادر خان صاحب کے خطاب جن جن صاحبوں نے جانفشانی سے سرکار قیصری کی ملازمت کی اور نمک خیر خواہی رہی انکو دیئے ہیں۔ سٹیٹ کمانڈر آو دی امپیریل آرڈر کا جنکو تمغہ ملا ہے۔ انمیں اول نمبر ہمارے معزز رئیس کلکتہ والے آنریبل سید امیر علی صاحب ہیں۔ جو لنڈن سے ایک میم صاحبہ کو بیاہ لائے۔ اسی صورت بمبئی کے شریف دنشا مانکجی پیٹٹ بھی سر ہو چکے ہیں۔ اور مدراس کے شریف رام سوامی مودلیار اور کلکتہ کے شریف کو بھی سر کا خطاب عطا ہوا ہے۔

بمبئی میں جیوبلی

جزیرہ بمبئی اصل میں کوئی چیز نہیں تھی۔ مگر اس زور قیصری میں اس جزیرہ نے وہ نام پیدا کیا کہ اب ہندوستان کا کوئی شہر اس سے لگا نہیں کھاتا۔ یوں تو کلکتہ آج کل پائے تخت ہے لیکن کیا عجب کہ آئندہ انگریز سرکار اسی کو پائے تخت ٹھیراوے۔ آب و ہوا یہاں کی نہایت دلپسند فائدہ مند ہے۔ اور ولایت انگلستان بھی یہاں سے نزدیک تر ہے بیوپار یہاں کا سبسے بڑھکے ہے اور ہر ایک جشن کے وقت اہل بمبئی اوروں پر سبقت ہی لیجاتی رہی ہیں۔ اسیطرح جیوبلی کا جشن بھی بمبئی میں سب سے بڑھ کے ہوا ہے۔ ۱۶ ویں فروری ۱۸۸۷ء کا روز جو ہند کی جیوبلی کے لئے مقرر ہوا تھا اس روز صبح سے تمام بمبئی میں اژدہام عام لگ گیا ٹون حال کے باہر دربار منعقد ہوا تھا جسمیں کوئی پچیس ڈیپوٹیشن آئے ہوئی تھی۔ انہوں نے تہنیت نامے لارڈ ری صاحب کو دئے اور وہ پیغام تار برقی کے ذریعہ سے قیصر کے نام روانہ کئے اسی روز شام کو تمام شہر میں روشنی ہوئی تھی۔ سرکار کی طرف سے ایک لاکھ روپیہ روشنی کے لئے خرچ گیا تھا + قیصر نے جسوقت ملک ہندوستان اپنے قبضے میں لیا اسوقت بھی روشنی اور اژدہام ہوا تھا۔ ڈیوک آو اڈنبرو کی تشریف آوری کیوقت و ولیعہد بہادر اور ڈیوک آو کناٹ کی تشریف آوری کے وقت لارڈ رپن کی رخصت اور وکٹوریہ کا خطاب قیصر ہند سے مخاطب ہونیکا روز یہہ سب کے سب بڑے ہی جشن کے روز گذرے ہیں اسمیں جشن جیوبلی کے روز کا اژدہام اور دہوم دہام اور سب کی روشنی علی الخصوص بازارونکی روشنی ایک عجیب تھی۔ لارڈ ری صاحب گورنر بمبئی کے دربار میں اس روز کی تقریر بھی نہایت دلچسپ تھی۔ اس کے بعد غربا و طلبائے مدارس ہند و مسلمان پارسی کرسچین یہودیوں کا ایک منڈوے میں جمع ہوکے ضیافت کھانا ایک عجیب تماشا تھا۔ بڑی بڑی ہائی سکولوں کے طلبا شب کو شہر گشت کو نکلے تھے ہاتھوں میں مشعلیں اٹھا کر گویا علم کی روشنی کا ان کے ہاتھ آنا تھا۔ خیر اس سو تمام بمبئی کے دیول گرجا گھر بتخانے آتشکدے اور مساجد میں روشنی کی گئی تھی۔ میدانمیں ایک عجیب طرح کا ایسا بازار بنایا گیا تھا کہ جو برسوں تک یاد رہیگا غرض اب انگلنڈ کی حقیقی جیوبلی کے [illegible] اور حالات کے تقاضے نے ہندوستانکی جیوبلی کو بھی ختم کردیا۔

تمام شد

ہنستے ہی گھر بستے ہیں

مذاق اور حضرات لکھنؤ

کوئی اخبارات ملکی لکھتا ہے کوئی نامہ نگار اخبار متعلق آئین از عدالت مقدمات دیوانی و فوجداری اور کوئی حادثات روزمرہ اور کوئی عجیب الخلقت آدمیوں اور جانوروں کی خبریں تحریر کرتا ہے مگر بندۂ درگاہ جیسے آپ جانتے ہیں ویسے ہی مزخرفات خبر اُن کے حصہ میں آئی ہے۔ گو مزخرفات ہو لیکن ہے انسانی خوش طبعی سے متعلق وہ مضحک واقعہ کہ جسے پڑھ کر انسان اتنا ہنسے کہ انسان سے قہقہہ دیوار بن جائے۔ ایڈیٹر صاحب کو وہ نور چونکہ حضور اینجانب کو آپکی خاطر ہے۔ آپکے سبب سے ناظرین کو وہ نور کی دیکھو ناظرین میں صرف اُنکی جو ٹکے خرچ کرکے اخبار لیتے ہیں اور نہ اُنکی جو میری مانند مفت بر ہے ہیں (سلامتی) درکار ہے۔ اس سبب سے پہلے سے متنبہ کیئے دیتا ہوں کہ جب اس قصے کو ملاحظہ کرنیکا قصد کریں تو دونوں ہاتھوں سے خوب مضبوطی کے ساتھ توند شریف کو تھامے رہیں۔ مبادا ہنستے ہنستے پیٹ میں بل پڑ جائیں اور درد ہونے لگے کہیں کوئی صاحب جو محاورہ سے واقف ہوں یہ نہ سمجھیں کہ میں درد زہ کہتا تھا استغفر اللہ میں اور حضرات ناظرین کیخدمت میں گستاخی کروں (حضرات میری) مراد ہے معمولی درد شکم سے کیوں ایڈیٹر صاحب نہ کہیگا آپکا نامہ نگار کسقدر مودب ہے اور اُسے کسقدر آپکے خریداران اخبار کا لحاظ ملحوظ رہتا ہے۔

بارات جنازہ نواب خست الدولہ ذلۃ الملک حقارت فستگاہ فرمابت پناہ خون حرام خان بہادر عرف مولوی صاحب غارت دولھا دولھن اجاڑ مرد پچھاڑ کی

بندۂ درگاہ جو سیر کے ارادہ سے دولت خانہ فیض آستانہ سے برآمد ہوئے تو کیا دیکھتے ہیں کہ ایک نقیب وہ آواز دے رہا ہے جو ابھی عنوان میں تحریر کی اور نقیب کے پیچھے تیس چالیس جھنڈی بردار کالی کالی جھنڈیاں لیئے ہیں۔ معاً یہ خیال گذرا کہ اُمراء و روسائے لکھنؤ میں سے شاید کسی کی حضرت شاہ موت کے دربار میں طلبی ہوئی ہے۔ یہ اُنکی سواری ہے کہ اس اثناء میں تاشہ اور بینڈ باجہ کی آواز گوش زد ہوئی اور تھوڑی دور پر باجے والوں کے پیچھے لوگوں کا جم غفیر نظر آیا اور دیکھنے میں آیا کہ بھیڑ کے بیچ میں ایک شامیانہ ہے اور شامیانہ بھی عجیب و غریب مصالحہ کا بنا ہوا یعنی اُسے ٹاٹ کے بوروں کو کھولکر ناؤ کی پال کیطرح جوڑ لیا ہے اور جہاں ایک ٹکڑا دوسرے ٹکڑے کا

سے جوڑا گیا ہے پیرانی مردانی زنانی جوتیاں کوئی اوپر کوئی نیچے ملا کر سلی ہوئی ہیں اور شامیانہ کے مرکز میں ٹوٹی چلمنوں کے حلقونکا دایرہ بنایا گیا ہے مگر چونکہ شامیانہ تھا یہہ خیال آیا کہ کہیں کوئی زخمی یا شہیدہ تو نہیں مر گیا کہ اُس کے جنازہ کے ٹھاٹھ میں بھی اُس کی برادری نے اپنے پیشہ کی رعایت ملحوظ رکھی ہے۔

مگر غور کیا یہ شک رفع ہو گیا شامیانہ کے نیچے بجائے مُردہ کے تابوت کے کیا نظر آیا کہ ایک بہت بڑا لیکن نہایت بوڑھا خچّر ہے اور خچّر کے پیٹ کے نیچے ہندوؤں کے جنازہ کی ارتھی کی شکل بانسوں کی ایک ٹکٹکی باندھ کر اُس خچّر کے پیٹ کو اُس ٹکٹکی پر دس بارہ آدمی ادھر اُدھر سے اُٹھائے ہوئے ہیں اور خچّر کی پیٹھ پر ایک بھی نہیں دو دو آدمی سوار ہیں۔ اوّل تو ایک جانور کی پیٹھ پر شاذ و نادر دو شخص سوار ہوتے ہیں اور اگر کسی ضرورت سے دو چڑھے بھی تو آگے پیچھے نہ اس طور پر کہ دونوں کا موتھا ایکدوسرے کے مقابل ہو اور ایک کا موتھ خچّر کی دُم کیطرف تو دوسرے کا خچّر کی گردن کیطرف جو صاحب کہ خچّر کی دُم کی طرف موتھ کئے بیٹھے تھے ایک گز ڈیڑھ گز کاغذی مخروطی ٹوپی آپکے زیب سر تھی اور کلاہ مبارک کی نوک پر اُلّو کو مار کر اور پیٹ چیر کر اس ترکیب کے ساتھ نصب کیا تھا کہ دونوں پنجے بہت خوبصورتی کے ساتھ کلاہ کے بازوؤں پر جمے ہوئے تھے دیکھنے والوں کو بھی دھوکا ہوتا تھا کہ اُلّو خود آ کر بیٹھ گیا ہے اور یہیں کلاہ میں جما بیٹھا گیا اور چیل کے پروں کی زینہ دار اُتار چڑھاؤ کے ساتھ بندش تھی اور وسط کلاہ میں ایک جانب کھوسٹ جسے گگھو بھی کہتے ہیں اور اُلّو سے بالکل مشابہ ہوتا ہے مگر قد میں چھوٹا ہوتا ہے۔ اُلّو چیل کے برابر ہوتا ہے اور کھوسٹ کبوتر کے ایک کھوسٹ کا سر گردن اور دونوں بازو پچھلا دھڑ کاٹ کر اس ترکیب سے لگایا ہوا تھا کہ دیکھنے والوں کو یہی معلوم ہو کہ یہ پرند گھونسلے میں سے سر و بازو نکال کر باہر جھانک رہا ہے اور اسکا پچھلا دھڑ ٹوپی کے پردہ میں ڈوبا ہوا ہے۔ دوسری جانب ایک کوّے کا بچہ ایسی صورت سے اور ایک جانب مری ہوئی چیل بیٹھی ہوئی تھی کیونکہ ناظرین کبھی کوئی کلاہ بھی اس آراستگی کے ساتھ دیکھی تھی اور جو ملبوس آپ کے زیب بر تھا وہ کلاہ سے بھی زیادہ سجا ہوا تھا۔ اوّل تو ایک دلق مرقع کی صورت بن رہا تھا کہ جسمیں دنیا بھر کے کپڑوں کی کترنیں جوڑ کر سی ہوئی تھیں اور اُن کترنوں کو کاریگر نے ایسے عجیب غریب انداز سے جوڑا تھا کہ صدہا جانوروں کی صورتیں پیدا کر دی تھیں لیکن جانور پرند و چرند وہ تو اسی قسم کے کہ نجس بھی ہوں اور منحوس بھی خیال کئے جاتے ہوں اور جو جگہ اُن سے خالی رکھی تھی وہاں رنگین بڑی چھوٹی کوڑیاں اور ہندسے گتّے وغیرہ جانوروں کی کھوپڑیاں ٹنکی ہوئی تھیں اور مُردے کی ٹانگوں کی نلیاں آپکے جبّہ میں سینہ کے مقام پر بشکل × چلیپا ٹنکی ہوئی تھیں اور دامن میں موذی جانوروں کی ہڈیاں سوکھی چھپکلیاں کنکھجورے کنسلائیاں اور زندہ سانڈے اور گوہوں کو چھید کر ٹانک رکھا

تھا اور دو سانپ اور دونوں زندہ دونوں کاندھوں سے کمر تک حمائل وار جنیؤ کے طور پر پڑے ہوئے تھے اور ایسے اس ترکیب سے تھے کہ پیٹ انکو تو چھیدا نہیں تھا کیونکہ مرجانیکا خوف تھا۔ دُم اور منہ وغیرہ مقامات کو چھید کر ڈوروں سے جسم کے ساتھ چسپاں کر دیا تھا اور گردنیں انکی چھوڑ دی تھیں کہ جب انکو حرکت سے ٹانگوں سے تکلیف ہو تو وہ زبان نکالیں اور لٹکیں اور کلاہ میں مینڈکوں کو باندھ کر ایسے انداز سے لٹکا دیا تھا کہ وہ خواہ مخواہ سانپوں سے ٹکرائیں اور کانٹے کے مقابل پیٹ چپ ایک سمت کو ایک بڑے سے شیولی کی بھی گت بنا رکھی تھی اور اسکا مونھ بھی رکھا تھا کہ کاٹ نہ کر سکیں سانپ کے محاذی تھا یہ تو آپکا جبہ تھا۔

کیوں ناظرین کچھ تو ریج فرمائیے گا اگر حضور پنچایت وہ کلاہ خلعت آپ کے لئے پارسل پر بھیجدیں تو اسے زیب دوش بھی فرمائیے گا اور نالائق نابکار تو ناظرین باتمکین کی خدمت میں نہایت گستاخ ہو گیا ہے کہ اس احمق کا ملبوس منحوس کہتا ہے کہ ناظرین باتمکین پہنیں نہیں ایڈیٹر صاحب پہنیں۔ میری کیا مجال جو خریداران کو وقعت کے ساتھ ایسی بے ادبی کروں یہ لباس میں نے ان مفت بروں کے لئے تجویز کیا ہے کہ جنسے اتنا بھی نہیں ہوتا کہ اگر قیمت نہ دیں تو دلالی کر کے کمل خریدار تیار کریں یا کوئی بڑا سا تجارتی اشتہار بھجوا دیں۔

ولاحول ولاقوۃ اس فضول معقولات سے۔ ان حضرت کے زیب پا جو کفش تھی کیا عرض کیا جاوے کہ ان مسخروں نے نہ معلوم ریچھ اور مگر مچھ کے پنجے کہاں سے پیدا کئے تھے۔ ایک پاؤں میں جو موزہ تھا کاریگر نے ریچھ کے پنجے کی کھال کھینچکر ایسی ترکیب سے سی تھی کہ بس ٹھیک پنجہ ہی پنجہ نمایاں تھا اور اسیطرح دوسری جانب مگر مچھے کا۔

اب آپکے لباس کا تو حال عرض کر چکا جو بارے لائق دید ہے جو بیان کرنے والا ہزار بیان میں اسکا نقشہ کھینچنے کی کوشش کرے مگر کیا ہو سکتا ہے لطف دید شنید میں کہاں۔ ان حضرت کی شکل و برزخ کا کیا حال عرض کروں آ قد و قامت سے تو یہی معلوم ہوتا تھا غیر معمولی جسامت کا انسان ہے اور اگر اس میں کسی قسم کی کاریگری کا دخل ہو تو ہزار تعریف کا وہ شخص مستحق ہے کہ جسنے صنعت کو صورت قدرتی سے ملتا وہ ستم کا لباس پہنایا تھا کہ جو کسی سے تمیز نہ ہو اور جو آپکا چہرہ تھا اس میں بندر لنگور بھیڑیے سؤر اور کتا الو چاروں جانوروں کے چہرونکی علامات مختلف کو اس خوبصورتی کے ساتھ ملایا تھا کہ چاروں مخلوط اور چاروں علیحدہ علیحدہ نظر آتے تھے اور اس انبوہ میں کوئی تو کہتا تھا کہ یہ عجیب الخلقت ہی قدرتی صورت ہے۔ کوئی کہتا تھا کہ کسی طرح چہرے کا سانچا کسی کاریگر سے بنوا کر جسطرح ربڑ کی مہریں ڈھالی جاتی ہیں اسیطرح یہ چہرہ بھی ڈھلوا لیا گیا ہے۔ اور اسے مونھ کے اوپر پہن لیا ہے لیکن صدہا آدمی جھانک جھانک کر دیکھتے تھے کہ کوئی تو

ایسی مطابقت دیکھیں کہ جس سے یہ تصدیق ہو کہ مصنوعی سونڈ پر لگا رکھا ہے لیکن کوئی ایسی بات نظر نہ آتی تھی اور پھر پھر کر اسی گمان کی تصدیق ہوتی تھی کہ چہرہ قدرتی ہے یا یہ کوئی عجیب الخلقت ہے جو صاحب کہ ان سے ہم کو تعریف تھی انکی کیفیت سنئے۔ آپ کا سن و سال کوئی قریب اسی برس کے ہوگا اور رنگ جوانی میں ضرور گورا ہوگا مگر کبرسن کے سبب سے جل کر بھرتے کے لئے بھاڑ میں جھلسے سفید رنگ کے بینگن کا رنگ بن جاتا ہے اور چونکہ دانت گر کر کلا پچک گیا تھا اور کلوں کا گوشت گل کر گالوں کی کھال جبڑوں کے نیچے دونوں جانب لٹک گئی اور چونکہ تھا جوانی میں کوئی زبردست جوان اور کلہ کا طول بے عرض ایسا ہی معلوم ہوتا تھا کہ کوئی گھوڑ منہا ہے اور وہ جو داہیں بائیں گالوں کی کھالیں تھیلیوں کی صورت دونوں جبڑوں کے نیچے لٹک رہی تھیں اور ذقن و غبغب کا گوشت بھی تحلیل ہو گیا یہ تیسری تھیلی ٹھڈی کے نیچے لٹک رہی تھی ایک تو ان میں مخروطی تھیلیوں کے مل جانے سے مونھ کی لمبائی بے اندازہ بڑھ گئی تھی دوسرے چہرے کے نیچے تین الٹے سینگوں کی شکل میں تھیلیاں اس سے شکل سخت بھیانک ہو رہی تھی اور ستم بالائے ستم یہ ہوا کہ یا تو آپ قدرتی طور چک ورٹھیا پیدا ہوئے تھے یا یہ کہ بڑھاپے کی وجہ سے کلوں اور سر کے تالو کے بال گر گئے تھے اور وہ جس نام چڑیا کی دم صورت جو ٹھڈی پر دم کا پچھلا تھا اس سے چہرہ بھی نہیں مہیب بن گیا ہو بلکہ سخت مضحک تھا اور دہانہ چونکہ فطرتی طور پر بالکل کشادہ تھا اور اسپر دانتوں کے گر جانے اور کلوں کے پچک جانے سے جو اندروا خرید ہو گیا تھا اور طوطے کی نوک کی طرح بہت بڑی اونچی بانسے کی ناک تھی وہ مونھ کے گڈھے کے اوپر گھسی ہوئی آنکھیں اندر کو دھنسی ہوئی اور بھوؤں کی چندی چوڑی اور اوپر کو ابھری ہوئی ہڈیاں بس بجنسہ مردہ کی کھوپری کی سی شباہت پیدا تھی اور چونکہ آدمی شتاب بے اندازہ دراز بالا اور بار عمر نے جو پیٹ کی طرف کاندھوں کو دبایا پس پشت کوب نکل آیا اور چونکہ کم سن عورت کے ساتھ شادی کی تیاری تھی چاہتے تھے کہ سینہ تنا رہے کمر تو سیدھی ہو نہ سکتی تھی اس کوشش سے آپ کی گردن میں ضرور تین جگہہ سے خم آجاتا تھا اور بعینہ اونٹ کے کوہان کی کیفیت پیدا تھی اس بیچارہ کے ساتھ بڑھاپے اور قدرت نے دل لگی کی تھی سو تھی لوگوں نے یہ ستم کیا تھا کہ اس ڈھیدار سفید ڈاڑھی کو بکرڈی رنگنے کے سبز رنگ سے تغیر کر سینگ کی وضع سوت دیا اور یہ معلوم ہوتا تھا کہ ڈاڑھی نہیں ٹھڈی پر سبز رنگ کی میخ ٹھونک دی ہے اور وہ جو پچکے ہوئے کلوں اور غبغب کی تھیلیاں لٹک رہی تھیں ایک کو کالا ایک کو گلنار سرخ اور ایک کو سفید رنگا تھا اور مونچھوں کی جگہہ بکری کی دمیں دو مختلف رنگ کی لگا دی تھیں

اور بھبیٹر کی پشم کتر کر ست زنگی رنگ کر انگل سوا انگل اونچی اور اسیقدر چوڑی گوند کی مدد سے بھویں جمائی تھیں اور توے کی سیاہی میں تیل ڈال آنکھوں کے اوپر صورت بادام دو بیضاوی لکیریں اس شکل کی کھینچی تھیں کہ دو کمانوں کے گوشے ملا کر آڑے رکھ دیے ہیں اور کانوں کو کھریا سے یا سفیدہ کاشغری سے روغن سے سفید کر دیا تھا اور باقی تمام موہنہ کو بی دانہ کے لعاب میں کچھ گلنار و کچھ اودی پڑیا ملا کر رنگا تھا جس سے شکل بیطرح بھیانک و مضحک بن گئی تھی اور گھٹنوں دونوں ہاتھ گٹوں تک پہنچے کے اور پاؤں سرخ پڑیا کی رنگ میں بی دانہ کا لعاب ملا کر خوب گاڑھی گاڑھی رنگی گئی تھی گویا یہ معلوم ہوتا تھا کہ سرخ دستانے اور موزے پہنے ہوئے ہیں۔ اب اس شکل و صورت پر انکا لباس ملاحظہ کیجئے جیسی برازونگی ہندوستان میں ٹوپی کا گول گٹرا ہی ہوتی اور ایک قسم کی بمبئی ولایت سے ٹوپی آتی ہے کہ جس کا کنارہ خوب موٹا اور رولر کی طرح گول ہوتا ہے اور چندوا پیالی کی شکل سر سے چپکا ہوا ہوتا ہے۔ بس یوں سمجھ لو کہ چندوے سے خالی گھیرا تھا اور گھوڑے کی پرانی چمڑے کی اندھیری موہنہ کے محاذی نصف دائرہ میں لگی ہوئی تھی گویا دہانہ کی قائمقام تھی اور پیشانی مبارک کے اوپر لکھنوا زنانہ پرانے گھیتلے جوتے کی ایک پوای اس ترکیب سے لگی تھی کہ ایڑی کی طرف سے جوتے کا موہنہ باہر کی جانب کیا ہوا اور ٹیڑھی نوک اوپر کو کھڑی ہوئی اور اُس نوک میں کچھ مرغ کچھ کوے کے کچھ اُلو کے اور کچھ گدھ کے پر ملا کر ایک چوٹی لگی ہوئی تھی اور اس کے اوپر ایک بڑھیا کوئی پچاس روپیہ لاگت کی ٹوپی بھی سر کے تالو پر رکھی ہوئی تھی اور گلوے مبارک میں چھوٹے اور بڑے بڑے موتیوں کا مالا ریب گلے تھا اور سرخ جالی کا انگرکھا اور جالی ہی کا پائجامہ پہنے ہوئے تھے اور غارت دولہا انہی کا نام نامی تھا اور انہی کا خطاب و القاب گرامی تھا اور وہ جو دوسرے صاحب اُن کے ہم ردیف تھے دریافت کرنے سے معلوم ہوا کہ آپ حضرت دولہا میاں کے چچا جان ہیں اور غارت دولہا فرط سعادتمندی سے ہمیشہ اُنکو چچا منحوس الدولہ کے نام و لقب سے یاد فرمایا کرتے ہیں اور وہ اپنے سعادتمند بھتیجے کو گھوڑے پر سوار کر کے بیاہنے جاتے ہیں اور شفقت پدری سے چچا جان خود بہ نفس نفیس خراہی میں بیٹھے ہیں۔

منحوس الدولہ کے ہاتھ میں جو چنور تھا اُس کا دستہ بیل کے سینگ کا تھا شاید قصابوں نے پھینک دیا اور کہیں گھر کے پچھواڑے سے اُٹھا لائے ہوں اس میں گدھے کی دُم نصب تھی اور اس دُم کے اردگرد دو چار طاؤس کے پر باقی سب ناپاک و منحوس جانوروں کے پر و بال لگے ہوئے تھے یہ چنور غارت دولہا کے سر پر جھلا جاتا تھا۔

ایک جم غفیر اس برات کے ہمراہ تھا اور یہی براتی اور یہی تماشائی تھے ایک زنخا بھی ناچتا جاتا تھا اور اس وقت چچا جان نے جو بھتیجے کو قواعد خانہ داری تعلیم کئے اس قابل ہیں کہ آب زر سے لکھے جائیں اور گو بظاہر جو بات تھی نداق تھی لیکن پیرانہ سالی میں جن کو شادی بیاہ کی ہوس ہوتی ہے اور جورو کے ہاتھ سے جو ذلتیں نصیب ہوتی ہیں گویا ہر فقرہ بجائے خود اُن ذلتوں اور شوہر کی دلی کوفتوں کا لب لباب تھا

بھیڑ کی یہ کیفیت تھی کہ اس انبوہ میں انسان تو کیا ہوا کا گذر نہ تھا اور اس سڑک پر جلوس کے مقام سے آدھ آدھ میل تک آگے پیچھے اژدحام کی یہ کثرت تھی کہ اگر تھالی پھینکو تو زمین پر نہ گرے آدمیوں ہی کے سروں پر ناچتی چلی جائے اور یہی کیفیت بازار میں دونوں طرف مکانات و بالاخانوں اور کوٹھوں کی تھی کوٹھے تو کوٹھے جب تماشائیوں کو کہیں جگہ نہ ملی تو سفالہ پوش مکانات پر چڑھ گئے اور مطلق یہ خیال نہ تھا کہ کھپریل کا نقصان ہوگا یا چھپر نیچے گر کر اپنے ہاتھ پاؤں ٹوٹیں گے اور شدت ہجوم سے جلوس کا چلنا محال تھا قدم قدم پر رک جاتا تھا اور چچا منحوس الدولہ اپنے بھتیجے غارت دولہا خون آشام جان کے درمیان مندرجہ ذیل جواب و سوال ہوتا تھا۔

غارت دولہا - اوں اوں !! ایں ایں گھٹش گھٹش (کچھ بزور اور کچھ بہ آہستگی رونے کی آواز-

چچا منحوس الدولہ - بھتیجے کیوں روتے ہو؟

غارت دولہا - چچا جان ابھی میری عمر ہی کیا تھی صرف ستتر برس یا پچھتر برس کی دودھ کے دانت ٹوٹے ہیں اور نئے دانت نکلے نہیں آپ کو شک ہو یہ دیکھئے - میاں دولہا نے جھٹ پھاڑ سا مونھ کھولدیا اور دونوں ہاتھوں سے لب بالائی و زیرین کو کھولکر چار طرف دانتوں سے خالی مسوڑھے کھولکر جبڑے کو چار طرف پھیر کر اپنا دہانا تماشائیوں کو دکھا کر یہ کہا کہ لوگو کسی کو رات اوندھی آتی ہے چچا جان کو چونکہ دن آندھی آتی ہے انکو نظر نہیں آتا ذرہ آپ لوگ تصدیق کر دیں کہ میرے منہ میں کوئی دانت ابھی تک نکلا ہے-

تماشائی - یک زبان ہو کر کوئی نہیں حضرت بالکل ننھے ہیں-

منحوس الدولہ - اے ناخلف یہ کیا رت اوندھی یہ تو تو نے ٹھیک کہا یہ کیا کہا کہ چچا جان کے دن اندھی آتی ہے - بازی بازی باریش بابا ہم بازی اب چچی کا عیب نابینائی بھی نہ چھپایا گیا-

غارت دولہا - یہ ظاہر ہو گیا تو بلا سے کہ چچی اندھی ہیں مگر صحت لفظی کتنی بڑی ہو گئی رت مخفف رات اوندھی غلط اندھی معنے کور شب کور مگر چونکہ وہ غلط العام تھا لیکن محاورہ میں کسی کا چارہ نہیں غلط العام فصیح ولیکن دن اندھی میرا خانہ ساز فقرہ تھا میں اس میں کیوں غلطی کرتا-

منحوس الدولہ - او ناسعادتمند تو تو ابھی بے دانت کا بچہ بنا جاتا تھا یہ لغت دانی کہاں سے سیکھی-

غارت دولہا - مجھے علم لدنی ہے-

منحوس الدولہ - اے بے ادب مخبط کفر نہ بک تو لغت دان کہاں سے بن گیا-

غارت دولہا - یہ بھی میرا ہی معجزہ ہے کہ اس ننھی سی عمر پر تم مجھے بیاہنے چلے ہو- اوں اوں ایں ایں گھٹش گھٹش (دبی رونے کی آواز)-

منحوس الدولہ - بیٹے یہ خوشی کے موقعہ پر کیوں روتے ہو-

غارت دولہا - اوں اوں - آں آں - آپ اس ذرہ سی عمر میں میری گردن پر جو بار عیالداری

لادتے جاتے ہیں کیوں؟

منحوس الدولہ ۔ برخوردار حیات مستعار کا کچھ اعتبار نہیں تمہارے باپ غریق لعنت کی یہ آرزو نہ بر آئی کہ تمہارا سہرا دیکھنا نصیب ہو کہیں ایسا نہ ہو کہ میں بھی موت کا ٹیٹوا دباؤں چونکہ کلمہ نحس اپنی نسبت کہنا مناسب نہیں میں نے یہ نہیں کہا کہ کہیں موت میرا ٹیٹوا دبائے ۔ غرض خواہ میں موت کا خواہ موت میرا ٹیٹوا دبائے قبل اس کے کہ مروں یہ تمنا بر آئے کہ بھتیجے کا سہرا دیکھوں اور تمہارے باپ میرے بھائی مغفور و فرخ نصیب نے جو وصیت کی تھی اُس کے بار سے ادا ہوں ۔

غارت دولہا ۔ آپ بار وصیت سے ہلکے ہوتے ہیں بار عیالداری مجھ پر لادتے ہیں ۔

منحوس الدولہ ۔ سہارا میں دونگا ۔

غارت دولہا ۔ کس کس وقت کس کس موقع پر ۔

تماشائیوں نے ایک قہقہہ لگایا ۔

منحوس الدولہ ۔ سخت ناخلف ہو بزرگوں سے بھی نہیں چوکتے اور باراتیوں کی طرف متوجہ ہو کر کہا حضرات نے دیکھا بچہ کیا طبیعت دار ہے ۔ وہ طرار چچا ہے جو بھتیجے کو چپت رسید کی یہ اس کا تڑاخہ ہوا ۔

(ٹھیرا د بھتیجا جو چچا پر چپت کی آیا یہ اُس کا ٹھیرا کا تھا) ۔

منحوس الدولہ نے اہل بارات کی طرف متوجہ ہو کر کہا کہ حضرات نے دیکھا بچہ کے زور بازو کو کیا چپت پڑتی ہے ۔ ماشاء اللہ ہونہار ہے اور اس جملہ پر تماشائیوں نے پھر ایک فرمائشی قہقہہ لگایا ۔

اور غارت دولہا کی طرف متوجہ ہو کر فرمایا کہ بیٹا گھبراؤ نہیں ہر موقع پر گھبراؤ نہیں اور چند گر بتلاتا ہوں اگر اُنکو اپنا دستور العمل زندگانی بناؤ گے یہ نوبت ہی نہ آئے گی کہ مجھی کو مدد دینے کی ضرورت پڑے مددگاروں کے پرے کے پرے خود بخود موجود رہیں گے ۔

غارت دولہا ۔ ارشاد ۔

منحوس الدولہ ۔ یہ مثل تم نے سنی گربہ کشتن روزِ اوّل ۔

دھڑ د چپت کا تڑاخا ۔ آپ نے بھتیجے کو چپت لگائی ۔

غارت دولہا ۔ حضرت سُنی تو ہے لیکن آپ تو اس زور سے چپت لگاتے ہیں کہ یہ اندیشہ ہے کہ نتھنوں کی راہ سے مغز نکل جائے اور مغز کے ساتھ آپ کی نصیحتیں بھی نکل جائیں ۔

منحوس الدولہ ۔ بیٹے گھبراؤ نہیں ۔ ٹھوک ٹھوک کر مغز میں بھرتا ہوں کہ نکلنے نہ پائیں اور دوسرا یہ مقصد ہے کہ بھتیج بہو کی چپتگاہ ٹھوک پیٹ کر درست کرتا ہوں ۔ اس میں دوہرے فایدے ہیں ۔ ایک تو یہ چپتیں کھاتے کھاتے تمہاری سر کو چپت سے زیادہ سخت پاپوشکاری کی مشق ہو جائے دوسرے یہ کہ جو تمہارے تالو پر تھوڑے سے بال باقی رہ گئے ہیں ان کے سبب سے چپت کا جیسا چاہیے تڑاخا نہیں ہوتا اور جو تمہاری بیوی نے آکر پاپوش بازی کی اور اچھی طرح آواز نہ ہوئی تو اس کو شبہہ ہے کہ تمکو چوٹ نہیں لگی بجائے پاپوش کے سِل بٹے سے تمہاری خبر لے اور جان کی نوبت آ

ابھی سے تمہاری حجامت کر کے سر کو صاف چٹ بنائے دیتا ہوں کہ ہلکا سا ہاتھ بھی پڑ جائے۔ تو وہ بھڑاکا ہو کہ بیوی صاحب کو چپت کار گر ہونے کا اطمینان ہو۔ اور دیکھو یہ دخل در معقولات اچھا نہیں تم کیسے بودے ہو ذرہ سی چپت کے صدمہ کے لئے بات کا مزہ کھوئے دیتے ہو جو نصیحت کہ مار کے خالی کیجاتی ہے وہ بھول جاتی ہے اور جو مار کے ساتھ ہوتی ہے چونکہ چوٹ کے معاوضہ میں حاصل ہوتی ہے کبھی فراموش نہیں ہوتی۔ اور مجھ سے بہادر کا بھتیجا اور چوٹ مردانہ وار سہنے میں ایسا کچا اور خدا جنت نصیب کرے تمہارے والد مغفور کو کہ ایک ایک بیٹھک جلسہ میں گن کر دو دو سو چپتیں اور پانچ پانچ سو جوتے ٹھوک گئے لیکن مجال نہ تھی کہ اس بہادر کے تیوری بل آ جائے۔ اسی خندہ پیشانی سے سوال جواب کئے جاتا تھا ایک نالائق تم ہو کہ دو چپتوں میں چیں بول دئے۔ وہ بیٹا کیا جس میں باپ کا اثر نہ ہو مثل مشہور ہے۔ تخم تاثیر صحبت کا اثر۔ و نیز لوگ تو دیکھیں کہ تم نے کھوپری کی مضبوطی کہاں تک ترکہ پدری میں پائی ہے

غارت دولھا۔ بہت خوب چچا جان ایسی خطا پھر کبھی نہ ہوگی لیکن میں نے اماں جان زندہ در گور سے یہ بھی تو سنا تھا کہ والد طولعمرہ مرحوم کی ہتھیلیاں کھوپری سے کچھ کم مضبوط نہ تھیں جس طرح کھوپری چپتیں کھانے میں ایسی پتھر کی طرح بالکل ٹھیس ہو رہی تھی۔ ہاتھ بھی فولادی تھے۔ جہاں مجھے ترکہ پدری میں چپتیں کھانے کے لئے فولادی کھوپری ملی ہے وہاں دھولیں لگانے کے لئے ایک اژدھاتی ہاتھ بھی عطا ہوئے ہیں میں دونوں کا نمونہ دکھاؤنگا۔

منحوس الدولہ۔ (دل میں یہ سنکر گھبرائے کہ ہے دیوانہ مگر بکار خود ہوشیار کہتا ہے۔ بیٹے کی اپنی کھوپری کی بھی خبر نہیں۔ لیکن اسے اس خیال سے ٹالنے کے لئے) بیٹا ہی تم نے پھر دخل در معقولات کیا۔ میں ابھی دستکش تمہاری بیوی کا بار تمہیں پر ڈالدونگا۔

غارت دولھا۔ کیا آپ کا یہ بھی ارادہ تھا کہ بیوی کا بار آپ اٹھاویں۔

منحوس الدولہ۔ تم تو بات بات میں پے نکالتے ہو۔ ایک دن ہی وہ بار بٹاتا جب بھی خیر تھی۔ اور کتنے تمہاری بیوی کا بار اٹھانے میں تمہارا ہاتھ بٹائیں گے۔ میں تو یہ کہتا تھا کہ اگر ایسا ہی دخل در معقولات کرو گے تو وہ دستور العمل عیالداری نہ بتلاؤنگا۔

غارت دولھا۔ چچا جان آپ وہ دستور بتائیں اور بتلائیں! اور نہیں بتلاتے تو بھتیجے بہو کو آپ ہی لے جائیے بندہ ابھی اس بار سے دست بردار ہوتا ہے۔ اور میری توبہ جو میں آگے دخل دوں۔

منحوس الدولہ۔ میں کیا کہتا تھا۔

غارت دولھا۔ گربہ کشتن روز اول۔

منحوس الدولہ۔ شاباش خوب یاد رکھتے ہو دیکھی بھتیجے چپت کی تاثیر کہ جو بات ایکدفعہ دماغ میں ٹھوک کر بھری تھی دیکھو کیسی وقت پر نکل آئی۔ اب میں وہ دستور العمل بیان کرتا ہوں۔

۱۔ جیسے ہی صبح کو اٹھو جھک کر بیوی کے قدمبوس ہونا اور بکمال ادب فرشی سلام کرنا اور یہ کہنا بی صاحبزادی بیگم اماں اور سب کہنا یہی بات کہنا۔

غارت دولھا۔ وہ جو رات بھر قدمبوسی کی وہ کافی نہ تھی جو علی الصباح پھر اسی کی ضرورت ہو۔

منحوس الدولہ۔ بیٹا بونا تو اسی کا ہے کہ رات کو تم سے قدمبوسی ہو ہی نہ سکیگی۔ فعلی قدمبوسی کا عوض قولی قدمبوسی ہی سہی کسی طرح تو اس کا جی ٹھنڈا ہو اور کیوں بیٹے تم نے پھر دخل دیا۔ جو پوچھنے کی بات تھی وہ نہ پوچھی کہ بیوی بھی کہا صاحبزادی بھی کہا طول عمرہ بھی کہا جو چھوٹوں اور فرزندوں کو دعا دیا کرتے ہیں یہ تین متضاد خطاب کیسے۔ نالایق کودن گاودی لے سن اس میں کیا حکمت ہے۔ بیوی تو بیوی وہ ہے۔ صاحبزادی یہ کلمہ دعائیہ ہے کہ ہمیشہ دعا میں استقبال و حال کو ماضی محقق الوقوع کے ساتھ تعبیر کیا کرتے ہیں یہ بشارت اولاد ہے۔

غارت دولھا۔ صاحب زادہ کیوں نہ کہا بیٹی سے بیٹا اچھا۔

منحوس الدولہ۔ او بیوقوف تو نے نہیں سُنا اَلجِنسُ اِلَی الجِنسِ یَمِیلُ۔ جب بیوی عورت زاد ہے تو جب تک بیٹا نہ ہو اس وقت تک بجائے بیٹے کے بیٹی کے نام سے اسے زیادہ تر تسکین قلب حاصل ہوگی اور جب تک اولاد ہو خود اسی ماں ہی کو اولاد کے نام سے پکار لیا اور جب یہ ایک دفعہ مسلّم ہو گیا کہ بیوی کو اولاد کے نام سے پکارا گیا تو اولاد کے نام کے ساتھ کلمہ دعائیہ طول عمرہ کہنا لازم آیا۔ ابے سُنا تونے فِعلُ الحَکِیمِ لَا یَخلُو عَنِ الحِکمَۃِ حکیم کا کام کبھی خالی از حکمت نہیں ہوتا۔ (دھڑ دو ہی چپت کی آواز)

قہقہہ! قہقہہ! اخاخاخا! تماشائیوں نے اس جملہ پر وہ فرمایشی قہقہہ مارا کہ سلطان بازار گونج گیا۔

غارت دولھا۔ آپ تشریح تحقیق اتنی کرتے ہیں کہ سارا مطلب خبط ہو جاتا ہے۔

منحوس الدولہ۔ مرحبا جان عمو مرحبا بزرگوں کی نصیحت ایسی توجہ اور بے صبری کے ساتھ سُننی لازم ہیں۔ لو سنو دوسرا اصول مگر دخل نہ دینا۔

۲۔ جو تم نے کمائی کر کے جورو کو کھلایا کیونکہ اس پچھتر برس کی ننھی منّی سی عمر میں شادی بھی کرنا اور جورو کو کمائی بھی کھلانا ڈبل احمق بننا ہے۔ جورو کو تو یوں ضایع کیا کہ ایسی صغر سنی میں شادی کی اور کمائی یوں ضایع کریں کہ خود مشقت کر کے چار پیسے کمائیں اور جورو کے ہاتھ سے دوسروں کو کھلوائیں۔ اگر تم نے جورو کی کمائی کھائی جب تو ہم تمہارے چچا اور تم ہمارے بھتیجے۔ تمہارے باپ اپنے باپ تمہارے دادا کی سُنّت پر چلتے تھے کہ تمہاری اماں مرحومہ نور چشمی مد عمرہ سر شام گھر سے سیر کو تشریف لیجاتی تھیں اور وہ جنتی کیا لایق تھی کہ گھر سے جاتی تھی خالی ہاتھ اور کبھی خالی ہاتھ

واپس نہ آئی۔ اگر آدھی رات کو بھی لوٹی تو روپیہ دو روپیہ کی چوڑیاں اٹھنیاں مٹھائی کی ہانڈ دونے بیدی کی ٹوکریاں۔ بالائی کے پیالے ہر فصل کے پھول کے گہنے ہار عطر وغیرہ کھانے پینے پہننے کی دس چیزیں ہمراہ لاتی تھی اور اگر کبھی ایسا اتفاق ہوا کہ تمام شب باہر بسر کی تو صبح کو لامحالہ پانچ پانچ دس دس روپیہ اور کپڑوں کے تھان اور قیمتی زیور ساتھ ہوتے اور تمہارے باپ مرحوم نے مدت العمر کبھی اپنے ہاتھ سے گھڑے سے پانی بھی نہ اونڈیلا۔ بھابی جان کی بدولت گھر میں ایک امیر کے دربار کی سی کیفیت رہتی تھی ہر عمر اور ہر درجہ کے انسان کا جمگھٹا رہتا تھا اللہ اللہ کیا خلق تھا کہ عورتیں تو عورتیں مرد اُن کے دیوانے تھے۔ اور ہر ایک اس وقت کے نکھٹو اور نالایق مرد کہ آپ مریں سر کا پسینا جب تک پاؤں تک نہ آئے چار پیسے نہ ملیں اور اس محنت شاقہ سے پیدا کئے ہوئے پیسے کو وہ جو اژدہا سے خونخوار آدمی صورت جنگبین آباد گھروں کی زندہ چڑیلیں بیوی نام خصم کام احدنین مجسم قہر الٰہی سر پر مسلط ہیں لائے اور سعادتمندی نے اُن کے ہاتھ پر رکھ دیا اور وہ مالک مختار ہیں جو چاہیں سو کریں پرائے مال پر دیدے لال اگر کماؤ نے کہیں کسی شوق ذاتی میں دو چار پیسے کھو دئے بیوی ہیں کہ بلا کی طرح چپٹ گئیں بیچارے کی پیچھا چھڑائے نہیں چھوٹتا۔ یہ پرانے زمانوں کی وحشت ایسے بیجا دستور اس نئی روشنی کے زمانہ میں موافق وقت نہیں دانایان فرنگ کو دیکھو کہ جن کی جوروان کیسی کارگن اور مستعد ہیں جب تجربہ سے دیکھ لیا کہ یہ مس نام بت سیم اندام لعبت نزاکت ملاشجب مجسم پری نژاد انگریزنیں کیا عورت نہیں اور دنیا میں مردوں کے کرنے کا وہ کونسا نرم و سخت کام ہے جو یہ نہیں کرتیں گھوڑے یہ دوڑائیں۔ علمی امتحانوں میں مردوں کو مات دیں تو ان ہندوستانی عورتوں میں ایسے کیا سرخاب کے پر لگے ہیں کہ ہم مرد بیچارے جان کھپائیں اور ان کو بیٹھے بٹھائے کھلائیں۔ مردوں کے لئے یہ توالد و تناسل سے متعلق خدمت کیا کم دشوار فرض ہے۔ کہ باقی امور خانہ داری اور ترددات معیشت کا بوجھ بھی ہمارے ہی سر ہے۔ سیاست مدن میں تقسیم محنت کے بیان میں تو دیکھو یہ عورتیں کوئی کام نہ کریں صاحب کیوں نہ کریں جیسے تمہارے باپ تمہارے دادا کی سنت پر چلے تھے تم اپنے باپ کی سنت پر چلنا۔ کہ اور ایک وقت وہ آئے گا کہ قوم میں نیکنامی ایجا تمہارا حصہ ہوگی ان عورتوں کے پنجہ عذاب سے مردوں کو آزاد کرنا تمہارے کارنامہ زندگانی میں ایک خاص چمکتا ستارہ ہوگا۔

تڑ دہی چپت کی آواز۔

۳ ۔ جو شخص کہ تمہارے نام سے دروازہ پر آکر آواز دے اور تم دیکھو کہ وہ تمہارا واقفکار نہیں تمہارا جو کبھی بیوی سے یہ سوال کیا کہ ایک

اجنبی شخص نے تمہارے دروازہ پر کیوں آواز دی اس میں تمہاری کتنی بڑی ناموری ہے - کہ تمہارے گھر پر پہنچتیں وہ لوگ آ ڈھونڈتے ہیں کہ جنکو تمہارے دیدہ ہیں نہ شنیدہ - زیادہ تفحص سے دل کو پریشان نہ کرنا -

غارت دولہا - کیوں حضرت بہت سے لوگوں کا قاعدہ ہوتا ہے کہ مرد کے نام سے دروازہ پر آواز دیتے ہیں اور ہوتا ہے کام بیوی سے - یہ کیوں نہ دریافت کرے - کہ وہ آواز دینے والا کون ہے اور گھر پر آواز دینے سے کیا غرض تھی -

منحوس الدولہ - آپ بھی نرے پیر نابالغ ہیں - او نادان جس کا نام فلسفی اور نیک خیالی ہے اس کا مقتضی یہی ہے کہ زندگانی میں خواہ کیسی ہی تلخ و درشت بات پیش آئے اُسے خواہ مخواہ اچھے معنوں پر محمول کرے اور زندگانی بہ آرام بسر کرنے کا یہ بہت بڑا گر ہے اور جو شخص کہ ہر بات میں بُرے پہلو کو پہلے دیکھتا ہے ہمیشہ اُس کی زندگانی بہ تکلیف گذرتی ہے - اب اسی معاملہ کو لو کہ تمہارے نام سے کسی شخص نے تمکو پکارا اور در حقیقت اس نے اسی قسم سے پکارا کہ اگر تم گھر پر نہ ہو تو تمہاری بیوی سے جس کام کے لئے آیا ہے اُسے طے کرے اور اگر ہو تو تم سے دو چار ادھر اُدھر کے بہانے کر کے چلدے اور تم کو یہ عادت ہے کہ ہر بات میں پہلے جانب نیکی کو دیکھو تم نے دل کو تشفی دی کہ دنیا میں جتنے لوگوں سے ملاقات ہے کبھی نہ کبھی انسے ہم اجنبی تھے اور ملاقات پیدا ہونے کی ہزاروں صورتیں ہوتی ہیں تم تمہارا دل کسقدر صدمہ و رنج سے بچگیا اور اگر تم بدظن ہوتے تو تمکو مفت کا ایک خلجان پیدا ہوا اور تمہاری بیوی کریں گی وہی جو اُنکے مزاج میں آویگا -

۴ - اگر کوئی اہل معاملہ مثلاً قرضخواہ یا فیدار تمہارے دروازہ پر تقاضے کو آئے اور خود تمہاری بیوی تم سے فرمایش نہ کرے تو خبردار تم اس گفتگو کے لئے پیش قدمی نہ کرنا - تم سے زیادہ عمدہ و سلاست کے ساتھ تمہاری بیوی وہ معاملہ طے کرے گی جو اُسے تمہاری بیوی کی مروت ہوگی وہ تمہاری نہ ہوگی - چونکہ تم کُجحتی ہو پوچھوگے کیوں میں کہونگا کہ ان عورتوں کے پاس نقش لبست ہے - تم پوچھو گے کہاں ہیں جو اسکا جواب ہے گو وہ نہ دیکھوں وہ نقش لبست کی جگہہ نہ بتلا سکوں لیکن یہ ضرور کہونگا مجسم نقش لبست ہیں -

۵ - قصائی میوہ فروش کھٹیرا - بزاز - حلوائی - بساطی - گندی وغیرہ جتنے پھیری سودا بیچنے والے آئیں کہ اگر خود ہی بیوی صاحب کی فرمایش نہ ہو تو زینہار جو تم نے خود سودا لیا یاد رکھنا کہ گھٹی میں رہو گے اور جو وہ لیں گی کم از کم دو چند کی کفایت ہو اور یہ بھی عجب نہیں کہ سودا بلا قیمت ملجائے اور ساتھ ہی سودے والا بے تنخواہ نوکروں کے زمرہ میں داخل ہو جائے اور کام کاج کو ایک مفت کا آدمی ملے - تم پوچھوگے کیوں میں کہونگا یوں کہ عورتیں خود ایک

درشتنی ہندسی ہیں۔ وہی لچھمی یا دولت کے نام کی بھوکی ہیں اور نظامی گنجوی کا یہ مشہور مصرعہ ہے "کہ زر می کشد در جہاں گنج گنج" یاد رہے۔

۴۔ اگر کوئی تمہارے دروازے پر آواز دے اور اس کی آواز سنتے ہی تمہاری بیوی بول اٹھیں کہ اوہو یہ بھیا ہیں یا وہ ہیں چچا جان ہیں یا۔ ماموں ہیں۔ سالے ہیں۔ پھوپھا ہیں یہ ہیں وہ ہیں۔ اگر چاہتے ہو کہ بیوی تمہارے حق میں برکت و موجب خانہ آبادی بنیں اور برکت سے تمہارے حق میں لعنت الہی نہ بن جائیں اور خانہ آبادی سے وہ باعث خانہ ویرانی نہ بنیں تو میری اس نصیحت کو یاد رکھنا کہ ایسے معاملات میں بیوی کے قول کو وحی آسمانی جاننا تا بہ آنکہ صریحاً تمکو معلوم ہو کہ نزدیک چھوڑ کے دور کے رشتہ تک نہیں لیکن تم یہی جاننا کہ صلہ رحم ہے اگر واسطہ رحم نہیں تو اسے تمہاری بیوی نے کیوں گھر پر رشتہ دار کے نام سے بلایا یاد رہے کہ ایسے معاملات میں بیوی کی آنکھ دیکھنا اپنی بند رکھنا بیوی کے کان سے سننا اور بیوی کی زبان سے بولنا اگر تم اعتراض کرو کہ یہ کیوں دیکھو دانایان فرنگ کو اُن کی اصطلاح میں جورو کو better half یعنی عمدہ نصف حصہ جسم کہتے ہیں سنسکرت و بھاشا کی قدیم کتابوں میں نام ہے ادھانگی یعنی نیم بدن اور شرعاً طبعاً یہ بات ثابت ہے کہ ازدواج سے دونوں کا جسم و جان ایک ہو جاتا ہے۔ اور اگر تم نے زیادہ پوچھ گچھ کی تو مثل مشہور ہے جتنا چھانو اتنی ہی کرکری نکلتی ہے

غارت دولہا۔ [illegible] کا کام بیوی کے اعضاء سے لئے دیکھے اس کی آنکھ سے سنے اس کے کان و زبان سے تو یہ بھی کیوں نہیں کہتے کہ کھائے پئے بھی اس کے منھ سے جب پیشاب پاخانہ پھرنا ہو تو کیا کرے کہے بیوی میرے بدلے تمہیں پاخانہ پھر آنا تمہیں میرے بدلے پیشاب کر آنا۔

منحوس الدولہ۔ کیوں بھتیجے وہی دخل در معقولات د حضرت چپت رسیدگی؟

۷۔ اگر کبھی تمہاری بیوی نے تمہارے سامنے کوئی ایسا کھانا رکھ دیا کہ جس کے پکوانے کی تم کو مقدرت نہ تھی یا تم نے جس کا سامان لاکر نہیں دیا یا یہ کہ تمہارے علم و یقین میں جو نہیں لایا گیا یا از قسم حلوا سوہن یا شیرینی و میوہ وغیرہ بچوں کو کھاتے دیکھنا خبردار زبان بند رکھنا جہاں تم نے اتنا پوچھا کہ یہ کہاں سے آیا تمہارا ہی نقصان ہوگا۔ تم محروم رہو گے اور وہ تو چھینکینگی ہی۔ علی ہذا القیاس اگر بیوی کو کوئی عمدہ اور نیا کپڑا یا زیور پہنے دیکھنا اول تو عقلمندی اس میں ہے کہ آثار بشاشت چہرہ پر ظاہر کرنا اور وہ کلمات تعریف کہہ دینا کہ واہ بیوی کیا گرہستن ہو کہ بہت تھوڑی آمدنی میں انتظام خانہ داری بھی اچھا رکھا اور چار چیزیں بھی بنائیں اور اگر دیکھو کہ اتنا حوصلہ نہیں رکھتی کہ ایک خیال ترش کو خوبصورتی کے ساتھ چھپا جاؤ تو خبردار خبردار کوئی کلمہ تحقیق دریافت جو منہ سے نکلنے پایا

اگر اچیانا زبان پر آنے کو ہو تو زبان دانتوں کے نیچے داب لینا۔ اگر اس نصیحت پر عمل کروگے تو اس میں دو فائدے ہوں گے ایک تو تمہاری اہلیہ تم سے نہایت رضامند ہونگی اور دوسری عورتوں کے سامنے تمہاری تعریفیں ہونگی تم کو کہیں گی کیا سیان آدمی ہے بھلا بتائیں گی۔ دوسرے یہہ کہ اُس کے دل سے جو دغدغہ جاتا رہے گا سرمایہ کو پوشیدہ نہ کر سکیگی۔ اگر کبھی تم سے بگاڑ ہوا اور تم علحدہ ہوئے تو بیوی کے جاتے جاتے حالی قدر حیثیت تمکو اچھا خاصہ سرمایہ دوسیرے کا کمایا دوسرے کا جمع کیا ہوا مفت میں ملجائے گا اور تیسرا یہ فائدہ کہ جب تک وہ نیک بخت تمہارے گھر میں رہینگی آراستہ پیراستہ رہینگی محلہ میں تمہاری حرمت و وقعت بڑہیگی۔

۸۔ جب کبھی تمہاری کسی نئے شخص کے ساتھ ملاقات ہو اور وہ ہو بھی حسین وجوان وشوقین اور تم اُسے اپنے گھر پر بلاؤ یا وہ خود تمہارے گھر آئے تو پہلے روز تو اُسے گھر سے بہت دور بٹھانا اور پردہ کا نہایت سختی کے ساتھ اہتمام کرنا یہ اس غرض سے کہ جتنا تم پردہ کا زیادہ انتظام کروگے اتنا ہی اُس مہمان کے دل میں یہ خیال پیدا ہوگا کہ ضرور کوئی جواہر ہے کہ جس کے چھپانے کا اتنا خیال ہے اور اس سے اشتیاق بڑہے گا۔ اور جس وقت کہ تمہارے گھر کے لوگوں سے سلسلہ آمدرفت جاری ہوگا تو پہلے پردہ کی عظمت سے اُس کے دل میں قدر بڑہے گی۔ لیکن ساتھ ہی یہ بھی کرنا کہ اس مہمان سے یہہ کہدینا کہ بیگم صاحب آپ کو سلام دیتی ہیں اور مزاج پوچھتی ہیں اور دوسری مرتبہ جو وہ شخص آئے ایسی جگہ بٹھانا کہ بیگم صاحب اصالتاً اُس مہمان سے صاحب سلامت کرلیں بلکہ پان بھی اپنے ہی دست مبارک سے دیں۔ بھتیجے اگر تم نے میری اس نصیحت پر عمل کیا تو یاد رکھنا کہ محلہ میں جہاں تم رہتے ہو تمہارا پلہ بھاری ہوگا تمہارے دس طرفدار جہاں جاؤ گے پیدا ہوجائیں گے اور کاروبیکاری دونوں میں بفراغت بسر ہوگی۔ اور اگر کہیں آپ نے بے حوصلگی کو دخل دیا تو یاد رہے کہ جتنے آپ کی بیوی کے حامی مددگار ہوں گے اُتنے ہی آپ کے دشمن اور آپ کی کمائی میں برکتی ہوگی اور عجب نہیں کہ آپ کی بیوی کو کوئی ایسا مرض لاحق ہوجائے کہ جسکی علامتیں ظاہر نہ ہوں اور ہمیشہ آپ کو بیوی کے دوا درمن میں حیران ہونا پڑے اور حکیم وڈاکٹر بلانے پڑیں اور آپ کی بیوی دل میں ہنسیں کہ بھڑوے نے بڑا پردہ کیا تھا مگر میں نے بھی وہ مجبور کیا کہ اپنے پاؤں حکیموں کو بلاکر لایا اور غیر مردوں کے ہاتھ میں میرا ہاتھ دیا۔

۹۔ جس جگہہ تمہارا گھر ہو اور اُس محلہ کے نوخیز جوانوں ہمسایوں کے ساتھ تمہاری بیوی بھائی خالہ چچا نانا ماموں دیور جیٹھ وغیرہ رشتے پیدا کریں یا وہ لوگ خود پیش دستی کریں تو تم اس میں زیادہ غیرت داری ونفاست کو دخل نہ دینا بلکہ دل کو میدان تسلی دینا۔ تمہاری اہلیہ تجربہ ست آب ہے کہ ہر شخص کو شکل باپ

بھائی وغیرہ ایسے رشتہ داروں کے سمجھی ہیں کہ جن کے ساتھ شرعاً نکاح حرام ہے اور جن سے پردہ غیر ضروری ہے اور بقول عورتوں کے زبان تمام جسم میں حلال ہے اور باقی سب جسم حرام اسی زبان سے بیٹا بیٹی ٹھہراتے ہیں جیسے زبان سے بھائی کہہ لیا وہ بھائی جسے باپ کہہ لیا وہ باپ گو بیچاریاں یہ جانتی ہی نہیں کہ جس مذہب کی پیرو ہیں اُس میں منہ بولا رشتہ تو درکنار لے پالک بیٹی بیٹے وغیرہ رشتوں کی کوئی اصل نہیں اور حضرات بزرگان دین نے خود جس کی نظیر قایم کی ہے سو اور غیر مرد و عیاش کب ایسے باپ بھائی کہہ دینے سے پروا کرتے ہیں لیکن شوہر اس بات سے اپنے دل کو کسقدر تسلی دے سکتا ہے کہ اول تو کیا اس مرد و عورت کو زبان کا اتنا پاس بھی نہ ہوگا کہ جسے باپ بھائی بہن ماں کہا اُسی کے ساتھ بدنگاہی کریں گے اور اگر ایسا ہو بھی تو جب بھی میرا اسقدر رعب تو ہے کہ جس زن و مرد کے ساتھ رشتہ آلودگی پیدا ہو گیا عورت تو اُسے باپ بھائی اور وہ مرد عورت کو بہن اور ماں وغیرہ کہتا ہے اُنکا دل خود اُنکو ہر وقت اس گناہ کی سزا دیتا رہتا ہوگا ماسواء اہل محلہ اور خویش و اقارب کی علانیہ طعن و تشنیع سے زبان بند رہتی ہے اور جو مائل ہیں وہ اپنے محکوم کو یہاں تک نہیں دباتے کہ بغاوت پر آمادہ ہو جائے اور بہت سی باتوں سے دیدہ و دانستہ اغماض کر جاتے ہیں کہ کھلی بغاوت پر نہ مستعد ہو جائے تو اس وقت وہ جو ذرہ سا لحاظ باقی تھا وہ بھی گیا۔ بھتیجے جس شخص کو تمہاری عورت باپ بھائی وغیرہ کوئی رشتہ داری کا خطاب دے اور وہ مرد بھی اُس کے جواب میں اُسے بہن بیٹی بھانجی بھتیجی بھاوج وغیرہ بنائے تم اس پر کفایت کرنا اور اُن کے حالات میں زیادہ تحقیق و تدقیق کو دخل نہ دینا اگر اس اصول پر چلوگے تو آباد رہوگے۔

۱۰۔ بھتیجے جب تمہاری بیوی کہیں کہ حضرت عباس کی درگاہ یا حضرت شاہ مینا کے سلام کو جاؤنگی یا یہ کہ مسجد میں چراغ جلانے جاؤنگی۔ یا یہ کہیں کہ اماں خالہ یا نانی پھوپھی چچی بہن بہنوئی کے گھر یا کسی سہیلی کے یہاں جاؤنگی تو سعادتمندی اسی میں ہے کہ خود ہی ڈولی بلا لینا ورنہ کم از کم آمد و رفت میں مانع نہ ہونا اور اگر ہوگے تو پچھتاؤ گے کیونکہ جیسے پانی میں یہ قدرتی خاصہ ہے کہ جب تک اُس کی پنسال نہ برابر ہو جائے نہ ٹھہرے ویسے ہی بوڑھے اور نامرغوب شوہر کی جورو تاوقتیکہ جس شخص سے ملنے کے لئے اُس کا جی چاہے نہ مل لے وہ گھر میں نہیں رک سکتی۔

۱۱۔ جالی کشیدہ پھندنے مُرکی تیلچی وغیرہ سوئی کے جتنے کام عورتوں سے کروانے والے لوگ ہیں خواہ وہ کیسے ہی خوبصورت اور نوجوان ہوں بانکے ہوں مشہور شہدے ہوں لیکن اگر آپکی اہلیہ اگر انہیں سے کسی کے ساتھ تعلق پیدا کرنا چاہیں ہرگز مانع نہ ہونا۔ ارے میاں ایک ذرہ سی عالی حوصلگی میں سو مشکلیں آسان ہو جاتی ہیں اور تھوڑی سی تنگ نظری میں آسانیاں مشکل بن جاتی ہیں ع نام ہوا آپکا اور کام ہمارا ہو جائے بس سمجھ جاؤ عاقلاں را اشارہ کافیست۔

۱۲- اگر تمہاری بیوی پر کوئی جن بھوت شہید و آسیب کبھی کبھی چڑھتا ہو یا کسی پیر فقیر کا سایہ ہو اور جو سیانا عامل مُلّاں حاضرات و تعویذ و گنڈہ اور نقش سے جوروجی کو جھاڑتا ہو خبردار خبردار اگر کبھی صراحتاً یا اشارتاً کنایتاً یہ ظاہر کیا کہ تم مشتبہ ہو یا مصارف حاضرات یا مال کھلائی سے گھبرائے اپنے کئے کو پچھتاؤ گے مبادا آسیب کے ساتھ خود جورو شریف نہ وڑ جاویں۔

تڑاخ۔ تڑاخ۔ تڑاخ ادہو طرفہ چپت بازی کی آواز منحوس الدولہ نے غارت دولہا کو غارت دولہا نے منحوس الدولہ کے چپت رسید کیں۔

غرضیکہ میاں دولہا کو اُن کے چچا وہی دستور العمل عیالداری کے قاعدے سکھاتے یا خود یا چپت بازیاں کرتے مورچھل جھلتے ہوئے جلوس جو کمہارے کے پُل سے چلکر مولوی گنج منشک گنج رکاب گنج۔ رکاب گنج سے راجہ کے بازار پاٹا نالہ سے چوک کہنہ چوک جدید میں گشت کرتا نخاس سے براہ محلہ یحییٰ گنج اپنے مرکز اصلی یعنے کمہاروں کے پُل پر آیا اور یہاں درگاہی لال کی بارہ دری سے کوئی دو سو قدم جانب شمال مغرب کیل گھر بزقصابان کے متصل ایک مکان میں بی دولھن یان ملگجے بیٹھی ہوئی تھیں اور سمدھیانہ والوں کو انتظار تھا کہ کب برات گشت کرکے آوے اور کب نکاح ہو جسوقت کہ بارات روانہ ہوئی تھی قریباً پانچہزار آدمی اُس کے ہمراہ تھا اور واپسی کے وقت ایسے عجیب الہیئت دولہا کے نکاح کا تماشا دیکھنے کے لئے بھلا کم از کم چالیس ہزار آدمی تو ہوگا مخلوق خدا ٹوٹی پڑتی تھی پھیری فروشوں نے اپنے سودے رکھ دئے۔ دوکاندار دوکانیں بند کرکے ہمراہ ہو گئے ادنے اوسط و اعلےٰ درجہ کی اکثر رنڈیاں پا پیادہ اور سواریوں پر ہمراہ ہو گئیں پس یہ معلوم ہوتا تھا کہ کسی عالیجاہ رئیس کی برات ہے اور بھیڑ کی یہ کیفیت تھی کہ کھوے سے کھوا چھلتا تھا اور شامیانہ تک پہونچنے کیلئے کتنے ایسے لوگ تھے کہ روپئے دینے کو مستعد تھے کثرت ازدحام کا اس بات سے اندازہ کیا جاسکتا ہے کہ دولھن کو جس مکان میں سجایا تھا اُس کے اطراف میں کھیت تھے وہ طرفۃ العین میں پامال ہو گئے اور بجائے زراعت کے مخلوق خدا کے سر ہی سر نظر آتے تھے۔

ناظرین نے خود ہی سمجھ لیا کہ جو عورت کہ اس قسم کے دولہا کے ساتھ نکاح پر راضی ہوئی ہوگی وہ بھی دولھن صاحب کے طرح عجیب الحال اور عجیب الخلقت ضرور ہوگی اور جن ستم ظریفوں نے جمگھٹا کیا ہوگا وہ کہاں ایسے گئے گذرے ہیں کہ جوڑ کا توڑ نہ ملاتے۔ بس جیسے کہتے ہیں اللہ ملائی جوڑی ایک اندھا ایک کوڑھی۔

سر تا پا غارت دولہا کی بیوی
مسمات سبز قدم عرف گھر اُجاڑ
دولھن مخاطب بخطاب ہیضہ خانم

بی سبز قدم کا سر دنیا کی عورت مرد کے سروں سے نرالا

اولتی دار تھا اور قد و قامت کی مناسبت سے بس یہ معلوم ہوتا تھا یہ پچکا ہوا لمبوترا شاہجہاں پوری تربوز ہے۔ بال ایسے گھونگر والے تھے کہ گویا مشاطۂ قدرت نے یا تو بھیڑ کے بچے کی گُتھی دار اون سر پر کسی لعاب دار مادہ سے چپکا دی ہے یا گول مرچیں ڈوروں میں پرو کر سر کی کھال میں ڈوروں کے سرے سی دئے ہیں

جبین مبین بہ اعتبار کشادگی و صفائی کے ایسا خوبصورت تھا کہ ماہ دو ہفتہ جس کی ادنےٰ رونمائی تھی پھوٹی ہانڈی کا کالا پیندا اوصاف تیرگی و ناہمواری کے سبب ایسا سیاہ کباب تھا کہ آتش حسد سے جل جل کر کالا ہو گیا تھا۔

کمان ابرو اس بلا کی تھیں کہ ستارہ دنبالہ دار ہیبت و نحوست جس سے مستعار لیتا منہ پر یہ معلوم ہوتا تھا کہ بعینہ عجوبہ کار قدرت نے دو چھاج دونوں طرف سے لا کر آڑی رکھ دی ہیں اور یہ اس غرض سے نظر عشاق کی کوڑے کی قدرتی طور پر صفائی ہوا کرے۔

آنکھیں وہ آہو چشم کہ صفت تنگ چشمی میں ہاتھی کی آنکھیں جس کے آگے نیچی تھیں بس یہ معلوم ہوتا تھا کہ کالی دیوار میں کسی نے دو غلّے مار کر جھلیں اُکھاڑ دی ہیں۔

مژگان۔ حضرت ظفر ایسی ہی پلکوں کے حق میں یہ شعر فرما گئے ہیں ؎

صفِ مژگاں سے اے دل اُسکو ڈرنا
یہ فوج نیزہ بازانِ دکن ہے

اور ایسی ہی صفِ مژگان ہمارے امانت مرحوم کے

خواب میں آئیں کھٹکیں ؎

خدا پناہ میں رکھے تمہاری پلکوں سے
ستم کی فوج کھڑی ہے پرا جمائے ہوئے

تیر و سنان تو ایشیائی شعرا کا مبالغہ ہے مگر جو نکلے نہیں تو یہ تو ضرور معلوم ہوتا تھا کہ سیہہ کے کانٹے چمڑے کی کترنوں میں اٹکی کر کسی نے آنکھوں پر سائبان لگا دیا ہے کہ اُن ہیبت انگیز آنکھوں کو چھپائے رہیں کہ مخلوقِ خدا اور علی الخصوص بچے لال لال ریلوے کے سگنل کی لالٹین لال آئینہ کی لال لال چمکتی ہوئی پُتلیاں دیکھ کر ڈر نہ جائیں۔

رُخسارے۔ گلسرخ باغ حسن تھے یا آفتاب و ماہتاب فلک محبوبی سے اُتر کر اس نیر اعظم سپہر رعنائی پر بلا گردان تھے۔ بعینہ یہی معلوم ہوتا تھا کہ مورفش کے پُرانے بُوٹ کی ایڑی کسی نے مُنہہ پر مار دی ہیں اور پسینہ کے باعث مُنہہ پر چپک گئی ہیں جو اب چھوڑائے نہیں چھوٹتیں

ناک۔ میرزا سودا کے اس شعر کا مصداق ؎

دہن آیا نہ نظر بینی کی صفائی کے سبب
منخرین اپنے سے گویا سنگ تراشی عینک

یہ معلوم ہوتا تھا کہ پہاڑی کوّا بیٹ کرنے کے لئے منہ پر بیٹھ گیا ہے گال دونوں شہپر ہیں اور ناک اُس کی چونچ ہے۔

غنچہ دہن کی یہ کیفیت تھی کہ گویا تعریف تنگ دہنی کے منتہا اس شعر کا مصداق تھا ؎

کردی بہ نطق نقطۂ موہوم را دو نیم
پس مبطلِ بیانِ حکیمان دہانِ تست

دونوں باچھیں یہاں تک چری ہوئی تھیں کہ اگر ناری گتّے کے موںھ سے مثال دوں تو وہ عدالت قدرت میں لائیبل کا دعوے کر دے اور اس تشبیہ بلا مشتبہہ کے جرم کے لئے مجھے معافی مانگنی پڑے اگر کن ٹھونکی میں بنگالہ کی سیپل سے مثال دوں جب بھی خطاوار ثابت ہوں کہ اُس پیر زعفرانی تحریر اور بی گھر اُجاڑ دلہن کے ہونٹ اس بلا کے سُرمئی تھے کہ اگر بھوسے سے اور اکہہ دوں مارے غصّہ کے سیتی کالی پڑ جائے او سطبری کہ توبہ بس یہ معلوم ہوتا تھا کہ ڈاین کسی کا کلیجہ موںھہ میں دبائے ہوئے بالائی وزیری کے تکیے لٹک رہے ہیں۔ لب بالائی اس انداز سے ناک کی جانب مُڑا ہوا تھا کہ بُل ڈاگ کی تھوتھنی بھی ہیبت ناکی اس سے مستعار لیتی۔

دروندان۔ الماس رنگ آب و تاب سے ہیرے کی کنی کھائے اسقدر چھوٹے کہ صفر تھے یا دہن دایرہ حسن میں مرکزی نقطہ خیالی تھے یا یہ کہ صدف دہن نے اس خوف سے کہ اُس کے جگر بند در کو نظر بد نہ لگے خود ہی اُنکو شدّت محبت سے پیٹ میں چھپا لیا تھا یعنے تھی ہی نہیں۔

سیب ذقن۔ ساٹھ برس بیشتر سے خواجہ حافظ بلبل شیراز جسپر نثار تھے ؎

ازلبت شیر رواں بود کہ من دانستم
پر لبت چاہ زنخدان تو بے چیز نیست

بعینہ یہ معلوم ہوتا تھا کہ جس قسم کے بندر کا نام گوریلا ہے اُسکی ٹھوڈی اور جبڑا ہے۔

گردن ع کمر تلی صُراحی دار گردن

کوتاہ گردنی کا یہ عالم تھا کہ خنزیر و ہاتھی کی گردنیں اُس عورت کی گردن کے مقابل زیادہ لمبی تھیں بس یہ معلوم ہوتا تھا کہ پُرانے مٹکے کا مُنھہ کرٹھا ہے جو کائی سے کالا ہو رہا ہے۔

سینہ۔ ایک تختہ بلوین تھا کہ کُندہ آبنوس بھی اسقدر کالا اور گڑھوں کے سبب سے ناہموار نہ ہوگا۔

پستان ایسے گول گول کرارے انمول کہ جسے دیکھ کر انار کے موںھہ میں بھی پانی آگئے اور رخسارہ سیب فرط غیرت سے تمتما اُٹھا تھا بقول میرزا سودا ؎

اُس کے دیکھے جو کچوں کو یہ تیقن ہوا اُس
تنبو تانے ہوئے یہاں کام کا اُترا ہے فلک

یا یہ معجون مُہبی کی ہیں دو نو ڈبیا
آوے ہی جان میں جنہیں دیکھ کر روح ملک

اور اس درجہ نازک تھے کہ تاب نظر نہ لاسکے اور خوف دشمناں سے ایک سرے سے روپوش ہوگئے یا یوں کہنا چاہیئے کہ فراش قدرت کو یہ نہ گوارا ہوا کہ اُس نازنین کی صفائی سینہ میں کوئی پستی و بلندی واقعہ ہو اس لئے چھاتیوں کو دو ڈھیلے یا نیچے کنکر پتھر خیال کرکے ایک دم صاف کر دیا اور بجائے اُنکے دھکدگی کے مقام پر سینہ میں کوز پشت کی کمر کے برابر ایک کوب نکال دیا۔

پیٹ۔ گو بہیم کی صورت اونٹ کا کوہان تھا۔

ناف۔ بس ایک گندی گڈھیا تھی بقول سعدی علیہ الرحمۃ مردار یا مناب مرداد۔

اس سے نیچے پاس ادب اور حیا مانع ہے اور یہ خوف بھی ہے کہ قلم کو ایک دفعہ جہاں راستہ ایسا پُر خطر ہے ایک دفعہ قعر دوزخ میں گر کر نکلنا مشکل ہو اس لئے

ایسے خطرناک مضمون سے احتراز ہی بہتر ہے جانگھوں سے پاؤں تک کچھ ایسی کمان صورت ٹانگوں کی لیاں باہر کو جھکی ہوئی بالوں سے چھپی ہوئی ۔

قد بجائے خود مجسم مصرعہ بالا بلندی تھا اور اس پر ناتھ مصحفی کو اس قد و ادا کا الہام ہوا ؎

ہاتھ اُس سرو سے قد پر اُٹھی انگڑائی کو
مستزاد اس نے کیا صبح رعنائی کو

قلندروں پیچھے کے تاج کا بجائے خود اچھا خاصہ ناٹک تھا لکھنؤ میں یہ بھی ایک قاعدہ ہے کہ جب شادی ہو جاتی ہے داماد کو اُس کی سسرال کے اور بہو کو اُس کی سسرال کے لوگ سوا اصلی امر کوئی نہ کوئی خطاب اصل نام ان بی صاحبہ کا سبز قدم میکے سے خطاب گھر اجاڑ دلہن کا عطا ہوا تھا اور سسرال سے ہیضہ خانم مخاطب کی گئی تھیں اور بندۂ درگاہ فصاحت میں شاگرد سحبان وائل ہیں ۔ بی صاحبہ کا جب ذکر ہوا یکمرتبہ اصلی نام دوبارہ جو نام کی ضرورت آئی میکے کا خطاب لکھا اور اب سہ بارہ سوا اس کے کوئی چارہ نہیں کہ سسرال سے جو خطاب ملا تھا وہ عرض کروں لیکن ہیضہ خانم لکھنے سے جو کوئی یہ اعتراض کرے کہ ابھی بی صاحبہ کا عقد نکاح ہوا نہیں اور خطاب سسرال کہاں سے ملگیا میں اس معترض سے کہونگا کہ او بیوقوف میں واقعہ ماضی لکھ رہا ہوں اس لئے ہیضہ خانم سسرال سے جو خطاب ملا تھا اگر اسے استعمال کروں تو کیا اور جو معترض کا طرفدار ہو صرف و نحو میں اسم کے قائممقام وہ کی ضمیر اس لئے مقرر کی گئی ہے کہ بیان میں بار بار تکرار نام کی ضرورت نہ آئے اور اگر ضرورت آجائے تو تکرار اسمائے اشخاص خلاف فصاحت نہیں تو بندہ بجواب اس کے کہے گا آخر ایجاد بندہ بھی تو کوئی چیز ہے یا نہیں دیکھا میاں معترض ہم وہ افصح الفصحا موجد الفصاحت ہیں کہ بجائے اسماء جامد و موضوعات شخص کے یہ ہمارا ہی حصہ ہے کہ جس جگہ چاہیں نام شخص کی بجائے جو لفظ چاہیں گھڑ لیں زید کو ایک جگہ زید دوسری جگہ اس کے حروف کو مقلوب کرکے دیز لکھیں اور تیسری مرتبہ جو پھر یہ ضرورت ہو کہ زید کا نام لیں ضمایر معمولی غیر بہتر ہماری طبع رسا نے ہم تو موجد ہیں ہم نے زید کو جیسا بہ اختیار خود دیز بنا دیا اب اگر اسے پیچ پیچ لکھا کریں جب تک زید ہمپر نالش کرے کرتے ہیں جو کرنا تھا ہم کر ہی گذرے اور نالش کا بھی کوئی خوف نہیں کیونکہ قانون دیوانی و فوجداری میں اس قسم کے اسمی نقصانوں کی چارہ جوئی کی کوئی صورت ہی نہیں استغفار اس دخل در معقولات سے کہاں تو بی ہیضہ خانم کا سراپا اور باری آئی تھی اس امر کی کہ اُن کے لباس و آرائش پیدائش کا بیان کروں اور کہاں میں معترضین سے عذر خواہیاں کرنے لگا ایڈیٹر صاحب خفا ہوجیئے گا معترضین کے اعتراض کا دفع دخل ضرور تھا وہ ہوا اسے ایک دفعہ بیوقوف کہہ دیا اور یہ بھی دکھا دیا کہ ہم نے زبردست ہیں کہ نام اشخاص وہ چیز تھی کہ جس میں کسی شخص کا قابو نہ چلا ہم نے اس میں بھی اصلاح و ایجاد کو دخل دیا تو وہ ان زبردستیوں کے نمونہ کو

دیکھ کر اگر مقام ایراد بھی دیکھیگا اس خوف سے کہ کہیں منہہ کی نہ کھاؤں منہہ نہ آئیگا اور اپنا سا موںھہ لے کر بیٹھ رہیگا اور اگر ایڈیٹر صاحب گو اس قصور دخل در معقولات سے آپ خفا ہو گئے ہیں یا آپ کے ناظرین بگڑ گئے ہیں میری بلا سے میں نے تو صرف اسقدر آزادی کی ورنہ مجھے تو بقول گولڈ اسمتھ کے ناظرین کیخدمت میں یہانتک استحقاق گستاخی و آزادی ہے کہ وہ اونگھتے ہوں اور انکی ناک پکڑ کے ہلا دوں اور اگر آپ کو اس حالہ میں اعتراض ہو آپ سند مانگیں گولڈ اسمتھ کے قصہ دکار آف ویکفیلڈ کو ملاحظہ کر لیں۔ اگر آپ فرمائیں کہ انگریزوں میں ایسی بد تہذیبی کا رواج ہوگا کہ مولف و مصنف شائقین کلام کی ناک پکڑ کر خواب غفلت سے چونکا دیں اور از سر نو اپنے بیان کی طرف متوجہ کر لیں لیکن ہم اہل ہندوستان میں ایسی آزادیاں مباح نہیں اگر اینجانب کو ناظرین کلام سے آزادی کی ایسی ہی ضرورت تھی کسی انگریزی تحریر میں ویسی بے تکلفی کی ہوتی ہیں سعدی کا مقولہ پیش کرونگا اَلنَّاسُ عَلٰی دِینِ مُلُوکِھِم۔ کیوں ایڈیٹر صاحب اب تو آپکو یا آپ کے ناظرین کو کوئی عذر نہ باقی رہا ایڈیٹر صاحب برا نہ مانیگا اور یہی ناظرین سے التماس ہے کیونکہ میں نے جوان کے ساتھ ایک ذرہ خوش طبعی کی میرا استحقاق تھا کہ میں نے مصالحہ غم غلط انکی خاطر مہیا کر لیا مگر معترض احمق کو نکتہ چینی و ایراد کا کیا استحقاق تھا کیوں دیکھا ایڈیٹر صاحب آپ نے آپکا خادم کیسا شوخ ہے آڑی ترچھی کہہ ہی جائے اور کہنے اس لطف سے کہ مخاطب گالیاں کھائے اور شربت کے گھونٹ کی طرح پی جائے اسیکو کہتے ہیں ع عیب کرنیکو ہنر چاہیئے

واہ رے میں باز آمدم بر سر مطلب۔

ناظرین شنتم تمکو غارت دولھا اور بی گھر اجاڑ دولہن تمے سر مبارک کی فرہ ہے مجھے یاد تو دلاؤ کہ میں کیا کہتا تھا۔

ناظرین کوہ نور؟ میاں نامہ نگار تمنے بی ہیفہ خانم کا سراپا ختم کیا تھا اور اس وقت ناچنے میں جو لباس بی دولھن جان کے زیب بر تھا اور انکی آرایش و سامان زیبایش کا بیان کرنے والے تھے۔

مابدولت حضرت نامہ نگار۔ کیوں ایڈیٹر صاحب کوہ نور آپ نے بھی ناظرین کوہ نور کو نہ سمجھا دیا کہ ملک ہندوستان میں اور خصوصاً اصطلاح لکھنؤ میں میاں خطاب خواجہ سرا ہے کیونکہ وہ اکثر حبش الاصل ہوتے ہیں جہاں جو یہ ہندوستانی مسلمانوں کی قومیں از قسم شیخ و سید و مغل پٹھان وغیرہ کے نام ہیں اس لئے ان کو بلفظ میاں مخاطب کرتے ہیں اگر آپ کو یہ نہ معلوم تھا کہ نامہ نگار کس قوم کا موجب افتخار ہے تو کیا خطاب حضرت بھی گیا تھا۔ خیر چونکہ میں نے انکی ناک کے ساتھ دوستانہ آزادی کا برتاؤ کیا تھا انہوں نے ملامی میں مابدولت کو خواجہ سرا کہہ لیا خیر عوض معاوضہ گلہ ندارد۔ مگر

ناظرین جو کبھی آگے حضرات نابدولت کی خدمت میں ایسی حرکت سوءِ ادب کے مرتکب ہوئے تو کم از کم یہ سزا صادر کیجائے گی کہ حضور اینجانب کے کلام معجز نظام کے لئے ترسنا ہوگا۔

ہاں بی اُجاڑ دولہن کے پانچے کی تیاری کا حال بیان کرنا ہے۔

بندۂ درگاہ نے سراپا بیان کرنے میں تو اساتذہ قدیم کی ترتیب کو برقرار رکھا مگر جو پانچے کی تیاریوں میں بی دولہن جان کو نہ اُلٹا ہو تو کچھ نہ کیا۔

ناظرین ہنسے! کیا ان کے دولہا میاں خون حرام جان معروف بہ غارت دولہا سے چغلی کھاؤ گے کہ میں نے انکی زوجہ عصمت مآب کی شان میں کہا کہ نہ اُلٹا ہو تو کچھ نہ کیا اور نالش لائیبل کروائیگے۔ جی! حضور ایسے بیوقوف بھی نہیں جو بنائیں تو ازار حوائج ضروریہ کا راستہ نہ رکھیں عبارت زیر بحث میں سرکار نے لفظ اُلٹا خود بی دولہن بیگم کی شان میں استعمال نہیں کیا تھا بلکہ یہ مقصود تھا کہ ترتیب لباس و آرایش کو پائجامہ کے پانچوں کی طرف سے اُلٹونگا۔

قہقہہ ہا ہا ہا ہو ہو کیوں ناظرین یہ بے موقع ہنسی کیسی کیا اس شک بخت کو طلاق دلوانے کا ارادہ ہے یاد رکھیے کہ کہیں وہ پھر حضرات میں سے کسی صاحب ہی کے سر نہ ہو اور اگر آپ کا یہہ خیال ہو کہ میاں غارت دولہا خون حمام جان نابدولت سے گلغپ ہوں

یہہ خیر صلّا ہے۔ الفاظ اُلٹا ہو پائجامہ و پائنچہ سے مراد صرف اتنی ہے کہ چونکہ سر دور ہوتا اور نامہ نگار کی ہمت کوتاہ۔ پاؤں کی طرف سے شروع کرتا ہوں یعنے بیان آرایش کا بی دولھن کے نیچے کی چیزوں سے ابتدا کرتا ہوں۔

جوڑا اد جوتہ کا نہ وہ جوڑا جسے جُفت کہتے ہیں، نہ ٹاٹ بافی تھا نہ کامدار تھا۔ نہ پلتوان تھا نہ حاشیہ دار تھا نہ خورد لکا تھا نہ گھیتلا نہ کفش نہ بوٹ نہ شکاری نہ دلّی وال نہ بیکانیری نہ بُندیل کھنڈی جسے جوتا ہی نہ کہنا چاہیئے بلکہ چرمی توبڑے کہنا نازیبا نہیں۔ پر اٹھاٹ کے گھوڑوں کے دانہ کھانے کے دو توبڑے بی دولہن کے زیب پا تھے۔

پائجامہ۔ پائجامہ میں پائنچہ پائنچہ میں پائچہ کی گوٹ بجائے کنکوؤں کے کاغذوں کی لچی رنگ برنگے کاغذوں کو جوڑ کر پٹاخے کے گوٹ کی صورت تراش لیا تھا اور اُس پہ پنی اور بوتلوں کے مُنہہ پہ جو اوگ لپٹا ہوتا ہے، اسکی مینت کاری کی ہوئی تھی اور پُرانے جھر جھر ٹاٹ کی گوٹ بھی کوئی وگرہ عرض کی ہوگی اور پائجامہ کا متن ایک پائنچہ کا متن تو عمدہ تھانوں پر جو سیاہ کالیکو کے ٹکڑے لپیٹ دئے جاتے ہیں اُسکا تھا اور دوسرا پائنچہ نصف حصہ بالائی نہایت باریک جالی لوٹ کا تھا اور حصہ زیرین شوخ رنگ [illegible] فی گرفت [illegible] پائجامہ ہوگا کوئی دو گلی کا اور جس کی یہ بھونی تھاری نکلی تھی [illegible]

ازار بند۔ بکری کی آنتون کا اور مضبوطی کے لیئے اسمین تانت پہنا دیا تہا اور سجائے ہیرون کے دو پہندنے پہندلا کر لٹکا دئے تہے لیکن پہلے تیل و چونہ سے دہو کر ازار بند و ہیرون کو اچہی طرح سے صاف کر لیا گیا تہا۔

کرتی۔ جو حصہ کہ چہاتیون کے اوپر تہا اُسپر روپے رکہنے کی جو جالی دار موٹے سوت کی خزانون مین توڑے ہوتے ہین اُس کا ٹکڑا بدین غرض لگایا گیا تہا کہ مجرم کی کہوڑیان جہلکین اور وہ سینہ کی دہدہکی تک تہا اُسکے نیچے ہرن کا چمڑے کا بال دار ٹکرا لگا ہوا تہا آگا تو اسطور کا دور لگا تہا گو پیچہا آہنی مشبک جالی کا تہا جو آپ لوگ دروازون مین سجائے آتشیون کے لگانے لگے ہین کہ ہوا اور روشنی دونون آئین اور دروازہ کی مضبوطی بہی رہی۔

کرتی کے اندر جو جرم تہا وہ تو دریا جانور کی جہلی کا اور باقی سب کرفش کا بنا تہا اور چونکہ اندرونی طور پر چہاتیان غائب تہین اس کمی کو مشاطہ نے صنعت سے پورا کیا تہا۔ ربڑ کی دو بڑی چکوترون کے برابر دو گولے بنا کر رکہہ دئے گئے تہے۔

دوپٹا جرمی وہ بہن جالی کے زیب سر تہا حضرات ہفت اقلیم کی بیگمات کو ایسا قیمتی بالاپوش کبہی میسر نہ آیا ہوگا ہزار ہا قسم کے پرانے اونی سوتی ریشمی سب کے کپڑون کے ٹکڑے اور ہزار ہا قسم کے پارچہ ہائے چرمی جوڑ کر کیا کہا جائے کہ کیسی عجیب و غریب دلق بقلمون بنائی تہی کہ جسکے دیکہنے سے یہہ حیرت ہوتی تہی کہ جس مسخرہ نے تہوڑی دیر کی خوش طبعی کے لئے ایسی بے نظیر کاریگری چترائی اور سلیقہ کو ضائع کیا اور اس چادر کی تیاری مین محنت اور اوقات دونون کو ضائع کیا ایسا ہنرور کیونکر ایسا بیفکرا تہا لیکن تحقیقات سے معلوم ہوا کہ جسنے یہہ عجیب و غریب دوپٹا تیار کیا تہا اُسے چندہ سے قرار واقعی اُجرت ملی تہی اس دوپٹے پر کہیں تو چہوٹے گوٹے کناری او سلمہ ستارون کا کام بنایا گیا تہا اور بعض بعض جگہہ پرانے جوتون کے ابرے اور ایڑیان کاٹ کاٹ کر بیل بوٹے بنے اور انکو مختلف رنگ کی پڑیون سے رنگ کر بوٹیان نام رنگین چہوٹی چہوٹی کوڑیون کی بنت کاری سے سجایا تہا اور ستم بالائے ستم یہہ کیا تہا کہ دوپٹے کے طول مین بصورت حلیہا سانپ گوہ نیولے سانپ ہن کنکہجورون مینڈکون وغیرہ زندہ حشرات الارض کو اس ترکیب سے ٹانکا تہا کہ نہ تو مرنے پائین اور نہ حرکت سے معطل کرین مثلاً ایک سانپ ٹانکا اس وضع سے ٹانکے دئے کہ کمر و دُم و گردن کے پاس ٹانکے سے جسم کا تہوڑا سا کنارہ چہدے اور جان پر صدمہ نہو اور جہان ایک سانپ ختم ہوا اُس کے مُنہ کے متصل مینڈک سی دیا اور ایک نیولے کو اس طرح سے

ٹانکا کہ اسکے منہ مین سانپ کی دم دبی ہوئی تہی

زیورات کا حال سنئے۔ سر پہ مری گوہ کے چمڑے کا سیج پہول بنایا تہا اور اس گوہ کی کہال پر بڑے بڑے لوٹ کے رنگیز دالوں سنکوں پہنگوں اور جہاڑ کے آویزوں سے بنت کاری کی تہی۔

کان مین چہوٹی بالیان تہ انمین تتلیان پہنگے ٹڈے پروے ہوئے تہے اور چہوٹے چہوٹے ٹڑی ہوتی بہی تہی اور ساتہہ ہی کوئی دو سو روپیہ قیمت کا سچا جڑاؤ کان پہول بہی پہنا دیا تہا اور چونکہ دولہن کے منہہ پر چہوٹے سیندور پڑیا کے رنگ کے ٹیکے ستاروں اور رنگین بوتوں کی افشان چنی ہوئی تہی اور اسپر سیاہ فام رنگ کی زمین اور کانوں مین دیہیات بالیون مین لٹکے اور ان کے درمیان سچے جڑاؤ گہنے کی چمک دمک سے ہیبت و کراہت ایک سے ہزار چند ہوگئی تہی طوالت کلام تفصیل زیور سے مانع ہے اسلئے صرف اسقدر لکہنے پر کفایت کیجاتی ہے کہ مرے سانپوں کی کہوپڑیاں اور جانورونکی ہڈیان گوندہ کر ہنسلین گوہ چہچوندرون نیولون شیر کی ریچہ بہیڑیون کتون اور الو چیل وغیرہ جانورون اور پرندون کے دانتون اور ناخنون کو پروکر چوپٹے دنی بنائی اور ہتنی جلالی جہپے دنی اور جڑاؤ کنگنون کے ساتہہ جو پہنائے گئے تہے اور کالے کندہ آبنوس اتہرا اور آنکین عہ متفقۃ الکیفیتہ

۱ پرنسیس رائل جن کا پورا نام شہزادی وکٹوریہ اڈلیڈ میری لوسا ہے تاریخ ولادت انکی اکیسوین نومبر ۱۸۴۰ء مین ہے۔ وہ پادشاہ جرمنی ولیعہد شہزادے فریدرک ولیم سے ۲۵ جنوری ۱۸۵۸ء مین بیاہی گئی ہین۔ ان سے تین شہزادے و چار شہزادیان موجود ہین۔

۲۔ پرنس آو ویلز جن کا اصل نام البرٹ اڈورڈ ہے قیصر ہند و ملکہ انگلستان کے ولیعہد بہادر آپ ہی ہین ولادت انکی ۹ نومبر ۱۸۴۱ء مین ہے پادشاہ ڈنمارک نہم کرسچین کی بڑی شہزادی الگزنڈرہ سے ماہ

پانچ سنہ ۱۸۶۳ع کو کتخدا ہوئے ہین یہہ دوسرے شہزادے ہین جو سنہ ۱۸۷۵ع مین ہندوستان کی سیر کو آئے تھے ان کی اولاد ہے۔

۱۔ شہزادہ البرٹ وکٹر ہے جو ہشتم جنوری سنہ ۱۸۶۴ع کو پیدا ہوا
۲۔ شہزادہ جارج فرڈرک آرنسٹ البرٹ ہے جو ۳ جون سنہ ۱۸۶۵ع کو تولد ہوا۔
۳۔ شہزادی لوئیس وکٹوریہ الگزندرہ ہے جو ۲۰ فروری سنہ ۱۸۶۷ع کو پیدا ہوئی۔
۴۔ شہزادی وکٹوریہ الگزندرہ اوگا مری ہے۔ جو ۶ جولائی سنہ ۱۸۶۸ع کو پیدا ہوئی۔
۵۔ شہزادی جولٹ مری وکٹوریہ ہے جو ۲۶ نومبر سنہ ۱۸۶۹ع مین تولد ہوئی۔

۳۔ پرنسیس الیس جن کا نام ہو میری ہے۔ یہہ شہزادی ۲۵ وین اپریل سنہ ۱۸۴۳ع کو تولد ہوئی اور سنہ ۱۸۶۲ع کی پہلی جولائی کو ہستنے کے گرانڈ ڈیوک چہارم لوئی کی عروس بنین اور سنہ ۱۸۷۸ع کے چودہوین دسمبر کو اس جہان سے گذر گئین۔ ان سے ایک شہزادہ اور چار شہزادیان یادگار ہین۔

۴۔ ڈیوک اوادنبرو شہزادہ الفرڈ آرنسٹ البرٹ جو سنہ ۱۸۴۴ع کے اگسٹ مہینے مین ۶ تاریخ کو تولد ہوئے اور سنہ ۱۸۷۴ع کی ۲۳ وین تاریخ جنوری کو متوفی شہنشاہ روس کی شہزادی گرانڈ ڈچس میری کے شوہر بنے۔ یہہ اول ہی شہزادے ہین جو سنہ ۱۸۷۰ع مین ملک ہندوستان کی سیر کو تشریف فرما ہوے تھے۔ گھر ان کا ایک شہزادہ اور چار شہزادیون سے آباد ہے۔

۵۔ پرنسیس ہلینہ یعنے شہزادی اگسٹہ وکٹوریہ سنہ ۱۸۴۶ع کی ۲۵ وین ماہ مئی کو تولد ہوئین اور سنہ ۱۸۶۶ع کے ۵ جولائی کو سلیسوگ ہولسٹن کے شہزادہ فرڈرک کرسچین سے منعقد ہوئین ہین۔ ان سے دو شہزادے اور دو شہزادیان حیات ہین۔

۶۔ پرنسیس لوئیز شہزادی لوئیز کیرولین البرٹ سنہ ۱۸۴۸ع کے ماہ مارچ کی ۱۸ وین کو پیدا ہوئین اور جان مارکوس آو لورن سے ۲۱ وین ماہ مارچ سنہ ۱۸۷۱ع کو منسوب ہوئین ہین ابھی انہین کوئی اولاد نہین ہوئی

۷۔ ڈیوک آو کناٹ جن کا نام نامی آرتھہ ولیم پٹرک البرٹ ہے یہہ شہزادہ اول ماہ مئی سنہ ۱۸۵۰ع کو پیدا ہوئے۔ ۱۳ وین مارچ سنہ ۱۸۷۹ع کو پرشیا کے متوفی شہزادی کی دختر پرنسیس لوئیس مارگرٹ کے ساتھہ کتخدا بنے یہہ تیسرے شہزادہ ہین جو سنہ ۱۸۸۳ع مین ہندوستان کو تشریف فرما ہوئے تھے اور اب تو علاقہ بمبئی کے سالار فوج مقرر ہین۔ اور باجازت پارلیمنٹ اپنی والدہ قیصر کی انگلستان کی جوبلی کے جشن مین شامل ہونے کے لئے لنڈن کو تشریف لیگئے ہین انکو ایک شہزادی اور ایک شہزادہ خدا نے عطا فرمایا۔

۸۔ ڈیوک آو البنی شہزادہ لیوپولڈ جارج ڈنکن البرٹ ہین جو سنہ ۱۸۵۳ع کی ۷ اپریل کو پیدا ہوئے اور ۲۷ وین اپریل سنہ ۱۸۸۲ع مین والڈک پیرمونٹ کی شہزادی ہیلین سے بیاہے گئے اور سنہ ۱۸۸۴ع کی ۱۸ وین مارچ کو اس جہان فانی سے اقلیم جاودان کیطرف سفر کر گئے۔ اپنے بعد فقط ایک ہی شہزادی چھوڑ گئے ہین۔ قیصر کو انکی وفات از حد شاق گذری ہے

۹- پرنسیس بٹریس | شہزادی بٹریس میری وکٹوریہ فیوڈور جو ۱۴ وین اپریل ۱۸۵۷ء مین تولد ہوئی- اور ۲۳ وین جولائی ۱۸۸۵ء کو بٹنبرگ کے شہزادہ ہنری سے بیاہی گئی- یہہ شہزادہ بلگیریہ کے معزول شدہ پادشاہ الگزنڈر کے بھائی ہین سال گذشتہ کی ۱۸۸۶ء نومبر مہینے مین ۲۳ وین تاریخ کو ایک شہزادہ ان کو تولد ہوا ہے۔

باب نوان قیصر اور اُسکی اولاد کے سالانہ وظیفہ کے بیان مین

۳۸۵۰۰۰ روپے کی رقم قیصر کے لئے بعد ادائے رسومات تاجپوشی مقرر ہوئی- بدین تفصیل-

۶۰۰۰۰ روپے قیصر کے خانگی اخراجات کے لئے-

۱۳۱۲۶۰ روپے پادشاہی خاندان کے وظیفہ کے لئے-

۴۴۲۴۴ روپے معزول شدہ ملازمون کا وظیفہ-

۱۳۲۰۰ روپے انعامات شاہی کے لئے مع خیرات وغیرہ-

۴۴۴۴۰۰ روپے عام طور پر دربار مین خرچ کرنے کے لئے-

۳۸۵۰۰۰ جملہ روپے-

رقم مذکور اس شرط پر مقرر ہوئی کہ اگر کسی سال چالیس لاکھ روپے سے زیادہ خرچ کیا جائے تو اس کا مفصل حساب تیس روز کے اندر پارلیمنٹ مین پیش کرین-

۴۵۰۰۰ روپے کی رقم علاوہ رقم مذکور کے ضلع لانکسٹر سے ڈچس پنے کی قیصر کو ملتی ہے-

۳۰۸۰۰ روپے کی رقم اُسی ضلع کی وائین شراب کی آمدنی سے اصل سے قیصر کو ملا کرتی ہے-

۱۰۱۰ روپے کی رقم لنڈن کی وطن داری کے حق سعی کے نام ملا کرتی ہے-

۲۵۲۴۹۰ روپے متفرق مقامات کے دائمی اخراجات کے لئے مقرر ہین-

۳۹۷۴۳۰- دریائی جہازات کی سیر کیلئے مقرر ہین-

۳۱۱۵۰۰ روپے پادشاہی رسالے کے لشکری اخراجات کے لئے-

قیصر کی خانگی املاک

۲۳۹۲۰ روپے سکاٹلنڈ کے پرگنہ ابرڈین کی بطور کرایہ کے سالانہ آمدنی-

۳۱۰۰۰ روپے انگلنڈ کی ہنٹشائر پرگنہ کی آمدنی

۶۹۰ روپے سرے کے پرگنہ کی آمدنی-

الغرض ۱۸۸۶ء مین کل رقم قیصر ہند کو ۵۶۰۲۰۳۰ روپے کی وصول ہوئی تھی- علاوہ آمدنی مذکور بالا کے ۱۸۸۲ء مین جنگل کے کمشنرون سے کلیمونٹ کی جگہ ۴۷۰۰۰۰ روپے کو قیصر نے خرید کی ہے- اور ملک جرمنی مین کوبرگ کی طرف سے بھی قیصر کی خاص ملک ابھی باقی ہے-

قیصر کی سرکاری آمدنی سے اُن کی اولاد کو حسب ذیل رقمین ملا کرتی ہین-

۲۵۰۰۰- ڈیوک آو اڈنبرو کو- ۲۵۰۰۰ ڈیوک آو کناٹ کو

۸۰۰۰۔ پروشیہ کی شہزادی فریڈرک ولیم کو۔
۶۰۰۰ پرنسیس لوییس کو۔
۶۰۰۰ ڈچس آو کمبرج کو۔
۵۰۰۰ پرنسیس آو ٹیک کو۔
۶۰۰۰ شہزادی البنی کی بیوہ کو۔
۶۰۰۰ شہزادی کرسچین کو۔
۶۰۰۰ پرنسیس ہنری کو
۳۰۰۰ میکلن برگ کی گرانڈ ڈچس کو
۱۲۰۰۰۔ ڈیوک آو کمبرج کو
۴۰۰۰۰ شہزادہ ولیعہد پرنس آو ویلز کو
۱۰۳۱۲۳۰ پرنس آو ویلز کو ۱۸۹۵ء مین پرگنہ کارنوال کا محصول ملتا تہا۔ .... ۱۰۰۰۰ پرنس آو ویلز کی بیگم کو۔
خدانخواستہ اگر پرنس آو ویلز کی بیگم بیوہ ہو جاوے تو تین لاکھہ روپے کا سالانہ انکی واسطے مقرر ہوا ہے۔

باب دسوان قیصر کی فرمانروای عالم

انگلنڈ کا افلاس

شعر

قام ازل نے وہین سونپا اُسے ناسخ ؛ جو شخص کہ جس چیز کے قابل نظر آیا

قیصر ایک لیئق فرمانروا ہین۔ یہہ کلمہ بالاتفاق تسلیم کیا گیا ہے۔ یہان لیئق سے مراد رعایا پرور عدل گستر بیدار مغز۔ فریادرس۔ منصف مزاج۔ نیک سیرت۔ خوبصورت۔ بہتری خواہ خلایق ہے۔ دیکھئے ۱۸۴۲ء مین قیصر نو عروس تہین۔ ان دنون اس بحر خوبی کی طبیعت مین ناچ اور راگ کا شوق ہوچلا تہا۔ لیکن انگلنڈ کی رعایا کا ایک بہت بڑا حصہ افلاس و فلاکت کے باعث گرفتار رنج و محن تہا۔ مفلسی و ادبار کی گہٹا انکے سرون پر چارون طرف سے چہا رہی تہی۔ فاقہ کشی غایت درجہ انکو ستا رہی تہی۔ ملکی ہنر اور ملکی کسب کی ترقی کی خواہش کا چارون طرف سے شور برپا تہا۔ ان روزون ولیعہد بہادر پرنس آو ویلز کو اصطباغ دینے کی تقریب ۲۵ جنوری ۱۸۴۲ء کو مقرر ہوئی۔ اور بڑے کر و فر کے ساتہہ اسکی تیاریان ہونے لگین۔ سر رابرٹ پیل صاحب جنہون نے منصب وزارت علیا کی کرسی پر تہوڑی مدت سے جلوس فرمایا تہا۔ بنا برین قیصر کی زیادہ کہنی سننے کے لئے انکا حوصلہ نہین پڑتا تہا۔ تاہم انہون نے ہمت بڑہا کے قیصر سے کہا کہ اندنون آپکی رعایا پر فلاکت کی مصیبت طاری ہے۔ بار ادبار کا پہاڑ ہر ایک کے سر پر بہاری ہے۔ ایسے وقت مین اصطباغ کی یہہ دہوم دہام رعایائے انگلنڈ کو کس طرح پسند آویگی۔ یہہ سنتے ہی یا تو وہ تیاریان ہو رہی تہین۔ یا یہہ حکم دیا گیا کہ فقط سادی طور پر بے تکلفی کے ساتہہ بغیر راگ و رنگ اور بے دف و چنگ رسومات اصطباغ ادا ہون اور ملکی صنعت کی بہبودی و ترقی مد نظر رکہہ کے آپنے پاؤن تک فقط دیسی کاریگری کا لباس پہن لیا بلکہ تمام سہیلیون کو بہی ویسا ہی لباس پہنوایا۔ تاکہ عالم مزاج کو ایک خاص طرف رجوع دیکہکر رعایا بہی اسی طرف بخوشی مائل ہوی۔ سال یعنی ۱۸۴۲ء مین قیصر کی طرف سے راگ و رنگ کی جو بڑی ضیافت دیگئی۔ اُس کا بہی خاص الخاص یہی منشا تہا کہ دیسی لوگونکی ہنر مندی کاریگری و کسب کا

علانیہ اظہار ہو۔ انہین ایام کا ایک فیالنسی بال بھی مشہور ہی جسمین اٹھارہ ہزار آدمی کام مین لگائے گئے تھے غربائے اس سے بڑہ کے رعایا پروری اور کیا ہوئی چاہئیے۔

ملکی و پردیسی الجھاؤ کس حسن انتظامی سے سلجھایا

زمانہ مذکور العہد کا نقشہ ایک مدت سی جسطرح ملک و سکنائی ملک کے حق مین مضرت رسان تہا وسطرح غیر ملک کا نقشہ بہی خوف کی صورت دکہا رہا تہا۔ انگلینڈ کے خزانے مین نقصان ریاست مین تنزل کا سامان تجارت مین مندی روزگار مفقود ترقی بیکاری۔ وزرا مین ایک مخالفت کے ساتھہ باہم مبدلی تہی۔ اسیطرح بیرونجات مین تفرقہ کی ہوا چل رہی تہی۔ امریکہ مین ویسٹ انڈیز سے مجادلہ چین سے مقابلہ۔ ایسی پریشان خاطری کسوقت کابل کے جنگ و جدال کے زور و شور سے انگلینڈ کا دل بشکل آئینہ پارہ پارہ تہا۔ اور علاوہ ان سب آفتونکے معاملات مصر جو آجتک ایسٹرن کوئسچن یعنے مشرقی سوال کے نام سے مشہور ہے وہ گویا ایک قرابین کونبات معرکی کے چہرون سی بہر کر فیر کر رہا تہا اور ان دونون مصر کے معاملات مین روس کے عوض فرانس زیادہ کچہہ اوچل رہا تہا۔ اس محل پر ناظرین قیاس فرماوین کہ کن رنج بخش آفات چوطرف کسقدر متموج در موج تہا اعدا مخالف فوج در فوج۔ علاوہ اس کے قیصر کا گلبن شباب بہار افزا۔ راگ و رنگ کی امنگ۔ وعشرت آفرینی کے ڈہنگ۔ بایں ہمہ اس ملکہ جہان و جہانیان نے اپنی جوبن کی ابہار۔ جوانی کی بہار پر مملکت داری کی فکر کو ترجیح دیکر عیش و آرام کو بادہوائی سمجہہ لیا۔ ایسا انتظام کیا کہ۔ مصرع فلک گفت احسن ملک گفت زہ۔ یعنے یہانتک ہمہ تن مصروف معاملات ملکی رہین کہ۔ انگلینڈ کو اس رتبہ پر پہنچادیا جیساکہ عیان ہے۔ حاجت بیان نہین۔ اگرچہ انگلستان کے آئین کے روسے حاکم وقت کو آزادی ہے۔

شعر

الجہاؤ اپنے ملک کا او غیر ملک کا ٭ آئین قیصری نے کیے آئینہ سا صاف

قیصر و محصول

انہین ایام ناسعود مین خزانے کا نقصان پورا کرنیکے لیے انکم ٹکس مقرر کیا گیا پادشاہ وقت تمام قسم کے محصولات سے حسب آئین سلطنت بری رہتی ہین۔ تاہم قیصر نے خود کو مثل احد من الناس تصور کرکے ٹکس کا دینا اپنے اوپر لازم کرلیا۔ قیصر کو ٹکس دینے پر آمادہ دیکہکر تمام رعایا بدل و جان ٹکس بہرنے لگی۔ بیشک مقال الناس علی طرایق ملوکہم سچ ہے۔

قیصر کی سیر و سیاحت

یہہ مشہور ہی کہ اپنی تمام ملک اور اسکی اطراف و جوانب مین بذات خود سفر کرکے رعیت کی پوری ماہیت حاصل کرنیمین قیصر سب پادشاہون پر سبقت لیگئی ہین۔ یہانتک کہ امریکہ ہند و آسٹریلیا تک کانے کو سونکی مسافری مین بہی جہان خود بدولت کا جانا نہ بن پایا تو وہان اپنی روشن دل بیدار مغز نور عینون کو روانہ کرکے خاطرخواہ آگاہی حاصل کرلی۔ قیصر کے سفرنامہ ہونگو بڑے بڑے دفتر جمع ہوئے ہین۔

سفر سکاٹلنڈ

قیصر کا پہلا سفر ۱۸۴۲ء مین ملک سکاٹلنڈ مین ہوا ہی۔ سکاٹلنڈ کے پایۂ تخت ادنبرہ مین قیصر کے روز معینہ سے ایک روز قبل پہنچ جانے کے باعث استقبال شاہانہ و تجمل ملوکانہ کی بڑی کر و فر

سے تیاری کیگئی تہی - وہ یونہین بیکار سمجھی گئی - مگر اسکی دوسری روز قیصر کی سواری کی روانگی کیوقت رعایا نے ایک جوش و خروش کے ساتھہ اپنی مسرت اور خوشدلی ظاہر کی -

پہنی ہوئی جبّونکا فرش

سنہ ۱۸۴۳ع مین انگلستان کے جنوبی کنارہ پر سفر کرتے ہوئے قیصر سوذنمین مین جب اُتریں اُسوقت بارش سے زمین کو کچھہ خراب دیکھکر وہان کے اہالیان کارپوریشن نے برائے خیر مقدم اپنے اپنے جُبّے قیصر کی قدم اندازی کے لئے بچھا دیئے تہے - قیصر ان لوگونکا دل باغ باغ فرمانیکے لئے ان جبّون پر قدم انداز ہوتی ہوئی چلی گئین - انہین دنون جنگ افغان و سکھہ ختم ہوئی -

جنگ فرانس وغیرہ

بعد اس کے انگلینڈ و فرانس کی قدیم عداوت کا نقشہ مٹانیکے ارادہ سے قیصر نے اپنے شوہر کے ہمراہ ملک فرانس کا باوجود مسافت بحر دور دراز کے سفر اختیار کیا - اس سے پیشتر گذشتہ چارسو برس تک انگلنڈ کا کوئی پادشاہ اس ملک کو نہین گیا تہا - اس سفر مین سریر آرائی ملک فرانس نے بہی قیصر کی نہایت توقیر کی جب صفائی دلی کے ساتھہ عزت شاہانہ حاصل کر لی - تب خوشدلی سے اپنی دار السلطنت کو واپس آئین - اسوقت فرانس کے تخت پر شہنشاہ لوئی فلپ سریر آرا تہا - فرانس سے قیصر اپنے عموی بزرگ پادشاہ لیوپولڈ کی ملاقات کو بلجیم تشریف لے گئین - اور بڑی دہوم دہام سے داخل شہر ہوئین سنہ ۱۸۴۴ع مین روس کے شہنشاہ زار نکولس پہلی مرتبہ انگلنڈ مین آئے اور انکے بعد فرانس کے پادشاہ لوئی فلپ بھی ملکہ اپنی کے ہمراہ لنڈن آکے قیصر کے مہمان رہے

پادشاہی مہمانی کا خرچ کہان سے ادا ہوا

ان دونون شہنشاہونکی مہمانداری مین قیصر نے کوئی دقیقہ فروگذاشت نہین کیا اور کل خرچ قیصر نے اپنی جیب سے ہی کیا - ایسے مقام پر اکثر خرچ سرکاری خزانے سے لیا جاتا تہا - کیونکہ قیصر کے قبل بہت پادشاہ مقروض رہا کرتے تہے - اسصورت مین ضرور تہا انکو پارلیمنٹ سے پیسا لینا پڑتا تہا - بنا بریں اس وقت سر رابرٹ پیل نے بڑے فخر سے پارلیمنٹ مین بیان کیا کہ مہمانونکا کل خرچ قیصر نے اپنی جیب سے ادا کیا - ایک کوڑی بہی انگلنڈ کی خزانے سے نہین لیگئی

رایل ایکسچنج

اسی سال یعنی سنہ ۱۸۴۴ع مین تجارت کا نیا عالیشان مکان بنام رایل ایکسچنج تیار ہوا اور قیصر نے اسکی افتتاح کے رسومات پادشاہی کروفر کے ساتھہ ادا کئے -

تبسم شگفتگی

رسومات افتتاح کے وقت لنڈن کے لارڈ میئر پر ایک قابل تماشا حالت گذری لارڈ صاحب نے اپنی ریشمی موزی و عاشقانہ بوٹ کو بارش سے بہیگی ہوئی راستے سے بچانیکے لئے ان کے اوپر خلاصیون کے جاک بوٹ نامی قندہاری یا پوش جنمین فولاد کے بڑی بڑی میخین لگی ہوئی تہے چڑہائے لارڈ صاحب کا یہہ ارادہ تہا کہ قیصر کی سواری جب قریب آئیگی - اسیوقت وہ خلاصیون کے جوتے اُتار ڈالونگا - اور اپنی عاشقی نئی بوٹون سے قیصر کے روبرو حاضر ہو کے تسلیمات بجا لاؤنگا - الغرض قیصر کی سواری قریب آگئی - اور لارڈ صاحب نے بڑی سرعت سے جو زور کیا تو ایک بوٹ صاف نکل آیا مگر دوسرا

پچھہ ایسا بیٹھ گیا تھا کہ مطلق نہین ہلا یہانتک کہ قیصر انکی نزدیک آ پہنچین - لوگون نے جو لارڈ صاحب کا یہہ حال دیکھا تو فوراً اس بوٹ کو کھینچنے لگے - کوئی ایک طرف سے کھینچتا تو دوسرا دوسری طرف سے - اسمین ایک کا پورٹر کے بیچ مین صبر چپ گیا - آخر بہزار تکلیف و شور و غل آپنے وہ دوسرا اُتارا ہوا قندھاری بوٹ پھر پہن لیا اور ملکہ علیا قیصر ہند کے روبرو جا کر حاضر ہوئے - شعر ؎ - ریش خندی و تبسم سے ظریفون نے کہا - جاک بوٹ آپنے کسواسطے پہنے صاحب

جرمنی کا سفر

سنہ ۱۸۶۲ء کے شروع مین قیصر اپنے تمام قبیلے کے ساتھہ انگلستان کے بڑے بڑے نامی گرامی نواب اُمرا کی ملاقات کو انکی جاگیرات و پرگنون اور ضلعون مین تشریف لیگئین - بعد اسکے اسی سال آپ سبھون کو ہمراہ لیتی ہوئی ملک جرمنی مین تشریف لیگئین - جہان اپنے سسرال کا محل اور اپنے شوہر کی زاد و بوم ہی اسیجا اپنی مان کی طرف کے اقاربون سے ایک تپاک کے ساتھہ بڑے اشتیاق دلی سے ملاقات مسرت آیات کی -

کولانگ واٹر

کولانگ شہر مین قیصر جب سیر کو نکلی ہین - اسوقت وہان والون نے بڑی خوشی مین آکے راستون پر وہانکا مشہور خوشبو دار پانی کی لانگ و ۲ ٹن چھڑکا تھا - کولانگ واٹر یورپ مین فقط عطر خوشبو کیطرح استعمال کیا جاتا ہے - مگر تعجب ہے کہ ہمارے ہندوستانی انگریز یا تو دوا کے طور استعمال کرتے تھے یا اب شراب کے مانند اس کثرت سے استعمال کرنے لگے کہ سرکار نے محصول بھی اس کا شراب کے جیسا بڑھا دیا - سنہ ۱۸۶۸ء مین قیصر نے سکاٹلنڈ کے مغربی کنارے کا سفر کیا اور بعد اسکے انہین ہائے لینڈ پہاڑون کے سفر کا شوق پیدا ہوا -

سفر ائرلینڈ

قیصر ملک ایرلینڈ مین سب سے پہلی

شعر

پھول پہل سے باغ کے دامن بھرے ٭ باغی پھر باغی بنے تو کیا کرے

سنہ ۱۸۴۹ء مین تشریف لیگئین ہین - ایرلینڈ مین سنہ ۱۸۴۶ء سے تا ہنگام رونق افزائی این ابر کرم یعنی قیصر کے وارد ہونے تک سخت قحط جاری تھا - تمام روئے زمین کے باشندون نے ان قحط زدون پر از روئے ترحم عین عنایت سے نظر کی - اور قیصر نے تو اسدرجہ دریا دلی کو کام فرمایا کہ لکھہا روپیہ قوم کو قحط سے چھڑانی مین صرف کیا - قحط سالی اور غربت کے بہانے سے ایرلنڈ کے باغیون نے ریاست کی مخالفت مین بہت کچھ کیا - اس فتنہ کو مٹانیکے ارادے پر خود قیصر عالم آپ وہان تشریف فرما ہوئین - اور اپنی زبان خاص سے تسلی آمیز فقرے ان برخاستہ خاطر آیرش لوگون کو سنا کے اُسوقت انکو موم دل کیا - اسیطرح سریر آرا ہوے بعد دس برس تک آپ تمام گریٹ برٹن - ایرلنڈ - فرانس - بلجیم - ڈنمارک - لنڈن کے قرب و جوار مین سیر و سفر کرتی رہین

شعر - قلمرو مین اب خبر ہے خبر ہے ٭ سفر اس کا ایک باغ کی سیر ہے

ہنگامۂ عالم

سنہ ۱۸۴۸ء مین تمام یورپ مین جو ہنگامہ پھیلا تھا - اُس کا آغاز شہر پیرس سے ہے - جہان کا شہنشاہ لوئی فلپ اپنے قبیلے کے ساتھہ مسٹر ڈمسی ولیم سمتھ کے جعلی نام سے انگلنڈ مین آکے قیصر کے پناہ مین رہنے لگے - اس ہنگامے کی ہوا پرشیہ ڈنمارک بلجیم وغیرہ سب مقامون مین پہیلی تہی - اور قیصر

اپنے خویش و بیگانوں کیلئے جو وہاں مقیم تہے۔ بہت خایف ہوئیں۔ تاہم اس ہنگامے سے انگلینڈ خوب بچا رہا ایرلینڈ میں ایک دو مفسدوں نے سر اٹھایا تہا۔ مگر فوراً جلا وطن ہو گئے۔ اور لنڈن میں بھی چارٹسٹ گروہ نے فتنہ جگایا۔ قیصر تو اسی رات محل کو روانہ ہو گئیں۔ مگر وہان کے باشندوں نے ایک لاکہہ ستر ہزار معزز لوگوں کے نام والنٹیئر فوج میں بھرتی کروائے اور بڑی حکمت عملی سے اس فتنہ کو فرو کیا۔ انہیں دنوں قلمرو ہندوستان میں ملتان۔ گجرات۔ اور ملک پنجاب سلطنت برطانیہ میں شامل ہوا اور سکھہ لوگوں کا راج اور رنجیت سنگھہ بہادر کا خاتمہ ہوا۔ مگر دلیپ سنگھہ کو ایام طفلی میں ولایت میں جا کر قیصر کے زیر نظر پرورش کرنے لگے۔ جب دلیپ سنگھ شعور مند و عیالدار ہوئے اُسوقت قیصر کی اجازت سے ہندوستان آنے لگے۔ مگر لارڈ ڈفرن صاحب جو اُسوقت ہند کے ویسرائے و گورنر جنرل ہیں۔ اُنہوں نے دلیپ سنگھ کو آتے ہوئے عدن میں روکا اور دلیپ سنگھ کو عین مایوسی کی حالت میں لنڈن جانا پڑا۔ اس رجعت قہقری کے باعث اُس کے سر میں خیال بدمال سمائے۔ اور کہاں سے کہاں جا پہنچا۔ اب پے درپے خبریں چلی آتی ہیں۔ کہ دلیپ سنگھ انگلستان سے فرار ہو کے روس کے پایہ تخت میں پہنچ گیا الغرض جناب لارڈ ڈفرن صاحب کی کارروائی پر اگر کچھہ کہیں تو سوا اسکے اور کیا کہہ سکتے ہیں شعر

گدای گوشہ نشینی تو حافظا مخروش ٭ رموز مملکت خویش خسروان دانند

۱۸۵۱ء کی نمائش یہہ دُنیا کی مشہور نمائش مسمی بہ مخزن صنایع کل اقوام پرنس کنسرٹ شوہر قیصر کی محنت شاقہ کا نتیجہ ہے۔ اگرچہ لفظ نمائش آجکل عام ہو رہا ہے۔ مگر اس کے بانی و موجد خاص شہزادہ البرٹ پرنس کنسرٹ ہیں۔ انگلستان کے فقر و فاقہ کے دفعیہ کا یہہ خاصہ علاج تہا جو قیصر کے عزیز شوہر کے ہاتھوں وقوع میں آیا۔ ۱۸۵۱ء کے مئی مہینے کی پہلی تاریخ کو کہ پچیس ہزار آدمی اندرون نمائش گاہ جمع تہے اور سات لاکہہ آدمیوں کی بہیڑ باہر لگی ہوئی تہی اور چہہ سو باجوں کی آواز کے ساتہہ ہماری قیصر عالم اس دُنیا کے مشہور نمائش گاہ کو افتتاح کا باعث ہوئیں۔ گویا ان کے دست مبارک اس رسم نیک کی شیاعت کا کلید فتح الباب تہا۔ یہہ اہتمام تہا کہ دُنیا بہر کے لوگ دُنیا بہر کے لباس اور دنیا بہر کی زبانیں وہاں سُنی جاتی تہیں۔ قیصر کا مقولہ ہے کہ خلقت کا جماؤ وجم غفیر میرے تاجپوشی کے روز سے بڑہ کے ہوا تہا۔ لیکن آجکی تقریب میں اس کثرت کے ساتہہ مجمع خلایق ہے کہ اس بزم تاجپوشی کے مجمع سے اس کو ہزار حصہ بڑہ کے ہم کہیں تو بجا ہے اور اگر اس رنگارنگ کارروائی کے چمنستان کا بہار پیرا اگر میرے البرٹ کی ذات مجمع البرکات کو علی العموم سب رعایا سمجھے تو روا ہے۔ خداوند عالم میرے البرٹ اور میری وطن کو ہمیشہ سلامت رکہے۔ لکہتی ہیں کہ باسٹہہ لاکہہ تماش بینوں نے اس نمائش کو دیکہا ہے۔ ۱۳۱۵۰ کاریگران نامی و داستان گرامی کو تمغے اور انعامات عطا کئے گئے۔ بعد ازاں پندرہویں اکتوبر ۱۸۵۱ء کو یہہ نمائش

بڑہائی گئی۔ رقم یافت اس نمایش کی پچاس لاکہہ روپے کی دریافت کی گئی۔ بمقام سڈنہام مین ایک بڑی محل بہی قائم ہے جہان اس نمایش کی یادگار مین بہت سی پتلی نمایش و متفرق قسم کی عجائبات احتیاط حفاظت سے رکہی گئی ہین۔ اسی کے دیکہا دیکہی ایک ایسی ہی نمایش سنہ ۱۸۵۳ء مین شہر ڈبلن مین اور سنہ ۱۸۵۵ء مین پیرس مین ہوئی تہی۔

متفرق سفر

اس نمایش کے بعد قیصر نے انگلنڈ و سکاٹلنڈ کے جدید جدید ضلعون کی بڑی حشمت و شان کے ساتہہ مسافرت کی۔ مانچسٹر کے ایک وسیع میدان مین بیاسی ہزار لڑکے قیصر کی تشریف آوری کی وجہ سے اکہٹے جمع ہوئے تہے اور دس لاکہہ آدمیون نے اسی روز قیصر کا استقبال کیا۔ اسی سال جزیرہ آسٹریلیا مین سونے کی معدن نکلی۔ اور انگلنڈ سے لاکہون آدمی سونا نکالنے کیلئے وہان چلے گئے۔ افریقہ کے انتہائی جنوب مین راس کدہوپ کے کافری لوگون سے اسی سال لڑائی ہوئی۔ مگر سنہ ۱۸۵۳ء مین یہہ قوم مغلوب ہوئی ہے۔ سنہ ۱۸۵۲ء کے اگست مہینے مین بالمورل محل سے آتی ہوئی قیصر کی گاڑی کو سخت نقصان ہوا لیکن قیصر نے بڑی جرأت سے اپنی طبیعت کو تہام رکہا تہا ع رسیدہ بود بلائی ولے بخیر گذشت۔ والیے برہما سے دوسری لڑائی اسی سال شروع ہوئی اور مرتبان۔ پیگو اور رنگون یہہ تین صوبے انگریزون کے ہاتہہ آئے۔

ڈیوک آف ولنگٹن کی وفات

سنہ ۱۸۵۲ء کے فبروری مہینے مین انگلستان کے سپہ سالار لارڈ ڈیوک آف ولنگٹن کی وفات تاسف آیات وقوع مین آئی یہہ خبر سنتے ہی قیصر بالمورل محل سے تعزیت کیلئے لنڈن تشریف لائین۔ اور نہایت مغموم ہوئین۔ واٹرلو کی لڑائی مین ولنگٹن کی فتوحات مشہور عالم ہین سنہ ۱۸۵۱ء کی نمایش کی افتتاح کے روز قیصر کی ان سے اخیر ملاقات ہوئی تہی اور وہ روز ڈیوک آف ولنگٹن کی سالگرہ کا تہا۔ بیاسی وان سال اس روز آغاز تہا۔ یہی ڈیوک آف ولنگٹن ہمارے شہزادہ آرتہر یعنی ڈیوک آف کناٹ کے دینی باپ کہلاتے تہے۔ اسی نمایش کے روز شہزادہ آرتہر کی پہلی سالگرہ تہی۔

آتشزدگی

سنہ ۱۸۵۳ء کے مارچ مہینہ مین ونڈسر کے محل مین یکدفعہ آگ سلگ اٹہی۔ لیکن قیصر و البرٹ بڑی ہمت سے اسباب ہٹاتی اور آگ بجہانے مین مدد کرتے رہے۔

سیتلا

آتشزدگی مذکور کے تین ماہ بعد تمام ونڈسر کیناسل مین سیتلا پہیل گئی۔ پرنس آف ویلز سے یہہ سیتلا شروع ہوئی۔ پہر ان کے والد کو پہر اس اور پہر پرنسس رائیل و شہزادہ ایلیس اور بعد اس کے خود قیصر کو بہی سیتلا نکل آئی۔ بلکہ شہزادہ لیوپولڈ جو اسوقت دہ ماہ کی عمر کے تہے۔ اور ان کے اصطباغ کی تقریب کے لئے [illegible] کوبرگ و بلجیم سے قیصر کے جرمن قرابتی جو مہمان آئی ہوئی تہی۔ وہ بہی اس ساری بیماری کو اپنے ہمراہ لے گئے۔

البرٹ کی بدنامی

اسی سال سنہ ۱۸۵۳ء مین قیصر کو ایک اور بڑی مصیبت کا مقابلہ کرنا پڑا۔ وہ یہہ ہے کہ لارڈ پامرسٹن جو اسوقت وزیر اعظم تہا۔ اس کے اور شہزادہ البرٹ کے درمیان کچہہ رنجش رونما واقع ہوئی۔ اسمین وزیر موصوف بگڑ بیٹہے۔ اور ایک بناوٹ سے پیش آئے جسکا ذکر ذیل مین کیا جاویگا۔ ہرچند کہ پامرسٹن عقلمند اور چالاک شخص تہا۔ مگر خود پسند و [illegible] بہی تہا۔ معا لوگون مین اپنے بگڑے ہوئے [illegible] کو [illegible] کو کر دیا یعنی اہانت کی تشہیر کردی

کہ ریاست کے کاروبار مین یہہ اعنی البرٹ بیجا دخل کیا کرتا ہی سو بدخواہ انگلنڈ ہی ہی۔ پس ایکدفعہ شہزادہ البرٹ کی ساری خوبیان محو ہوگئین اور جا بجا یہی چرچے ہونے لگے کہ ریاست کے کامون مین البرٹ کو دخل ثابت کیا ضرور ایکدفعہ تو لوگ اس تماشے کو دیکہنے کے لئے کثرت سے جمع ہوگئے کہ آج شہزادہ البرٹ قید کئے جاتے ہین۔ اس فتنہ کو فرو نشانی کیلئے قیصر کو ازحد جدوسعی کرنی پڑی۔ آخرالامر قیصر نے ایک بہت بڑی مسنت یادداشت لکھکے وزیراعظم کو روانہ کی۔ اسمین یہہ آئین بیان کئے کہ وزیر کو اپنی فرمانروا کے ساتہہ کس صیغ ریاست مین برتاؤ کیاجاوی قصہ کوتاہ اگرچہ اس نیک خو شہزادہ البرٹ شوہر قیصر کی یہہ صفت مین انگریزون کے روبرو کچھہ عرصہ تک بدنامی شمار کیگئی۔ مگر دروغ بے فروغ ہی ہے۔ یعنی تا حال اسکی نیکنامیان ہی خوبی خلائق کے باعث کتابون مین لکہی جاتی ہین

جنگ سباسٹپول

جنگ واٹرلو کے بعد یورپ مین بڑی لڑائی یہی جنگ سباسٹپول ہوئی ہی۔ آغاز اس کا ۲۸ وین مارچ ۱۸۵۴ء سی ہی۔ قیصر کے وزیراعظم لارڈ پامرسٹن کی صلاح سی انگریزی فوج لشکر فرانس سے متفق ہوکر روس کے مقابلے پر سلطان عبدالمجید خانکی مدد پر آئی تہی۔ تمام دنیا کے لوگ برخاست خاطر تہے۔ مگر جنوب کی جانب عساکر سلطانی داد شجاعت دیتی رہی۔ اور کریمیا و سباسٹپول کیطرف بہادران انگریز و فرانس جوانمردی دکہاتی رہی الغرض ۱۸۵۵ء کے مارچ مہینے مین بحر بالٹک اور بحر اسود دونو طرف سے شہنشاہ روس نے زک اٹہائی۔ بعد ازان شہر پارس مین صلح ہوگئی۔ قیصر نے بذات خود مجروحین عساکر کی ملاقات کرکے انکو بڑی دلسوزی دکہلائی۔ انکو تمغے عنایت کئے۔ ان کے لئے دعائے خیر کرنیکے واسطے تمام ریاست مین ایکبار وقت معین کیا۔ فوج کی بیوہ عورتون اور یتیم بچون کیلئے پیٹریاٹک فنڈ نام سے ایک چندہ قائم کیا جسمین کروڑون روپئے جمع ہوگئے زخمی سپاہیون کے لئے عمدہ لباس اپنی اور اپنی شہزادیون کے ہاتہون سلواکر تیار رکہتی تہی۔ لشکری دارالشفا مین آپ بذات خود قیصر تشریف لیجاکر بیمارونکی وحالات کی تحقیقات کرتی تہین۔ اور انہین دنون انعام و اکرام کے سوا وکٹوریہ کراس نام کا بہادری کا خطاب ایجاد کیا گیا ہی

بغاوت ہند

جنگ سباسٹپول کو ختم ہوئی ابہی ایک سال بہی نہین گذرا تہا کہ ۱۸۵۷ء مین سپاہ ہند کی بغاوت کی خبر سن کے قیصر عالم پناہ کا دل پاش پاش ہوگیا۔ ۱۸۵۷ء کے موسم بہار مین میرٹھہ سے یہہ غدر شروع ہوا۔ باعث اس کا کارتوس ہی۔ یہہ سب اچہی طرح جانتے ہین۔ اسیطرح کانپور مین انگریزونکی عورتین اور بچونکا ذبح ہونا۔ دہلی کا محاصرہ لکہنؤ کا معرکہ اور بعد اس کے بانس بریلی کا فتح ہونا وغیرہ ابہی تک اکثرون کے دلپر نقش کالحجر ہی غرض نتیجہ اس جنگ و جدال کا یہہ ہوا کہ عنان سلطنت ہندوستان جو قدیم ایسٹ انڈیا ہوس کے تجار فرنگی ایک کمپنی کے ہاتہہ مین تہی سو اب خاص قیصر کے ماتحت منتقل ہوگئی اور لارڈ کیننگ صاحب بہادر پہلے ولیسرای و گورنر جنرل ہند مقرر ہوئے۔ سلطنت ہند کا برطانیہ سے شامل ہونیکا اشتہار ۱۸۵۸ء کے غرہ اکتوبر کو بڑی کروفر حشمت کے ساتہہ ہندوستان مین سنایا گیا اور نہایت خوشی منائی گئی۔ اسکا اصل اشتہار کی ایک نقل اس تحفہ جوبلی کے ۳۳ وین باب مین مرقوم ہے مطالعہ کیجئے یہہ کارروائی وزیراعظم لارڈ ڈربی اور مہتمم خزانہ عامرہ لارڈ ڈزریلی کے ہاتہون ہوئی تہی۔ لارڈ پامرسٹن کی جائے پراسی سال یہہ دونو وزیر مقرر ہوئے تہے۔

بعد اسکے قیصر کی فوج کو پہر چین اور ایران سے مقابلہ کرنا پڑا۔ چین مین اسکے پایہ تخت پیکن تک اور ایران

مین ہرات اور بوشہر و بصرہ تک ملک تسخیر کیا بعد اس کے فغفور چین و شاہ ایران صلح کے سایل ہوئے اور صلح ہوگئی اس کے بعد ۱۸۵۹ء مین فرانس آسٹریہ کی لڑائی بھی قابل یادرکھنے کے ہے شعر

غم مجنون کرین یا ماتم فرہاد کرین * کس شہنشاہ کے افسانے کو ہم یاد کرین

باب گیارہوان قیصر کا سوگوار عالم

قیصر کے والدہ کی وفات

سنہ ۱۸۶۱ء مین ملک جرمنی کا دوبارہ سفر کرنیکے بعد قیصر نے اپنی شہزادی الیس کا بیاہ ہیسی ڈارمسٹاٹ کے شہزادہ لوئی سے ٹھہرایا۔ مگر پے در پے ایسے سوگوار حادثے قیصر پر گذرے کہ دو سال تک یہہ بیاہ معطل رہا پہلا جو ماتمی حادثہ قیصر پر گذرا وہ انکی والدہ بزرگوار کی وفات تاسف آیات ہے ۷۵ برس کی عمر مین یہہ ضعیفہ مدت تک مرض مین مبتلا رہکر ۱۸۶۱ء کے ماہ مارچ مین اس جہان فانی سے کوچ کر گئین ایسی والدہ ماجدہ کہ جسنے اپنی بیوہ پنے کیحالت مین اس در یتیم کو پالا پرورش کیا۔ اور خاطرخواہ تعلیم و تربیت فرماکر اسکو مملکت برطانیہ کی زبردست سلطنت کی فرمانروائی کے لایق بنادیا ایسی والدہ کہ انگلنڈ جیسے اجنبی شہر مین بحالت یتیمی والدہر حال مین قیصر کی نگران حال رہی اور ایک پل آنکھون سے اوجھل نظر سے دور نہ کیا آج وہ رشتہ مادری کو توڑ کے ہمیشہ کیلئے قیصر سے علیحدہ ہوگئی ہائے کوئی قیصر کے دل سے پوچھے کہ اس وقت ان کے جگر پر کیسی چوٹ اور کیا صدمہ گذرا ہوگا جب ایسی نازبردار رفیق و شفیق ہی گذرے تو مصاحب صلسمہ سے گذرنیکا کیا حد و حصر ہو سکتا ہے۔

شوہر قیصر پرنس کنسرٹ کی وفات

۱۸۶۱ء مین قیصر اپنی مکرمہ و معظمہ والدہ ماجدہ کی وفات سے از حد مغموم ہی تھین کہ اس مین فلک شعبدہ باز و گردون تفرقہ پرداز نے قیصر کے غمناک سے دل پر ایک دوسرا صدمہ پہنچایا۔ کہ آج بچیس برس ہوچکے مگر اسکا غم قیصر کے دل پر ابھی تازہ ہے داغ اول سے داغ دوم کی سوزش بے اندازہ ہے۔ کیونکہ یہہ قیصر کے دلدار یگانہ کامگار و دیرینہ مدار انیس و غمخوار ہو کہ ہر معاملہ ملکی و خانگی مین معاون مددگار تھے۔ ایسی روشن دلچراغ بزم عشرت یعنی خود کے عزیز شوہر پرنس کانسرٹ شہزادہ البرٹ کا اس جہان فانی سے اٹھہ جانا ہے ۱۸۶۱ء کے دسمبر مہینے کی چودہ تاریخ کو شب کے ۱۱ بجے پرنس کانسرٹ کی رحلت ہم پلہ قیامت واقع ہوئی

شعر:۔ انیس و شفیق و دلبر کی رحلت * قیامت تھی قیامت تھی قیامت

قیصر کے دربار کا کام

فقط خانہ داری کی امورات سلطنت کی تربیت مین ہی البرٹ ساعی تھے یہہ بات نہین مگر امورات ملکی و مالی مین بھی البرٹ قیصر کے بڑے معاون تھے اکثر وزراء کے ہاتھون بگڑے اور الجھے ہوئے معاملات ایسے سلجھا دیتے۔ کہ انگریز لوگون مین وہ (کنگ البرٹ) کے نام سے مشہور ہوئے البرٹ کی اخیر کارروائی ٹرنیٹ نامی ایک مرکب ودی کے مقدمے کی صفائی تھی افسوس کہ اس جھیلے کی صفائی کے ساتھہ البرٹ کی بھی صفائی ہوگئی۔ شعر۔ بطور حکمت نمود و سود فکر سے ہائے * جہاز عمر روان انکا یون شتاب بہا بر انگیختہ انگریزونکی رائے پر لارڈ پامرسٹن نے ایک ایسا ڈسپاچ تیار کیا تھا کہ اگر وہ امریکہ پہنچ جاتا تو ضرور انگلستان و امریکہ مین ایک جنگ و جدل کا خلل برپا ہو جاتی مگر یہی البرٹ تھے کہ جنھون نے اپنی خوش تدبیری سے اس ڈسپاچ

کی ایسی صلاحیت کی کہ جس سے انگریز بہی خوش ہوگئے اور امریکہ والے بہی بڑی صلح مندی سے اپنی غلطی کے قائل ہوئے۔ اور دنیا مین انگریزون کے واجبی انصاف کی شہرت ہوئی ایسے ہی کامون سے تو ایک مرتبہ ڈیوک آف ولینگٹن اپنا سپہ سالاری کا بزرگ عہدہ البرٹ کے سپرد کیا چاہتے تہے مگر انہون نے انکار کیا۔

البرٹ کی علالت

کہتے ہین کہ ایک عرصے سے طبیعت البرٹ کی یونہین بگڑی ہوئی چلی جاتی تہی۔ مگر جب انکی خوشدامن وفات پاگیئن اور قیصر ان کے غم مین مبتلا ہوئین تو قیصر کا غم البرٹ سے دیکہا نہین گیا طرح بطرح سے انکی تسلی کرتے رہے اور قیصر کے تمام کام خانہ داری اور ریاست کے ایک دفعہ اپنے ذمے کر لیئے۔ آخر کثرت کار و بار سے عاجز ہوگئے ایکدفعہ جو بستر پر گرے تو پہر اٹہہ نہ سکے۔ ان کی بیمارداری مین قیصر اور ان کے فرزندون نے وہ جانفشانی کی ہی جو وفادار اہلیہ اور سعادتمند فرزندون کے شایان تہی۔

قیصر کی حالت بیوہ گی

البرٹ کے وفات پانیسے قیصر کو دونا غم ہوا۔ ایک تو والدہ کی وفات کا داغ ابہی تازہ تہا اسپر ایسے مشفق دلسوز شوہر کی وفات کا داغ پر داغ شعلہ خیز ہوا جسنے اس سوز غم سے قیصر کو قریب المرگ کر دیا۔ عرصہ دراز تک رعایائے انگلنڈ کو قیصر کی زیست کا بہروسہ نہ تہا۔ تمام لوگون مین یہہ سوال اسوقت عام ہوگیا تہا کہ اب قیصر کا کیا حال ہی۔ مگر جبوبلی کی خوشی جو روز ازل سے اس نیکنہاد قیصر کی قسمت مین بدی تہی لہذا آسبورن کے سنسان محل مین قیصر کے دلکو کچہہ کچہہ قرار آتا گیا۔ اور پہر رفتہ رفتہ اپنی شہزادون کی مدد سے ریاست کے امورات کی طرف بہی متوجہ ہوتی گیئن۔ مگر سچ پوچہیئے تو آجتک قیصر اسی غم مین مبتلا ہین۔

قیصر کی بیوہ نوازی

شعر: یقین ہوگیا اس سوز متصل سے اسے۔ وہ البرٹ نہین ہین جو بہلادین دل سے اسے۔ بیوہ ہوئے بعد قیصر عام کار گذاریون مین شریک ہونیسے جسقدر پس ماندہ رہا کرتین۔ اسی قدر مصیبت زدہ بیوہ اور یتیمون پر رحم کرنے مین ہمیشہ پیش قدم رہتی تہین چنانچہ قیصر کے بیوہ ہوئے بعد دو تین مہینے مین ہارٹلی کے ایک کوئلے کی کان مین بباعث حادثہ عظیم دو سو مزدور گذر گئے۔ انکی ماتم زدہ والدہ اور ازواج کی تسلی و دلاسہ اور مدد کرنے مین قیصر سب پر سبقت لیگیئن۔ قیصر کی ایسی بیوہ نوازی اور غربا پروری دیکہکر بیوگان انگلنڈ نے ایک عمدہ بیل نسخہ بیوہ قیصر کو نذر گذرانا۔ اس کے جواب مین قیصر نے ان کے لیئے بہت کچہہ دعا خیر کی۔ اور پوشیدہ طور انکی خبرگیران رہنی لگین۔ علاوہ اس کے آسبورن و بالمورل محل کی اطراف و جوانب کے غربا و مفلسونکی گہر قیصر اپنی فرزندون کے ہمراہ اکثر تشریف لیجاتین اور اپنی رتبہ کا خیال نہ کرکے انکو برابر بیٹہہ جاتین۔ ان سے شیک ہانڈ یعنی مصافحہ کرتین۔ اور کپڑی پیسون سے انکی احتیاجون کو رفع کرتین۔ اور عیادت و تعزیت غربا و مسکین کی آپ ہمیشہ کیا کرتین۔ خصوصاً انکو جو کہ آپکے ہمسایہ تہے اور انکی دلدہی مین شاہی تہذیب

تیمار پرسی غربا

طوفان قحط آتش زدگی وغیرہ حوادثات مین قیصر کی دلداری و دلسوزی تو ہندوستان مشہور ہے ۱۸۶۳ء مین قیصر نے نٹلی ہسپتل کے ہر ہر کمرے مین گہوم گہوم کے ہر ایک مریض کی بیمار پرسی کی اور اسی طرح ۱۸۶۵ء مین لندن کے ہسپتل مین بہی آپ تشریف لیگئین تہین۔ بعضون نے لکہہ دیا ہے کہ فقط قیصر کی تسلی و تشفی نے بعض مریضون کے حق مین مسیحائی کا کام کیا ہے۔

قیصر کا ایک کنیز سے سلوک

لندن کے کمانڈر فاربس صاحب نے کسی وحشی بادشاہ سے ایک کنیز لڑکی تحفتاً پائی قیصر نے وہ لونڈی اپنے پاس منگالی۔ اور اسے تعلیم و تربیت کرکے اکثر دربار میں اسے بلواتیں۔ اور بڑی محبت کے ساتھ اس سے پیش آتیں۔ [illegible] ڈیوس کے ساتھ اسکی شادی کرادی جب مسس ڈیوس کو لڑکی تولد ہوئی تو قیصر نے اپنے ہی نام سے اسکا [illegible] دلوایا اور بہت سے سونیکے برتن کا ایک صندوق بطور بخشش کے اُسکو دلوائے گئے۔

شہزادونکی شادیاں

شہزادی ایلس کی شادی جو ملتوی رہی تھی سو بباعث ماتم داری پوشیدہ طور پر ۱۸۶۲ء کے جولائی [illegible] ۱۸۶۳ء کے مارچ مہینے میں شہزادہ ولیعہد کی شادی بڑے کروفر کے ساتھ ہوئی۔ قیصر اسوقت ماتمی لباس میں ایک دریچہ میں آکر بیٹھی تھیں بعد اس کے سب فرزندنکی اسی صورت شادیاں ہوئیں ۱۸۷۹ء کے مارچ مہینے میں [illegible] کے سپہ سالار زمانہ حال شہزادہ ڈیوک آف کناٹ کی شادی پرشیہ کی شہزادی کے ساتھ ونڈسر کیاسل میں بڑی دھوم دھام سے ہوئی۔ اسوقت قیصر کے دل پر زیادہ غم والم نہیں تھا۔ لہذا اس شادی میں ولیعہد بہادر کی شادی سے بھی زیادہ خوشی منائی گئی۔

البرٹ کی بقائی یادگاری

اپنے شوہر کی وفات کے بعد قیصر انکی بقائی یادگاری میں جو جو منارے اور تصویریں پتلے وغیرہ قائم کیجاتی تھیں۔ ان کے افتتاح کرنے میں مصروف رہتی تھیں۔ اور خود قیصر نے بھی اپنی جیب خاص سے [illegible] رقم بلکثیر خرچ کرکے اپنے شوہر کی قبر تیار کروائی ہے یہہ قبر فراگمور میں لائق دید تیار ہوئی ہے [illegible] البرٹ کی صورت گھوڑے پر سوار تیار کیگئی۔ اور اس کے افتتاح کی تقریب میں [illegible] بادشاہ [illegible] حاضر ہوا چاہتی تھیں۔ لیکن قیصر نے وہ تقریب پوشیدہ ہی ادا کی۔

ولیعہد بہادر کی علالت

۱۸۷۱ء میں ولیعہد بہادر پرنس آف ویلز کی مہلک بیماری سے قیصر کو بہت سخت مصیبت کا مقابلہ [illegible] انگلینڈ تو کیا برطانیہ کی کل رعیت اس شافی مطلق کی درگاہ میں شہزادہ کی صحت کی ملتجی تھی۔ آخر اس [illegible] نے شہزادہ کو شفا کلی عطا کی جس کے شکریہ میں رعایا قیصر کے ہر ہر قوم نے خداوند کریم کی بارگاہ میں سر جھکایا۔ اور دل سے شاد ہوئے۔

شہزادی ایلس کی وفات

۱۸۷۸ء کے دسمبر مہینے کی ۱۴ ویں تاریخ کو قیصر کی تیسری فرزند شہزادی ایلس وفات کر گئیں یہہ شہزادی [illegible] رحم دل اور غریب پرور تھیں جرمنی کی لڑائی میں بارہ سو زخمی دشمن مجروح ہو کے آئے ہوئے تھے [illegible] یہہ شہزادی ہزارجان سے مصروف رہی اور خاندان قیصر میں یہہ پہلی موت [illegible] تو ماتم سرا بن گیا تھا۔

ڈیوک آف البنی کی وفات

قیصر کے آٹھویں فرزند شہزادہ لیوپولڈ ڈیوک آف البنی ۱۸۸۴ء میں اس جہان سے انتقال کر گئے یہہ شہزادہ جیسا [illegible] شہزادوں میں کم سن تھا ویسا ہی قیصر کو زیادہ عزیز بھی تھا۔ اسکی قابلیت [illegible] قابل تھی غرض قیصر کے اس نور العین نوجوان لخت جگر شہزادہ کی وفات سے تمام دنیا قیصر کی آنکھوں میں تاریک ہو گئی۔ مگر یہہ اخیر واقعہ تھا اور اس واقعہ جانکاہ سے آجتک جیسا فضل الٰہی اس عالیشان خاندان میں شامل حال ہے۔ ویسا ہی ہمیشہ رہے۔

قیصر کی تباہ حالت میں ریاست کی پناہ

قیصر کے بیوہ ہونے سے کاروبار ریاست میں کسی طرح کا خلل واقع نہیں ہوا سنہ ۱۸۶۲ء میں لنڈن کی بڑی نمائش کے وقت رسومات افتتاح کے لئے قیصر بباعث ماتم داری تشریف نہ لا سکیں تو ان کے عوض ڈیوک آف کیمبرج کار فرما بنے۔

نہر سویز

اس کے بعد سویز کی نہر جو بڑی حشمت و شان و شوکت سے کھولی گئی اور جس وقت یورپ کے کل بادشاہ اور ملکہ حاضر تھیں بہ سبقت ہی قیصر اسی سوگ کے باعث خود آ جا نہ سکیں۔ مگر ولیعہد بہادر کو اپنی طرف سے روانہ فرمایا۔ وہ نہر فرانس کی ملکہ یوجی نی کے ہاتھوں کھولی گئی تھی۔

جنگ امریکہ

سنہ ۱۸۶۳ء میں بردہ فروشی کی مخالفت اور غلاموں کی آزادی کا جنگ امریکہ میں شعلہ خیز ہوا اب وہاں کی روئی کی آمد و شد لنڈن میں یک لخت بند ہو گئی۔ اسی باعث لنڈن کے بڑے بڑے کارخانے برباد اور بیچارے مزدوروں کی بخت زبون آمادہ نالہ و فریاد ہوئے تھے۔ لیکن قیصر نے اس وقت ان آفت زدہ مزدوروں کی بڑی مدد کی تھی۔ سنہ ۱۸۶۶ء میں قیصر نے بیوہ ہوئے بعد پہلی مرتبہ تشریف فرما ہو کر پارلیمنٹ کھولی۔ مگر بالکل عالم سکوت تھا۔ اس وقت اہل دربار نے اپنے پہنے ہوئے جُبّے اتار اتار کے قیصر کے تخت کے پاس اکٹھے کر دیئے تھے۔ شعر

جی بڑھ گیا محفل میں لگا آنے وہ جان بخش ٭ لینے کو چلی سامنے دیوار کی تصویر

جنگ پرشیہ

اسی سال پرشیہ اور آسٹریا میں جنگ ہوا۔ ان دونوں ملکوں کے بادشاہ قیصر کے داماد تھے۔ اپنی دختر اور داماوں کو ایک دوسرے کے مقابل پاکے قیصر نہایت رنجیدہ تھیں۔

جنگ حبش

سنہ ۱۸۶۸ء میں برٹش لشکر ملک حبش پر غالب آگیا۔ وہاں کے شہزادے ہیو رڈور کو لنڈن لے گئے۔ جسکی دیکھنے کو خود قیصر تشریف فرما ہوئیں نہیں۔ افسوس کہ اس شہزادے کی عمر نے وفا نہ کی۔

بادشاہان اسلام کی قیصر سے ملاقات

انہیں دنوں مصر کے سابق خدیو روم کے سابق سلطان اور ایران کے حال کے شاہ یکے بعد دیگرے اشتیاق سے آ آ کے قیصر سے ملاقات کر گئے۔

جنگ فرانس و جرمنی

اس کے بعد یورپ بلکہ تمام جہان میں جنگ و جدال کے چند در چند خوفناک حادثے گزرے ہیں ان سب میں جنمیں سب سے زیادہ خونخوار جنگ فرانس و جرمنی ہے۔ یہ لڑائی سنہ ۱۸۷۰ء میں ہوئی جس سے شہنشاہ نپولین کو ایک مرتبہ اور تاراج ہو کے قیصر کی پناہ لینی پڑی۔ جرمنی والے غالب آئے۔ اور قیصر کے بڑے داماد پرشیا کے بادشاہ ولیم ملک جرمنی کے شہنشاہ مقرر ہوئے۔ اس کے بعد جرمنوں نے شہر پارس خالی کر دیا۔ اس معرکہ کے بعد جمہوری سلطنت جاری ہوئی جو کہ تا حال قایم ہے۔

جنگ زولو و آشانٹی

سنہ ۱۸۷۳ء میں وہ غریب معزول شدہ نپولین وفات کر گیا۔ اور اس کے پانچویں سال اس کا ایک نوجوان ہونہار لایق شہزادہ انگریزوں کے ساتھ جنگ زولو میں آفریقہ کے وحشی لوگوں کے ہاتھ مارا گیا۔ قیصر اس شہزادے کے مرنے سے بہت روئیں۔ مگر کوئی اس کی والدہ ملکہ یوجی نی سے اس کا غم پوچھے۔ ایک تو حادثہ جانکاہ گزرا یا پارس جیسا دنیا میں مشہور شہر اور اعلیٰ شہنشاہت کا چھٹ جانا دوسرا واقعہ جب شوہر کا رحلت ہونا غم پر غم الم پر الم تھا اب یہ ملکہ اس شہزادے کو دیکھ کر اس کی آئندہ کی خوشی ... افسوس کہ

کے بہروسے پر لنڈن مین اپنی بیوہ بہو کے دن گذارتی تھی کہ فلک کو اس پر بہی رشک آیا۔ ایک ایسی مصیبت نے جسکو قیامت کہنا مبالغہ نہین۔ اُس کو منہہ دکھایا کہ الامان یعنی اس ملکہ کا یہہ نوجوان شہزادہ اسکی نگاہ سے کالے کوسون دور وحشیون کے ہاتھہ مارا گیا۔ وا اسفا و احسرتا۔ مصرع ع این ماتم سخت است کہ گویند جوان مُرد۔ اس جنگ زولو کے قبل افریقہ مین آشانٹی کی لڑائی ہوئی ہے جس مین انجی وغیرہ بہت قیصر کے ہاتھہ آئے۔

ترکی و روس کا جنگ

۱۸۷۷ء مین ترکی کے سلطان اور روس کے زار مین معرکہ جنگ عظیم برپا ہوا۔ برسون فریقین سے کشت و خون ہوا کیا۔ آخر انگریزون کے ذریعہ سے شہر برلن مین صلح ہوگئی جسکے صلے مین قیصر کو جزیرہ سیپرس ملگیا۔

کابل کا دوسرا جنگ

بعد اس کے کابل کی دوسری لڑائی شروع ہوئی جسمین امیر شیر علی خان اور یعقوب خان کو تخت سے علیحدہ ہونا پڑا۔ اور قیصر کی اجازت سے لارڈ لیٹن نے عبد الرحمان خان کو امیر بنایا جو کابل مین حکمران

خطاب قیصر ہند

۱۸۷۷ء کی پہلی جنوری کو ہندوستان کے قدیم پایۂ تخت شہر دہلی مین بڑی کر و فر کے ساتھ ایک جلسہ منعقد ہوا جسمین ہند اور اُسکی اطراف کے تمام نواب و راجہ حاضر تھے اس جلسہ مین قیصر نے لارڈ لٹن کے ذریعہ سے خطاب ایمپرس آو انڈیا یعنے قیصر ہند قبول فرمایا۔

معاملہ سودان

اب بعد اس کے مصر مین عربی پاشا سے انگریزونکو مقابلہ کرنا پڑا عربی پاشا اب ہندوستان کے سیلان جزیرہ مین انگریزون کے وظیفہ خوار ہین۔ مگر بعد عربی کے مہدی اور مہدی کے بعد اب عبد اللہ تعقی کے ضلع سوڈان مین اپنا کچہہ کچہہ زور دکھلاتا ہے۔ اگرچہ اس لڑائی مین قیصر کا ایک زبردست پہلوان گارڈن مارا گیا۔ لیکن ہنوز اس جنگ کا خاتمہ نہین ہوا۔

برہما

سلطنت برطانیہ مین سب سے اخیر جو ملک شامل کیا گیا وہ برہما ہے۔ وہان کا راجہ تہیبا بمبئی کے رتنا گیری شہر مین فی الحال نظر قید ہے۔

بعد اس واقع کے ۱۸۸۷ء کے فروری کی ۱٦ وین تاریخ کو تمامی ہندمین۔ اور ۲۱ وین جون کو انگلستان مین قیصر کی جوبلی کی تقریب بڑے شان و شوکت سے گذری ہے جسکا بیان آگے آتا ہے۔

قصیدہ قومیہ

قصیدہ دعائیہ قومیہ

National Anthem

God Save Our Empress Queen
Long live our Gracious Queen
God Save the Queen
Send her Victorious
Happy and Glorious
Long to reign over us God Save the Queen

نغمۂ انگلشیہ ترجمہ مرزا محمد باقر خان

خدا بچاوے قیصر کو بیحد بڑہاوے قیصر کو
حق قیصر کا یار رہو

بھیجے اسکو باظفر سعید کر حمیدہ فر
فرمان وہ ہمیشہ حیات بھر حق قیصر کا یار رہو
امن خدا مین رہے قیصر

سکۂ عدل رہے اشتہر یاری پہ اسکے رہے داور
عمر و نشہی ہو ترقی پر خالق اسکا رہے یاور
رہوے جلو مین فتح و ظفر تاج سعادت ہو سر پر
سلطنت اسکی رہے برتر امن خدا مین رہے قیصر

باب بارہوان قیصر کا اعلان بہ نسبت ہندوستان

ملکہ معظمہ کا کمپنی بہادر سے ملک ہندکو اپنے قبضے مین لینے کا اشتہار

دیباچہ اشتہار

East India Campany

ایسٹ انڈیا کمپنی

سنہ ۱۸۵۸ء سے پہلے ممالک ہندوستان مقبوضۂ ہندوستان پر ایسٹ انڈیا کمپنی جسکی حیرت انگیز فتوحات اور دور سوداگریکا حال تو تواریخ ہندمین مفصل درج ہے) حکمران تھی [illegible] کمپنی مذکورہ کچھ اپنی قوت یا اختیار سے حکومت نہین کرتی تھی۔ بلکہ قوم انگلستانکی اجازت ورضا [illegible] سے بموجب بعض فرمانات کے جوانکو وقتاً فوقتاً پارلیمنٹ انگلستان کیطرف سے عطا ہوئے تھے۔ [illegible] بادشاہ انگلستان کی مختار کے طور پر حکمران تھی۔ سنہ ۱۸۵۸ء مین پارلیمنٹ کو یہہ مناسب معلوم ہوا [illegible] آیندہ ایسٹ انڈیا کمپنی حاکم ہندوستان نہ کہلائی جائے۔ بنظر بران ایک ایکٹ جاری ہوا [illegible] جسمین ہندوستان کی حکومت کمپنی سے لے لیگئی۔ اور حضور اقدس ملکہ وکٹوریہ کے دست [illegible] مین دیگئی چنانچہ اب ملکہ معظمہ ممالک ہند پر اپنے نام سے مثل انگلستان فرمانروائی کرتی ہین

اعلان مذکورہ ذیل مشتمل بہ انتقال حکومت ملکہ معظمہ کے حکم سے انگریزی و دیسی زبانون مین ممالک ہندوستان کے اندر پڑھا گیا۔ اور اسکی نقلین جمیع راجگان اور روساء ہند کے پاس بھیجی گئین۔

اشتہار

(اعلان ملکہ باجلاس کونسل بنام جمیع راجگان۔ سرداران و والیان و رعایائے ہندوستان)

وکٹوریہ بفضل خدا جل وعلا سلطنت متحدہ گریٹ برٹن اور آئرلنڈ۔ اور اسکے مضافات و

متعلقات جو یورپ - ایشیا - افریقہ - امریقہ - اور آسٹریلشیہ میں واقعہ ہیں ظل حمایت دین جو نکہ ہمنے بباعث چند در چند قومی وجوہات کے بصلاح و رضامندی علماء و فضلاے دین و عمایدو اکابران مملکت وہ کلانی و علیا جو مجلس پارلیمنٹ میں فراہم ہوئے ممالک ہندوستان کی حکومت جو ابتک ہماری طرف سے امانتاً زیر اختیار ایسٹ انڈیا کمپنی تھی اپنی قبضہ تسلط میں لینے کا ارادہ مصمم کیا ہے - اسواسطے اب بذریعہ اعلان ہذا مشتہر کیا جاتا ہے کہ بصلاح و رضامندی مذکورۃ الصدر ممالک مذکورہ کی عنان حکومت ہمنے اپنے ہاتھ میں لے لی ہے - اور ممالک مذکورہ میں ہماری رعایا کو یہہ ارشاد ہے کہ - وہ سچی وفادار اور صادق مطیع ہماری اور ہمارے جانشین اور ہمارے ورثا کی بنی رہیں - اور جن اشخاص کو ہم وقتاً فوقتاً ممالک مذکورہ کے انتظام اور انصرام کیواسطے اپنی طرف سے اور اپنے نام سے مقرر کریں - ان کے اختیار حکومت کو تسلیم کریں - اور ہم اپنے معتمد عزیز بھائی اور مشیر چارلس جان ویکونٹ کیننگ کی فراست اور لیاقت خیر سگالی پر خاص یقین اور اعتبار کر کے - موصی الیہ کو ممالک مذکورہ پر ہمکو ہمارے نام سے اور ہماری طرف سے حکومت اور عملداری کیواسطے - زیر اطاعت ان احکام اور قواعد کے جو وقتاً فوقتاً اس کو ہماری طرف سے کسی ایک اعلیٰ وزیر سلطنت کی معرفت پہنچتی ہوگی - اپنا اول نائب السلطنت اور گورنر جنرل مقرر کرتے ہیں - اور تمام ان عہدیداران اور افسران جنگی و ملکی کو جو ابتک ایسٹ انڈیا کمپنی کی نوکری میں تھے - زیر اطاعت ہماری آیندہ خوشنودی اور قواعد اور قوانین کے جو آیندہ نافذ ہوں - انکی مختلف راجگان و اہالیان ہند کو اطلاع دیجاتی ہے کہ تمام عہدنامجات جو مابین ان کے اور ایسٹ انڈیا کمپنی کے قرار دیئے گئے ہیں ہم مقبول و منظور کرتے ہیں - اور ان کے جمیع شرایط اور قرار واقعی ہم ملحوظ خاطر رکھینگے - اور اسیطرح انسے بھی انکی تکمیل و تعمیل کی ہمکو امید ہے - ہمکو ممالک مقبوضہ موجودہ کو وسعت دینی منظور نہیں ہے اور درحالیکہ ہم کو اپنے حقوق اور ممالک پر کسی طرح کی دست درازی بلا سزا و انتظام مذکورہ نہیں ہے اوران کے حقوق پر بھی کسی طرح کا تجاوز جایز نہ رکھیں گے -

جمیع راجگان و رئیسان ہند کے حقوق دولت و توقیر و منزلت کا ایسا لحاظ رکھیں گے جیسا خاص اپنے کا - اور ہماری یہہ خواہش ہے کہ وہ اور نیز ہماری رعایا برابر اس خوشحالی اور مدنی بہبودی کا حظ اٹھائیں - جو صرف اندرونی امن اور حسن انتظام سلطنت سے میسر آ سکتے ہیں -

ممالک ہندوستان کے باشندگان کی نسبت ہم اپنے تئیں انہیں فرایض کے پابند کرتے ہیں - جیسا کہ ہم اپنی دیگر رعایا کی نسبت پابند ہیں - اور وہ فرایض بعون خداوند تعالیٰ ہم ایمانداری اور دیانت سے پوری کرینگے - ہمکو اپنی ذات سے دین عیسوی کی صداقت کا یقین واثق ہے - اور یہی تشفی کے ہم شکر گذاری کے ساتھہ معترف ہیں - مگر ہمارا حق اور ہمارا انشا یہہ نہیں کہ ہم اپنے یقین کو اپنی کسی رعیت پر جبراً منظور کرائیں - ہم یہہ ظاہر کرتے ہیں کہ ہماری شاہانہ خوشنودی اور مرضی یہہ ہے کہ کوئی شخص اپنی مذہبی رسوم و دینی عقاید کے کسی طرح نہ رعایت کیا جائے اور نہ کسی طرح تکلیف اور اذیت

پہنچایا جائے۔ بلکہ تمام اشخاص بلا ردو رعایت۔ مساوی قانونی حفاظت کا پھل پائیں گے۔ اور جو اشخاص۔ ہماری ماتحت و صاحب اختیار ہوں گے۔ انکو یہہ ہمارا سخت حکم ہے کہ وہ ہماری کسی رعایا کی مذہبی رسوم و پرستش میں کسی طرح دست اندازی نہ کریں۔ ورنہ نہایت ناخوشنودی کے مستوجب اور مورد عتاب ہوں گے مزید بران یہہ ہماری مرضی ہے کہ جہاں تک ممکن ہو ہماری رعایا بلا لحاظ نسل و قوم آزادانہ ہماری نوکری میں وہ عہدے پاویں جن کے فرائض وہ اپنی علمیت۔ لیاقت و دیانت سے بحسن وجوہ ادا کر سکیں۔ جو محبت باشندگان ہند کو اپنی موروثی زمین کے ساتھہ ہے وہ ہم بخوبی جانتے ہیں اور ملحوظ رکھتے ہیں اور ان کے تمام حق اور مرافق جو اس سے متعلق ہیں بخیال مطالبہ و مالگذاری سرکار محفوظ رکھیں گے۔ اور نیز یہہ منشا ہے کہ عموماً تجویز و نفاذ قوانین میں قدیم حقوق رسم و رواج ہندوستان کا بخوبی خیال رکھا جاوے ہمکو ان خرابیوں اور مصیبتوں کا جو ہندوستان پر اولوالعزم اشخاص کے افعال کے سبب آئیں جنہوں نے بذریعہ جھوٹی خبروں اور ناراست افواہوں کے اپنے ملکی بھائیوں کو دھوکہ دیکر برملا بغاوت پر برانگیختہ کیا۔ کمال افسوس و رنج ہے۔ میدان جنگ میں اس بغاوت کے فرو کرنے میں ہماری قوت ظاہر ہو گئی۔ اب ہم ان اشخاص کے جرائم جو اس طرح دھوکے میں آ گئے۔ مگر اب اپنی فرائض کے راہ راست پر آنا چاہتے ہیں۔ معاف کر کے اپنا رحم ظاہر کرتے ہیں۔ اب بھی ایک صوبہ (اودہ) بخیال تخفیف خونریزی و امان دہی ممالک ہند ہمارے نائب السلطنت گورنر جنرل نے اکثر ان اشخاص کو جو بلوہ گذشتہ میں بخلاف ہماری سرکار کے مرتکب جرائم ہوئے تھے چند شرائط پر امید معافی دی ہے اور ان اشخاص کی نسبت جن کے جرائم حد معافی سے باہر ہیں سزا تجویز کر دی ہے۔ ہم اپنے نائب السلطنت کا یہہ کام مقبول و منظور کرتے ہیں و مزید بران مرقومہ ذیل مشتہر کرتے ہیں۔ ہماری رعایت اور معافی تمام مجرموں پر عام ہوگی۔ سوائے ان مجرموں کے جنکا قتل رعایائے انگریزی میں براہ راست شریک ہونا ثابت ہو چکا ہے یا آیندہ ہوگا۔ ایسے اشخاص کی نسبت مقتضائے انصاف بتعمیل ترحم سے باز رکھتا ہے۔

جن اشخاص نے دیدہ و دانستہ اپنی مرضی سے قاتلوں کو پناہ دی یا جو اس بغاوت میں سرغنہ اور بانی مفسدہ تھے۔ انکی صرف جان بخشی کی کفالت ہو سکتی ہے۔ لیکن ایسے اشخاص کی نسبت سزا تجویز کرتے وقت ان حالات کا جنکی نسبت وہ حلقہ اطاعت و انقیاد اٹھا دینے پر آمادہ ہوئے بخوبی لحاظ کیا جاویگا۔ اور ان اشخاص کی نسبت جن کے جرائم بہ سبب سریع الاعتقادی ایسی جھوٹی خبروں کے مان لینے کے لئے جو مفسد مزاج شخصوں نے پھیلائیں واقع ہوئی۔ بڑی رعایت اور نرمی کی جاویگی۔ تمام اشخاص کیواسطے جنہوں نے برخلاف سرکار ہتھیار باندھے تھے ہم بذریعہ اعلان ہذا بلا شرائط جان بخشی معافی اور تمام جرائم کے جو ان سے برخلاف ہماری تخت اور ہماری

ہمنزلت کے سپرد ہوگئے۔ اپنے اپنے گھروں کو واپس آجانے اور باامن شغل میں مشغول ہونے پر رہائی دیتے ہیں۔

یہہ ہماری شاہانہ خوشنودی ہے کہ یہہ رحم اور رہائی کے [illegible] اشخاص پر جو آئندہ جنوری کی یکم تاریخ سے پہلی اسکی شرائط پر کاربند ہوں وسیع کی جائیں۔

جس وقت خداوند کریم کے فضل و عنایت سے اندرونی امن و چین قایم ہوجائیگا۔ اُسوقت ہندوستان کی صنعت و حرفت اور دست کاری کو ترقی دینے اور عامہ خلائق کے رفاہ و فلاح کے کام پہیلانے اور اسکو باشندگان کی بہبودی اور فایدہ کیواسطے اس کا انتظام اور حکمرانی کرنیکی ہماری عین خواہش ہے۔ انکی مرفہ الحالی میں ہماری قوت ہے انکی خوشنودی اور رضامندی میں ہماری حفاظت اور انکی احسانمندی اور شکرگذاری میں ہمارا عمدہ انعام۔ خدا قادر مطلق ہمکو اور ہمارے ماتحت صاحب اختیاروں کو۔ ہماری رعیت کی بہبودی کے واسطے ہماری یہہ خواہشیں پورا کرنیکی توفیق بخشے۔ یکم نومبر ۱۸۵۸ء۔

باب تیرہوان طرز حکومت انگلستان

حکومت ایک مقررہ قاعدہ ہے جس کے ذریعہ سے ایک ملک کا انتظام کیا جاتا ہے۔ ممالک متحدہ گریٹ برٹن آیرلنڈ اور اسکاٹلنڈ میں اسکا شاہ یا ملکہ اور دو ہوز پارلیمنٹ کے حکومت کرتے ہیں جو کہ تین ارکان سلطنت کہلاتے ہیں اور اسکی تفصیل یہہ ہے۔ امرا پادری۔ اور عوام۔ گورنمنٹ کے فرایض یہہ ہیں۔ کہ اپنے اہل ملک کے واسطے بطور رعایا کے قانون بنائے اور اُن کو موثر کرے۔

اس ملک میں کوئی تفریق شاہ اور ملکہ کے اختیارات میں نہیں ہے۔ تاج موروثی نسلاً بعد نسلاً ہے۔ ایک شاہ کے مرنے پر دوسرا وارث ہوتا ہے۔ رشتہ میں مرد کو عورت پر زیادہ ترجیح ہے۔ اس طرح سے سب سے چہوٹا لڑکا موجودہ تخت نشین کا اپنی بڑی بہنونکی موجودگی میں تخت نشین ہوسکتا ہے۔ ہاں لڑکی اپنے چچازاد بہائیونکی موجودگی میں تخت نشین ہوگی۔ تاج اس ممالک کا صرف پروٹسٹنٹ نسب والا رکہہ سکتا ہے۔

بادشاہ کا جسم پاک ہے۔ وہ قانون سے بری ہے۔ کوئی قانون پارلیمنٹ کا اُن کو پابند نہیں کرسکتا جبتک کوئی تخصیص نہو یہہ بہی بنا اصول قانونی ہے کہ اُن سے کوئی جرم سرزد نہیں ہوسکتا وہ کسی حرکت کی ذمہ وار نہیں ہیں۔ اور نہ اُنکی غلطی سے فایدہ اُٹھایا جاسکتا ہے۔ اُنکو جرم کی معافی اور ملزموں پر رحم کرنے کا اختیار ہے۔ وہ فیض اور عزت کا چشمہ ہیں۔ وہ کل رؤسا اور خطابات کل فوجی و دیوانی انعامات۔ اور تمغے ان خدمتوں کے صلے میں عطا کرتے ہیں جو قدر کے قابل ہوں کوئی باشندہ کسی غیر ملک کے شاہ کا تمغا یا خطاب بلا خاص منظوری نہیں قبول کرسکتا۔

شہزادہ ویلز ملکہ کے سب سے بڑے لڑکے ولیعہد سلطنت ہیں اُنکو بہت سے خطابات ملے ہیں۔ قانوناً اُن کے اور اُنکی بیوی کے جسم کی پوری محافظت کی جاتی ہے۔ اگر بڑا لڑکا مرجاوے تو اُس کا دوسرا بہائی شہزادہ

ویلز ہوجاوے گا۔

جلسہ لارڈز یا امرا یا جسطرح سے کہ وہ مشہور ہی۔ اپر ہوز آف پارلیمنٹ رتبہ مین شاہ سے دوسرے نمبر پر ہے۔ کوئی ممبر جسکا کہ دیوالہ نکل چکا ہے ہوز آف لارڈز مین نشست نہین کر سکتا ہے۔ اور نہ کوئی جب تک کہ وہ اپنے دعویدارون کو راضی نہ کراوے یا اپنا ڈیوالیہ پن دور نہ کرے۔

ہوز آف کامنز یا لور ہوس مین وہ لوگ شامل ہین کہ جنکو رعایا نشست کے واسطے پارلیمنٹ مین تجویز کرتی ہی۔ عموماً وزارت مین اب حسب ذیل عہدہ دار ہوتے ہین۔

۱- فہرست لارڈ ٹریزری خزانجات (جو وزیر اعظم ہوتا ہی)
۲- لارڈ چانسلر۔
۳- لارڈ پریسیڈنٹ کونسل۔
۴- لارڈ پریوی سیل۔
۵- چانسلر خزانجات۔
۶- سکرٹری آف اسٹیٹ معاملات اندرونی۔
۷- سکرٹری آف اسٹیٹ معاملات خارجیہ۔
۸- سکرٹری آف اسٹیٹ معاملات نوآبادیان۔
۹- سکرٹری آف اسٹیٹ معاملات ہند۔
۱۰- سکرٹری آف اسٹیٹ معاملات جنگ۔

مشنریونکی معاونت

علاوہ ہوز آف لارڈز کے ایک امر اور ہی۔ کہ جسکی نسبت عوام انگلستان بہت متوجہ ہین اور وہ یہہ ہے کہ آئندہ سے گرجا گھرون کو روپیہ سرکاری خزانجات سے نہ دیا جاوے۔ لبرل لوگون نے اسکی اعانت کا وعدہ کیا ہے۔ اور کانسرویٹو مخالف ہین۔ لبرل کہتے ہین کہ یہہ بھی ظلم ہے کہ عوام کے ٹکس سے کہ جسمین عیسائی مسلمان ہنود اور دیگر مذاہب کے لوگ شامل ہین عیسائی پادریون کی پرورش کی جاوے کہ جنکا کوئی حق اُن ٹکس دینے والون پر نہین ہے۔

فساد آیرلنڈ

آیرلنڈ کی نسبت جو اکثر وزارت اور امرایان ایرلینڈ مین نااتفاقی رہتی ہی۔ اور جسکی بدولت پچھلے سالون مین اس قدر سخت بحث آیرلینڈ کے لوگون نے کی ہے اور اس قدر بازار خونریزی اور کشت و خون گرم رہا اور قریب تہا کہ بالکل بلوہ ہوجاوے۔ اُسکی وجہ چند آیرش لوگونکی حقوق خواہشات ہین کہ جنکو انگلستان بوجہ اپنی چند حکمت عملیون کے نہین دے سکتا۔ اُس وقت انگریزی پارلیمنٹ آیرش ممبرونکی تعداد اسی ہے یہہ لوگ ممبران آیرش پارٹی یا پارنل ایٹی کہلاتے ہین۔ آخرالذکر نام ہونیکی وجہ یہ ہے کہ آیرش کی سرغنہ ہوز آف کامنس مین مسٹر پارنل ہین کہ جنکا ساتہہ باوجود اُنکی غلطیون کے کوئی ہمدرد آیرلینڈ کو ملنا مشکل ہے۔ انہین کی وجہ سے یہہ نام پڑا۔

جو بغاوت آمیز تحریرین اخبارات آیرلنڈ مین نکلتی ہین اُس کا عشر عشیر بھی ہمارے ہندی اخبارات مین نظر آوے۔ تو اسمین کوئی شبہ نہین کر سکتا کہ اُس ورنکلر کے کل مطابع پولیس اور مجسٹریٹون کے ہاتہون مین ہون تقریرون مین علانیہ بغاوت کی ترغیب دی دیجاتی ہے لیکن یہہ انگریزی طرز حکومت ہے کہ جس کی بدولت ایک لفظ بھی اُن کے خلاف سوائے گالیون کے دینیکے یا انکی رفقا کا کوئی بس نہین چلتا پارلیمنٹ کے اندر تک یہہ لوگ اپنی زباندرازی سے باز نہین آتے۔

باب چودہواں نقشہ جات کار آمد

روئے زمین پر قیصر کی عملداری کا نقشہ

سنہ ۱۸۸۴ء کے شمار کے مطابق قیصر کی عملداری کا اندازہ حسب ذیل مرقوم ہے۔

اسمائے ممالک	مربع میل زمین	آبادی	محصول سالانہ پیہ
گریٹ برٹن و آیرلنڈ	۱۲۱۱۱۵	۳۶۲۰۰۰۰۰	۸۷۲۰۵۰۰۰۰
انگریزی عملداری متعلقہ ہند	۱۵۵۸۲۵۴	۲۴۸۰۰۰۰۰۰	۸۰۰۰۰۰۰۰۰
ہند کے علاوہ مشرقی عملداری	۳۰۰۰۰	۰۰۳۹۰۰۰۰۰	۳۰۰۰۰۰۰۰
آسٹریلیا۔	۳۱۸۱۳۴۴	۳۱۰۰۰۰۰	۲۲۰۰۰۰۰۰۰
شمالی امریکہ۔	۳۶۲۰۵۰۰	۴۶۵۰۰۰۰	۷۱۸۵۰۰۰۰۰
گینی وغیرہ۔	۱۰۰۰۰۰	۲۰۰۰۰۰	۵۰۰۰۰۰۰
افریقہ۔	۲۷۰۰۰۰	۲۳۵۰۰۰۰	۵۸۰۵۰۰۰۰۰
ویسٹ انڈیا وغیرہ۔	۱۲۷۰۷	۱۳۵۰۰۰۰	۱۵۵۰۰۰۰۰۰
یورپ میں علاوہ گریٹ برٹن کے	۱۳۰	۱۷۵۰۰۰	۲۵۵۰۰۰۰۰
متفرق عملداری۔	۹۶۱۱۷۱	۲۰۰۰۰۰	۵۰۰۰۰۰۰
جملہ۔	۸۹۹۰۲۰	۳۱۰۲۳۵۰۰۰	۲۰۸۰۰۰۰۰۰۰

شعر

سلطنت ہے قیصر ذی جاہ کی ٭ دیکھ لو شوکت یہ شاہنشاہ کی

قیصر کے ہمعصر سلاطین

قیصر کے ہمعصر سلاطین یورپ جو ابھی سریر آرا ہیں اُن کے ناموں کا نقشہ۔

اسمائے سلطنت	اسمائے سلاطین	تاریخ ولادت	تاریخ جلوس
آسٹریلیا	شہنشاہ فرانس جوسف	۱۸۔ اگست سنہ ۱۸۳۰ء	۲۔ دسمبر سنہ ۱۸۴۸ء
اٹالیہ	بادشاہ ہمبرٹ	۱۴ مارچ سنہ ۱۸۴۴ء	۹ جنوری سنہ ۱۸۷۸ء
انگلستان	ملکہ وکٹوریہ قیصر ہند	۲۴ مئی سنہ ۱۸۱۹ء	۲۰ جون سنہ ۱۸۳۷ء
ورٹن برگ	گرانڈ ڈیوک نیکولس	۸ جولائی سنہ ۱۸۲۲ء	۲۷۔ فروری سنہ ۱۸۵۳ء
بلجیم	لیوپولڈ ثانی	۹۔ اپریل سنہ ۱۸۳۵ء	۱۰ دسمبر سنہ ۱۸۶۵ء
بویریہ	لوئس ثانی	۲۵۔ اگست سنہ ۱۸۴۵ء	۱۰ مارچ سنہ ۱۸۶۴ء
بیڈن	گرانڈ ڈیوک فریڈرک	۹۔ ستمبر سنہ ۱۸۲۶ء	۵۔ ستمبر سنہ ۱۸۵۶ء
پرتگال	دام لوئیس	۳۱۔ اکتوبر سنہ ۱۸۳۸ء	۱۱۔ نومبر سنہ ۱۸۶۱ء

پرشیہ	شاہ ولیم	۲۲ مارچ سنہ ۱۷۹۷ء	۲ جنوری سنہ ۱۸۶۱ء
ٹرکی	سلطان عبدالحمیدخان خلد اللہ	۲۲ ستمبر سنہ ۱۸۴۲ء	۳۱ اگست سنہ ۱۸۷۶ء
جرمنی (پرشیہ)	شہنشاہ ولیم	۲۲ مارچ سنہ ۱۷۹۷ء	۱۸ جون سنہ ۱۸۳۱ء
ڈنمارک	کرسچین نہم	۸ اپریل سنہ ۱۸۱۸ء	۱۵ نومبر سنہ ۱۸۶۳ء
روس	شہنشاہ الگزنڈر ثالث	۱۰ مارچ سنہ ۱۸۴۵ء	۱۳ مارچ سنہ ۱۸۸۱ء
رومن چرچ	یورپ لیو سیزدہم	۲ مئی سنہ ۱۸۱۰ء	۲۰ فروری سنہ ۱۸۷۸ء
ہسپانیہ			
سویڈن و ناروے	کنگ اسکار ثانی	جون سنہ ۱۸۲۹ء	۱۸ ستمبر سنہ ۱۸۷۲ء
سکس کوبرگ	ڈیوک آرنسٹ ثانی	۲۱ جون سنہ ۱۸۱۸ء	۲۹ جنوری سنہ ۱۸۴۴ء
سیکس می نی جن	ڈیوک جارج	۲ اپریل سنہ ۱۸۲۶ء	۲۰ ستمبر سنہ ۱۸۶۶ء
لیکس ویمر	گرانڈ ڈیوک چارلس الگزنڈر	۲۴ جون سنہ ۱۸۱۸ء	۸ جولائی سنہ ۱۸۵۳ء
سکسنی	کنگ جان	۱۲ دسمبر سنہ ۱۸۰۱ء	۸ اگست سنہ ۱۸۵۵ء
فرانس (سلطنت جمہوری)	صدر مجلس مسٹر گردی	۱۵ اگست سنہ ۱۸۱۳ء	۲۱ جون سنہ ۱۸۷۹ء
گریس (یونان)	کنگ جارج	۲۴ دسمبر سنہ ۱۸۴۵ء	۹ جون سنہ ۱۸۶۳ء
مکلنبرگ سنڈلز	جی۔ ڈی۔ ایف۔ ولیم	۱۷ اکتوبر سنہ ۱۸۱۹ء	۹ ستمبر سنہ ۱۸۶۰ء
مکلنبرگ سورن	جی۔ ڈی۔ ایف۔ فرانس	۲۸ فروری سنہ ۱۸۲۳ء	مارچ سنہ ۱۸۴۲ء
ورٹمبرگ	کنگ جارج فرڈرک	۶ مارچ سنہ ۱۸۲۳ء	۵ جون سنہ ۱۸۶۱ء
ہیسی ڈارمسٹڈٹ	جی۔ ڈی۔ سوائی چہارم	۱۲ ستمبر سنہ ۱۸۳۷ء	۱۳ جون سنہ ۱۸۷۷ء
ہالنڈ	کنگ ولیم ثالث	۱۹ فروری سنہ ۱۸۱۷ء	۱۷ مارچ سنہ ۱۸۲۹ء

نقشہ عساکر سلاطین یورپ

سنہ ۱۸۸۷ء کی شروع مین ممالک یورپ کے عساکر وغیرہ کا اندازہ بڑی تحقیقات سے کیا گیا۔ اور اسی شمار کے مطابق یہہ نقشہ تیار ہوا ہے۔ مخفی نرہے کہ فوج و اتواب مرقومہ ذیل سے مراد ورزرو فوج نہین مگر وہ فوج جو بروقت جنگ تیار ہو سکتی ہے۔

شعر

کتنی یورپ کے شہونکی فوج ہے ؛ جس قدر ہو موج دیتی اموج ہے

اسمائے سلطنت	افواج پیدل	اتواب	رسالہ
آسٹریہ مع ہنگری	۱۰۷۷۱۰۴	۰۰۰۱۶۷۹	۲۱۱۴۹۳

اطالیہ	۲۴۰۰۰۷۸	۱۰۳۶	
بلجیم	۱۰۱۲۶۸	۲۴۰	۲۰۷۹۴
پُرتگال	۱۲۸۷۷۸	۲۸۰	۱۲۹۷۳
ٹرکی عساکر سلطانی	۱۱۰۱۶۹۰	۳۳۴۸	۹۶۰۰۰
جرمنی	۱۵۱۹۱۰۴	۲۸۰۸	۳۱۲۷۳۱
ڈنمارک	۵۰۵۰۰	۱۲۸	۳۰۰۰۰
روس	۲۴۸۹۳۳۳	۴۰۱۶	۴۶۴۵۸۶
ہسپانیہ	۶۰۰۰۰۰	۴۰۰	۵۰۰۰۰
سوئیڈن	۱۹۲۱۶۸	۲۸۲	۶۴۹۰
سوزرلینڈ	۲۰۲۰۰۰	۶۱۰	۹۰۰۰
فرانس	۲۰۵۱۴۵۹	۲۹۵۲	۲۰۵۷۱۹۶
گریٹ برٹن) انگریز	۹۱۸۲۰۲	۶۱۰	۵۹۵۶۸
ناروے	۵۰۰۰۰	۱۰۸	۴۰۰۰
ہالینڈ	۳۱۸۹۹۸	۱۳۰	
ممالک بالکن جس میں بلگیرہ مشرقی رومانیہ گریسین (یونان) مانٹی نگرو و سیا اور سرویہ شامل ہیں	۱۴۷۵۱۸۴	۱۷۹۸۵	۱۴۶۴۰۹۲

سلاطین یورپ کی بحری طاقت کا نقشہ

۱۸۸۷ء کے سرکاری بجٹ کے ضمیمہ سے نقشہ مرقوم الذیل تیار ہوا مرکب اول درجہ سے مراد وہ جہازات ہیں جو ۸۵۰۰ ٹن سے زیادہ وزن وا ہیں۔ مرکب درجہ ثانی سے مراد وہ جہاز ہیں جو ۸۵۰۰ ٹن یا اس سے کم ہیں۔

اسمائے سلطنت	تیار مرکب درجہ اول	تیار مرکب درجہ ثانی	مرکب زیر تیاری درجہ اول	مرکب زیر تیاری درجہ ثانی	جملہ مرکب ہائے دودی
گریٹ برٹن	۱۵	۱۶	۹	۸	۴۸
فرانس	۳	۱۳	۷	۱۰	۳۲
اطالیہ	۲	۵	۵	۰	۱۲
جرمنی	۱	۸	۰	۱	۱۰
روس	۲	۴	۴	۱	۱۲
آسٹریہ	۰	۶	۰	۱	۷
ٹرکی سلطان	۱	۳	۰	۱	۵

نقشہ اسلاطین ممالک ایشیا

اسمای ممالک	دار السلطنت	ماتحت	اسمای ممالک	دار السلطنت	ماتحت
سیبیریہ	استرخان و توبولسک	زار روس	عرب	مکہ مدینہ مسقط و جدہ	سلطان قیصر روم
گرگس و گرجستان	تفلیس	زار روس	فارس	طہران۔ اصفہان شیراز	کجکلاہ ایران
ترکستان	بخارا و سمرقند	زار روس	افغانستان	کابل و قندہار	امیر کابل
چینی تاتار و منصوریہ	کاشغر	فغفور چین	ہندوستان	کلکتہ بمبئی مدراس	ملکہ گریٹ برٹن قیصر ہند
تبت	لاسہ لداخ	لامۂ بزرگ	برہما	آوا منڈالی	ملکہ گریٹ برٹن قیصر ہند
کوچک ایشیا انیشیائی ترک	اسمرنا برسہ	سلطان قیصر روم	سیام	بانکوک	شاہ سیام
ارمن	ارض روس	سلطان قیصر روم	انام و ٹانکین	ہوئیفو و سائیگون	شاہ سیام
دیار بکر و کردستان	بطلس وغیرہ	سلطان قیصر روم	چین	پیکن نانکن کانٹون	فغفور چین
عراق عرب	بصرہ و بغداد	سلطان قیصر روم	جاپان	یدو۔ میاکو	فغفور چین
شام	حلب و دمشق و بیروت	سلطان قیصر روم	مجموعۃ الجزائر	بٹاویہ سنگاپور املا	فغفور چین
فلسطین	بیت المقدس	سلطان قیصر روم			

نقشہ قلمروئی روے زمین

ممالک زمین	رقبہ	مردم شماری	ممالک زمین	رقبہ	مردم شماری
سلطنت برطانیہ	۸۰۰۰۰۰۰	۲۰۰۰۰۰۰۰۰	سلطنت سلطان روم	۸۵۰۰۰۰	۳۵۵۰۰۰۰۰
سلطنت روس	۶۵۰۰۰۰۰	۷۰۰۰۰۰۰۰	سلطنت آسٹریہ	۲۴۰۰۰۰	۳۵۷۰۰۰۰
سلطنت چین	۴۵۰۰۰۰۰	۴۵۰۰۰۰۰۰۰	سلطنت فرانس	۲۳۹۰۰۰	۴۰۰۰۰۰۰۰

ہندوستان کی وظیفہ خوار انگریز سنہ ۱۸۵۵-۵۶ء مین مبلغ ۲۰۳۲۹۰۵۰ روپیہ کی رقم اُن انگریزون مین تقسیم ہوئی جنھون نے ہند کے متفرق محکمہ اور سررشتہ مین وفادارانہ ملازمت کرکے وظیفہ حاصل کرلیے

آمدنی و اخراجات ہند سال رواں کے بجٹ کے مطابق ہندوستان کی سالانہ کل آمدنی ۷۵۷۹۸۷۰۰۰ روپیے کل اخراجات ۸۷۳۰۴۹۰۰۰ - سنہ ۱۸۸۵-۸۶ء کی ہند کی کل آمدنی ۱۹۷۰۴۴۶۴۴۷ روپیے۔ خرچ ۷۷۲۶۵۹۲۳۰ - نقصان ۲۸۰۱۷۲۶۰

باب پندرہوان قیصر کے خویش و اقارب

قیصر کے خویش و اقارب قیصر کے آل و اولاد کا مفصل حال اوپر بیان ہوچکا ہے۔ یہان فقط قیصر کے انہین اقربا کے نام بیان کیے جاتے ہین جنکا بار بار ذکر اس کتاب مین آیا ہوا ہے۔

قیصر کے جد حقیقی	جارج سوم
قیصر کے عم بزرگ	جارج چہارم (ڈیوک آو برنسوک)
قیصر کے دوسرے چچا	ڈیوک آو یارک (فریڈرک)
قیصر کے تیسرے چچا	ولیم چہارم (ڈیوک آو کلیرنس)
قیصر کے والد	ڈیوک آو کینٹ (اڈورڈ)
قیصر کے پانچوین چچا	پادشاہ ہینوور (ڈیوک آو کمبرلینڈ)
قیصر کے چھٹے چچا	ڈیوک آو سیسکس (آگسٹس فریڈرک)
قیصر کے ساتوین چچا	ڈیوک آو کیمبرج (اڈولفس فریڈرک)
قیصر کی چچیری بہن	شہزادی شارلٹ (جو ایک وقت وارث تخت تصور کیگئی تھی)
قیصر کا سوتیلا باپ	شہزادہ لیننگجن
قیصر کا سوتیلا بھائی	شہزادہ چارلس
قیصر کی سوتیلی بہن	شہزادی فیوڈورہ
قیصر کی والدہ حقیقی	شہزادی وکٹوریا میری لوئیزا (ڈچس آو کینٹ)
قیصر کا بڑا ماموں	ڈیوک آو کوبرگ
قیصر کا چھوٹا ماموں	شہزادہ (بعدہ پادشاہی) لیوپولڈ۔ شوہر شارلٹ)
قیصر کا شوہر	شہزادہ البرٹ، پرنس کنسرٹ (دوسرے رشتہ کی رو سے قیصر کا ممیرا بھائی بھی ہے)
قیصر کا نانا	ڈیوک آو سیکس کوبرگ
قیصر کا جیٹھ	شہزادہ ارنسٹ
قیصر کا پہلا فرزند	پرنسس رائل شہزادی
قیصر کا پہلا داماد	شہزادہ فریڈرک ولیم۔ ولیعہد جرمنی
قیصر کے دوسرے فرزند	پرنس آو ویلز (ولیعہد قیصر) ہندوستان مین تشریف فرما ہو چکے ہین
قیصر کی بڑی بہو	الکزنڈرہ۔ بادشاہ ڈنمارک کی بڑی شہزادی
قیصر کا پہلا پوتا	شہزادہ البرٹ وکٹر فرزند ولیعہد جنکی ہند مین تشریف آوری کا ابھی چرچا ہے
قیصر کا دوسرا پوتا	شہزادہ جارج فریڈرک ایضاً۔
قیصر کا تیسرا فرزند	پرنسس ایلیس متوفی شہزادی۔
قیصر کا چوتھا فرزند	ڈیوک آو اڈنبرو داماد شہنشاہ روس جو سب سے پہلے ہندوستان مین تشریف فرما ہوئے تھے۔
قیصر کا پانچوان فرزند	شہزادی ہلینہ

قیصر کا چھٹا فرزند	شہزادی لوئیزا
قیصر کا ساتوان فرزند	ڈیوک آف کناٹ داماد شہزادہ پرشیہ جرمنی المان بمبئی احاطے کے سالار فوج ہین
قیصر کا آٹھوان فرزند	متوفی شہزادہ ڈیوک آف البنی
قیصر کا نوان فرزند	شہزادی بیٹرلیس

باب سولھوان قیصر کے جان لینے کی کوشش

قیصر کے جان لینے کی کوشش

اگرچہ جہان پناہ قیصر بطور دختر۔ زوجہ والدہ اور ملکہ کے تمام حقوق اپنے پورے طور ادا کرتی رہین۔ تاہم ظالمون نے اُن کی جان لینے کی کوشش مین کوئی دقیقہ فرو گذاشت نہین کیا۔ لیکن یہ سچ ہے۔ مصرع دشمن چہ کند چون مہربان باشد دوست۔ جس طرح حوادثات آسمانی سے وہ ہر وقت بچتی رہین۔ ویسا ہی ظالمون کے پنجون سے بھی خداے تعالیٰ نے آج تک ان کو اپنے حفظ و امان مین صحیح و سلامت رکھا ہے۔

۱۔ پہلی کوشش قیصر کے جان لینے کی سنہ ۱۸۴۰ء کے ماہ جون کی دسوین تاریخ کو ایک بادہ فروش کے سترہ برس کے انگریز لڑکے مسمی اڈورڈ اکسفرڈ نے کی تھی۔ قیصر اپنے شوہر کے ہمراہ کانسٹیٹیوشن ہل نام کی ایک ٹیکری کی طرف روانہ ہوئی تھین کہ راستے مین اُس لڑکے نے دو مرتبہ قیصر کو تاک کے اپنی بندوق سر کی مگر دونون وقت خطا کی۔ عدالت کی جوری نے اُسے پاگل ٹھہرایا اور سزا اُس کے لیے یہہ تجویز ہوئی کہ وہ پاگل خانے مین ہی رہا کرے۔ جبتک کہ قیصر چاہے۔

۲۔ دوسری کوشش سنہ ۱۸۴۲ء کے ماہ مئی کی تیسوین تاریخ کو ہوئی تھی اُس وقت جان فرانسس نام کے ۲۲ برس کے ایک انگریز نوجوان شخص نے اُسی ٹیکری اور اُسی مقام پر قیصر پر بندوق چھوڑی اُس کے لیے پھانسی کی سزا عدالت سے تجویز ہوئی تھی۔ مگر آخر کو تا بہ زیست شہر بدر کیا گیا۔

۳۔ تیسری کوشش اُس روز ہوئی جس روز کہ مذکور مجرم کی سزا کی تخفیف ظاہر کی گئی۔ قیصر اپنے محل سے گرجا گھر کو جا رہی تھین۔ کہ اس مین بین نامی ایک انگریز کوزہ پشت لڑکے نے قیصر کی گاڑی کے قریب آکے بندوق اٹھائی اور چاہتا تھا کہ بندوق کو داغے کہ اس مین ایک اور لڑکے نے جو وہان کھڑا تھا بین کا ہاتھ پکڑ لیا۔ آخرش بین کو اٹھارہ مہینے کی قید کی سزا ہوئی۔ ایسے قید خانے مین کہ جہان وہ ضروری ہنر سیکھا کرے۔

۴۔ چوتھی کوشش ۱۹ وین مئی سنہ ۱۸۴۹ء کو کانسٹیٹیوشن ٹیکری پر ہملٹن نامی ایک آئرش معمار نے قیصر پر بندوق چلائی۔ اس سزا مین سات برس شہر بدر کیا گیا۔

۵- پانچوین کوشش رابرٹ پیٹ نامی ایک سابق فوجی سردار کے ہاتھون ہوئی تھی اور اُس کے لئے سات برس تک بعبور دریائے شور شہربدر کی سزا ٹھیری۔

۶- چھٹی کوشش ۲۷ وین مئی ۱۸۵۰ء کو جبکہ قیصر ڈیوک آف کیمبرج کے محل سے اپنی گاڑی پر سوار ہوکے روانہ ہوئی تھین اس وقت خود انہون نے قیصر کے چہرے پر لکڑی کی ایک سخت ضرب لگائی تھی۔

۷- ساتوین کوشش ۲۹ وین فروری ۱۸۷۲ء کو آرتھر اوکونر نام کے ایک سترہ برس کے لڑکے نے ایک خالی و شکستہ بندوق قیصر پر داغی اُس وقت قیصر اپنے سیر سے لوٹ کے بکنگام محل مین داخل ہو رہی تھین مجرم لڑکے کو ایک سال قید رکھا۔ اور چھہ ضربین بھی لگائی گیئن۔

۸- آٹھوین اخیر کوشش ۲ مارچ ۱۸۸۲ء کو وقوع مین آئی۔ قیصر لنڈن کی سیر کرکے ونڈسر کے مقام پر واپس آئین اور جس وقت اپنی گاڑی مین سوار ہوا چاہتی تھین کہ اسی اثنا مین مکلین نام ایک شخص نے بندوق سر کی۔ آخر مکلین پاگل ٹھیرنے بر بے جرم ثابت ہوا اور اس کا قید سے ازاد ہونا قیصر کی مرضی پر منحصر ٹھیرا۔

باب سترہوان شہزادہ ولیعہد بہادر کی سوانح عمری

شہزادہ ولیعہد بہادر پرنس آف ویلز البرٹ اڈورڈ یہہ قیصر علیہا کے دوم فرزند ہین۔ حال ان کا تحفہ جوبلی مین کئی مقام پر آگیا تاہم ناظرین کی کامل آگہی کی خاطر یہان انکی زندگی کا مختصر حال از سر نو بیان کیا جاتا ہے۔ یہہ شہزادے نہم نومبر ۱۸۴۱ء کو پیدا ہوے۔ انکی تربیت و تعلیم کی کیفیت آگے بیان ہوچکی ہے۔ لڑکپن کی حالت مین یہہ شہزادے اڈنبرو کی ہائی سکول مین داخل ہوے اور پھر اکسفرڈ اور کیمبرج کے طالب العلم بنے ۱۸۶۳ء مین ڈنمارک کی شہزادی الکزنڈرہ سے اُن کی شادی ہوئی جن سے اب اُن کے پانچ فرزند حیات ہین۔ ولیعہد بہادر کے فرزندون کا حال آگے مفصل بیان ہوچکا ہے ۱۸۷۱ء کے اخیر ولیعہد بہادر سخت بیمار ہوئے۔ لکھہا بلکہ کروڑہا آدمیون نے اپنے صدق اعتقاد سے ان کے صحت کے لئے دعا مانگی کیونکہ کل معالجون نے عاجز ہوکے ان کو خدا کے فضل کے حوالے کردیا تھا۔ دسمبر مہینے کی ۱۴ وین تاریخ کہ اس شہزادے کے والد کی وفات کا دن تھا۔ مریض کے حق مین بڑی بھاری تصور کی گئی۔

اکثر اشخاص کا قول تھا کہ اس تاریخ کو شہزادے کا بچنا مشکل ہے لیکن یہان تو دعا کا تیر ہدف نشانہ ہوچکا تھا۔ اُسی تاریخ سے کہ مشکل گنی جاتی تھی خدا نے انکو شفا عطا کی اور تندرستی کے آثار نمایان ہونے چلے۔ تھوڑے ہی ہفتون مین شفائے کامل ہوگئی۔ اور پھر قیصر کی کل رعایا نے جو قلمرو برطانیہ کے زیر حکومت ہے۔ اپنے اپنے عبادت گاہون مین

شکریہ اُس شاہی مطلق کا ادا کیا۔ سنہ ۱۸۷۵ع مین پرنس آو ویلز بہادر ہندوستان مین تشریف لائے تھے۔

اُس وقت اُنکی خیر مقدم مین رعایائے ہند نے اپنی وفاداریکی ثبوت مین جو جو کچھہ جشن اور خوشیان منائی ہین وہ ابھی ہماری نظرون مین سمائی ہوئی ہین سچ تو یہہ ہے کہ جن لوگون نے ولیعہد بہادر کی تشریف آوری کے جلسے اس اقلیم ہند مین ملاحظہ کئے تھے انکو اب لنڈن کی جوبلی کے جلسے پسند نہین آئے۔ بمبئی مین ہمارے رئیس المسلمین ناخدا محمد علی صاحب روگہے نے شہزادہ بہادر کو ایک عمدہ پیانو نذر کیا تھا۔ اس احقر کے والد ماجد نے انکی مدح مین ایک عمدہ قصیدہ انگریزی زبان مین تحریر فرما کر ان کے پیش کیا تھا۔ اگر گنجایش ہوئی تو وہ کامل قصیدہ اس کتاب کی اخیر مین درج کیا جائیگا۔ مادہ تاریخ اس مین فارسی ہی موزون کر دیا ہے وہ یہہ ہے (چراغ ریاست)

ولیعہد بہادر نے سندرنگہم Sandringham نامی ایک ملک خرید کی ہے جہان آپ بذات خود زراعت اور مویشی کی فکر کیا کرتے ہین۔

ملک کی بہتری کی نیت سے آپ اکثر نمایش گاہون کی ترقی مین ساعی رہتے ہین۔ لنڈن کے امپیریل انسٹیٹیوٹ کی تعمیر مین انہین کی حسن سعی سے لاکھہا روپیے کی رقم ہند کے راجہ اور نوابون نے لگائی ہے۔ فرزندون کی تعلیم مین ولیعہد بہادر نے اپنے دونون بڑے شہزادون کو ایک اتالیق لائق کے ہمراہ ایک مرکب ووڈی پر سوار کروا دیا تھا پرکار کی طرح تمام دنیا کے دائرہ کے گرد گھوم کر اپنے مرکز اصلی پر آجاوین۔ جہاز مین علاوہ دیگر تدریس کے ان نوجوان شہزادون کو خلاصیون کا کام بھی سکھلایا جاتا تھا۔ انہین ہونہار شہزادون کے ہند مین تشریف لانے کی خبر آگے بیان ہو چکی ہے۔

باب اٹھاروان جیوبلی ہندوستان

اے مرحبا دور قیصری

چشم بد دور سنہ ۱۸۱۹ع مین وہ صاحبہ قرانی قیصر جہانی پیدا ہوئین اور اٹھارہوین سال یعنی سنہ ۱۸۳۷ع مین سریر آرا بن گئے انچاس سال خود کی حکومت نوشیروانی مین کیسے کیسے خوشی کے حالات اور غمی کے سوانحات ایک خوبی کے ساتھہ مشاہدہ کرنے کے بعد خدا خدا کر کے اب بفضل خدا سنہ ۱۸۸۷ع مین دور قیصری کا پچاسوان سال المشہور بہ سال جیوبلی قیصر آپہنچا۔ یہہ وہ مبارک سال ہے جو سینکڑون پادشاہ شہنشاہون مین سے کسی ایک سکندر بخت ہمایون رخت کو نصیب ہوتا ہے اس دور قیصری کے باعث جو جو خوبیان و ترقیان قیصر اور رعایائے قیصر کو حاصل ہوئی

ہین وہ بہر پردہ دنیا پر مفقود نظر آتی ہین لیجئے پہلے اس ہمارے ہندوستان ہی کی سرسبزی دیکھ لین کہ اس دور قیصری مین اس نے کیا کیا ترقیان کی ہین یہہ ملک جو ہمیشہ کہہ رہا تہا کہ **مصرع** مین موسم بہار مین شاخ بُریدہ ہون۔ سو اپنی زبان حال سے پکار پکار کر کہہ رہا ہے **مصرع** ہی عطر تر بہار گل نو رسیدہ ہون

علم اس دور قیصری مین تو ستارہ اقبال علم فی الحقیقت فلک چہارمی پر عروج کر گیا ہے۔ نظر غور سے دیکھئے تو اس کی ایک ادنی نظیر یہہ نمایان ہے کہ ہندوستان کی کل یونیورسیٹیون مین مدرستہ العلوم اب جو طلبا ہر سال امتحان دینے حاضر ہوتے ہین اُن کی تعداد پہلے کے بہ نسبت بیسون سے تجاوز کر کے ہزارون پر نوبت آگئی ہے۔ حالانکہ امتحانات کے اصول نہایت پیچ در پیچ اور مشکل در مشکل کر دئے گئے ہین تاہم بلاکشان رحمت علم اُسے آسان کئے بن کب چھوڑتے ہین ہر مسئلہ مالاینحل کو حل کرنے سے کبھی منہہ نہین مُوڑتے ہین۔ دُنیوی علوم کے وہ وہ غوامض جن کے دریافت کرنے والے ہندوستان کے نامی گرامی شہرون مین بھی نایاب تھے۔ آج وہ دور قیصری مین دیہاتی لڑکے بات بات مین ویسے مسایل حل کر دیتے ہین۔

کتب دینی و دُنیوی کُتب جن کا امیر اُمرا کے کتب خانون کے سوا اور کہین پتہ تک نہین لگتا تہا آج وہ دورِ قیصری مین عمدہ خط اور بالکل صحت کے ساتھہ کوڑیون کے مول سر بازار فروخت ہو رہی ہین۔

اخبارات قیصر کے اس پچاس سال کے دور مین علم و کتب کی جس طرح ہند مین افراط ہوئی ہے۔ ویسی طرح ہند کے ہر ہر زبان مین اخبارات بڑے اہتمام برائے سہولیت خریدار ارزانی کے ساتھہ شائع ہوتے ہین۔ یہان تک کہ مشتاقان اخبارات کو بھی یہہ گلہ پیدا ہوا کہ ہمارے یہان اس کثرت سے اخبار آتے ہین کہ اب ان کے کھولنے تک کی نوبت نہین آتی۔ مگر یاد رہے کہ جن چیزون نے یورپ کو افلاس سے چھڑا کے مالامال اور نونہال کر دیا۔ اُن مین اشاعت اخبار ایک مقدم چیز گنی گئی ہے۔

صحت ہندوستان مین صحت کی حفاظت کے لئے اس زمانے مین کیا صورتین تجویز کی گئین کہ ان افزود ظاہرا ممکن نہین۔ علم تشریح اس طرح پڑہائی گئی کہ اب اس سے حکمت کو دگنی طاقت پہنچ گئی ہے۔ جابجا دارالشفائین اور دواخانے آباد۔ سیتلا کے ٹیکا لگانیوالے ڈاکٹرونکی کثرت ہے جو کہ گہرون گہر پہرا کرتے ہین۔ موقع موقع پر باغ و باغیچے لہلہا رہے ہین۔ عمدہ پانی بذریعہ نہر و نل کے ہر جا اور ہر بلند طبقہ کے ساکنون کو بخوبی میسر ہے۔ ان مسیحائی ڈاکٹرون نے مرض ہیضہ کے معدومیت کی خاطر ایک اعجاز عیسوی دکہلایا جو صورتین اس کے دفعیہ کی کی گئین اور کیجاتی ہین۔ ان سے عیان ہے۔

زراعت اس دور مین زراعت کو وہ ترقی حاصل ہوئی کہ قحط کا نام مطلقاً مٹ گیا۔ پہل پہول ساگ

ہنرکاری آجکل وہ میسر آتی ہے کہ جس کا نام تک نہین سنا تہا۔

سہولت سفر دور قیصری سے پہلی ہند کی مسافرت کا یہہ حال تہا کہ مسافر چاہے ویسا مجرب فربہ ہو منزل مقصود کو پہنچنے کے قبل سختی سفر اسے لاغر و منحنی کردیتی تہی۔ اب آہنی سڑک و مرکب دودی کے ذریعہ سے ہفتونکی مسافت گہنٹون مین طے ہوتی ہے وہ بہی نہایت سہولیت و آرام کے ساتھ سڑکین پختہ تیار ہوئین۔ ریلوے تمام ہند مین ۲۱ ہزار میل ایسی پہیلی کہ ہندیونکی خطونکو نقشے مین مات دیدی ہے۔ سہولیت سفر کیلئے ہر ندی پر پل موجود ہے۔ غرض شعر ؎ جدہر دیکہئے خیر ہے خیر ہے ؛ سفر یہہ نہین باغ کی سیر ہے۔

کارخانے اسی دور قیصری مین سٹیم کے ذریعہ سے کپڑے بننے کا پہلا کارخانہ ۱۸۵۴ء مین بمبئی مین جاری ہوا تہا اور اب تمام ہندوستان مین کوئی ایک سو کارخانے ہین کہ جنمین قریب ایک لاکہہ آدمیونکی روزی پاتے ہین۔

ٹیلیگراف ہماری قیصر وکٹوریہ تخت انگلینڈ پر سب سے پہلے ۲۰وین جون کو جلوس فرما ہوئی تہین۔ یہہ خبر ہندوستان مین بہت سرعت سے روانہ کی گئی مگر بمشکل ۲۵وین اگست کو یعنے دو مہینے سے زیادہ عرصہ مین یہان شایع ہوئی۔ اب قیصر کے دور مین ٹیلیگراف کے ذریعے سے کوئی دو گہنٹو کے عرصے مین لنڈن سے یہان خبر آجاتی ہے۔ فقط ہندوستان مین پچپن ہزار میل تار برقی کہلا ہوا ہے۔

ڈاک خانے دور قیصری کے قبل ہندوستان مین بدقت تمام قاصدون کے ذریعہ سے خطوط روانہ کرتی ہے۔ اور اب ڈاکخانونکی سہولیت اور ارزانی سے ایک پیسے مین ہند کے جس شہر مین چاہو خبر جاسکتی ہے۔

انتظام ملک ہندوستانکی لیجس لیٹو کانسلین اور میونسپلٹیان دور قیصری مین ہند کے حسن انتظام کی پوری دیرہی ہین۔ اور اسپر ہمارے معزز سابق ویسرائے مارکوس آف رپن کی سیلف گورنمنٹ تو ایک طرہ زیبا ہے۔ بس اسیطرح جس چیز کو غور کرکے دیکہئے وہ اس زمانے مین ترقی درجہ اعلیٰ کی روشنی دکہا رہی ہے۔

ہند مین جوبلی کہان کہان ہوئی ۔ جشن جوبلی کا آجکل فقط ہندوستان کے بڑے بڑے شہرون مین ہی نہین ہوا بلکہ چہوٹے سے چہوٹے قصبے مین بہی اسکی خوشی قسم قسم کی خوبیون سے منائی گئی۔ اور اسیطرح ہند کے راجہ و نوابونکی اعلیٰ و ادنیٰ ریاستون مین بہی بڑی شان و شوکت سے جشن ہوا۔ مختصر یہہ کہ ہندوستان کی کل پچیس کروڑ آدمی قیصر کی جوبلی مین شریک تہے۔ اور ملک برہما مین بہی جوبلی بڑے جوش و خروش سے منائی گئی

ہند کی جوبلی کا روز جوبلی کا حقیقی روز تو ۲۰وین جون کا تہا۔ مگر بباعث ناموافقت موسم چار مہینے پیشتر یعنے فروری کی ۱۶وین و ۱۷وین تاریخ ہند کی جوبلی کے لئے مقرر ہوئی اور انہین دنون تمام ہندوستان مین جشن ہوا۔ ہندوستانکی جوبلی انگلینڈ کی جوبلی سے علیحدہ ہونے مین ایک لطف یہہ بہی ہوا کہ ہند کی پچیس کروڑ رعایا کی خوشی کو پورے طور پر ملاحظہ فرمانے کے لئے قیصر کو اپنا موقع ہاتہہ آیا۔

قیصر کی بلند اقبالی قیصر کے مانند بلند اقبال نصفت پسند پادشاہ پردہ دنیا پر فی زماننا شاذ و نادر ہوگا۔ محل قیصر کا مانند باغ کے اس کے نونہال و چشم و چراغ پوتے پوتیان نواسے نواسیان سے روشن ہے اور سرسبز ہے۔ دنیا کے نامور شہنشاہ قیصر کی رشتہ داری مین منسلک۔ دنیا کی ہر اقلیم مین قیصر کی عملداری موجود ہے کہ

خزانہ معمور بحری و بری سپاہ بیشمار قیصر کی ریاست میں جواہرات و سونا چاندی کی کانیں موجود علم و ہنر تجارت زراعت کی نہایت درجہ ترقی رعایا کو مذہب و ملت کی پوری آزادی ان سب خوبیوں کا نتیجہ یہ نکلا کہ اس عہد علیا کو جوبلی کا روز نصیب ہوا۔ اگر قیصر اپنی حکومت میں خود ظاہر ہی ظلم روا رکھتی تو یہ باتیں ہرگز نصیب نہ ہوتیں۔

قیدیوں کا آزاد ہونا

ہند کی جوبلی میں لارڈ ڈفرن صاحب نے باجازت قیصر پچیس ہزار قیدی فوجداری مقدمات کے سزا یافتہ رہا کر دیئے۔ اور دیوانی مقدموں کے قیدی جنکا قرضہ سو روپے سے کم تھا۔ سرکاری خزانے سے ادا کیا گیا اور وہ سب ۳ قرضدار جوبلی کے روز قیدخانوں سے چھوٹ گئے۔ اور اس روز باقی ماندہ زمین کا تمام محصول بھی معاف ہوا۔ لارڈ لٹن صاحب نے بھی ۱۸۷۷ء میں کہ جب قیصر ہند کا خطاب ملکہ وکٹوریہ کو دیا گیا۔ سولہ ہزار قیدی ہند کے قیدخانوں سے رہا کر دئے تھے۔

جوبلی کی یادگاری

قیصر کی جوبلی کی بقائے یادگاری میں وکٹوریہ لائبریری اندور میں قائم ہوئی۔ بھوپال میں پانی کا نل جاری ہوا۔ ریوہ میں دارالشفا کھولی گئی۔ گوالیار میں وکٹوریہ کالج قائم کی گئی۔ بمبئی میں صنعت کا مدرسہ جعفر سلیمان کا عورتوں کا دواخانہ۔ دارالشفائے قیصری حکیم محمد باقر طبیب پونا کی اور کاما ہسپتل مستورات کیلئے۔

جوبلی میں کیا ہوا

طلبا مدارس کو ضیافت دی گئی۔ فقیر فقرا کو کھانا کھلوایا گیا۔ اور خیرات تقسیم ہوئی۔ آتشبازی چھوڑی گئی۔ درباری اور بیوپاری مکانوں میں روشنی کی گئی۔ دریا میں جہاز و نہر بھی روشنی ہوئی۔ لشکری ریویو ہوا گورنر راجہ نوابونکی سواریاں نکلیں۔ مضامین پڑھے گئے خطابات عنایت ہوئے۔ قیدی رہا کئے گئے محصول معاف ہوا۔ میلے و بازار لگے۔ کالج دارالشفا کتب خانے قائم کئے گئے۔ تہنیت نامے اور مبارکبادی کے ٹیلگراف روانہ کئے۔ اور عبادت خانوں میں خدا کا شکر ادا کیا گیا۔

دور قیصری میں دھبہ

اس دور قیصری میں فقط ہندوستان کے غدر کا ایک دھبا ایسا لگا ہوا ہے جو مٹائے نہیں مٹتا۔ اگرچہ ادھر انگریز لوگ اس کی یاد سے خون ٹپکاتے ہیں تو ادھر ہندوستانی لوگوں کے جگر دوبارہ ہوئے جاتے ہیں۔ مگر بمصداق فعل الحکیم لا یخلو عن الحکمۃ سنہ ۱۸۵۷ء میں غدر ہوا جسکا ایک نہایت عمدہ نتیجہ نکل آیا۔ وہ یہ ہے کہ اقلیم ہند جسکی مردم شماری دنیا کی ایک خمس کہلاتی ہے۔ وہ ایک تجارونکی چھوٹی سی جماعت کے زیر حکومت تھی یہ غدر ہی کا فیض ہے کہ دنیا کا ایسا مشہور و معروف ملک ہندوستان اب قیصر کے زیر حکومت سلطنت برطانیہ میں شامل ہو گیا۔

خطابات

علاوہ ان پہلے خطابوں کے جو ابھی جاری ہیں اس جشن جوبلی کی یادگار میں لارڈ ڈفرن صاحب نے باجازت قیصر ایک نیا خطاب خاص اور علمائے ہند کیلئے جو ہندوستان میں ترقی علم کے ساعی ہیں مقرر فرمایا ہے۔ مسلمانوں کو (شمس العلما) اور ہنود کو (مہامہوپادھیای) ہے یہ خطاب نام کے قبل مستعمل ہونگے جن علما کو شمس العلما کا خطاب عنایت ہوا ہے ان کو ایک خلعت جس میں ایک عمامہ اور ایک جبہ ہے سرکار سے ملا ہے اور مہامہوپادھیای والوں کو ایک انگشتی یعنی دستانہ اور ایک اتریا یعنی شال ملی ہے۔ ایسے خطاب جوبلی کی جشن

مین کثرت سے لوگونکو دیے گئے ہین جنکی فہرست بباعث طوالت کے اس کتاب مین گنجایش نہین کرسکتی مگر بڑے افسوس کی بات یہہ ہے کہ ضلع بمبئی مین کوئی صاحب بہی شمس العلما نہین ہوئے آرڈر آو دی انڈین ایمپائر کچہہ سو بدل کرکے اکثر روساء ہند کو دی موسٹ امینٹ آرڈر آو دی انڈین ایمپائر کا خطاب عنایت ہوا ہے۔ سنٹ مکیل و سنٹ جارج کے خطاب بہی اہل ہند کو دیے گئے۔ اسیطرح نواب بہادر نواب سردار بہادر سردار خان بہادر۔ خان صاحب کے خطاب بعض جن صاحبون نے جانفشانی سے سرکار قیصری کی ملازمت کی اور ہمیشہ خیرخواہ بنے رہے انکو بہی ملی ہین۔ نیٹ کمانڈر آو دی امپیریل آرڈر کا جنکو تمغہ ملا ہے۔ اُنہین اول نمبر ہمارے معزز رئیس کلکتہ والے آنرایبل سید امیر علی صاحب ہین۔ جو لنڈن سے ایک میم صاحبہ کو بیاہ لائے ہین اسی صورت بمبئی کے شریف ڈنشا مانکجی پیٹٹ بہی سر ہو چکے ہین۔ اور مدراس کے شریف رام سوامی مودلیار اور کلکتہ کے شریف کو بہی سر کا خطاب عطا ہوا ہے۔

بمبئی مین جوبلی – جزیرہ بمبئی اصل مین کوئی چیز نہین تہی۔ مگر اس دور قیصری مین اس جزیرہ نے وہ نام پیدا کیا کہ اب ہندوستان کا کوئی شہر اس سے لگا نہین کہاتا۔ یون تو کلکتہ آج کل پایۂ تخت ہے۔ لیکن کیا عجب کہ آیندہ انگریز سرکار اسی کو پایۂ تخت ٹھہرا دے۔ آب و ہوا یہان کی نہایت دلپسند فائدہ مند ہے۔ اور ولایت انگلستان بہی یہان سے نزدیک تر ہے بیوپار یہان کا سب سے بڑہکر ہے۔ اور ہر ایک جشن کے وقت اہل بمبئی اورون پر سبقت ہی لیجاتی رہی ہین۔ اسیطرح جوبلی کا جشن بہی بمبئی مین سب سے بڑہکے ہوا ہے۔ ۱۶ دین فروری سنہ ۱۸۷۷ع کا روز جو ہند کی جوبلی کے لئے مقرر ہوا تہا۔ اس روز صبح سے تمام بمبئی مین اژدہام عام لگ گیا ٹون حال کے باہر دربار منعقد ہوا تہا جسمین کوئی پچیس ڈیپوٹیشن آئے ہوئی تہے۔ انہون نے تہنیت نامے لارڈ ری صاحبکو دیئے اور وہ پیغام تار برقی کے ذریعہ سے قیصرہ کے نام روانہ کئے اُسی روز شام کو تمام شہر مین روشنی ہوئی تہی۔ سرکار کی طرف سے ایک لاکہہ روپیہ روشنی کے لئے خرچ گیا تہا + قیصر نے جسوقت ملک ہندوستان اپنے قبضے مین لیا اسوقت بہی روشنی اور اژدہام ہوا تہا۔ ڈیوک آو اڈنبرو کی تشریف آوری کیوقت ورو لیعہد بہادر اور ڈیوک آو کناٹ کی تشریف آوری کے وقت لارڈ رپن کی رخصت اور وکٹوریہ کا خطاب قیصر ہند سے مخاطب ہونیکا روز یہہ سب کے سب بڑے جشن کے روز گذرے ہین اسمین جشن جوبلی کے روز کا اژدہام دہوم دہام اور سب کی روشنی علی الخصوص ہاربر کی روشنی ایک عجیب تہی۔ لارڈ ری صاحب گورنر بمبئی کے دربار مین اس روز کی تقریر بہی نہایت دلچسپ تہی۔ اس کے بعد ہزار ہا طلبائے مدارس ہندو مسلمان پارسی کرسچین یہودیونکا ایک منڈوے مین جمع ہوکے ضیافت کہانا ایک عجیب تماشا تہی ابہی بڑی بڑی ہائی سکول و کالج طلبا شب کو شہر گشت کو نکلے تہے ہاتہون مین مشعلین اٹہانا گویا علم کی روشنی کا ان کے ہاتہ آنا تہا خیر اس سوا تمام بمبئی کے دیول گرجا گہر بتخانے آتشکدے اور مساجد مین روشنی کی گئی تہی [illegible] مین ایک عجیب طرح کا ایسا بازار بنایا گیا تہا کہ جو برسون تک یاد رہیگا غرض اب انگلینڈ کی حقیقی جوبلی کے معاملات کے تقاضی نے ہندوستانکی جوبلی کو یہین ختم کردیا۔

تمام شد

رجسٹری شدہ حسب ایکٹ ۲۰ ۱۸۶۷ء

ہنستے ہی گھر بستے ہیں

مذاق اور حضرات لکھنؤ

کوئی مہمات ملکی لکھتا ہے کوئی نامہ نگار اخبار متعلق از عدالت مقدمات دیوانی و فوجداری اور کوئی حادثات روزمرہ اور کوئی عجیب الخلقت آدمیوں اور جانوروں کی خبریں تحریر کرتا ہے مگر بندۂ درگاہ جیسے آپ مہمل ہیں ویسے ہی مزخرفات خبر اُن کے حصہ میں آئی ہے۔ گو مزخرفات ہو لیکن ہے انسانی خوش طبعی سے متعلق وہ مضحک واقعہ کہ جسے پڑھ کر انسان اتنا ہنسے کہ انسان سے قہقہہ دیوار بن جائے۔ ایڈیٹر صاحب کو تو ضرور چونکہ حضور اینجانب کا اُنکی خاطر ہے۔ آپکے سبب سے ناظرین کو تو ضرور کی دیکھو۔ ناظرین میں صرف اُنکی جو ٹکے خرچ کرکے اخبار لیتے ہیں اور نہ اُنکی جو میری مانند مفت بر ہیں (سلامتی) درکار ہے۔ اس سبب سے پہلے سے تنبیہ کئے دیتا ہوں کہ جب اس صفحے کو ملاحظہ کرنیکا قصد کریں تو دونوں ہاتھوں سے خوب مضبوطی کے ساتھ توند شریف کو تھامے رہیں۔ مبادا ہنستے ہنستے پیٹ میں بل پڑ جائیں اور درد ہونے لگے کہیں کوئی صاحب جو محاورہ سے واقف ہوں یہ نہ سمجھ لیں کہ میں دردزہ کہتا تھا استغفر اللہ میں اور حضرات ناظرین کیخدمت میں گستاخی کروں یا حضرات میری) مراد ہے معمولی درد شکم سے کیوں ایڈیٹر صاحب نہ کہے گا آپکا نامہ نگار کسقدر مودب ہے اور اُسے کسقدر آپکے خریداران اخبار کا لحاظ ملحوظ رہتا ہے۔

بارات جنازہ نواب خست الدولہ ذلتہ الملک حقارت فستگاہ ثابت پناہ خون حرام خان بہادر عرف مولوی صاحب غارت دولھا دولھن اجاڑ مرد پچھاڑ کی

بندۂ درگاہ جو سیر کے ارادہ سے دولت خانہ فیض آستانہ سے برآمد ہوئے تو کیا دیکھتے ہیں کہ ایک نقیب وہ آواز دے رہا ہے جو ابھی عنوان میں تحریر کی اور نقیب کے پیچھے تیس چالیس جھنڈی بردار کالی کالی جھنڈیاں لئے ہیں۔ معاً یہ خیال گذرا کہ اُمراء یا روسائے لکھنؤ میں سے شاید کسی کی حضرت شاہ موت کے دربار میں طلبی ہوئی ہے۔ یہ اُنکی سواری ہے کہ اس اثناء میں تاشہ اور بینڈ باجہ کی آواز گوش زد ہوئی اور تھوڑی دور پر باجے والوں کے پیچھے لوگوں کا جم غفیر نظر آیا اور دیکھنے میں آیا کہ بھیڑ کے بیچ میں ایک شامیانہ ہے اور شامیانہ بھی عجیب و غریب مصالحہ کا بنا ہوا ہے اُسنے ٹاٹ کے بوروں کو کھولکر ناؤ کی پال کیطرح جوڑ لیا ہے اور جہاں ایک ٹکڑا دوسرے ٹکڑے کو

سے جوڑا گیا ہے۔ پُرانی مردانی زنانی جوتیاں کئی کئی اوپر کوئی نیچے ملا کر سی ہوئی ہیں اور شامیانہ کے مرکز میں ٹوٹی چلمنوں کے حلقوں کا دائرہ بنایا گیا ہے مگر چونکہ شامیانہ تھا یہ خیال آیا کہ کہیں کوئی زخمی یا شہیدہ تو نہیں مر گیا کہ اُس کے جنازہ کے ٹھاٹھ میں بھی اُس کی برادری نے اپنے پیشہ کی رعایت ملحوظ رکھی ہے۔

مگر فوراً یہ شک رفع ہو گیا شامیانہ کے نیچے بجائے مُردہ کے تابوت کے کیا نظر آیا کہ ایک بہت بڑا لیکن نہایت بوڑھا خچر ہے اور خچر کے پیٹ کے نیچے ہندؤں کے جنازہ کی ارتھی کی شکل بانسوں کی ایک ٹکٹکی باندھ کر اُس خچر کے پیٹ کو اُس ٹکٹکی پر دس بارہ آدمی اِدھر اُدھر سے اُٹھائے ہوئے ہیں اور خچر کی پیٹھ پر ایک بھی نہیں دو دو آدمی سوار ہیں۔ اوّل تو ایک جانور کی پیٹھ پر شاذ و نادر دو شخص سوار ہوتے ہیں اور اگر کسی ضرورت سے دو چڑھے بھی تو آگے پیچھے نہ اس طور پر کہ دونوں کا موںھ ایکدوسرے کے مقابل ہو اور ایک کا موںھ خچر کی دُم کیطرف تو دوسرے کا خچر کی گردن کیطرف جو صاحب کہ خچر کی دُم کی طرف موںھ کئے بیٹھے تھے ایک گز ڈیڑھ گز کاغذی مخروطی ٹوپی آپ کے زیب سر تھی اور کلاہ مبارک کی نوک پر اُلّو کو مار کر اور پیٹ چیر کر اس ترکیب کے ساتھ غضب کر دیا تھا کہ دونوں پنجے بہت خوبصورتی کے ساتھ کلاہ کے بازوؤں پر جمے ہوئے تھے دیکھنے والوں کو یہی دھوکا ہوتا تھا کہ اُلّو خود آکر بیٹھ گیا ہے اور جس کلاہ میں جا بجا گِدھ اور چیل کے پرو کی نیزہ دار اتار چڑھاؤ کے ساتھ بندش تھی اور وسط کلاہ میں ایک جانب کھوسٹ جسے گھگھو بھی کہتے ہیں اور اُلّو سے بالکل مشابہ ہوتا ہے مگر قد میں چھوٹا ہوتا ہے۔ اُلّو چیل کے برابر ہوتا ہے اور کھوسٹ کبوتر کے۔ ایک کھوسٹ کا سر گردن اور دونوں بازو پچھلا دھڑ کاٹ کر اس ترکیب سے لگایا ہوا تھا کہ دیکھنے والوں کو یہی معلوم ہو کہ یہ پرند گھونسلے میں سے سر و بازو نکال کر باہر جھانک رہا ہے اور اسکا پچھلا دھڑ ٹوپی کے پردہ میں ڈوبا ہوا ہے۔ دوسری جانب ایک کوّے کا بچہ ایسی صورت سے اور ایک جانب مری ہوئی چیل بیٹھی ہوئی تھی کیوں ناظرین کبھی کوئی کلاہ بھی اِس آراستگی کے ساتھ دیکھی تھی اور جو ملبوس آپ کے زیب بر تھا وہ کلاہ سے بھی زیادہ سجا ہوا تھا۔ اوّل تو ایک دلق مرقع کی صورت بن رہا تھا کہ جس میں دنیا بھر کے کپڑوں کی کترنیں جوڑ کر سی ہوئی تھیں اور اُن کترنوں کو کاریگر نے ایسے عجیب و غریب انداز سے جوڑا تھا کہ صدہا جانوروں کی صورتیں پیدا کر دی تھیں لیکن جانور پرند و چرند دونوں اسی قسم کے کہ نجس بھی ہوں اور منحوس بھی خیال کئے جاتے ہوں اور جو جگہہ اُن سے خالی رکھی تھی وہاں رنگین بڑی چھوٹی کوڑیاں اور بندر کتے وغیرہ جانداروں کی کھوپڑیاں ٹنکی ہوئی تھیں اور مُردے کی ٹانگوں کی نلیاں آپ کے جبہ میں سینہ کے مقام بشکل ✗ چلیپا ٹنکی ہوئی تھیں اور دامن میں موذی جانوروں کی ہڈیاں سوکھی چھپکلیاں کنکھجورے کنسلایاں اور زندہ سانڈے اور گوہوں کو چھید کر ٹانک رکھا

تھا اور دو سانپ اور دونوں زندہ دونوں کاندھوں سے کمر تک حمایل وار جنیؤ کے طور پر پڑے ہوئے تھے اور سے اس ترکیب سے تھے کہ پیٹ کو تو چھیدا نہیں تھا کیونکہ مر جانیکا خوف تھا۔ دُم اور سینہ وغیرہ مقامات کو چھید کر ڈوروں سے جبے کے ساتھ چسپاں کر دیا تھا اور گردنیں اُنکی چھوڑ دی تھیں کہ جب اُنکو حرکت سے ٹانکوں سے تکلیف ہو تو وہ زبان نکالیں اور لٹکیں اور کلاہ میں دو مینڈکونکو باندھ کر ایسے انداز سے لٹکا دیا تھا کہ وہ خواہ مخواہ سانپوں سے ٹکرائیں اور کاندھے کے متصل پیٹھ پر ایک سمت کو ایک بڑے سے بیولی کی بھی گت بنا رکھی تھی اور اُسکا موہنہ سی رکھا تھا کہ کاٹ نہ کر لیکن سانپ کے محاذی تھا یہ تو آپکا جبہ تھا۔

کیوں ناظرین کوہ نور سچ فرمائیے گا اگر حضور اینجانب وہ کلاہ خلعت آپ کے لئے پارسل پر بھیجدیں تو اُسے زیب دوش بھی فرمائیے گا اور نالایق نابکار تو ناظرین باتمکین کی خدمت میں نہایت گستاخ ہو گیا ہے کہ اس تہتنی کا ملبوس منحوس کہتا ہے کہ ناظرین باتمکین پہنیں نہیں ایڈیٹر صاحب نہیں۔ میری کیا مجال جو خریدار آن کوہ نور کے ساتھ ایسی بے ادبی کروں۔ یہ لباس میں نے ان مفت بروں کے لئے تجویز کیا ہے کہ جنسے اتنا بھی نہیں ہوتا کہ اگر قیمت نہ دیں تو دلالی کر کے کوئی خریدار تیار کریں یا کوئی بڑا سا تجارتی اشتہار بھجوا دیں۔

لاحول ولا قوۃ اس خلل در معقولات سے۔ ان حضرت کے زیب پا جو کفش تھی کیا عرض کیا جاوے کہ ان مسخروں نے نہ معلوم ریچھ اور مگر مچھ کے پنجے کہاں سے پیدا کئے تھے۔ ایک پاؤں میں جو موزہ تھا کاریگر نے ریچھ کے پنجے کی کھال کھینچکر ایسی ترکیب سے سی تھی کہ بس نرا پنجہ ہی پنجہ نمایاں تھا اور اسیطرح دوسری جانب مگر مچھ کا۔

اب آپ کے لباس کا تو حال عرض کر چکا جو بات کہ لایق دید ہو بیان کرنے والا ہزار بیان میں اُسکا نقشہ کھینچنے کی کوشش کرے مگر کیا ہو سکتا ہے لطف دید شنید میں کہاں۔ ان حضرت کی شکل و برزخ کا کیا حال عرض کروں قد و قامت سے تو یہی معلوم ہوتا تھا غیر معمولی جسامت کا انسان ہے اور اگر اس میں کسی قسم کی کاریگری کا دخل ہو تو ہزار تعریف کا وہ شخص مستحق ہے کہ جسنے صنعت کو صورت قدرتی سے ملتا وہ ستم کا لباس پہنایا تھا کہ جو کسی سے تمیز نہو اور جو آپکا چہرہ تھا اس میں بندر لنگور بھیڑیئے سؤر اور کتے ان چاروں جانوروں کے چہروں کی علامات مختلف کو اس خوبصورتی کے ساتھ ملایا تھا کہ چاروں مخلوط اور چاروں علیحدہ علیحدہ نظر آتے تھے اور اُس انبوہ میں کوئی تو کہتا تھا کہ یہ عجیب الخلقت ہی قدرتی صورت ہے۔ کوئی کہتا تھا کہ کسی طرح چہرے کا سانچا کسی کاریگر سے بنوا کر جسطرح ربڑ کی مہریں ڈھالی جاتی ہیں اسیطرح یہ چہرہ بھی ڈھلوا لیا گیا ہے۔ اور اسے موہنہ کے اوپر پہن لیا ہے لیکن صدہا آدمی جھانک جھانک کر دیکھتے تھے کہ کوئی تو

ایسی علامت دیکھیں کہ جس سے یہ تصدیق ہو کہ مصنوعی موٹھ پر لگا رکھا ہے لیکن کوئی ایسی بات نظر نہ آتی تھی اور پھر پھر کر اسی گمان کی تصدیق ہوتی تھی کہ چہرہ قدرتی ہے یا یہ کوئی عجیب الخلقت ہے جو صاحب کہ ان سے گو ہم ردیف تھے انکی کیفیت سنئے آپکا سن وسال کوئی قریب اسی برس کے ہوگا اور رنگ جوانی میں ضرور گورا ہوگا مگر کبرسن کے سبب سے جل کر بھرتہ سے گئے ہوئے بھاڑ میں جھلسے سفید رنگ کے بینگن کا بن جاتا ہے اور چونکہ دانت گر کر گلا پیچ گیا تھا اور گالوں کا گوشت گل کر گالوں کی کھال جبڑوں کے نیچے دونوں جانب لٹک گئی اور چونکہ تھا جوانی میں کوئی زبردست جوان اور گلے کا طول بے عرض بسبب پہلے ہی معلوم ہوتا تھا کہ کوئی گھونٹہ بہا ہے اور وہ جو دائیں بائیں گالوں کی کھالیں تھیلیوں کی صورت دونوں جبڑوں کے نیچے لٹک رہی تھیں اور ذقن وغبغب کا گوشت بھی تحلیل ہو گیا یہ تیسری تھیلی ٹھوڑی کے نیچے لٹک رہی تھی ایک تو ان میں مخروطی تھیلیوں کے لٹک جانے سے موٹھ کی لمبائی بے اندازہ بڑھ گئی تھی دوسرے چہرے کے نیچے تین الٹے سینگوں کی شکل میں تھیلیاں اس سے شکل سخت بھیانک ہو رہی تھی اور ستم بالائے ستم یہ ہوا کہ یا تو آپ قدرتی طور چکوڈھیا پیدا ہوئے تھے یا یہ کہ بڑھاپے کی وجہ سے گلو اور سر کے تالو کے بال گر گئے تھے اور وہ منقش نام چڑیا کی دُم صورت جو ٹھوڑی پر دُم کا پھیلا تھا اس سے چہرہ بھی نہیں مہیب بن گیا ہو بلکہ سخت مضحک تھا اور دہانہ چونکہ فطری طور پر بالکل کشادہ تھا اور اسپر دانتوں کے گر جانے اور گالوں کے پچک جانے سے جو اندر وا واخریدہ ہو گیا تھا اور طوطے کی نوک کیطرح بہت بڑی اونچی بانسے کی ناک تھی وہ موٹھ کے گڑھے کے اوپر گھسی ہوئی آنکھیں اندر کو دھسی ہوئی اور بھوؤں کی چوڑی چوڑی اور اوپر کو ابھری ہوئی ہڈیاں بس بجنسہ مردہ کی کھوپڑی کی مشابہت پیدا تھی اور چونکہ آدمی شباب بے اندازہ دراز بالا اور بار عمر نے جو پیٹھ کی طرف کاندھوں کو دبایا پس پشت کوب نکل آیا اور چونکہ کمسن عورت کے ساتھ شادی کی تیاری تھی چاہتے تھے کہ سینہ تنا رہے کمر تو سیدھی ہو نہ سکتی تھی اس کوشش سے آپ کی گردن میں ضرور تین جگہہ سے خم آجاتا تھا اور بعینہ اونٹ کے کوہان کی کیفیت پیدا تھی اس بیچارہ کے ساتھ بوڑھاپے اور قدرت نے دل لگی کی تھی سو کتی لوگوں نے یہ ستم کیا تھا کہ اس ڈھیدار سفید داڑھی کو لکڑی رنگنے کے سبز رنگ سے لتھیر کر سینگ کی وضع سوت دیا اور یہ معلوم ہوتا تھا کہ داڑھی نہیں ٹھوڑی پر سبز رنگ کی میخ ٹھونک دی ہے اور وہ جو پچکے ہوئے گالوں اور غبغب کی تھیلیاں لٹک رہی تھیں ایک کو کالا ایک کو گلنار سرخ اور ایک کو سفید رنگا تھا اور موچھوں کی جگہہ بکری کی دمیں دو مختلف رنگ کی لگا دی تھیں

اور بھیٹر کی پشم کتر کر سرخ رنگی رنگ کر انگل سوا انگل اونچی اور اسیقدر چوڑی گوند کی مدد سے بھویں جمائی تھیں اور توے کی سیاہی میں تیل ڈال آنکھوں کے اوپر صورت بادام دو بیضاوی لکیریں اس شکل کی کھینچیں تھیں کہ دو کمانوں کے گوشے ملاکر آڑے رکھ دی ہیں اور کانوں کو کھریا سے یا سفیدہ کاشغری کے روغن سے سفید کر دیا تھا اور باقی تمام مونہہ کو بہی دانہ کے لعاب میں کچھہ گلنار و کچھہ اودی پڑیا ملاکر رنگا تھا جس سے شکل بیطرح بھیانک و مضحک بن گئی تھی اور گھٹنوں تک پہنچے دونوں ہاتھہ کے اور پاؤں شتر مرغ پڑیا کی رنگ میں ربی مانند کا لعاب ملاکر خوب گاڑھی رنگی گئی تھی گویا بہیر معلوم ہوتا تھا کہ شترمرغ دستانے اور موزے پہنے ہوئے ہے۔ اب اس شکل و صورت پر انکا لباس ملاحظہ کیجئے جیسی برازنگی ہندوستان میں ٹوپی نما گول پگڑی ہوتی اور ایک قسم کی بمبئی ولایت سے ٹوپی آتی ہے کہ جس کا کنارہ خوب موٹا اور رولر کی طرح گول ہوتا ہے اور چندوا پیالی کی شکل سر سے چپکا ہوا ہوتا ہے۔ بس یوں سمجھہ لو کہ چندوے سے خالی گھیرا تھا اور گھوڑے کی پرانی چمڑے کی اندھیری ہی مونہہ کے محاذی نصف دایرہ میں لگی ہوئی تھی گویا وہ سہرے کی قایممقام تھی اور پیشانی مبارک کے اوپر لکھنو زنانہ پرانے گھیتلے جوتے کی ایک پوای اس ترکیب سے لگی تھی کہ ایڑی کی طرف سے جوتے کا مونھ باہر کی جانب کیا ہوا اور ٹیڑھی نوک اوپر کو کھڑی ہوئی اور اُس نوک میں کچھہ مرغ کچھہ کرگس کے کچھہ الو کے اور کچھہ گدھ کے پر ملاکر ایک چوٹی لگی ہوئی تھی اور اس کے اوپر ایک بڑھیا کوئی پچاس روپیہ لاگت کی ٹوپی بھی سر کے تالو پر رکھی ہوئی تھی اور گلوے مبارک میں چھوٹے اور بڑے بڑے موتیوں کا مالا زیب گلے تھا اور سرخ جالی کا انگرکھا اور بدلی گوٹ کا پائجامہ پہنے ہوئے تھے اور غارت دولہا انہی کا نام نامی تھا اور انہی کا خطاب والقاب گرامی تھا اور وہ جو دوسرے صاحب اُن کے ہم ردیف تھے دریافت کرنے سے معلوم ہوا کہ آپ حضرت دولہا میاں کے چچا جان ہیں اور غارت دولہا فرط سعادتمندی سے ہمیشہ انکو چچا منحوس الدولہ کے نام و لقب سے یاد فرمایا کرتے ہیں اور وہ اپنے سعادتمند بھتیجے کو گھوڑے پر سوار کر کے بیاہنے جاتے ہیں اور شفقت پدری سے چچا جان خود بہ نفس نفیس اسی میں بیٹھے ہیں۔

منحوس الدولہ کے ہاتھ میں جو چنور تھا اُس کا دستہ بیل کے سینگ کا تھا شاید قصابوں نے پھینک دیا اور کہیں گھر کے پچھواڑے سے اُٹھا لائے ہوں اس میں گدھے کی دُم نصب تھی اور اس دُم کے اردگرد دو چار طاؤس کے پر باقی سب ناپاک و منحوس جانوروں کے پر و بال لگے ہوئے تھے یہ چنور غارت دولہا کے سر پر جھلا جاتا تھا۔

ایک جم غفیر اس برات کے ہمراہ تھا اور یہی براتی اور یہی تماشائی تھے ایک زنخا بھی ناچتا جاتا تھا اور اس وقت چچا جان نے جو بھتیجے کو قواعد خانہ داری تعلیم کئے اس قابل ہیں کہ آب زر سے لکھے جائیں اور گو بظاہر جو بات تھی مذاق تھی لیکن پیرانہ سالی میں جن کو شادی بیاہ کی ہوس ہوتی ہے اور جورو کے ہاتھہ سے جو ذلتیں نصیب ہوتی ہیں گویا ہر فقرہ بجائے خود اُن ذلتوں اور شوہر کی دلی کوفتوں کا لب لباب تھا

بھیڑ کی یہ کیفیت تھی کہ اس انبوہ میں انسان تو کیا ہوا کا گذر نہ تھا اور اس سڑک پر جہاد کے مقام سے آدھ آدھ میل تک آگے پیچھے اژدحام کی یہ کثرت تھی کہ اگر تھالی پھینکو تو زمین پر نہ گرے آدمیوں ہی کے سروں پر ناچتی چلی جائے اور یہی کیفیت بازار میں دونوں طرف مکانات و بالاخانوں اور کوٹھوں کی تھی کوٹھے تو کوٹھے جب تماشائیوں کو کہیں جگہ نہ ملی تو سفالہ پوش مکانات پر چڑھ گئے اور مطلق یہ خیال نہ تھا کہ کھپریل کا نقصان ہوگا یا کھپریل نیچے گر کر اپنے ہاتھ پاؤں ٹوٹیں گے اور شدت ہجوم سے جلوس کا چلنا محال تھا قدم قدم پر رک جاتا تھا اور چچا منحوس الدولہ اپنے بھتیجے غارت دولھا خون حرام جان کے درمیان مندرجہ ذیل جواب و سوال ہوتا تھا۔

غارت دولھا ۔ اوں اوں ہا ایں ایں ٹھسٹ ٹھسٹ (کچھ بزور اور کچھ بہ آہستگی رونے کی آواز) ۔

چچا منحوس الدولہ ۔ بھتیجے کیوں روتے ہو؟

غارت دولھا ۔ چچا جان ابھی میری عمر ہی کیا تھی صرف ستتر یا پانچ چھہتر برس کی دودھ کے دانت ٹوٹے ہیں اور نئے دانت نکلے نہیں آپ کو شک ہو یہ دیکھئے ۔ میاں دولھا نے جھٹ پھاڑ سا منہ کھولدیا اور دونوں ہاتھوں سے لب بالائی و زیریں کو کھولکر چار طرف دانتوں سے خالی مسوڑھے کھولکر خچر کو چار طرف پھیر کر اپنا دہانا تماشائیوں کو دکھا کر یہ کہا کہ لوگو کسی کو رت اوندھی آتی ہے چچا جان کو چونکہ دن آندھی آتی ہے انکو نظر نہیں آتا خندہ آپ لوگ تصدیق کردیں کہ میرے مُنھ میں کوئی دانت ابھی تک نکلا ہے ۔

تماشائی ۔ یکزبان ہوکر کوئی نہیں حضرت بالکل ٹھیک ہیں ۔

منحوس الدولہ ۔ اے ناخلف یہ کیا رت اوندھی یہ تو تو نے ٹھیک کہا یہ کیا کہا کہ چچا جان کے دن اندھی آتی ہے ۔ بازی بازی باریش بابا ہم بازی آپ چچی کا عیب نابینائی بھی نہ چھپایا گیا ۔

غارت دولھا ۔ یہ ظاہر ہو گیا تو بلا سے کہ چچی اندھی ہیں مگر صحت لفظی کتنی بڑی ہوگئی رت مخفف رات اوندھی غلط اندھی معنے کور شب کور مگر چونکہ وہ غلط العام تھا لیکن محاورہ میں کسی کا چارہ نہیں غلط العام فصیح ولیکن دن اندھی میرا خانہ ساز فقرہ تھا میں اس میں کیوں غلطی کرتا ۔

منحوس الدولہ ۔ او ناسعادتمند تو تو ابھی بے دانت کا بچہ بنا جاتا تھا یا یہ لعنت دانی کہاں سے سیکھی ۔

غارت دولھا ۔ مجھے علم لدنی ہے ۔

منحوس الدولہ ۔ ابے او مخبط کفر نہ بک تو لغت دان کہاں سے بن گیا ۔

غارت دولھا ۔ یہ بھی میرا ہی معجزہ ہے کہ اس ننھی سی عمر پر تم مجھے بیاہنے چلے ہو ۔ اوں اوں ایں ایں ٹھسٹ ٹھسٹ (وہی رونے کی آواز) ۔

منحوس الدولہ ۔ بیٹے یہ خوشی کے موقعہ پر کیوں روتے ہو ۔

غارت دولھا ۔ اوں اوں ۔ آں آں ۔ آپ اس خندہ سی عمر میں میری گردن پر جو بار عیالداری

لادتے جاتے ہیں کیوں؟

منحوس الدولہ - برخوردار حیات مستعار کا کچھ اعتبار نہیں تمہارے باپ غریق لعنت کی یہ آرزو نہ بر آئی کہ تمہارا سہرا دیکھنا نصیب ہو کہیں ایسا نہ ہو کہ میں بھی موت کا ٹیٹوا دباؤں چونکہ کلمہ نحس اپنی نسبت کہنا مناسب نہیں میں نے یہ نہیں کہا کہ کہیں موت میرا ٹیٹوا دبائے۔ غرض خواہ میں موت کا خواہ موت میرا ٹیٹوا دبائے قبل اس کے کہ مروں یہ تمنا بر آئے کہ بھتیجے کا سہرا دیکھوں اور تمہارے باپ میرے بھائی مغفور دوزخ نصیب نے جو وصیت کی تھی اُس کے بارے ادا ہوں۔

غارت دولہا - آپ بار وصیت سے ہلکے ہوتے ہیں بار عیالداری مجھ پر لادتے ہیں۔

منحوس الدولہ - سہارا میں دونگا۔

غارت دولہا - کس کس وقت کس کس موقع پر۔

تماشائیوں نے ایک قہقہہ لگایا۔

منحوس الدولہ - سخت ناخلف ہو بزرگوں سے بھی نہیں چوکتے اور باراتیوں کی طرف متوجہ ہو کر کہا حضرات نے دیکھا بچہ کیا طبیعت دار ہے۔ وہ بڑا اچھا ہے جو بھتیجے کو چپت رسید کی یہ اس کا تڑاخہ ہوا۔

(بھڑا بھتیجا جو چچا پر چپت کی آیا یہ اُس کا بھڑاکا تھا)۔

منحوس الدولہ نے اہل بارات کی طرف متوجہ ہو کر کہا کہ حضرات نے دیکھا بچہ کے زور بازو کو کیا چپت پڑتی ہے ماشاء اللہ ہونہار ہے اور اس جملہ پر تماشائیوں نے پھر ایک فرمایشی قہقہہ لگایا۔

اور غارت دولہا کی طرف متوجہ ہو کر فرمایا کہ بیٹا گھبراؤ نہیں ہر موقع پر گھبراؤ نہیں اور چند گر بتلاتا ہوں اگر انکو اپنا دستور العمل زندگانی بناؤ گے یہ نوبت ہی نہ آئے گی کہ مجھی کو مدد دینے کی ضرورت پڑے مددگاروں کے پرے کے پرے خود بخود موجود رہیں گے۔

غارت دولہا - ارشاد۔

منحوس الدولہ - یہ مثل تم نے سنی گربہ کشتن روز اول۔

دھڑ د چپت کا تڑاخا - آپنے بھتیجے کو چپت لگائی۔

غارت دولہا - حضرت سُنی تو ہے لیکن آپ تو اس زور سے چپت لگاتے ہیں کہ یہ اندیشہ ہے کہ نتھنوں کی راہ سے مغز نکل جائے اور مغز کے ساتھ آپ کی نصیحتیں بھی نکل جائیں۔

منحوس الدولہ - بیٹے گھبراؤ نہیں۔ ٹھوک ٹھوک کر مغز میں بھرتا ہوں کہ نکلنے نہ پائیں اور دوسرا یہ مقصد ہے کہ بھتیج بہو کی چپتگاہ ٹھوک پیٹ کر درست کرتا ہوں۔ اس میں دوہرے فایدے ہیں۔ ایک تو یہ کہ چپتیں کھاتے تمہارے سر کو چپت سے زیادہ سخت پاپوشکاری کی مشق ہو جائے دوسرے یہ کہ جو تمہارے تالو پر تھوڑے سے بال باقی رہ گئے ہیں ان کے سبب سے چپت کا جیسا چاہیے تڑاخا نہیں ہوتا اور جو تمہاری بیوی نے آکر پاپوش بازی کی اور اچھی طرح آواز نہ ہوئی تو اس شبہہ سے کہ تمکو چوٹ نہیں لگی بجائے پاپوش کے سل بٹے سے تمہاری خبر لے اور جان کی نوبت

ابھی سے تمہاری حجامت کرکے سر کو صاف چٹ بنائے دیتا ہوں کہ ہلکا سا ہاتھ بھی پڑ جائے۔ تو وہ بھڑاکا ہو کہ بیوی صاحب کو چپت کارگر ہونے کا اطمینان ہو۔ اور دیکھو یہ دخل در معقولات اچھا نہیں تم کیسے بودے ہو ذرہ سی چپت کے صدمہ کے لئے بات کا مزہ کھوئے دیتے ہو جو نصیحت کہ مار سے خالی کیجاتی ہے وہ بھول جاتی ہے اور جو مار کے ساتھ ہوتی ہے چونکہ چوٹ کے معاوضہ میں حاصل ہوتی ہے کبھی فراموش نہیں ہوتی۔ اور مجھ سے بہادر کا بھتیجا اور چوٹ مردانہ وار سہنے میں ایسا کچا اور خدا جنت نصیب کرے تمہارے والد مغفور کو کہ ایک ایک بیٹھک جلسہ میں گن کر دو دو سو چپتیں اور پانچ پانچ سو جوتے پٹ گئے لیکن مجال نہ تھی کہ اس بہادر کے تیوری بل آئے۔ اسی خندہ پیشانی سے سوال جواب کیے جاتا تھا ایک نالایق تم ہو کہ دو چپتوں ہی میں چیں بول دئے وہ بیٹا کیا جس میں باپ کا اثر نہ ہو مثل مشہور ہے۔ تخم تاثیر صحبت کا اثر۔ ذرہ لوگ تو دیکھیں کہ تمنے کھوپری کی مضبوطی کہانتک ترکہ پدری میں پائی کر

غارت دولہا۔ بہت خوب چچا جان ایسی خطا پھر کبھی نہ ہوگی لیکن میں نے اماں جان زندہ در گور سے یہ بھی تو سنا تھا کہ والد طول عمرہ مرحوم کی ہتھیلیاں کھوپری سے کچھ کم مضبوط نہ تھیں جسطرح کھوپری چپتیں کھانے میں پتھر کیطرح بالکل بےحس ہو رہی تھی۔ ہاتھ بھی فولادی تھے۔ جہاں مجھے ترکہ پدری میں چپتیں کھانے کے لئے فولادی کھوپری ملی ہے وہاں دھولیں لگانے کے لئے ایک ہتھیلی ہے

اژدھاتی ہاتھ بھی عطا ہوئے ہیں دونوں کا نمونہ دکھاؤنگا۔

منحوس الدولہ۔ (دل میں یہ سُنکر گھبرائے کہ ہے دیوانہ مگر بکار خود ہوشیار کہتا ہے۔ بیٹے کی اپنی کھوپری کی بھی خبر نہیں لیکن اسے اس خیال سے ٹالنے کے لئے) بھئی تم نے پھر دخل در معقولات کیا۔ میں ابھی دستکش تمہاری بیوی کا بار تمہیں پر ڈالدونگا۔

غارت دولہا۔ کیا آپکا یہ بھی ارادہ تھا کہ بیوی کا بار آپ اٹھا دیں۔

منحوس الدولہ۔ تم تو بات بات میں پچ نکالتے ہو۔ ایک ہی سہی وہ بار تھا تا جب بھی خیر تھی۔ اور کتنے تمہاری بیوی کا بار اٹھانے میں تمہارا ہاتھ بٹائیں گے ہیں۔ تو یہ کہتا تھا کہ اگر ایسا ہی دخل در معقولات کروگے تو وہ دستور العمل عیالداری نہ بتلاؤنگا۔

غارت دولہا۔ چچا جان آپ وہ دستور بتائیں اور بتلائیں! اور نہیں بتلاتے تو بھتیجہ بہو کو آپ ہی لے جائیے۔ بندہ ابھی اس بار سے دست بردار ہوتا ہے۔ اور میری توبہ جو میں آگے دخل دوں۔

منحوس الدولہ۔ میں کیا کہتا تھا۔

غارت دولہا۔ گربہ کشتن روز اول۔

منحوس الدولہ۔ شاباش خوب یاد رکھتے ہو دیکھی بھتیجے چپت کی تاثیر کہ جو بات ایکدفعہ دماغ میں ٹھوک کر بھری تھی دیکھو کیسی وقت پر نکلی لو اب میں وہ دستور العمل بیان کرتا ہوں۔

۱- جیسے ہی صبح کو اُٹھو جھک کر بیوی کے قدمبوس ہونا اور بکمال ادب فرّاشی سلام کرنا اور یہ کہنا بی صاحبزادی بیگم امّاں اور جب کہنا یہی بات کہنا۔

غارت دولہا۔ وہ جو رات بھر قدمبوسی کی وہ کافی نہ تھی جو علی الصباح پھر اسی کی ضرورت ہو۔

منحوس الدولہ۔ بیٹا رونا تو اسی کا ہے کہ رات کو تم سے قدمبوسی ہو ہی نہ سکیگی۔ فعلی قدمبوسی کا عوض قولی قدمبوسی ہی سہی کسی طرح تو اُس کا جی ٹھنڈا ہو اور کیوں بیٹے تم نے پھر دخل دیا۔ جو پوچھنے کی بات تھی وہ نہ پوچھی کہ بیوی بھی کہا صاحبزادی بھی کہا طولعمرہ بھی کہا جو چھوٹوں اور فرزندوں کو دعا دیا کرتے ہیں یہ تین متضاد خطاب کیسے۔ نالایق کودن گاودی۔ سُن اس میں کیا حکمت ہے۔ بیوی تو بیوی وہ ہے۔ صاحبزادی یہ کلمہ دعائیہ ہے کہ ہمیشہ دعا میں استقبال و حال کو ماضی محقق الوقوع کے ساتھ تعبیر کیا کرتے ہیں یہ بشارت اولاد ہے۔

غارت دولہا۔ صاحب زادہ کیوں نہ کہا بیٹی سے بیٹا اچھا۔

منحوس الدولہ۔ او بیوقوف تو نے نہیں سُنا اَلجِنسُ اِلَی الجِنسِ یَمِیلُ۔ جب بیوی عورت زاد ہے تو جب تک بیٹا نہ ہو اُس وقت تک بجائے بیٹے کے بیٹی کے نام سے اُسے زیادہ تر تسکین قلب حاصل ہوگی اور جب تک اولاد ہو خود اسکی ماں ہی کو اولاد کے نام سے پکار لیا اور جب یہ ایک دفعہ مسلّم ہو گیا کہ بیوی کو اولاد کے نام سے پکارا گیا تو اولاد کے نام کے ساتھ کلمہ دعائیہ طولعمرہ کہنا لازم آیا۔ ابے سُنا تو نے فعل الحکیم لا یخلو عن الحکمۃ حکیم کا کام کبھی خالی از حکمت نہیں ہوتا۔ دھڑ دھڑ دو ہی چپت کی آواز)

قہقہہ قہقہہ! اخاخاخا تماشائیوں نے اس جملہ پر وہ فرمایشی قہقہہ مارا کہ سارا بازار گونج گیا۔

غارت دولہا۔ آپ تشریحیں اتنی کرتے ہیں کہ سارا مطلب خبط ہو جاتا ہے۔

منحوس الدولہ۔ مرحبا جان عمو مرحبا بزرگوں کی نصیحت ایسی توجّہ اور بے صبری کے ساتھ سُننی لازم ہیں۔ لو سنو دوسرا اصول مگر دخل نہ دینا۔

۲- جو تم نے کمائی کر کے جورو کو کھلایا کیونکہ اس پچھتر برس کی ننھی مُنّی سی عمر میں شادی بھی کرنا اور جورو کو کمائی بھی کھلانا ڈبل احمق بننا ہے چہ۔ جورو کو تو یوں ضایع کیا کہ ایسی صغر سنی میں شادی کی اور کمائی یوں ضایع کریں کہ خود مشقت کر کے چار پیسے کمائیں اور جورو کے ہاتھ سے دوسروں کو کھلائیں۔ اگر تم نے جورو کی کمائی کھائی جب تو ہم تمہارے چچا اور تم ہمارے بھتیجے۔ تمہارے باپ اپنے باپ تمہارے دادا کی سُنّت پر چلتے تھے کہ تمہاری امّاں مرحومہ نور چشمی مدعمرہ سر شام گھر سے سیر کو تشریف لیجاتی تھیں اور وہ جنّتی کیا لایق تھی کہ گھر سے جاتی تھی خالی ہاتھ اور کبھی خالی ہاتھ

واپس نہ آئی۔ اگر آدھی رات کو بھی لوٹی تو روپیہ دو روپیہ کی چونیاں اٹھنیاں مٹھائی کی نالد دونے پیدی کی ٹوکریاں۔ بالائی کے پیالے ہر فصل کے پھول کے گہنے ، عطر وغیرہ کھانے پینے پہننے کی دس چیزیں ہمراہ لاتی تھی اور اگر کبھی ایسا اتفاق ہوا کہ تمام شب باہر بسر کی تو صبح کو لامحالہ پانچ پانچ دس دس روپیہ اور کپڑوں کے تھان اور قیمتی زیور ساتھ ہوتے اور تمہارے باپ مرحوم نے مدت العمر کبھی اپنے ہاتھ سے گھڑے سے پانی بھی اونڈیلا۔ بھابی جان کی بدولت گھر میں ایک امیر کے دربار کی سی کیفیت رہتی تھی ہر عمر اور ہر درجہ کے انسان کا جمگھٹا رہتا تھا اللہ اللہ کیا خلق تھا کہ عورتیں تو عورتیں مرد اُن کے دیوانے تھے۔ اور ایک اس وقت کے نکھٹو اور نالایق مرد کہ آپ مریں سر کا پسینا جب تک پاؤں تک نہ آئے چار پیسے نہ ملیں اور اس محنت شاقہ سے پیدا کئے ہوئے پیسے کو وہ جو اژدہا سے خونخوار آدمی صورت جنگلین آباد گھروں کی زندہ چڑیلیں بیوی نام خصم کام اور دین مجسم قہر الہی سر پر مسلط ہیں لائیے اور سعادتمند نے اُن کے ہاتھ پر رکھ دیا اور وہ مالک مختار ہیں جو چاہیں سو کریں پرائے مال پر دیدے لال اگر نکھٹو نے کہیں کسی شوق ذاتی میں دو چار پیسے کھو دئے بیوی ہیں کہ بلا کی طرح چپٹ گئیں بیچارے کی پیچھا چھڑائے نہیں چھوٹتا۔ یہ پرانے زمانے کی وحشت ایسے بیجا دستور اس ہی روشنی کے زمانہ میں موافق وقت نہیں ذرا یاں فرنگ کو دیکھو کہ جن کی جوروان کسی کارگہن و مستعد میں جب تجربہ سے دیکھ لیا کہ یہ نام سرایت سیم اندام لعبت نزاکت بلا تشبیہ مجسم پری نژاد انگریز نہیں کیا عورت نہیں اور دنیا میں مردوں کے کرنے کا وہ کونسا نرم و سخت کام ہے جو یہ نہیں کرتیں گھوڑے یہ دوڑائیں۔ علمی امتحانوں میں مردوں کو مات دیں تو ان ہندوستانی عورتوں میں ایسے کیا سرخاب کے پر لگے ہیں کہ ہم مرد بیچارے جان کھپائیں اور ان کو بیٹھے بٹھائے کھلائیں۔ مردوں کے لئے یہ توالد و تناسل سے متعلق خدمت کیا کم دشوار فرض ہے۔ کہ باقی امور خانہ داری اور تردداتِ معیشت کا بوجھ بھی ہمارے ہی سر ہے۔ سیاست مدن میں تقسیم محنت کے بیان میں تو دیکھو یہ عورتیں کوئی کام نہ کریں صاحب کیوں نہ کریں جیسے تمہارے باپ تمہارے دادا کی سنت پر چلے تھے تم اپنے باپ کی سنت پر چلنا۔ کہ اور ایک وقت وہ آئے گا کہ قوم میں نیکنامی ایجاد تمہارا حصّہ ہوگی ان عورتوں کے پنجہ عذاب سے مردوں کو آزاد کرنا تمہارے کارنامۂ زندگانی میں ایک خاص چمکتا ستارہ ہوگا۔

تڑ دہی چپت کی آواز۔

۳۔ جو شخص کہ تمہارے نام سے دروازہ پر آکر آواز دے اور تم دیکھو کہ وہ تمہارا قرضکار نہیں ننہار جو کبھی بیوی سے یہ سوال کیا کہ ایک

اجنبی شخص نے تمہارے دروازہ پر کیوں آواز دی اس میں تمہاری کتنی بڑی ناموری ہے۔ کہ تمہارے گھر پر تمہیں وہ لوگ آواز دیں کہ جو تمہارے دیدہ ہیں نہ شنیدہ۔ زیادہ تفحص سے دل کو پریشان نہ کرنا۔

غارت دولہا۔ کیوں حضرت بہت سے لوگوں کا قاعدہ ہوتا ہے کہ مرد کے نام سے دروازہ پر آواز دیتے ہیں اور ہوتا ہے کام بیوی سے۔ یہ کیوں نہ دریافت کرے۔ کہ وہ آواز دینے والا کون ہے اور گھر پر آواز دینے سے کیا غرض تھی۔

منحوس الدولہ۔ آپ بھی نرے پیر نابالغ ہیں۔ او نادان جس کا نام فلسفی اور نیک خصلی ہے اس کا مقتضی یہی ہے کہ زندگانی میں خواہ کیسی ہی تلخ و درشت بات پیش آئے اُسے خواہ مخواہ اچھے معنوں پر محمول کرے اور زندگانی بہ آرام بسر کرنے کا یہ بہت بڑا گر ہے اور جو شخص کہ ہر بات میں برے پہلو کو پہلے دیکھتا ہے ہمیشہ اُس کی زندگانی بہ تکلیف گذرتی ہے۔ اسی معاملہ کو لو کہ تمہارے نام سے کسی شخص نے تمکو پکارا اور درحقیقت اُس نے اسی غرض سے پکارا کہ اگر تم گھر پر نہ ہو تو تمہاری بیوی سے جس کام کے لئے آیا ہے اُسے طے کرے اور اگر ہو تو تم سے دو چار اِدھر اُدھر کے بہانے کر کے چلدے اور تم کو یہ عادت ہے کہ ہر بات میں پہلے جانب بدی کو دیکھو۔ تم نے دل کو تشفی دی کہ دنیا میں ہزاروں لوگوں سے ملاقات ہے کبھی نہ کبھی انسے ہم اجنبی تھے اور ملاقات پیدا ہونے کی ہزار صورتیں ہوتی ہیں تم تمہارا دل کسقدر صدمہ و رنج سے بچگیا اور اگر تم بدظن ہو تو تمکو مفت کا ایک خلجان پیدا ہوا اور تمہاری بیوی کریں گی وہی جو انکے مزاج میں آویگا۔

۴۔ اگر کوئی اہل معاملہ مثلاً قرضخواہ یا باقیدار تمہارے دروازہ پر تقاضے کو آئے اور خود تمہاری بیوی تم سے فرمایش نہ کرے تو خبردار تم اس گفتگو کے لئے پیش قدمی نہ کرنا۔ تم سے زیادہ عمدہ و سلاست کے ساتھ تمہاری بیوی وہ معاملہ طے کرے گی جو اُسسے تمہاری بیوی کی مروّت ہوگی وہ تمہاری نہ ہوگی۔ چونکہ تم مُحبتی ہو پوچھو گے کیوں میں کہونگا کہ ان عورتوں کے پاس نقش لبست ہے۔ تم پوچھو گے کہاں ہیں جو اسکا جواب ہے گو وہ نہ دیکھوں وہ نقش لبست کی جگہہ نہ بتلا سکوں لیکن یہ ضرور کہونگا مجسّم نقش لبست ہیں۔

۵۔ قصائی میوہ فروش ٹھٹھیرا۔ بزاز۔ حلوائی۔ بساطی۔ گندی وغیرہ جتنے پھیری سودا بیچنے والے آئیں کہ اگر خود ہی بیوی صاحب کی فرمایش نہ ہو تو زینہار جو تم نے خود سودا لیا یاد رکھنا کہ گھٹی میں رہو گے اور جو وہ لیں گی کم ازکم دو چند کی کفایت ہو اور یہ بھی عجب نہیں کہ سودا بلا قیمت ملجائے اور ساتھ ہی سودے والا بے تنخواہ نوکروں کے زمرہ میں داخل ہو جائے اور کام کاج کو ایک مفت کا آدمی ملے۔ تم پوچھو گے کیوں میں کہونگا یوں کہ عورتیں خود ایک

درخشنی ہندسی ہیں۔ دیبی لچھمی یا دولت کے نام کی بھوپ ہیں اور نظامی گنجوی کا یہ مشہور مصرعہ ہے کہ زر نمی گنجد در جہاں گنج ما یاد رہے۔

۶۔ اگر کوئی تمہارے دروازے پر آواز دے اور اُس کی آواز سُنتے ہی تمہاری بیوی بول اُٹھیں کہ وہ ہو یہ بھیا ہیں یا وہ ہیں چچا جان ہیں۔ ماموں ہیں۔ سالے ہیں۔ چھوٹے چچا ہیں یہ ہیں وہ ہیں۔ اگر چاہتے ہو کہ بیوی تمہارے حق میں برکت موجب خانہ آبادی بنیں اور برکت سے تمہارے حق میں لعنت الٰہی نہ بن جائیں اور خانہ آبادی سے وہ باعث خانہ ویرانی نہ بنیں تو میری اس نصیحت کو یاد رکھنا کہ ایسے معاملات میں بیوی کے قول کو وحی آسمانی جاننا تا بہ زنکہ صریحاً تمکو معلوم ہو کہ نزدیک یا دور کے رشتہ تک نہیں لیکن تم یہی جاننا کہ صلہ رحم ہے اگر واسطہ رحم نہیں تو اُسے تمہاری بیوی نے کیوں گھر پر رشتہ دار کے نام سے بلایا یاد رہے کہ ایسے معاملات میں بیوی کی آنکھ دیکھنا اپنی بند رکھنا بیوی کے کان سے سُننا اور بیوی کی زبان سے بولنا اگر تم اعتراض کرو کہ یہ کیوں دیکھو دانایان فرنگ کیوں اُن کی اصطلاح میں جورو کو — ہاف half [illegible] یعنی عمدہ نصف حصہ جسم کہتے ہیں سنسکرت و بھاشا کی قدیم کتابوں میں بھی نام ہے ادھانگی یعنی نیم بدن اور شرعاً طبعاً یہ بات ثابت ہے کہ ازدواج سے دونوں کا جسم و جان ایک ہو جاتا ہے۔ اور اگر تم نے زیادہ پوچھ گچھ کی تو مثل مشہور ہے جتنا چھانو اُتنی ہی کرکری نکلتی ہے

غارت دولھا۔ جب سارے کام بیوی کے اعضا سے کئے گئے دیکھے اُس کی آنکھ سے سُنے گئے اُس کی کان و زبان سے تو یہ بھی کیوں نہیں کہتے کہ کھائے پئے بھی اُس کے منھ سے جب پیشاب پاخانہ پھرنا ہو تو کیا کرے کہے بیوی میرے بدلے تمہیں پاخانہ پھر آنا تم ہی میرے بدلے پیشاب کر آنا۔

منحوس الدولہ۔ کیوں بھتیجے یہی دخل در معقولات و طرح چپت رسیدگی۔

۷۔ اگر کبھی تمہاری بیوی تمہارے سامنے معہ بچوں کوئی ایسا کھانا رکھ دیا کہ جس کے پکوانے کی تم کو مقدرت نہ تھی یا تم نے جس کا سامان لاکر نہیں دیا یا یہ کہ تمہارے علم و یقین میں جو نہیں لایا گیا یا از قسم حلوا سوہن یا شیرینی و میوہ وغیرہ بچوں کو کھاتے دیکھنا خبردار زبان بند رکھنا جہاں تم نے اتنا پوچھا کہ یہ کہاں سے آیا تمہارا ہی نقصان ہوگا۔ تم محروم رہو گے اور وہ تو چکھینگی ہی۔ علی ہذا القیاس اگر بیوی کو کوئی عمدہ اور بیش کپڑہ یا زیور پہنے دیکھنا اول تو عقلمندی اس میں ہے کہ آثار بشاشت چہرہ پر ظاہر کرنا اور دو کلمات تعریف کہہ دینا کہ واہ بیوی کیا گرہست ہو کہ بہت تھوڑی آمدنی میں انتظام خانہ داری بھی اُجلا رکھا اور چار چیزیں بھی بنائیں اور اگر دیکھو کہ اتنا حوصلہ نہیں رکھتے کہ ایک خیال ترش کو خوبصورتی کے ساتھ چھپا جاؤ تو خبردار خبردار کوئی کلمہ تحقیق و دریافت جو منھ سے نکلنے پایا

اگر اچھا نا زبان پر آنے کو ہو تو زبان دانتوں کے نیچے داب لینا۔ اگر اس نصیحت پر عمل کرو گے تو اس میں دو فایدے ہوں گے ایک تو تمہاری اہلیہ تم سے نہایت رضامند ہونگی اور دوسری عورتوں کے سامنے تمہاری تعریفیں ہونگی تم کو کہیں گی کیا میاں آدمی ہے بھولا بتلائیں گی۔ دوسرا یہہ کہ اُس کے دل سے جو دغدغہ جاتا ہے گا سرمایہ کو پوشیدہ نہ کر سکیگی۔ اگر کبھی تم سے بگاڑ ہوا اور تم عقلمند ہوئے تو بیوی کے جاتے جاتے جلی قدر حیثیت تمکو اچھا خاصہ سرمایہ دوسرے کا کمایا دوسرے کا جمع کیا ہوا مفت میں ملجائے گا اور تیسرا یہ فایدہ کہ جب تک وہ نیک بخت تمہارے گھر میں رہینگی آراستہ پیراستہ رہینگی محلہ میں تمہاری حرمت و وقعت بڑھیگی۔

۸ — جب کبھی تمہاری کسی نئے شخص کے ساتھ ملاقات ہو اور وہ ہو بھی حسین و جوان و شوقین اور تم اُسے اپنے گھر پر بلاؤ یا وہ خود تمہارے گھر آئے تو پہلے روز تو اُسے گھر سے بہت دور بٹھانا اور پردہ کا نہایت سختی کے ساتھ اہتمام کرنا۔ یہ اس غرض سے کہ جتنا تم پردہ کا زیادہ انتظام کرو گے اُتنا ہی اُس مہمان کے دل میں یہ خیال پیدا ہو گا کہ ضرور کوئی جواہر ہے کہ جس کے چھپانے کا اتنا خیال ہے اور اس سے اشتیاق بڑھے گا۔ اور جس وقت کہ تمہارے گھر کے لوگوں سے سلسلہ آمد و رفت جاری ہو گا تو پہلے پردہ کی عظمت سے اُس کے دل میں قدر بڑھے گی۔ لیکن ساتھ ہی یہ بھی کرنا کہ اس مہمان سے یہہ کہہ دینا کہ بیگم صاحب آپ کو سلام دیتی ہیں اور مزاج پوچھتی ہیں اور دوسری مرتبہ جو وہ شخص آئے ایسی جگہ بٹھانا کہ بیگم صاحب اصالتاً اُس مہمان سے صاحب سلامت کر لیں بلکہ پان بھی اپنے ہی دست مبارک سے دیں۔ بھتیجے اگر تم نے میری اس نصیحت پر عمل کیا تو یاد رکھنا کہ محلہ میں جہاں تم رہتے ہو تمہارا پلہ بھاری ہو گا تمہارے دس طرفدار جہاں جاؤ گے پیدا ہو جائیں گے اور کار و بیکاری دونوں میں بفراغت بسر ہو گی۔ اور اگر کہیں آپ نے بے حوصلگی کو دخل دیا تو یاد رہے کہ جتنے آپ کی بیوی کے حامی و مددگار ہوں گے اُتنے ہی آپ کے دشمن اور آپ کی کمائی میں برکت ہو گی اور عجب نہیں کہ آپ کی بیوی کو کوئی ایسا مرض لاحق ہو جائے کہ جسکی علامتیں ظاہر نہ ہوں اور ہمیشہ آپ کو بیوی کے دوا درمن میں حیران ہونا پڑے اور حکیم و ڈاکٹر بلانے پڑیں اور آپ کی بیوی دل میں ہنسیں کہ بھر طرح سے تم نے بڑا پردہ کیا تھا مگر میں نے بھی وہ مجبور کیا کہ اپنے پاؤں حکیموں کو بلا کر لایا اور غیر مردوں کے ہاتھ میں میرا ہاتھ دیا۔

۹ — جس جگہہ تمہارا گھر ہو اور اُس محلہ کے نوخیز جوانوں ہمسایوں کے ساتھ تمہاری بیوی بھائی خالو چچا نانا ماموں دیور جیٹھ وغیرہ رشتے پیدا کریں یا وہ لوگ خود پیش دستی کریں تو تم اس میں زیادہ غیرت داری و نفاست کو دخل نہ دینا بلکہ دل کو یوں تسلی دینا کہ تمہاری اہلیہ بجز عصمت مآب ہے کہ ہر شخص کو مثل باپ

بھائی وغیرہ ایسے رشتہ داروں کے سمجھی ہیں کہ جن کے ساتھ شرعاً نکاح حرام ہے اور جن سے پردہ غیر ضروری ہے اور بقول عورتوں کے زبان تمام جسم میں حلال ہے اور باقی سب جسم حرام ایسی زبان کے بیٹا بیٹی ہو رہاتے ہیں جیسے زبان سے بھائی کہہ لیا وہ بھائی جسے باپ کہہ لیا وہ باپ گو بیچاریاں یہ جانتی ہی نہیں کہ جس مذہب کی پیرو ہیں اس میں منہ بولا رشتہ تو درکنار لے پالک بیٹی بیٹے وغیرہ رشتوں کی کوئی اصل نہیں اور حضرات بزرگان دین نے خود جیسی نظیر قایم کی ہے سرد اور غیر مرد و عیاش کب ایسے باپ بھائی کہہ دینے سے پروا کرتے ہیں لیکن شوہر اس بات سے اپنے دل کو کسقدر تسلی دے سکتا ہے کہ اول تو کیا اس مرد و عورت کو زبان کا اتنا پاس بھی نہ ہوگا کہ جسے باپ بھائی بہن ماں کہا اسی کے ساتھ بدنگاہی کریں گے اور اگر ایسا ہو بھی تو جب بھی اسقدر رعب تو ہے کہ جس زن و مرد کے ساتھ رشتہ آلودگی پیدا ہو گیا عورت تو اُسے باپ بھائی اور وہ مرد عورت کو بہن اور ماں وغیرہ کہتا ہے اُنکا دل خود اُنکو ہر وقت اس گناہ کی سزا دیتا رہتا ہوگا ماسواء اہل محلہ اور خویش اقارب کی علانیہ طعن تشنیع سے زبان بند رہتی ہے اور جو عاقل ہیں وہ اپنے محکوم کو یہاں تک نہیں دباتے کہ بغاوت پر آمادہ ہو جائے اور بہت سی باتوں سے دیدہ و دانستہ اغماض کر جاتے ہیں کہ کھلی بغاوت پر نہ مستعد ہو جائے تو اس وقت وہ جو ذرہ سا لحاظ باقی تھا وہ بھی گیا۔ بھتیجے جس شخص کو تمہاری عورت باپ بھائی وغیرہ کوئی رشتہ داری کا خطاب دے اور وہ مرد بھی اُس کے جواب میں اُسے بہن بیٹی بھانجی بھتیجی بھاوج وغیرہ بنائے تم اس پر کفایت کرنا اور اُن کے حالات میں زیادہ تحقیق و تدقیق کو دخل نہ دینا اگر اس اصول پر چلوگے تو آباد رہو گے۔

۱۰- بھتیجے جب تمہاری بیوی کہیں کہ حضرت عباس کی درگاہ یا حضرت شاہ مینا کے سلام کو جاؤنگی یا یہ کہ مسجد میں چراغ جلانے جاؤنگی۔ یا یہ کہیں کہ اماں خالہ یا کہ پھوپھی چچی بہن بہنوئی کے گھر یا کسی سہیلی کے یہاں جاؤنگی تو سعادتمندی اسی میں ہے کہ خود ہی ڈولی بلا لینا ورنہ کم از کم آمدورفت میں حارج نہ ہونا اور اگر ہو گے پچھتاؤ گے کیونکہ جیسے پانی میں یہ قدرتی خاصہ ہے کہ جب تک اُس کی چسال نہ برابر ہو جائے نہ ٹھہرے ویسے ہی بوڑھے اور نامرغوب شوہر کی جورو تا وقتیکہ جس شخص سے ملنے کے لئے اُس کا جی چاہے نہ مل لے وہ گھر میں نہیں رک سکتی۔

۱۱- جالی کشیدہ پھندنے مُری تیلیچی وغیرہ سوئی کے جتنے کام عورتوں سے کروانے والے لوگ ہیں خواہ وہ کیسے ہی خوبصورت اور نوجوان ہوں بانکے ہوں مشہور شہدے ہوں لیکن اگر آپکی اہلیہ اگر انہیں سے کسی کے ساتھ تعلق پیدا کرنا چاہیں ہرگز حارج نہ ہونا۔ ارے میاں ایک ذرہ سی عالی حوصلگی میں سو مشکلیں آسان ہو جاتی ہیں اور تھوڑی سی تنگ نظری میں آسانیاں مشکل بن جاتی ہیں ع نام ہو آپکا اور کام ہمارا ہو جائے بس سمجھہ جاؤ عاقلاں را اشارہ کافیست۔

۱۴۔ اگر تمہاری بیوی پر کوئی جن بھوت شہید و آسیب کبھی کبھی چڑھتا ہو یا کسی پیر فقیر کا سایہ ہو اور جو سیانا عامل مُلّاں حاضرات و تعویذ و گنڈہ اور نقش سے جورو جی کو جھاڑتا ہو خبردار خبردار اگر کبھی صراحتاً یا اشارتاً کنایتاً یہ ظاہر کیا کہ تم مشتبہ ہو یا مصارف حاضرات یا مال کھلائی سے گھبرائے اپنے کئے کو پچتاؤ گے مبادا آسیب کے ساتھ خود جورو شریف نہ اڑ جاویں ۔

تڑاخ۔ تڑاخ۔ تڑاخ اور طرفہ چپت بازی کی آواز منحوس الدولہ نے غارت دولہا کو غارت دولہا نے منحوس الدولہ کے چپت رسید کیں۔

غرضیکہ میاں دولہا کو اُن کے چچا وہی دستور العمل عبا الدوری کے قاعدے سکھاتے یا خود با چپت بازیاں کرتے شور چہل مچلتے ہوئے جلوس جو کمہارے کے پل سے چلکر مولوی گنج منٹگمری گنج رکاب گنج سے راجہ کے بازار پاٹا نالہ سے چوک کہنہ چوک جدید میں گشت کرتا نخاس سے براہ محلہ یحییٰ گنج اپنے مرکز اصلی یعنے کمہاروں کے پل پر آیا اور یہاں ورگاہی لال کی بارہ دری سے کوئی دو سو قدم جانب شمال و مغرب کیل گھر زعفرا بان کے متصل ایک مکان میں بی دولھن مانجھے بیٹھی ہوئی تھیں اور سمدھیانہ والوں کو انتظار تھا کہ کب برات گشت کرکے آوے کب نکاح ہو جسوقت کہ بارات روانہ ہوئی تھی قریباً پانچ ہزار آدمی اُس کے ہمراہ تھا اور واپسی کے وقت ایسے عجیب الہیئت دولہا کے نکاح کا تماشا دیکھنے کے لئے بھلا کم از کم چالیس ہزار آدمی تو ہوگا مخلوق خدا ٹوٹی پڑتی تھی پھیری فروشوں نے اپنے سودے رکھ دیئے۔ دوکاندار دوکانیں بند کرکے ہمراہ ہوگئے ادنےٰ اوسط و اعلےٰ درجہ کی اکثر رنڈیاں پاپیادہ اور سواریوں پر ہمراہ ہوگئیں پس یہ معلوم ہوتا تھا کہ کسی عالیجاہ رئیس کی برات ہے اور بھیڑ کی یہ کیفیت تھی کہ کھوے سے کھوا چھلتا تھا اور شامیانہ تک پہونچنے کیلئے کتنے ایسے لوگ تھے کہ روپئے دینے کو مستعد تھے۔ کثرت اژدحام کا اس بات سے اندازہ کیا جاسکتا ہے کہ دولھن کو جس مکان میں سجایا تھا اُس کے اطراف میں کھیت تھے وہ طرفۃ العین میں پامال ہوگئے اور بجائے زراعت کے مخلوق خدا کے سر ہی سر نظر آتے تھے۔

ناظرین نے خود ہی سمجھ لیا کہ جو عورت کہ اس قسم کے دولھا کے ساتھ نکاح پر راضی ہوئی ہوگی وہ بھی دولھا صاحب کی طرح عجیب الحال اور عجیب الخلقت ضرور ہوگی اور جن ستم ظریفوں نے یہ جمگھٹا کیا ہوگا وہ کہاں ایسے گئے گذرے تھے کہ جوڑ کا توڑ نہ ملاتے۔ بس جیسے کہتے ہیں اللہ ملائی جوڑی ایک اندھا ایک کوڑھی۔

سرتاپا غارت دولھا کی بیوی
مسمات سبز قدم عرف گھر اُجاڑ
دولھن مخاطب بخطاب ہیضہ خانم

بی سبز قدم کا سر دنیا کی عورت مرد کے سروں سے نرالا

ادلتی دار تھا اور قد و قامت کی مناسبت سے بس یہ معلوم ہوتا تھا کہ یہ بعینہٖ ترا شا شاہجہان پوری تربوز ہے۔ بال ایسے گھونگر والے تھے کہ گویا مشاطۂ قدرت نے یا تو بھیڑ کے بچے کی گُتھی دار اون سر پر کسی لعاب دار مادہ سے چپکا دی ہے یا گول مرچیں ڈوروں میں پرو کر سری کھال میں ڈوروں کے سرے سی دئے ہیں

جبینِ مبین بہ اعتبار کشادگی و صفائی کے ایسا خوبصورت تھا کہ ماہ دو ہفتہ جس کی ادنےٰ زلّہ ربائی تھی پھوٹی ہانڈی کا کالا پیندا اور صاف تیرگی و ناہمواری کے سبب ایسا سیاہ کباب تھا کہ آتشِ حسد سے جل جل کر کالا ہو گیا تھا۔

کمانِ ابرو اس بلا کی تھیں کہ ستارہ دنبالہ دار ہیبت و نحوست جس سے مستعار لیتا مُنہ پر یہ معلوم ہوتا تھا کہ بعینہٖ عجوبہ کارِ قدرت نے دو جھاڑو بھونکی طرف سے ملا کر آڑی رکھ دی ہیں اور یہ اس غرض سے نظرِ عشاق کی کوڑے کی قدرتی طور پر صفائی ہوا کرے

آنکھیں وہ آہوچشم کہ صفت تنگ چشمی میں ہاتھی کی آنکھیں جس کے آگے نیچی ہیں بس یہ معلوم ہوتا تھا کہ کالی دیوار میں کسی نے دو غلّے مار کر اینٹیں اُکھاڑ دی ہیں۔

مژگان ۔ حضرت ظفر ایسی ہی پلکوں کے حق میں یہ شعر فرما گئے تھے ؎

تیغِ مژگاں سے اے دل اُس کی ڈرنا
فوجِ نیزہ بازانِ دکن ہے

اور ایسی ہی صفِ مژگاں بیچارے امانت مرحوم کے خواب میں آئیں کھٹکیں ؎

خدا پناہ میں رکھے تمہاری پلکوں سے
ستم کی فوج کھڑی ہے پرا جمائے ہوئے

تیر و سنان تو ایشیائی شعرا کا مبالغہ ہے مگر جو نکلے نہیں تو یہ تو ضرور معلوم ہوتا تھا کہ سیہ کے کانٹے چمڑے کی کترنوں میں اٹکا کر کسی نے آنکھوں پر سائبان لگا دیا ہے کہ اُن ہیبت انگیز آنکھوں کو چھپائے رہیں کہ مخلوقِ خدا اور علی الخصوص بچّے لال لال ریلوے کے سگنل کی لالٹین لال انجن کی لال لال چمکتی ہوئی پتلیاں دیکھ کر ڈر نہ جائیں۔

رُخسارے ۔ گُلسرخِ باغِ حسن تھے یا آفتاب و ماہتاب فلکِ محبوبی سے اُتر کر اس نیّرِ اعظم سپہرِ رعنائی پر بلا گردان تھے ۔ بعینہٖ یہی معلوم ہوتا تھا کہ عدار فش کے پرانے بوٹ کی ایڑی کسی نے مُنہ پر مار دی ہیں اور پسینہ کے باعث مُنہ پر چپک گئی ہیں جو اب چھوڑائے نہیں چھوٹتیں

ناک ۔ میرزا سودا کے اس شعر کا مصداق ہے ؎

دہن آیا نہ نظر بینی کی صفائی کے سبب
منخرین اپنے ہے گویا سنگ تراشی عدم تک

یہ معلوم ہوتا تھا کہ پہاڑی کوّا بیٹھ کرنے کے لئے موںھ پر بیٹھ گیا ہے گال دونوں شہپر ہیں اور ناک اُس کی چونچ ہے۔

غنچہ دہن کی یہ کیفیت تھی کہ گویا تعریف تنگ دہنی کے منتہا اس شعر کا مصداق تھا ؎

کردی بہ نطق نقطۂ موہوم را دو نیم
بس مبطلِ بیانِ حکیمانِ دہانِ تست

دونوں باچھیں یہاں تک چری ہوئی تھیں کہ اگر ناری کُتّے کے موُنھ سے مثال دوں تو وہ عدالتِ قدرت میں لائبل کا دعوٰے کر دے اور اس تشبیہ بلا مشتبہ کے جرم کے لئے مجھے معافی مانگنی پڑے اگر کن پھٹونکی ہیں بنگالہ کی مینل سے مثال دوں جب بھی خطا وار ثابت ہوں کہ اُس پر زعفرانی تحریر اور بی گھر اُجاڑ دلہن کے ہونٹ اس بلا کے سُرمئی تھے کہ اگر بھونرے سے اور اکھہ دوں مارے غصّہ کے ہستی کالی پڑ جائے اور بسطری کہ توبہ بس یہ معلوم ہوتا تھا کہ ڈاین کسی کا کلیجہ موُنھہ میں دبائے ہجر بالائی وزیری کے لٹک رہے ہیں۔ لب بالائی اس انداز سے ناک کی جانب مُڑا ہوا تھا کہ بُل ڈاگ کی تھوتھنی بھی ہشت ناکی اس سے مستعار لیتی۔

ور دندان۔ الماس رنگ آب و تاب سے ہیرے کی کنی کھائے اسقدر چھوٹے کہ صفر ہی تھے یا :-

دہن دایرہ حسن میں مرکزی نقطہ خیالی تھے یا یہ کہ صدف دہن نے اس خوف سے کہ اُس کے جگر بند دُر کو نظر بد نہ لگے خود ہی انکو شدت محبت سے پیٹ میں چھپا لیا تھا یعنے تھے ہی نہیں۔

سیب ذقن۔ ساٹھ برس بیشتر سے خواجہ حافظ بلبل شیراز جسپر نثار تھے ؎

از لب شیر رواں بود کہ من دانستم
پر لب چاہ زنخدان تو بے چیز نیست

بعینہٖ یہ معلوم ہوتا تھا کہ جس قسم کے بندر کا نام گوریلا ہے اُسکی ٹھوڑی اور جبڑا ہے۔

گردن ع کمر تلی صراحی دار گردن

کوتاہ گردنی کا یہ عالم تھا کہ خنزیر و ہاتھی کی گردنیں اُس عورت کی گردن کے مقابل زیادہ لنبی تھیں بس یہ معلوم ہوتا تھا کہ پُرانے مٹکے کا مُنھہ کرڈھے جو کائی سے کالا ہو رہا ہے۔

سینہ۔ ایک تختہ بلورین تھا کہ کُندہ آبنوس بھی اسقدر کالا اور گڑھوں کے سبب سے ناہموار نہوگا۔

پستان ایسے گول گول کرارے انمول کہ جسے دیکھ کر انار کے مونہہ میں بھی پانی آئے اور رخسارہ سیب فرط غیرت سے تمتما اُٹھا تھا بقول میرزا سودا ؎

اُس کے دیکھے جو کچوں کو یہ تیقن ہے اُسکو
تنبو تانے ہوئے یہاں کام کا اُترا ہے فلک

یا یہ معجون جھبی کی ہیں دو نو ڈبیا
آوے ہی جان میں جنہیں دیکھ کے روح ملک

اور اس درجہ نازک تھے کہ تاب نظر نہ لاسکے اور خوف دشمنان سے ایک سرے سے روپوش ہوگئے یا یوں کہنا چاہئے کہ فراش قدرت کو یہ نہ گوارا ہوا کہ اُس نازنین کی صفائی سینہ میں کوئی پستی وبلندی واقعہ ہو اس لئے چھاتیوں کو دو ڈھیلے یا نیچے کنکر پتھر خیال کر کے ایک دم صاف کر دیا اور بجائے اُنکے دھکدگی کے مقام پر سینہ میں کوز پشت کی کمر کے برابر ایک کوب نکالدیا۔

پیٹ۔ گوریہم کی صورت اونٹ کا کوہان تھا۔

ناف۔ بس ایک گندی گڈھیا تھی بقول سعدی علیہ الرحمتہ مُردار یا مناب مرداد۔

اس سے نیچے پاس ادب اور حیا مانع ہے اور یہ خوف بھی ہے کہ قلم کو ایک دفعہ جہاں راستہ ایسا پُر خطر ہے ایک دفعہ قعر دوزخ میں گر کر نکلنا مشکل ہو اسلئے

ایسے خطرناک مضمون سے احتراز ہی بہتر ہے۔ جانگھوں سے پاؤں تک کچھ ایسی کمان صورت ٹانگوں کی نلیاں باہر کو جھکی ہوئی اور بالوں سے چھپی ہوئی۔

قد بجائے خود مجسم مصرعہ بالا بلندی تھا اور اس پر ہاتھ مصحفی کو اس قد و ادا کا الہام ہوا تھا سے

ہاتھ اس سرو سے قد پر اٹھے انگڑائی کو
مستزاد اس نے کیا مصرع رعنائی کو

قلندر و ریچھ کے ناچ کا بجائے خود اچھا خاصہ ناٹک تھا لکھنؤ میں یہ بھی ایک قاعدہ ہے کہ جب شادی ہو جاتی ہے داماد کو اس کی سسرال کے اور بہو کو اس کی سسرال کے لوگ سوا اصلی نام کوئی نہ کوئی خطاب اصلی نام ان بی صاحب کا سبز قدم میکے سے خطاب گھر اجاڑ دلہن کا عطا ہوا تھا اور سسرال سے ہیضہ خانم مخاطب ہوتی تھیں۔ اور بندہ درگاہ فصاحت میں شاگرد سحبان وائل ہیں۔ بی صاحب کا جب ذکر ہوا پہلی مرتبہ اصلی نام دیا دوبارہ جو نام کی ضرورت آئی میکے کا خطاب لکھا اور اب سہ بارہ سوا اس کے کوئی چارہ نہیں کہ سسرال سے جو خطاب ملا تھا وہ عرض کروں لیکن ہیضہ خانم لکھنے سے جو کوئی یہ اعتراض کرے کہ ابھی بی صاحب کا عقد نکاح ہوا نہیں اور خطاب سسرال کہاں سے مل گیا میں اس معترض سے کہونگا کہ او بیوقوف میں واقعہ ماضی لکھ رہا ہوں اس لئے ہیضہ خانم سسرال سے جو خطاب ملا تھا اگر اسے استعمال کروں تو کیا اور جو معترض کا طرفدار کہے صرف و نحو میں اسم کے قائمقام وہ کی ضمیر اس لئے مقرر کی گئی ہے کہ بیان میں بار بار تکرار نام کی ضرورت نہ آئے۔ اور اگر ضرورت آجائے تو تکرار اسمائے اشخاص خلاف فصاحت نہیں تو بندہ بجواب اس کے کہے گا آخر ایجاد بندہ بھی تو کوئی چیز ہے یا نہیں دیکھا میاں معترض ہم وہ افصح الفصحا موجد الفصاحت ہیں کہ بجائے اسماء جامد و موضوعات شخص کے یہ ہمارا ہی حصہ ہے کہ جس جگہ چاہیں نام شخص کی بجائے جو لفظ چاہیں گھڑ لیں زید کو ایک جگہ زید دوسری جگہ اس کے حروف کو مقلوب کر کے دیز لکھیں اور تیسری مرتبہ جو پھر یہ ضرورت ہو کہ زید کا نام لیں ضمائر معمولی نہ برتیں ہماری بلا برتے ہم تو موجد ہیں ہمنے زید کو جیسا بہ اختیار خود دیز بنا دیا اب اگر اسے پیچ پیچ لکھ ماریں جب بات زید ہم پر نالش کرے کر سکتے نہیں جو کرنا تھا ہم کر ہی گذرے اور نالش کا بھی کوئی خوف نہیں کیونکہ قانونی دیوانی و فوجداری میں اس قسم کے اسمی نقصانوں کی چارہ جوئی کی کوئی صورت ہی نہیں استغفار اس دخل در معقولات سے کہاں تو بی ہیضہ خانم کا سراپا اور باری آئی تھی اس امر کی کہ ان کے لباس و آرائش پیدائش کا بیان کروں اور کہاں میں معترضین سے عذر خواہیاں کرنے لگا ایڈیٹر صاحب خفا نہ ہو جیئے گا معترضین کے اعتراض کا دفع دخل ضرور تھا وہ جو اُسے ایک دفعہ بیوقوف کہہ دیا اور یہ بھی دکھا دیا کہ ہم ایسے زبردست ہیں کہ نام اشخاص وہ چیز تھی کہ جس میں کسی شخص کا قابو نہ چلا ہم نے اس میں بھی اصلاح و ایجاد کو دخل دیا تو وہ ان زبردستیوں کے نمونہ کو

دیکھ کر اگر مقام اترو ہی دیکھیگا اس خوف سے کہ کہیں منہہ کی نہ کہاؤں منہہ نہ آئیگا اور اپنا سا منہہ لیئے کر بیٹھا رہیگا اور اگر ایڈیٹر صاحب اس قصور دخل در معقولات سے آپ خفا ہو گئے ہیں یا آپ کے ناظرین بگڑ گئے ہیں میری بلا سے میں نے تو صرف اسقدر آزادی کی ورنہ مجھے تو بقول گولڈ اسمتھ کے ناظرین کیخدمت میں یہانتک استحقاق گستاخی و آزادی ہے کہ وہ اونگھتے ہوں اور انکی ناک پکڑ کے ہلا دوں اور اگر آپ کو اس معاملہ میں اعتراض ہو آپ سند مانگیں گولڈ اسمتھ کے قصہ وکار آف ویکفیلڈ کو ملاحظہ کر لیں۔ اگر آپ فرمائیں کہ انگریزوں میں ایسی بد تہذیبی کا رواج ہوگا مولف و مصنف شائقین کلام کی ناک پکڑ کر خواب غفلت سے چونکا دیں اور از سر نو اپنے بیان کی طرف متوجہ کر لیں لیکن ہم اہل ہندوستان میں ایسی آزادیاں مباح نہیں اگر اینجانب کو ناظرین کلام سے آزادی کی ایسی ہی ضرورت تھی کسی انگریزی تحریر میں ایسی بے تکلفی کی ہوتی ہیں سعدی کا مقولہ پیش کرونگا اَلنّاسُ عَلیٰ دِینِ مُلُوکِھِم۔ کیوں ایڈیٹر صاحب اب تو آپ کو یا آپ کے ناظرین کو کوئی عذر نہ باقی رہا ایڈیٹر صاحب برا نہ مانیگا اور یہی ناظرین سے التماس ہے کیونکہ میں نے جو ان کے ساتھ ایک ذرہ خوش طبعی کی بیجا استحقاق تہا کہ میں نے مصالحہ غم غلط انکی خاطر مہیا کر لیا مگر معترض احمق کو نکتہ چینی و ایراد کا کیا استحقاق تھا کیوں

دیکھا ایڈیٹر صاحب آپنے آپکا خادم کیسا شوخ ہے آڑی ترچھی کہہ بھی جائے اور کہے اس لطف سے کہ مخاطب گالیاں کھائے اور شربت کے گھونٹ کی طرح پی جائے اسیکو کہتے ہیں ع عیب کرنیکو ہنر چاہیئے

واہ رے میں از آدم بر سر مطلب۔

ناظرین قسم تمکو غارت دولہا اور بی گھر اجاڑ دولہن کے سر مبارک کی قسم ذرہ مجھے یاد تو دلانا کہ میں کیا کہتا تھا۔

ناظرین کوہ نور؟ میاں نامہ نگار تمنے بی ہیضہ خانم کا سراپا ختم کیا تھا اور اس وقت ناتجھے میں جو لباس بی دولھن جان کے زیب بر تھا اور انکی آرایش و سامان زیبایش کا بیان کرنے والے تھے۔

مابدولت حضرت نامہ نگار۔ کیوں ایڈیٹر صاحب کوہ نور آپ نے بھی ناظرین کوہ نور کو نہ سمجھا دیا کہ ملک ہندوستان میں اور خصوصاً اصطلاح لکھنؤ میں میاں خطاب خواجہ سرا ہے کیونکہ وہ اکثر حبش الاصل ہوتے ہیں جہاں ان جو یہہ ہندوستانی مسلمانوں کی قومیں از قسم شیخ و سید و مغل پٹھان وغیرہ کے نام ہیں اسلئے ان کو بلفظ میاں مخاطب کرتے ہیں اگر آپ کو یہ نہ معلوم تھا کہ نامہ نگار کس قوم کا موجب افتخار ہے تو کیا خطاب حضرت بھی گیا تھا۔ خیر چونکہ میں نے انکی ناک کے ساتھ دوستانہ آزادی کا برتاؤ کیا تھا انہوں نے ملاحی میں مابدولت کو خواجہ سرا کہہ لیا خیر عوض معاوضہ گلہ ندارد۔ مگر

ناظرین جو کبھی آگے حضرات مابدولت کی خدمت میں ایسی حرکت سوء ادب کے مرتکب ہوئے تو کم از کم یہ سزا صادر کیجائے گی کہ حضور اینجانب کے کلام معجز نظام کے لئے ترسنا ہوگا۔

ہاں بی اُجاڑ دولہن کے مانجھے کی تیاری کا حال بیان کرتا ہے۔

بندۂ درگاہ نے سراپا بیان کرنے میں تو اساتذہ قدیم کی ترتیب کو برقرار رکھا مگر جو مانجھے کی تیاریوں میں بی دولہن جان کو نہ اُلٹا ہو تو کچھہ نہ کیا۔

ناظرین ہنسے ایکبار ان کے دولہا میاں خون حرام جان معروف بہ غارت دولہا سے چغلی کھاؤ گے کہ میں نے انکی زوجہ عصمت مآب کی شان میں کہا کہ نہ اُلٹا ہو تو کچھہ نکیا اور نالش لائیبل کرواؤگے۔ جی! حضور ایسے بیوقوف بھی نہیں جو بنائیں تو ازار حوائج ضروریہ کا راستہ نہ رکھیں عبارت زیر بحث میں سرکار نے لفظ اُلٹا خود بی دولھن بہن کی شان میں استعمال نہیں کیا تھا بلکہ یہ مقصود تھا کہ ترتیب لباس و آرائش کو پائجامہ کے پائنچوں کی طرف سے اُلٹونگا۔

قہقہہ ہا ہا ہا ہو ہو کیوں ناظرین یہ بے موقعہ ہنسی کیسی کیا اس نیک بخت کو طلاق دلوانے کا ارادہ ہے یاد رکھئے کہ کہیں وہ پھر حضرات میں سے کسی صاحب ہی کے سر نہ ہو اور اگر آپ کا یہہ خیال ہو کہ میاں غارت دولہا خون حرام جان مابدولت سے گلغپ ہوں یہہ خیر سلّا ہے۔ الفاظ اُلٹا و پائجامہ و پائنچہ سے مراد صرف اتنی ہے کہ چونکہ سر دور ہوتا اور نامہ نگار کی ہمت کوتاہ۔ پاؤں کی طرف سے شروع کرتا ہوں یعنے بیان آرائش کا بی دولھن کے نیچے کی چیزوں سے ابتدا کرتا ہوں۔

جوڑا ا جوتہ کا نہ وہ جوڑا جسے جُفت کہتے ہیں، نہ ٹاٹ بافی تھا نہ کامدار تھا۔ نہ پیلتوان تھا نہ حاشیہ دار تھا نہ خوردلکا تھا نہ گھیتلا نہ کفش نہ بوٹ نہ شکاری نہ قلی وال نہ بیکانیری نہ بُھندیل کھنڈی جسے جوتا ہی نہ کہنا چاہئے بلکہ چرمی توبڑے کہنا نازیبا نہیں۔ پر اٹھا ٹاٹ کے گھوڑوں کے دانہ کھانے کے دو توبڑے بی دولہن کے زیب پا تھے۔

پائجامہ۔ پائجامہ میں پائنچہ پائنچہ میں پائنچہ کی گوٹ جیسے کنکوؤں کے کاغذوں کی تھی رنگ برنگے کاغذوں کو جوڑ کر پٹا لہریئے کی گوٹ کی صورت تراش لیا تھا اور اُس پائنچے اور بوتلوں کے منہ پر جو رانگ لپیٹا ہوتا ہے، اسکی مینت کاری کی ہوئی تھی اور پرانے جھبر ٹاٹ کی گوٹ بھی کوئی ۹ گرہ عرض کی ہوگی اور پائجامہ کا متن ایک پائنچہ کا متن تو عمدہ تھانوں پر جو سیاہ کالیکو کے ٹکڑے لپیٹ دئے جاتے ہیں اسکا تھا اور دوسرا پائنچہ نصف حصہ بالائی نہایت باریک جالی لوٹ کا تھا اور حصہ زیرین سُرخ رنگ [illegible] پائجامہ ہوگا کوئی سو گلی کا اور جبکہ یہ بھونڈی کناری نکلی تھی

ازاربند۔ بکری کی آنتون کا اور مضبوطی کے لیئے انہیں تانت بنا دیا تھا اور سجانے ہڑون کے دو پھکنے پھلا کر لٹکا دیئے تھے لیکن پہلے تیل وغیرہ سے دھو کر ازاربند و ہڑون کو اچھی طرح سے صاف کر لیا گیا تھا۔

کرتی۔ جو حصہ کہ چھاتیون کے اوپر تھا اُسپر روپے رکھنے کی جو جالی دار موٹے سوت کی خرالون مین توڑے ہوتے ہین اُس کا ٹکڑا بدین غرض لگایا گیا تھا کہ محرم کی کٹوریان چھلکین اور وہ سینہ کی دھکدھکی تک تھا اُسکے نیچے ہرن کا چمڑے کا بال دار ٹکڑا لٹکا ہوا تھا آگا تو اسطور کا دو رنگا تھا مگر پیچھا آہنی مشبک جالی کا تھا جو آپ لوگ دروازون مین بجائے شیشون کے لگانے لگی ہین کہ ہوا اور روشنی دونون آئین اور دروازہ کی مضبوطی بھی رہے۔

کرتی کے اندر جو محرم تھا وہ تو دریائی جانور کی جھلی کا اور باقی سب کرفش کا بنا تھا اور چونکہ قدرتی طور پر چھاتیان غائب تھین اس کمی کو مشاطہ نے صنعت سے پورا کیا تھا۔ روئی کے دو بڑے چکوترون کے برابر دو گولے بنا کر رکھ دیئے گئے تھے۔

دوپٹا چرمی وہ بہن خالی کے زیب بر تھا حضرات ہفت اقلیم کی بیگمات کو ایسا قیمتی بالاپوش کبھی میسر نہ آیا ہوگا ہزارہا قسم کے نہایت ادنیٰ سوتی ریشمی ان کے کپڑون کے ٹکڑے اور ہزارہا قسم کے پارہ ہائے چرمی جوڑ کر کیا کہا جائے کیسی عجیب و غریب دلق [illegible] بنائی تھی کہ جسکے دیکھنے سے بیحد حیرت ہوتی تھی کہ جس مسخرہ نے تھوڑی دیر کی خوش طبعی کے لئے ایسی بے نظیر کاریگری چترائی اور سلیقہ کو ضائع کیا اور اس چادر کی تیاری مین محنت اور اوقات دونون کو ضائع کیا ایسا ہنرور کیونکر ایسا بیفکرا تھا لیکن تحقیقات سے معلوم ہوا کہ جسنے یہہ عجیب غریب دوپٹا تیار کیا تھا اُسے چندہ سے قرار واقعی اُجرت ملی تھی اس دوپٹے پر کچھہ تو چھوٹے گوٹے کناری اور سلمہ ستارون کا کام بنایا گیا تھا اور بعض بعض جگہہ پرانے جوتون کے ابرے اور ایڑیان کاٹ چھانٹ کر پھول بنا لگئے اور اُنکو مختلف رنگ کی پڑیون سے رنگ کر بوٹ ٹہنیان تمام رنگین چھوٹی چھوٹی کوڑیون کی بنت کاری سے سجایا تھا اور ستم بالائے ستم یہہ کیا تھا کہ دوپٹے کے طول مین بصورت چلیپا سانپ گوہ نیولون [illegible] کینچوون مینڈکون وغیرہ زندہ حشرات الارض کو اس ترکیب سے ٹانکا تھا کہ نہ تو مرنے پائین اور نہ حرکت سے معطل کرین مثلاً ایک سانپ ٹانکا اس وضع سے ٹانکے دئے کہ کمر و دم و گردن کے پاس ٹانکے سے جسم کا تھوڑا سا کنارہ چھدے اور جان پر صدمہ نہو اور جہان ایک سانپ ختم ہوا اُس کے مُنہ کے متصل مینڈک سی دیا اور ایک نیولے کو اس طور سے

ٹانکا گو اُسکے مُنہ مین سانپ کی دُم دُبی تہی زیورات کا حال سُنئے۔ سر پہ مرہی گوہ کے چمڑے کا سیج پہول بنایا تہا اور اُسی گوہ کی کہال پر بڑے بڑے لوٹ کے رنگریز دانون سنکون ہنگون اور جہاڑ کے آویزون سے پشت کاری کی تہی۔

کان مین چہوٹی بالیان لگا انمین سلیان بہنگے ٹڈے پروے ہوئے تہے اور چہوٹے چہوٹے ٹڈے ہی سولی بہی تہی اور ساتہہ ہی کوئی دو سو روپیہ قیمت کا سچا جڑاؤ کان پہول بہی پہنا دیا تہا اور چونکہ دولہن کے مُنہ پر چیتے سیندور ٹپا کے رنگ کے ٹیکے ستارون اور رنگین پوتون کی افشان چُنی ہوئی تہی اور اسپر سیاہ فام رنگ کی زمین اور کانون مین دیہیات بالیون مین لٹکے اور اُن کے درمیان سچے جڑاؤ کا کی چمک دمک سے ہیبت و کراہت ایک سے ہزار چند ہو گئی تہی طوالت کلام تفصیل زیور سے مانع ہے اسلئے فقط اسقدر کہنے پر کفایت کیجاتی ہے کہ مرے سانپونکی کہوپڑیان اور جانورونکی ہڈیان گوندھ کر سنگہن گوہ چہچہوندر نیولون شیر کی ریچہہ بہیڑیون کتون اور الو چیل وغیرہ جانورون اور پرندون کے دانتون اور ناخنون کو پرو کر چمپے دلی بنائی اور سیچی طلائی چمپے دلی اور جڑاؤ انگشتون کے ساتہہ جو پہنائے گئے تہے اور کالے کندہ آبنوس ہاتہ اور انمین وہ مختلف الکیفت زیورات سے کیا عرض کیا جاوے کہ کیا عجیب وغریب منظر تہا تمسخر و وحشت دونون کو اس عمدگی سکے ساتہہ مخلوط کیا تہا کہ بس لائق دید تماشا تہا دونون کیفیتین پوری پوری نمایان تہین۔

ڈومنیون نٹنیون زنخون کے طائفے آدہی درجن سے کم نہون گے اور اُدہر محرمی تاشے اور ڈہول کے ماتمی باجے کا شور جُدا اور لونڈون کی ہُو حق۔

غرضکہ دولہا صاحب کی برات آئی اور سواری دولہن کی دروازہ پر ٹہری چچا میان منحوس الدولہ کے خچر سے نیچے اوترنے لگے تو سمدہیانہ کی طرف سے ایک گدہا پیش ہوا گدہے کے مُنہ پر ایک سوف سیاہ رنگ کا اور اُسکے دونون کونون پر بہینس کے دو سینگ باندہکر اندہیری پہنا دی تہی اور دُم مین ٹاٹ کا بڑا سا سوکہا پتا باندہ رکہا اور پیٹہہ پر چہچہوندر آتش بازی کی بہت علیحدہ باندہ دی تہین۔ پہلے منحوس الدولہ اس گدہے پر سوار ہوئے اور بعدش عمارت دولہا کو گود مین لیا کہ ایک شخص نے اشارہ پاتے ہی چہچہوندرون مین آگ لگا دی اور جیسے ہی چہچہوندرین سُلگین اور اُچہل اُچہل کر گدہے کی ٹانگون مین اور فوطون مین لگین اور گدہا گہبرایا اور چراغ پا ہوا اب پوچہو کہ بہاگے مُنہ پر اندہیری گہبرا کر اُسنے چکر کہانا شروع کیا اور اب

لوگون کی تالیان پٹین باجہ الگ بجا ڈہول تاشہ جدا گرجے اور جہان ظریفون نے دیکہا کہ گدہا ناچنے سے رُکا انہون نے انار مین آگ لگادی اور گدہے کی نشست پر اسکے گلچھری سہر کی منحوس الدولہ گہبرا گہبرا کر جن لوگون نے اُنکو اس تماشے مین حصہ لینے پر راضی کیا تہا انہین سے ایک ایک کا نام لیکر گالیان دینا نالشون کی دہمکیان دینا اور یہہ کہنا کہ سب کہیل بہلے سو تہے یہہ ہاتھہ پاؤن توڑنے کے کہیل کی شرط نہ تہی اور غارت دولہہ اپنی طرف ہزارون گالیان دیتے تہے اور دُہائیان دیتے تہے کہ گدہے کو تہا سو اب جان گئی — اور اُدہر تو یہہ شور واویلا اور ادہر چار طرف سے مسخرون نے یہہ غل مچا رکھا تہا میان منحوس بہتیج ہو مبارک بہتیجے کی شادی مبارک ڈومنیان اپنی طرف یہہ غل مچا رہی تہین کہ سواری جب اُترنے پائیگی کہ پہلے انعام لے لینگی۔

قصہ کوتاہ گدہا کمزور تہا اور منحوس الدولہ تہے تنہ سوار ہرچند ناچا مگر جب وہ نہ گرے تو گدہا بیتاب ہو کر خود گرا۔

اور براتی دولہا اور اُن کے چچا کو لے کر دولہن کے گہر مین گئے کئی ڈومنیان اور رنڈیان سمدہنین اور بی دولہن کے کنبہ والیان بنی تہین۔

اب جیسے کہ سچ مچ کے بیاہ مین بار انہون دولہا اور دولہن والون کے درمیان جن امور پر بحث ہوا کرتی ہے یہان بہی کبہی جہیز پر گفتگو تہی اور کبہی مہر کی کمی کا دولہن والون کو اور بیشی کا دولہا والون کو اعتراض تہا۔ اسپر بڑی قیل قال ہوئی کہ دولہا دولہن کو اقرار نامہ لکہہ دے اور دولہن کی مان نے دولہن کے لیئے یہہ فرمائش کی کہ مصارف پاندان کے لیئے کوئی رقم لی جائے اور اطمینان کے لیئے کوئی جائداد مکفول کیجائے۔ مہر کا اسٹامپ لکہا جائے دولہا والون کیطرف سے ہر بات کا اقبال مگر تحریر کے نام سے حیلے حوالے ٹالنا آخر وعدہ دولہن کے ورثاء نے ایک اقرار نامہ کا مسودہ پیش کیا اور کہا کہ مہر و مصارف پاندان کی شادی کی نسبت بعد مین دیکہا جائیگا لیکن تا وقتیکہ کامل القیمت اسٹامپ پر یہہ اقرار نامہ نہ لکہہ دیا جائے ہرگز ہرگز نکاح نہو پائیگا اور منحوس الدولہ نے کہا کہ بعد نکاح کے ضرور لکہہ دیا جائیگا لیکن دولہن کے باپ نے کہا کہ اگر نکاح کرنا منظور ہے تو پہلے ابہی دم اقرار نامہ لکہہ دو ورنہ اپنا راستہ لو اور دولہا نے چلانا شروع کیا کہ چچا میان نکاح تو مجہہ سے ہوتا ہے مین خود اقرار نامہ لکہنے کو راضی ہون تم کون ہو جو انکار کرتے ہو۔ غارت دولہا کے چچا میان نے کہا کہ او حرامزادے اقرار نامہ لکہیگا تو تیری ڈاڑہی جورو کے ہاتہہ مین ہوگی

ادہ دلھن جان کے باپ نے کہا کہ ہرگز بغیر اقرار نامہ لکھے دولھن کا چونڈا تمہارے ہاتھ میں نہ ہوگا کہ انہیں باتون میں چچا منحوس الدولہ اور دولھن کے باپ میں لپٹ کی ٹہری اور خوب پاپوشکاری ہوئی غرضیکہ لوگون کے سمجھانے سے یہ تصفیہ ہوا کہ پہلے مسودہ پیش ہو جب مسودہ پیش ہوا تو چچا منحوس الدولہ نے چند دفعات مین عذر کیا لیکن غارت دولھہ نے ایسا شوق ظاہر کیا کہ کسی کی پیش نہ گئی اور اقرار نامہ بہ جلد تحریر ہوا ۔ اور ہنسی قہقہہ کا ایسا شور تہا کہ ڈہول اور باجے کی آواز بہی دب جاتی تہی ۔

مصارف پاندان کے لئے خزانہ ڈپٹی کمشنری لکہنؤ متکفل ہوا ایک صاحب رجسٹرار تہے ایک صاحب ڈپٹی کمشنر اور بجائے اسٹامپ کے بہیڑ کی تازہ کہال کا ٹہالا ئی اور صاحب ڈپٹی کمشنر نے کفالت کی مہر مین ۱۵ برس تک جسقدر انکی ممالک محروسہ برٹش گورنمنٹ آف انڈیا مین آمدنی ہو اور اسمین ریاست کا محفوظہ کی سالانہ آمدنی بہی شامل تہی اور ایک صاحب گورنر جنرل تہے اور ایک نواب لفٹنٹ گورنر تہے اور انہون نے دولہا کیطرف سے ادائے مہر کی ضمانت کی اور اسمین ملک ہندوستان متکفل کیا ۔

چونکہ کابین نامہ اور دستاویز کفالت مصارف پاندان کا مضمون تو بیان کر دیا گیا اسلیے انکی حرف بحرف نقل ایک تو موجب طوالت ہے دوسرے مسکہ رجسٹری ہے اسکی نقل لفظ بلفظ ایک کثیر الصرف معاملہ ہے دولہا نے جو دولھن کے ساتہہ حسن سلوک کا اور پہلی کی نکہی کا اقرار نامہ لکہہ دیا ہے وہ قابل دید ہے اور بندہ درگاہ نے ناظرین گروہ نور کی خاطر بکمال عرقریزی و کوشش اسکی نقل حاصل کی چنانچہ وہ حرف بحرف ہدیہ ناظرین کیجاتی ہے ۔

نقل اقرار نامہ منعقدہ نکاح

فی مابین

جناب نواب فلک رکاب مولوی نحوست الدولہ ذلتہ الملک حقارت دستگاہ ذنابت پناہ خون حرام جان بہادر زوال حشمتہ و دولتہ و اقبالہ دائمی برباد ہو اسکی حشمت و دولت و اقبالہ المعروف بہ صاحبزادہ برخوردار مولوی صاحب مرحوم آنجہانی طالعمرہ مخاطب بسسرال بخطاب غارت دولھہ زوج مکرم و قبلہ معظم بی دولھن گہر اجاڑ مرد پچہاڑ مسماۃ سبز قدم ملقب بہ لقب گہر اوجاڑ ہو دلھن لقب عطیہ میکہ و مخاطب بخطاب سفیہ خانم خطاب عطیہ سسرال ۔

منکہ نواب نحوست الدولہ ذلتہ الملک حقارت دستگاہ ذنابت پناہ خون حرام جان عرف مولوی صاحب مخاطب بخطاب غارت دولہا خطاب عطیہ سسرالی ولد نواب قرم الدولہ قلتبان علی بیگ مرحوم نحوست گڈھ کا بدن

مین بحالت ہوش وحواس و بہ ثبات عقل بلا جبر واکراہ اور ترغیب کسی کے اقرار کرتا ہون کہ چونکہ نکاح سنت موکدہ نبوی ہے اور بدو ایام تمیز سے ما بدولت ہمیشہ سنت پر چلتے رہے ہین اسلئے لازم آیا کہ اس عمر پنج و ہفتاد سالگی مین جو آغاز عمر شباب ہے بکلمہ ایجاز کے لئے لابدی ہے کہ سنت نبوی کے مطابق ایک رفیق غمگسار پیدا کرون کہ جسے اپنی ساتھ سنت پر چلاؤن (جیسے ہی یہ دو نون فقرے جن پر لکیر کھینچدی گئی ہے پڑھے گئے ایک ظریف بول اٹھا کہ میان غارت و دلھا کہ خوب جو بد آپ ہی کی پیدا ہین اور ضرور سنت پر چلائیگا اس ظریف کے اس جملہ پر حضار مجلس نے اور ایک زور کا قہقہ مارا۔)

چنانچہ صاحبزادی برخوردار نور چشمی گوہر درج عصمت و نیر اعظم فلک عفت بی بی شبر قدم گھر اوجاڑ دولھن ملقب بہ ہیضہ خانم مشترک دختر بلند اختر سرکار مین یعنی نواب حقارت تاب پھٹ پھٹے دولہ و نواب پاپوش قلیخان ازبطن حبشی بیگم صاحبہ مسمہ پچھاڑ سر پچھاڑ خان قوم مغول کے ساتھ من مقر کا آج کی تاریخ حسب شرائط مندرجہ ذیل قرار پایا ہے۔

اول یہ کہ اگر حضور بیگم صاحبہ ممدوح ازراہ مذاق یا خفگی جو مقتضائے معشوقیت ہے خواہ بطور تلطف یا بحالت برہمی مزاج جھنجھلا کر لین نوچین گھسوٹین کاٹ کھائین لاتین مارین کبھی اظہار رنجش نکرونگا اور اگر پاس ولحاظ شوہری ہے اپنی اس خواہش کا اظہار نکر سکین کہ ما بدولت کے سر پر مشق کفش کاری مطلوب ہے تو من مقر کبھی رو گردان نہونگے اور اسمین عین سعادت سمجھکر خود ہی جناب بیگم صاحبہ مخدومہ معظمہ موصوفہ کے دست خاص مین اپنا گھیٹلا حوالہ کردیگا اور سر جھکا دیگا لیکن بشرط یہ ہے کہ جناب بیگم صاحبہ ممدوحہ ایڑی کیطرف سے مارنے کا قصد نکرین اور ایک مرتبہ دو بار سے زیادہ نہ مارین اور ایک دن مین تین بار سے زیادہ نوبت کفش کاری نہ آئے اور باقی من مقر کے ساتھ جناب بیگم صاحبہ کو اختیار ہے کہ جا ہے جسقدر خوش فعلیان فرمادین۔ البتہ اپنے جسم مین بوجہ عارضہ فتق کے پستان مردانہ شرعی محرم خزانہ ازار مستثنی ہوگا اور اگر جانبین مین سے کسی سے اس شرط کی تعمیل مین کوئی عذر کرے یا کمی و زیادتی کرے فی الفور طلاق ہو جائیگی۔

دوم قرۃ العینی جناب بیگم صاحبہ مسطورہ اپنی پاچیتی و راحت و خدمت کے لئے کسی شخص کو رکھین مجھے نہ اعتراض مذکر مؤنث پر نہ عمر کی بابت پیر و جوان نہ وضع کی بابت سادہ یا بانکے کی حجت ہوگی اور واردات استراحت مین معترض و مخل نہونگا اور اگر کبھی اس شرط کی بجا آوری مین صراحتاً یا حیلتاً انکار کرون تو فی الفور طلاق مغلظہ

شرعی وارد ہو جائیگا۔

سوم۔ بیگم صاحبہ موصوفہ کو اختیار ہوگا کہ چاہے جس وقت جس دوست و عزیز و خویش و بیگانہ کے گھر پر جائیں من مقر کبھی مزاحمت نکریگا اور نہ کبھی متفحص ہوگا کہ کہاں تشریف لے گئیں تھیں چاہے جسوقت دولت خانہ پر معاودت کریں من مقر اگر کبھی دخل دے یا آمد و رفت میں حارج ہو تو فی الفور طلاق مغلظہ شرعیہ وارد ہو۔

چہارم من مقر اقرار کرتا ہی کہ جسوقت بیگم صاحبہ کے آشنا ساؤن میں سے کوئی صاحب دولتخانہ پر تشریف لاویں اور بیگم صاحبہ چونکہ حیائے مجسم ہیں شرم و حجاب سے منہہ سے نہ کہہ سکیں کہ تو اُسوقت کہیں دور ہو جا تو نعلین شریف میں سے ایک من مقر کے سر پر اوندھی رکھہ دینگی تو یہ اشارہ اس امر کا سمجھا جائیگا کہ پہر رات گئے تک صحبت و خلوت مطلوب خاطر عصمت مظاہر ہی اور اگر دونوں پواٹیاں اوندھی کرکے من مقر کے سر پر مار دینگی تو وہ تمام روز و شب پہر دن تک مخل آرام جناب بیگم صاحبہ نہوگا اور اگر کسی طرح اس شرط سے اختلاف کرے تو فی الفور طلاق مغلظہ وارد ہوگا۔

پنجم۔ بجلدوے اس اطاعت و خدمت و اختیار کے من مقر جناب بیگم صاحبہ سے حسب وعدہ منظور کردہ فی مابین جناب بیگم صاحبہ سے گذارہ کا مستحق ہوگا اور چونکہ بیگم صاحبہ کی کوئی مقرری آمدنی نہیں جناب بیگم صاحبہ کی پیداوار میں بلا وضعات مصارف فی روپیہ چار آنہ یعنی چہارم کا دعویدار ہوگا اور چونکہ روپیہ پیسہ ایک ایسی چیز ہے کہ جو بجائے خود ایک امتحان نفسانی ہی مبادا بیگم صاحبہ کسی رقم کو من مقر سے بخوف حصہ چہارم مخفی کریں تو جناب بیگم صاحبہ کو کل رقم آمدنی اپنے ہاتھہ میں نہ لینگی اور اس خدمت تحصیلداری پر من مقر کو مامور فرماوینگی۔

ششم۔ چونکہ اس شہر لکھنؤ میں اکثر ان منکوحہ بیبیوں نے کہ بوجہ سلطنت گردی کے جن کے شوہر دور ثار و وسائل معاش سے معذور ہیں اور کسب معاش کا بوجھہ اُن بیچاروں کے سر پر پڑا ہے اور مثل مشہور ہے الاحتیاج ام الاختراع ضرورت ایجاد کی ماں ہے یہ ہی وجہ معاش ایجاد ہوئی ہی کہ بیچاریاں خانگی دوکان حسن فروشی رکھہ لیتی ہیں اور اگر کوئی مستقل مزاج و ذی حیثیت و البیلا خریدار پھنسا اور بازار کے اُتار چڑھاؤ سے ناواقف ہوا اور دو چار دن کے لئے وہ بی بی صاحب کو خود اُنکی ترغیب سے و اظہار شوق سے یا اپنی خواہش سے اپنے گھر لے گیا کہ شوہر صاحب ایک جعلی وارنٹ لے کر اول تو مصنوعی کنسٹیبلان پولیس کے ہمراہ ورنہ اہل پولیس میں سے دو چار کو بلا لیا اور اُس خریدار کے گھر پہونچے اور اُدھر تو بیوی صاحب نے اُس خریدار سے وہ دہائی تہائی مچائی کہ حاشا اللہ اس موذی کے چنگل سے اپنی

جان بچائیں تو اپنی آبرو در کنار جان تک حضور پر قربان کر چکی اور ادہر ان کے شوہر و اُسکے رفقا نے غیرے ڈبے تبلائے غرضیکہ جہانتک اُسکی مقدرت ہوئی اور وہ ہتھے پر چڑھا جسقدر نقد بلا نقد لیا اور باقی کے لئے ایسے مضمون کی درشنی ہنڈی لکھوائی کہ اگر سچا وعدہ پر نہ دیں تو عدالت میں مشتہر ہوتے ہی یہی نہیں کہ صرف روپیہ دینا پڑے بلکہ فوجداری میں دفعہ ۴۱۷ کا علیحدہ خوف کہ جرم دغا میں سزایاب ہوں۔ اگر من بعد کی پرورش تمام اپنی گذران غرضیکہ ضرورتہا مشترک سے جناب بیگم صاحبہ کو دوکان مذکور رکھنے کی نوبت آئے تو من مقر اقراری ہیں کہ ہر نوع جناب بیگم صاحبہ کے شریک احوال رہیں گے لیکن نصف منافع کر اور اگر اس شرط ششم میں احیانا خلاف ورزی ہو تو وہی سزائے فسخ عقد نکاح کا مستوجب ہوگا۔

لہذا یہہ چند کلمات بطریق اقرارنامہ رجسٹری شدہ کے لکھہ دئے کہ وقت پر کام آویں۔

مورخہ ۳۵ ماہ سنبر دہم سنہ ۱۶ خبطی۔

یا حضرات۔ اس اقرار کے پڑھنے اور تحریر ہونے کے وقت عرض نہیں کیا جا سکتا کہ کسقدر شور و غل مچا ہنسنے والے خوف تہا کہ ہنستے ہنستے آدمی سر رشتہ خبطی نہ بن جائیں اور اقرارنامہ کی ہر دفعہ پر سمدہیوں میں بحث و تکرار اور لات جوتی پیزار کی نوبت آئی تہی اور جسوقت کہ منحوس الدولہ اڑ بیٹھے کہ ہرگز یہ دفعہ نہ منظور کرونگا اور ہیضہ خانم کے باپ بارات کو جواب دیدیجئے کہ بس آپ لوگ تشریف لے جائیے اسوقت میاں غارت دولہا چیخ چیخ کر کہتے کہ خسر ابا اس بڈھے چچا سے آپ کو کیا غرض میں بدل و جان آپ کی ہر شرط پر راضی ہوں یہہ مسخرہ ہی یہاں اقرارنامہ لکھنے کے وقت اتنی بحث و تکرار کرتا ہے اور بارات نے جس وقت سے گشت کی اُنسے جو بارہ قواعد دستور العمل عیالداری تمام راستہ مجھے پڑھاتا ہے اسمیں اُسنے جن باتوں کے گوارا کرنے کی مجھے خود ہی تعلیم و تلقین کی ہے وہ تو اس اقرارنامہ کی شرائط سے ہزار چند سخت ہیں لیکن انکی خاصیت دلوزاد کی ہے کہ خود ایک کام کرنا چاہتے ہیں اور اگر کہیں دوسرے نے کہہ دیا کہ یوں کر دو تو ضرور ہے کہ اُسکے خلاف کریں آپ انکی پرواہ نہ کریں میری جوانی پر رحم کریں اور اپنی صاحبزادی کا خیال کریں تاکہ اسپر گانی چیز چڑھ چکی دروازہ سے بارات جو پہر گئی تو لوگ کیا کہینگے اور بعضی دفعہ پر نوبہ اتفاق ہوتا کہ غارت دولہا اور منحوس الدولہ اڑ جاتے کہ نہ مانینگے اور بی دولہن جان کے باپ نے نکاح سے قطعی انکار کر دیتے تو اسوقت پردہ سے اندرون محلسرا سے یہہ صدا بلند ہوتی اور بھڑ دی لوڈہی ایسی تیسی کا باپ بنا ہے جانی دولہا چچا منحوس الدولہ اس قسم

کی بات نمانتا ہین جان و دل سے تمہاری لونڈی ہون یہہ بڑا بدنگاہ ہے اس لئے بارہا بندی پر دست درازی کی اور یہ سمجھکر کاسہ گدائی دوسرے کے ہاتھہ مین چلا جائیگا سو طرح سے دوست بنکر دشمنیان کرتا ہے ارے لوگو مین ایک گھڑی اس گھر مین پانی نہ پیونگی اب تو بندی کے مُنہہ سے قفل جبا ٹوٹ گیا۔ اقرارنامہ جائے چولہے بھاڑ مین مجہہ کنواری کنیا کو ایسے جھگڑون سے کیا بی سمدہن الگ چلاتی تہین نوج ایسے جانور والون سے اگلی وقتون مین ایسے حیوان نبان نہ سُنے دیکہے دولہا دولہن راضی کیا کرے گا قاضی۔

جس وقت محلسرائے سے یہہ آوازین آئین ہر فقرہ پر تماشائی ایک فرمائشی قہقہہ لگاتے کہ جسکا شور آسمان تک پہونچتا۔

الغرض نکاح کی تیاری ہوئی چونکہ جانبین کا طریقہ الاسیہ تہا حسب رواج حضرات اثناعشری فریقین کی جانب سے وکلا معین ہوئے ہرچند کہ وکلا جس برزخ و ہیئت کے تہے اور دولہا دولہن سمدہی سمدہنون پر موزون تہے اور بہرکیف اس لائق تہے کہ اُن کا سراپا اور وضع ولباس کا نقشہ کہینچا جاتا لیکن ناظرین میز مرض اختصار پسندی ایک وبائے عالمگیر ہوگیا ہے اور جسے دیکہو اُسکا اسی مثل پر عمل ہے ہرچہ گیرد مختصر گیرد لیکن ابہی جو وقت با اقعہ نفیسہ کا ایک چہوٹا اور ایک بڑا ڈہیر لگا دیا جائے تو بڑی ہی کو بگڑین گے کوئی کیوں چاہے کہ جب اخبار بینی یا قصے کہانیون کی کتابون سے مشغلہ وقت گذر منظور خاطر ہے تو پہر ایک ناول کیا طول کیا مختصر لیکن رسم ورواج و مذاق پابند توجیہ و سبب نہین اور یہہ وہ چیزین ہین کہ مثل سیل کے ہین جو بہیگا بہاؤ پر رواج کے برخلاف چلکر نکو بنے کہ جو دہار پر اُلٹا چڑہا ہے اور اپنی جان دے اسلئے حذف زوائد کرتا ہون۔

مجلس نکاح غارت دولہا

غارت دولہا کی جانب سے جو صاحب رسم نکاح مین وکیل تہے آپ کا نام نامی میان لغلول دانا تہا اور اس عجیب و غریب نام ہی سے حضرات ناظرین کو معلوم ہو گیا ہو گا کہ آپ کی وضع و صورت کیسی ہوگی جسے ہینق کہتے ہین گویا اس لفظ کے پورا پورا موضوع لہ تہے اور جو بی سعیفہ خانم کی طرف سے منصب وکالت پر مامور ہوئے تہے آپ کا نام نامی میان مچہندر بیگ متخلص بہ فرزانہ تہا کیون حضرات کیسے اچہے وکلا تہے اب عقائد مجمل و مفصل و خطبہ نکاح کے بعد اب دولہن کی جانب سے جواب ایجاب کے لئے جو دونون وکلا گئے اور اُنہون نے پوچہا بی سبز قدم گہراد جاڑ دولہن ملقب بہ سعیفہ خانم بنت پہپٹ دولہ نواب بادیش قلیخان تمکو نواب خست الدولہ خون حرام جان محل

مولوی صاحب مخاطب بشارت دولھا کے ساتھہ نکاح منظور ہی دو مرتبہ یہ سوال ہوا لیکن دولھن قبول مین ہون کا ہنگورا نہین بھرتی غرضیکہ اور ہر چند کہ مستورات سمجھاتی ہین لیکن نہین مانتی -

حضرات ناظرین کیا عرض کرون کہ مستورات نے جو دولھن کو [illegible] کلمات فہمائش کہے ہین عجیب بامذاق ہتے اور مخلوق خدا کی یہہ کیفیت تھی کہ ایک ایک فقرہ پر لوٹے جاتے تہے لیکن کیا عرض کیا جائے ان فقرون کے اعادہ سے زمانہ حالی کی ظاہری تہذیب مانع ہے -

بہر کیف جب بہت سی افہام تفہیم کے بعد تیسری دفعہ دولھن نے اس زور سے ہون کی کہ یہہ معلوم ہوا کہ کوئی ہاتھی یا دیو زاد عفریت نژاد چنگھاڑا اور دونون طرف سے منہہ سے تو ہون کا ہنگورا اور مقعد شریف سے باد گویا ایک طرف سی گانا دوسری جانب سے طبلہ پہ تھاپ پڑی حضرات آپ یقین جانئین کہ نہ معلوم ان مسخرون نے کیا کمال کیا تہا کہ قریبا سو سوا سو آدمیون نے دولھن کی ہون کی ساتھہ پاو کا ٹھرا کا مارا گویا بادل گرجا اور اُس وقت شدت ہنسی سے لوگون کی یہہ کیفیت تھی کہ زمین پر بچھے جاتے ہتے اور بیدم ہوئے جاتے ہتے - اور حضرات ڈومنیون نے ایک طرف سٹھنیان گانا شروع کیا اور زنخون نے مبارک سلامت کا غل مچایا اور جلدی ہی دولھا حرم سرا سے مجلس رقص و سرود مین تشریف لائے پرانے جوتے جو کیچڑ مین بھگو رکھے ہتے یہہ تصدق کے لئے ایک خوانچہ مین پیش ہوئے اور ایک مسند پر منحوس الدولہ - پھٹ پھٹ دولہ - خارشتہ دولھا تینون یکجا بیٹھے تہے اُنہون نے وہ کیچڑ مین بھیگے ہوئے جوتے لیکر خوب ہی آپس مین باخود ہا ایک دوسرے کے سر پہ نثار کیئے -

شب زفاف

ناظرین ہُشیار - ہر چند کہ یہہ ڈراما خاتمہ پر ہے لیکن بقول شخصے ٹیپ کا مصرعہ یہی ہے اور آگاہ کیئے دیتا ہون کہ ادر رفت کا بند اب آیا تو توندہائے شریف کو ڈبل مضبوط ہاتھون سی تھامے رہنا -

خلوت گاہ بنائی گئی تھی اس قسم کی کہ دیکھنے مین تو یہہ معلوم ہو کہ تخلیہ کا مکان ہے لیکن جو اُسکی دیوارین بنائی گئی تہین بانس کی جالی کی اور برائے نام اُسے ٹاٹ سیٹھون سے اسطرح باٹا تھا کہ [illegible] سے برابر اندر کا حال جہانکنے والے کو آئینہ تہا اور پردے یا تو جھرمرے ٹاٹ کے تہے یا جالی وغیرہ کے کہ فانوس کی صورت تہے دیکھنے مین حجاب اور در حقیقت اندر کا حال بہزار آب و تاب نظر آئے -

بی ہیضہ خانم کے لئے پلنگ جو آراستہ ہوا

تہا ناظرین بجائے خود مذاق مجسم تہا بجائے
پایون کے چار جگہہ ہنڈیئن اوندہی کرکے
اوپر نیچے رکہہ دی تہین اور پائے اتنے
اونچے تہے کہ قدآور آدمی کے گلے تک
اور ان پایون کو ملاکر چار بانس کہڑے
کردئے گئے اور چار بانسون کا آڑا چوکا
چپرکہٹ کی صورت باندھہ دیا اور اسمین
مسہری کے پردہ کیا ہی عجیب وغریب لگائے
کوئی پردہ تو ضرور عمدہ گاچ کا تہا جسے
انگریزی مین گازہی کہتے ہین ایک طرف
جالی کا ٹکڑا لگا تہا ایک جگہہ ٹاٹ پڑا تہا
ایک جگہہ بہیڑ کی ایک جگہہ بکری کی تازی
کہالین لٹک رہی تہین اور ایک جگہہ
چہپرون پر جو دہاری دار ٹین چڑہائے
جاتے ہین اسکا ٹکڑا لٹک رہا تہا اور جس مقام
پر کہ دولہا دولہن کے اندر جانے کے لئے
مسہری کا پردہ الٹا ہوا تہا وہان دونون
بازوون سے دو لڑکے لنگورون کے چہرے
منہہ پر رکہہ اور دم لگا کر خدمت باری
داری پر مامور تہے ۔

لاحول ولاقوۃ نامہ نگار سے بیان مین
سخت بے ترتیبی ہوئی پلنگ کی پٹیان
سیٹہون کی تہین سرکنڈون کے گٹہے
باندہکر بنائی تہین اور بجائے بانون
یا نوار کی جگہہ پچ لگا کلاوا تن دیا تہا یعنی
کلاوا اس سوت کو کہتے ہین جسے بیاہ
برات مین استعمال کرتے ہین ۔ اور سرخ
و زرد رنگا ہوتا ہی مگر نہایت بطور سے چہیدرا
چہیدرا تہا کہ جہان ذرہ وزنی چیز پڑے
ٹوٹ جائے اور پلنگ کے نیچے سہرتا ہمرا ایک
ہاتہہ سوا ہاتہہ گہرا گڈہا کہود رکہا تہا اور
ڈہیلکی کی ترکیب اس طور سے ایک تختہ
پلنگ کے نیچے کہونٹیون کے سہارے سے
لگا رکہا تہا کہ جو شخص پلنگ پر بیٹہے وہین ہی بہت
کی ٹنیاوٹ دب کر اس تختہ پر ٹک جائے
اور تختہ عرض وطول مین اتنا تہا کہ صرف
ایک ایک دو دو انگل گڈہے کے سینہ سے
چہوٹا تہا اور اس ترکیب سے لگایا گیا
تہا کہ جب گرے تو گڈہے کے منہہ کے اندر
معہ اس چیز کے گرے جو اس کے منہہ پر ہو
اور گڈہے کے وسط مین عرض مین ایک چار
انگل چوڑی لکڑی لگا دی گئی تہی ۔

الغرض دولہن کو تو پہلے سے لاکر پلنگ
پر بٹہا رکہا ہی تہا اور اب میان دولہا
صاحب تشریف لائے اور بی دولہن جان
کے ساتہہ مصروف اختلاط ہوئے ۔

ایہا الناظرین دولہا دولہن مین جو شتر
نخرے ہوئے ہین حیا مانع ہی ورنہ انکا
تذکرہ خالی از لطف نہ تہا ۔ ادہر تو دولہا
کا باوصف اس کبرسنی کے اظہار شوق مین
جوش وخروش اور گرمجوشیان اور ادہر
بی دولہن جان کا جسم چہپانا اندر ہی اندر
سمٹنا میان دولہا کی دست درازیان
اور ادہر بی دولہن کا ہاتہہ پکڑ پکڑ ہٹانا

اور بدن چُرانا ؎

وصل مین دستِ جنون حد سے سوا ہین گستاخ
نہ کہین آپکی چولی میرا دامن ہو جائے

میان دولھہ نے دولھن کی آغوش مین ہاتھ ڈال کر جیسے ہی چاہا کہ مگس وار اس نثار شیرین غنچہ دہن پر بوسہ کے لئے جا گرین دولھن نے کمال ناز و ادا سے دونون ہاتھون سے مُنہہ کو چھپا لیا اور دولھا کا اُس وقت چٹ چٹ بلائین لینا صدقہ جانا اپنی سر کی اور دولھن کو خود اُسی کے حسن و جوبن کی قسمین دینا اور دولھن کا یہہ محجوبانہ کہنا

اون ہون! اجی! ہون! اس ؎

بوسہ لیکر انتقام اپنے لہو رونے کا لون
لال کر دون تمکو ای لبہائے جانان تم بھی

اور تماشائیون کی یہہ کیفیت تھی کہ ایک پر ایک لوٹا پڑتا تھا کہ اس تماشے کو بچشم خود دیکھے وہ تو کہئے کہ جابجا تماشائیون کا ہلا روکنے کے لئے پلنگ حجرہ عروسی کے گرد مضبوط روکین قائم کر دی گئی تھین اور پچھلی صفونکا حجلہ سے متصل اگلی صفون پر ریلا ہوتا تھا وہ اُن روکون پر رُک جاتا تھا۔

غرضکہ جب دولھن نے دیکھا کہ میان دولھا ہانپ گئے اور قریب ہے کہ تھک کر بوسہ کی کوشش سے دست بردار ہو جائین اُسنے کوئی ایسی ادا کی کہ جس سے میان دولھا کو ثابت ہوا کہ بی دولھن جان نیم راضی ہوئی ہین اور وہ اُونہہ اُونہہ کرتی ہی رہی اور اُنہون نے جیسے ہی پہلا بوسہ لیا تھا کہ بی دولھن جان نے دولھا کی ناک دانت سے تھام لی یہہ بھی نہین کہ آہستگی اور دولھانے بیتاب ہوکر بے تحمل چلانا شروع کیا۔

واہ بی صفیہ خانم یہہ ابتدائی گُن کیا پہلے ہی وصل تو تمہی گال کاٹتا اور مشہور ہے عاشق کی جانب سے زیادتی لیکن تم نے معشوقہ ہوکر اپنے شیدا کی ناک پر حملہ کیا کہ اس فقرہ پر تماشائیون نے ایک قہقہہ مارا اور ابھی قہقہہ کا شور فرو نہوا تھا کہ میان دولھا نے چلا کے صدا دی "اے بیوی مین تمہارا غلام"۔ ناک بخشو۔ ناک بخشو ہائے۔ ناک گئی۔ میری توبہ بوسہ لینے سے۔ بیوی ناک گئی۔ ناک گئی اور پھر گھبرا کر فرماتے ہین۔ او قطامہ یہہ شرط اقرارنامہ نکاح مین نہین کہ تو میری ناک کاٹے اور بیوی نے پکار کر لیکن یہہ نہین کہ دانتون سے ناک چھوڑ دی ہو یہہ کہا کہ او قطامہ کے جنے ابن ملجم کے بیٹے تو میری لبون کا بوسہ لیتا ہے مین تیری ناک کا بوسہ لیتی ہون اور یہہ کر ادہر زور سے ناک مین دانت چبھوئے اور ادہر میان دولھا نے چلانا شروع کیا ارے یارو میری ناک چھڑوا دو ارے ناک گئی بچاؤ اور گھبرا کر فرماتے ہین بیوی میری ناک کاٹ لوگی تو لوگ تمکو نکٹے کی جورو نہ کہین گے۔ یہہ سُنکر جورو صاحب نے کہا کہ خوب ہوگا میری مراد

دبی برابر نکلی برابر کا جوڑ ہوجائیگا دولھانے
کہا کہ تمہاری بلا نکٹی ہونے لگی یہہ سنتے ہی
بی دولھن جان نے جو چھری پہ ہاتھہ پھیرا
جو بڑی سی ناک منہہ پر لگی تہی اُسے اُتار لیا
مردہ کی کھوپری کیطرح بجائے ناک کے نتھنوں
کے بالشت سے خالی چہید نظر آئے کسی بیرحم
نے ناک ایسی کاٹی تہی کہ بہوون کے جوڑ
سے نوچ لی تہی اور بانسہ تک نہ باقی رہا
تھا یہہ تماشا دیکہکر دولھانے کہا کہ ارے
لوگو یہہ کیا غضب ہے مین نے نکاح کیا ناک والی
بیوی سے پہلی منزل بوسہ مین معلوم ہوا
کہ نکٹی ہین دوسری منزل مین کہین ایسا
نہو کہ بجائے عورت کے زنخا نکلے اور پھر
چلایا کہ ہائے ناک ہائے ناک۔

غرض کہ خدا خدا کرکے بیوی کے دانتوں
سے ناک چھوٹی اور اب جو ہاتھا پائی ہو
ایک دفعہ دولھا میان چلّائے کہ واہ چچا
منحوس الدولہ خدا تمہاری عمر دراز کرے
بیوی کی بیوی دوگل نکٹی بہی ساتھہ ملی
بیوی میری گلدار بیوی کے گلدار پستان
مین ناک پر ہاتھہ ڈالا ناک گل کی تہی الگ
ہوگئی انار پستان پر ہاتھہ ڈالا وہ بہی مع
محرم علحدہ جب چاہا لگالے جب چاہا بگاڑ کر
بی دولھن جان نے کہا کہ میاں فرزند سعادتمند
سینہ صاف اچہا پایا ہمارا اور دولھا
دولھن مین تو یہہ باتین تہین اور تماشائیونکا
مارے ہنسی کے یہہ عالم تھا کہ لوٹے جاتے
تہے اور مخلوق خدا اسی سمت
کو اُمڈی چلی آتی تہی کہ اتنے مین ++
شوق وحجاب مین نوبت دست درازی
آئی میان دولھا نے بیوی کے ازاربند پر
ہاتھہ ڈالا اور بیوی نے اُسے دونوں ہاتھوں
سے بکمال مضبوطی تھاما میان دولھا نے
جب بہتیرا زور لگایا اور نہ کھلا تو چلّا کر بولے
اے چچا ابا چچا منحوس الدولہ بھتیجے کو اس
مشکل مہم مین چھوڑ دیا دوڑو وقت مدد ہے
جب تو قلعہ فتح ہوگا اور اُدھر چچا نے آواز
دی بھتیجے گھبرانا نہین یہہ کام میرا ہے
کہ دولھن کے باپ نے دوسری طرف سے
آواز دی خبردار حرامزادے صاحبزادی
کا ازاربند کہولنے کی خدمت کا وہ مستحق
ہے جو ہمیشہ سے کہولتا آیا ہے والدے تو پیشاب
کے لئے اسکا ازاربند کہولا کرتا تھا یا یہہ شخص
اور غارت دولھا کے چچا جان نے کہا کہ ابے
بدعہد نکاح کرکے تو نے یہہ استحقاق ازاربند
کشائی دولھے اور اسکے ورثا کے ہاتھہ منتقل
کردیا۔ اور سمدہی سمدہی گتھم گتھا اور عاق
دولھہ نے مسہری کے اندر سے سمجھانا شروع کیا
کہ چچا اور خسر ابا آپ دونون صاحب ناحق
لڑے مرتے ہین آپ اس خدمت ازاربند
کشائی کے اب دونون صاحب مستحق نہین
بندہ مستحق ہے بجواب اسکے خسر ابا نے کہا کہ ہان
کیون نہو چھنگیر کیطرح بزاز کی گٹھری کے
مالک بن بیٹھے اور منحوس الدولہ نے کہا کہ

بیٹے ابھی تم نابالغ و کم سن ہو اس خدمت مین جیسے اُس شخص نے تمہارے باپ کو سالہا سال مدد دی ویسے تمکو بھی مدد دونگا اور پھر دولھا دولھن مین ہاتھا پائی شروع ہوئی اور یہہ ناٹک جن حضرات کی کارستانی تہا انمین سے ایک نے اُس کھونٹی کی رسی کھینچ لی کہ جسکے سہارے پر وہ تختہ قائم تہا کہ جسپر پلنگ کے نیچے سوت کی بندش تھنبی ہوئی تہی۔ تختہ کا نیچے گرنا تھا کہ چارون پایون کی بندہ وا ہین ایک طرف لڑہکین اور سر گنڈوان کے میٹھے جدا لوٹے اور دولھا دولھن دونو دہم سے تختہ پر گرے اور اب جو دولھا میان چاہتے ہین کہ سنبھلین ڈھیکلی کی صورت کبھی تو تختے کے ساتھ ان کے معہ دولھن کی ٹانگین آسمان کیطرف اُٹھی جاتی ہین اور کبھی سر اور ایکطرف تو اُس ڈھیکلی کی مصیبت اور اُسپر یہہ آفت کہ وہ جو بی بی دولھن تہین اُنھون نے غارت دولھا کو دبوچا اور اب دولھا میان کی چیخ پر چیخ نکل رہی ہے کہ ارے کم بختو بچاؤ اور ہائے کیا غضب ہوا ارے دولھن کی کایا پلٹ ہوگئی ارے دولھن سے دولھا نکلی ارے کمبختو پہلے ناک غائب ہو کر ناک کا گدھا نکلا پھر دوبارہ پستان غائب ہوگئے ارے یہہ سحر! کیا سحر کا طلسمات ہے ہائے مین جب بہی نہ متنبہ ہوا ارے لوگو یہہ کیا آفت ہی ارے دوڑو بچاؤ دولھن دولھا بنجائے اور یہہ سارا تماشا جن حضرات کی کارستانی تہی انھون نے باجے والون ڈومنیون اور زنخون وغیرہ گانے والون کو اشارہ کر دیا کہ مبارکباد کا شور مچا دین دولھا تو اس گدڑہے مین پڑے یہہ دہائیان دیتے ہین کہ او کمبختو جان گئی ارے حرمت بہی جاتی ہے ارے بے ایانو بچاؤ ارے بی بی دولھن تو ایک کٹا حبشی نکل آیا ہائے ٹانگ ٹوٹی ہائے ہاتھ ٹوٹا ارے کمر گئی ارے جان گئی۔ ارے چچا میان تم ازار بند کشائی کی خدمت کے خواہان تہے سمدہی دُلہین الغرض کارکنان تماشہ نے کچھہ اشارہ کیا بی دولھن نے ذرہ دولھا میان کو فرصت دی اور وہ سیدہے ہوئے اور گدڑہے سے باہر نکلے اور چاہتے ہین کہ بھاگین دولھن نے دوڑ کر پھر دولھا کو پچھاڑا اور کہا کہ میان مین صدقے جاتی کہان ہو اور پچھاڑ کر میان پر چڑھ بیٹھی اور یہہ بین کر کر کے رونا شروع کیا۔

ہائے مین سہاگن رانڈ ہوئی پہلی رات کی رانڈ ہائے جیتے خصم کی رانڈ ہائے میان تم پہلی ہی شب روٹھے جاتے ہو مجھے کیسے سوتے جاتے ہو تمہارے چچا تو بڑے بدنظر سے معلوم ہوتے ہین تمہارے ہوتے ہوئے منصب ازار بند کشائی مین تم سے خواہان تہے کہ اپنا قائم مقام بناؤ۔ ہائے میری عصمت ہائے میری جوانی ہائے کس پر یہہ ساری عمر کاٹونگی

اور بڑے میان غارت دولھا پہلے تو کچہہ دیر شور و غل مچایا کئے مگر پچھتر برس کا بڈھا آخر تابہ کے فرط نقاہت سے بیہوش ہوگیا اور دولھن جان کو جو ایک پرانا سالخوردہ نکٹا حبشی تہا لوگون نے الگ کیا۔

کیون ایڈیٹر صاحب آپ ذرہ اپنے ناظرین اخبار سے یہہ تو پوچھین کہ کبھی ایسی برات دیکھی بہی نصیب ہوئی تہی دیکہنا تو کہان سُنی بہی نہ ہو پرانے رنگ کے مذاق اور باسی دل لگیان تو کل جہان مین ہین لیکن ہر بات مین ایجاد یہہ اس اجڑے دیار معمورہ خراب آباد لکہنو ہی کا حصہ ہے۔ اور اگر آپ کے ناظرین مین سے شاید کسی نے اس خیال سے کہ وہ بر مقام کے ہین اُنکی لکہنو کے آگے ایجاد مذاقی مین سچی کرکری ہو لیکن خواہ مخواہ اس قسم کی بارات کے دیکہنے سُننے کا دعوی کیا تو یاد رکہئے کہ مین اُن حضرت کو حضرات میان غارت دولھا اور سیٹھ خانم دلھن کے سہر مبارک کی قسم دونگا۔

کیون ایڈیٹر صاحب یہہ بہی بتلا دون کہ اس تماشے کی اصلیت کیا تہی مولوی صاحب اس شہر مین ایک نہایت بڈہا خوش مسخرا ہے آپ کو شادی کی مدت سے ہوکا تہی جس شخص سے ملتا کہتا یہی درخواست کرتا کہ حضرت آپکے محلہ مین کوئی نیک بخت دوشیزہ ہو تو بندہ کو درکار ہے اُس سے نکاح کروا دیجیے داخل حسنات ہوجیگا لوگ یہہ سنکر ہنس کر ٹال دیتے تہے آخر کار کمہارون کے پٹی پر ایک رئیس زادے رہتے ہین خوبصورت ہین خوش مزاج ہین خوش خو ہین اُنکو یہہ خیال آیا کہ پہلے اسکے ساتھہ مذاق کیجیے لیکن اسکی حسرت بہی پوری کرین۔ چنانچہ اُنہون نے یہہ سارا انتظام کیا کہ پہلے تو ایک بوڈہے اور نکٹے حبشی کے ساتہہ اُنکا مذاقیہ نکاح کیا اور اس واقعہ کے تیسرے چوتہے روز ایک بوڈہیا کہ جو بڑے میان کی عمر و صورت و وضع مین غرضیکہ ہر بات مین پورا پورا جوڑ تہی اور اُسے بہی یہی ہوس تہی کہ لوگون سے یہہ پیغام دیا کرتی تہی کہ کسی سے اُسکی شادی کروا دو۔ چنانچہ ایک عمر اسکی اسی مین گذری کہ جس کسی نے اُسے یہہ کہدیا فلان تعلقدار فلان زمیندار کے ساتہہ اُسکی بات ٹہرائی ہے اور ایک آدہہ شخص کو سکہا دیا کہ دروازہ پر آکر جس کے ساتہہ نسبت کا نام لے دیا تہا اُسکا نام لیکر یہہ پیام دے کہ دولھا سخت مضطرب ہے اور دولھن کے حسن و جمال کے اوصاف سنکر بیقرار رہ رہا ہے اور چاہتا ہے جہان تک ممکن ہو جلد تاریخ نکاح مقرر ہو اور اُس شخص نے یہہ بہی کہہ دیا کہ نکاح کے دن اسقدر جہیز دونگا اور اسکے گہر مین گرہستی مین جو چیزین ظروف و لباس سب بیش قیمت و خوشنما ہو وہ آئی کہدیا کہ نکاح کے دن بوقت رخصت دونگا۔ اب بہی خوشی مین کہ اسنے نکاح ٹہرا دیا ہے اسلیے

بلا تنخواہ اس خوبی و شوق سے مان مان کرتی کہ چار نوکرون سے نہ اس قدر کام ہو نہ اس عمدگی کے ساتھہ اور وہ تاریخین مختلف بہانون سے ٹالتے رہی جب سال دو سال مین ایک شخص سے مایوس ہوئے تو دوسرا گھیرا غرضیکہ ساٹھہ برس کا سن اس آرزو مین کاٹا اور اگر کسی نے بوڑھیا کہہ دیا اسے ہزارون کوسنے اور گالیان دیتی تھی اور کام لینے والون نے اسکا دل خوش کرنے کے لئے اسکا بٹیا رکھدیا کہ جس سے وہ یہ سمجھی کہ ابھی اس قدر خورد سال ہے کہ لوگ اسے بٹیا کہتے ہین۔

اس رئیس نے یہ چاہا کہ نقلی شادی کو تو اس اہتمام و شہرت کے ساتھہ کی اور اصلی مین جو جلوس نکا جا باجا اور پورا پورا امیرانہ شادی کا سامان نہوا تو تعجب بات نہوی۔ اس گئے گذرے حال پر اس بستی کے لوگ انتہا درجہ کے شوقین دکھلائی دے رہے ہین۔ ایک حصہ مصارف کا تو وہ رئیس زادہ خود متحمل ہوا اور دولہا میان کو سمجھا دیا کہ روسا کی سرکارون مین عرضیان دے انگرکھا زرد اچکن زرد پائجامہ کارچوب قیمتی ٹوپی مغرق کامدار جوتا پہنا نہایت بھاری زردی کا دوشالہ پہنا اور ہاتھہ پاؤن مہندی سے رنگ کر کہا کہ امرا کی ڈیوڑھیون پر جائے۔ کسی جگہ سے ہاتھی معہ ساز کسی جگہہ سے گھوڑے کسی جگہہ سے سپاہی کسی جگہہ سے رنڈی کا طائفہ کسی جگہہ سے ڈومنیون کا طائفہ کسی جگہہ سے آتشبازی کسی جگہہ سے دلہن کے لئے جوڑا کسی جگہہ سے سامان جہیز مین کوئی چیز کسی جگہہ سے کوئی کسی جگہہ سے کوئی چیز ملی یہانتک کہ زیورات مین سونے کی مرصع بالیان کڑے طلائی خول کے کنگن۔ مگر جب بھی ڈیڑہ سو سوا سو روپیہ قیمت کی چاندی کے کم قیمت کے چھڑے وغیرہ اور کسی سرکار نے ولیمہ کے کہانے کا انتظام کر دیا۔ کسی نے از قسم فرش فروش شامیانہ اور کسی نے شیشہ آلات محفل کی آراستگی کے لئے عطا کیا۔

نادر صاحب نامی ایک من چلے نوجوان ہین جنکی پھوپھی یا اور کوئی قریبی رشتہ دار نواب مہندی علی خان صاحب خسر راجہ جنگ بہادر صاحب رئیس نانپارہ کے گھر مین ہین اور اس سرکار سے تنخواہ پاتے ہین۔ اور غالباً محلہ چک منڈی مین رہتے ہین انہون نے اپنا کمرہ نشست گاہ خالی کر دیا جس مین پر تکلف مسہری بچھی تھی اور ہر قسم کے سامان آرام و آسایش سے سجا ہوا تہا پھر دولہا میان کو نذر کر دیا گیا نکاح کے بعد دلہن کو لے کر دولہا میان اسی مکان مین تشریف فرما ہوئے اور وہین شب باش ہوئے نہایت نفیس کہانا دو وقتہ شیشی مین لگ کر پیشکش ہوتا تھا اور مستورات نے دلہن کی رسم منہہ دکھائی بھی ادا کی گئی روپئے یون ملگئے۔ غرض اسی کو کہتے ہین ہنستے ہی گھر بستے ہین۔

تمام شد

اعضائے رئیسہ مرد و عورت کا مقابلہ

نام اعضائے رئیسہ	مرد پونڈ	مرد اونس	عورت پونڈ	عورت اونس
دماغ	۳	۱ ۱/۲	۳	۱۲
قلب	۰	۱۱	۰	۹
جگر	۳	۵	۱	۱۲
پھیپھڑہ	۳	۳	۲	۰
طحال	۰	۶	۰	۵ ۱/۲
گردہ راست	۰	۵ ۱/۴	۰	۴ ۳/۴
گردہ چپ	۰	۵ ۱/۲	۰	۵

ایک رسالہ مین لکھا ہے کہ ڈاکٹر ہوٹ صاحب نے حمل حاملہ کی تشخیص مین کہ آیا وہ بچہ نرینہ جنوگی یا دختر۔ بہت سی تحقیقات کے بعد اس عمل کو مجرب تسلیم کیا ہے کہ ولادت سے کچھہ عرصہ پہلے عورت کے دل پر ہاتھہ رکھہ کر یا کان لگا کر سنا جاوے کہ ایک منٹ مین کس قدر ضربون کی آواز قلب سے نکلتی ہے اگر ایک منٹ مین ۱۳۵ ضرب سے کم محسوس ہون تو بچہ نرینہ پیدا ہوگا۔ اور اگر ۱۴۵ سے زیادہ ضرب کا آواز محسوس ہو تو دختر بہ تجربہ فیصدی ۹۲ کے حساب سے صحیح نکلا ہے۔

